انا خاتم النبیین لا نبی بعدی ۔ الحدیث
عقیدہ ختم نبوت پر علمائے اسلام کی تحقیقی کتب و رسائل کا انسائیکلوپیڈیا
عقیدۃ
ختم النبوۃ
جلد سولہویں
الناشر
الادارۃ لتحفظ العقائد الاسلامیۃ
کراتشی باکستان

صفحہ 158 عوام اہل اسلام غیر مقلدین سے نفرت کرتے اور وہابی سمجھ کر دور رہتے

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی ۔ الحدیث

میثم قادری

ختم نبوت پر علمائے اسلام کی تحقیقی کتب و رسائل کا انسائیکلوپیڈیا

عقیدہ ختمِ نبوت

جلد نمبر ۱۶

ناشر الادارۃ لتحفظ العقائد الاسلامیۃ

آفس نمبر 5 ، پلاٹ نمبر Z-111 ، عالمگیر روڈ ، کراچی

www.aqaideislam.org

www.khatmenabuwat.com

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ

از: شیخ العرب والعجم امام محمد شرف الدین بوصیری مصری شافعی رحمۃ اللہ علیہ

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

اے میرے مالک ومولیٰ درود وسلامتی نازل فرما ہمیشہ ہمیشہ تیرے پیارے حبیب پر جو تمام مخلوق میں افضل ترین ہیں۔

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْكَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سردار اور ملجاء ہیں دنیا و آخرت کے اور جن وانس کے اور عرب وعجم دونوں جماعتوں کے۔

فَاقَ النَّبِیِّیْنَ فِیْ خَلْقٍ وَّ فِیْ خُلُقٍ
وَلَمْ یُدَانُوْهُ فِیْ عِلْمٍ وَّلَا كَرَمِ

آپ ﷺ نے تمام انبیاء علیہم السلام پر حسن واخلاق میں فوقیت پائی اور وہ سب آپ کے مراتب علم وکرم کے قریب بھی نہ پہنچ پائے۔

وَكُلُّهُمْ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ
غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّیَمِ

تمام انبیاء علیہم السلام آپ ﷺ کی بارگاہ میں ملتمس ہیں آپ کے دریائے کرم سے ایک چلو یا باران رحمت سے ایک قطرے کے۔

وَكُلُّ اٰيٍ اَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا
فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُّوْرِهٖ بِهِمِ

تمام معجزات جو انبیاء علیہم السلام لائے وہ دراصل حضور ﷺ کے نور ہی سے انہیں حاصل ہوئے۔

وَقَدَّمَتْكَ جَمِيْعُ الْاَنْبِيَآءِ بِهَا
وَالرُّسُلِ تَقْدِيْمَ مَخْدُوْمٍ عَلٰى خَدَمِ

تمام انبیاء علیہم السلام نے آپ ﷺ کو (مسجد اقصیٰ میں) مقدم فرمایا مخدوم کو خادموں پر مقدم کرنے کی مثل۔

بُشْرٰى لَنَا مَعْشَرَ الْاِسْلَامِ اِنَّ لَنَا
مِنَ الْعِنَايَةِ رُكْنًا غَيْرَ مُنْهَدِمِ

اے مسلمانو! بڑی خوشخبری ہے کہ اللہ عزوجل کی مہربانی سے ہمارے لئے ایسا ستون عظیم ہے جو کبھی گرنے والا نہیں۔

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا
وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

یارسول اللہ ﷺ آپ کی بخششوں میں سے ایک بخشش دنیا و آخرت ہیں اور علم لوح وقلم آپ ﷺ کے علوم کا ایک حصہ ہے۔

وَمَنْ تَكُنْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ نُصْرَتُهٗ
اِنْ تَلْقَهُ الْاُسْدُ فِيْٓ اٰجَامِهَا تَجِمِ

اور جسے آقائے دوجہاں ﷺ کی مدد حاصل ہو اسے اگر جنگل میں شیر بھی ملیں تو خاموشی سے سر جھکا لیں۔

لَمَّا دَعَا اللّٰهُ دَاعِيْنَا لِطَاعَتِهٖ
بِاَكْرَمِ الرُّسُلِ كُنَّآ اَكْرَمَ الْاُمَمِ

جب اللہ عزوجل نے اپنی طاعت کی طرف بلانے والے محبوب کو اکرم الرسل فرمایا تو ہم بھی سب امتوں سے اشرف قرار پائے۔

سلامِ رضا

از: امام اہلسنت مجددِ دین وملت حضرت علامہ مولانا مفتی قاری حافظ

امام احمد رضا محقق، محدث قادری برکاتی حنفی، بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

مہرِ چرخ نبوت پہ روشن درود
گُلِ باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام

شب اسریٰ کے دولھا پہ دائم درود
نوشۂ بزم جنت پہ لاکھوں سلام

صاحبِ رجعت شمس وشق القمر
نائبِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

حجرِ اسود و کعبۂ جان ودِل
یعنی مُہرِ نبوت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

فتح بابِ نبوت پہ بے حد درود
ختم دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

اظہار تشکر

ادارہ ان تمام علمائے اہلسنّت،

اہل علم حضرات اور تنظیموں کا

تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہے

جنہوں نے اب تک عقیدہ ختم نبوت کے

موضوع پر مواد کی تلاش اور جمع کرنے میں

ادارے کے ساتھ مخلصانہ تعاون کیا

اور باقی مواد کی تلاش میں مشغول عمل ہیں

ادارے کو ان کی مزید علمی شفقتوں کا

انتظار رہے گا۔

الادارۃ لتحفیظ العقائد الاسلامیۃ

نام کتاب: عقیدۃ ختم النبوۃ

ترتیب و تحقیق: حضرت علامہ مفتی محمد امین قادری حنفی رحمۃ اللہ علیہ

جلد: سولہویں

سن اشاعت (اول): 1438ھ / 2017ء

قیمت: -/450

15 جلدوں میں مطبوعہ کتب کی فہرست اور مکتبوں کے ایڈریس کتاب کے آخری صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

نوٹ: ”عقیدہ ختم نبوت“ کے سلسلے میں حتی الامکان سنین کے اعتبار سے کتابوں کی ترتیب کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ مگر طباعت کے تقاضوں کے پیش نظر بعض کتب میں اس ترتیب کو برقرار نہیں رکھا جاسکا ہے۔ (ادارہ)

ناشر: الادارۃ لتحفیظ العقائد الاسلامیۃ

آفس نمبر 5، پلاٹ نمبر Z-111، عالمگیر روڈ، کراچی

www.aqaideislam.org

www.khatmenabuwat.com

فہرست

قاطِع فِتنہٴ قادیانؒ

جناب بابو پیر بخش لاہوری

(بانی انجمن تائید الاسلام، ساکن بھاٹی دروازہ، مکان ذیلدار، لاہور)

- حالاتِ زندگی
- ردِّ قادیانیت

جناب میاں بابو پیر بخش صاحب لاہوری

جناب بابو پیر بخش کا شمار اہلسنّت و جماعت کی ان علمی شخصیات میں ہوتا ہے جنہوں نے تحریر و تقریر کے ذریعے عقیدۂ ختم نبوت کا تحفظ کیا۔ محترم بابو پیر بخش بھاٹی دروازہ، لاہور کے رہنے والے تھے۔ موصوف نے ذریعہ معاش کے لئے محکمہ ڈاک کی ملازمت اختیار کی۔ تبلیغ دین واشاعت اسلام کی خاطر ابتداء میں اپنے دوست بابو چراغ دین صاحب کے ساتھ ''انجمن حمایت الاسلام'' کی بنیاد رکھی اور اس میں سیکرٹری کی خدمات انجام دیں۔ جس کا اظہار ماہنامہ تائید الاسلام، شمارہ دسمبر ۱۹۲۵ء میں شائع ہونے والے اپنے ایک مضمون میں بھی کیا ہے۔ پھر ''انجمن تائید الاسلام'' قائم کی اور اس کے تحت ایک ماہنامہ رسالہ بنام ''تائید الاسلام'' کا اجراء کیا۔

جب بابو پیر بخش صاحب ملتان ہیڈ پوسٹ آفس میں ہیڈ کلرک کے عہدے پر معین تھے اس زمانے میں مولوی محمد حسین بٹالوی اور ان کے دوستوں نے ہر جگہ مرزا غلام احمد قادیانی کو اسلام کا حامی اور خیر خواہ مشہور کیا ہوا تھا۔ مولوی محمد حسین بٹالوی کے ایک دوست منشی الٰہی بخش بھی ملتان شہر کے رہنے والے تھے جن کی وساطت سے جناب بابو پیر بخش مرزا غلام احمد قادیانی کی مشہور کتاب ''براہین احمدیہ کا خریدار بنے اور مرزا غلام قادیانی کے مداحین میں شامل ہوئے۔ جولائی ۱۹۲۶ء کے انجمن تائید الاسلام کے شمارے کے ایک مضمون ''حالات مرزا غلام احمد قادیانی مدعی نبوت کاذبہ لایعنی'' میں اپنے اس زمانے کو ذکر کرتے ہوئے جناب بابو پیر بخش لکھتے ہیں:

''براہین احمدیہ کے خریدار بنانے کے واسطے اور پیشگی قیمت وصول کر کے مرزا صاحب کے

پاس بھیجنے کے واسطے منشی الٰہی بخش اکونٹینٹ و منشی عبدالحق صاحب اکونٹینٹ دورہ کے واسطے نکلے۔ میں اس زمانے میں ملتان ہیڈ پوسٹ آفس میں بعہدۂ ہیڈ کلرک معین تھا۔ میرے پاس یہ صاحبان پہنچے۔ اور چونکہ منشی الٰہی بخش صاحب ملتان شہر کے رہنے والے تھے، انہوں نے دعوت بھی کی اور مجھ کو خریدار بھی بنایا۔ اور میں بھی سلک معاونین و مداحین مرزا میں منسلک ہوا۔ غرض مرزا صاحب کو جو کچھ بنایا مولوی محمد حسین بٹالوی اور ان کے دوستوں نے مبالغہ آمیز مدح سرایاں کیں۔ مرزا صاحب کو اسلام کا حامی و خیر خواہ مشہور کر دیا۔ اور ہر کہ و مہ مرزا صاحب کو اسلام کا پہلوان اور عقائد اسلام کا حامی کہنے لگا۔ اور مرزا صاحب کا وجود ہر ایک مسلمان اسلام کے واسطے غنیمت یقین کرنے لگا۔ اور مولوی محمد حسین نے اپنے رسالہ اشاعت السنہ میں براہین احمدیہ ریویو مبالغہ آمیز خیالات میں کیا۔''

فروری ۱۹۱۲ء میں جناب بابو پیر بخش کو اپنے فرائض منصبی سے فرصت ملی اور وہ پنشن پر آ گئے۔ ملازمت سے فراغت کے بعد انہوں نے غلام احمد قادیانی کی کتب کا مطالعہ کیا اور اس فتنہ سے اچھی طرح آگاہ ہو گئے۔ بالآخر اس فتنہ کی سرکوبی کی ٹھان لی اور اسی سال ردقادیانیت پر کتاب ''معیار عقائد قادیانی'' تحریر فرمائی۔

معیار عقائد قادیانی کے مقدمہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

''امابعد احقر العباد بابو پیر بخش پوسٹماسٹر حال گورنمنٹ پنشنر ساکن لاہور، بھاٹی دروازہ۔ برادران اسلام کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ مجھ کو بہت مدت سے مرزا صاحب کی صفات سن کر اشتیاق تھا کہ ان کی تصنیفات کا مطالعہ کروں اور ممکن فائدہ اٹھاؤں۔ مگر چونکہ یہ کام فرصت کا تھا۔ اور مجھ کو ملازمت کی پابندی تھی۔ اور میرا محکمہ ڈاک بھی ایسا تھا کہ مجھ کو فرائض منصبی سے بہت کم فرصت ہوتی تھی جو کہ ضروریات انسانی میں بھی مکتفی نہ تھی۔ اسی واسطے

میں اپنے شوق کو پورا نہ کرسکا۔ مگر اب مجھ کو بفضل خدا تعالیٰ بہ تقریب پنشن ماہ فروری ۱۹۱۲ء سے فرصت تھی۔ میں نے مرزا صاحب کی تصانیف دیکھی اور ان کی کتابیں فتح الاسلام، توضیح المرام، ازالۂ اوہام، حقیقۃ الوحی، براہین احمدیہ پڑھیں۔ قریباً تمام کو دعویٰ مسیح موعود اور آسمانی نشانات سے مملو پایا۔"

معیار عقائد قادیانی کی تصنیف کے بعد محترم بابو پیر بخش نے اس بے دین گروہ کے ہر پمفلیٹ اور ہر اشتہار کا جواب تحریر فرمایا اور قلیل عرصہ میں غلام احمد قادیانی کے ہر ہر دعوے کے رد پر مستقل کتب تحریر فرمادیں۔ جناب بابو پیر بخش مرحوم کی جملہ تصانیف نہایت سلیس اور مدلل ہیں۔ اب تک ادارہ تحفظ عقائد اسلام کو مصنف علام کی نو (۹) کتابیں حاصل ہوچکی ہیں جن کی سنین کے اعتبار سے ترتیب اس طرح ہے:

۱...... معیار عقائد قادیانی	۱۳۳۱ھ	۱۹۱۲ء
۲...... بشارت محمدی فی ابطال رسالت غلام احمدی	۱۳۳۷ھ	۱۹۱۸ء
۳...... کرشن قادیانی	۱۳۳۹ھ	۱۹۲۰ء
۴...... مباحثہ حقانی فی ابطال رسالت قادیانی	۱۳۴۱ھ	۱۹۲۲ء
۵...... تحقیق صحیح فی تردید قبر مسیح	۱۳۴۱ھ	۱۹۲۲ء
۶...... الاستدلال الصحیح فی حیاۃ المسیح	۱۳۴۳ھ	۱۹۲۴ء
۷...... تردید نبوت قادیانی	۱۳۴۴ھ	۱۹۲۵ء
۸...... حافظ الایمان (فارسی / اردو)	۱۳۴۴ھ	۱۹۲۵ء
۹...... مجدد وقت کون ہوسکتا ہے؟	......	......

مذکورہ بالا کتب کے علاوہ منصف موصوف کے رد قادیانیت پر درج ذیل پانچ

کتب ورسائل کا بھی تذکرہ ملتا ہے۔

۱......اسلام کی فتح اور مرزائیت کی تازہ ترین شکست۔

۲......تفریق درمیان اولیاء امت اور کاذب مدعیان نبوت ورسالت۔

۳......ایک جھوٹی پیشین گوئی پر مرزائیوں کا شوروغل۔

۴...... حافظ الایمان (عربی)

اگر کسی کے پاس مصنف موصوف کے تفصیلی حالات زندگی اور مذکورہ بالا پانچ رسائل موجود ہوں تو ادارے کو ارسال فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔

جناب بابو پیر بخش کی ان تصانیف کا تعارف اکثر ماہنامہ تائید الاسلام کے آخری صفحہ پر پیش کیا جاتا تھا۔ تائید الاسلام بابت جنوری ۱۹۳۲ء کے آخری صفحہ پر تردید نبوت قادیانی کا تعارف اس طرح پیش کیا گیا ہے:

تردید نبوت قادیانی

میر قاسم علی مرزائی کی ایک ہزار روپیہ انعام والی کتاب کا جواب

''برادران اسلام! میر قاسم علی مرزائی کی طرف سے ایک کتاب مسمی بہ کتاب ''النبوۃ فی خیر الامت'' شائع ہوئی ہے جس میں انہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبیوں اور رسولوں کا آنا نہ صرف ثابت کرنے کی کوشش کی ہے بلکہ جن لوگوں کا یہ اعتقاد ہے تیرہ سو (۱۳۰۰) برس سے چلا آرہا ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ خاتم النبیین کے بعد کوئی نبی یا رسول نہ آئے گا اور ان کو مغضوب ومجذوم کہا ہے۔ اور عقلی ڈھکوسلے لگا کر مسلمانوں کو بہت دھوکے دیئے ہیں جن کا اظہار کرنا اور جواب دینا نہایت ضروری تھا۔ اسی لئے الحمدللہ کہ کتاب مذکور کا جواب ''تردید نبوت قادیانی'' ۲۳۲ صفحات پر خاکسار نے لکھ کر چھپوائی ہے۔''

ہندوستان کے علاوہ دیگر ممالک میں آباد مسلمانوں کو فتنہ قادیانیت سے آگاہی کے لئے جناب بابو پیر بخش صاحب کی بعض تصانیف کے عربی، فارسی اور انگریزی تراجم بھی کئے گئے اور انہیں افغانستان، مصر، شام، عراق اور افریقہ وغیرہ میں مفت تقسیم کیا گیا۔ ماہنامہ تائید الاسلام بابت دسمبر ۱۹۲۵ء میں لوگوں سے اس طرح گزارش کی گئی ہے:

ضروری گزارش

''برادران اسلام! خدا کے فضل سے یہ سال بھی ختم ہوا۔ اب آئندہ سال کے اخراجات کے واسطے انجمن کو سرمائے کی سخت ضرورت ہے۔ کیوں کہ اس سال معمولی اخراجات رسالہ کے ماہوار ایک کتاب ۴۸ صفحات کی مسمیٰ بہ ''حافظ ایمان از فتنہ قادیان'' فارسی زبان میں تصنیف کی گئی اور ۲۰×۲۲ سائز پر لکھوا کر چھپا کر مفت مسلمانان کابل وقندھار و بخارا و بلوچستان وخوست وغیرہ علاقہ جات میں مفت تقسیم کی گئیں۔ کیوں کہ مرزائیوں کی طرف سے ان علاقہ جات میں خاص طور پر جدوجہد شروع ہوگئی تھی۔ اور فارسی زبان میں انجمن تائید الاسلام کی طرف سے کوئی کتاب شائع نہ ہوئی تھی۔

(۲) اسی کتاب کا ترجمہ عربی زبان میں کرا کر علاقہ مصر وشام و بیت المقدس وبصرہ و بغداد وغیرہ میں مفت تقسیم کی گئیں۔ جیسا کہ نقول چھٹیات سے آپ پر ثابت ہوگا۔

(۳) اسی کتاب کا انگریزی ترجمہ چھپوا کر علاقہ بمبئی، مدراس، مالابار (ملبار)، بنگال، رنگون و برہما (برما) میں تقسیم کرایا گیا۔ یہ تمام اخراجات کا بوجھ انجمن کے مستقل سرمائے پر پڑھا۔''

تحریر وتصنیف کے علاوہ جناب بابو پیر بخش تقریر کے میدان میں بھی ایک خاص مقام کے حامل تھے۔ ۲۰ مارچ ۱۹۲۱ء کو منعقد ہونے والے ''جلسہ اسلامیان قادیان'' کی روداد بیان کرتے ہوئے محرر لکھتے ہیں:

''جناب بابو صاحب موصوف نے اپنی ۱۶ صفحات کی نہایت مدلل اور دلچسپ مطبوعہ تقریر ''اثبات حیات مسیح''، مختصر مگر منکسرانہ تمہید کے بعد سنانی شروع کی۔ اس تقریر کی لطافت نے جلسہ میں ایک خاص شان پیدا کر دی۔ لفظ لفظ پر تحسین و آفرین کی صدائیں بلند ہوتی تھی۔'' ''درحقیقت جس تحقیق سے ایک مدلل اور مکمل بحث بابو صاحب نے ''اثبات حیات مسیح'' پر کی ہے، یہ انہیں کا حصہ تھا۔ کسی نے خوب کہا ہے ''لکل فن رجال ولکل قول مقال'' بابو صاحب کی طبیعت میں مناظرہ کا خاص ملکہ ودیعت ہے۔''

جناب بابو پیر بخش نے ایک دینی ادارے انجمن تائید الاسلام کی بنیاد رکھی اور اس کے تحت ماہنامہ رسالہ بنام ''تائید الاسلام، لاہور'' جاری کیا۔ اور اس کے لئے مندرجہ قواعد وضوابط مقرر کئے:

۱۔ اس انجمن کا نام ''انجمن تائید الاسلام'' ہے۔

۲۔ ہر مسلمان خواہ کسی شہر یا گاؤں کا رہنے والا ہو، ممبر بن سکتا ہے۔

۳۔ ہر ایک ممبر کو کم از کم ......، چندہ ماہوار دینا ضروری ہے۔

۴۔ اگر کوئی صاحب حسب توفیق حیثیت خود زیادہ عطیہ دینا چاہے تو مشکوری کے ساتھ انجمن قبول کرے گی۔

۵۔ انجمن عقائد باطلہ کی تردید تہذیب کے ساتھ کرے گی اور اس کو پولیٹکل امور میں کچھ دخل نہ ہوگا۔ صرف مذہبی عقائد پر بحث کرے گی۔

انجمن کے تحت فتنہ قادیان کی جانب سے جاری ہونے والے اشتہارات اور پمفلیٹ اور مضامین اور تقاریر کا رد کیا جاتا اور عوام الناس کو حقائق سے آگاہ کیا جاتا۔ ماہنامہ رسالہ میں رد قادیانیت پر مضامین اور اقتباسات شائع کئے جاتے اور علماء اہلسنّت کی رد

قادیانیت پر مطبوعہ کتب سے بھی عوام وخواص کو مطلع کیا جاتا۔ انجمن کی جانب سے اکثر اوقات ردقادیانیت پر رسائل مفت تقسیم کئے جاتے اور اس سلسلے میں لوگوں سے مالی تعاون کی اپیل بھی کی جاتی۔ ایک مقام پر جناب بابو پیر بخش مسلمانوں سے التماس کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

التماس ضروری برادران اسلام: مرزائی صاحبان کی غلط فہمیوں کو دور کرنے کے واسطے ایک انجمن تائید الاسلام جو کہ تہذیب کے ساتھ مرزائی صاحبان کو بغرض اصلاح جواب دیتی رہے گی، قائم ہوئی ہے۔ جو مسلمان اس کار خیر میں مدد دینا چاہیں اور انجمن کا ممبر بننا چاہیں تو اپنا نام لکھ کر انجمن میں بھیج دیں اور دینی جماعت میں حصہ لے کر ثواب دارین کے مستحق بنیں۔ کیوں کہ مرزائی صاحبان کی ایک انجمن قائم ہوئی ہے جو کہ چھوٹے چھوٹے رسالہ جات مفت تقسیم کرتی ہے اور اپنے عقلی ڈھکوسلے لگا کر عام مسلمانوں کو دھوکہ دے کر بہکاتے ہیں جن کا جواب دینا نہایت ضروری ہے۔

(الملتمس: پیر بخش پنشنر پوسٹماسٹر لاہور، بھاٹی دروازہ مکان زیلدار)

جو مسلمان اس رسالہ کے ساتھ مالی تعاون کرتے ان کے نام اور رقم کی تفصیل بھی رسالے کے آخر میں شائع کی جاتی۔ ماہنامہ تائید الاسلام کے ساتھ مالی تعاون کرنے والوں کی فہرست میں دو اہم علمی شخصیات زبدۃ العارفین حضرت پیر جماعت علی شاہ صاحب اور قاضی فضل احمد صاحب کورٹ انسپکٹر لدھیانہ کے نام بھی مذکور ہیں۔

جناب بابو پیر بخش اپنی تصانیف میں علماء اہلسنّت کی ردقادیانیت پر لکھی جانے والی کتب کا تعارف بھی پیش کرتے۔ انجمن تائید الاسلام کی ۱۹۱۷ء کی ایک اشاعت کے سرورق کے اردگرد یہ اطلاع درج ہے:

”حجۃ اللہ البالغہ یعنی سیف چشتیائی مصنفہ علامہ زمان قطب دوران حضرت خواجہ

سید مہر علی شاہ صاحب (زاداللہ فیوضہم)۔ دنیا بھر کے علماء نے تسلیم کیا ہے کہ عالمانہ نظر میں مرزا قادیانی کارد اس سے بہتر نہیں کیا گیا۔"

رسالہ تائید الاسلام ماہوار بابت ماہ نومبر ۱۹۲۰ء کے سرورق پر یہ اطلاع تحریر ہے:

"اطلاع: افادۃ الافہام مولفہ حضرت مولانا محمد انوار اللہ صاحب مرحوم (صدر الصدور، حیدر آباد، دکن) تردید مرزا میں یہ دو جلدوں کی ضخیم بے نظیر کتاب جو بڑی جستجو سے تین (۳) نسخے بہم پہنچائے گئے ہیں۔ علماء فوراً منگالیں۔"

جب مصنف موصوف نے بعض مصلحتوں کے تحت کچھ عرصہ کے لئے رسالہ تائید الاسلام کی اشاعت روک دی تو حضرت علامہ قاضی فضل احمد لدھیانوی (مصنف کلمہ فضل رحمانی بجواب اوہام غلام قادیانی) نے اس پر اپنی ناپسندیدگی کا اظہار "انقلاب زفاف حاضرہ" میں ان الفاظ میں فرمایا:

"ہمارے محترم دوست مولوی بابو پیر بخش صاحب نے رسالہ تائید الاسلام لاہور کو بند کر دیا اور نہایت اہم دینی کام کو چھوڑ دیا۔" (مطبوعہ رسالہ انجمن نعمانیہ، لاہور، ماہ جنوری ۱۹۲۸ء)

جناب بابو پیر بخش ۱۹۱۲ء میں اپنے عہدے سے فراغت کے بعد سے مسلسل سولہ (۱۶) سال تک مرزا قادیانی کے فتنے کا مقابلہ کرتے رہے اور ان کے ہر فریب ودھوکہ دہی کا منہ توڑ جواب دیتے رہے۔ اپنی کتب، رسائل، مضامین اور اہلسنّت کے دیگر بزرگوں کی تصانیف کے ذریعے لوگوں کے اس فتنہ سے مطلع وآگاہ کرتے رہے۔ مرزائیوں کی جانب سے جاری ہونے والے ہر اشتہار، پمفلیٹ، ٹریکٹ اور ہینڈ بل کا آپ عقلی اور نقلی دلائل سے رد فرماتے۔ جناب بابو پیر بخش نے اپنے انتھک مشن کے ذریعے مرزا غلام احمد قادیانی کے خلافِ اسلام دعاوی، عقائد باطلہ اور گمراہ کن الہامات کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دیں۔ آخر کار عقیدہ ختم نبوت کی پاسبانی کرتے ہوئے مئی ۱۹۲۷ء میں اس دار فانی سے

کوچ کر گئے۔

جناب بابو پیر بخش کے وصال کے بعد مئی ۱۹۲۷ء سے مئی ۱۹۳۲ء یعنی پانچ سال تک رسالہ تائید الاسلام کے اجراء کی ذمہ داری جناب میاں قمر الدین صاحب نے سنبھالیں۔ رسالہ تائید الاسلام، بابت ماہ جون ۱۹۳۲ء کے شمارے میں جناب بابو پیر بخش کی خدمات کو سراہتے ہوئے مضمون نویس رفیق محترم تحریر کرتے ہیں:

”تردید مرزائیت میں جن حضرات نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ان میں رسالہ تائید الاسلام کے بانی محترم جناب بابو پیر بخش صاحب مرحوم و مغفور ایک امتیازی خصوصیت رکھتے ہیں۔ جناب میاں صاحب نے پوسٹ ماسٹر کے عہدے سے پنشن لینے کے بعد بھاٹی دروازہ لاہور سے تردید مرزائیت کے لئے رسالہ تائید الاسلام کا اجراء کیا اور ان کی ذاتی قابلیت سے اس رسالہ کو یہاں تک ترقی دی کہ رسالہ نہ صرف ہندوستان بلکہ بیرون ہند مثلاً افغانستان، افریقہ، مصر، شام، برما وغیرہ ممالک میں کثرت سے جانے لگا۔ میاں صاحب مرحوم نے اپنے مشن کو رسالہ تک ہی محدود نہیں رکھا بلکہ تردید مرزائیت میں کئی کتابیں بھی تصنیف فرمائیں۔ عربی اور انگریزی میں رسالے شائع کئے تاکہ اسلامی ممالک اور یورپ میں مرزائی حقیقت سے پورے طور پر آگاہ ہو جائیں۔ میانصاحب موصوف باوجود پیرانی سالی کے، جس جوان ہمتی سے اور تندہی کے ساتھ سولہ سال برس تک کا طویل عرصہ اس عظیم الشان کام کو سرانجام دیتے رہے، یہ انہیں کا کا حصہ تھا۔ یقیناً نصرت الٰہی ان کی مددگار اور مؤید تھی۔ اسی لئے ان کا مشن دن دونی اور رات چوگنی ترقی کرتا گیا۔ مرزائیوں سے پوچھئے جن کے سینے پر ان کی تحریریں مونگ دلتی رہتی رہیں اور ہر میدان میں مرزائیوں کو میاں صاحب کے مقابلہ میں ذلیل ترین شکست نصیب ہوتی رہی۔ آخر وہ وقت آپہنچا کہ جب ہر ایک انسان دنیوی تعلقات کو چھوڑ کر اپنے خالق حقیقی کے ہاں جانے کے لئے تیار ہوتا

ہے۔ وفات سے پہلے میاں صاحب نے رسالہ کا فنڈ اور کتب خانہ ٹرسٹیز مقرر فرمانے کے بعد محترمی ومکرمی جناب میاں قمر الدین صاحب رئیس اچھرہ کے سپرد فرمادیا اور خود مئی ۱۹۲۷ء میں دنیائے فانی سے عالم جاودانی کی طرف رحلت فرمائی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ادارہ تحفظ عقائد اسلام اپنی اس سولہویں جلد میں جناب بابو پیر بخش مرحوم کی تین کتب اور ماہنامہ تائید الاسلام میں طبع ہونے والے مضامین اور چند رسائل کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ اس مجموعے میں چند مقامات پر اصلاح طلب عبارات کی تصحیح کی گئی ہے۔ جن مقامات پر عبارت کسی وجہ سے حذف ہے یا غیر واضح ہے وہاں (۔۔۔۔۔) کا نشان لگایا گیا ہے۔

ترتیب وتحریر

علامہ محمد عثمان برکاتی

تحقیقِ صحیح

فی

تردیدِ قبرِ مسیح

(سنِ تصنیف: 1341ھ بمطابق 1922ء)

تصنیفِ لطیف

قاطعِ فتنۂ قادیان

جناب بابو پیر بخش لاہوری

(بانی انجمن تائید الاسلام، ساکن بھاٹی دروازہ، مکان ذیلدار، لاہور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

تردید قبر مسیح در کشمیر

برادران اسلام! مرزا صاحب کا قاعدہ تھا کہ وہ اپنا مطلب منوانے کے لئے جھوٹ استعمال کرلیا کرتے تھے۔ جیسا عوام کا دستور ہے کہ ایک جھوٹ کو سچ ثابت کرنے کے واسطے بہت سے جھوٹ تراشا کرتے ہیں۔ مرزا صاحب نے پہلے یہ جھوٹ تراشا کہ ''حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر کشمیر محلہ خانیار میں ہے''۔ اور اس جھوٹ کے سچ کرنے کے واسطے جھوٹ بولا کہ ''تبت سے ایک انجیل برآمد ہوئی ہے، اس سے ثابت ہے کہ مسیح ہندوستان میں آیا اور کشمیر میں فوت ہوا۔ اور محلہ خانیار شہر سرینگر میں اس کی قبر ہے''۔ مگر نہایت افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ تبت والی انجیل میں یہ ہرگز نہیں لکھا کہ حضرت مسیح علیہ السلام سرینگر میں فوت ہوئے اور محلہ خانیار میں مدفون ہوئے۔ بلکہ وہاں تو لکھا ہے کہ ''حضرت مسیح علیہ السلام ۲۹ ربرس کی عمر میں واپس ملک اسرائیل میں گئے اور وہاں جاکران کو واقعہ صلیب درپیش آیا اور صلیب پر انکی جان نکل گئی۔ اور یروشلم کے پاس مدفون ہوئے اور اسی جگہ انکی قبر ہے''۔ جیسا کہ دوسری چاروں انجیلوں میں لکھا ہے۔ اور لطف یہ ہے کہ مرزا صاحب اپنی کتاب ''اتمام حجت'' کے ص ۱۹ و ۲۰ کے حاشیہ پر تسلیم کرتے ہیں کہ ''حضرت عیسیٰ کی قبر بلدۂ قدس میں ہے اور اب تک موجود ہے، اس پر ایک گرجا بنا ہوا ہے، اور وہ گرجا تمام گرجاؤں سے بڑا ہے، اس کے اندر حضرت عیسیٰ کی قبر ہے''۔ پھر ''ازالۂ اوہام جلد ۲'' میں تسلیم کرتے ہیں کہ ''یہ سچ ہے کہ مسیح اپنے وطن گلیل میں فوت ہوا اور وہاں اس کی

قبر ہے''۔اب اخیر میں قصہ گھڑ لیا کہ مسیح صلیب سے خلاصی پا کر سرینگر کشمیر میں آیا اور واقعہ صلیب کے بعد ۸۷ برس زندہ رہ کر فوت ہوا اور محلہ خانیار کشمیر میں اس کی قبر ہے جو کہ ''یوز آصف'' کی قبر مشہور ہے۔ اس واسطے ہم روسی سیاح ''مسٹر نکولس نوکروچ'' کے لکھے ہوئے حالات کا ترجمہ اختصار کے ساتھ ناظرین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں، تاکہ مسلمانوں کو معلوم ہو کہ مرزا صاحب دروغ گوئی میں کس قدر دلیر تھے کہ واقعہ صلیب کو جو بعد میں واقع ہوا، اسکو مقدم کردیا اور اپنا اُلو سیدھا کرنے کی کوشش کی۔ افسوس! اگر کوئی دوسرا مولوی ایسا کرتا تو مرزا اس حرکت کو ''یہودیانہ'' کہہ کر مورد لعنت کا فتویٰ دیتے۔ مگر خود جو چاہیں سو کریں۔ اب ذیل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات سیر ہندوستان و تبت و کشمیر لکھے جاتے ہیں، جن سے مرزا صاحب کا جھوٹ کھل جائے گا''۔

دیکھو فصل چہارم:

''پھر جلدی سرزمین اسرائیل میں ایک عجوبہ بچہ پیدا ہوا' خود خدا اس بچہ کے منہ سے بولا اور جسم کا ہیچکارہ اور روح کا عظیم ہونا بتایا''۔ (۸): ''یہ خدائی بچہ جس کا نام عیسیٰ رکھا گیا بچپن ہی سے گمراہوں کو توبہ کے ذریعہ گناہوں سے نجات حاصل کرنے کی ترغیب دے کر ایک خدا کی پرستش کرنے لگا''۔ (۱۰): ''جب عیسیٰ ۱۳ ربرس کی عمر کو پہنچا کہ جس عمر میں اسرائیلی لوگ شادی کیا کرتے تھے''۔ (۱۲): ''یہ وہ وقت تھا جبکہ عیسیٰ چپ چاپ والدین کا گھر چھوڑ کر یروشلم سے نکل گیا اور سوداگروں کے ساتھ سندھ کی طرف روانہ ہوا''۔

فصل پنجم:

''جگن ناتھ، راج گڑھ، بنارس اور دیگر ترک شہروں میں وہ چھ برس رہا''۔

(۱۲) عیسیٰ ویدوں اور پرانوں کے الہامی ہونے سے انکاری تھا' کیونکہ وہ اپنے پیروؤں

سے کہتا تھا کہ ایک قانون پہلے سے انسان کی رہنمائی کے لئے مل چکا ہے"۔(۲۶): "عیسیٰ نے کہا مورتیوں کی پوجا مت کرو، کیونکہ وہ سن نہیں سکتیں"۔

فصل ششم:

(۱)...... "برہمنوں اور کھتریوں نے عیسیٰ کے ان اپدیشوں کو جو وہ شودروں کو دیا کرتا تھا، سن کر اسے قتل کی ٹھانی"۔(۲): "مگر عیسیٰ کو شودروں نے اس منصوبہ سے مطلع کر دیا تھا، وہ رات ہی کو جگن ناتھ سے نکل گیا"۔(۵): "اس وقت عیسیٰ نیپال اور ہمالیہ کے پہاڑوں کو چھوڑ کر راجپوتانہ میں آ نکلا"۔

فصل ہشتم:

"عیسیٰ کے اپدیشوں کی شہرت گردونواح کے ملکوں میں پھیل گئی اور جب وہ ملک فارس میں داخل ہوا تو پوجاریوں نے ڈر کر لوگوں کو اس کا اپدیش سننے سے منع کر دیا"۔(۱۴): "لیکن خدا کے فضل سے حضرت عیسیٰ نے بلا کسی قسم کی حرج مرج کے اپنا راستہ پکڑا"۔

فصل نہم:

"عیسیٰ جس کو خالق نے گمراہوں کو سچے خدا کا رستہ بتانے کے لئے پیدا کیا تھا، ۲۹ برس کی عمر میں ملک اسرائیل میں واپس آیا"۔

فصل دہم:

(۱) "حضرت عیسیٰ اسرائیلیوں کا حوصلہ جو نا امیدی کے چاہ میں گرنے والے تھے خدا کے کلام سے مضبوط کرتا ہوا گاؤں گاؤں پھرا۔ اور ہزاروں آدمی اس کا اپدیش سننے کیلئے اسکے پیچھے ہوئے"۔(۲): "لیکن شہروں کے حکام نے اس سے ڈر کر حاکم اعلیٰ کو جو یروشلم میں رہتا تھا، خبر دی کہ عیسیٰ نامی ایک شخص ملک میں آیا ہے اور اپنی تقریروں سے لوگوں کو حکام

کے برخلاف جوش دلاتا ہے، لوگوں کے گروہ بڑے شوق سے اس کا اپدیش سنتے ہیں“۔

(۳): ”اس پر یروشلم کے حاکم ”پلاطوس“ نے حکم دیا کہ واعظ عیسیٰ کو پکڑ کر شہر میں لاؤ اور حکام کے سامنے پیش کرو، مگر اس غرض سے کہ عوام میں ناراضگی نہ پھیلے، پلاطوس نے پوجاریوں اور عالم عبرانی بزرگوں کو حکم دیا کہ مندر میں اس کا مقدمہ کریں“۔ (۴): ”اسی اثناء میں عیسیٰ اپدیش کرتا ہوا یروشلم میں آن پہنچا اور تمام باشندے جو پہلے سے اسکی شہرت سن چکے تھے اس کے آنے کی خبر پا کر اسکی پیشوائی کے لئے گئے“۔ (۶): ”عیسیٰ نے ان سے کہا، بنی نوع انسان وشواس کی کمی کے باعث تباہ ہو رہے ہیں، کیونکہ اندھیرے اور طوفان نے انسانی بھیڑوں کو پراگندہ کر دیا ہے اور انکا گڈریا گم ہو گیا ہے“۔ (۷): ”لیکن طوفان ہمیشہ نہیں رہے گا اور اندھیرا نہیں چھایا رہے گا، مطلع پھر صاف ہو جائے گا اور آسمانی نور روئے زمین پر پھر چمکے گا اور گمراہ بھیڑیں اپنے گڈریا کو پھر پالیں گی“۔ (۱۰): ”یقین رکھو کہ وہ دن نزدیک ہے جب تم کو اندھیرے سے رہائی ملے گی، تو تم سب مل کر ایک خاندان بنو گے اور تمہارا دشمن جو خدا کی مہربانی کی پرواہ نہیں کرتا، خوف سے کانپے گا“۔

(۱۵): ”اس پر بزرگوں نے پوچھا کہ تم کون ہو؟ اور کس ملک سے آئے ہو؟ ہم نے پہلے کبھی تمہارا ذکر نہیں سنا۔ ہم تمہارے نام سے واقف نہیں ہیں“۔ (۱۶): ”عیسیٰ نے جواب دیا کہ میں اسرائیلی ہوں، میں یروشلم میں پیدا ہوا اور میں نے سنا کہ میرے بھائی حالت غلامی میں پڑے رو رہے ہیں اور میری بہنیں کافروں کے ہاتھ میں پڑ کر گریہ وزاری کر رہی ہیں“۔

فصل یازدہم (۵)...... ”اس اثناء میں عیسیٰ آس پاس کے شہروں میں جا کر خدا کا سچا راستہ بتا تا رہا، اور عبرانیوں کو سمجھاتا رہا کہ تم صبر کرو تمہیں بہت جلد رہائی ملے گی“۔

فصل دوازدہم...... ”یروشلم کے حاکم کے جاسوسوں نے اس سے کہا کہ اے نیک مرد! ہمیں

بتاؤ کہ ہم اپنے قیصر کی مرضی برتیں یا جلدی ملنے والی رہائی کے منتظر رہیں؟'' (۲): ''عیسیٰ جان گیا کہ یہ جاسوس ہیں اور جواب دیا کہ میں نے تمہیں یہ نہیں کہا کہ قیصر سے رہائی پاؤ گے۔ بدی میں ڈوبا ہوا آ تما ہی رہائی پائے گا''۔

فصل سیزدہم...... ''حضرت عیسیٰ اس طرح تین سال تک قوم اسرائیل کو ہر قصبے اور ہر شہر میں، سڑکوں اور میدانوں میں ہدایت کرتا رہا اور جو کچھ اس نے کہا وہی وقوع میں آیا''۔

(۲): ''اس تمام عرصہ میں حاکم پلاطوس کے جاسوس اسکی کل کاروائی دیکھتے رہے''...... الخ۔

(۳): ''لیکن پلاطوس حاکم، عیسیٰ کی ہردلعزیزی سے ڈرا جس کی نسبت لوگ یہ سمجھتے تھے کہ وہ لوگوں کو بادشاہ بننے کیلئے ورغلاتا ہے اور اپنے ایک جاسوس کو حکم دیا کہ وہ عیسیٰ پر الزام لگائے۔ (۴): ''تب الزام لگائے جانے کے بعد سپاہیوں کو عیسیٰ کی گرفتاری کا حکم دیا گیا۔ اورانہوں نے اسے گرفتار کر کے تاریک حوالات میں قید کر دیا۔ جہاں اس کو طرح طرح کے عذاب دیئے گئے، تاکہ وہ مجبور ہو کر اپنے جرم کا اقبال کرے اور پھانسی پائے''۔ (۵): ''عیسیٰ نے اپنے بھائیوں کی ابدی خوشی کو مدنظر رکھ کر صبر وشکر کے ساتھ خدا کے نام تکالیف کو برداشت کیا''۔ (۲۱): ''تب پلاطوس حاکم نے اس گواہ کو طلب کیا جس نے حاکم کے حکم سے عیسیٰ کو گرفتار کیا تھا۔ وہ شخص پیش ہوا اور عیسیٰ کو کہا کہ تم نے جو یہ کہا تھا کہ وہ جو آسمان پر بادشاہت کرتا ہے اس نے لوگوں کو تیار کرنے کے واسطے عیسیٰ بھیجا ہے، کیا اس میں تم نے اپنے آپ کو اسرائیل کا بادشاہ ہونا نہیں جتلایا تھا؟'' (۲۲): ''پھر عیسیٰ نے اس کو شاباش کہا کہ تم معاف کئے جاؤ گے کیونکہ جو کچھ تم کہہ رہے ہو تم اپنے دل سے نہیں کہتے۔ تب عیسیٰ نے حاکم کی طرف مخاطب ہو کر کہا کہ اپنی شان کو کیوں بٹہ لگاتے ہو اور کیوں اپنے ماتحتوں کو جھوٹ بولنے کی ہدایت کرتے ہو۔ جبکہ تم ایسی کاروائی کے بغیر ہی بیگناہ کو پھانسی دینے کا

اختیار رکھتے ہو"۔ (۲۳): "ان الفاظ کو سن کر حاکم غصہ میں آگ بگولا ہو گیا اور عیسیٰ پر موت کا فتویٰ لگانے اور باقی دو چوروں کو بری کرنے کا حکم دیا"۔

فصل چہاردہم (۱)...... "حاکم کے حکم سے سپاہیوں نے عیسیٰ اور ان دو چوروں کو پکڑ لیا اور ان کو پھانسی کی جگہ پر لے گئے اور ان صلیبوں پر جو زمین میں گاڑی گئی تھیں، چڑھا دیا"۔ (۲): "عیسیٰ علیہ السلام اور دو چوروں کے جسم دن بھر لٹکتے رہے جو ایک خوفناک نظارہ تھا۔ اور سپاہیوں کا ان پر برابر پہرہ رہا۔ لوگ چاروں طرف کھڑے رہے، پھانسی یافتوں کے رشتہ دار دعا مانگتے رہے اور روتے رہے"۔ (۳): "آفتاب غروب ہوتے وقت عیسیٰ کا دم نکلا اور اس نیک مرد کی روح جسم سے علیحدہ ہو کر خدا سے جا ملی"۔ (۴): "اس طرح ابدی روح کے پرتوہ کی زندگی کا خاتمہ ہوا، جس نے انسان کی شکل میں ظاہر ہو کر سخت گنہگاروں کو بچایا اور بہت تکلیفیں اٹھائیں"۔ (۵): "اس اثناء میں پلاطوس اپنے عمل بد کے سبب سے انبوہ عالم سے ڈرا اور عیسیٰ کی لاش اس کے والدین کے حوالے کی، جنہوں نے پھانسی گاہ کے پاس ہی اسکو دفن کر دیا، لوگوں کے گروہ در گروہ اس قبر پر دعائیں مانگنے کے لئے آنے لگے۔ اور انکے شور و فغاں سے آسمان گونج اٹھا"۔

برادرانِ اسلام! حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اس سوانح عمری کی تصدیق مرزا صاحب بدیں الفاظ کرتے ہیں: "جبکہ بعض نبی بدھ مذہب میں داخل ہو گئے تھے، تو ضرور تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس ملک میں آ کر بدھ مذہب کے ردّ کی طرف متوجہ ہوتے اور اس مذہب کے پیشواؤں کو ملتے۔ سو ایسا ہی وقوع میں آیا۔ اسی وجہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سوانح عمری بدھ مذہب میں لکھی گئی"۔ (دیکھو حاشیہ مندرجہ، صفحہ ۱۰، ۱۱، کتاب راز حقیقت، مصنفہ مرزا صاحب)

جب مرزا صاحب تسلیم کرتے ہیں کہ سوانح عمری حضرت عیسیٰ علیہ السلام بدھ

مذہب میں لکھی گئی اور اسی سوانح عمری کو ہم نے روسی سیاح ''مسٹر نکولس لونر ڈچ'' جس نے بدھ مذہب والوں کی پرانی کتابوں سے بدھ مذہب کے پوجاریوں سے مقام ''لیہ دار الخلافہ لداخ، ملک کشمیر سے حاصل کر کے فرانسیسی اور انگریزی زبان میں شائع کی۔ اس کتاب کا نام ''یسوع مسیح کی نامعلوم زندگی کے حالات'' ہے۔ اس کتاب سے اوپر ہم نے اختصار کے ساتھ اصل عبارات نقل کردی ہیں، جس سے روزِ روشن کی طرح ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام چودہ برس کی عمر میں سندھ پار آئے۔ ملاحظہ ہو'' آیت پہلی، فصل پنجم'' جب تیرہ چودہ برس کی عمر میں ہندوستان کی طرف آیا اور صلیب کا واقعہ ۳۳ ربرس کی عمر میں وقوع میں آیا، تو ثابت ہوا کہ مرزا کا یہ من گھڑت قصہ کہ صلیب کے بعد مسیح کشمیر میں آیا تھا، بالکل غلط ثابت ہوا۔ کیونکہ اس پر مسلمانوں، عیسائیوں اور یہودیوں کا اتفاق ہے کہ صلیب کا واقعہ اس وقت پیش آیا جب کہ مسیح کی عمر ۳۳ برس کی تھی اور بدھ مذہب والی سوانح عمری مسیح جس پر مرزا صاحب کو بڑا ناز ہے، اس کے ''فصل نہم، آیت اول'' میں صاف لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بعد سفر ہندوستان و فارس انتیس برس کی عمر میں ملک اسرائیل میں واپس آیا۔ جب تیرہ برس سے ۲۸ ربرس تک حضرت مسیح علیہ السلام اپنے وطن سے باہر رہے اور اسی عرصہ میں سیاحت کی اور تبت و کشمیر سے واپس جا کر وہاں ہی تین برس تک وعظ کر کے ۳۳ ربرس کی عمر میں پھانسی دیئے گئے اور وہیں انکی قبر بنائی گئی۔ جیسا کہ ''آیت پانچ، فصل چہارم'' میں لکھا ہے: ''عیسیٰ علیہ السلام کی لاش انکے والدین کے حوالہ کی، جنہوں نے پھانسی گاہ کے قریب ہی اسکو دفن کر دیا''۔ اور اس قبر کی تصدیق انجیل بھی کرتی ہے، چنانچہ ''انجیل'' میں لکھا ہے: ''یوسف نے لاش لے کر سوتی کی صاف چادر میں لپیٹی اور اسے اپنی نئی قبر میں جو چٹان میں تھی، رکھی اور ایک بھاری پتھر قبر کے منہ پر ٹکا کے چلا گیا''۔

(دیکھو انجیل متی، باب ۲۷، آیت ۶۰۔ ۶۱)

''انجیل مرقس'' میں لکھا: ''لاش یوسف کو دلا دی اور اس نے مہین کپڑا مول لیا تھا اور اسے اتار کے اس کپڑے سے کفنایا اور ایک قبر میں جو چٹان کے بیچ کھودی گئی تھی، اسے رکھا اور اس قبر کے دروازے پر ایک پتھر ٹکایا۔ (دیکھو انجیل مرقس، باب ۱۶، آیت ۴۵۔ ۴۶)

پس جب روسی سیاح کی سوانح عمری عیسیٰ علیہ السلام اور دوسری انجیلوں سے ثابت ہے کہ مسیح کی قبر پھانسی گاہ کے قریب بنائی گئی اور اسی جگہ وہ دفن کیا گیا، تو پھر مرزا صاحب کا یہ کہنا کہ ''مسیح کی قبر کشمیر میں ہے'' بالکل جھوٹ ہے۔ ورنہ کوئی مرزائی کسی کتاب سے، جس طرح ہم نے بدھ مذہب کی سوانح عمری مسیح سے ثابت کیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام ۱۳ ربرس کی عمر میں گھر سے نکلے اور بعد سیاحتِ ہندوستان وفارس وکشمیر ۲۹ ربرس کی عمر میں واپس ملک اسرائیل میں گئے اور وہاں پھانسی دیئے گئے اور وہیں ان کی قبر ہے۔

مرزائی صاحبان بھی اپنے مرشد کی حمایت میں کوئی کتاب پیش کریں، جس میں لکھا ہو کہ عیسیٰ علیہ السلام بعد واقعہ صلیب کے ہندوستان میں آئے اور کشمیر میں فوت ہو کر محلّہ خانیار میں مدفون ہوئے۔ جب تک یہ نہ دکھا دیں اور ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ ہرگز نہ دکھا سکیں گے، تب تک مرزا صاحب کا یہ کہنا غلط ہے، بلکہ اغلط ہے کہ یوز آصف کی قبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر ہے۔

مرزا صاحب کا یہ لکھنا بالکل خلاف عقل ونقل ہے اور ہنسی کے لائق ہے جو انہوں نے لکھا ہے: ''جبکہ خدا تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو واقعہ صلیب سے نجات بخشی تو انہوں نے بعد اسکے اس ملک میں رہنا قرین مصلحت نہ سمجھا''۔ (دیکھو حاشیہ ص ۱۰، راز حقیقت)

کیا خوب! صلیب تھی یا چند گھنٹوں کی قید؟ جس سے مسیح نے نجات پائی' یہ ایک لطیفہ ہے۔

جیسا کہ ایک جولاہے (بافندے) کو پھانسی کا حکم ہوا' جب اسے پھانسی کی جگہ پر لے گئے تو وہ عقل کا پتلا بولا: کہ مجھے جلدی جلدی پھانسی دے لو کیونکہ میں نے گھر جا کر ضروری کپڑا تیار کرنا ہے۔

ایسا ہی مرزا صاحب نے لکھ دیا کہ مسیح نے پھانسی پانے کے بعد سفر ہندوستان کا کیا۔ وہ پھانسی تھی یا خالہ جی کا گھر تھا کہ مسیح صلیب سے نجات پا کر رخصت حاصل کر کے سفر پنجاب کو نکلے۔ غور تو کرو! جس کام کے واسطے یہودیوں نے قیامت تک لعنت لی اور قبرِ مسیح پر پہرہ لگا رکھا۔ اور دوسری طرف ثابت ہے کہ مسیح باغی سلطنت سمجھ کر صلیب دیا گیا' تو ایسے حالات کے ہوتے ہوئے کوئی باہوش انسان کہہ سکتا ہے کہ مسیح صلیب سے نجات پا کر کشمیر چلا گیا۔ کوئی یہ تو بتائے کہ ایسا شخص جس کو بقول مرزا صاحب کوڑے لگائے گئے جن سے جانبر ہونا مشکل تھا۔ اور صلیب کے زخم اس قدر تکلیف دہ' مسیح کو دیئے گئے کہ لمبے لمبے کیل اس کے اعضاء میں ٹھوکے گئے' جن سے خون اس قدر نکلا کہ مسیح غشی کی حالت میں ایسا سخت بیہوش ہوا کہ مردہ سمجھ کر دفن کیا گیا اور تین دن' رات قبر میں مدفون رہا۔ کیونکہ مرزا صاحب تسلیم کرتے ہیں کہ مسیح حضرت یونس علیہ السلام کی طرح قبر میں تین دن رہا۔

اب بتاؤ کہ یہ سراسر جھوٹ اور افترا ہے کہ نہیں کہ "مسیح صلیب سے نجات پا کر کشمیر پہنچا"۔ یہاں ہمارے چند سوالات ہیں' کوئی مرزائی جواب دے:

۱...... مسیح کو نجات کس نے دلائی؟ آیا پلاطوس کا کوئی حکم ہے جس کی تعمیل ہوئی اور مسیح کو صلیب سے اتارا گیا اور مسیح کا قصور معاف کیا گیا' کوئی سند ہے تو پیش کرو۔

۲...... مسیح کا علاج معالجہ کس ہسپتال میں ہوا' کیونکہ یہ تو ممکن نہ تھا کہ مسیح جس کو اس قدر عذاب صلیب پر دیئے گئے کہ مر گئے اور دفن کیے گئے' وہ خود بخود قبر سے نکل آتے اور سفر کے

قابل ہوتے۔

۳......قبر پر جب پہرہ تھا اور تمام ملک مسیح کا دشمن تھا تو پھر اسکو کس نے قبر سے نکالا اور کس نے ایسی سواری مسیح کے لئے مہیا کی کہ فوراً وہ ہندوستان میں پہنچ گیا اور پکڑا نہ گیا؟ شاید ہوائی جہازوں پر آیا ہو! مگر بدقسمتی سے اس وقت تو ریل گاڑی بھی نہ تھی، کہ جس پر سوار ہو کر ہندوستان کو آتے۔ خرِ عیسیٰ تو کام نہ دے سکتا تھا کہ ایسے کمزور کو ہندوستان پہنچا دیتا۔

۴......مسیح جب بھاگا تو انکا تعاقب حکام کی طرف سے کیوں نہ کیا گیا؟ تندرست انسان تو چوری بھیس بدل کر بھاگ سکتا ہے، مگر ایسے سخت بیمار کا بھاگنا ناممکن ہے، جس کے پاؤں لمبے لمبے کیلوں سے زخمی ہو گئے تھے، وہ تو ایک قدم بھی نہ چل سکتا تھا۔ اگر دوسرے جنازہ اُٹھاتے تو پکڑے کیوں نہ گئے؟

۵......جب مسیح مصلوب ہوا، اور بقول مرزا صاحب صلیب کے عذابوں سے اس قدر بیہوش تھا کہ مردہ سمجھا گیا، تو قبر میں دم گھٹ جانے سے کیونکر زندہ رہا؟ کیا یہ محالِ عقلی نہیں، کہ انسان بغیر ہوا کے زندہ رہ سکے؟

۶......اگر بقول مرزا صاحب مسیح کشمیر میں ۸۷ برس زندہ رہا تو پھر کس قدر عیسائی کشمیر میں پھیلے۔ مگر تاریخ بتا رہی ہے کہ مسلمانوں کے راج سے پہلے نہ کوئی مسلمان اور نہ عیسائی سرینگر کشمیر میں تھا۔ کیا یہ ہو سکتا ہے کہ جس جگہ نبی اللہ ۸۷ برس رہے وہاں ایک آدمی بھی ان پر ایمان نہ لائے؟

۷......اگر کشمیر والی قبر مسیح کی قبر ہے تو پھر شہزادہ نبی ''یوز آصف'' کی قبر کیوں مشہور ہے؟ مسیح کا لقب تو ہرگز ''یوز آصف شہزادہ'' نہ تھا اور یہ قبر شہزادہ نبی کی ہے۔

۸......مسیح آسمانی کتاب توریت و شریعت موسوی کا، بقول مرزا صاحب پیرو تھا۔ اگر یوز

آصف والی قبر مسیح کی قبر ہوتی تو بیت المقدس کی طرف مردے کا منہ ہوتا۔ یعنی مغرب کی طرف سر اور مشرق کی طرف پاؤں ہوتے۔ جیسا کہ یہود اور نصاریٰ کا قاعدہ ہے۔ مگر جو قبر کشمیر میں ہے اس کا سر شمال کی طرف ہے۔ یہ ممکن نہیں کہ مردہ عیسائی ہو اور مسلمانوں کے مقبرہ میں مدفون ہو۔ مرزا صاحب نے اس قبر کا نقشہ اپنی کتاب ''راز حقیقت'' کے ص ۱۹/ پر دیا ہے، وہ ملاحظہ کر کے جواب دینا چاہیے۔ کیونکہ یہ نقشہ یہودیوں اور عیسائیوں کی قبروں کا نہیں۔ پس ثابت ہوا کہ کشمیر والی قبر یوز آصف کی قبر ہے جو ''شہزادہ نبی'' کے نام سے مشہور تھا۔

۹......قرآن شریف سے ثابت ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام جس جگہ بھی رہیں ان کے لئے مبارک ہے۔ کیا یہ ایک نبی کے لئے مبارک ہے کہ بلاد شام میں جس جگہ وہ صرف چند سال رہے ہزاروں ان کے پیرو ہوں اور جس جگہ بقول مرزا صاحب ۸۷/ برس رہیں ایک پیرو بھی نہ ہو؟ ورنہ دوسرے عیسائیوں کی قبریں بھی کشمیر میں دکھاؤ۔ اگر کہو کہ مسیح نے اپنی جان کے خوف سے تبلیغ کا کام نہیں کیا تھا اور خاموش زندگی بسر کی تھی، تو یہ نبی و رسول کی شان سے بعید ہے، کہ اپنی جان کے خوف سے اپنا فرض منصبی ادا نہ کرے۔ اور مرزا صاحب کے بیان کے بھی برخلاف ہے، کیونکہ مسیح بقول مرزا صاحب اپنی کھوئی ہوئی بھیڑوں کی تلاش میں کشمیر آئے تھے۔ ان کو اپنی بھیڑوں سے کیا ڈر تھا۔ نیز یہ کہ کھوئی بھیڑیں یعنی بنی اسرائیل تو ملک تاتار، ترکستان، یونان اور چین میں بھی آباد تھے، وہاں مسیح کیوں نہ گئے؟ صرف کشمیر جا کر چپ چاپ زندگی بسر کر کے مرنے سے کیا فائدہ؟ جبکہ کھوئی ہوئی بھیڑیں دیگر ممالک میں بھی ہیں اور کھوئی ہوئی بھیڑوں سے گمراہ و کافر مراد ہیں۔ جیسا کہ زبور میں لکھا ہے:

''میں اس بھیڑ کی طرح ہوں جو کھوئی جائے، بہک گیا ہوں۔ (زبور، ص ۱۱۹)

۱۰......مرزا صاحب قبول کرتے ہیں کہ عباد الرحمٰن کبھی فوت نہیں ہوتے۔ جب تک وہ کام مکمل نہ ہو جائے جس کے واسطے وہ مامور ہوں۔ جب کھوئی ہوئی بھیڑیں مسیح کو ملیں اور ان میں سے کسی ایک نے بھی مسیح کو نہ مانا اور عیسائی مذہب قبول نہ کیا، تو ثابت ہوا کہ مسیح فوت نہیں ہوئے، کیونکہ کشمیر کی کھوئی ہوئی اسرائیلی بھیڑیں یا ہندو ہیں یا مسلمان ہیں۔ لہٰذا نہ مسیح کا کام مکمل ہوا اور نہ اسکی موت کشمیر میں ہوئی۔

جب ایسے ایسے زبردست واقعات اور اعتراضات اور براہین قاطع سے ثابت ہے کہ کشمیر والی قبر، مسیح کی قبر نہیں، تو ضروری ہے کہ جس شخص کی یہ قبر ہے (شہزادہ نبی یوز آصف) اسکے حالات بیان کئے جائیں تا کہ مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ مرزا نے اپنی غرض کے لئے یہ منگھڑت قصہ تصنیف کر لیا ہے کہ مسیح کی قبر کو یوز آصف کی قبر کہتے ہیں۔ حالانکہ پہلے خود ہی قبول کر چکے ہیں کہ مسیح کی قبر بلاد شام میں ہے۔

مختصر حالات یوز آصف

ملک ہندوستان کے صوبہ سولابط (سولابت) میں ایک راجہ مسمی ''جنسیر'' گذرا ہے۔ اسکے گھر ایک لڑکا پیدا ہوا، جس کا نام یوز آصف رکھا گیا۔ بعد پرورش جب یوز آصف بڑا ہوا اور اسکے حسن اور اخلاق و ادراک اور عقل کا شہرہ ہوا اور اسکی رغبت ترکِ دنیا اور حصولِ دین کی طرف پانے کا عام غلغلہ شہرۂ آفاق ہوا، تو ایک بزرگ جو کہ نہایت عابد و زاہد تھا جس کا نام ''حکیم بلوہر'' تھا، ولایت لنکا سے بحری سفر کر کے ارض سولابط میں آیا اور شہزادہ یوز آصف کی ملاقات کے واسطے اس کی ڈھوری پر آیا اور ایک خدمت گار کے ذریعہ سے یوز آصف کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام بجالایا۔ شہزادہ نے بڑی تعظیم سے اسکا استقبال کر کے نہایت عزت سے اپنے پاس بٹھایا۔ حکیم بلوہر، شہزادہ کو دین کی باتیں سکھاتا، عبادت الٰہی

کے طریقے سے واقف کرتا اور دنیا و مافیہا سے اس کو نفرت دلاتا۔ کچھ مدت بعد شہزادہ، اسرارِ دین سے واقف ہو گیا اور حکیم بلوہر اس سے رخصت ہو گیا۔ ایک دفعہ شہزادہ یوز آصف کو خدا کی طرف سے بذریعہ فرشتہ پیغام پہنچا اور تنہائی میں فرشتہ نے کہا کہ تجھے سلامتی ہو۔ اور تو انسان ہے۔ میں تیرے پاس آیا ہوں کہ رحمتِ الٰہی کی تجھ کو خوش خبری دوں اور مبارکباد دوں۔ جب شہزادہ نے یہ خوشخبری سنی، سجدہ کیا اور حق تعالیٰ کا شکر کیا اور کہا کہ جو کچھ آپ فرمائیں گے میں اطاعت کروں گا۔ اور اپنے پروردگار کی طرف سے جو حکم ہوگا بجالاؤں گا۔ فرشتے نے کہا کہ میں چند دن کے بعد پھر تیرے پاس آؤں گا اور تجھے یہاں سے لے چلوں گا، تو نکل جانے کے لئے تیار رہنا۔

یوز آصف نے ہجرت اور سفر کا ارادۂ مصمم کر لیا اور اس راز کو سب سے چھپایا۔ ایک روز آدھی رات گذری تھی کہ وہی فرشتہ یوز آصف کے پاس آیا اور کہا کہ تاخیر مت کرو اور فوراً تیار ہو جاؤ۔ یوز آصف اُٹھ کھڑا ہوا اور سوار ہو کر اپنی راہ لی۔ یہانتک کہ ایک صحرائے وسیع میں پہنچا اور وہاں ایک چشمہ کے کنارے بڑا درخت دیکھا۔ جب قریب پہنچا تو معلوم ہوا کہ نہایت ہی پاکیزہ اور شفاف چشمہ ہے اور نہایت ہی خوبصورت درخت ہے۔ یہ دیکھ کر یوز آصف بہت خوش ہوا اور اس درخت کے نیچے کھڑا ہو گیا۔ ایک مدت تک یوز آصف اس ملک میں رہا۔ اور لوگوں کو ہدایتِ دین کرتا رہا۔ اس کے بعد پھر ملک سلابط کو آیا۔ اسکے باپ نے اس کے آنے کی خبر سن کر رؤساء و امرأ ملک کے ساتھ اس کا استقبال کیا۔ یوز آصف نے ان سب کو توحیدِ الٰہی کا رستہ بتایا اور ان کے درمیان وعظ کئے۔ اس کے بعد وہاں سے کوچ کیا اور بہت شہروں میں وعظ کرتا ہوا ملک کشمیر میں پہنچا اور اس ملک کے لوگوں کو ہدایت کی اور وہیں رہا۔ یہانتک کہ اس کا وقت مرگ آن پہنچا۔ مرنے سے پہلے اس نے

اپنے ایک مرید مسمی ''یابد'' کو عبادتِ الٰہی میں مشغول رہنے کی وصیت کی۔ اس کے بعد یوز آصف نے عالمِ بقاء کی طرف رحلت کی۔

مفصل حالات کیلئے ملاحظہ ہو کتاب ''یوز آصف اور بلوہر'' مترجمہ مولوی سید عبدالغنی صاحب عظیم آبادی، مطبوعہ مطبع ہاشمی دہلی۔ اور کتاب ''اکمال الدین واتمام النعمہ'' عربی کا ص ۳۵۸۔

اب ہم مرزائی صاحبان کو چیلنج دیتے ہیں اور ایک سو روپیہ کے انعام کا وعدہ کرتے ہیں کہ وہ کسی کتاب سے یہ ثابت کردیں کہ یوز آصف والی قبر جو شہزادہ نبی کے نام سے مشہور ہے۔ اس قبر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو کر مدفون ہیں یا کسی تاریخ کی کتاب کا حوالہ دیں اور اس کا صفحہ، سطر نوٹ کریں، ہم خود کتاب دیکھ لیں گے۔ اگر وہ کسی کتاب سے خواہ وہ کتاب تاریخ کی ہو نہ دکھا سکیں تو پھر قرآن شریف اور حدیثات نبوی پر مرزا کی دروغ بیانی کو ترجیح نہ دیں اور اس فاسد عقیدہ سے توبہ کریں کہ مسیح بعد صلیب کشمیر میں آئے اور ۸۷ برس زندہ رہ کر فوت ہوئے اور محلہ خانیار میں جو قبر ہے، وہ انہیں کی ہے۔

جس طرح ہم کتابوں کے حوالے دیتے ہیں اسی طرح مرزائی بھی کتابوں کا حوالہ دیں۔ بلادلیل وثبوت دعویٰ ہرگز قبول نہیں ہوسکتا۔ تاریخِ کشمیر جو ''تاریخ اعظمی'' کے نام سے مشہور ہے اور ایک ولی اللہ صاحبِ کشف والہام کی تصنیف ہے، اس کے صفحہ ۱۸ پر لکھا ہے کہ: "درزمانِ سابق یکے از سلاطین زادہ در پارسائی و تقویٰ بدرجه رسیده که برسالت این خطّه مبعوث شد. و بدعوتِ خلائق اشتغال نمو ونامش یوز آصف بود. بعد رحلت درمحله آنز مره قریب خانیار آسود." ترجمہ: ''پہلے زمانہ کے شہزادوں میں سے ایک شہزادہ پرہیزگاری اور پارسائی میں

اس درجہ تک پہنچا تھا کہ اس خطہ کی رسالت کے واسطے مبعوث ہوا اور خلقت کی تبلیغ اور دعوتِ حق میں مشغول رہا۔ اس کا نام یوز آصف تھا اور مرنے کے بعد اس محلّہ کے گروہ میں خانیار کے قریب دفن کیا گیا“

پرانی باتوں کی تصدیق زمانہ حال کے علماء وفضلاء ورئیسانِ سرینگر کشمیر، اس طرح کرتے ہیں:

شہادت (۱)......خواجہ سعد الدین ولد ثناء اللہ مرحوم کی ہے۔ وہ قاضی فضل احمد صاحب کورٹ انسپکٹر پولیس کے استفسار پر لکھتے ہیں:

”السلام علیکم۔ مکاتبه مسرت طراز بخصوص دریافت کردن کیفیت اصلیت مقبره یوز آصف مطابق تواریخ کشمیر در کوچه خانیار حسب تحریر تالیفات جناب مرزا صاحب قادیانی و اطلاع آں زمان سعید رسید باعث خوشوقتی شد۔ من مطابق چٹھی مرسوله آن مشفق چه از مردم عوام چه از حالات مندرجه کشمیر در پئے آں رفته آنکه واضح شد اطلاع آن میکنم“۔

مقبره روضه بل یعنی ”کوچه خانیار بلاشك بوقت آمدن از راه مسجد جامع بطرف چپ واقع است۔ مگرآن مقبره بملاحظه تاریخ کشمیر نسخه اصل خواجه اعظم صاحب دیده مرو که هم صاحب کشف و کرامات محقق بودند۔ مقبره سید نصیرالدین قدس سره میباشد بملاحظه تاریخ کشمیر معلوم نمیشود که آں مقبره بمقبره یوز آصف مشهور است“۔ چنانچه حضرت مرزا غلام احمد

صاحب قادیانی تحریرمیفرمائند بلے اینقدر معلوم میشود که مقبره حضرت سنگ قبرے واقع است۔ آنرا قبر یوز آصف ننوشته است بلکه تحریرفرموده اندکه درمحله آنزمره مقبره یوز آصف واقع ست۔ مگر آں نام بلفظ سین نیست بلکه بلفظ صاد است و ایں محله بوقت آمدن از راه مسجد جامع طرف راست است طرف چپ نیست درمیان انزمره و روضه بل یعنی کوچه خانیار مسافت واقع ست بلکه ناله نارهم مابین آنها حائل است۔ پس فرق بدو وجه معلوم میشود۔ هم فرق لفظی و هم فرق معنوی۔ فرق لفظی آنکه یوز آصف به صاد است در آنزمره مدفون نوشته اند بلفظ سین آن نیست وتغائر اسم بر تغائر مسمی دلالت میکند و فرق معنوی آنکه یوز آصف که مرزا صاحب میفرمائید که در کوچه خانیار واقع ست۔ ایں درمحله انزمره تغائر مکان بر تغائر مکین دلالت میکند۔

که یك شخص در ده جا مدفون بودن ممکن نیست۔ عبارتیکه در تاریخ خواجه اعظم صاحب دیده مرد مذکور است این است حضرت سید نصیرالدین خانیاری از سادات عالیشان است در زمره مستورین بود بتقریبے ظهور نموده مقبرهٔ میر قدس سره درمحله خانیار مهبط فیوض و انوار است ودر جوار ایشاں سنگ قبرے واقع شده در عوام مشهور است که آنجا پیغمبرے آسوده است که در زمان سابقه درکشمیرمبعوث شده بود۔ ایں مکان بمقام آں پیغمبر معروف

است۔ در کتابے از تواریخ دیده ام که بعد قضیه دور دراز حکایتے می نویسد که یکے از سلاطین زادهائے براه زهد و تقوی آمده ریاضت و عبادت بسیار کرده برسالت مردم کشمیر مبعوث شده درکشمیر آمده بدعوت خلائق مشغول شد و بعد رحلت درمحله آنزمره آسود۔ درآں کتاب نام آں پیغمبر را یوز آصف نوشت۔ آنزمره و خانیار متصل واقعست۔ از ملاحظه آں عبارت صاف عیاں است که یوز آصف درمحله آنزمره مدفون است در کوچه خانیار مدفون نیست وایں یوز آصف از سلاطین زادها بوده است و ایں عبارت تواریخ مخالف و مناقض اراده مرزا صاحب است۔ زیرا که یسوع خود را بکسے از سلاطین وغیره انتساب نه کرده اند ...... فقط۔

(راقم خواجہ سعد الدین عفی عنہ وفرزند خواجہ ثناء اللہ مرحوم ومغفور، از کوٹھی خواجہ ثناء اللہ، غلام حسن از کشمیر ۱۵/ذی الحجہ ۱۳۱۴ھ)

شهادت(۲)......اطلاع باوجود ارقام کرده بود که در شهر سرینگر درضلع خانیار پیغمبرے آسوده است۔ معلوم سازند موجب آں خود بذات بابت تحقیق کردن آں در شهر رفته۔ همیں تحقیق شده پیشتر از دو صد سال شاعرے معتبر وصاحب کشف بوده است۔ نام آں خواجه اعظم دیده ندی داشته یك تاریخ از تصانیف خود نموده است که دریں شهر دریں وقت بسیار معتبر است دراں همیں عبارت بتصنیف ساخته است که در ضلع خانیار در محله روضه بل میگوئند که پیغمبرے آسوده است یوز آصف نام داشته و قبر دوم در

انجا است از اولاد زین العابدین رضی اللہ عنہ۔ سید نصیر الدین خانیاری است وقدم رسول در آنجا هم موجود است۔ اکنوں در آنجا بسیار مرجع اهل تشیعه دارد۔ بهر حال سوائے تاریخ خواجه اعظم صاحب موصوف دیگر سندے صحیح ندارد۔ "والعلم عندالله".

(راقم سید حسن شاہ از کشمیر،۲۲رذی الحجہ ۱۳۱۴ھ)

شهادت (۳)......جو علماء کشمیر کی طرف سے بذریعہ ایک رجسٹری شدہ لفافہ کے موصول ہوئی ہے:

نحمده ونصلی علی حبیبه محمّد واله واصحابه اجمعین، قبل از ظهور دین اسلام کدام مذهب بغیر مذهب هنود در کشمیر نبود نه از دین عیسوی نامے ونه از مذهب موسوی نشانے پیدا و هویدا بود۔ نه در کدام یکے از تواریخ معتبره مسطور است و نه بر زبان کدام کسے از عوام و خواص مذکور است که از دینِ عیسوی درکشمیر اثرے و یا از دین موسوی در اینجا خبرے بود۔ قبرے که درمحله خانیار است عامۂ خلائق براں اند که قبر یك بزرگ است وبعضی گفته اندکه قبر یك پیغمبر اَست که نام شان یوز آصف است۔ و ایں امر بعضے از بزرگاں را بکشف منکشف شد لیکن ایں امر هم در کدام تاریخے معتبر بطرز مسلسل و مدلل که سفید گونۂ اطمینان مے بود یافته نه شد بلکه سخنے بے بنیاد وسقفے بے عماد است۔ مرزاصاحب بفحوائے "الغریق یتشبت بکل حشیش" و بمقتضائے "حبک الشئ یعمی ویصم"۔

جائے خراشیده و وهمی تراشیده این اختراع کردند که یوز آصف بمعنی عیسیٰ علیہ السلام است وحال روایت از تقریر بالا معلوم شد و بلحاظ اصول درایت هم این امر بغایت مستبعد و نهایت مشکل بلکه سراسر بهتان و سراپا هذیان معلوم میشود که عقل سلیم و طبع مستقیم هرگزجرأت تسلیم نمیکند۔ اول باین وجه که حضرت عیسیٰ علیہ السلام آنقدر راه دور دراز و دشوار گذار بقول شاعرے

بود قطع ره کشمیر شکل بحق نتوان رسید از راه باطل

باین جانامے و نشانے از محبان و مخلصان شان درین دیار نبود تشریف مے آور دند با قطع نظر اگر چنین صورت بوقوع هم مے آمد نامے و نشانے ازعیسویّت در اینجا یافته مے شد وآن بالکلیه مفقود وغیر موجود است۔ علاوه بر این بعد ظهور اسلام درین دیار اگر هزارها سال بفرض محال گذشته میبودند در نام مبارک حضرت عیسیٰ علیہ السلام اینقدر تغیر تبدل نمے شد و وجود ذی جود حضرت عیسیٰ علیہ السلام با وجود بعثت و با آن معجزات ظاهره و کمالات باهره مانند "ابراء اکمه وابرص واحیاء موتیٰ" هرگز هرگزمستور و محجوب نمی ماند و این امر بدیهی است حاجت بنظر نیست ۔

(**مهر و دستخط**): احقر الانام کثیر الاثام محمد حسام الدین حنفی مفتی ۔(۲) ایضاً مولوی محمد صدرالدین مفتی اعظم کشمیر۔ (۳) ایضاً حرره الاحقر محمد سعد الدین عفی عنه المفتی الکشمیر ی القاضی ۔(۴) ایضاً احقر عمادالدین محمد یوسف عفی عنه (مهریں بمعه دستخط)

واقعی درکشمیر درمحله خانیار قبر هیچ یکے از پیغمبران نیست و ندارد وکسانیکه از متبعان مرزا صاحب بتقلیدِ شان میگوئند که قبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام است درمحله خانیار است محض هیچ وپوچ است۔ بفرض محال اگر چنیں روایت هم میبود درایت بالکل مخالف اوست۔ پس دانشمنداں اهالی اسلام بدانند قائل قول مرقوم محض مغالطه و فریب دهی سامعانِ خود محض برائے سخن پروزی خود میکند وآں مردود و باطل است۔

(**مهر و دستخط**) مولوی مفتی محمد امان اللہ الحنفی عفی عنہ۔

درمحله خانیار قبر کدام نبی موجود نیست۔ آرے اینکه بصیغه تمریض دربعضی تاریخنامه ها نوشته است۔ آں همیں است که درمحله آنزمره قبریوز آصف است۔ یوز آصف کجا و حضرت عیسیٰ علیہ السلام کجا۔ وشور حضرت عیسیٰ علیہ السلام تا بفلك رسیده۔ اگر در زمین همه بهار کشمیر وارد میشدند دعوائے آنها مخفی نمے مانند که خلاف مقصد بعثت انبیاء (علی نبینا وعلیه السلام) است و تاریخ نامهائے ملی وغیر ملی از حالات درودِ مبارك شان مشحون مے بودند۔ ”ولیس فلیس والتالی باطل فالمقدم مثله“۔

(**مهر و دستخط**) مولوی محمد اشریف الدین عفی عنہ المفتی القاضی۔

اب اگر کسی مرزائی صاحب میں غیرت وحق طلبی کا کچھ شمہ بھی ہے تو اسی طرح کی تاریخی سندات ثبوتِ دعویٰ میں پیش کریں، ورنہ خلق خدا کے لئے ہیچو مرزا جی ضَلَّ فَاَضَلَّ

کے مصداق نہ بنیں۔

برادران اسلام! ہم تاریخی وتحریری سندات وشہادات سے ثابت کر چکے ہیں کہ کشمیر والی قبر جسے مرزا جی مسیح کی قبر کہتے ہیں، حقیقت میں شاہزادہ یوز آصف کی قبر ہے۔ چونکہ تاریخی ثبوت کی تردید کے واسطے بھی تاریخی ثبوت ہونا چاہئے، مگر ایسا کوئی ثبوت مرزا جی اور مرزائیوں کے ہاتھ میں نہیں۔ صرف قیاسی اور شکی باتیں پیش کرتے ہیں جو ہرگز ہرگز قابل قبول نہیں۔ اس واسطے ضروری ہے کہ انکے اوہام اور قیاسی دلائل کے بھی دندان شکن جواب دیئے جائیں، تاکہ اہلِ اسلام دھوکہ نہ کھائیں۔ لہٰذا ذیل میں ہم انکے دلائل لکھ کر ساتھ ہی جواب عرض کرتے ہیں:

دلیل (۱)......مرزا صاحب لکھتے ہیں: ''سو واضح ہو کہ حضرت مسیح کو انکے فرض رسالت کے رو سے ملک پنجاب اور اسکے نواح کی طرف سفر کرنا نہایت ضروری تھا، کیونکہ بنی اسرائیل کے دس فرقے، جنکا انجیل میں اسرائیل کی گم شدہ بھیڑیں نام رکھا گیا ہے، ان ملکوں میں آ گئے تھے، جنکے آنے میں کسی مؤرخ کو اختلاف نہیں۔ اسلئے ضروری تھا کہ حضرت مسیح اس ملک کی طرف سفر کرتے اور ان گمشدہ بھیڑوں کا پتہ لگا کر خدا تعالیٰ کا پیغام انکو پہنچاتے''۔ (دیکھو ص۹۱، باب مسیح ہندوستان، مصنفہ مرزا صاحب)

الجواب: جن مؤرخوں نے مسیح کا ہندوستان میں آنا لکھا ہے اور پھر کشمیر میں فوت ہو کر محلّہ خانیار میں مدفون ہونا بتایا ہے، کوئی مرزائی مرزا کو سچا ثابت کرنے کے واسطے اس تاریخ کی کتاب کا نام لکھ کر صفحہ کا حوالہ دیدے جہاں لکھا ہے کہ مسیح ہندوستان میں آ کر فوت ہوا، اور کشمیر میں اسکی قبر ہے۔ ہم اس مرزائی کو ایک سو روپیہ انعام دیں گے۔ اگر کوئی مرزائی یہ نہ بتا سکے تو اسکو یقین کرنا چاہئے کہ یہ بالکل غلط ہے کہ مسیح کی قبر کشمیر میں ہے۔ کیونکہ گذشتہ

واقعات کی تصدیق کتب تواریخ سے ہی ہوتی ہے، صرف قیاس کر لینا کافی نہیں۔ جب کسی خاص شخص کا ذکر ہو تو پھر اسکے نصف حصہ کو نقل کرنا اور نصف حصہ اپنے پاس سے جوڑ لینا راست بازی اور دیانت کے خلاف ہے۔

جن مؤرخوں نے بزعم مرزا صاحب، مسیح علیہ السلام کا ہندوستان میں آنا لکھا ہے، انہی مؤرخوں نے یہ بھی تو لکھا ہے کہ مسیح ۲۹ رسال کی عمر میں ہندوستان سے واپس ملک بنی اسرائیل میں گئے اور ۳۳ رسال کی عمر میں صلیب دیئے گئے۔ اور صلیب پر فوت ہوئے اور جس جگہ صلیب دیئے گئے وہیں انکی قبر ہے یعنی ملک شام میں، جیسا کہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں۔ کیا مرزا صاحب کا قیاس درست ہو سکتا ہے؟ کہ چونکہ مسیح ہندوستان میں آئے اس لئے انکا فوت ہونا اور کشمیر میں دفن ہونا بھی ثابت ہو گیا۔ یہ ایسی ہی رڈی دلیل ہے جیسے کوئی شخص کہے کہ حکیم نورالدین کی قبر لاہور میں ہے، کیونکہ وہ لاہور میں آتے رہے ہیں۔ حالانکہ لاہور انکا آنا اور بات ہے اور فوت ہو کر مدفون ہونا امر دیگر۔

پس بفرض محال اگر بقول روسی سیاح، مسیح علیہ السلام ہندوستان میں آئے تو اس سے انکا ہندوستان میں فوت ہونا اور کشمیر میں دفن ہونا ہرگز ثابت نہیں ہوتا، تاوقتیکہ جس مؤرخ نے یہ لکھا ہے کہ مسیح ہندوستان میں آیا وہی مؤرخ یہ نہ لکھے کہ مسیح علیہ السلام ہندوستان میں آکر فوت ہوا اور کشمیر میں ان کی قبر بنائی گئی۔ جب وہی مؤرخ جنہوں نے مسیح کا ہندوستان اور تبت میں آنا لکھا ہے، وہی خود لکھ رہے ہیں کہ مسیح ۲۹ ربرس کی عمر میں اپنے وطن کو واپس چلے گئے اور وہاں صلیب پر دو چوروں کے ساتھ فوت ہوئے۔ اور وہیں ان کی قبر ہے، تو پھر مرزا جی کی منگھڑت کہانی جو انہوں نے مطلب براری کے واسطے بنائی ہے، تاریخی اور انجیلی ثبوت کے مقابل کچھ وقعت نہیں رکھتی۔ شاید خوش اعتقاد بندے یہ کہہ دیں

کہ مرزا جی نے بذریعہ کشف والہام خدا تعالیٰ سے اطلاع پا کر ایسا لکھا ہے، تو اسکا جواب یہ ہے کہ پہلے جو مرزا نے لکھا کہ مسیح اپنے وطن گلیل میں فوت ہوا اور مدفون ہے۔ اور لکھا کہ بیت المقدس میں مسیح کی قبر ہے وہ بھی خدا تعالیٰ سے اطلاع پا کر لکھا تھا یا از خود ہی لکھ دیا تھا؟ جب پہلے کشف اور الہام کو خود ہی مرزا جی نے بے اعتبار کر دیا تو اب کیا اعتبار ہے کہ یہ کشف والہام سچا ہو۔ جبکہ وہی تاریخ وانجیل جس کو مرزا خود پیش کرتے ہیں، وہی انجیل و تاریخ مرزا جی کا ردّ کر رہی ہے۔ بلکہ مرزا کے پہلے بیانات کی تصدیق کر رہی ہے کہ مسیح اپنے وطن میں دفن ہوئے۔ جس سے روزِ روشن کی طرح ثابت ہے کہ مرزا جی کا قیاس غلط ہے کہ یوز آصف والی قبر مسیح علیہ السلام کی قبر ہے۔

نیز مرزا کا قیاس اس وجہ سے بھی غلط ہے کہ بخت نصر کے یروشلم کے تباہ کرنے کے وقت بنی اسرائیل کے بہت سے قبائل ترکستان، ماوراء النہر، شمالی عرب اور یونان کی طرف بھی چلے گئے تھے۔ (دیکھو خطبات احمدیہ کا تیسرا خطبہ، ص ۲۱۲، اور کتاب النبی والاسلام کا صفحہ ۸۔ جس میں قبائل بنی اسرائیل کا عرب میں آنا مذکور ہے) اور یہ بات مرزا خود بھی تسلیم کرتے ہیں۔ چنانچہ اپنی کتاب ''مسیح ہندوستان میں'' کے صفحہ ۱۰۰ پر بحوالہ ''مخزن افغانی باب سوم'' لکھتے ہیں: ''بخت نصر نے جب بنی اسرائیل کو شام سے نکال دیا تو آصف اور افغان کے قبائل عرب میں جاگزین ہوئے''۔ اب فریقین کے بیان سے ثابت ہے کہ عرب میں بھی قوم بنی اسرائیل آباد تھی۔

پھر مرزا صاحب کتاب ''مسیح ہندوستان میں'' کے صفحہ ۹۴ پر قبول کرتے ہیں اور لکھتے ہیں: ''ایک اور روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ یہودی لوگ تاتار میں جلاوطن کر کے بھیجے گئے تھے اور بخارا۔ مرو۔ اور خیوا کے متعلقہ علاقوں میں بڑی تعداد میں موجود تھے''۔

جب یہ بات ثابت ہے کہ یہودی لوگ عرب تاتار میں ترکستان، یونان اور چین میں بھی علاوہ تبت و کشمیر کے آباد تھے تو پھر مسیح کا صرف کشمیر میں جا کر بیٹھ رہنا اور دوسرے ممالک کو نہ جانا اور اپنا فرض رسالت ادا نہ کرنا ثابت ہوگا جو ایک رسول کی شان سے بعید ہے کہ اپنی جان کے خوف سے یہودیوں میں تبلیغ نہ کرے اور ستاسی (۸۷) برس کشمیر میں ضائع کر کے فوت ہو جائے اور مدفون ہو۔ اور ایسی گمنامی کی حالت میں رہے کہ لوگ اس کا نام تک ہی بھول گئے کہ اس کی قبر کو یوز آصف کی قبر کہنے لگے۔ بھلا یہ ہوسکتا ہے کہ ایک نبی اللہ اور رسول اللہ صاحب کتاب اپنی چپ چاپ زندگی بسر کرے۔

اگر وہ بقول مرزا قادیانی اپنی گمراہ بھیڑوں کی تلاش میں کشمیر آیا تھا تو پھر بہت یہودی راہ راست پر آئے ہوں گے اور مسیح علیہ السلام کے پیروکار بکثرت کشمیر میں ہونے چاہیئے تھے اور یہ ممکن نہ تھا کہ ایسے اولوالعزم پیغمبر کا ایک نام لیوا بھی کشمیر میں نہ رہا۔ نام لیوا تو درکنار اس کا صحیح نام بھی عوام اہل کشمیر کو یاد نہ تھا کہ صاحب قبر یسوع ہے، یوز آصف نہیں۔ اللہ اکبر! غرض انسان کو بالکل بے اختیار کر دیتی ہے۔ ملک شام میں مسیح صرف تین چار برس رہے۔ وہاں تو لاکھوں یہودی اس پر ایمان لائے اور ایمان بھی ایسا کہ خدائی کے مرتبہ تک پہنچائیں اور جہاں بقول مرزا قادیانی ستاسی (۸۷) برس رہے یعنی کشمیر، وہاں ایک بھی آدمی اس پر ایمان نہ لائے۔ یہ کس قدر خدا تعالیٰ اور اس کے رسول کی ہتک ہے کہ خدا تعالیٰ اپنا رسول ایسے ملک میں روانہ کرتا ہے جہاں اس کو ستاسی (۸۷) برس کے عرصہ میں کوئی بھی قبول نہیں کرتا بلکہ اس کا نام تک نہیں جانتا۔

نیز اگر حضرت مسیح علیہ السلام کا سفر کرنا یہودیوں کی تلاش کے واسطے ضروری تھا تو پھر عرب، تاتار، ترکستان وغیرہ ممالک میں کیوں نہ گئے۔ وہاں ان کا فرض نہ تھا کہ وہاں کی

کھوئی ہوئی بھیڑوں کو راہ راست پر لاتے۔ اور کیا وہ وہاں نہ جانے سے اور چپ چاپ بے دست و پا ہو کر کشمیر میں ستاسی (۸۷) برس پڑا رہنے میں خدا تعالیٰ کے گناہگار نہ ہوئے۔ اور کشمیر میں ایک عیسائی نہ ہوا۔ ورنہ کسی عیسائی کا پتہ کسی تاریخ سے دو۔ اور ان کی قبریں بتاؤ کہ کس محلے میں ہیں؟ کیوں کہ تاریخی واقعات کی تصدیق یا تکذیب تاریخوں سے ہی ہو سکتی ہے۔ اپنے قیاس اور طبع زاد قصے بنا لینے سے نہیں۔ پس یہ قیاس بالکل غلط ہے کہ مسیح علیہ السلام کی قبر کشمیر میں ہے۔ اگر کسی مؤرخ نے لکھا ہے تو دکھاؤ اور ایک سو روپیہ انعام پاؤ۔

دلیل (۲)...... حضرت مسیح کہتے ہیں کہ بنی اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے سوا دوسری قوم کی طرف نہیں بھیجا گیا۔

الجواب: حضرت مسیح علیہ السلام کا یہ فرمانا کہ کھوئی ہوئی بھیڑوں کے واسطے آیا ہوں۔ یہ ایک استعارہ ہے جو آسمانی کتابوں میں مذکور ہے۔ اس سے یہ ہرگز مراد نہیں کہ جو جلاوطن بنی اسرائیل ہو گئے ہیں، میں ان کے واسطے آیا ہوں۔

الف) دیکھو زبور ۱۱۹۔ ۱۷۴۔ میں اس بھیڑ کی مانند جو کھوئی جائے، بہک گیا ہو۔

ب) پطرس ۲۲۵۔ پہلے تم بھیڑوں کی طرح بھٹکتے پھرتے تھے مگر اب اپنی جانوں کے گڈریہ اور نگہبان کے پاس پھر آ گئے ہو۔

ج) یوحنا ۱۰۔ ۲۹ و ۲۷۔ لیکن تم اس لئے یقین نہیں کرتے کہ میری بھیڑوں میں سے نہیں ہو۔ میری بھیڑیں میری آواز سنتی ہیں اور میں انہیں جانتا ہوں۔ اور میرے پیچھے پیچھے چلتی ہیں۔

ان ہر سہ حوالجات، زبور و اناجیل سے ثابت ہے کہ مسیح علیہ السلام کا یہ فرمانا کہ کھوئی ہوئی بھیڑوں کے واسطے آیا ہوں، جلاوطن یہودی اس سے مراد نہیں اور نہ یہ مطلب ہے کہ

میں انہیں غیر ممالک میں تلاش کر کے پاؤں گا۔ بلکہ وہ صاف صاف فرماتے ہیں کہ جو مجھ پر ایمان نہیں لاتا، وہ میری بھیڑ نہیں۔ گمشدہ بھیڑوں سے نہ ہدایات یافتہ اور گمراہ، غافل، بے دین لوگ مراد ہیں۔ جن کو حضرت مسیح علیہ السلام نے تعلیم دی اور راہ راست پر لائے۔ اگر کھوئی ہوئی بھیڑوں سے جلاوطن یہودی مراد ہوتے تو مسیح علیہ السلام دوسرے ملکوں میں جاتے مگر وہ تو انہی کو اپنی بھیڑیں کہتے ہیں جو ان پر ایمان لائے۔ ایسا ہی رسول ﷺ نے فرمایا ہے: ”الم اجد کم ضالاً فھداکم اللہ و کنتم متفرقین فانعمکم اللہ بی.

ترجمہ: کیا نہیں پایا میں نے تم کو گمراہ پس ہدایت کی اللہ تعالیٰ نے تم کو میرے ساتھ اور تھے تم تتر بتر پس خدا نے بلا لیا تم کو میرے ساتھ۔ (مشارق حدیث نمبر ۱۰۲۴)

حضرت خاتم النبیین محمد ﷺ نے بھی حضرت مسیح علیہ السلام کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کی تصدیق فرمادی کہ کھوئی ہوئی سے مراد ضالاً یعنی گمراہ روحانی ہے نہ کہ جلاوطن۔

افسوس! مرزا قادیانی کچھ ایسے مطلب پرست تھے کہ اپنے مطلب کے واسطے تو اسم علم کا بھی استعارہ بنا لیتے اور ابن مریم کے معنی ابن غلام مرتضی کر لیتے' بلکہ استعارہ کے طور پر حاملہ بھی ہو جاتے' دردِ زہ بھی ہوتی اور بچہ بھی جن لیتے' جو کہ بمنزلہ اطفال اللہ ہوتا اور (نعوذ باللہ) آپ استعارہ کے رنگ میں خدا کی بیوی بن جاتے۔ قادیان کو دمشق بنا لیتے' مگر جب اپنا مطلب استعارہ سے نہ نکلتا ہو تو استعارہ کو حقیقی معنوں میں لیتے۔ کیا کوئی عقلمند تسلیم کر سکتا ہے کہ امت عیسوی حقیقتاً بھیڑیں تھیں؟ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب ان کو آواز دیتے تو بھیں بھیں کرتی ہوئی عیسیٰ علیہ السلام کی طرف آتی تھیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو اپنی بھیڑ اسی کو فرماتے ہیں جو ان کے پیرو تھے۔ اور یہودی تو پانچویں صدی قبل از مسیح ”بخت نصر“ کے وقت بھاگے تھے' وہ مسیح کی بھیڑیں کس طرح ہو سکتی ہیں؟ اور مسیح علیہ السلام کا فرض

کس طرح قرار دیا جاسکتا ہے کہ وہ انکے پیچھے پیچھے سفر کرتے پھریں۔ اور پھر سفر کا یہ نتیجہ کہ ۸۷ برس میں ایک بھی عیسائی نہیں ہوا۔ خدا نے صلیب سے مسیح کو اسی واسطے نجات دی تھی کہ کشمیر جاکر تبلیغ کریں اور ایک بھی یہودی ایمان نہ لائے۔ کس قدر خدا کی ہتک اور لاعلمی ہے کہ مسیح علیہ السلام کو کشمیر روانہ کرنے کے نتیجہ سے بے علم تھا۔ پس یہ سراسر غلط ہے کے مسیح علیہ السلام کشمیر میں آئے اور فوت ہو کر محلہ خانیار میں دفن ہوئے۔

دلیل (۳) ...... اس بات کو اسلام کے تمام فرقے مانتے ہیں کہ حضرت مسیح میں دو ایسی باتیں جمع ہوئی تھیں کہ وہ کسی نبی میں جمع نہیں ہوئیں۔ ایک یہ کہ انہوں نے کامل عمر پائی یعنی ایک سو پچیس برس زندہ رہے۔ دوم یہ کہ انہوں نے دنیا کے اکثر حصوں کی سیاحت کی۔ اس لئے نبی سیاح کہلائے۔ (دیکھو ص ۵۳، مسیح ہندوستان میں)

''کنز العمال'' میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، جس کے یہ الفاظ ہیں: یعنی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ''سب سے پیارے خدا کی جناب میں وہ لوگ ہیں جو غریب ہیں، پوچھا گیا کہ غریب کے کیا معنی ہیں؟ کہا وہ لوگ ہیں جو عیسیٰ مسیح کی طرح دین لے کر اپنے ملک سے بھاگتے ہیں''۔ (ریویو جلد ۲، نمبر ۶، ص ۲۳۵)

الجواب: ...... یہ بالکل غلط ہے کہ تمام فرقے مانتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام ایک سو پچیس برس زندہ رہے، بلکہ مسلمانوں کے تمام فرقوں کا یہ مذہب ہے کہ حضرت مسیح ۳۳ برس اس دنیا میں رہے اور انکا رفع ۳۳ ویں برس ہوا، اور پھر آسمان پر زندہ اٹھائے گئے۔ اور بعدِ نزول، فوت ہو کر مقبرۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں دفن ہوں گے۔ اور انکی قبر چوتھی قبر ہوگی، درمیان قبروں ابوبکر و عمر کے۔ اور یہی مذہب عیسائیوں کا انجیل میں مذکور ہے، جسکی تصدیق قرآن شریف نے بدیں الفاظ: ﴿وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ﴾ ﴿وَمَا قَتَلُوهُ يَقِينًا. بَلْ رَّفَعَهُ

اللّٰہُ اِلَیہِ﴾ کردی ہے۔یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہ تو قتل ہوئے اور نہ صلیب دیئے گئے، بلکہ اللہ تعالیٰ نے انکو اپنی طرف اٹھالیا۔اب قرآن شریف سے بعبارت النص ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت نہیں ہوئے اور نہ قتل ہوئے، جب قتل نہ ہوئے اور اٹھائے گئے تو زندہ ثابت ہوئے۔ کیونکہ یہود کا قاعدہ یہ تھا کہ پہلے مجرم کو قتل کرتے اور بعد میں صلیب پر لٹکاتے، تاکہ دوسرے لوگوں کو عبرت ہو۔مگر چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہ قتل ہوئے اور نہ صلیب دیئے گئے تو زندہ اٹھایا جانا ثابت ہوا۔کیونکہ قتل وصلیب کا فعل جسم پر وارد ہوتا ہے جس کی تردید قرآن شریف فرمارہا ہے۔جب انہیں قتل وصلب سے بچایا گیا تو جسمی رفع بھی ثابت ہوا۔کیونکہ قتل وصلب کا فعل جسم پر وارد ہوسکتا ہے۔روح کو نہ تو کوئی قتل کرسکتا ہے اور نہ پھانسی دے سکتا ہے۔ پس جو چیز قتل اور لٹکانے سے بچائی گئی یعنی جسم، جب رفع مسیح جسمانی ہوا، تو ثابت ہوا کہ قرآن شریف کے ماننے والے فرقے تو ہرگز اس بات کے قائل نہیں کہ مسیح نے ایک سو پچیس برس کی عمر پائی۔ یہ مرزاجی کا سب فرقوں پر بہتان ہے۔ افسوس! مرزاجی اپنی مایہ ناز حدیث بھی بھول گئے جس میں لکھتے رہے کہ مسیح علیہ السلام کی عمر ایک سو بیس برس کی تھی۔مرزا کا یہ لکھنا بھی غلط ہے کہ سوائے مسیح علیہ السلام کے کامل عمر کسی نبی نے نہیں پائی۔شاید مرزا صاحب حضرت آدم وحضرت نوح وحضرت شیث علیہ السلام وغیرہم کو نبی تسلیم نہیں کرتے ہیں، جنہوں نے ایک ہزار برس کے قریب عمریں پائیں۔

(دیکھو بائبل، باب پیدائش)

دوم: یہ کہ انہوں نے اکثر حصوں ملک کی سیر کی، یہ بھی غلط ہے "انجیل" سے ثابت ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ملک شام میں ہی سیر اور تبلیغ فرماتے رہے اور وہیں انکی امت تھی اور وہیں ملک شام میں واقعہ صلیب ہوا اور وہ صرف ۳۳ ربرس دنیا میں رہے۔ یہ بھی مرزا

صاحب نے غلط لکھا ہے کہ مسیح علیہ السلام دین لے کر بھاگا، بلکہ جان بوجھ کر دھوکا دیا ہے۔ اور حدیث میں تحریف معنوی کی ہے۔ ہم مرزا صاحب کا جھوٹ ظاہر کرنے کے واسطے حدیث کے اصل الفاظ نقل کرتے ہیں تاکہ تمام مسلمانوں کو معلوم ہو کہ مرزا صاحب جھوٹ تراشنے اور دوسروں کو دھوکا دینے میں کس قدر دلیر تھے۔ حدیث یہ ہے: (دیکھو "کنز العمال" جلد ۱، ص ۵۱):

"قال أحب الشئ الی اللّٰہ الغرباء قیل أی شئ الغرباء قال الذین یفرون بدینھم ویجتمعون الی عیسیٰ ابن مریم" ترجمہ: "فرمایا نبی ﷺ نے: خدا کی جناب میں پیارے وہ لوگ ہیں جو غریب ہیں، پوچھا گیا کہ غریب کے کیا معنی؟ فرمایا وہ لوگ جو بھاگیں گے ساتھ دین اپنے کے اور جمع ہوں گے طرف عیسیٰ بیٹے مریم کے"۔

مرزا جی نے الفاظ حدیث "الذین یفرون بدینھم ویجتمعون الی عیسیٰ ابن مریم" کا ترجمہ غلط کر کے سخت دھوکا دیا ہے۔ یعنی آپ لکھتے ہیں: "وہ لوگ ہیں جو عیسیٰ مسیح کی طرح دین لے کر اپنے ملک سے بھاگتے ہیں"۔ مرزا کے یہ معنی ایک ادنیٰ طالبعلم بھی غلط قرار دے سکتا ہے۔ "یجتمعون الی عیسیٰ ابن مریم" میں لفظ "الی" کو تشبیہ گردانا اور اس کے معنی کیے: "عیسیٰ کی طرح دین لے کر اپنے ملک سے بھاگتے ہیں"۔

ناظرین پر واضح ہو کہ "الی" کے معنی طرف ہیں، نہ کہ طرح۔ یعنی عیسیٰ بن مریم کی طرف لوگ جمع ہوں گے۔ چونکہ اس حدیث کے الفاظ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اصالتاً نزول ثابت کرتے ہیں اس لئے مرزا جی نے معنی غلط کر دیئے۔ مگر یہ خدا کی قدرت ہے کہ جس حدیث کو مرزائی اپنے مفید مطلب سمجھ کر پیش کرتے ہیں وہی انکے مدعا کے خلاف ہوتی ہے۔ اس حدیث میں بھی صاف اصالتاً نزول عیسیٰ بن مریم مذکور ہے نہ کہ اسکا کوئی بروز و مثیل۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ ابن مریم کے نزول کے وقت جو

جو لوگ عیسیٰ بن مریم کی طرف جمع ہوں گے، یعنی ان کی جماعت میں شامل ہوں گے، وہی اللہ کے پیارے ہوں گے۔ اب تو روزِ روشن کی طرح ثابت ہوگیا کہ وہی عیسیٰ بن مریم نازل ہونگے اور وہ زندہ ہیں۔ اس کے سوا جو دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے۔ اب جو شخص کہے کہ عیسیٰ بن مریم مر چکے ہیں وہ نہیں آسکتے، رسول اللہ ﷺ کی تکذیب کرتا ہے۔ کیونکہ اگر عیسیٰ بن مریم دوسرے نبیوں کی طرح مر چکے ہوتے تو پھر انکا نزول بھی نہ فرمایا جاتا۔ کیونکہ جو شخص مر جاتا ہے وہ اس دنیا میں واپس نہیں آتا اور حضرت مسیح علیہ السلام از روئے قرآن و حدیث واپس آنے والے ہیں' اس لئے ثابت ہوا کہ وہ زندہ ہیں' کیونکہ اگر وہ دوسرے نبیوں کی طرح فوت ہو جاتے تو پھر حضرت خلاصۂ موجودات یہ ہرگز نہ فرماتے کہ "تم میں عیسیٰ بن مریم واپس آئیں گے"، اسلئے کہ جو فوت ہو جائے وہ دوبارہ واپس نہیں آتا۔ لہٰذا کسی مسلمان کا یہ حوصلہ نہیں کہ آنحضرت ﷺ کے فرمان کو (نعوذ باللہ) جھٹلائے اور حضرت عیسیٰ بن مریم کو فوت شدہ تسلیم کرے۔ پس اس مختصر بحث سے ثابت ہوا کہ اب حضرت عیسیٰ بن مریم زندہ ہیں اور کسی تاریخ کی کتاب میں انکا فوت ہونا اور کشمیر میں دفن ہونا مذکور نہیں۔ تو ثابت ہوا کہ کشمیر میں جو قبر ہے وہ یوز آصف کی ہے نہ کہ عیسیٰ بن مریم کی۔

دلیل (۴)...... دیکھو "راز حقیقت، ص ۱۷/۶" اصل عبارت: "حال میں جو روسی سیاح نے ایک انجیل لکھی ہے جس کو لنڈن سے میں نے منگوایا ہے وہ بھی اس رائے میں ہم سے متفق ہے کہ ضرور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس ملک میں آئے...... (الخ)۔

الجواب:...... روسی سیاح کی انجیل نے تو مرزا صاحب کی تمام افسانہ سازی اور دروغ بافی کا رڈ کر دیا ہے۔ افسوس! مرزا صاحب اپنی مسیحیت و مہدویت کے کچھ ایسے دلدادہ تھے کہ خواہ مخواہ جھوٹ لکھ کر لوگوں کو اس نیت سے دھوکا دیتے کہ کون اصل کتاب کو دیکھے گا۔

لیکن ہم نے جب مرزا جی کے حوالہ کے مطابق کتاب دیکھی تو بالکل برعکس پائی۔ اسی روسی سیاح کی انجیل جس کو ہم پہلے ہی مختصراً نقل کر آئے ہیں' جسکا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ ''حضرت عیسیٰ علیہ السلام چودہ برس کی عمر میں سندھ کے اس پار آئے اور ۲۹/برس کی عمر میں پھر ملک بنی اسرائیل یعنی شام میں واپس چلے گئے اور وہاں ۳۳/برس کی عمر میں پھانسی دیئے گئے اور بلادِ شام میں انکی قبر ہے۔ آؤ مرزا جی کے مریدو! اسی روسی سیاح کی انجیل کا فیصلہ ہم منظور کرتے ہیں۔ آپ بھی خوفِ خدا کریں اور یوز آصف کی قبر کو عیسیٰ علیہ السلام کی قبر نہ کہیں۔ اب تو آپکا روسی سیاح آپ کی تردید کر رہا ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام واقعہ صلیب سے نجات پا کر کشمیر میں آئے اور ۸۷/برس زندہ رہ کر کشمیر میں فوت ہوئے اور اسی سیاح کی انجیل مرزا جی اور آپ کو جھوٹا قرار دے رہی ہے کہ ہندوستان کی واپسی کے بعد شام میں مسیح مصلوب ہوا اور وہیں ملک شام میں اس کی قبر ہے۔

جس کو مرزا قادیانی بھی اپنی کتاب ست بچن کے حاشیہ پر تسلیم کر چکے ہیں کہ بلاد شام میں مسیح کی قبر ہے۔ لہٰذا روسی سیاح کی انجیل سے بھی یہی ثابت ہوا کہ کشمیر میں عیسیٰ علیہ السلام کی قبر نہیں۔

دلیل (۵)...... اور پھر اس جگہ وہ حدیث جو کنز العمال میں لکھی، حقیقت کو اور بھی ظاہر کرتی ہے یعنی یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ: حضرت مسیح علیہ السلام کو اس ابتلاء کے زمانے میں جو صلیب کا ابتلاء تھا، حکم ہوا کہ کسی اور ملک کی طرف چلا جا۔ تا کہ یہ شریر یہودی تیر نسبت بدارادے رکھتے ہیں اور فرمایا کہ ایسا کر تو ان ملکوں سے دور نکل جا۔ تا کہ تجھ کو شناخت کر کے یہ لوگ دکھ نہ دیں۔ (تحفہ گولڑویہ، ص ۱۳، خزائن، ج ۱۴ ص ۹۹)

الجواب:...... افسوس مرزا قادیانی نے اس جگہ بھی وہی حرکت کی ہے۔ اگر کوئی دوسرا

شخص کرتا تو مرزا قادیانی اس کو یہودیانہ حرکت کہتے اور لعنت کا مورد بناتے۔ کیا کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ حدیث کے کن الفاظ کا یہ ترجمہ ہے۔ ’’اس ابتلاء کے زمانے میں جو صلیب کا زمانہ تھا‘‘۔ ہم مرزا کی دیانت داری کا پول کھولنے کے واسطے حدیث کی اصل عبارت نقل کرتے ہیں تا کہ مرزا جی کا سچ جھوٹ ظاہر ہو۔ دیکھو ص ۳۴ پر حدیث اس طرح درج ہے:

اوحی اللّٰہ تعالیٰ الی عیسیٰ: ان یعیسیٰ انتقل من مکان الی مکان لعله تعرف وتوذیٰ (رواہ ابن عساکر عن ابی ہریرۃ، کنز العمال، ج ۳، ص ۱۵۸، حدیث ۵۹۵۵)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے وحی کی طرف عیسیٰ کے: کہ اے عیسیٰ ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ چلا جا۔ تا کہ تو پہچانا نہ جائے اور تجھے ایذا نہ دی جائے۔

کوئی مرزائی بتائے کہ ’’اس ابتلاء کے زمانے میں جو صلیب کا زمانہ تھا‘‘۔ مرزا جی نے کن الفاظ کا ترجمہ کیا ہے؟ مگر اللہ تعالیٰ کی شان دیکھئے کہ مرزا جی تحریف کے مرتکب بھی ہوئے مگر الٹا اس حدیث سے ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے رسول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حفاظت جسمانی کرنا چاہتا ہے، جس سے رفع روحانی کا ڈھکوسلا جو مرزا جی نے ایجاد کیا، غلط ہوا۔ تا کہ اس کے جسم پاک کو صلیب کے زخموں کے عذابوں سے بچالے۔ اس لئے وحی کی کہ کسی اور جگہ چلا جائے تا کہ اس کو یہودی تکلیف نہ دیں۔

جب ارادہ خداوندی یہ تھا کہ مسیح علیہ السلام کے جسم کو یہودیوں کے عذاب سے بچائے جیسا کہ اس حدیث سے ثابت ہے، تو ثابت ہوا کہ مرزا جی کا مذہب کہ ’’مسیح صلیب پر چڑھایا گیا، اس کو کوڑے لگائے گئے، لمبے لمبے کیل اس کے اعضاء میں ٹھونکے گئے اور عذاب صلیب کے درد و کرب سے ایسا بے ہوش ہوا کہ مردہ سمجھ کر اتارا گیا‘‘۔ سب کا سب غلط ہوا کہ اس حدیث نے آیت: ﴿یعیسیٰ انی متوفیک ورافعک﴾ کی تفسیر کردی

کہ خدا تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب سے بچانے کا وعدہ دیتا ہے۔ پس پہلے تو خدا نے اس کو اپنے قبضہ میں کر لیا یعنی اس مکان سے جس کا محاصرہ یہودیوں نے کیا تھا، اس مکان سے صحیح سلامت نکال لیا اور کفار میں سے کوئی ان کو دیکھ نہ سکا اور یہودا اسکریوطی جس نے مسیح علیہ السلام کو پکڑوانا چاہا، اس پر مسیح علیہ السلام کی شبیہ ڈالی اور وہی صلیب دیا گیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام بال بال بچائے گئے۔ اس کی تصدیق انجیل برنباس بھی کرتی ہے کہ مسیح رفع سے پہلے حواریوں کو ملا اور اسی جگہ ان کو برکت دیتا ہوا اٹھایا گیا۔ دیکھو انجیل برنباس آیت ۲۴، فصل ۲۲۔ جب مسیح فوت ہی نہیں ہوا اور قرآن سے رفع جسمانی ثابت ہے تو پھر کشمیر میں اس کی قبر کا ہونا غلط ہے۔

دلیل (۵)...... ''جو جیسا کہ اس ملک کی پرانی تاریخیں بتلاتی ہیں، یہ بات بالکل قرین قیاس ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے نیپال اور بنارس وغیرہ مقامات کی سیر کی ہوگی اور پھر جموں یا راولپنڈی کی راہ سے کشمیر کی طرف گئے ہوں گے۔ اور چونکہ کشمیر بلاد شام کے مشابہ ہے اس لئے یہ بھی یقینی ہے کہ اس ملک میں سکونت مستقل اختیار کر لی ہوگی۔ یہ بھی خیال ہے کہ کچھ عرصہ اپنی عمر کا افغانستان میں رہے ہوں اور کچھ بعید نہیں کہ وہیں شادی بھی کی ہو۔ افغانوں میں ایک قوم عیسیٰ خیل کہلاتی ہے۔ کیا تعجب ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی کی اولاد سے ہوں''۔ (مسیح ہندوستان، ص ۶۸، خزائن ج ۱۵، ص ۷۰)

الجواب: دنیا میں کوئی شخص ایسا ہوشمند بھی ہے جو ایک طرف تو یہ کہے کہ تاریخ میں ایسا لکھا ہے اور دوسری طرف تمام شک، قیاس، تعجب اور فرضیت کا تودہ کھڑا کر دے؟ ہرگز نہیں۔ مرزا صاحب خود لکھتے ہیں کہ اس ملک کی پرانی تاریخیں بتلاتی ہیں۔ جب پرانی تاریخیں بتلاتی ہیں تو پھر شکی، وہمی اور قیاسی فقرات کے لکھنے کی کیا ضرورت تھی؟ اور ساتھ

ہی ہم یہ کہنے کیلئے مجبور ہیں کہ آپ کی کشفی اور الہامی طاقت کہاں گئی کہ تمام عمارت شک کی تعمیر کر دی۔

سنو! مرزا جی ایک تاریخی امر کو کس طرح بیان کرتے ہیں کہ مسیح جموں یا راولپنڈی کے راستہ کشمیر گئے ہوں گے۔ اوپر تو دعویٰ ہے کہ تاریخ میں لکھا ہے اور یہاں ''جموں یا راولپنڈی کے راستہ کشمیر گئے ہوں گے''۔ افسوس! مرزا جی کو ان کے ملہم نے یہ بھی نہیں بتایا کہ کشمیر کو گجرات، پونچھ اور جوالا مکھی کے بھی راستے ہیں، پھر لکھتے ہیں:

۱...... یہ بات بالکل قرین قیاس ہے کہ مسیح نے بنارس، نیپال کی سیر کی ہوگی۔

۲...... پھر جموں یا راولپنڈی کی راہ سے کشمیر گئے ہوں گے۔

۳...... سرینگر کشمیر بلادِ شام کے مشابہ ہے۔ وہاں مستقل سکونت اختیار کی ہوگی۔

۴...... یہ بھی خیال ہے کہ افغانستان میں شادی کی ہوگی۔

۵...... کیا تعجب ہے کہ عیسیٰ خیل جو افغانوں کی قوم ہے، حضرت عیسیٰ کی اولاد ہوں۔

کوئی مرزا صاحب سے پوچھے کہ جناب ایک طرف تو آپ کا دعویٰ ہے کہ اس ملک کی پرانی تاریخیں بتاتی ہیں' اور دوسری طرف بجائے تاریخ کی کتابوں اور صفحات کے حوالجات دینے کے ''کشمیر گئے ہوں گے'' ''سکونت اختیار کر لی ہوگی'' ''افغانوں میں شادی کی ہوگی'' ''کیا تعجب ہے کہ عیسیٰ خیل، عیسیٰ کی اولاد ہوں''۔ یہ شکیہ فقرے تو بتا رہے ہیں کہ جناب مرزا صاحب کو خود اپنی تسلی اور یقین نہیں' صرف فرضی طور پر ان کو اپنے دعویٰ مسیح موعود کی بنیاد وفات مسیح علیہ السلام ثابت کرنے پر مجبور کرتی ہے کہ وہ ایسے ایسے شکی فقرے لکھیں تا کہ بھولے بھالے مسلمان مسیح علیہ السلام کی وفات یقین کر کے قبرِ مسیح کشمیر میں تسلیم کر لیں۔ کوئی ہوشمند باحواس انسان قیاس کر سکتا ہے کہ ''عیسیٰ خیل افغان'' حضرت

عیسیٰ علیہ السلام کی اولاد ہیں؟ اگر یہ ''ایجاد بندہ اگرچہ سراسر خیال گندہ'' ایک منٹ کے واسطے فرض کرلیں تو پھر ''یوسف زئی'' جو افغانوں کی ایک قوم ہے، حضرت یوسف علیہ السلام کی اولاد ہوگی۔ اور ''محمد زئی'' حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی اولاد تسلیم کرنی پڑے گی اور اس لغو قیاس کا یہ نتیجہ ہوگا کہ قرآن شریف کی تکذیب ہوگی، جس میں فرمایا ہے: ﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ﴾ یعنی ''محمد ﷺ تمہارے میں سے کسی مرد کے والد نہیں''۔

افسوس! مرزا صاحب ایسے ''دیوانہ بکار خود ہوشیار'' تھے کہ چاہے قرآن شریف کی تکذیب ہو، حدیث نبوی کی تردید ہو، مگر مرزا صاحب کا اُلّو ضرور سیدھا ہو کہ وفات عیسیٰ علیہ السلام ثابت ہو اور وہ مسیح موعود بن جائیں۔ مگر خدا تعالیٰ کی قدرت دیکھو کہ ان کی تمام عمر اسی ایک من گھڑت قصے میں گذری اور تحریف بھی کی۔ اس پر بھی نہ وفات مسیح علیہ السلام ان سے ثابت ہوئی اور نہ قبر یوز آصف قبرِ مسیح علیہ السلام بنی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا افغانوں میں شادی کرنے کا ناول تو بہت ہی نرالا ہے، کیونکہ یہ مرزا صاحب کے اپنے بیان کے خلاف ہے۔ مرزا صاحب نے حدیث کا حوالہ دے کر لکھا ہے کہ ''فتزوج ویولد له'' سے خاص نکاح مراد ہے اور وہ نکاح وہ ہے جو کہ مسیح موعود بعد نزول کرے گا''۔ مگر وہ نکاح تو ظہور میں نہ آیا اور حیات مسیح ثابت ہوئی، کیونکہ اسی حدیث میں ''ثم یموت'' لکھا ہے، یعنی بعد نزول انتقال کریں گے۔ جب حضرت مسیح علیہ السلام کا انتقال ہی نہیں ہوا تو قبر کیسی؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ''حضرت عیسیٰ علیہ السلام بعدِ نزول شادی کریں گے اور ان کی اولاد ہوگی، کیونکہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا رفع ہوا تھا تو ان کی شادی ابھی نہیں ہوئی تھی''۔ (دیکھو تکملہ مجمع البحار، ص ۸۵)

"وکان لم یتزوج قبل رفعه الی السماء فزادبعد الهبوط فی الحلال".

دلیل(۷)...... "بدھ ازم" مصنفہ سرمویز ولیم کے صفحہ ۴۵ میں لکھا ہے کہ "چھٹا مرید بدھ کا ایک شخص تھا جس کا نام "یسا" تھا (یہ لفظ یسوع کے لفظ کا مخفف معلوم ہوتا ہے) چونکہ حضرت مسیح بدھ کی وفات سے پانچ سو برس بعد یعنی چھٹی صدی میں پیدا ہوئے تھے، اس لئے چھٹے مرید کہلائے۔ (دیکھو کتاب مسیح ہندوستان میں، ص ۸۳، مصنفہ مرزا صاحب)

الجواب:...... مرزا صاحب کو جس طرح طبع زاد قصے بنانے اور جھوٹ کو سچ بنانے میں کمال ہے، اسی طرح انہیں تاریخ دانی میں بھی کمال ہے۔ گوتم بدھ تو مسیح سے ۶۳۰ برس پہلے ہو گذرا ہے۔ ہم ذیل میں اصل تاریخی عبارت نقل کرتے ہیں وھوھذا:

"یہ مذہب مسیح سے ۶۳۰ برس پہلے آریہ ورت میں جاری ہوا۔ اس کے بانی "ساکھی سنگھ گوتم بدھ" قوم راجپوت تھے۔ اس قوم کے نشانات افریقہ، ایشیا، یورپ، امریکہ بلکہ جزائر میں بھی ملتے ہیں۔ فی الحال چین، جاپان، برہما، سیام، انام، تبت، لنکا، چینی، تاتار وغیرہ جگہوں میں اس مذہب کا بڑا زور شور ہے۔ تقریباً ستر کروڑ لوگ اس مذہب کے پیرو اور "بدھ" کہلاتے ہیں"۔ (دیکھو ص ۲۸۵، ثبوت تناسخ)

اول: اس تاریخی حوالہ سے ثابت ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ساتویں صدی میں بعد گوتم بدھ کے پیدا ہوئے' لہٰذا وہ کسی طرح چھٹے شاگرد نہیں ہو سکتے' کیونکہ ساتویں صدی میں "بعد گوتم بدھ کے" پیدا ہوئے۔

دوم: مسیح کو شاگرد بدھ تسلیم کرنے میں قرآن شریف کی تکذیب ہے' کیونکہ قرآن سے ثابت ہے کہ مسیح علیہ السلام مادر زاد رسول تھے، پڑھو: ﴿وَرَسُوْلاً اِلٰی بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ﴾ اور اوپر کی آیت میں لکھا ہے: ﴿یُعَلِّمُہُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ وَالتَّوْرَاۃَ وَالْاِنْجِیْلَ﴾ (سورہ

آل عمران) یعنی ''اسکو حکمت اور کتاب سکھائی اللہ نے اور بنی اسرائیل کی طرف رسول کر کے بھیجا''۔

سوم: یہ قیاس بھی غلط ہے کہ گوتم بدھ کے شاگرد صرف چھ تھے، یعنی صدی صدی کا ایک شاگرد تھا۔ اس حساب سے تو گوتم بدھ کے آج تک صرف ۲۸ شاگرد ہوئے، جو کہ بالبداہت غلط ہے، کیونکہ بحوالہ تاریخ اوپر لکھا جا چکا ہے کہ ''بدھ کے پیرو یعنی شاگرد ستر کروڑ ہیں''۔ اور یہ کسی کتاب میں نہیں لکھا کہ ''یسا'' یسوع کا مخفف ہے۔ ''یسوع'' عبرانی لفظ ہے اور ''یسا'' ہندوستانی لفظ ہے۔ کچھ تو معقولیت بھی چاہئے۔ مطلب پرستی اسی واسطے بری ہے۔ کجا عبرانی لفظ ''یسوع'' اور کجا ہندوستانی لفظ ''یسا''۔

دلیل (۸)...... کتاب ''پتا کیتان'' اور ''اتھا گھتا'' میں ایک اور بدھ کے نزول کی پیشگوئی بڑے واضح طور پر درج ہے جس کا ظہور ''گوتم'' یا ''ساکھی منی'' سے ایک ہزار سال بعد لکھا گیا ہے۔ گوتم بیان کرتا ہے کہ میں پچیسواں بدھ ہوں اور ''بگوامیتا'' نے ابھی آنا ہے۔ یعنی میرے بعد وہ اس ملک میں آئے گا، جس کا ''میتا'' نام ہوگا۔ اور وہ سفید رنگ ہوگا' اور بدھ نے آنے والے بدھ کا نام ''بگوامیتا'' اس لئے رکھا کہ ''بگوا'' سنسکرت میں ''سفید'' کو کہتے ہیں اور حضرت مسیح چونکہ بلادِ شام کے رہنے والے تھے، اسلئے وہ بگوا یعنی سفید رنگ تھے...... (الخ)۔ (دیکھو مسیح ہندوستان میں، ص ۸۱، مصنفہ مرزا صاحب)

الجواب:...... یہ تک بندی از روئے عقل و نقل باطل ہے۔ اگر گوتم بدھ نے لکھا ہے کہ ایک ہزار سال میرے بعد ''بگوامیتا'' آئے گا، تو اس آنے والے سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہرگز نہیں ہو سکتے، کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام گوتم بدھ سے ۶۳۰ برس بعد ہوئے، ایک ہزار برس کے بعد ہرگز نہیں ہوئے۔ اس لئے ثابت ہوا کہ مسیح علیہ السلام بگوامیتا ہرگز نہ

تھے۔ مرزا صاحب کا حافظہ بھی عجیب قسم کا تھا کہ حلیہ مسیح علیہ السلام پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ''مسیح ناصری کا حلیہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج میں دیکھا' اس میں مسیح علیہ السلام کا رنگ سرخی مائل بہ سفیدی یعنی گندمی رنگ لکھا ہے''۔ (دیکھو صحیح بخاری، مطبوعہ مطبع احمدی میرٹھ جلد ۱، ص ۴۵۹)۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ''مسیح علیہ السلام کا رنگ گندمی یعنی سفیدی مائل سرخ تھا''۔ اب ''بگوا'' رنگ آنے والے بدھ کا دیکھ کر ملک شام کا رنگ تسلیم کرتے ہیں، حالانکہ خود ہی اپنی کتاب ''البریہ'' کے حاشیہ مندرجہ صفحہ ۲۶۳ پر لکھتے ہیں کہ ''حضرت عیسیٰ عام شامیوں کی طرح سرخ رنگ تھے''۔ غرض مرزا صاحب اپنا مطلب منوانے کے ایسے متوالے تھے کہ خود ہی اپنی تردید کر جاتے ہیں اور موجودہ وقت کا راگ خواہ مخواہ الاپ دیتے ہیں' چاہے وہ کیسا ہی نامعقول ہو۔ کوئی پوچھے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی آپ کی طرح کئی رنگ بدلتے تھے۔ ''بگوا'' رنگ تو آپ نے دیکھ لیا مگر یہ نہ سمجھے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بدھ کا اوتار کس طرح ہو سکتے ہیں۔ جبکہ بنی اسرائیلی نبی تھے اور تمام بنی اسرائیلی نبی تناسخ کے منکر اور قیامت کے قائل تھے۔ اور گوتم بدھ دوسرے اہل ہنود کی طرح تناسخ کے معتقد اور قیامت کے منکر تھے۔ اگر بفرض محال تسلیم بھی کرلیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بگوا میتا بدھ تھے، تو پھر مرزا صاحب کا یہ لکھنا غلط ہوتا ہے کہ ''یسا'' یسوع کا مخفف ہے۔ ''میتا بدھ'' اور یسوع میں کچھ لگاؤ لفظی و معنوی نہیں۔

دوم: حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب تک بدھ مت کے پیرو نہ ہوں تب تک ان کو بدھ کا شاگرد ہرگز قبول نہیں کیا جا سکتا۔ اور اگر مسیح علیہ السلام کو بدھ کا پیرو کہیں تو انکی نبوت و رسالت جاتی ہے' کیونکہ اسرائیلی نبیوں میں کوئی نبی ایسا نہیں گذرا کہ تناسخ کا معتقد ہو۔ اور گوتم بدھ کی تعلیم تناسخ کی ہے۔ (دیکھو کتاب اواگون وچار، ص ۷) ''کرم کے مارے جنم بار بار لینا پڑتا ہے، جو جیو

آتما کہلاتا ہے، سو کوش زخرانہ میں نہیں، کنتو پانچ سکندھوں میں رہتا ہے، انکے یہ نام ہیں: (۱) روپ (۲) ویدھ (۳) سنگیا (۴) سنسکار (۵) وگیاپن مرتیو کے سمہ یہ سب سکندہ نشٹ ہو جاتے ہیں"......(الخ)۔

دوسرا حوالہ کہ بدھ کی تعلیم تناسخ کی تھی۔ لیتھبرج صاحب مختصر تاریخ ہند کے صفحہ ۳۱ پر لکھتے ہیں کہ "بدھ کی تعلیم کے بموجب انسان نفسانی شہوتوں اور زحمتوں اور آتما کے دائمی اواگون یعنی تناسخ سے اسی طرح نجات پا سکتا ہے"۔

تیسرا حوالہ ڈاکٹر ڈبلیو پنسٹر صاحب مختصر تاریخ ہند کے صفحہ ۱۰۹ پر لکھتے ہیں: "اس نے یعنی بدھ نے تعلیم کی کہ انسان کی موجودہ اور گذشتہ اور آئندہ جنموں کی کیفیت مخفی نہیں کے اعمال کا نتیجہ ہے۔ راحت اور رنج میں جو اس دنیا میں لاحق یعنی حاصل ہوتے ہیں ان کو ہمارے گذشتہ جنم کے اعمال کا نتیجہ لازمی تصور کرنا چاہیے اور اس جنم کے اعمال پر ہمارے آئندہ جنم کی راحت و رنج منحصر ہوگی۔ جب کوئی ذی حیات فوت ہوتا ہے تو اپنے اعمال کے موافق ادنیٰ یا اعلیٰ حالت آئندہ میں پھر جنم لیتا ہے"......(الخ)۔

پس جب مہاتما بدھ کی تعلیم تناسخ کی ہے تو پھر کس قدر غضب ہے کہ ایک اولو العزم رسول، صاحب کتاب کو بدھ کا اوتار و شاگرد تسلیم کیا جائے اور اسکی کتاب انجیل جسمیں قیامت کا اقبال اور اعتقاد ہے اور قرآن شریف اس کا مصداق ہے، اسکو پس پشت صرف اس واسطے ڈالا جائے کہ مسیح علیہ السلام کی قبر کشمیر میں ثابت ہو جائے، چاہے مسیح علیہ السلام کی نبوت و رسالت خاک میں مل جائے (معاذ اللہ)۔ ایک صاحبِ کتاب رسول کی کس قدر ہتک ہے کہ وہ ایک ہندو کا پیرو و شاگرد مانا جائے اور وہ بھی غلط۔ کیونکہ ایک ہزار برس بعد بدھ کے اس کا ظہور ہونا لازمی تھا اور مسیح کا ظہور بدھ کے بعد ۶۳۰ برس ہوا۔ کوئی مرزائی اپنے

مرشد کی حمایت کرے اور ثابت کرے کہ مسیح کا ظہور بدھ سے ہزار برس بعد ہوا۔ اور اگر وہ ایسا نہ کر سکے اور نہ مرزا صاحب کسی تاریخ سے اپنی دروغ بافی کا پتہ دے سکے، تو مرزا صاحب کی اس دروغ بیانی پر صادر ہوگا۔ اور دروغ گو کا دامن چھوڑنا ہوگا۔ مرزائی یا مرزا جی کب تک جھوٹ کو سچ ثابت کرنے کی کوشش کریں گے، آخر جھوٹ کھل جاتا ہے۔

دلیل (۹)...... ایک اور قوی دلیل اس پر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے عیسیٰ اور اس کی ماں کو ایک ایسے ٹیلے پر پناہ دی جو آرام کی جگہ تھی۔

(دیکھو ضمیمہ براہین احمدیہ، جلد پنجم ص ۲۲۸۔۲۲۹، مصنفہ مرزا صاحب)

الجواب:...... مرزا صاحب کا قاعدہ تھا کہ اپنے مطلب کے واسطے طبع زاد باتیں بلا دلیل و بلا ثبوت لکھ دیتے۔ اور اپنے مریدوں پر ان کو اعتبار تھا کہ وہ انکی ہر ایک بات کو بلا غور قبول کرلیں گے۔ اور یہ سچ بھی ہے کہ مرزا صاحب کے مرید مرزا کی تحریر کو قرآن و حدیث پر ترجیح دیتے ہیں۔ اس آیت کے معنی کرنے اور تشریح کرنے میں بھی مرزا جی نے منگھڑت باتیں درج کردی ہیں۔ اور یہ اس واسطے انہوں نے لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ کو کشمیر میں داخل کر کے اسی جگہ ان کی قبریں ثابت کریں۔ اس واسطے انہوں نے اس آیت کے معنی کرنے میں تحریف معنوی کی ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ پہلے قرآن شریف کی آیت لکھی جائے اور اس کے بعد انجیل جس کا قرآن مصدق ہے لکھی جائے، کیونکہ قرآن شریف انبیاء کرام کے قصے بیان کرنے میں بہت اختصار سے کام فرماتا ہے اور ساتھ ہی ہدایت کرتا ہے: ﴿فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ یعنی "تمام قصہ جو تم کو معلوم نہیں وہ اہل کتاب سے دریافت کرو"۔ قرآن شریف میں صرف تھوڑے لفظوں میں اشارۃً سابقہ کتابوں کی تصدیق ہے۔ پس جب کوئی مضمون پہلے انجیل میں ہو اور پھر

قرآن شریف اس کی تصدیق کردے تو پھر کسی مومن کتاب اللہ کا حوصلہ نہیں کہ خدا تعالیٰ کے فرمودہ کے مقابل اپنے منگھڑت ڈھکوسلے لگائے اور مسلمانوں کو گمراہ کرے اور خود گمراہ ہو۔

''انجیل متی'' باب۲، آیت ۱۳ میں لکھا ہے: ''جب وہ روانہ ہوئے تو دیکھو خداوند کے فرشتے نے یوسف کو خواب میں دکھائی دے کے کہا اٹھ! اس لڑکے اور اس کی ماں کو ساتھ لے کر مصر کو بھاگ جا اور وہاں رہو۔ جب تک میں تجھے خبر نہ دوں''۔ پھر آیت ۱۹: ''جب ہیرودیس مرگیا تو دیکھو خداوند کے فرشتے نے مصر میں یوسف کو خواب میں دکھائی دے کے کہا کہ اٹھ اس لڑکے اور اس کی ماں کو ساتھ لے کر اسرائیل کے ملک میں جا، کیونکہ جو اس لڑکے کی جان کے خواہاں تھے مرگئے۔ تب وہ اٹھا اور اس لڑکے اور اسکی ماں کو ساتھ لے کے اسرائیل کے ملک میں آیا، مگر جب سنا کہ ''ارخیلاس'' اپنے باپ ہیرودیس کی جگہ یہودیہ میں بادشاہت کرتا ہے تو وہاں جانے سے ڈرا اور خواب میں آگاہی پاکر گلیل کی طرف روانہ ہوا۔ اور ایک شہر میں جس کا نام ''ناصرت'' تھا، جا کے رہا کہ وہ جو نبیوں نے کہا تھا پورا ہو' کہ وہ ناصری کہلائے گا۔'' (آیت ۲۳ تک)

انجیل کی اس عبارت کی تصدیق قرآن شریف نے اس آیت میں کی جس کے معنی مرزا جی غلط کرتے ہیں، آیت یہ ہے: ﴿وَ جَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّ اٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِيْنٍ﴾ ترجمہ: اور کیا ہم نے مسیح ابن مریم کو اور اس ماں کو نشانی اور پناہ دی ہم نے ان دونوں کو طرف ایک ٹیلے کی جو آرام کی جگہ تھی''۔

ا...... شاہ عبدالقادر محدث دہلوی لکھتے ہیں کہ ''جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے اس وقت کے بادشاہ نے نجومیوں سے سنا کہ اسرائیل کا بادشاہ پیدا ہوا، وہ دشمن ہوا، اور اس کی تلاش میں پھرا۔ ان کو بشارت ہوئی کہ اس ملک سے نکل جاؤ، وہ نکل کر ملک مصر میں گئے۔

ایک گاؤں کے زمیندار نے مریم کو بیٹی کر کے رکھا۔ جب عیسیٰ علیہ السلام جوان ہوئے تو اس ملک کا بادشاہ مر چکا تھا' تب پھر آئے اپنے وطن کو۔ وہ گاؤں تھا ٹیلے پر اور پانی وہاں خوب تھا''۔ (دیکھو قرآن شریف، مطبوعہ کریمی بمبئی حاشیہ ص ۴۷۵)

۲...... حافظ ڈپٹی نذیر احمد صاحب اسی آیت کا ترجمہ کر کے حاشیہ پر لکھتے ہیں: ''جس طرح کا واقعہ فرعون کے ساتھ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پیش آیا تھا کہ ان کے پیدا ہونے کی خبر پہلے سے فرعون کو مل گئی تھی۔ اسی طرح کا اتفاق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھی پیش آیا تھا کہ ان کے پیدا ہونے سے پہلے نجومیوں نے ''ہیرودیس'' حاکم کو بتادیا تھا کہ بنی اسرائیل کا بادشاہ پیدا ہونے والا ہے، چنانچہ ہیرودیس کے خوف سے حضرت مریم کے چچازاد بھائی ''یوسف نجار'' ماں بیٹوں کو مصر کے علاقے کے ایک گاؤں ''رملہ'' میں جو کنار رودنیل پر آباد تھا' لے آئے تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی یہیں پر تھے۔ ''ہیرودیس'' مر گیا تو یہ اپنے وطن کو واپس گئے اور اپنی پیغمبری کا اعلان کیا۔ شاید اسی واقعہ کی طرف اس آیت میں مجملاً اشارہ ہو''۔ (صفحہ ۴۵۱ تقطیع خورد)

۳...... تفسیر کشاف میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ یہ ''ربوہ'' موضع رملہ کی طرف ہے جو کہ قرآن کی اس آیت میں مذکور ہے۔

۴...... تفسیر حسینی میں لکھا ہے: "وجادادیم ماما در وپسر را وقتیکه از یهود فرار گرفته وباز آوردیم بسوئے ربوه یعنی بلندی از زمین بیت المقدس یا دمشق یا رمله قسطنطین یا مصر"۔ یعنی ''جگہ دی ہم نے ماں اور بیٹے کو جب کہ وہ یہودیوں کے خوف سے بھاگے تھے اور لوٹا لائے ہم ان کو ''ربوہ'' کی طرف اور وہ یا تو زمین بیت المقدس یا دمشق یا رملہ قسطنطین یا مصر ہے''۔

(ص۸۳ جلد دوم تفسیر حسینی مطبوعہ نولکشور)

۵...... تفسیر خازن جلد۳، مطبوعہ مصر، صفحہ ۳۰۶ ﴿وَاٰوَیْنٰھُمَآ اِلٰی رَبْوَۃٍ﴾ ای مکان مرتفع قیل هی دمشق. وقیل هی رملة وقیل ارض فلسطین. وقال ابن عباس رضی اللہ عنہ هی بیت المقدس. قال کعب رضی اللہ عنہ بیت المقدس اقرب الارض الی السماء بثمانیة عشر میلا. وقیل هی مصر. یعنی ”ربوہ سے مراد مکان مرتفع ہے۔ بعض نے اس سے مراد دمشق، بعض نے رملہ، بعض نے فلسطین لی ہے۔ اور کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ اس سے مراد بیت المقدس ہے۔ کہا کعب رضی اللہ عنہ نے بیت المقدس باقی زمین سے ۱۸ر میل آسمان کی طرف نزدیک ہے۔ اور بعض نے ربوہ سے مراد مصر کو لیا ہے“۔

اب ہم مرزا صاحب کے ان دلائل کا رد لکھتے ہیں جن میں وہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ ربوہ سے مراد کشمیر ہے۔

۱...... جن لوگوں نے سرینگر کشمیر کو دیکھا ہے وہ جانتے ہیں کہ شہر سرینگر جہاں 'یوز آصف' کی قبر ہے ”ربوہ“ یعنی ٹیلے پر نہیں۔ راقم الحروف خود چار برس کے قریب شہر سرینگر میں رہا ہے اور خود دیکھا ہے کہ شہر سرینگر صاف زمین ہموار پر آباد ہے۔ ٹیلے پر سرینگر آباد نہیں۔ جو لوگ سرینگر گئے ہیں وہ تصدیق کرینگے کہ ”بارہ مولا“ سے ہموار زمین ہے اور بہت صاف سیدھی سڑک جاتی ہے' جو سرینگر میں داخل ہوتی ہے۔ شہر سرینگر پہاڑ کے اوپر آباد نہیں۔ بلکہ نشیب میں ہے کہ جب دریا زور پر ہوتا ہے تو پانی شہر میں آ جاتا ہے۔ جب سرینگر پہاڑ پر نہیں تو مرزا صاحب کا یہ قیاس غلط ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی ماں کو سرینگر میں پناہ دی گئی' برخلاف اس کے 'ناصر' گاؤں پہاڑ کی چوٹی پر آباد تھا۔ وہاں مسیح علیہ السلام بمعہ

والدہ کے رہے۔

۲.....﴿وَاٰوَیْنٰھُمَا﴾ میں ضمیر تثنیہ کی ہے۔ یعنی دونوں ماں بیٹے کو ہم نے پناہ دی، حالانکہ مرزا صاحب جو قبر بتاتے ہیں وہ ایک ہی ہے۔ اگر واقعہ صلیب کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام بمعہ والدہ کے آتے تو ان کی والدہ کی قبر بھی کشمیر میں ہوتی۔ مگر چونکہ حضرت مریم علیہا السلام کی قبر کشمیر میں نہیں اس واسطے ثابت ہوا کہ ''ربوہ'' سے مراد کشمیر نہیں' کیونکہ خدا تعالیٰ ﴿وَاٰوَیْنٰھُمَا﴾ فرماتا ہے' یعنی دونوں ماں بیٹے کو۔

۳.....مرزا خود اقرار کرتے ہیں کہ دوسری قبر ''سید نصیر الدین'' کی ہے۔ جب حضرت مریم کی قبر کشمیر میں نہیں تو ثابت ہوا کہ مرزا کا استدلال غلط ہے۔

۴.....حضرت مریم صدیقہ کا انتقال ملک شام میں حضرت مسیح علیہ السلام کے واقعہ صلیب کے پہلے ہو چکا تھا۔ (دیکھو نزہۃ المجالس، جلد۲، ص ر۲۱۷) ام عیسیٰ ماتت قبل رفعه (عیسیٰ) الی السماء ''یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ماں اس کے آسمان پر جانے سے پہلے فوت ہو چکی تھی۔'' اور کوہ لبنان پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انکی تجہیز و تکفین و تدفین کی۔ غرض یہ کہ حضرت مریم کی قبر کوہ لبنان پر ہے۔

۵.....تاریخ ''اخبار الدول'' بحاشیہ کامل لابن الاثیر، جلد۱، ص ر۱۶۰ پر بحوالہ تنبیہ الغافلین لکھا ہے'' ان مریم ماتت قبل ان یرفع عیسیٰ و ان عیسیٰ تولی دفنها'' ''یعنی مریم حضرت مسیح علیہ السلام کے مرفوع ہونے سے پہلے فوت ہو گئی تھیں۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انکو بہ نفس نفیس خود دفن کیا۔'' جب واقعہ صلیب رفع سے پہلے حضرت مریم فوت ہو گئی تھیں تو پھر روز روشن کی طرح ثابت ہوا کہ ''ربوہ'' سے مراد سرینگر کشمیر ہرگز نہیں، کیونکہ قرآن تو فرماتا ہے کہ ''دونوں ماں بیٹا کو ربوہ پر پناہ دی۔'' فوت شدہ والدہ عیسیٰ کس طرح

عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کشمیر جا سکتی تھی۔ پس (نعوذ باللہ) یا تو قرآن غلط ہے (جو ہرگز غلط نہیں) جس میں ﴿وَاٰوَیْنٰھُمَا﴾ فرمایا گیا ہے۔ یا مرزا غلطی پر ہیں (یقیناً ہیں) کہ ''ربوہ'' سے سرینگر مراد لیتے ہیں۔ مگر قرآن شریف تو ہرگز جھوٹا نہیں ہوسکتا۔ البتہ مرزا صاحب ہی جھوٹے ہیں کہ اپنے مطلب کیواسطے جھوٹ بولتے ہیں۔

۶...... حضرت وہب بن منبہ اپنے دادا ادریس سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بعض کتب میں دیکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ حضرت مریم نے کوہ لبنان پر وفات پائی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان کو وہیں دفن کیا۔

(قرۃ الواعظین اردو ترجمہ درۃ الناصحین، جلد۲، ص۵۸ تا۶۱)

اس سے بھی ثابت ہوا کہ حضرت مریم بعد واقعہ صلیب، جیسا کہ مرزا کہتے ہیں سرینگر کشمیر نہیں آئیں اور قرآن میں دونوں ماں بیٹے کا آنا ''ربوہ'' پر مذکور ہے تو ثابت ہوا کہ ''ربوہ'' سے مراد وہی گاؤں ''ناصرہ'' ہے جہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور انکی والدہ نے پناہ لی۔

۷...... مرزا جی کا یہ لکھنا کہ صلیب سے پہلے عیسیٰ اور اس کی والدہ پر کوئی زمانہ مصیبت کا نہیں گذرا جس سے پناہ دی جاتی' بالکل غلط ہے۔ (دیکھو ریویو جلد ا نمبر ۱۱، ۱۲، ص ۴۲۸)

جب ایک لڑکا بغیر باپ پیدا ہوا تو اسکی والدہ اور اس پر کس قدر مصیبت آئی کہ والدہ کو یہودیوں نے زنا کی تہمت لگائی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر یہ مصیبت تھی کہ اس کو (نعوذ باللہ) یہودی ولد الزنا کہتے تھے۔ دوسری مصیبت دونوں ماں بیٹے پر یہ آئی تھی کہ حاکم وقت ان کے قتل کے درپے ہوا، کیونکہ وہ مسیح علیہ السلام کو اپنا اور اپنی سلطنت کا دشمن سمجھتا تھا، جس کے خوف سے دونوں بھاگے۔ مرزا کی عقل اور فلاسفی دیکھیئے کہ جب قاتل مسیح

علیہ السلام کے در پے تھے اور اسے قتل کرنا چاہتے تھے اور وہ ماں بیٹا جان کے خوف سے مارے مارے دربدر، گاؤں بگاؤں، شہر بشہر خوار و بے خانماں پھرتے تھے اور ہر وقت خوف تھا کہ پکڑے گئے تو مارے جاوینگے' مرزاجی کے نزدیک وہ مصیبت کا زمانہ ہی نہ تھا۔ اور جب بقول مرزا خدا کے فضل سے صلیب سے نجات پا کر نکلے تو یہ مصیبت کا زمانہ تھا۔ افسوس! سچ ہے غرض آدمی کی عقل تیرہ کر دیتی ہے۔ اول تو نجات صلیب سے کیونکر ہوئی۔ آیا قصور معاف کیا گیا یا چوری بھاگے؟ دونوں صورتیں محال و غیر ممکن ہیں۔ الزام و قصور اس قدر سنگین تھا کہ معاف ہو ہی نہیں سکتا تھا' کیونکہ سلطنت کا باغی تھا۔ چوری اس واسطے نہیں نکل سکتا تھا کہ تمام یہودی دشمن تھے، قبر پر پہرا تھا اور خود مسیح علیہ السلام بقول مرزا صلیب کے زخموں اور کوڑے پٹنے کے ضربوں سے اس قدر بے ہوش اور کمزور تھا کہ بقول مرزاجی وہ مردہ سمجھا گیا اور دفن کیا گیا۔ پس ایسے کمزور اور بیہوش شخص کا دفن ہونا اور پھر تین دن کے بعد جی اٹھنا اور چوری بھاگنا کہ کشمیر آ نکلا ایسا ہی محال ہے جیسا کہ مرزا کا مسیح موعود اور کرشن ہونا محال ہے۔ پس یہ ڈھکوسلا بالکل غلط ہے کہ "ربوہ" سے مراد کشمیر ہے اور "یوز آصف" والی قبر مسیح علیہ السلام کی قبر ہے۔

دلیل (۱۰)...... دسویں دلیل مرزاجی کی اپنی تحقیقات ہے کہ انہوں نے اپنے ایک مرید مولوی عبداللہ کو سرینگر میں خط لکھا کہ تم کوشش کر کے دریافت کرو کہ محلہ خانیار میں کس کی قبر ہے؟ اس کے جواب میں مولوی عبداللہ نے جواب لکھا کہ محلہ خانیار میں جو قبر ہے وہ مسیح کی معلوم ہوتی ہے۔

الجواب: پہلے مولوی عبداللہ کے خط کی نقل درج ذیل کی جاتی ہے تاکہ معلوم ہو جائے کہ محلہ خانیار میں جو قبر ہے وہ مسیح علیہ السلام کی نہیں۔ وھو ھذا

از جانب خاکسار عبداللہ ۔ بخدمت حضور مسیح موعود۔السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ :

حضرت اقدس اس خاکسار نے حسب الحکم (مرزا صاحب) سرینگر میں عین موقعہ پر روضہ مزار شریف شاہزادہ **یوز آصف** نبی اللہ علیہ الصلوۃ والسلام پر پہنچ کر جہاں تک ممکن تھا بکوشش تحقیقات کی۔اور معمر وسن رسیدہ بزرگوں سے بھی دریافت کیا اور مجاورں اور گردو جوار کے لوگوں سے بھی ہر ایک پہلو سے استفسار کرتا رہا۔جنابِ من! عندالتحقیقات مجھے معلوم ہوا ہے کہ یہ مزار درحقیقت جناب یوز آصف علیہ السلام نبی اللہ کا ہے۔اور مسلمانوں کے محلہ میں یہ مزار واقع ہے کسی ہندو کی وہاں سکونت نہیں اور نہ اس جگہ ہندوؤں کا کوئی مدفن ہے۔ اور معتبر لوگوں کی شہادت سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ قریباً ۱۹؍سو برس سے یہ مزار ہے......(الخ)۔ (دیکھو ص۵؍،راز حقیقت،مصنفہ مرزا صاحب)

سبحان اللہ! خدا تعالیٰ نے مرزا کی تردید ان کے مرید سے کرادی کہ یہ قبر شاہزادہ یوز آصف کی ہے، نہ کہ مسیح کی۔۱۹؍سو برس سے یہ مزار ہے جس سے ثابت ہوا کہ یہ مزار حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہرگز نہیں۔کیونکہ مرزا اپنی تصانیف میں ضرورت سے زیادہ لکھ چکے ہیں کہ مسیح علیہ السلام کی عمر ایک سو بیس برس کی ہوئی۔اور بعض جگہ لکھا ہے کہ ایک سو ترپن (۱۵۳) برس کی ہوئی تھی۔جب مسیح کی عمر (۱۵۳) برس ۱۹؍سو برس سے نکال دیں تو ثابت ہوگا کہ یہ قبر یوز آصف والی ۱۷۴۷؍برس سے ہے۔مگر چونکہ بقول مولوی عبداللہ مذکور مرید کی شہادت سے ثابت ہے کہ یہ قبر ۱۹ سو برس سے ہے تو ثابت ہوا کہ یہ قبر حضرت مسیح علیہ السلام کے پیدا ہونے سے ۱۵۳؍برس پہلے سے تھی۔جب ولادت مسیح علیہ السلام سے پہلے یہ قبر تھی،تو ثابت ہوا کہ یہ قبر مسیح علیہ السلام کی نہ تھی۔کیونکہ مرزا خود اپنی کتاب ”تذکرۃ الشہادتین“ کے صفحہ ۲۷ پر قبول کر چکا ہے کہ مسیح کی کل عمر ۱۵۳؍برس تھی۔اور ”راز حقیقت

''کے ص ۲/ پر ۱۲۰/ برس عمر مسیح قبول کرتا ہے۔ بہر حال یہ ثابت ہوا کہ یہ قبر مسیح علیہ السلام کی نہیں ۔کیونکہ ایک مرزائی کی تحقیق سے بھی ثابت ہے کہ یہ قبر اس وقت کی ہے جبکہ مسیح علیہ السلام پیدا بھی نہ ہوئے تھے' یعنی ۱۹/ سو برس سے۔ علاوہ بر آں ہم ذیل میں یوز آصف کی صفات وخصوصیات لکھتے ہیں۔ جن سے روز روشن کی طرح ثابت ہے کہ یوز آصف اور مسیح کے حالات بالکل ایک دوسرے کے برخلاف ہیں، جن سے ثابت ہے کہ مسیح ویوز آصف الگ الگ وجود تھے۔ اور یہ بالکل غلط ہے کہ یوز آصف والی قبر مسیح علیہ السلام کی قبر ہے۔

اول: یوز آصف باپ کے نطفہ سے پیدا ہوا۔ اور اسکے باپ کا نام ''راجہ جنسیر والئی سلابت'' ملک ہندوستان کا رہنے والا تھا۔ اس کے برخلاف حضرت مسیح علیہ السلام خاص کرشمۂ قدرت سے بطور معجزہ حضرت مریم کنواری کے پیٹ سے بغیر باپ پیدا ہوئے۔ جو ملک شام کی رہنے والی تھی۔ اور مسیح کا کوئی باپ نہ تھا۔

دوم: یوز آصف شاہزادہ کے لقب سے ملقب تھا۔ اس کے برخلاف مسیح علیہ السلام کو کبھی کسی نے شاہزادہ نبی نہیں کہا اور نہ مسیح کی کسی انجیل میں درج ہے کہ وہ شاہزادہ نبی تھے۔

سوم: یوز آصف کا باپ بت پرست ومشرک تھا' اس کے برخلاف حضرت مسیح علیہ السلام کی والدہ عابدہ، زاہدہ، موحدہ، یروشلم کی مجاورہ تھیں اور نبی اللہ حضرت زکریا علیہ السلام کی زیر نگرانی انہوں نے پرورش پائی۔

چھارم: یوز آصف کا استاد حکیم بلوہر تھا جو جزیرہ سراندیپ سے آیا تھا (دیکھو کمال الدین ص ر ۳۳۵) اس کے برخلاف حضرت مسیح علیہ السلام کو خدا تعالیٰ نے لدنی طور پر کتاب وحکمت سکھا دی تھی' جیسا کہ قرآن مجید سے ثابت ہے ﴿وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ﴾ (سورہ ال عمران)

پنجم: یوز آصف کو پیغمبری اور رسالت جوانی کی عمر میں عطا ہوئی۔ اس کے برخلاف

حضرت مسیح علیہ السلام ماں کی گود میں ہی خلعت رسالت سے ممتاز تھے۔ جیسا کہ قرآن شریف سے ثابت ہے۔ ﴿وَرَسُوۡلًا اِلٰی بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ﴾ (سورۃ آل عمران)

ششم: یوز آصف ملک شام میں ہرگز نہیں گئے اور نہ واقعہ صلیب ان کو پیش آیا۔ اس کے برخلاف حضرت مسیح علیہ السلام کو بقول روسی سیاح اور مرزا کے ملک شام میں واقعہ صلیب پیش آیا۔

ہفتم: یوز آصف کی والدہ کا نام مریم نہ تھا۔ اس کے برخلاف حضرت مسیح علیہ السلام کی والدہ کا نام مریم تھا۔

ہشتم: اگر عیسیٰ علیہ السلام کا صحیح نام بدل کر یوز آصف ہو گیا تھا تو قرآن میں یوز آصف آتا جو صحیح نام تھا، نہ کہ عیسیٰ بن مریم' کیونکہ خدا غلطی نہیں کرتا۔

نہم: یوز آصف دوسرے ملکوں کی سیر کرتا ہوا بعد میں سلابت (سولابط) میں واپس آیا اور بعد میں کشمیر گیا اور وہاں فوت ہو کر مدفون ہوا۔ برخلاف اس کے مسیح علیہ السلام سیر ہندوستان کے بعد ملک شام میں واپس گیا اور وہاں پھانسی دیا گیا اور وہیں اسکی قبر ہے۔ بموجب تحریر روسی سیاح کے جسکے سہارے مرزا مسیح کی قبر کشمیر میں افتراء کرتا ہے۔

دہم: یوز آصف کی شادی ہوئی اور اسکے گھر ایک لڑکا بھی پیدا ہوا جس کا نام ''سامل'' تھا۔ اور بعد راجہ سمت کے وہ ولایت سولابط کا حکمران ہوا۔ اس کے برخلاف مسیح کی نہ تو شادی ہوئی اور نہ ہی کوئی لڑکا پیدا ہوا۔ اور نہ کسی ولایت کا حکمران ہوا۔ بلکہ حدیثوں سے ثابت ہے کہ مسیح علیہ السلام کا جب رفع ہوا تو اس وقت اس کی شادی نہ ہوئی تھی۔

اب ہم ذیل میں وہ مرزائی دلائل نمبروار لکھتے ہیں جن میں مرزا نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ''یوز آصف'' اور ''یسوع'' ایک ہی شخص تھا۔

دلیل(۱) مرزا: ''یسوع'' کے لفظ کی صورت بگڑ کر یوز آصف بننا قرین قیاس ہے۔ کیونکہ جبکہ ''یسوع'' کے لفظ کو انگریزی میں بھی ''جیزس'' بنالیا ہے تو یوز آصف میں جیزس سے کچھ زیادہ تغیر نہیں (دیکھو راز حقیقت کا حاشیہ مندرجہ ص ۱۵) و ''براہین احمدیہ'' حصہ پنجم، ص ۲۲۸ و ''تحفہ گولڑویہ'' کے صفحہ ۱۴ پر لکھتا ہے: ''فی الواقع صاحب قبر حضرت عیسیٰ ہی ہیں جو یوز آصف کے نام سے مشہور ہے۔ ''یوز'' کا لفظ یسوع کا بگڑا ہوا ہے یا اس کا مخفف ہے۔ اور آصف حضرت مسیح کا نام تھا۔ جیسا کہ انجیل سے ظاہر ہوتا ہے۔ جس کے معنی ہیں ''یہودیوں کے متفرق فرقوں کو تلاش کرنے والا یا اکھٹے کرنے والا''...... (الخ)

الجواب: مرزا کی کمزوری تو انکی عبارت سے ظاہر ہے کہ اس کے پاس کوئی تحریری تاریخی ثبوت نہیں، صرف اپنا قیاس ہے، جو کہ مقبول نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ مرزا اپنے مطلب کے واسطے غلط قیاس کرتا ہے۔ دیکھو مرزا کے فقرے۔ ''یسوع'' کی صورت بگڑ کر یوز آصف بننا قرین قیاس ہے۔

ناظرین! انصاف فرمادیں کہ ہم نے کتاب'' اکمال الدین'' اور کتاب'' حالات یوز آصف'' سے ثابت کردیا ہے، کہ یوز آصف شاہزادہ نبی کی یہ قبر ہے۔ اور مرزا تاریخی ثبوت کے مقابل اپنا قیاس لڑاتا ہے، جو کہ اپنے مطلب کے واسطے ہے اور غلط ہے۔ کیونکہ نام کے لفظ کی صورت دو ہی وجوہات سے بگاڑی جاتی ہے، ایک وجہ تو محبت ہوتی ہے کہ والدین محبت کی وجہ سے پیار کے طریق پر نام کو بگاڑتے ہیں۔ جیسا کہ نورالدین کو نورا، احمد بخش کو احمد، جلال دین کو جلو، پیر بخش کو پیرا کہتے ہیں۔ دوسری وجہ تحقیر اور ہتک ہے۔ جیسے شمس الدین کو سمو، قطب الدین کو قطبا، نظام الملک کو جامو، الہ بخش کو بسو۔ وغیرہ وغیرہ۔

دونوں طریق میں اصل الفاظ کم کردیئے جاتے ہیں اور اختصار کرلیا جاتا ہے، یہ

کبھی نہیں ہوا کہ نام غلام احمد' تو اس کو بگاڑ کر گھسیٹا کہہ دے۔ اسی طرح اول تو یوز آصف کے نام کا بگڑنا غلط قیاس ہے، کیونکہ اہل کشمیر کو محبت اور رحم کا تو موقعہ نہ ملا تھا کہ وہ بچپن میں یوز آصف کا نام ازروئے محبت پدرانہ بگاڑتے، کیونکہ یوز آصف بڑی عمر میں جبکہ رسالت وپیغمبری کی نعمت سے سرفراز ہوئے تھے، اس وقت کشمیر میں تشریف لے گئے تھے اور یہ سنت اللہ ہے کہ پیغمبری اکثر چالیس برس کی عمر میں عطا ہوا کرتی ہے۔ پس ازروئے محبت کے تو یوز آصف کے نام کا بگڑنا ممکن نہ تھا۔ دوسری وجہ کہ ازروئے تحقیر یوز آصف کے نام کو بگاڑا گیا ہو۔ یہ قیاس بھی غلط ہے کہ کوئی شخص ایک بزرگ کا پیرو ہو کر اس کا نام بگاڑ کر مشہور کرے۔ کیا کوئی نظیر ہے کہ کسی پیغمبر کی امت نے اسکو نبی تسلیم کر کے اس کے نام کو بگاڑا ہو؟ ہرگز نہیں۔ ہاں یہ کہا جاسکتا ہے کہ دشمنوں نے نام بگاڑ دیا ہو۔ مگر اسکی تردید بھی موجود ہے کہ اول تو شاہزادہ نبی مشہور ہے۔ اگر کشمیری ازروئے عداوت یوز آصف کے نام کو بگاڑتے تو اس کا اختصار کرتے۔ جیسا کہ نبی بخش کا ''نبو'' اور کریم بخش کا ''کموں'' وغیرہ بگاڑتے ہیں۔ یہ کبھی نہیں ہوا کہ نام بگاڑنے کے وقت اس نام کے حروف اور الفاظ زیادہ کئے جائیں۔ یسوع کو بگاڑ کر یوز آصف ہرگز کوئی نہیں پکارتا۔ اول تو یسوع نام ہی ایسا ہے کہ اسکا بگاڑ ہو نہیں سکتا۔ اگر ہوتا بھی تو کوئی حرف کم کر کے ہوسکتا۔ یسوع کا یوس کہتے جیسا کہ کشمیریوں نے کاشومیر کو بگاڑ کر کشمیر بنالیا۔ رسول جو کو ''رسلا'' اور خضر جو کو ''خضرا'' کہتے ہیں۔ ایسا ہی یسوع کا ''یس'' بناتے۔ یہ ہرگز نہیں ہوسکتا کہ یسوع کو بگاڑ کر یوز آصف بنا دیتے۔ اگر یوز الگ کر دیں اور آصف الگ کر دیں تو پھر بھی بات نہیں بنتی۔ آصف اگر عربی لفظ ہے تو اس کے معنی ہیں اندوہگین شدن، افسوسناک، ۔ سریع البکار، رقیق القلب۔ دیکھو لسان العرب، قاموس، مجمع البحار، منتہی الارب، صراح منتخب اللغات۔ ''یوز'' کے معنی

ترکی زبان میں ایک سو کے لکھے ہیں۔ (دیکھو غیاث اللغات) فارسی میں یوز چیتے کو کہتے ہیں۔

الغرض مرزا نے بمصداق۔ ع

چوں نہ دیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

جب مرزا کو باوجود دعوائے الہام، مکالمہ ومخاطبہ الٰہیہ کی حقیقت معلوم نہ ہوئی تو افسانہ سازی کا رستہ بذریعہ قیاس اختیار کیا۔ مگر افسوس کہ مطلب پھر بھی حاصل نہ ہوا۔ ''یوز'' الگ کریں اوراس کے معنی الگ چیتے یا ایک سو کے کریں۔ اور آصف کے معنی الگ کریں غمناک، اندوہ گین، وغیرہ۔ تو نتیجہ یہ ہوسکتا ہے کہ ایک سو روپیہ دے کر یا چیتے کے مرجانے سے غمگین اور اندوہ ناک ہوا۔''

مرزا کے اس توڑ مروڑ اور الہامی تک بندی پر ایک جاہل ملاں کی حکایت یاد آئی ہے جو کہ ناظرین کی ضیافت طبع کے واسطے لکھی جاتی ہے۔

حکایت: ایک مُلاں صاحب اپنے ایک شاگرد کو کتاب پڑھا رہے تھے۔ سبق میں ''گوئے بلاغت ربود'' آیا تو میاں صاحب نے کہا کہ گوئے کے معنی گیند کے ہیں اور بلا کے معنی بلا کے ہیں یعنی مصیبت وسختی ووبال کا آنا۔ اور ''غت ربود'' ایک لغت ہے۔ لغت کی کتاب لاؤ تا کہ غت ربود کے معنی دیکھے جائیں۔ تمام لغت کو دیکھا مگر غت ربود نہ پایا۔ اسی طرح مرزا نے یوز کو الگ کردیا اور آصف کو الگ کردیا تا کہ غت ربود کیطرح یوز آصف کو یسوع بنادیں۔ مگر یہ نہ سمجھے کہ یہ تو تاریخی واقعہ ہے اسکی تصدیق یا تردید تاریخ سے ہی ہوسکتی ہے' اپنے قیاس سے ہرگز نہیں ہوسکتی۔ کسی تاریخ کی کتاب سے دکھادیں کہ یوز آصف والی قبر مسیح علیہ السلام کی قبر ہے، ورنہ منگھڑت ڈھکوسلے تو ہر ایک لگا سکتا ہے۔

لاہور میں ''بدھو کا آوا'' مشہور ہے اسکو ''یسوع کا آوا'' بنا سکتے ہیں اور کہہ سکتے

ہیں کہ مسیح اسی ٹیلے پر آیا اور یہ قبرستان اسکے حواریوں کا ہے۔

دلیل(۲) مرزا: کشمیر کی پرانی کتابوں میں لکھا ہے کہ یہ ایک نبی شاہزادہ ہے جو بلاد شام کی طرف سے آیا تھا، جسکو قریباً انیس سو برس آئے ہوئے گذر گئے۔ اور ساتھ اسکے بعض شاگرد تھے اور وہ کوہ سلیمان پر عبادت کرتا رہا۔ الخ۔ (تحفہ گولڑویہ ص ۱۴۲)

علاوہ ازیں سرینگر اور اسکے نواح کے کئی لاکھ آدمی ہر ایک فرقے کے بالاتفاق گواہی دیتے ہیں کہ صاحب قبر عرصہ ۱۹ سو سال کا ہوا ہے کہ ملک شام کی طرف سے اس ملک میں آیا تھا۔ (ریویو، جلد ۱، نمبر ۱۰، ص ۴۱۹)

الجواب: اگر مرزا کو خود سرینگر کشمیر جانے کا موقع نہیں ملا تھا تو اسکی ثقاہت سے بعید تھا کہ وہ ایسی بے بنیاد باتیں اپنی تصانیف میں درج کرتے۔ اس پہاڑ کو میں نے بچشم خود دیکھا ہے۔ اور اوپر جا کر مندر کو بھی دیکھا ہے جو کہ اب تک موجود ہے۔ یہ بالکل غلط ہے کہ یہ ایک ''شاہزادہ نبی'' کی عبادت گاہ ہے۔ اصل میں یہ مندر اہل ہنود کا ہے اور اسکے اندر ایک بیضوی شکل کا پتھر کھڑا کیا ہوا ہے۔ اور اس مندر کے ستونوں پر بہت پرانی زبان میں جو سنسکرت کے مشابہ ہے کچھ لکھا ہوا ہے جو کہ پڑھا نہیں جاتا۔ اس مندر کا نام زمانہ قدیم میں ''شنکرا چارج'' تھا۔ جب ۷۴۳ھ میں سلطان شمس الدین نے کشمیر فتح کیا تو اس مندر کا نام بھی تخت سلیمان رکھ دیا۔ اور کشمیری اسکو ''سلیمان ٹنگ'' بولتے ہیں۔ چنانچہ اس تبدیلی نام کے نظائر بہت ہیں۔ پراگ راج کا نام الہ آباد تبدیل ہوا۔ رام نگر کا نام ''رسول نگر'' رکھا گیا۔ اسی طرح شنکر چارج کا نام ''تخت سلیمان'' یا ''کوہ سلیمان'' سے مشہور ہوا۔ افسوس! مرزا نے دعویٰ تو کر دیا کہ پرانی تاریخوں میں لکھا ہے، مگر کسی تاریخ کی کتاب کا نام تک نہ لیا۔ اب انکے مریدوں میں سے کوئی مرزائی اس پرانی تاریخ کا نام بتا کر مرزا کو سچا ثابت

کرے۔ جسمیں لکھا ہو کہ یہ شہزادہ نبی بلاد شام سے آیا تھا تو آج ہی فیصلہ ہوتا ہے۔ مگر جھوٹ کبھی چھپا نہیں رہتا۔ پہلے لکھ چکے ہیں کہ ۱۹ر سو برس سے یہ قبر ہے۔ اور اب اس جگہ لکھتے ہیں۔ اس نبی کو بلاد شام سے آئے ہوئے ۱۹ر سو برس گذر گئے۔ اب مطلع صاف ہو گیا کہ یہ شہزادہ ۱۹ر سو برس سے آیا ہوا ہے تو اس قبر کا ۱۹ر سو برس سے ہونا غلط ہے۔ اور اگر قبر کا ہونا ۱۹ر سو برس سے درست ہے تو پھر ثابت ہے کہ یہ قبر مسیح علیہ السلام کی ولادت سے عرصہ پہلے کی ہے۔

مرزا ''راز حقیقت'' کے ص ۱۹ر پر قبول کر چکا ہے کہ یہ قبر عرصہ ۱۹ سو برس کے قریب سے محلہ خانیار سرینگر میں ہے' اس لئے ثابت ہوا کہ یہ قبر مسیح علیہ السلام کی ولادت سے پہلے کی ہے جس سے روز روشن کی طرح ثابت ہو گیا کہ یہ قبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ہرگز نہیں۔

تاریخوں سے ثابت ہے کہ گوتم بدھ حضرت مسیح علیہ السلام سے ۶۳۰ برس پہلے ہو گذرا ہے۔ (ثبوت تناسخ، ص ۲۸۵ر)۔ اور یوز آصف تین سو برس بعد گوتم بدھ کے ہوا' تو اس حساب سے یوز آصف تین سو تیس برس پہلے مسیح علیہ السلام سے ہوئے۔ اگر انکی عمر کا عرصہ ۱۲۰ر برس بھی تصور کر لیں جیسا کہ مرزا ''ریویو جلد ۵، ص ۱۸۴ر'' پر لکھتے ہیں۔ تب بھی یہ قبر یوز آصف والی جو کشمیر میں ہے ۲۱۰ر برس مسیح علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے کی ہوئی۔ جس سے اظہر من الشّمس ثابت ہوا کہ یہ بالکل غلط اور منگھڑت فسانہ ہے کہ یہ قبر قریب انیس سو برس سے ہے اور مسیح علیہ السلام کی قبر ہے۔ جب یوز آصف کی سوانح عمری بتا رہی ہے کہ یوز آصف، مسیح علیہ السلام سے تین سو برس پہلے ہوا ہے، کیونکہ ''سوانح عمری یوز آصف'' کے ص ۳۰ر پر صاف صاف لکھا ہے کہ پھون نامی ایک عالم جب یوز آصف پر ایمان لایا تو اس

وقت تین سو برس بدھ کو ہو چکے تھے۔

پس ثابت ہوا کہ یوز آصف' گوتم بدھ سے سو برس بعد اور مسیح علیہ السلام سے تین سو تیس برس پہلے ہوا ہے۔ جس سے روز روشن کی طرح ثابت ہوا کہ قبر یوز آصف قریب ۲۳ر سو برس کی ہے، نہ کہ ۱۹ر سو برس کی۔ اس قبر کا ۱۹ر سو برس سے ہونا صرف مرزائیوں کی ایجاد ہے۔ محض اسلئے کہ یوز آصف کی قبر کو مسیح علیہ السلام کی قبر ثابت کریں۔ مگر چونکہ جھوٹ کبھی کھرا نہیں ہوسکتا۔ اس تاریخی ثبوت سے مرزا اور مرزائیوں کی تمام افسانہ سازی کا بطلان ہو گیا ہے اور ثابت ہوا کہ مسیح علیہ السلام نہ فوت ہوا اور نہ ہی کشمیر میں اسکی قبر ہے۔ تاریخی ثبوت کے مقابل مرزا کی من گھڑت اور قیاسی باتوں کا کچھ اعتبار نہیں۔ کیونکہ مرزا خود مدعی مسیحیت ہے اور ان کے دعویٰ کی بنیاد وفات مسیح پر ہے' اسلئے وہ اپنے مطلب کی خاطر جھوٹ تراشا کرتا ہے۔ چنانچہ لکھتا ہے: اور یوز آصف کی کتاب میں صریحاً لکھا ہے کہ یوز آصف پر خدا تعالیٰ کی طرف سے انجیل اتری تھی۔

(دیکھو تحفہ گولڑویہ ص ر ۱۳۱۔ براہین احمدیہ ص ر ۵۰۔ ۲۲۸)

افسوس! مامور من اللہ ہونے کا دعویٰ ہو اور اس قدر جھوٹ تراشے اور دھوکہ دے ہم اس مرزائی کو ایک سو روپیہ انعام دیں گے جو یوز آصف کی کتاب میں ''اس پر انجیل اتری'' دکھا دے، ورنہ مرزا کی دروغبانی پر یقین کر کے جھوٹے کی بیعت سے توبہ کرے۔

دلیل (۳): اور جیسا کہ گلگتہ یعنی ''سری'' کے مکان پر حضرت مسیح کو صلیب پر کھینچا گیا تھا ایسا ہی سری کے مکان پر یعنی سرینگر میں انکی قبر کا ہونا ثابت ہوا۔ یہ عجیب بات ہے کہ دونوں موقعوں میں ''سری'' کا لفظ موجود ہے۔ یعنی جہاں حضرت مسیح صلیب پر کھینچے گئے اس مقام کا نام بھی گلگت یعنی سری ہے۔ اور جہاں انیسویں صدی کے آخیر میں حضرت مسیح کی قبر

ثابت ہوئی اس کا نام بھی گلگت یعنی ''سری'' ہے الخ۔ (دیکھو کتاب مسیح ہندوستان میں ص ۵۳ مصنفہ مرزا)۔

الجواب: مرزا جی! آپ کا استدلال بالکل غلط اور من گھڑت ہے۔ **اول** کیونکہ گلگت الگ شہر ہے جو کہ سری نگر سے پندرہ منزلیں دور اور 'کاشغر' کے قریب ہے۔ پندرہ روز کا راستہ ہے۔ یہ ایسا ہی مضحکہ خیز استدلال ہے جیسا کہ کوئی کہہ دے کہ لاہور اور دہلی ایک ہی شہر کے نام ہیں۔ اگر مرزا کو معلوم نہ تھا تو کسی سے دریافت ہی کر لیتا کہ گلگت اور سرینگر میں کس قدر فاصلہ ہے۔ (۱) سرینگر (۲) بانڈی پور (۳) تراگبل (۴) گرے (۵) گریز (۶) پبونیری (۷) رٹو (۸) گوری کوٹ (۹) استور (۱۰) ڈشکن (۱۱) روٹیاں (۱۲) بونجی (۱۳) پری بنگلہ (۱۴) مناور (۱۵) گلگت۔

یہ کشمیر سے گلگت تک کی ۱۵ منازل کے نام ہیں۔ گلگت تو بالکل صاف میدانی زمین پر آباد ہے۔ پیر برزل گھاٹی سے پار ہے۔ اور وہاں کی آب و ہوا ہندوستان کے مطابق ہے۔ وہاں کشمیر جیسی سردی بھی نہیں۔ گلگت اور سری نگر کو ایک سمجھنا' ناواقفیت کا باعث ہے۔ افسوس! مرزا جغرافیہ کو ہی دیکھ لیتے تو ایسی فاش غلطی نہ کرتے کہ گلگت اور سرینگر ایک ہی ہے۔

دوم: یہ بھی غلط ہے کہ مسیح جس جگہ صلیب دیا گیا اس جگہ کا نام گلگت تھا۔ ہم ذیل میں انجیل کی اصل عبارت لکھ دیتے ہیں تا کہ مرزائیوں کو مرزا کی من گھڑت بناوٹ معلوم ہو۔ دیکھو ''انجیل متی باب آیت ۳۳''۔ اور ایک مقام گلگتا نام یعنی کھوپڑی کی جگہ پر پہنچے' بعض انجیلوں میں گول گھتا الگ لکھا ہے۔ غرض گول گھتا اور گلگت میں بڑا فرق ہے۔ یہ ایسا ہی ہے کہ جیسا کوئی جاہل کہہ دے کہ مسیح کلکتہ ہندوستان میں صلیب دیا گیا تھا اور یہ بکواس مرزا

یہ ایک عورت تھی۔ جس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ خلیفۂ وقت نے اس سے پوچھا کہ آخری پیغمبر علیہ السلام پر ایمان رکھتی ہو؟ کہاں ہاں۔ خلیفہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ لا نبی بعدی "میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا"۔ اس عورت نے جواب دیا: اس حدیث میں ممانعت مردوں کیلئے ہے نہ کہ عورتوں کے لئے۔

۷.....**عطا:**

یہ کذاب 'ابن مقنع' کے نام سے معروف تھا۔ اور مسئلہ حلول کا قائل اور معتقد تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء میں حلول کیا ہے اور اب اس نے مجھ میں حلول کیا ہوا ہے۔ مرزا بھی مسئلہ حلول کا قائل ہے اور خود کو اللہ تعالیٰ کا اوتار اور بروز کہتا ہے۔

نبوت کے جھوٹے دعویدار چونکہ بکثرت گزرے ہیں' لٰہذا اس مختصر رسالہ میں اسی قدر ناموں پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ اب ہم موجودہ کذاب (مرزا) کا ذکر کرتے ہیں تاکہ برادران اسلام' مرزا کی غلط بیانیوں اور اس کے مریدین (جو اپنے آپ کو احمدی کہلواتے ہیں) کے باعث راہِ راست سے ہٹ کر گمراہ نہ ہو جائیں' بلکہ صراط مستقیم پر گامزن رہیں اور کسی بھی غلام احمدی کی چرب زبانی اور باتوں میں آکر دولت ایمان ہاتھوں سے جانے نہ دیں۔

مرزا غلام احمد قادیانی

ہندوستان کے صوبہ پنجاب کے علاقہ گورداسپور میں ایک قصبہ ہے جسے 'قادیان' کہتے ہیں۔ وہاں مرزا غلام احمد مرتضیٰ نام کا ایک حکیم حاذق رہتا تھا۔ ۱۸۳۹ء یا ۱۸۴۰ء میں اس کے گھر ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام نیک شگون کے طور پر 'غلام احمد' رکھا گیا۔ مرزا غلام احمد بقدرِ ضرورت فارسی، عربی کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ضلع سیالکوٹ میں بطور محرر انکم ٹیکس، پندرہ روپے مشاہرہ پر انگریز حکومت کا ملازم ہو گیا۔ سیالکوٹ میں باوجود ملازمت کے مرزا کا ہاتھ تنگ تھا' لٰہذا اس نے ارادہ کیا کہ مختاری کا امتحان دے کر وکالت کا پیشہ اختیار کر لیا جائے۔ مگر شومئی قسمت سے امتحان میں کامیاب نہ ہو سکا۔ اس نے وہاں کیمیا گری بھی سیکھی، مگر وہ نسخہ کہ جس کے ذریعے سونا بنایا جاتا ہے درست طور پر نہ بن سکا۔ انہی دنوں

مرزا کی ملاقات ایک عرب سے ہوئی' اس عرب نے مرزا کو چند عملیات بتائے کہ اس طور پر وظیفہ کرو' اللہ تعالیٰ ضرور ایسا سبب پیدا کردے گا جس کے باعث تم تونگر اور مالدار ہو جاؤ گے۔ چنانچہ مرزا ملازمت ترک کر کے لاہور آ گیا اور یہاں مسجد چینیاں میں مولوی محمد حسین بٹالوی (غیر مقلد) سے اس کی ملاقات ہوئی اور وہ اسی مسجد میں رہائش پذیر ہو گیا۔ کیونکہ مرزا نبوت کا دعویٰ کرنے سے قبل غیر مقلد تھا۔ چونکہ عوام اہل اسلام غیر مقلدین سے نفرت کرتے تھے اور انہیں ''وہابی'' کہہ کر ان سے دور رہتے۔ تو اس صورت حال کے پیش نظر مرزا نے مولوی محمد حسین سے کہا کہ میرا ارادہ ہے کہ ایسی کتاب لکھوں جس میں تمام مذاہب پر اسلام کا غلبہ اور اس کی سچائی بیان کروں۔ مولوی صاحب نے مرزا سے اتفاق کیا اور اس سلسلے میں اس کی معاونت کرنے لگے۔ کیونکہ ان دنوں مسلمانوں پر عجیب مصیبت آئی ہوئی تھی۔ 'سوامی انند' آریہ سماج کا بانی اور یہ لوگ ہر حوالے سے مذہب اسلام پر اعتراضات کر رہے تھے۔ اس وقت مرزا کا وجود غنیمت خیال کیا گیا اور تمام اسلامی جماعتیں اس کی مدد کے لئے کمر بستہ ہو گئیں اور اس کی کتاب ''براہین احمدیہ'' کے لئے چندہ دیا۔ نیز اس کی اعانت کے لئے اشتہار وغیرہ شائع کیے۔ مختصر یہ کہ سب لوگ ہی اس کے مددگار معاون ٹھہرے۔ لیکن افسوس کہ کتاب ''براہین احمدیہ'' جو تین سو اجزاء پر مشتمل تھی' شائع نہ ہو سکی۔ مرزا نے بجائے عیسائی اور آریہ کی تردید کے' مذہب اسلام کی مخالفت شروع کر دی۔ اور جو اعتراضات آریہ' عیسائی اور برہمن وغیرہ اسلام پر کرتے تھے' وہی اعتراضات مرزا اور اس کے مریدوں نے بھی کرنا شروع کر دیئے۔ کتابوں اور اشتہاروں کی شکل میں اپنے دعاوی کی اشاعت کا آغاز کر دیا۔ اور مسلمانوں کو ایک عجیب امتحان میں مبتلا کر دیا۔ علمائے کرام جو ایک طرف آریہ اور عیسائیوں کے اعتراضات کے جوابات دینے میں مصروف تھے۔ اب

انہیں مرزا کی خلافِ شریعت تحریروں کے بھی جوابات لکھنا پڑے۔ مرزا نے مسلمانوں کا جو چندہ آریہ اور عیسائیوں کی تردید کیلئے جمع ہوا تھا اسے اپنے مقاصد کے لئے خرچ کرنا شروع کر دیا۔

جب مسلمانوں کو مرزا کے مسیحیت' مہدویت' نبوت و رسالت کے دعویٰ کا علم ہوا تو علمائے اسلام نے مرزا پر کفر کا فتویٰ صادر فرمایا اور مکہ معظمہ' مدینہ طیبہ' ہندوستان' سندھ' افغانستان اور بغداد وغیرہ کے علمائے کرام نے مختلف اشتہار جاری کر کے یہ واضح کیا کہ مرزا قادیانی مسیلمہ کذاب کی طرح ہے۔ اس نے ختم نبوت کا انکار کر کے اپنی جھوٹی نبوت و رسالت کا دعویٰ کیا ہے۔ لوگوں کو اس سے تعلق ختم کر دینا چاہیے۔ چنانچہ تمام صاحبانِ علم و عقل مسلمانوں نے مرزا سے علیحدگی اختیار کر لی۔ البتہ وہ لوگ جن کے اندر جھوٹوں کی روش پر چلنے کا مادہ موجود تھا' وہ مرزا کے ساتھ ہی رہے۔

مرزا قادیانی اگر مسلمان ہوتا تو علمائے اسلام کے فتاویٰ دیکھ کر توبہ کرتا' مگر مرزا نے اس کے بعد انتہائی جسارت سے کام لیتے ہوئے اپنے مریدوں کو حکم دیا کہ مسلمانوں سے جدا ہو جائیں۔ اس لئے کہ تمام مسلمانان عالم میری نبوت و رسالت کے انکار کے باعث کافر ہو گئے ہیں۔ نیز میں مسیح موعود ہوں' جو شخص بھی میری مسیحیت کا انکار کرتا ہے وہ کافر ہے۔ کیونکہ میرے آنے کی خبر مخبر صادق حضرت محمد ﷺ نے دی ہے اور میں وہی ابن مریم ہوں جنہوں نے آخری زمانہ میں نزول کرنا ہے۔ مرزا اپنے اس دعویٰ کی دلیل یہ پیش کرتا ہے کہ میں چونکہ مریم ہوں اور اسی سبب سے بطور استعارہ میں حاملہ ہوا اور نو ماہ بعد بچہ پیدا ہوا' وہی عیسیٰ تھے۔ پس مجھے اللہ تعالیٰ نے مریم سے عیسیٰ بنا دیا۔ مرزا کی اصل عبارت کا مفہوم یہ ہے:

''مریم کی طرح عیسیٰ علیہ السلام کی روح مجھ میں پھونکی گئی اور مجھے برنگِ استعارہ حاملہ قرار دیا گیا۔ آخر چند ماہ کے بعد یہ عرصہ کوئی دس ماہ سے زیادہ نہ ہوگا کہ مجھے مریم سے عیسیٰ (علیہ السلام) کر دیا گیا۔ (کشتی نوح، ص ۴۷)

مرزا کی اس انتہائی مضحکہ خیز دلیل کو بھی اس کے مریدوں نے تسلیم کر لیا اور اس کو مسیح موعود جاننے لگے۔ لیکن چونکہ حضرت مسیح نبی اور رسول تھے تو اس حوالے سے مرزا نے یہ خیال کیا کہ چونکہ میں مسیح موعود ہوں لہٰذا میں نبی اور رسول بھی ہوں۔ چنانچہ ۱۹۰۸ء میں اس نے اپنے اخبار ''اخبار بدر قادیان'' میں ان الفاظ میں اپنا دعویٰ نبوت و رسالت شائع کیا کہ میں فضل خدا سے نبی اور رسول ہوں۔

چونکہ مرزا کا یہ دعویٰ اجماع امت محمدیہ ﷺ کیخلاف تھا' لہٰذا ہندوستان' عرب اور بغداد وغیرہ کے علمائے کرام نے مرزا کے کفر کا فتویٰ جاری فرمایا کیونکہ حضور خاتم النبیین ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والا بالا جماع کافر ہے۔ چنانچہ اہل اسلام کو اس سلسلے میں تدبر و تفکر کرنا چاہیے۔

علمائے امت کی تصریحات

۱......حضرت ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اپنے فتاویٰ میں لکھتے ہیں: **من اعتقد وحیا من بعد محمد ﷺ کان کافراً باجماع المسلمین.** جس شخص نے آپ کے بعد یہ دعویٰ کیا کہ مجھ پر وحی نازل ہوتی ہے' وہ تمام مسلمانانِ عالم کے نزدیک کافر ہے۔

۲......ملا علی قاری شرح 'فقہ اکبر' میں لکھتے ہیں: **دعوی النبوۃ بعد نبینا محمد ﷺ کفر باجماع.** ہمارے نبی جناب محمد مصطفیٰ ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنا بالاجماع کفر ہے۔

مگر مرزا غلام احمد نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے کہ میں چونکہ مسلمان ہوں اور محمد ﷺ کے تابع ہوں لہٰذا مجھے دعویٰ نبوت سجتا ہے اور میں اس قابل ہوں کیونکہ یہ دعویٰ خلاف شریعت محمدی نہیں ہے۔ اس لئے کہ میں بروز محمد ہوں اور فنافی الرسول ہوں' تو بایں سبب میرا دعویٰ نبوت نصوص شریعہ کے خلاف نہیں ہے۔

اگر چہ اس شاعرانہ لفاظی کی نہ کوئی قدر و قیمت ہے اور نہ ہی اس بیہودہ طریق استدلال کی کوئی اہمیت وافادیت ہے۔ تاہم ایسے انگریزی دان جو دینی معلومات سے بے بہرہ تھے اور جو مرزا کی بیعت کر کے اس کے مرید ہو چکے تھے' انہوں نے مرزا کے ان دلائل کو تسلیم کیا اور اس کو مسیح موعود ماننے لگے۔

مرزا نے جب اپنے ماننے والوں کی اکثریت دیکھی تو ایک علیحدہ جماعت تشکیل دی اور اپنے مریدوں کو حکم دیا کہ مجھے علمائے اسلام کافر کہتے ہیں اور مجھے نبی و رسول نہیں مانتے۔ لہٰذا وہ خود کافر ہو گئے ہیں۔ کیونکہ ایک نبی کا انکار بھی کفر ہے' اگر چہ وہ محمد ﷺ سے پہلے گزرا ہو یا خاتم النبیین ﷺ کے بعد اٹھے۔ چنانچہ اس کے مریدین جو اپنے آپ کو ''احمدی'' کہلواتے ہیں اور وجہ تسمیہ ان کی یہ ہے کہ وہ مرزا غلام احمد قادیانی کے مرید ہیں' انہوں نے مسلمانوں کی جماعت سے قطع تعلقی کر لی۔ معاملات، عبادات، شادیوں وغیرہ میں علیحدہ ہو گئے۔ یونہی باجماعت نماز، نماز عیدین و جمعہ اور نماز جنازہ مسلمانوں کے ساتھ ادا کرنا ترک کر دیا۔ اسی طرح سیاسی امور میں بھی وہ مسلمانوں سے جدا ہو گئے۔

جس وقت مسئلہ خلافت رونما ہوا تو مرزا کی یہ جماعت کفار کے ساتھ مل گئی اور واشگاف الفاظ میں کہا گیا کہ مسلمانانِ ترکی کا خلیفہ احمدیان ہمارا خلیفہ نہیں' ہمارا خلیفہ قادیان میں ہے۔

مختصر یہ کہ یہ جماعت ہر حوالے سے اہل اسلام کے خلاف ہے۔ روز وشب سرگرمیوں میں مصروف ہے، تا کہ تمام مسلمان اس سے وابستہ ہو جائیں اور یہ لوگ ہر ممکن طریقہ اختیار کر کے اپنے قادیانی رسول کی تبلیغ کرتے پھر رہے ہیں۔ تبلیغ اسلام کے بہانے ''احمدیت'' (رسالتِ مرزا) کی تبلیغ کرنے والوں کو بیرونی ممالک بھیجتے ہیں، تا کہ وہ مسلمانوں کو مرزا کی مسیحیت و رسالت کا یقین دلائیں۔ چونکہ دنیا عالم اسباب ہے جو بھی دعوائے نبوت کرتا ہے 'عوام کالانعام' اس کی پیروی شروع کر دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بکثرت لوگ اس کے دام فریب میں پھنس چکے ہیں۔ چنانچہ ان دنوں ایک بہت بڑی شر رونما ہو چکی ہے اور یہ بات ہر طرف مشہور ہو گئی ہے، بلکہ اخبارات میں یہ خطرہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اس جماعت کے مبلغین بخارا تک پہنچ چکے ہیں اور وہاں اپنے مذہب (رسالت و مسیحیتِ مرزا) کی داغ بیل ڈال رہے ہیں اور اب وہ کابل جانے کا بھی ارادہ رکھتے ہیں۔ یہ خبر بھی اب مکمل طور پر سامنے آ چکی ہے کہ ان میں سے چند آدمی اپنا مذہب چھپائے کابل پہنچ چکے ہیں اور کوشش کر رہے ہیں کہ وہ اپنے مذہب کو اس ملک میں پھیلا سکیں۔ ذیل میں مختصر طور پر اس جماعت کے عقائد درج کئے جاتے ہیں تا کہ مسلمان اس گمراہ ٹولے کے دھوکے میں نہ آئیں۔

مرزا کا دعویٰ نبوت ورسالت

۱...... آنچہ من بشنوم زوحی خدا بخدا پاک دانمش ز خطا
ہمچو قرآن منزہ اش دانم از خطاہا ہمیں است ایمانم

(درثمین، مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

(مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو وحی آتی ہے، بخدا میں اسے غلطی سے پاک جانتا ہوں۔ میں

قرآن مجید کی طرح خطا سے مبرا جانتا ہوں۔ میرا یہی ایمان ہے۔)

۲......جس طرح میں قرآن شریف پر ایمان رکھتا ہوں بالکل اسی طرح بغیر ایک ذرہ فرق کے اپنی وحی پر بھی ایمان رکھتا ہوں۔ (اشتہار مورخہ ۵/نومبر ۱۹۰۱ء)

۳......قل یا ایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعاً. "اے مرزا لوگوں کو کہو کہ میں تمہاری طرف رسول بن کر آیا ہوں" یہ وہ الہام ہے جو مرزائی، مرزا کی رسالت پر بطور دلیل پیش کرتے ہیں۔ (اخبار الاخیار، صفحہ۳)

۴......خدائے حقیقی وہ ہے جس نے اپنا رسول قادیان میں بھیجا ہے۔ (دافع البلاء، صفحہ۱۱)

۵......قادیان طاعون سے محفوظ رہے گا کیونکہ یہ (قادیانی) رسول کی آرام گاہ ہے۔ (دافع البلاء، صفحہ۱۰)

۶......حقیقی خدا وہ ہے کہ رسولِ خود را بہدایت و دینِ خود فرستادہ انا انزلناہ قریباً من القادیان یعنی ہم نے اس رسول کو قادیان کے قریب نازل کیا۔ (ازالہ اوہام، حصہ اول، ص/۱۶۴)

۷......میرا یہ دعویٰ ہے کہ میں نبی اور رسول ہوں۔ (اخبار بدر، ۵/مارچ ۱۹۰۱ء)

۸......اس خدا کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس نے مجھے 'اسمِ نبی' عطا فرمایا ہے۔ (تتمہ حقیقۃ الوحی، ص/۶۸)

۹......مجھ سے قبل جتنے بھی اولیاء، ابدال اور اقطاب گزرے ہیں انہیں اس نعمت سے اس قدر کثیر حصہ نہیں دیا گیا۔ یہی سبب ہے کہ 'اسمِ نبی' کے لئے مجھے مخصوص کیا گیا۔ (حقیقۃ الوحی، ص/۳۶۱)

۱۰......آنچہ داد است ہر نبی را جام　　داد آں جام را مرا بتمام

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے　　من بعرفان نہ کمترم ز کسے

(ہر نبی کو جس جام سے حصہ دیا گیا ہے مجھے وہ سارا ہی جام دے دیا گیا ہے۔ اگر چہ انبیاء کثرت سے گزرے ہیں لیکن عقل وعرفان میں، میں کسی سے کم نہیں ہوں۔)

رسول اللہ ﷺ پر مرزا کی فضیلت کا دعویٰ

۱.....له خسف القمر وان لی خسفا القمران المشرقان أ تنکر

یعنی جناب محمد ﷺ کے لئے صرف چاند کو خسوف ہوا تھا اور میرے لئے چاند اور سورج دونوں کو کسوف وخسوف ہوا، لہٰذا تم میرے مرتبے کا کیسے انکار کر سکتے ہو؟

(اعجاز احمدی، مصنفہ مرزا غلام احمد، ص/۷۱)

۲.....ان دنوں اللہ تعالیٰ نے میری وحی، میری تعلیم اور میری بیعت کو مدار نجات قرار دیا ہے۔ (اربعین نمبر۴، صفحہ ۶، مصنفہ غلام احمد)

مطلب یہ ہے کہ چاہے کوئی شخص قرآن کی پیروی کرے اور ارکان اسلام کیوں نہ بجالائے جب تک میرا مرید نہ ہوگا، نجات نہیں حاصل کر سکے گا۔

۳.....حضرت محمد ﷺ کے لئے تین ہزار معجزات اور نشانیاں ظاہر ہوئیں جب کہ میرے لئے تین لاکھ سے بھی زیادہ۔ (حقیقۃ الوحی، صفحہ ۱۶۴، مصنفہ غلام احمد)

برادران اسلام! غور فرمایئے کہ کس طرح یہ جھوٹا مدعی حضرت خاتم النبیین ﷺ پر اپنی فضیلت ظاہر کر رہا ہے کہ آپ ﷺ کیلئے اللہ تعالیٰ نے صرف تین ہزار نشانیاں ظاہر فرمائیں اور میرے لئے تین لاکھ۔ لیکن اس کو اتنی عقل بھی نہیں ہے کہ اگر ایک نشان روزانہ ظاہر ہوتو یہ آٹھ ہزار سے زیادہ نہ ہوں گے۔ سچ کہا گیا ہے کہ "دروغ گو را حافظہ نہ باشد"

۴.....رسول اللہ ﷺ کی جو حدیثیں میرے الہام کی مخالف ہیں انہیں میں کاغذ کی ردّی کی طرح پھینک دیتا ہوں۔ (اعجاز احمدی، صفحہ ۳۰)

۵...... مجھے یہ اطلاع دی گئی کہ علمائے اسلام نے جتنی بھی احادیث مبارکہ پیش کی ہیں وہ سب کی سب تحریف لفظی ومعنوی سے آلودہ ہیں یا موضوع ہیں۔ چنانچہ جو بھی حاکم بن کر آئے اسے اختیار ہے کہ ذخیرۂ احادیث میں سے جس حصے کو چاہے خداداد علم کی بناء پر ردّی کردے۔ (تحفہ گولڑویہ)

افسوس! صحابہ کرام، محدثین، ومجتہدین اور سلف صالحین کا تو یہ اصول ہے کہ ہر وہ الہام جو قرآن پاک وحدیث مبارک اور اجماع امت کے خلاف ہو، وہ مردود ہے۔ مگر غلام احمد متنبّی کہتا ہے کہ میرے الہام کے مقابلے میں قرآن وحدیث ردّی ہیں۔ (نعوذ باللہ)۔ حالانکہ مرزا کے تمام الہامات کفروشرک سے بھرے پڑے ہیں۔

ذیل میں اس کے الہامات کا نمونہ ملاحظہ فرمائیں:

مرزا کے الہامات

۱...... **انت منی بمنزلة ولدی:** اے مرزا! تو میرے فرزند کی جگہ پر ہے۔ (حقیقۃ الوحی، صہ ۸۶)

۲...... **انت من مائنا وهم من فشل:** اے مرزا! تو ہمارے پانی سے ہے اور وہ سب خشکی سے۔ (اربعین نمبر ۳، صہ ۳۴)

۳...... **انت منی بمنزلة بروزی:** اے مرزا! تو میرا بروز ہے۔ (تجلیات الٰہیہ، صہ ۱۳)

۴...... **انت منی بمنزلة اولادی:** اے مرزا! تو میری اولاد کی جگہ پر ہے۔

(اخبار الحکم، جلد ۲، صہ ۶)

۵...... **الارض والسماء معک کما هو معی:** اے مرزا! زمین وآسمان تیرے ساتھ ایسے ہی ہیں جیسے میرے ساتھ۔ (حقیقۃ الوحی، صہ ۷۵)

۶...... **انا ارسلنا الیکم رسولاً شاهداً علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا.**

ہم نے تمہاری طرف رسول بھیجا جیسا کہ فرعون کی طرف رسول بھیجا۔ (حقیقۃ الوحی ص ۱۰۱)

اس الہام کی بناء پر مرزا دنیا کے تمام مسلمانوں کو فرعون تصور کرتا ہے اور اپنے آپ کو رسول۔ حالانکہ یہ قرآن مجید کی آیت مبارکہ ہے۔ جو دوسرے مسلمانوں کی طرح حالتِ خواب میں اس کی زبان پر جاری ہوئی ہے اور اس نے یہ گمان کیا ہے کہ قرآن مجید کی آیات مجھ پر دوبارہ نازل ہو رہی ہیں۔ چنانچہ یحییٰ بن زکرویہ جھوٹا مدعی نبوت کہتا تھا کہ مجھ پر قرآن شریف کی آیات مبارکہ دوبارہ نازل ہو رہی ہیں۔

۷......**انت منی وانا منک**: اے مرزا! تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں۔ (حقیقۃ الوحی، صہ ۷۲)

۸......**دنی فتدلی فکان قاب قوسین او ادنی** یعنی مرزا خدا کے نزدیک ہوا اور اس قدر نزدیک ہوا جیسے قوسین کے درمیان خط۔ (حقیقۃ الوحی، صہ ۷۲)

۹......**یا مریم اسکن انت وزوجک الجنة** اے مریم! تو اور تیرا دوست جنت میں داخل ہوں۔ (حقیقۃ الوحی، صہ ۷۲)

غور فرمائیے ! الہام ایسا ہوتا ہے کہ مرزا کو مریم بنا کر حاملہ کیا گیا اور عیسیٰ پیدا ہوئے۔ **لا حول ولا قوة الا باللہ.**

۱۰......**یحمدک اللہ ویمشی الیک.** اے مرزا! اللہ تعالیٰ تیری تعریف کرتا ہے اور تیری جانب چل کر آتا ہے۔ (حقیقۃ الوحی، صہ ۷۸)

ہر مسلمان کو غور کرنا چاہیے کہ اس طرح کے کفر و شرک سے مملو اور قرآن وحدیث کیخلاف الہامات اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئے ہیں یا شیطان لعین کی طرف سے ہیں؟ جس نے وعدہ کیا تھا کہ وہ بندگانِ خدا کو گمراہ کرے گا۔ مگر افسوس کہ مرزا کے مریدین

اس طرح کے الہامات کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تصور کرتے ہیں اور آتش دوزخ سے نہیں ڈرتے۔ اگر اس طرح کے الہامات کو ’رحمانی الہامات‘ کہا جائے تو مرزا کے مریدین خود بتائیں کہ شیطانی الہامات کون سے ہوتے ہیں؟ اور ان کی کیا علامت ہوتی ہے؟ اب جس الہام میں اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کا فرزند اور اس کی اولاد بتایا گیا ہے۔ سراسر قرآن کے خلاف ہے۔ یہ الہام اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیسے ہوسکتا ہے۔ جبکہ قرآن شریف میں ارشاد ہے: ﴿وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُنِ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰه ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ يُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ﴾ (الخ)

چنانچہ قرآن مجید سے ثابت ہوا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی طرف باپ ہونے کی نسبت کرے، وہ کافر ہے۔ لیکن مرزا کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میری طرف نسبت پسری کی ہے۔ کیونکہ عیسیٰ اللہ کے فرزند تھے (نعوذ باللہ) اور میں بھی مسیح ہوں تو اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی اپنا فرزند ہونے کی نسبت عطا کی، جیسا کہ مسیح کو اپنا فرزند کیا اور اس میں حکمت یہ تھی کہ نصاریٰ کا رد ہوتا رہے۔

ع برین عقل و دانش بباید گریست

درج بالا الہام میں مسئلہ ابن اللہ کی تردید نہیں بلکہ تصدیق کی گئی ہے کیونکہ مرزا کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ عیسیٰ ابن مریم کی طرح ہے۔ تو جب مرزا مثیل مسیح ہونے کی وجہ سے بمنزلہ خداتعالیٰ کے فرزند کے ہے تو احسن طور پر یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی کہ اصلی مسیح، خداتعالیٰ کا اصلی فرزند تھا۔ تو اس سے مسئلہ ابن اللہ کی تصدیق ہوگئی اور یہ کفر ہے۔

الغرض اس قسم کے جملہ الہامات شیطانی وسوسے ہیں نہ کہ الہامات رحمانی۔ اور یہ سب یکسر رد کرنے کے قابل ہیں نہ کہ انہیں تسلیم کر لینا چاہیے۔ مرزا غلام احمد قادیانی کے

اس قسم کے جملہ مکاشفات کفر وشرک سے پر ہیں۔اس کے باوجود مرزا جو کچھ رطب ویابس خواب میں دیکھتا سنتا ہے سب کا سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھتا ہے۔ذیل میں اس کے چند مکاشفات درج کئے جاتے ہیں تا کہ معلوم ہو سکے کہ یہ سب شیطانی خواب ہیں نہ کہ رؤیائے صادقہ۔

مرزا کے مکاشفات

کشف نمبر ۱: حضرت مسیح موعود نے فرمایا: حالت کشف میں مجھ پر ایک ایسی کیفیت طاری ہوئی کہ گویا میں عورت بن گیا ہوں اور اللہ تعالیٰ نے مجھ سے طاقت رجولیت کا اظہار فرمایا ہے۔ (ٹریکٹ نمبر ۳۴ (ج) مؤلفہ قاضی یار محمد صاحب وکیل نور پور ضلع کانگڑہ، بابت جنوری ۱۹۲۰ء)۔اس طرح کے کشف شیطانی خوابوں کا نتیجہ ہیں۔چنانچہ سینکڑوں بلکہ ہزاروں لوگوں کو احتلام ہوتا رہتا ہے۔ایسے ہی کشف کے متعلق کہا گیا ہے:

ع کشفِ وہمی را بزن کفشے بہ سر

کشف نمبر ۲: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں خود خدا ہوں اور مجھے یقین ہو گیا کہ میں وہی ہوں۔اسی حالت میں میں نے کہا کہ میں ایک نیا نظام اور نئے آسمان و زمین چاہتا ہوں۔ پس میں نے پہلے زمین و آسمان کو اجمالی صورت میں پیدا کیا کہ اس میں کوئی ترتیب اور فرق نہ تھا۔بعد ازاں میں نے حق کی منشاء کے مطابق ترتیب دیا اور ان میں فرق کیا اور میں نے دیکھا کہ میں ان کی تخلیق پر قادر ہوں، چنانچہ میں نے آسمان دنیا کو پیدا کیا اور کہا: **انا زينا السماء الدنيا بمصابيح.** (کتاب البریہ، صفحہ ۷۹، مصنفہ مرزا)

اسی کشف کی تشریح میں مرزا غلام احمد اپنے آپ کو خدا ثابت کرتے ہوئے لکھتا ہے۔"جس وقت میں خدا ہو گیا اس وقت میرا کوئی ارادہ خیال اور عمل نہ رہا اور میں ایک

ایسے برتن کی مانند ہوگیا جس میں سوراخ ہی سوراخ ہوں۔اس شے کی طرح ہوگیا کہ جس کو کسی شے نے اپنے اندر چھپارکھا ہو۔اس اثناء میں میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کی روح مجھ پرمحیط ہوگئی ہے اور میرے جسم پر غالب ہوگئی ہے۔یہاں تک میرا ایک ذرہ بھی باقی نہ رہا۔ جب میں نے اپنا جسم دیکھا تو معلوم ہوا کہ میرے تمام اعضاء خدا کے اعضاء بن گئے ہیں۔ میری آنکھ اس کی آنکھ بن گئی ہے' میرا کان اس کا کان ہوگیا ہے' میرے لب اس کے لب ہوگئے ہیں۔میرے رب نے مجھے پکڑلیا اور ایسا پکڑا کہ میں بالکل محو ہوگیا ہوں۔جب میں نے دیکھا تو میں نے جانا کہ خدا کی طاقت وقدرت مجھ میں جوش ماررہی ہے اور اس کی الوہیت مجھ میں موجزن ہے۔حضرت عزت کے خیمے میرے دل کے آس پاس نصب ہیں اور اس بادشاہ جبروت نے میرے نفس کو معدوم کردیا ہے۔چنانچہ نہ میں رہا اور نہ میری کوئی تمنا باقی رہی۔میری عمارت گرگئی اور منہدم ہوگئی۔رب العالمین کی عمارت استادہ ہوگئی اور اس کی الوہیت اپنی تمام تر قوت کے ساتھ مجھ پر غالب آگئی' میں سر کے بالوں سے لے کر پاؤں کے ناخنوں تک اس کی جانب کھنچتا چلا گیا۔اس کے بعد میں مغز ہی مغز ہوگیا کہ جس میں کوئی پوست نہ رہی اور ایسا روغن ہوگیا جس میں کوئی کدورت نہ تھی۔میرے اور میرے نفس کے درمیان جدائی ہوگئی۔پس میں اس چیز کی طرح ہوگیا جو دکھائی نہ دے یا قطرۂ آب کی طرح ہوگیا کہ جس کو دریا میں پھینکیں تو وہ اسے اپنے پیراہن میں چھپالے۔ایسی حالت میں مجھے یہ معلوم نہیں ہورہا تھا کہ میں پہلے کیا تھا؟ اور میرا وجود کیسا تھا؟ میرے رگ وریشہ میں الوہیت سرایت کرگئی اور میں اپنے آپ سے گم ہوگیا اور مجھے یقین ہوگیا کہ میرے اعضاء میرے نہیں ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے اعضاء ہیں اور میں یہ خیال کرنے لگا کہ میں معدوم ہوگیا ہوں اور آپے سے باہر ہوگیا ہوں! ابھی تک کوئی میرا شریک اور مانع نہیں ہے۔خدا

تعالیٰ میرے وجود میں داخل ہو گیا ہے اور غصہ، حلم، تلخی و شیرینی اور حرکت و سکون سب اسی کی طرف سے ہیں"......(الخ)۔ (آئینہ کمالات اسلام،۵۶۴،۵۶۵، مصنفہ مرزا)

درج بالا لغویات اور تکرار عبارات کا خلاصہ یہ ہے کہ میں نے خواب دیکھا کہ میں خدا بن گیا ہوں۔ اب حالت بیداری میں بجائے استغفار کرنے کے الٹا ان خرافات سے اپنے آپ کو خدا ثابت کر رہا ہے اور یہ کہے جا رہا ہے کہ میں درحقیقت خدا بن گیا تھا اور خدا تعالیٰ میرے وجود میں داخل ہو گیا تھا' انسانی لوازمات مجھ سے جدا ہو گئے اور الوہیت مجھ میں موجزن ہو گئی۔

اللہ تعالیٰ کے بندوں اور شیطان کے چیلوں میں فرق یہ ہوتا ہے کہ اولیاء اللہ جب حالت سکر میں کوئی کلمہ کفر کہہ دیتے ہیں تو توبہ کرتے ہیں اور اپنے مریدوں کو ہدایت کرتے ہیں کہ اگر آئندہ آپ میں سے کوئی اس طرح کے کلمات سنے تو ہمیں قتل کر دے۔ وہ شریعت کی اتباع کرتے ہیں اور علمائے اسلام اس حوالے سے ان کیلئے جو سزا تجویز کرتے ہیں اسے بسر و چشم قبول کرتے ہیں۔ چنانچہ بعض ان میں سے تختہ دار پر لٹکائے گئے ہیں اور بعضوں کی کھال اتار لی گئی ہے۔ لیکن ان بزرگوں نے احکام شریعت سے سر مو انحراف نہیں کیا۔

مگر افسوس ہے اس جھوٹے مدعی پر کہ اسے اتنا بھی نہیں معلوم کہ اس طرح کے کفری کلمات شریعت اسلام میں جائز نہیں ہیں۔ مسئلہ حلول مسلمانوں کے نزدیک مردود ہے۔ اگر یہ شخص (مرزا) شریعت اسلام پر کاربند ہوتا تو ہرگز گمراہ نہ ہوتا اور اس طرح کے مکاشفات جو اس نے شیطان سے پائے ہیں' یکسر ردّ کر دیتا۔

مسئلہ حلول اور اوتار یہ ہندوؤں کے عقائد میں سے ہے۔ چنانچہ "گیتا" جس کا

مصنف راجہ کرشن تھامیں یہ مسئلہ مذکور ہے۔

چوں بنیاد دیں سست گردد بسے نمائیم خود را بشکل کسے

بریزیم خون ستم پیشگاں جہاں را نمائیم دار الاماں

مرزا کی گزشتہ عبارت کے حوالے سے بھی افسوس ہے کہ محض طول بیانی اور تکرار کو اس نے فن سمجھ کر اپنی لیاقت کا اظہار کرنے کی کوشش کی ہے، حالانکہ یہ سارا مضمون دو تین جملوں میں بیان کیا جاسکتا تھا۔ شیخ فیضی نے اس سارے مضمون کو ایک شعر میں سمویا ہے۔

من از ہر سہ عالم جدا گشتہ ام تہی گشتہ از خود خدا گشتہ ام

(گیتا فیضی)

مرزا جیسے جاہل کو مسئلہ وحدت الوجود کے اصول کا پتہ ہی نہیں کہ اس میں یہ لازم ہے کہ صاحب حال اپنی ہستی سے غائب ہو کر اس طرح کے الفاظ کہے اور اوپر درج شدہ عبارات اور جملے کہتا پھرے۔ جیسا کہ مرزا ہر جملہ میں کہتا چلا جاتا ہے کہ میں نے ایسے کیا اور ایسے کیا۔ حالانکہ جب تک خیال منی دور نہ ہو جائے ''مقام سکر'' حاصل نہیں ہوتا۔

یاد رہے کہ یہود و نصاریٰ، ہندو اور بعض جہلاء صوفیانہ لباس پہن کر اس قسم کے مسائل باطلہ پر یقین کر لیتے ہیں اور خلق خدا کو گمراہ کرتے پھرتے ہیں۔ جہاں تک اہل اسلام کا تعلق ہے تو کوئی بھی مسلمان ہرگز یہ اعتقاد نہیں رکھتا کہ کبھی کبھار یہ عاجز و ناقص انسان (نعوذ باللہ) خدا ہو جاتا ہے یا واجب الوجود اللہ تعالیٰ جلّ شانہ وجود انسانی جو کہ حادث و متغیر ہے، میں حلول کرتا ہے۔ کفر و اسلام میں فرق نہ کرنا اور کفار کے مسائل باطلہ کو دین اسلام میں داخل سمجھنا کفر ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے: ﴿وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا. اُوْلٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا﴾

کشف نمبر۳: وانی رأیت أن هذا الرجل یومن بایمانی قبل موته: میں نے کش
میں دیکھا کہ مولوی محمد حسین بٹالوی مرنے سے پہلے مجھ پر ایمان لے آئے گا۔ (رؤیا کشوف: صہ

مرزا کا کشف غلط ثابت ہوا اور مولوی محمد حسین بٹالوی ہرگز اس پر ایمان نہ لا
بلکہ مرتے دم تک مرزا کی مخالفت کرتا رہا۔ اس بات سے ثابت ہوا کہ یہ تمام مکاشفات ا
تعالیٰ کی طرف سے نہ تھے۔ اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتے تو سچ ثابت ہوتے۔

کشف نمبر۴: حالت کشف میں مجھ پر ظاہر ہوا کہ یہ بادشاہ کہ جن کی تعداد چھ اور سات
انہوں نے تمہارے لباس کی برکت تلاش کی۔ (اخبار الحکم، جلد ۶، نمبر ۳۸، مورخہ ۲۴ راکتوبر ۱۹۰۲ء)

بادشاہوں سے کوئی شخص بھی مرزا کا مرید نہ ہوا اور نہ ہی اس کے لباس کی برکت
تلاش کی۔ چنانچہ یہ کشف بھی حدیثِ نفس ہی تھا۔

کشف نمبر۵: دوبار مجھے خواب میں دکھایا گیا کہ ہندوؤں کی ایک کثیر جماعت نے میر
سامنے سجدہ کی طرح سر تسلیم خم کیا۔ کہنے لگے کہ یہ اوتار ہیں۔ یعنی مرزا اوتار ہے۔ انہوں
بہت سی فرمائشیں کیں۔ (الحکم جلد ۱، صہ ۸، مطبوعہ ۱۸، ۱۱ راکتوبر ۱۸۹۶ء)

اس کے برعکس مرزا نے دیکھا کہ ہندو مسلمانوں کو ہندو اور آریہ وغیرہ بنار
ہیں۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ یہ سچے خواب نہ تھے۔

کشف نمبر۶: ایک شخص جو کہ لدھیانہ شہر میں رہتا تھا مجھے عالم کشف میں دکھایا گیا اس
تعریف میں یہ عبارت الہام ہوئی۔ ارادت مند اصلها ثابت وفرعها فی السماء۔
(مکتوب احمدیہ، جلد ۱، صہ ۴ مطبوعہ ۱۹۰۸

یہ کشف میر عباس لدھیانوی کے حق میں تھا۔ یہ مرزا کا خاص مرید تھا۔ مرزا
اس کو لکھا تھا کہ اگر نکاح آسمانی کی پیشین گوئی ظاہر نہ ہوئی تو مجھے جھوٹا سمجھ لیجئے گا' چنانچہ

صاحب منتظر رہے جب یہ پیشین گوئی غلط ثابت ہوگئی تو وہ حیران رہ گئے۔ مسلمانوں کا ایک اجتماع جو مسجد میں موجود تھا اس سے مخاطب ہوکر میر صاحب نے یہ وعدہ کیا کہ اگر اس سلسلے میں قرآن شریف میری رہنمائی کرے تو میں (مرزائیت سے) توبہ کرلوں گا۔ چنانچہ تمام مسلمانوں نے غسل کیا اور انتہائی عجز و نیاز اور خشوع و خضوع سے بارگاہِ خداوندی میں عرض گزار ہوئے کہ اے خدا! ہمیں سیدھا راستہ دکھا! اور ہمیں مطلع فرما' تاکہ ہم گمراہ ہوکر ہی نہ مرجائیں۔ دعا کے بعد قرآن مجید کھولا تو پہلی جس سطر پر نگاہ پڑی وہ تھی: ﴿وَاجۡتَنِبُوۡا قَوۡلَ الزُّوۡرِ﴾ یعنی مکروفریب پر مشتمل باتوں سے بچو۔ الحمدللہ کہ میر صاحب کو اللہ تعالیٰ نے توبہ کی توفیق عنایت فرمائی۔ اس بات کے راوی حضرت خواجہ عبدالخالق صاحب' ساکن کورٹ عبدالخالق، متصل ہوشیار پور ہیں۔

سچ اور جھوٹ میں فرق کے لئے مرزا کے معیارات

برادران اسلام! مرزا کی اس قسم کی دروغ گوئیاں کثرت سے ہیں۔ ہم طوالت کے خوف سے اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ مرزا غلام احمد نے خود مسلمانوں کو ہدایت کی تھی کہ میں نے سچ اور جھوٹ کیلئے کچھ معیارات مقرر کئے ہیں' اگر میں ان پر پورا نہ اتروں تو آپ مجھے جھوٹا یقین کیجئے گا۔ مرزا کے یہ معیارات یہاں درج کئے جاتے ہیں تاکہ سچے جھوٹے کا فرق نمایاں ہو اور مسلمان مریدانِ مرزا کی چرب زبانی اور چیرہ دستی کے فریب سے بچ سکیں۔

پہلا معیار: یہ معیار خود مرزا غلام احمد قادیانی متنبّی کا مقرر کردہ ہے۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو:

''خدا تعالیٰ نے اس عاجز پر ظاہر کیا کہ مرزا احمد بیگ ولد گاماں بیگ ہوشیار پوری کی بڑی بیٹی آخر کار تمہارے نکاح میں آئے گی۔ وہ لوگ بہت عداوت کریں گے، رکاوٹ

بنیں گے اور کوشش کریں گے کہ اس طرح نہ ہو، لیکن آخر کار ایسا ہو کر ہی رہے گا۔ اور خدا تعالیٰ ہر حال میں اس کو باکرہ حالت میں یا بیوہ ہونے کی صورت میں لائے گا اور ہر قسم کی رکاوٹ کو دور کر دے گا' یہ کام ضرور کرے گا۔ بعض منصف آریہ صاحبان (ہندو) نے کہا ہے کہ اگر یہ پیشین گوئی درست ثابت ہوگی تو ہمیں یقین ہو جائے گا کہ بلاشبہ یہ خدا کا فعل ہے"۔ (اشتہار، ۱۱ رجولائی ۱۸۸۸ء میلادی)

لیکن افسوس کہ مرزا کی آسمانی منکوحہ کا نکاح ایک دوسرے شخص سے ہو گیا۔ جو موضع پٹی ضلع لاہور میں رہتا تھا اور مرزا کو شکست فاش ہوگئی اور لوگوں پر مرزا کی دروغ گوئی اور افتراء پردازی واضح ہوگئی۔ لیکن اس کے باوجود مرزا نے ایک اور جھوٹ بولا کہ وہ منکوحۂ آسمانی بیوہ ہو کر میرے گھر آئے گی' کیونکہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ ضرور مجھے منکوحہ آسمانی دے گا۔ میرے مخالفین جو مجھے ذلیل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور میری پیشین گوئی کی تکذیب میں لگے ہیں۔ (ان کے یقین کے لئے) اللہ تعالیٰ ایک اور نشان ظاہر کرے گا کہ میری صداقت کے اظہار کے طور پر اس عورت کے شوہر کو وفات دے کر منکوحہ کو بیوہ کر کے میرے گھر بھیج دے گا اور یہ تقدیر مبرم ہے' ہرگز ہرگز خطا نہ ہوگی۔ اگر خطا ہوگی تو میں تمام مخلوق سے بدترین قرار پاؤں گا۔ مرزا نے اس ضمن میں چھ پیشین گوئیاں مزید کیں۔ اگر یہ پیشین گوئیاں ظاہر نہ ہوئیں اور میں مرگیا تو میں جھوٹا قرار پاؤں گا۔ (انجام آتھم صفحہ ۳۱) اور اپنی کتاب "شہادت القرآن" میں درج ذیل چھ پیشین گوئیاں مزید نقل کیں۔

۱...... مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری، دختر منکوحہ کا باپ تین سال تک فوت ہو جائے گا نیز اپنے داماد کی موت بھی دیکھے گا اور اس وقت تک اسے موت نہ آئے گی جب تک کہ اپنی بیٹی کو میرے نکاح میں نہ دیکھ لے گا اور یہ بطور سزا کے ہوگا کہ اس نے اپنی بیٹی کا نکاح مجھ سے

کیوں نہیں کیا تھا۔

۲......احمد بیگ کا داماد اڑھائی سال تک مرجائے گا' تا کہ احمد بیگ اپنی بیٹی کو بیوہ ہوتا دیکھے۔

۳......مرزا احمد بیگ' شادی کے دن تک فوت نہ ہوگا۔

۴......بیٹی بھی نکاحِ ثانی تک فوت نہ ہوگی۔

۵......مرزا بھی نکاح ثانی تک فوت نہ ہوگا۔

۶......عاجز (مرزا) سے اس کا نکاح ہوگا۔ (شہادت القرآن، صہ ۸۰، مصنفہ مرزا)

مگر ہزار شکر کہ مرزا کی یہ تمام پیشین گوئیاں درست ثابت نہ ہوئیں اور وہ خود ہی فوت ہوگیا۔ اس کا داماد تادم تحریر (۱۷ ماہ مئی ۱۹۲۴ء) زندہ ہے اور وہ دختر بھی بقید حیات ہے۔ خداوند کریم نے غایت درجہ فضل وکرم سے اسے اولاد عطا فرمائی اور بارہ فرزندوں سے نوازا ہے۔ مرزا کا یہ مقرر کردہ معیار جھوٹا ثابت ہوا اور وہ بدترین لوگوں میں سے ہوگیا۔ اس کے بہت سے مریدان خاص تائب ہوگئے اور انہوں نے تجدید ایمان کر لی۔ اگر یہ تمام پیشین گوئیاں ثابت ہو جاتیں تو بہت سے مسلمان گمراہ ہو جاتے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے جھوٹے مدعی کا سارا راز فاش فرما دیا۔

دوسرا معیار: مرزا خود لکھتا ہے کہ ڈاکٹر عبدالحکیم بیس سال تک میری مریدی میں ہے اور اب چند دن ہوئے ہیں مجھ سے متنفر ہوگیا ہے اور میرا مخالف ہوگیا ہے۔ (حقیقۃ الوحی، مصنفہ مرزا)

اس نے مجھے دجال، کذاب، مکار، شیطان، شریر، حرام خور، خائن، شکم پرست، نفس پرست، فسادی اور جھوٹا جیسے القاب دیئے ہیں۔ نیز اس نے پیشین گوئی کی ہے کہ تین سال کے اندر مرزا فوت ہو جائے گا۔ چنانچہ میں بھی اپنے الہام کو جو ڈاکٹر کے حق میں مجھ پر ہوا تھا۔ بطور پیشین گوئی شائع کرتا ہوں تا کہ سچے اور جھوٹے کا فرق واضح ہو جائے۔

ڈاکٹر عبدالحکیم پٹیالوی کی پیشین گوئی

مرزا مسرف کذاب اور عیار ہے' صادق کے سامنے شریر فنا ہو جائے گا اور اس کی میعاد تین سال بتائی گئی ہے۔ (جولائی ۱۹۰۶ء)

مرزا کی پیشین گوئی

''خدا کے مقبولوں میں قبولیت کے نمونے اور علامتیں ہوتی ہیں اور وہ سلامتی کے شہزادے کہلاتے ہیں۔ ان پر کوئی غالب نہیں آسکتا''۔ (حقیقۃ الوحی)۔ ''خدا سچے کا حامی ہو''۔ (اشتہار، مصنفہ مرزا)

ناظرین کرام! یہ پیشین گوئیاں مرزا متنبّی اور ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب کے درمیان گویا روحانی کشتی تھی اور دونوں کے لئے یہ ایک معیار صداقت مقرر ہو گیا تھا۔ تاہم تین سال کے اندر ۲۶ رمئی ۱۹۰۸ء کو مرزا ہلاک ہو گیا اور ثابت ہو گیا کہ مرزا جھوٹا اور ڈاکٹر عبدالحکیم حق پر تھا۔

تیسرا معیار: مرزا نے تیسرا معیار یہ مقرر کیا کہ اس نے بارگاہِ خداوندی میں دعا کی کہ ''اے خدا! میرے اور مولوی ثناء اللہ امرتسری کے درمیان آخری فیصلہ فرما کہ ہم دونوں میں سے کون حق پر ہے' اور جو غلط راستہ پر گامزن ہو اس کو جو حق پر ہے اس کی زندگی میں ہلاک فرما۔ تا کہ جو بھی اپنے دعویٰ میں جھوٹا ہے اس کی تمیز ہو جائے''۔ خدا تعالیٰ نے مرزا کو الہام فرمایا: **اجیب دعوۃ الداع اذا دعان** (البقرۃ:۱۸۶)۔ (دعا قبول کرتا ہوں پکارنے والے کی جب مجھے پکارے)۔ مرزا کی دعا قبول ہو گئی۔ خدا تعالیٰ نے مولوی ثناء اللہ کے حق میں فیصلہ صادر فرما دیا اور مرزا' مولوی ثناء اللہ کی موجودگی میں ہلاک ہو گیا اور مولوی ثناء اللہ

تاحال بفضل خدا زندہ ہیں۔اس کے باوجود منشی قاسم علی مرزا کا حواری کہنے لگا کہ میں بطور شرط تین سو روپیہ دوں گا اگر مولوی ثناء اللہ ثابت کردے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے حق میں فیصلہ فرمایا ہے۔مولوی ثناء اللہ نے اس بات کو مان لیا۔تین سو روپے بطور امانت رکھ دیئے گئے اور ایک منصف مقرر کیا گیا۔بطور منصف اتفاق رائے سے سردار بچن سنگھ (وکیل سرکاری) مقرر کیا گیا۔سردار صاحب نے فیصلہ مولوی ثناء اللہ کے حق میں کر دیا اور مشروط رقم تین سو روپے بھی انہیں دلوادی' تو منشی قاسم علی کو شکست ہوگئی اور یہ بھی ثابت ہو گیا کہ مرزا جھوٹا تھا کیوں کہ مرزا کو الہام ہوا تھا کہ وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامة. (ازالہ اوہام، حصہ اول)

جب مولوی ثناء اللہ غالب آ گیا اور مرزا کا حواری مغلوب ہو گیا تو ثابت ہو گیا کہ مرزا کا یہ الہام اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہ تھا۔اور مولوی ثناء اللہ کو دگنی فتح حاصل ہوگئی' یعنی مرزا صاحب پر بھی اور مرزا کے حواری پر بھی۔

چوتھا معیار: ڈپٹی عبداللہ آتھم عیسائی تھا۔مرزا نے پیشین گوئی کی تھی کہ اگر عبداللہ آتھم پندرہ ماہ کے اندر فوت نہ ہوا تو میں جھوٹا ہوں گا اور جو سزا میرے لئے تجویز کی جائے گی وہ برداشت کروں گا۔خواہ مجھے سولی پر لٹکایا جائے یا میرے گلے میں رسی ڈالی جائے۔میں کسی قسم کا کوئی عذر پیش نہیں کروں گا۔مرزا کا ایک شعر بھی یوں ہے:

پیش گوئی کا جو انجام ہویدا ہوگا کوئی پا جائے گا عزت کوئی رسوا ہوگا

لیکن شان خدا دیکھئے کہ نتیجہ برعکس برآمد ہوا۔عبداللہ عیسائی نہ مرا بلکہ سلامت رہا اور مرزا ذلیل و خوار ٹھہرا۔عیسائیوں نے عبداللہ کو ہاتھی پر بٹھا کر امرتسر کے بازاروں میں ٹھہرایا اور مطالبہ کیا کہ مرزا چونکہ دروغ گو ثابت ہو گیا ہے۔لہٰذا اسے لایئے تا کہ ہم شرط

کے مطابق اسے سولی پر لٹکائیں۔ مرزا کے مریدین شرم کے مارے اپنے گھروں میں ہی گھسے رہے اور کوئی بھی سامنے نہ آیا۔ نواب محمد علی ساکن مالیر کوٹلہ جو مرزا کے خاص مریدوں میں سے تھا اس نے مرزا کو لکھا کہ مرزا صاحب! آپ کی جھوٹی پیشین گوئی سے آپ کا جھوٹا ہونا ثابت ہو گیا ہے۔ (لہٰذا ہمارا اب آپ سے کوئی تعلق نہیں)۔

اس صورت حال کے پیش نظر مرزا نے "عذر گناہ بدتر از گناہ" کے عنوان سے ایک اشتہار شائع کیا۔ نیز ایک کتاب بنام "انجام آتھم" جو جھوٹ کا پلندہ تھا بطور ضمیمہ شائع کی جس میں لکھا گیا کہ عبداللہ نے چونکہ دل ہی دل میں اسلام قبول کر لیا تھا' چنانچہ اس وجہ سے اس پر سے عذاب موعود اٹھا لیا گیا۔

مرزا کا یہ جواب انتہائی لغو اور خلاف قرآن تھا کیونکہ لوگوں کے دلوں کا حال سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا اور نہ ہی اللہ تعالیٰ جو کہ ظاہر و باطن کو جاننے والا ہے اس قسم کے منافقانہ ایمان کی وجہ سے عذاب اٹھاتا ہے۔ پس مرزا کی یہ پیش بینی بھی غلط ٹھہری اور اس کا جھوٹ پر ہونا ثابت ہو گیا۔

پانچواں معیار: مرزا نے روزنامہ "بدر" جو مرزا کے مریدوں کے زیر اہتمام شائع ہوتا ہے میں خود اشتہار دیا کہ میں طالبان حق کے لئے یہ بات واضح طور پر کہتا ہوں کہ میں جس کام کے لئے میدان میں نکلا ہوں وہ یہ ہے کہ میں عیسیٰ پرستی کے ستونوں کو توڑ دوں اور بجائے تثلیث کے توحید کو شہرت دوں اور محمد رسول اللہ ﷺ کی جلالت وعظمت کو ظاہر کروں اگر مجھ سے ایک کروڑ نشانیاں ظاہر نہ ہوئیں اور یہ علت غائی ظہور پذیر نہ ہوئی تو میں جھوٹا قرار پاؤں گا۔ لہٰذا دنیا مجھ سے کیوں دشمنی کرتی ہے اور میرا انجام کیوں نہیں دیکھتی۔ اگر میں اسلام کی حمایت میں وہ کام کروں جو مسیح موعود اور مہدی مسعود کو کرنا چاہیے تو میں راست گو

ٹھہروں گا اور اگر میں یہ کام نہ کرسکوں اور میری موت آجائے تو آپ تمام گواہ ہو جائیں کہ میں اس وقت دروغ گو قرار پاؤں گا۔ والسلام۔ (غلام احمد، اخبار بدر، مورخہ ۱۹ جولائی ۱۹۰۲ء)

کار مسیح کے حوالے سے مرزا اپنی کتاب ''ایام صلح'' میں لکھتا ہے: ''اور اس بات پر اتفاق ہے کہ جب مسیح آئیں گے تو دین اسلام ہر طرف جلوہ دکھا رہا ہوگا اور باقی جملہ باطل مذاہب ہلاک ہو جائیں گے اور سچائی کا دور دورہ ہوگا''۔ (ایام صلح، مصنفہ مرزا، صفحہ ۱۳۶)

علاوہ ازیں اپنی کتاب ''شہادت القرآن'' میں مرزا نے لکھا ہے: ''ہاں مسیح آگیا ہے یعنی میں آگیا ہوں اور وہ وقت آگیا ہے بلکہ عنقریب زمین پر نہ رام چندر کی پوجا کی جائے گی، نہ کرشن کی اور نہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اتباع کی جائے گی۔

(شہادت القرآن، صفحہ ۱۳، مصنفہ مرزا)

لیکن افسوس ہے کہ مرزا مؤرخہ ۲۶ مئی ۱۹۰۸ء کو ہلاک ہو گیا اور اس کی یہ دروغ گوئی پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی۔ اور تمام کے تمام معاملات الٹ گئے، بجائے صلیب کے خاتمے کے اسلام کے ستون منہدم ہو گئے اور جہاں توحید کا جھنڈا گڑا تھا وہاں 'تثلیث' کا علم لہرانے لگا اور اسلام کے غلبہ کے بجائے 'تثلیث' کا غلبہ ہونے لگا۔ یونہی جملہ مشرکین و کفار غالب آگئے۔ نیز مقامات مقدسہ بھی خلیفۂ اسلام کے قبضے میں نہ رہے اور عیسائیوں کے زیر اثر آگئے۔ مسلمانوں پر تاریکی کے بادل اس طرح چھا گئے کہ تمام کے تمام قعر مذلت میں جا پڑے۔ اللہ نے اپنے امر سے خود ثبوت فراہم کر دیا کہ مرزا ہرگز وہ مسیح موعود نہ تھا کہ جس کی خبر حضرت مخبر صادق علیہ السلام نے دی ہے۔

قارئین کرام! اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث ملاحظہ فرمائیے اور فیصلہ خود اپنے قلب سلیم سے طلب کیجیے۔

نزول عیسیٰ حدیث کی روشنی میں

پہلی حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تمہارے درمیان ابن مریم علیہ السلام نزول کریں گے، وہ ایک حاکم عادل کی حیثیت سے آئیں گے۔ صلیب توڑیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ کو معاف کریں گے، لوگوں کو مال دیں گے، لیکن کوئی قبول نہ کرے گا اور ایک سجدے کو دنیا و مافیہا پر ترجیح حاصل ہوگی۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن مجید کی یہ آیت مبارکہ اگر تم چاہتے ہو تو پڑھ لو کہ "اہل کتاب میں کوئی ایسا نہ ہوگا جو عیسیٰ علیہ السلام کی وفات سے پہلے ان پر ایمان نہ لائے۔ عیسیٰ علیہ السلام قیامت کے روز ان پر گواہ ہوں گے"۔ (بخاری و مسلم، باب نزول عیسیٰ علیہ السلام)

اس حدیث سے درج ذیل امور روزِ روشن کی طرح ثابت ہوتے ہیں:

۱...... مسیح موعود سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ امت محمدیہ میں سے اور کوئی فرد مسیح موعود نہیں ہو سکتا، کیونکہ "صحیح البخاری" جو قرآن پاک کے بعد سب سے زیادہ صحیح کتاب ہے۔ نیز "مسلم شریف" میں فصل نزول عیسیٰ علیہ السلام مندرج ہے۔ اگر عیسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کوئی اور مسیح موعود ہوتا یعنی بطور نقل، بروز ظل یا مثیل کے تو اس صورت میں امام محمد بن اسماعیل بخاری جیسے محقق اپنی کتاب میں باب 'نزول عیسیٰ' درج نہ فرماتے۔ کیونکہ شریعت محمدیہ میں غیر نبی پر لفظ نبی کا استعمال نہیں ہوتا۔ اگر یہ کہا جائے کہ مرزا بھی نبی تھا تو یہ باطل ہے کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں پیدا ہوگا۔

۲...... اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ مسیح موعود بادشاہ ہوں گے اور ان کی نشانی یہ ہوگی کہ وہ صلیب توڑیں گے یعنی "صلیبی مذہب" کا خاتمہ کریں گے۔ جبکہ مرزا کے وقت

مذہب صلیبی نے اتنی ترقی کی کہ اس قدر پہلے کبھی نہ کی تھی۔ صلیب کے پجاری اس قدر غالب آ گئے ہیں کہ صوبہ تھریس اور مقدونیہ میں اڑھائی لاکھ مسلمانوں کو ''اہل بلغاریہ'' نے دردناک عذاب دے کر ہلاک کر دیا۔ (اخبار زمیندار، مطبوعہ ۸؍ستمبر ۱۹۱۳ء)۔ یونہی علاقہ پطرس، مولک اور حصار وغیرہ میں مسلمانوں کو جبراً عیسائی بنایا گیا (رسالہ انجمن حمایت اسلام، ماہ فروری ۱۹۱۳ء)

لیکن مرزا کے زمانہ میں تو بجائے کسرِ صلیب کے (خاکم بدہن) الٹا دینِ اسلام کا ستیاناس ہو گیا۔ یہاں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ مرزا ایک جھوٹا شخص تھا۔

۳...... مسیح کی علامات میں سے یہ ہے کہ اس کے زمانے میں جزیہ معاف ہو جائے گا، لیکن مرزا اپنے زمانہ میں صلیبیوں کی رعیت میں شامل تھا اور بجائے جزیہ معاف ہونے کے اپنی زمین کا جزیہ ادا کرتا تھا اور بجائے حاکم ہونے کے محکوم تھا، بلکہ اس نے انکم ٹیکس معاف کرانے کے لئے اپنی غربت وافلاس کو ظاہر کیا اور درخواست دی۔ (ضرورۃ الامام، صفحہ ۱۵)

۴...... مسیح کی ایک علامت یہ ہے کہ یفیض المال یعنی مال غنیمت اس قدر ہو گا کہ مسیح لوگوں کو مال دے گا اور وہ لینے سے انکار کر دیں گے، لیکن مرزا بجائے مال دینے کے خود مال بٹورتا ہے۔ کبھی تالیف کتب کے حوالے سے کبھی توسیع مکان کے حوالے سے۔ یونہی کبھی لنگر خانہ کی مدد کے طور پر اور کبھی سکول کے لئے۔ اسی طرح کبھی 'منارۃ المسیح' کے لئے، بیعت کی فیس کے طور پر اور کبھی اپنے دعاوی کی اشاعت کے لئے۔ الغرض کسی نہ کسی حیلے سے اس نے مال اکٹھا ہی کیا ہے، نہ کہ لوگوں کو دیا ہے۔

۵...... مسیح کی ایک علامت یہ ہے کہ مسیح موعود وہ ہے جس کے حق میں یہود کہتے تھے کہ ہم اس کو سولی پر لٹکائیں گے جب کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں یہود کی تردید فرمائی ہے کہ ''مسیح نہ قتل ہوئے اور نہ ہی سولی پر لٹکائے گئے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی طرف اٹھالیا ہے

اور وہ جب نزول کریں گے تو اہل کتاب میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہ ہوگا جو ان پر ایمان نہ لائے اور قیامت کے دن عیسیٰ علیہ السلام ماننے والوں کی گواہی دیں گے"۔ تو قرآن پاک کی اس نص قطعی کے پیش نظر جو شخص بھی یہ کہتا ہے کہ "میں وہی عیسیٰ علیہ السلام ہوں جس کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے" وہ بہت بڑا کذاب ہے۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلانے والا ہے۔ دائرۂ اسلام سے خارج ہے کیونکہ وہ صریح طور پر قرآن وحدیث اور اجماع امت کا انکار کر رہا ہے۔

اس سلسلے میں ہم ایک اور حدیث شریف نقل کرتے ہیں تاکہ یہ ثابت ہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر زندہ موجود ہیں اور آخری زمانے میں زمین پر نزول فرمائیں گے اور پھر وصال ہو جانے کے بعد مدینہ منورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقبرۂ مبارکہ میں دفن ہوں گے۔ اور مرزا کی اوٹ پٹانگ باتیں سراسر باطل ہیں۔

دوسری حدیث: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام زمین کی طرف نزول فرمائیں گے، نکاح کریں گے، ان کی اولاد پیدا ہوگی وہ دنیا میں پینتالیس سال رہیں گے' بعد ازاں ان کا وصال ہو جائیگا اور وہ میری قبر کے پاس دفن کئے جائیں گے۔ چنانچہ میں اور عیسیٰ ابن مریم' ابوبکر اور عمر کے درمیان ایک مقبرے سے اٹھیں گے۔ (اس روایت کو ابن جوزی نے کتاب 'الوفاء' میں نقل کیا ہے)۔ (مشکوٰۃ شریف، جلد چہارم، باب نزول عیسیٰ علیہ السلام)

اس حدیث سے سات باتیں ثابت ہوئیں:

۱...... حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام اصالتاً نزول فرمائیں گے جو کہ اللہ تعالیٰ کے رسول' نبی ناصری اور صاحب کتابِ انجیل ہیں' نہ کہ امتِ محمدیہ میں سے کوئی اور شخص (عیسیٰ ابن مریم

ہوگا۔

۲.....وہ شادی کریں گے، اس لئے کہ وہ شادی سے پہلے ہی اٹھالئے گئے تھے۔

۳.....نزول کے بعد وہ صاحب اولاد ہوں گے۔ تو مرزا کہ صاحب اولاد تھا لہٰذا ہرگز مسیح موعود تسلیم نہیں کیا جائے گا۔

۴.....نزول کے بعد ان کے ٹھہرنے کی مدت پینتالیس سال ہے جب کہ مرزا دعویٰ کرنے کے بعد پینتالیس سال تک زندہ نہ رہ سکا۔

۵.....مسیح کا مدفن حدیث شریف کے مطابق مدینہ منورہ ہے نہ کہ قادیان۔

۶.....قیامت کے روز مسیح علیہ السلام کا حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے درمیان سے اٹھنا۔

۷.....مسیح علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے نہ کہ مرزا کی طرح شکم مادر سے پیدا ہوں گے۔

ان سات پیشین گوئیوں میں سے دو پیشین گوئیاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق ظہور پذیر ہو چکی ہیں، جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے۔ یعنی پہلے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے مقبرۂ مبارکہ میں دفن ہوئے۔ بعد ازاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسی جگہ مدفون ہوئے۔ حالانکہ یہ پیشین گوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت فرمائی تھی، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم ظاہری حیات مبارکہ کے ساتھ تشریف فرما تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ اوّل مقرر ہوئے اور آپ مسلمانوں کے ساتھ مختلف جنگوں میں بھی شریک رہے تاہم کسی جنگ میں جام شہادت نوش نہ فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کے مطابق مدینہ منورہ میں وصال فرمایا اور مقبرۂ مبارکہ میں مدفون ہوئے۔ اسی طرح فاتح بیت المقدس خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی کسی جنگ میں شہید نہ ہوئے اور مدینہ منورہ میں ہی حضور مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم

کی پیشین گوئی کے مطابق مقبرۂ مبارکہ میں مدفون ہوئے۔ چنانچہ جب دو باتیں من وعن ظہور پذیر ہوئیں تو باقی باتیں بھی ضرور منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوں گی، جیسا کہ ہر مومن مسلمان کا عقیدہ ہے۔ مرزا کی یہ تاویلات بالکل باطل ہیں کہ ''میں روحانی طریقے سے رسول اللہ ﷺ کے وجود پاک میں مدفون ہوں''۔

مرزا غلام احمد قادیانی نے اس حدیث کی خود تصدیق کی ہے اور اپنی کتاب میں درج کی ہے۔ عبارت ملاحظہ ہو!

میری جو پیشین گوئی منکوحۂ آسمانی محمدی بیگم کے حوالے سے کی گئی ہے اس کی تصدیق جناب رسول اللہ ﷺ نے وقوع سے پہلے فرمائی ہے کہ "یتزوج ویولد له" یعنی ''وہ مسیح شادی کرے گا اور صاحب اولاد بھی ہوگا''۔ تو ظاہر ہے کہ یہ شادی اور اولاد کا ذکر عام نہیں ہے بلکہ خاص ہے' کیونکہ ہر کوئی شادی کرتا ہے اور اولاد پیدا ہوتی ہے' اس میں کوئی تعجب نہیں ہے۔ بلکہ اس شادی سے وہ خاص شادی مراد ہے جس کی میں نے پیشین گوئی کی ہے۔ (ضمیمہ انجام آتھم، مصنفہ مرزا غلام احمد متنبی قادیانی)

علاوہ ازیں مرزا متنبی نے اپنی کتاب میگزین ۱۴ جنوری ۱۹۰۶ء میں لکھا ہے کہ ''میں مکہ میں مروں گا یا مدینہ میں''۔ مرزا کی اس الہامی عبارت سے بھی اس حدیث کی تصدیق ہوتی ہے اس عبارت سے یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح ہو رہی ہے کہ یہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے۔ چنانچہ مرزا کے مریدوں میں سے کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ مضمون حدیث کا انکار کرتا پھرے اور اس آیت کا مصداق ہو جائے کہ: ﴿اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْکِتٰبِ وَتَکْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ﴾ ترجمہ: ''کتاب کے بعض حصوں پر ایمان رکھتے ہو اور بعض کا انکار کرتے ہو''۔

اس حدیث سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اصالتاً آسمان سے نیچے زمین کی طرف نزول فرمائیں گے اور وہ اسی وجہ سے تا حال زندہ ہیں۔ نزول کے بعد وصال فرمائیں گے۔ چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے:

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھالیا گیا تھا تو اس وقت آپ کی عمر بتیس سال چھ ماہ تھی اور آپ کی نبوت تیس مہینے تھی۔ بلا شبہ اللہ نے انہیں جسد عنصری کے ساتھ اٹھالیا' وہ تا حال زندہ ہیں۔ وہ دنیا کی طرف واپس لوٹیں گے اور بادشاہ ہوں گے۔ بعد ازاں ان کا وصال ہوگا جیسا عام لوگوں کا وصال ہوتا ہے''۔

(طبقات محمد بن سعد، جلد اول، صفحہ ۲۶، مطبوعہ لندن، جرمنی ۱۳۲۲ء)

اس حدیث سے درج ذیل باتیں ثابت ہوئیں:

اول: اس حدیث سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا جسد عنصری کے ساتھ اٹھالیا جانا ثابت ہوتا ہے۔ چنانچہ مرزا کا قیاس غلط ہوا کہ ''رفع'' سے مراد رفع روحانی ہے۔ کیوں کہ رفع روحانی تو ہر مومن کے لئے ہے۔

دوم: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تینتیس (۳۳) سالہ عمر میں اٹھایا گیا تھا تو مرزا کا یہ قیاس غلط ہوگیا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی قبر کشمیر میں ہے اور انہوں نے ایک سو بیس سال کی عمر پائی ہے۔

سوم: رفع زندہ حالت میں ثابت ہے تو مرزا کا یہ قیاس غلط ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے ہیں۔

چہارم: اس حدیث سے جسمانی نزول ثابت ہوا۔ کیونکہ لفظ رفع ظاہر کرتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخری زمانہ میں واپس تشریف لائیں گے تو واپسی کے لئے زندہ ہونا لازمی ہے۔

اگر کوئی کہے کہ آسمان پر جانا عقلی طور پر محال ہے اور واپس آنا ممکن نہیں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول قیامت کی علامتوں میں سے ایک علامت ہے: ﴿وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ﴾ یعنی ''نزول عیسیٰ علیہ السلام قیامت کی علامتوں میں سے ایک علامت ہے''۔ تو قیامت بھی محالات عقلی میں سے ہے کہ ہزاروں سال پہلے فوت ہونے والے جن کی ہڈیاں گل سڑ گئی ہیں، زندہ ہو جائیں گے۔ اور مٹی سے مٹی ہو جانے والے جسم دوبارہ حیات نو سے ہمکنار ہوں گے اور ان کا حساب و کتاب ہوگا۔ یونہی پھر تو قیامت کی دوسری علامات بھی محالات عقلی اور غیر ممکنات میں سے ہو جائیں گی۔ مثلاً مغرب کی طرف سے طلوع آفتاب، دجال اور اس کے گدھے کا خروج، جس کی احادیث نبویہ میں صفات بیان کی گئی ہیں وغیرہ۔ اسی طرح یاجوج ماجوج کا خروج اور ان کی صفات، تمام محال اور عقل وفہم سے وراء ماننا پڑیں گی۔ اگر کوئی شخص اس چیز کے عقلی طور پر محال ہونے کا انکار کرتا ہے تو اس سے تو روزِ جزا وسزا اور یوم الحساب سے انکار لازم آتا ہے اور ایسا انکار آدمی کو ایمان واسلام سے خارج کر دیتا ہے۔ اسی انکار کے باعث کافر دولت ایمانی سے محروم ہیں، دراصل اسلام اور کفر میں یہی فرق ہے۔ چنانچہ مومن کے شایان شان نہیں ہے کہ اس قسم کے فاسد اعتراضات کی طرف متوجہ ہو کر ﴿یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ﴾ جیسی دولت ایمان سے ہاتھ دھو ڈالے۔

اس مسئلے پر امت کا اتفاق ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام قیامت کے نزدیک آسمان سے نزول فرمائیں گے اور دجال کو قتل کریں گے۔ جیسا کہ درج ذیل احادیث سے واضح ہے:

ا...... عن عبداللّٰه ابن مسعود قال قال رسول اللّٰه ﷺ لقیت لیلة اُسری بی

ابراهیم وموسٰی وعیسٰی علیهما السلام فتذاکروا امر السّاعة فردّوا امرهم الٰی ابراهیم فقال لا علم لی بها فردّوا امرهم الی موسٰی فقال لا علم لی بها فردّوا امرهم الی عیسٰی فقال اما وجبت فلا یعلم بها احد الا اللّٰه وفیما عهد الی ربی عزوجل انّ الدجّال خارج و معی قضیبان فاذا رانی ذاب کما یذوب الرصاص فیهلکه اللّٰه.

۲......علامہ سید بدرالدین عینی 'عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری جلد ۱۱ صفحہ ۳۷۱' پر لکھتے ہیں: انّ عیسٰی یقتل الدجالَ بعد أنْ ینزلَ من السّماء. ''حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہونے کے بعد دجال کو قتل فرمائیں گے''۔

۳......حواشی صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۴۰۳ (حاشیہ نووی) پر قاضی عیاض کا قول ہے کہ قال القاضی نزول عیسٰی وقتل الدجال حق وصحیح عند أهل السُّنّة بالاحادیث الصحیحة. قاضی عیاض کہتے ہیں کہ اہل سنت کے نزدیک نزول عیسیٰ علیہ السلام اور دجال کا قتل ہونا حق اور صحیح ہے۔ یہ بات احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔

۴......حسن کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں سے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت نہیں ہوئے بلکہ وہ تمہاری طرف قیامت سے پہلے واپس لوٹیں گے۔ (تفسیر ابن کثیر)

۵......جب رسول اللہ علیہ السلام صحابہ کرام کی ایک جماعت کے ساتھ ابن صیاد کے گھر اسے دیکھنے کے لئے تشریف گئے تو ابن صیاد میں دجال کی چند علامات پائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی کہ اگر حکم فرمائیں تو ابن صیاد جو دجال معلوم ہوتا ہے، کو قتل کر دوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال کے قاتل حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں جو نزول فرمانے کے بعد اس کو قتل کر دیں گے۔ (خلاصہ حدیث، مندرجہ کنز العمال، جلد ۷، صفحہ ۲۰۲)

۶......حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جناب رسالت مآب ﷺ کی خدمت میں عرض کی کہ مجھے معلوم ہوتا ہے کہ میں آپ کے بعد زندہ رہوں گی' لہٰذا آپ اجازت فرمائیں کہ وصال کے بعد میرا دفن آپ کے پہلو مبارک میں ہو۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ میری قبر کے نزدیک حضرت ابوبکر، حضرت عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبور کے علاوہ کوئی جگہ خالی نہیں ہے۔ (خلاصہ حدیث، مندرجہ حاشیہ سند امام احمد، جلد۲، صفحہ ۵۷)

۷......أخرج البخاری فی تاریخه عن عبداللّٰه ابن سلام قال یدفن عیسیٰ مع رسول اللّٰه وأبی بکر وعمر فیکون قبره رابعاً. حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام رسول اللہ ﷺ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ساتھ دفن ہوں گے اور آپ کی قبر چوتھی ہوگی۔ (تفسیر در منثور، جلد۲، صفحہ ۲۵۴)

۸......أخرج ابن عساکر واسحاق ابن بشیر عن ابن عباس قال قوله تعالیٰ عزوجل: ﴿یٰعِیسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ﴾ قال انّی رافعک متوفیک فی اٰخر الزمان. یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا مذہب یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول کے بعد آخری زمانہ میں وصال فرمائیں گے۔ (تفسیر در منثور، جلد۲، ص ۳۱)

۹......وفی البخاری قال ابن عباس انی متوفیک بعد انزالک من السماء فی اٰخر الزمان. یعنی میں آسمان سے نازل کرنے کے بعد آخری زمانہ میں آپ کو وفات دوں گا۔ (تفسیر جلالین، صہ ۵۰)

۱۰......ای ممیتک فی وقتک بعد النزول من السماء. یعنی میں آپ کو آسمان سے نزول کے بعد وقت مقررہ میں وفات دوں گا۔ (تفسیر مدارک، جلد اول، صفحہ ۱۲۶)

۱۱......انّ فی الاٰیة تقدیما وتاخیرا تقدیره انی رافعک الی ومطهرک من

الذین کفروا ومتوفیک بعد انزالک الی الارض. یعنی میں تجھے آسمان سے زمین کی طرف نزول کے بعد آخری وقت میں وفات دوں گا۔ (تفسیر خازن، جلد اول، صفحہ ۲۴۹)

ناظرین کرام! درج بالا قرآن شریف، احادیث مبارکہ، تفاسیر اور اقوال صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوگئی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخری زمانہ میں آسمان سے نزول فرمائیں گے۔

اہل سنت وجماعت کے ہاں اس سلسلہ میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔ بلکہ مرزا نے خود اپنی کتاب ''براہین احمدیہ'' میں لکھا ہے کہ جب مسیح علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف فرما ہوں گے تو دین اسلام تمام آفاق واقطار میں پھیل جائے گا۔

(براہین احمدیہ، صفحہ ۴۹۸، ۴۹۹، مصنفہ مرزا قادیانی متنبی)

لیکن افسوس ہے کہ مرزا' بزرگان دین کے اقوال، نصوصِ قرآنی اور احادیث مبارکہ کو اپنی الہامات کے مقابلہ میں ردّ کر دیتا ہے اور اپنے الہامات جو کہ ظنی ہیں اور نہ ہی حجت شرعی' کو راجح سمجھ کر مسیحیت ونبوت کا دعویٰ کر بیٹھا ہے۔

مرزا کا الہام ملاحظہ ہو:

مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور اسکے رنگ میں ہو کر تو آیا ہے۔

(ازالۂ اوہام' حصہ دوم' ص ۵۶۱)

الہام کے متعلق علماء کے اقوال

یہ اصول تمام اسلامی فرقوں کے ہاں مسلّم ہے کہ امتی کا الہام شرعی حجت نہیں ہے۔ یہاں بزرگان دین کے چند اقوال نقل کئے جاتے ہیں تاکہ معلوم ہو کہ مرزا کے الہامات حجت شرعی نہیں ہیں اور مسلمان اس بات کے پابند نہیں کہ وہ کسی امتی کے الہام کی

پیروی کریں۔ اس لئے کہ الہام 'ظنی' ہوتا ہے اور قرآن وحدیث مبارکہ کا علم 'یقینی' ہے۔ لہٰذا کسی مسلمان کا یہ کام نہیں ہے کہ وہ ظن کو یقین پر ترجیح دے اور اس پر عمل کر کے خود بھی گمراہ ہو اور دیگر مسلمانوں کو بھی گمراہ کرتا پھرے۔ نیز اپنے دعووں کی بنیاد الہام (جو کہ ظنی ہوتا ہے) بناتا پھرے۔ ذیل میں الہام کے متعلق اقوال سلف درج کیئے جائے ہیں:

۱...... حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس وقت تک اپنے الہام پر عمل نہ فرماتے جب تک کہ اس کی تصدیق قرآن شریف سے نہ ہو جاتی۔

۲...... حضرت قاضی ثناء اللہ 'ارشاد الطالبین' میں فرماتے ہیں کہ اولیاء کا الہام علم ظنی کا سبب ہے۔ اگر ولی اللہ کا کشف اور الہام حدیث کے مخالف ہوا گرچہ احاد سے ہو بلکہ قیاس (جو کہ تمام شرائط کا جامع ہو) کے مخالف ہو تو ایسے میں قیاس کو ترجیح دینا چاہیے اور کہتے ہیں کہ اس مسئلہ میں سلف وخلف کا اتفاق ہے۔

۳...... امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ 'احیاء العلوم' میں فرماتے ہیں کہ ابو سلیمان دارانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ الہام پر عمل نہیں کرنا چاہیے تاوقتیکہ آثار واحادیث مبارکہ سے اس کی تصدیق نہ ہو جائے۔

۴...... حضرت پیران پیر شیخ عبد القادر جیلانی (غوث اعظم) رحمۃ اللہ علیہ 'فتوح الغیب' میں فرماتے ہیں کہ کشف والہام پر عمل کرنا چاہیے تاہم اس صورت میں کہ یہ کشف والہام قرآن شریف، احادیث نبویہ، اجماع امت اور قیاس کے مطابق ہو۔

اب دیکھئے! مرزا جیسا کذاب مدعی نبوت و رسالت باوجود اس کے کہ وہ مسلمان ہونے اور حضور خاتم النبیین ﷺ کا امتی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے یوں کہتا ہے:

آنچہ من بشنوم زوحی خدا بخدا پاک دانمش ز خطا

ہمچو قرآں منزہ اش دانم از خطاہا ہمیں است ایمانم

اور نہایت جسارت کرتے ہوئے کہتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی جو حدیث مبارکہ میرے الہام کے مطابق نہ ہو اس کو میں ردّی کی ٹوکری میں پھینک دیتا ہوں۔

(اعجاز احمدی، صفحہ ۳۰، مصنفہ مرزا متنبی)

حالانکہ اجماع امت تو اس پر ہے کہ ہر وہ الہام جو قرآن شریف اور احادیث نبویہ کے مخالف ہو وہ ردّی ہے اور عمل کے قابل نہیں ہے۔ لیکن یہ مدعی کاذب قرآن شریف، احادیث مبارکہ، تعامل صحابہ رضی اللہ عنہم اور اجماع امت کو اپنے الہامات کے مقابلے میں قابل عمل نہیں سمجھتا۔ بلکہ یہ ایسا دروغ گو ہے کہ مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہوئے کہتا ہے:

ما مسلمانیم از فضل خدا مصطفیٰ مارا امام و پیشوا

مسلمانوں کو تو یہ حکم ہے کہ وہ الہامات کو قرآن شریف و احادیث مبارکہ کے تابع رکھیں۔ جب کہ مرزا قرآن شریف اور احادیث نبویہ کو اپنے الہامات و وساوس کے تابع جانتا ہے۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ مرزا کے دل میں وسوسہ پیدا ہوا تو شیطان نے اس کو قرآن شریف و احادیث مبارکہ، اجماع امت اور اولیاء اللہ کے خلاف الہامات کئے کہ تو مسیح موعود ہے کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام وفات پا چکے ہیں۔ اور جس کا وصال ہو جائے تو وہ دوبارہ اس دنیا میں لوٹ کر نہیں آسکتا۔

چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے نبی تھے اور حضرت خاتم النبیین ﷺ نے حضرت عیسیٰ ابن مریم کے نزول کی خبر دیتے ہوئے انہیں نبی اللہ فرمایا تھا، مرزا نے یہ ضروری جانا کہ دعوائے نبوت بھی کر لے اور مہر ختم نبوت کو توڑ ڈالے۔ چنانچہ کہنے لگا کہ میں مسیح موعود ہوں اور خدا تعالیٰ نے میرا نام ابن مریم رکھا ہے لہٰذا میں اللہ تعالیٰ کا نبی بھی ہوں۔

مرزا نے یہ نہ جانا کہ حضرت خاتم النبیین ﷺ کے بعد کوئی جدید نبی کسی ماں کے پیٹ سے پیدا نہ ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے: عن أبی هريرة أنّ النبیﷺ قال الأنبیآء أخوة من علات أمهاتهم شتٰی ودينهم واحد وانی أولٰی النّاس بعيسٰی ابن مريم لأنّه لم يكن نبی بينی وبينه وأنّه نازل فاذا رائيتموه فاعرفوه رجل مربوع الی الحمرة والبياض. ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمام انبیاء علاتی بھائیوں کی طرح ہیں کہ ان کے فروعی احکام تو مختلف ہیں لیکن ان سب کا دین ایک ہے (یعنی توحید اور حق کی دعوت)۔ میں عیسٰی ابن مریم کے نزدیک تر ہوں کیوں کہ میرے اور ان کے درمیان کوئی پیغمبر بھی نہیں ہے۔ بے شک وہ نزول کریں گے۔ ان کی شناخت یہ ہے کہ ان کا قد میانہ ہوگا اور وہ گندم گوں ہوں گے۔

چنانچہ مہر نیمروز کی طرح ثابت ہوگیا کہ مرزا اپنے دعوائے مسیحیت اور دعوائے رسالت و نبوت میں سچا نہ تھا بلکہ فارس بن یحیٰی (جس نے مصر میں مسیح موعود کا دعوٰی کیا) اور شیخ محمد خراسانی (کہ جس نے خراسان میں مسیحیت کا دعوٰی کیا تھا) کی طرح اپنے دعوٰی میں جھوٹا تھا۔ لہٰذا مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ مرزا کے مریدوں سے احتراز و اجتناب کریں۔ مرزا کے مریدوں کی علامات یہ ہیں کہ وہ بوقت گفتگو ابتداء وفاتِ مسیح سے کرتے ہیں اور آپ کی حیات مبارکہ جو کہ نصوص قرآنیہ، احادیث نبویہ اور اجماع امت سے ثابت ہے اس سے انکار کرتے ہیں۔

قارئین کرام! مرزائیوں کی اس مفسد جماعت کا مقصد یہ ہے کہ کابل و بخارا کے راستے سلطنت روس کو حاصل کر کے ہندوستان پر حملہ آور ہوں اور سلطنت ہند پر خود قابض ہو جائیں، تا کہ مرزا غلام احمد متنبّی کی یہ پیشین گوئی سچ ثابت ہو کہ ”میں تجھے اس قدر برکت

دوں گا کہ بادشاہ تیرے لباس سے برکت ڈھونڈیں گے“۔ (الوصیت، مصنفہ مرزا متنبی)

ایک دوسرا الہام اس کا یہ ہے: یؤتی الملک العظیم. (حقیقۃ الوحی، ص/۹۱)

ان دو الہامات کی بناء پر میاں بشیر الدین محمود خلیفہ قادیانی سلطنت کے خواب دیکھتا ہے اور لکھتا ہے کہ اس ملک کی باگ ڈور آخر احمدیوں کے ہاتھ آجائے گی تو جو حکومت بھی اس جماعت کے راستے میں روڑے اٹکائے گی اور اس کو اپنا ملجا و ماویٰ نہ تسلیم کرے گی اور اپنے آپ کو اس جماعت کے دامن سے وابستہ نہ کرے گی وہ ہلاک کردی جائیگی اور صفحہ ہستی سے اسکا نام ونشان مٹا دیا جائے گا۔ (تحفہ شاہزادہ، مصنفہ مرزا محمود خلیفہ ثانی، صہ ۱۱۲)

مختصر یہ کہ! یہ جماعت کئی سیاسی پہلو رکھتی ہے اور عوام اہل اسلام کے لئے انتہائی خطرناک ہے خصوصاً افغانستان اور بخارا کے عوام اور حکام کو اس جماعت سے باخبر رہنا چاہیے اور ان دشمنانِ اسلام کے ہتھکنڈوں سے محفوظ رہنا چاہیے۔ وما علینا الا البلاغ

خاکسار محمد پیر بخش عفی عنہ

(مرزائیوں کے متعلق علماء کرام کے فتوؤں کی نقول آئندہ صفحات پر ملاحظہ ہوں۔ مترجم)

نقولِ فتویٰ بطور اختصار:

دربارۂ ارتداد و الحاد و کفر مرزا غلام احمد قادیانی پنجابی مدعی نبوت و مہدویت وغیرہ از علمائے مکہ معظّمہ و مدینہ منورہ۔ (از رسالہ رجم الشیاطین)

اوّل: میرے نزدیک وہ (مرزا غلام احمد قادیانی متنبی) دائرہ اسلام سے خارج ہے کسی بھی مسلمان کو اس کی اطاعت کرنا جائز نہیں۔

۱..... محمد رحمت اللہ بن خلیل الرحمٰن قاضی القضاۃ مکہ معظّمہ۔

۲..... محمد صالح فرزند مرحوم صدیق کمال حنفی۔

۳...... حضرت شیخ العلماء محمد سعید مفتی شافعیہ۔

۴...... مفتی محمد بن شیخ حسین مالکی۔

۵...... مفتی صاحب خلف ابن ابراہیم حنبلی (بے شک قادیانی دوسرا مسیلمہ ہے۔)

۶...... مفتی عثمان بن عبدالسلام داغستانی حنفی مدینہ منورہ۔

۷...... مفتی شافعیہ سید جعفر برزنجی مدینہ منورہ۔ (مرزا نے جس الہام کا دعویٰ کیا ہے یہ شیطانی وحی ہے۔)

۸...... مولانا محمد علی بن طاہر وتری حسینی حنفی مدنی مدرس علم الحدیث، مسجد نبوی۔ (ہر مومن و مسلمان جو کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے اس پر واجب ہے کہ غلام احمد قادیانی کو جھوٹا یقین کرے۔)

فتویٰ متفقہ علماء شیعہ وسنی عراق بر تکفیر مرزا قادیانی

(نوٹ: پہلی مرتبہ یہ فتویٰ مطبع دارالسلام بغداد شریف میں بصورت کتاب چار صفحوں پر مشتمل شائع ہوا۔ بعدازاں عراق کے جریدہ "الیقین" میں شائع ہوا۔)

ذیل میں اصلی عربی فتویٰ مع ترجمہ درج کیا جاتا ہے:

الاستفتاء

ما قول السّادة علماء المسلمين الاعلام فى رجل هندى مرزا غلام احمد قادیانی الذی ادّعٰی من حين الى آخر قبل وفاته فى سنة ۱۹۰۸ میلادیه.

۱۔انه هو المسيح الموعود. (تتمہ حقیقۃ الوحی، ص۷۸)

۲۔انه هو المهدی. (حقیقۃ الوحی، صہ۳۶۱، ومعیار اخیار، صہ۱۱)

۳۔انه نبی. (تتمہ حقیقۃ الوحی،صہ ۳۸)

٤۔انه رسول اللّٰه. (اخبار الاخیار،صہ ۳)

٥۔انه مجسم ربانی. (کتاب البریہ،صہ ۷۹)

ویدعی انه افضل من بعض الانبیاء بما فیهم عیسیٰ علیہ السلام (دافع البلاء، ومعیار الاخیار، صہ ۱۱) ومحمد ﷺ (اعجاز احمدی، صہ ۱۷، وحقیقۃ الوحی، صہ ٦٧، وتحفہ گولڑویہ، ص / ۴۰)۔ ویتشدق بذم الحسین (اعجاز احمدی،صہ ٦٩، ودافع البلاء ۱۳، درثمین،صہ ۲۸۷)۔ ویذم المسیح. (دافع البلاء) بالفاظ بذئیة ویکفر المسلمین ویهین رؤساء الروحانیین المسلمین ویکفرهم (حقیقۃ الوحی،صہ ۱٦۳) ویدعی انه یوحی الیه بمایاتی:

۱۔ یحمدک اللّٰه من عرشه ویمشی الیک (اربعین جلد ثالث صہ ۲۴ وانجام اٰثام صہ ۵۵)

۲۔ انت من مائنا وهم من فشل. (اربعین جلد ثالث، صہ ۴۰)

۳۔ انت منی بمنزلة اولادی. (دافع البلاء، صہ ٦)

٤۔ انت منی بمنزلة ولدی. (حقیقۃ الوحی صہ ۸٦)

٥۔ انت منی وانا منک. (حقیقۃ الوحی صہ ٦ و ۷، ۷۴)

٦۔ لولاک لما خلقت الا فلاک. (حقیقۃ الوحی صہ ۹۹)

۷۔ انما امرک اذا ارادت شیئا ان تقول له کن فیکون. (حقیقۃ الوحی صہ ۱۵)

۸۔ وما ارسلناک الا رحمة للعالمین. (حقیقۃ الوحی صہ ۸۲)

۹۔ اخترتک لنفسی والارض والسماء معک کما هو معی وسرک سری. انت منی بمنزلة توحیدی وتفریدی. (اربعین، جلد ۲)

۱۰۔ اسمع ولدی. (البشریٰ، جلد واحد، صہ ۴۹)

۱۱۔ قل یا ایها الناس انی رسول اللّٰہ الیکم جمیعا. (اخبار الاخیار، صہ ۳)

۱۲۔ انا اعطینک الکوثر. (انجا آثار، صہ ۸۵)

هل بعد هذا الرجل من المسلمین اهم یحکم بکونه من الدجالین الکافرین المرتدین وما قولهم زاد فضلهم بخلیفة الذی هو ابنه والذی یدعو الناس لاتباعه وما قولهم زادت برکاتهم بحق اتباع المرزا غلام احمد قادیانی واتباع خلیفته وفی معاشرة المسلمین لهم وهل من یتبع المرزا المذکور اوخلفائه یمرق من الدین. افتونا ماجورین

(فی ۳ صفر الخیر ۱۳۴۱/ ۲۷ ایلول ۱۹۲۲ء)

الاجوبة

۱۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. وبه ثقی. نعم هو واشیاعه واتباعه من الضالین الذین مرقوا عن الدین وخرجوا عن ربقة المسلمین.

(الراجی محمد مهدی الکاظمی الخالصی عفی عنه)

۲۔ بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. لا ریب فی کفر صاحب هذه المقالات.

(حرره خادم الشرع المبین السید حسن صدر الدین)

۳۔ الحمد للّٰہ المنزه عن الشریک والنظیر والوزیر الذی لیس کمثله شی وهو اللطیف الخبیر. والصلوة والسلام علی سیدنا محمدن البشیر النذیر خاتم النبیین وامام المرسلین وسید الخلق أجمعین المنزل علیه ﴿وَمَآ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا کَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِیۡرًا وَّنَذِیۡرًا﴾ والمنزل علیه ﴿مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنۡ رِّجَالِکُمۡ وَلٰکِنۡ رَّسُوۡلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ﴾ وعلی آله وأصحابه الطیبین الطاهرین القامعین لاهل الزیغ والضلال والملحدین.

امّا بعد: فان هذا الرجل المذكور فى السؤال واتباعه الناشرين لكتبهم المشحونة بالكفر والضلال لا يشك مسلم انّهم من الكفرة المارقين عن الدّين فان من احتقر نبياً ادّعى وحياً أونبوة فمن المعلوم من الدين بالضرورة انه كافر يجب على ولات الامور قتله بحكم ﴿اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْا اَوْ يُصَلَّبُوْا﴾ (الآية). وأى محاربة اعظم من هذا المحاربة واى فساد اعظم من هذا الفساد ولا يخفى ما فى قوله تعالىٰ: ﴿وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ﴾ والوعيد الشديد فى قوله تعالىٰ ومن قال ﴿اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ﴾ (الآية). هدانا الله وجميع المسلمين للرشاد والسداد ولما فيه صلاح العباد وصلى الله على سيدنا محمد وآله أصحابه وسلم.

(۵صفرالخير ۱۳۲۱ .نائب الشرح شريف سابقا ومدرس مدرسة الخاتونية' عبدالوهاب الحسينى)

۴۔ جواب آخر

بسم اللّٰه وحده والصلوٰة والسلام على من لا نبى بعده وعلى آله وأصحابه وبعد فمن ادّعى النّبوة أو الوحى اليه باحكام أواحتقر نبياًمّا أو انّ اللّٰه جسم فلا تشك فى كفر من توقف بكفره للنصوص القاطعة فى ذلك.

دستخط: پوست نشین۔ درگاہ سید سلطان علی سید ابراہیم الراوی الرفاعی۔ (حرره الفقير اليه المدرس السيد يوسف عطاء مدرس الرواس السيد محمد رشيد البغدادى)

ترجمہ: استفتاء وجواب استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے اسلام مرزا غلام احمد قادیانی ہندی کے متعلق جس نے

اپنے مرنے تک درج ذیل دعاوی کیئے؟

ا۔ کہ وہ مسیح موعود ہے۔

۲۔ وہ مہدی موعود ہے۔

۳۔ وہ نبی ہے۔

۴۔ وہ رسول ہے۔

۵۔ وہ مجسم ربانی ہے۔

اسکا دعویٰ ہے کہ وہ بعض انبیاء کرام سے افضل ہے، جن میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام شامل ہیں۔ اور جناب محمد ﷺ بھی۔ اس نے نہایت احمقانہ انداز میں امام حسین رضی اللہ عنہ کی توہین کی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کرتا ہے۔ یونہی علمائے اسلام کی بھی تکفیر کی ہے۔ اس کا دعویٰ ہے کہ اس پر وحی آتی ہے مثلاً:

ا۔ خدا تعالیٰ عرش پر تیری حمد کرتا ہے اور تیری طرف پا پیادہ آیا ہے۔

۲۔ (اے مرزا) تو میرے پانی سے ہے۔

۳۔ تو میرے اولاد کی جگہ پر ہے۔

۴۔ تو میرے بیٹے کی طرح ہے۔

۵۔ تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے۔

۶۔ گر تو نہ ہوتا تو میں افلاک کو پیدا نہ کرتا۔

۷۔ تو جس کام کا ارادہ کرے گا جب کہے گا کہ ہو جا تو وہ ہو جائے گا۔

۸۔ ہم نے تجھے دونوں جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

۹۔ میں نے تجھے اپنے لئے پسند کیا ہے۔ زمین و آسمان جس طرح میرے ساتھ ویسے ہی

تیرے ساتھ ہیں اور تیرا راز میرا راز ہے۔ تم میری توحید و تفرید کی جگہ پر ہو۔

۱۰۔ اے میرے فرزند سنو۔

۱۱۔ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ تعالیٰ کا رسول بن کر آیا ہوں۔

۱۲۔ ہم نے تجھے کوثر عطا کیا۔

توان دعاوی کی روشنی میں یہ مدعی مسلمانوں میں سے ہے یا دجالوں، کافروں اور مرتدوں میں سے؟ مرزا غلام احمد اس کے ماننے والوں اور اس کے خلیفہ ’جو کہ اس کا بیٹا ہے اور لوگوں کو اپنی اتباع کا کہتا ہے‘ کے متعلق کیا شرعی حکم ہے؟ نیز اس کے خلیفہ کی اطاعت اور مسلمانوں کے اس کے ساتھ معاشرتی تعلقات کا کیا حکم ہے؟ جو شخص مرزا مذکور کی اطاعت کرتا ہے وہ دین اسلام سے خارج ہو جاتا ہے یا نہیں؟ ہم مسلمانوں کے لئے فتویٰ جاری فرما کر ماجور ہوں۔

۱۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم.** ہاں قادیانی اور اس کی جماعت تمام گمراہ ہیں اور یہ لوگ دین اسلام سے خارج ہیں۔ دستخط الراجی محمد مہدی کاظمی خلاصی عفی عنہ (شیعہ مجتہد، کاظمین، عراق)

۲۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم.** اس قسم کے دعاوی کرنے والے شخص کے کفر میں کوئی شک نہیں۔ حررہ خادم الشرع المبین سید حسن صدر الدین (شیعہ مجتہد، کاظمین، عراق)

۳۔ ہر قسم کی تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو اپنی شان میں کسی شریک، نظیر اور وزیر سے منزہ ہے، کوئی شے اس کی مثل نہیں ہے اور وہ لطیف و خبیر ہے۔ درود و سلام نازل ہو، ہمارے سردار جناب محمد مصطفیٰ ﷺ پر جو کہ بشیر و نذیر، خاتم النبیین، امام المرسلین اور تمام مخلوق کے سردار ہیں۔ جن پر نازل ہوا کہ ”ہم نے آپ کو تمام لوگوں کے لئے بشیر و نذیر بنا کر بھیجا ہے“ اور جن کے متعلق فرمایا گیا: ”حضرت محمد ﷺ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں بلکہ وہ

تو اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ﷺ ہیں'' اور درود و سلام ہو آپ کی آلِ پاک اور طیب وطاہر صحابہ پر جو اہل فسق و فجور، گمراہوں اور ملحدوں کا قلع قمع کرنے والے ہیں۔

جوابات

اما بعد: جس شخص کے متعلق سوال میں پوچھا گیا ہے وہ اور اس کے ماننے والے جو اس کی کفر و گمراہی سے بھری ہوئی کتابیں شائع کرتے ہیں، کسی مسلمان کو ان کے کفر میں شک نہیں کرنا چاہیے۔ یہ سب کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ جو شخص بھی نبی کی تحقیر کرے یا وحی نبوت کا دعویٰ کرے وہ یقیناً کافر ہے۔ حاکم کو چاہیے کہ ایسے آدمی کو قتل کر دے اس آیہ کریمہ کے تحت کہ ''جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے لڑائی کرتے ہیں ان کی سزا اس کے علاوہ کچھ نہیں کہ انہیں قتل کر دیا جائے یا سولی پر لٹکا دیا جائے''۔ تو ظاہر ہے اس سے بڑی لڑائی اور کیا ہوگی۔ نیز اس سے بڑا فساد اور کیا ہوگا۔ (کہ مرزا اللہ و رسول سے برسر پیکار ہے) اور اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان بھی مخفی نہ رہے کہ ''جو شخص اسلام کے علاوہ کوئی اور دین طلب کرتا ہے تو اس سے کچھ قبول نہیں کیا جائے گا''۔ اور اس فرمان میں تو وعید شدید ہے کہ جس نے یہ کہا کہ ''میری طرف وحی کی گئی ہے حالانکہ اس کی طرف وحی نہیں کی گئی اور جو یہ کہے میں عنقریب قرآن پاک کی طرح قرآن نازل کروں گا''۔ وغیرہ وغیرہ (ان سب آیات میں وعید شدید ہے)۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور جملہ مسلمانوں کو ہدایت عطا فرمائے اور ایسا کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے جس میں سب کا فائدہ ہو۔ **وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وأصحابہ وسلم۔**

۵ صفر الخیر ۱۳۴۱ھ۔ نائب الشرح شریف۔ (دستخط) عبدالوہاب الحسینی۔ (سنی بغدادی)

۴۔ **جواب دیگر:** اللہ کے نام سے ابتدا کرتا ہوں جو واحد ہے اور درود و سلام ہو اس

ذات پر جس کے بعد کوئی نبی نہیں اور آپ ﷺ کی آل واصحاب پر……اما بعد: جس شخص نے نبوت ووحی کا دعویٰ کیا یا کسی نبی کی تحقیر کی یا اللہ تعالیٰ کے لئے جسم ثابت کیا' تو ایسے شخص کے کافر ہونے میں کوئی شک نہیں' جو اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی (قرآن وحدیث کی) نصوص قطعیہ کی روشنی میں کافر ہے۔

دستخط: پوست نشین درگاہ سید سلطان علی سید ابراہیم روای رفاعی (سنی مفتی عراق)

حررّہ: المدرس السید یوسف عطا (سنی' مفتی عراق)

مدرس الرواس سید محمد رشید بغدادی (سنی حنفی)

علماءِ ہندوستان کا فتویٰ مع تصدیقات علماءِ کرام:

اس بارے میں کہ مرزا کافر ہے اور مسلمانوں کا مرزائیوں سے نکاح جائز نہیں۔

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اور مفتیانِ شرع مبین اس سلسلے میں کہ مرزائی (مرزا قادیانی کے مرید) جو مرزا غلام احمد قادیانی مدعی نبوت کے تمام عقائد تسلیم کرتے ہیں اور اس کو مسیح موعود جانتے ہیں نیز اس کی رسالت کے قائل ہیں۔ حالانکہ علمائے عرب وعجم نے ان کے متعلق کفر کا فتویٰ دیا ہے۔ اگر لاعلمی میں کوئی مسلمان عورت کسی مرد سے نکاح کرے اور بعد میں اس کا مرزائی ہونا معلوم ہو تو اس صورت میں مسلمان منکوحہ عورت اس شخص کے طلاق دیئے بغیر مسلمان سے نکاح کرسکتی ہے یا نہیں؟ کیا مرزائی سے نکاح جائز ہے یا نہیں؟

بیّنو بالتفصیل جزاکم اللہ ربُّ الجلیل.

الجواب: سنی عورت کا مرزائی مرد سے نکاح جائز نہیں۔ اس کے والد کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ مرزائی کے طلاق دیئے بغیر اپنی لڑکی کا نکاح کسی سنی مرد سے کردے اور اس پر فرض ہے کہ پتہ چلتے ہی وہ اپنی بیٹی کو مرزائی سے علیحدہ کردے کیونکہ اس کی صحبت زنا ہے اور یہ

ایسے ہی ہے کہ جیسے کوئی شخص اپنی لڑکی کو بغیر نکاح کئے کسی ہندو کے گھر بھیج دے۔ بلکہ اس سے بھی بدتر ہے کیونکہ وہاں نکاح کو عقیدۃً حرام جانتے ہیں اور یہاں ایک نام نہاد سے حرام نکاح کو حلال یقین کیا جارہا ہے (معاذ اللہ)۔ چنانچہ اسی وقت عورت کو مرزائی سے جدا کرنا فرض ہے۔ بعدازاں جس سنی سے چاہے نکاح کردیا جائے۔ ''ردّ المحتار'' میں ہے: **حرم نکاح الوثنیة وفی شرح الوجیز وکل مذهب تکفر به معتقده......**(الخ). اور ''درمختار'' میں ہے: **ویبطل منه اتفاقا ما یعتمد الملة وهی خمس النکاح والذبیحة ......**(الخ).

کتبہ: عبدالنبی نواب مرزا عفی عنہ، سنی حنفی بریلوی

فتویٰ مذکورہ پر دستخط کرنے والے علمائے کرام:

۱......**صح الجواب. والله تعالیٰ اعلم.** فقیر احمد رضا خان عفی عنہ بریلوی۔

۲......بلاشبہ دوسری جگہ نکاح جائز ہے کیوں کہ مرزائی سے نکاح کسی صورت میں جائز نہیں۔ اور طلاق کی ضرورت تو اس صورت میں ہوتی ہے جب نکاح منعقد ہوا ہو۔ زنا میں طلاق کا کیا مطلب؟ ''فتاوی عالمگیری'' میں ہے: **''ولا یجوز للمرتد أنْ یتزوج مرتدة ولا مسلمة ولا کافرة اصلیة''...... والله أعلم وعلمه أتمّ.**

۳......حررہ الفقیر القادری وصی احمد حنفی، مدرسۃ الحدیث الدائر فی پیلی بھیت

۴......الفقیر محمد ضیاء الدین۔

۵......عبدالاحد مدرس مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت۔

۶......العبد الاثیم محمد ابراہیم الحنفی القادری بدایون۔

۷......محمد عبدالمقتدر القادری البدایونی۔

۸......محمد عبد الماجد عفی عنہ، مہتمم مدرسہ شمسیہ بدایونی۔

۹......احقر العباد فدوی علی بخش گنہ پنڈر۔

۱۰......احقر العباد سید شہاب الدین نقشبندی جالندھری۔

۱۱......محمد شرافت اللہ رام پوری۔

۱۲......محمد علی رضا خان عفی عنہ رامپوری۔

۱۳......محمد معز اللہ خان مدرس عالیہ رامپور۔

۱۴......محمد گلاب خان رامپوری۔

۱۵......خواجہ امام الدین صدیقی مدرس پشاوری عفی عنہ۔

۱۶......محمد یونس پشاوری عفی عنہ۔

۱۷......نور الحق عفی عنہ پشاوری مانسہروی۔

۱۸......محمد عبد الحکیم صواتی پشاوری عفی عنہ۔

۱۹......نور الحسن مہتمم مدرسہ جامع العلوم کانپور۔

۲۰......محمد میر عالم پشاوری ہزاروی۔

۲۱......محمد عبد الوہاب عفی عنہ پشاوری۔

۲۲...... مفتی عبد الرحیم ولد مفتی عبد المجید مرحوم پشاور۔

۲۳......احمد علی مدرس مدرسہ عربیہ میرٹھ اندرکوٹ۔

۲۴......محمد قمر الدین عفی عنہ رامپوری۔

۲۵......سردار احمد مجددی رامپوری۔

۲۶......احمد علی عفی عنہ لاہوری۔

۲۷......خان زمان خان عفی عنہ مدرس جامع العلوم کانپور۔

۲۸......محمد یار خطیب مسجد طلائی لاہور۔

۲۹......ابوالحسن حقانی خلف الرشید مولوی عبدالحق حقانی دہلوی۔

۳۰......احقر دوست محمد جالندھری۔

۳۱......غلام محمد مدح پوری نمبردار چک نمبر 255 گ ضلع لائکپور۔

۳۲......فقیر محمد یونس عفی عنہ قادری حنفی کشمیری مولداً۔

۳۳......احمد علی مدرس جامع العلوم کانپور۔

۳۴......محمد عبدالعزیز عفی عنہ مدرس لاہور۔

۳۵......فیض الحسن مدرس نعمانیہ مدرسہ لاہور۔

۳۶......عزیز الرحمٰن عفی عنہ مدرسہ عربیہ دیوبند۔

۳۷......گل محمد مدرس مدرسہ عالیہ دیوبند۔

۳۸......بندہ اصغر حسین عفی عنہ دیوبند۔

۳۹......محمد سہول عفی عنہ مدرس دیوبند۔

۴۰......شبیر احمد عفی عنہ دیوبند۔

۴۱......نبی بخش حکیم رسول نگری۔

۴۲......محمد منور علی عنہ رامپوری۔

۴۳......رشید الرحمان رامپوری حال وارد جالندھر۔

۴۴......محمد ریحان حسین عفی عنہ۔

۴۵......ہادی رضا خان رئیس لکھنؤ۔

۴۶......محمد عبدالسلام ٹوہانوی حصار۔

۴۷......فقیر سید عبدالرسول عفی عنہ جالندھری۔

۴۸......مولوی عبدالرزاق راہوں۔

۴۹......حبیب الرحمٰن منچن آبادی۔

الحمدللہ! کہ رسالہ ''حافظ ایمان از فتنہ قادیان'' کا اردو ترجمہ ختم ہوا۔اللہ تعالیٰ میری اس سعی کو قبول فرمائے۔آمین۔

خاکسار

ابوالحسن واحد رضوی عفی عنہ

۲۱ اگست ۲۰۰۵، بروز اتوار بوقت عصر

حال وارد جامعہ اسلامیہ لاہور، ایجی سن ہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور

جناب بابو پیر بخش صاحب

کے

رد قادیانیت پر مضامین

(سنِ تصنیف : 1915ء تا 1927ء)

تصنیفِ لطیف

قاطعِ فتنۂ قادیان

جناب بابو پیر بخش لاہوری

(بانی انجمن تائید الاسلام ، ساکن بھاٹی دروازہ ، مکان ذیلدار ، لاہور)

فہرستِ مضامین جناب بابو پیر بخش صاحب

جلد نمبر۲ بابت ماہ جولائی ۱۹۱۵ء نمبر۷

اشتہار واجب الاظہار

علمائے لاہور کا مناظرہ کیواسطے اصرار

صاحبزادہ صاحب سجادہ نشین قادیانی کا فرار

بسم اللہ الرّحمن الرّحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

برادرانِ اسلام کی آگاہی کے واسطے ذیل میں باہمی خط وکتابت جو مابین سکرٹری انجمن تائید اسلام لاہور اور صاحبزادہ صاحب سجادہ نشین قادیان کے ہوئی ہے درج کی جاتی ہے تاکہ اہل اسلام کو معلوم ہو کہ مرزائی صاحبان بہ متابعت سنت قادیانی کن کن حیلوں سے علماء کے ساتھ بحث کرنے سے بھاگتے ہیں۔

نقل تحریر انجمن تائید اسلام لاہور

بخدمت گرامی جناب صاحبزادہ صاحب سجادہ نشین قادیان نزیل لاہور

(السلام علی من اتبع الہدیٰ)

جناب من! مجھے ممبران انجمن تائید اسلام لاہور کی طرف سے ہدایت ہوئی ہے کہ میں آپ کی خدمت میں بذریعہ تحریر ہذا استدعا کروں کہ آپ چونکہ اتفاق سے لاہور میں رونق افروز ہیں اس لئے ضروری ہے کہ مرزا صاحب مرحوم کی نبوت کے متعلق علمائے اسلام سے عام جلسہ میں گفتگو فرمائیں۔ چونکہ آپ مرزا صاحب کے جائز جانشین ہیں اس لئے ضروری ہے کہ مسئلہ مذکورہ بالا پر بحث کر کے عوام الناس کو غلطی سے محفوظ رکھا جائے۔ آپ کے جواب آنے پر حضرات علماء میں سے جس صاحب کے ساتھ آپ گفتگو پسند کرنا فرمائیں گے اسی صاحب کو انجمن کی طرف سے سوال وجواب کیلئے تجویز کیا جائے گا۔ مکرر آنکہ انعقاد مجلس بحث کا انتظام انجمن خود کرے گی اور اس بارے میں آپ کی تمام شرائط کو منظور وملحوظ رکھ کر کارروائی عمل میں لائے گی۔ امید کہ تاریخ جلسہ اور مقام سے خاکسار کو بدست حامل مطلع فرمائیں گے۔

ملتمس: خاکسار پیر بخش، سکرٹری انجمن تائید اسلام لاہور

نقل جواب منجانب صاحبزادہ صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بخدمت جناب سکرٹری صاحب انجمن تائید اسلام لاہور

آپ کی تحریر متعلقہ استدعائے مناظرہ سکرٹری انجمن تائید اسلام لاہور حضرت خلیفۃ المسیح صاحبزادہ مرزا محمود احمد صاحب کے حضور میں پیش ہوئی۔ جواباً قلمی ہے کہ ہمیں حضرت مسیح موعود کی صداقت کے متعلق کسی ایسے عالم کے ساتھ مناظرہ کرنا منظور ہے جس کی علمیت علمائے لاہور کے نزدیک مسلم ہو۔ اور اس کا ساختہ پرداختہ علماء کو منظور ہو۔ کسی خاص شخص کو ہم نامزد نہیں کرتے جس کو آپ اس حیثیت میں پیش کریں گے، اسی سے مناظرہ کرنا ہم منظور کرتے ہیں۔ ہماری طرف سے کوئی ایسا عالم جس کو حضرت خلیفۃ المسیح اپنی طرف سے مقرر کریں گے، مناظرہ کریگا۔

۲...... چونکہ حضرت مسیح موعود کا دعویٰ اس وقت تک ثابت نہیں ہوسکتا جب تک کہ حضرت مسیح ناصری علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کی وفات پہلے ثابت نہ ہوجائے۔ کیونکہ مسیح موعود کو نبی کریم ﷺ نے نبی فرمایا ہے اسلئے ضروری ہوگا کہ پہلے وفات مسیح پر بحث ہو اور حضرت مرزا صاحب کے دعویٰ مسیحیت و نبوت پر۔ کیونکہ یہ ہر دو امور باہم لازم ملزوم ہیں۔

۳...... طریق مباحثہ یوں ہوگا کہ حیات مسیح میں مدعی آپ یعنی غیر احمدی لوگ ہوں گے اور وفات مسیح میں ہم یعنی احمدی لوگ ہوں گے۔ اور حضرت مرزا صاحب کے مسیحیت اور نبوت کے دعویٰ میں ہم مدعی ہوں گے اور آپ منکر۔ پہلے وفات حیات کے مسئلہ پر بحث ہوگی۔

اور پھر حضرت مرزا صاحب کے مسیحیت و نبوت کے دعویٰ پر۔

۴......مناظرہ تحریری ہوگا۔ پہلے پرچہ میں ہمارا اور آپ کا مناظر ایک ہی وقت میں اپنا اپنا پرچہ لکھنا شروع کریگا۔ آپ کا مناظر حیات مسیح کے دلائل لکھے گا اور ہمارا مناظر وفات مسیح کے دلائل تحریر کرے گا۔ اور وقت مقررہ کے اندر اندر دونوں مناظر اپنے اپنے پرچے ختم کریں گے۔ اور پھر وقت مقررہ کے اندر باری باری حاضرین کو دونوں پرچے سنائیں گے۔ اور سنانے کے بعد ہر ایک مناظر اپنا اپنا پرچہ دستخط کر کے دوسرے مناظر کو جواب لکھنے کیلئے دے گا۔ اور پھر ہر ایک مناظر وقت مقررہ کے اندر جواب لکھ کر اور پھر وقت مقررہ کے اندر اپنا اپنا پرچہ سنا کر اور اس پر اپنا اپنا دستخط کر کے دوسرے مناظر کو دے دیگا۔ تا کہ جواب الجواب لکھا جائے۔ پھر پہلے طریق پر ایک ہی وقت میں دونوں مناظر اپنا اپنا جواب الجواب لکھنا شروع کریں گے اور وقت مقررہ میں ختم کر کے سنانے کیلئے جو وقت مقرر ہوگا اس میں باری باری اپنے اپنے پرچے سنائیں گے اور پھر اس پر دستخط کر کے دونوں فریق اپنے اپنے تینوں پرچے جو اس وقت تیار ہوئے ہوں گے، پریزیڈنٹ صاحبان کے حوالے کر دیں گے جو اپنے زیر اہتمام ہر ایک مناظر کے تینوں پرچوں کی نقلیں کرا دیں گے۔ اور ان پر اپنے دستخط ثبت کرنے کے بعد ہر ایک مناظر کو فریق مقابل کے تینوں اصلی پرچے اور اس کے اپنے پرچوں کی مصدقہ اور دستخط شدہ نقلیں دیدیں گے۔

۵......حضرت مرزا صاحب کے دعویٰ مسیحیت و نبوت کے متعلق اس طرح بحث ہوگی کہ وقت مقررہ کے اندر احمدی مناظر اپنا پرچہ تحریر کر کے اور وقت مقررہ میں حاضرین کو سنا کر اور اس پر اپنا دستخط کر کے غیر احمدی مناظر کو جواب لکھنے کیلئے دے دیگا اور وہ وقت معین میں جواب لکھ کر اور مقررہ وقت میں سنا کر اور اس پر دستخط کر کے احمدی مناظر کو جواب الجواب

لکھنے کیلئے دے دیگا۔ اور احمدی مناظر مقررہ وقت کے اندر جواب الجواب لکھ کر اور مقررہ وقت کے اندر سنا کر اور اپنا دستخط کر کے نقول کیلئے پریزیڈنٹ صاحبان کے حوالے کر دیگا۔ تاکہ وہ اپنے زیر اہتمام تینوں پرچوں کی نقلیں کرا کر اور ان پر اپنے دستخط ثبت کر کے ایک ایک نقل تینوں پرچوں کی ہر دو فریق کو دیدیں تاکہ جو فریق چاہے اس کو طبع کر کے شائع کر دے۔

۶...... ہر پرچہ کا وقت تحریر ڈیڑھ گھنٹہ ہوگا اور سنانے کا آدھ گھنٹہ۔ چونکہ درخواست مناظرہ انجمن تائید اسلام لاہور کی طرف سے ہے اسلئے سرکاری اجازت کا لینا اور جیسا کہ آپ نے لکھا ہے انعقاد مجلس بحث کا ضروری انتظام انجمن تائید اسلام کے ذمہ ہوگا۔

۷...... ہر ایک مناظر کے ساتھ تین معاون حوالجات وغیرہ نکالنے کیلئے مقرر ہوں گے اور ہر ایک فریق اور اس کا پریزیڈنٹ اپنے اپنے لوگوں کی طرف سے حفظ امن کا ذمہ دار ہوگا۔ اور اس ذمہ داری کے متعلق طرفین کم از کم پانچ معتبر آدمیوں کی دستخطی تحریر فریق مخالف کو دیدیں گے۔

مجلس مناظرہ میں داخلہ بذریعہ مفت ٹکٹوں کے ہوگا۔ دونوں فریقوں کو ٹکٹوں کے مساوی تعداد میں تقسیم کرنے کا حق ہوگا۔ ٹکٹوں کی تعداد زیادہ سے زیادہ چار سو ہوگی۔ اور دو سو کی تعداد میں ہر ایک فریق کو دی جائے گی۔ ہاں طرفین کی رضامندی سے ٹکٹوں کی تعداد میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔

۸...... پرچہ مناظر اپنے ہاتھ سے خود لکھے گا اور خود ہی سنائے گا۔ کوئی مناظر دوران مباحثہ میں دوسرے مناظر اور اس کے پیشوا اور بزرگوں کو ہتک آمیز الفاظ سے یاد نہ کریگا اور نہ کوئی ذاتی حملہ کریگا۔ بلکہ متانت اور تہذیب سے مناظرہ کرے گا۔

فریقین کا استدلال قرآن مجید، حدیث صحیح مرفوع حقیقی اور فریق مخالف کی کتب معتبرہ سے ہوگا، اور بس۔ قرآن واحادیث کے معانی کا فیصلہ لغت اور قواعد عربیہ اور سیاق سباق اور قرائن لفظیہ وعقلیہ کے ساتھ ہوگا۔

اصلی بحث سے خارج بات دوران مباحثہ میں منع ہوگی اور پریزیڈنٹوں کیلئے لازم ہوگا کہ ایسی خارج از بحث بات کے سنانے سے روک دیں۔

انتظام جلسہ کیلئے ایک ایک پریزیڈنٹ ہر دو فریق کی طرف سے اور ایک مشترک پریزیڈنٹ جو غیر مسلم ہوگا۔ ہر دو فریق کی رضامندی سے مقرر ہوگا۔ پریزیڈنٹ صاحبان کا کام انتظام مجلس مباحثہ کا قائم رکھنا اور شرائط اور اوقات کی پابندی کرانا اور ان کی خلاف ورزی سے روکنا ہوگا۔ نیز ان کو اختیار ہوگا کہ شرائط اور اوقات کی پابندی نہ کرنے والے فریق کو مناظرہ سے روک دیں۔ اور اس کی شکست وہنر ہمت اور فرار کی اشاعت معہ وجوہات کریں۔ اسی طرح کسی شخص یا اشخاص کو مخل مجلس مباحثہ دیکھ کر یا شور وشر کرتے ہوئے پاکر مجلس مباحثہ سے خارج کر دیں۔ اس کے علاوہ پریزیڈنٹ صاحبان کو مباحثہ کی نسبت رائے دینے اور ہار جیت کے تصفیہ کا کوئی اختیار نہ ہوگا۔

امید ہے کہ آپ آج شام تک حسب تحریر خود اجازت مباحثہ سرکاری حاصل کر کے مقام اور تاریخ انعقاد مجلس مباحثہ سے ہم کو اطلاع دیں گے مگر ان شرائط کی منظوری کے متعلق آج صبح نو بجے تک ہمیں اطلاع مل جانی چاہیے۔ والسلام علی من اتبع الہدیٰ

خاکسار حکیم محمد حسین قریشی سکرٹری انجمن احمدیہ لاہور، ۱۱؍ جولائی ۱۹۱۵ء

نقل تحریر جواب الجواب منجانب انجمن تائید اسلام لاہور

بخدمت جناب صاحبزادہ صاحب نزیل لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جناب من! آپ کی طرف سے قریشی محمد حسین سکرٹری انجمن احمدیہ لاہور نے جو جواب دیا ہے اس کے جواب الجواب میں گزارش ہے کہ ہماری طرف سے استدعا مناظرہ مسلمہ نبوت پر تھی آپ بجائے اس کے کہ مناسب شرائط سے مطلع فرماتے ایک طول طویل عبارت خارج از مقصود لکھوا کر بھیج دی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ٹالنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا دوبارہ عرض ہے کہ آپ مرزا صاحب کی نبوت میں بحث کریں اور شرعی دلائل سے پہلے امکان وجود نبی بعد محمد رسول اللہ ﷺ کے ثابت کریں اور ہماری طرف سے ہمارا مناظرہ عدم امکان وجود نبی بعد محمد رسول اللہ ﷺ کے ثابت کریگا۔ آپ فرماتے ہیں کہ آپ مناظرہ اسی عالم سے کریں گے جس کو علماء اسلام اس حیثیت سے پیش کریں کہ اس کا ساختہ پرواختہ منظور ہوگا۔ ہم منظور کرتے ہیں بشرطیکہ آپ خود ہی مباحثہ کے واسطے تیار ہوں تاکہ دونوں کا ساختہ پرواختہ سند ہو۔

دوم: مرزا صاحب کے دعویٰ نبوت کے واسطے مسئلہ وفات مسیح کو لازم قرار دینا درست نہیں کیونکہ تمام انبیاء علیہم السلام اپنے اپنے دعویٰ نبوت کی دلیل اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ کسی نبی کی نبوت دوسرے نبی کی وفات پر منحصر نہ تھی۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تک جس قدر نبی آئے کسی ایک نے بھی اپنی نبوت کی بنائے دعویٰ دوسرے نبی کی وفات پر نہیں رکھی۔ اگر کوئی نظیر ہے تو فرمائیں اور پھر ہم سے وفات مسیح پر بحث کا مطالبہ

ہوسکتا ہے۔ رہی سند شرعی و نقلی ہر دو امور کو لازم ملزوم قرار دینا دعویٰ بلا دلیل ہے۔ اس لئے یہ شرط ہرگز منظور نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ اگر وفات مسیح بالفرض ہم مان بھی لیں تو پھر بھی بار نبوت آپ کے ذمہ باقی رہے گا کہ مرزا صاحب کس طرح اور کن دلائل سے خلاف نص قرآنی وحدیث نبوی، نبی ورسول کہلا سکتے ہیں۔ وہ دلائل جو آپ بعد منوانے وفات مسیح کے ہم کو دیں گے وہ ابھی دے سکتے ہیں۔ کسی نبی نے آج تک یہ دعویٰ نہیں کیا کہ چونکہ فلاں نبی فوت ہوچکا ہے اس واسطے میں نبی ہوں۔ کیا محمد رسول اللہ ﷺ نے جب دعویٰ نبوت عرب میں کیا تھا تو اپنی بنائے دعویٰ کسی نبی کی وفات پر رکھی تھی؟ ہرگز نہیں۔ تو پھر فنافی الرسول ہونے کے مدعی کو کس طرح جائز ہوسکتا ہے کہ وفات مسیح پر اپنے دعویٰ نبوت کی بنیاد رکھے۔ سنت اللہ تعالیٰ بھی چلی آئی ہے کہ وہ اپنے نبیوں کو دوسرے شخصوں سے خاص کر کے ان کی نبوت کی دلیل ان کو عطا کرتا آیا ہے اور ایسا معجزہ عطا کرتا آیا ہے کہ منکروں پر حجت ہو۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرعون نے جب ان کی نبوت کی دلیل مانگی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ید بیضا اور عصا اپنے دعویٰ نبوت کی تصدیق میں پیش کئے۔ یہ ہرگز نہیں کہا کہ چونکہ فلاں نبی وصال کر چکا ہے اس واسطے میں نبی ہوں۔ پس آپ کا یہ فرمانا ہرگز درست نہیں کہ مرزا صاحب کی نبوت کا بنیادی پتھر وفات مسیح ہے۔ کیونکہ اس سے مدعی نبوت کی کمزوری ثابت ہوتی ہے کہ وہ اپنی نبوت کا دعویٰ شرطیہ قرار دیتا ہے جو کہ نبی وغیر نبی کے درمیان ہے۔ جس کے صاف معنی یہ ہیں کہ اگر وفات مسیح ثابت نہ ہو تو میں مدعی نبوت ورسالت نہیں، جس سے ثابت ہوگا کہ مدعی خود اپنے دعویٰ نبوت میں مذبذب ہے۔ اور یہ نبی کی شان سے بعید ہے کہ اپنے دعویٰ میں مذبذب ہو اور شرطیہ دعویٰ کرے۔ آپ اس بحث کو الگ رکھیں کیونکہ یہ الگ بحث ہے اگر آپ چاہیں گے تو وفات مسیح پر بحث ہوسکتی ہے۔ فی الحال آپ ہماری

استدعا کے مطابق نبوت مرزا صاحب کا ثبوت دیں کیونکہ پہلے درخواست ہماری ہے کہ مرزا صاحب کی نبوت ثابت کرو۔

سوم: تحریری مباحثات تو ہمیشہ ہوتے رہتے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔ آپ کی تشریف آوری سے جو مقصود ہے وہ تحریری مباحثہ میں حاصل نہیں ہوتا۔ اس لئے ضروری ہے کہ مباحثہ تقریری ہو اور عوام اہل اسلام پر اس کا اثر پڑے اور سچ جھوٹ میں تمیز ہو۔ پس آپ اس شرط کو واپس لیں کہ مباحثہ تحریری ہو۔ اگر تحریری مباحثہ مقصود ہوتا تو آپ قادیان میں بیٹھے بیٹھے کر سکتے تھے اور علمائے اسلام اس کا جواب دے سکتے تھے۔ پھر آپ کی تشریف آوری سے کیا فائدہ ہوا۔ ہاں تقریر فریقین تحریر میں لائی جائیگی اور بعد تصدیق فریقین شائع کی جائیگی۔

چہارم: امن قائم رکھنے کے ہم ذمہ دار ہیں اور مکان مناظرہ وانتظام پولیس وغیرہ قواعد حفظ امن کا ہم انتظام کریں گے۔ یہ شرائط آپ کی منظور ہیں ٹکٹوں کے چھپوانے میں دیر لگے گی۔ اگر آپ زیادہ قیام کا وعدہ فرمائیں تو ان کا انتظام ہوسکتا ہے۔

پنجم: چونکہ مباحثہ تقریری ہوگا اس لئے آپ کے فقرات نمبر ۳ و۴ و۵ و۶ و۷ و۸ کا جواب ضروری نہیں ہے۔

ششم: یہ درست اور منظور ہے کہ استدلال قرآن اور احادیث صحیحہ مرفوعہ سے ہو۔ اور چونکہ حقیقی حدیث علماء حدیث کے نزدیک کوئی اصطلاح نہیں ہے اسلئے اسکو قلم انداز کیا ہے۔ کوئی رائے بلا اسناد شرعی نہ مانی جائیگی۔ اور کسی آیت اور حدیث کے معانی خلاف لغت ومحاورات اہل زبان مقبول نہ ہونگے۔ جو شخص غیر معروف معانی کرے اس کو اپنی معانی کی تصدیق میں سند پیش کرنی ہوگی، بلا سند کوئی بات نہ مانی جائیگی۔

ھفتم: پریزیڈنٹوں کا تقرر اوران کے اختیارات کی بابت جو کچھ آپ نے لکھا ہے، سب منظور ہے۔ مگر فیصلہ وہی کریں گے اور ہار جیت کا اظہار کردیں گے۔ یہ بالکل خلاف قواعد مناظرہ ہے جو آپ فرماتے ہیں کہ پریزیڈنٹان کو فیصلہ کرنے کا اختیار نہ ہوگا۔ کیونکہ اس طرح تو پریزیڈنٹوں کا تقرر بے سود ہے۔ آپ آج ہی جواب باصواب سے مطلع فرمائیں تاکہ انتظام جائے مناظرہ وتقرری مناظران وپریزیڈنٹان کا کیا جائے۔

خاکسار پیر بخش سکرٹری انجمن تائید اسلام لاہور

(بوقت ۱۱ بجے دن کے بتاریخ ۱۱ر جولائی ۱۹۱۵ء)

نقل جواب الجواب منجانب صاحبزادہ صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جناب سیکرٹری صاحب انجمن تائید اسلام لاہور

آپکا خط دربارہ شرائط مباحثہ ایک بجے کے بعد ملا۔ جواباً لکھا جاتا ہے کہ آپ نے جواب تحریر کرتے ہوئے اپنے پہلے خط کے اس فقرہ کوملحوظ نہیں رکھا کہ در ”مکرر آنکہ انعقاد مجلس بحث کا انتظام انجمن خود کرے گی اوراس بارے میں آپ کے تمام شرائط کومنظور وملحوظ رکھ کر کارروائی عمل میں لائے جائیگی“ اس فقرہ کے بعد اس کی ہرگز گنجائش نہ تھی کہ آپ ان شرائط میں سے جو کہ ہم نے لکھی تھیں، کسی شرط کا انکار کرتے۔

نبوت مسیح موعود کونبوت مطلقہ پر قیاس کرنا ٹھیک نہیں۔ کیونکہ حضرت مرزا صاحب کی نبوت، نبوت موعودہ ہے۔ اوروہ بھی عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ یعنی نبی کریم ﷺ کے بعد

ایک آنے والے کی پیشگوئی ہے جو کہ عیسیٰ مسیح موعود نبی اللہ ہوگا۔ چونکہ اس موعود کو بعض علمائے اہل اسلام نے مسیح اسرائیل علی نبینا وعلیہ السلام کو اس پیشگوئی سے مراد لیا ہے اور اس کے آسمان پر زندہ موجود بجسد عنصری کے قائل ہیں۔ اس لئے جب ہم مرزا صاحب کی نبوت پر گفتگو کریں گے تو پہلے مسیح اسرائیل کی وفات کا ثابت کرنا ضروری ہے تاکہ اگر ہم اثباتِ نبوت حدیث سے کریں تو اس پر یہ سوال نہ ہو کہ اس سے مراد مسیح اسرائیلی ہے۔ ہاں وہ قوم جو اس بات کا اعلان کردے کہ ہم مسیح اسرائیلی کو متوفی یقین کرتے ہیں اور آنے والے موعود کو اس امت سے مانتے ہیں تو ان سے ابتداء مناظرہ مسیح موعود کے دعویٰ اور ان کی نبوت پر ہوسکتا ہے۔ لیکن اس میں وفات مسیح کا فرض کر لینا کام نہیں دے سکتا۔ یہ کہنا کہ کسی نبی کی نبوت اس سے کسی پہلے نبی کی وفات پر موقوف نہیں ہوتی، صحیح نہیں۔ اور نبی تو درکنار ہمارے نبی کریم ﷺ کی نبوت کا ثبوت اس پیشگوئی کے ماتحت جو کہ مسیح سے سورۂ صف میں بدیں الفاظ منقول ہے ”ومبشرا برسول یاتی من بعدی اسمه احمد“ مسیح کی وفات پر موقوف ہے۔ کیونکہ اگر مسیح زندہ ہو تو اس کی بعدیت کا وقت نہیں آیا۔ پس وہ رسول جس کی نسبت یہ پیشگوئی تھی کہ مسیح کے بعد آئیگا اس کی سچائی ثابت نہیں ہوسکتی جب تک مسیح کو فوت شدہ ثابت نہ کیا جائے۔

تقریری مناظرہ بھی منظور کرتے ہیں جو کہ حسبِ ذیل ہوگا:

۱...... چونکہ حیات مسیح میں آپ مدعی ہیں اس لئے پہلی تقریر آپ کا مناظر کریگا جسکا جواب ہمارا مناظر دیگا۔ اور اس کا جواب الجواب آپ کے مناظر کی طرف سے ہوگا۔

۲...... چونکہ وفات مسیح کے ہم مدعی ہیں اس لئے پہلی تقریر ہمارا مناظر کریگا اس کے بعد آپ کا مناظر ہماری تقریر کا جواب دیگا۔ پھر جواب الجواب کیلئے ہمارا مناظر تقریر کریگا اور اس پر

دوسرا مباحثہ ختم ہوگا۔

۳...... تیسرا مباحثہ صداقت مسیح موعود پر ہے اس میں چونکہ ہم مدعی ہیں اسلیئے پہلی تقریر ہماری طرف سے ہوگی پھراس کا جواب آپ کا مناظر دے گا اس کے بعد ہمارا مناظر جواب الجواب کیلئے کھڑا ہوگا اور تقریر کرے گا اور اس پر یہ بحث ختم ہو جائیگی۔

۴...... وہ آدمی ان تقریروں کو ساتھ ساتھ قلمبند کرتے جائیں گے جن کی بعد تصدیق ودستخط میر مجلس صاحبان ومناظران وکاتبان شائع کیا جائیگا۔

۵...... ہر تقریر ایک ایک گھنٹہ کی ہوگی۔

مذہبی امور میں فیصلہ کرنے کا کسی میر مجلس کو حق نہیں۔ قواعد مناظرہ میں تو میر مجلس داخل ہی نہیں۔ میر مجلس کا تقرر امن قائم کرنے اور شرائط کی پابندی کرانے کیلئے ہے۔ لہٰذا مفید ہے بے سود نہیں۔

آپ کی طرف سے کسی ایسے عالم کا پیش ہونا جسکا ساختہ پرواختہ تمام علماء کو مسلم ہو اس کو حضرت خلیفۃ المسیح کے برابر قرار نہیں دیتا۔ کیونکہ حضرت خلیفۃ المسیح کی طرف سے بھی ایسا عالم پیش ہوسکتا ہے جسکا ساختہ پرواختہ ان کی ساری جماعت کو مسلم ہو۔ لیکن تمہارے علماء میں سے کوئی ایسا نہیں جو ان کے نزدیک واجب الاطاعت امام ہو۔

ہم نے شخصی رائے کو اپنے استدلال کا ماخذ نہیں قرار دیا اور جو معنی قواعد اور لغت سے ثابت ہونگے وہ مقبول ہونگے خواہ معروف عند السلف ہوں یا نہ ہوں۔ اور چونکہ حضرت خلیفۃ المسیح کی طرف سے مناظرہ کیلئے کوئی عالم پیش کیا جائیگا اس لئے ان کے لاہور میں اقامت کرنے یا چلے جانے پر مناظرہ موقوف نہیں۔ والسلام علی من اتبع الہدیٰ

خاکسار حکیم محمد حسین قریشی، سکرٹری انجمن احمدیہ لاہور۔ ۱۱ر جولائی ۱۹۱۵ء ۴ بجے شام۔

مزید جواب الجواب منجانب انجمن تائید اسلام لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جناب صاحبزادہ صاحب سجادہ نشین قادیان نزیل لاہور

جناب کی طرف سے دوسری تحریر موصول ہوئی جو کہ قریشی محمد حسین صاحب سکرٹری انجمن احمدیہ لاہور نے جناب کی طرف سے بجواب میری دوسری تحریر کے ارسال کی ہے جس کے ملاحظہ سے تعجب ہے کہ آپ نے ہماری تحریر کی طرف بالکل توجہ نہیں فرمائی۔ اور آپ وفات مسیح کو ضروری بحث قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ مرزا صاحب کی نبوت کے منکروں کو کافر جان کران کو اسلام سے خارج فرماتے ہیں اور نبوت مرزا صاحب کی ثابت کرنے سے پہلوتہی فرماتے ہیں اور وفات مسیح کو اصلی بحث قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ ہم نے دوسری تحریر میں ثابت کر دیا تھا کہ اثبات دعویٰ نبوت کے واسطے دوسرے نبی کی وفات کی ضرورت نہیں۔ جس پر آپ کی طرف سے جواب ملا کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی نبوت بھی بغیر وفات مسیح ثابت نہیں ہوتی جو کہ بالکل غلط ہے۔ ۲۳ کروڑ مسلمان بغیر وفات مسیح کے حضرت محمد ﷺ کی نبوت کو ۱۳سو برس سے مانتا چلا آیا ہے۔ آپ قرآنی آیت ﴿وَمُبَشِّرًام بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْم بَعْدِی اسْمُهٗ اَحْمَدُ﴾ سے تمسک کر کے بعدیت کے واسطے موت لازم قرار دیتے ہیں جو کہ بالکل خلاف واقعات ومشاہدات کے ہے۔ کیا آپ کا یہ مطلب ہے کہ بعدیت یعنی دوری یا غیر حاضری کے واسطے موت ہی لازم ہے؟ اگر یہ مطلب ہے تو بالکل غلط ہے کیونکہ بعدیت زندگی میں بھی ہوتی ہے جیسا کہ آپ قادیان سے بعدیت کر کے لاہور میں

تشریف لائے ہیں اور خدا کے فضل سے زندہ ہیں۔ حالانکہ آپ میں اور ساکنان قادیان میں بعدیت ہے۔ کوئی ایک شخص ولایت سے بعید ہو تو مر کر ہی بعید نہیں ہوتا۔ زندگی میں جب ایک مکان کو خالی کریں اور دوسرے مکان میں یا شہر میں چلے جائیں تو بعدیت واقعہ ہو جاتی ہے اور زندگی بھی بحال رہتی ہے۔ آپ کی اس دلیل سے تو حیات مسیح ثابت ہوتی ہے یعنی جس طرح آپ قادیان سے بعدیت اختیار کر کے لاہور آئے اسی طرح جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام زمین سے بعدیت کر کے آسمان پر تشریف لے گئے اور محمد ﷺ کے واسطے جگہ خالی کر گئے جیسا کہ ایک افسر جاتا ہے اور زندہ رہتا ہے اور جگہ خالی کر جاتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت کے قابل صرف معتبر لے نیچری اور مرزائی ہیں۔ دوسرے تمام فرقے اسلام کے حیات کے قائل ہیں۔

جب آپ نے مبحث ہی قبول نہیں کیا اور اثبات نبوت مرزا صاحب میں بحث نہیں کر سکتے تو تقریری مناظرہ کا قبول کرنا کیا معنی رکھتا ہے۔ جب تقریری مناظرہ میں بھی آپ مرزا صاحب کی نبوت پر بحث نہیں کرتے تو صاف گریز ہے۔ اگر آپ کو نبوت مرزا صاحب پر بحث منظور ہو تو صاف صاف فرمادیں، ورنہ ایسے ایسے عذرات رکیکہ سے ہر ایک عقلمند نتیجہ پر پہنچ سکتا ہے کہ آپ کس غرض سے اصل بحث کی طرف نہیں آتے۔

دوم: ہم کو تو یہ بھی منظور ہے کہ مناظرہ پہلے وفات مسیح پر ہو، تاکہ آپ کو یہ زعم نہ ہو کہ ہمارے علماء وفات مسیح کی بحث سے پہلو تہی کرتے ہیں۔ علمائے اسلام صرف آپ سے بحث کرنا چاہتے ہیں کیونکہ آپ بحیثیت ایک جانشین ہونے کے اس قابل ہیں کہ علمائے اسلام آپکو مخاطب کریں ورنہ علمائے اسلام کی علمی فضیلت اجازت نہیں دیتی کہ وہ کسی برائے نام مولوی غیر سند یافتہ مدعی علم کے ساتھ بحث کریں۔ اگر آپ خود بنفس نفیس بحث

سے پہلوتہی فرمائیں گے تو پھر زیادہ خط و کتاب بے سود ہے۔

سوم: ہماری طرف سے ایسا عالم پیش ہوگا جو سند یافتہ عربی علوم کا ہو مگر صرف آپ سے بحث کریگا۔ اردو خوان مولویوں کے ساتھ بحث علمائے اسلام کی قرار دینا ان کی ہتک کا باعث ہے۔

چهارم: آپ اس سے کیوں گریز فرماتے ہیں کہ سلف صالحین کی سند ضرور ہونی چاہیے۔ ہم پھر عرض کرتے ہیں کہ بغیر سند کے کوئی بات قبول نہ ہوگی۔ بلکہ علم صرف ونحو و دیگر علوم عربیہ کے قواعد کی پابندی ضروری ہوگی۔ یہ نہیں کہ جو دل میں آیا ویسے معنی کردے۔

پنجم: چونکہ آپ فرماتے ہیں کہ ہمارا کوئی عالم بحث کریگا۔ اور آپ کا لاہور میں رہنا ضروری نہیں اس سے صاف پایا جاتا ہے کہ آپ خود بحث نہیں فرمائیں گے اور قادیان تشریف لے جائیں گے اور ہماری درخواست پر کچھ توجہ نہ ہوگی یہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔ آپ کے عالم تو ہمیشہ یہاں بحث کرتے رہتے ہیں ان سے کیا کام، صرف آپ کی ذات سے امید تھی کہ آپ جو تمام اہل اسلام کی تکفیر کرتے ہیں آپ کے پاس کیا دلائل ہیں۔ جب تک ایک شخص نبی نہ ثابت ہو اس کا منکر یا مکذب کس طرح کافر ہوسکتا ہے۔ اگر آپ کو منظور نہ ہو کہ آپ خود بحث کیواسطے تیار ہیں تو آئندہ خط و کتابت بند فرمادیں۔

ملتمس: خاکسار پیر بخش سکرٹری انجمن تائید اسلام لاہور

(۱۲ر جولائی ۱۹۱۵ء۔ ساڑھے سات بجے صبح)

آخری جواب از طرف صاحبزادہ صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آپکا رقعہ حضرت صاحبزادہ صاحب کے نام کا انتظار شدید کے بعد ایسے وقت ملا جبکہ حضرت صاحب قادیان روانہ ہو چکے ہیں۔ تاہم وہ ہمیں ہدایت فرما گئے ہیں کہ آپ سے شرائط مناظرہ طے کر کے آپ کو اطلاع دے دیجائی کہ وہاں سے کسی مناظر کو آپ کے پیش کردہ مناظر سے بحث کیلئے بھیج دیں۔ والسلام

خاکسار محمد حسین قریشی لاہور

(۱۲ر جولائی ۱۹۱۵ء ۸ بجے صبح)

اظہار حق وازالہ باطل

جن دنوں صاحبزادہ صاحب قادیانی لاہور میں رونق افروز تھے تو ان کے چند غیر ذمہ دار حاشیہ نشینان لاہور میں ٹانگوں پر سوار ہو کر پہلے مولوی اصغر علی صاحب روحی کے مکان پر آئے، ایک شخص ان میں مصری تھا اور عربی میں گفتگو کرتا تھا۔ مولوی صاحب نے پہلے تو ان کو مسلمان بھائی سمجھ کر لیمونیڈ واٹر کی تواضع کی اور پھر عربی میں گفتگو ہوتی رہی مگر صرف مصر کے حالات پر۔ اسی اثنا میں ﴿وَمُبَشِّرًام بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْم بَعْدِی اسْمُهٗ اَحْمَدُ﴾ کا مطلب اور معانی مرزائی صاحبان کی طرف سے پوچھے گئے، جس پر مولوی صاحب نے دریافت کیا کہ آپ مرزا صاحب کی نبوت اس سے ثابت کرنے کی کوشش

کریں گے؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہاں۔ مولوی صاحب نے کہا کہ اس سے پہلے ہم بارہا مریدینِ مرزا سے اس موضوع پر گفتگو کر چکے ہیں مگر کچھ فائدہ نہیں ہوا۔ اور آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ میں اپنے مذہب کا نہایت پکا ہوں۔ نبوت غلام احمد کے متعلق جو دلائل مرزائیہ کی طرف سے پیش کئے جاتے ہیں بازیچہ طفلاں سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے۔ پھر مرزائی گروہ رخصت ہوا۔ پھر یہی صاحب مولوی عبدالحکیم صاحب کلانوری پروفیسر اورینٹل کالج لاہور کے مکان پر گئے وہاں بھی پہلے مولوی صاحب سے عربی میں گفتگو ہوتی رہی مگر جب مرزا صاحب کی نبوت پر بحث ہونے لگی تو مولوی صاحب نے بغرض افادہ عام یعنی جو لوگ عربی نہیں سمجھتے تھے اور حاضر تھے ان کے سمجھنے کے واسطے اور سچ جھوٹ کے ظاہر کرنے کیواسطے اردو میں بحث شروع کی۔ مرزائیوں کی طرف سے حافظ روشن علی مناظر تھا اور بندہ بھی وہاں موجود تھا۔ مولوی صاحب کے سوالات جرح جو علمی پہلو رکھتے تھے ان کا جواب حافظ روشن دین صاحب سے کچھ نہ بن پڑتا تھا بارہا یہی کہتا تھا کہ کوئی عیسائی اگر یہ کہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کا نام محمد تھا اور "**مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمه احمد**" میں آنے والے رسول کا نام احمد بتایا گیا ہے، تو آپ عیسائیوں کو کیا جواب دو گے۔ مولوی عبدالحکیم نے کہا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے اپنے نبوت کا اعلان کیا تو یہودیوں وغیرہ نے کہا کہ اپنے دعویٰ نبوت پر شہادت پیش کرو تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ توریت وانجیل میں میری نسبت پیشگوئیاں موجود ہیں جو میری نبوت پر گواہ ہیں۔ حافظ روشن علی نے کہا محمد رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا تھا کہ مجھے بذریعہ الہام خبر دی گئی ہے کہ میں نبی ہوں اور انکے فرمانے پر لوگوں نے آنحضرت ﷺ کو نبی تسلیم کرلیا۔ اسی طرح مرزا غلام احمد نے اپنے مسیحیت اور نبوت پر اپنا الہام بطور شہادت پیش کیا۔ پس مرزا جی کو بھی مسیح موعود اور نبی اللہ تسلیم کر لینا

چاہیے۔ مولوی عبدالحکیم نے کہا کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے الہام کی تائید میں توریت اور انجیل کی شہادت پیش کی اور "وَمُبَشِّرًام بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْم بَعْدِی اسْمُهٗ اَحْمَدُ" قرار دیا جو حکایت عن عیسیٰ علیہ السلام قرآن شریف میں مذکور ہے۔ حافظ روشن علی نے کہا کہ مرزا غلام احمد قادیانی کے الہام سے انکی مسیحیت اور نبوت ثابت ہوتی ہے اور ہم اس دعویٰ کے گواہ ہیں۔ مولوی عبدالحکیم صاحب نے کہا کہ مرزا غلام احمد کو آپ جو بطور دلیل دعویٰ پیش کرتے ہیں اور مصادرہ علی المطلوب ہے اور وہ جائز نہیں۔ ہم اسی شخص کو مسیح موعود نبی اللہ تسلیم کر سکتے ہیں جس پر وہ تمام تشخیصات صادق آئیں گے جو احادیث صحیحہ میں مذکور ہیں جن میں سے ایک تشخیص نبوت بھی ہے، بہتر ہو کہ پہلے مرزا صاحب کی نبوت کا فیصلہ کیا جائے۔ حافظ روشن علی نے کہا کہ نبوت کا فیصلہ اس وقت نہ کیا جائے، اسکا فیصلہ تمام تشخیصات کیساتھ ہوگا جو ہم قادیان سے لکھ کر بھیج دیں گے۔ حافظ روشن علی نے دفع الوقتی کر کے ٹال دیا، اصل واقعات یہ ہیں:

الفضل مورخہ ۸؍ جولائی میں جو نوٹ نکلا ہے وہ بالکل خلاف واقع ہے۔ انّا لِلّٰه وَاِنّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ.

پیر بخش، سکرٹری انجمن تائید اسلام لاہور

لاہوری مرزائیوں کے

جواب کا جواب

(مسلمان لاہوری مرزائی جماعت کے مغالطہ سے بچیں نمبر۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

برادران! شکر کا مقام ہے کہ لاہوری مرزائی جماعت کی طرف سے ٹریکٹ نمبر۱ ''مسلمان لاہوری جماعت کے مغالطہ سے بچیں'' کا جواب اخبار ''پیغام صلح'' مورخہ ۲۸ جنوری ۱۹۲۰ء صفحہ پر زیر عنوان ''مسلمانان لاہوری اس مغالطہ سے بچیں'' دیا گیا۔

ا...... افسوس کہ یہ اخبار مجھ کو نہیں بھیجا گیا تا کہ اگر ضرورت سمجھتا تو جواب لکھتا جو سراسر مخالف

قاعدہ اہل حق ہے۔

۲......ہمیں جواب دینے والے نے نامہ نگاری کے پردہ میں اپنے آپکو پوشیدہ رکھا ہے۔ بہتر ہے کہ وہ پبلک کو اپنے درشن کرائیں تاکہ سائل و مجیب کی لیاقت کا پبلک موازنہ کر سکے۔

۳......اس میں سخت کلامی اور افتراء پردازی سے اپنی تہذیب کا ثبوت دیا ہے جسکے لئے گزارش ہے کہ آئندہ ایسے خلاف تہذیب و ہتک آمیز الفاظ ترک کریں اور خوش خلقی سے بغرض تحقیق حق بحث کریں اور بحث میں اپنا غیض و غضب نہ نکالیں۔ جو سوال ہوا سکے مطابق جواب دیں۔ مسلمان خود فیصلہ کرلیں گے کہ کون حق پر ہے۔ پہلے تو مرزائی بھائی نے میرے نام پر اعتراض کیا ہے کہ یہ مشرکانہ نام ہے۔ کوئی پوچھے کہ بحث تو حضرت مرزا صاحب کی رسالت و نبوت پر ہے اور بلا ضرورت مسیح بخشی شروع کر کے نام پر اعتراض کیا کہ میاں پیر بخش نامی ایک چودہویں صدی کے مولوی کہ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی بخشش اور رحمت سے ناامید ہو کر اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ کو اپنی بخشش کا ذریعہ گردانا ہے آئے دن اپنی جبلت سے مجبور ہو کر اپنا طبعی رجس مسلمانوں پر پھینکتے رہتے ہیں۔ (الخ)۔

اسکا جواب یہ ہے کہ جن لوگوں نے پیر بخش کے نام پر اعتراض کیا ہے اور انہوں نے اُسکو شرک سمجھا ہے انکے نزدیک صرف پیر بخش نام ہی محل اعتراض نہیں بلکہ انہوں نے نبی بخش، محمد بخش، پیراں دتا، فرید بخش، غلام محمد، غلام احمد، غلام مرتضیٰ، عطا محمد، نتھو و گھسیٹا وغیرہ وغیرہ کو بھی مشرکانہ نام سمجھا ہے۔ اور جس طرح اس مرزائی صاحب نے سمجھ لیا کہ پیر بخش اللہ کی رحمت سے ناامید ہو کر پیر کی رحمت اور بخشش کا مورد ہے۔ اسی طرح انہوں نے سمجھ لیا کہ جو غلام احمد ہے اور اللہ تعالیٰ سے باغی ہو کر، خدا کی غلامی سے نکل کر احمد کا غلام ہوا ہے اسلئے مشرک ہے۔ اور ایسا ہی دوسرے ناموں محمد بخش، فرید بخش وغیرہ پر قیاس کرلیا۔

اب ہم اس اپنے معترض سے دریافت کرتے ہیں کہ کبھی اس نے مرزا صاحب پر بھی مشرک ہونے کا اور اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ کا الزام لگایا ہے کہ جسکا نہ صرف اپنا نام مشرکانہ تھا بلکہ انکے باپ مرزا غلام مرتضی اور دادے مرزا عطا محمد کا نام بھی مشکرانہ تھا۔ اور اللہ تعالیٰ کی غلامی چھوڑ کر مرتضی کے غلام تھے اور مرزا صاحب کے دادا جنکا نام عطا محمد تھا وہ بھی خدا تعالیٰ کے عطا کردہ نہ تھے بلکہ حضرت محمد ﷺ کے عطا کردہ تھے۔ اور اللہ کی رحمت سے محروم تھے۔ مرزائی بھائی کو چاہیے تھا کہ اپنے گھر اور پیر خانہ کی اصلاح کرتا اور پھر پیر بخش کی اصلاح کے درپے ہوتا۔ باقی رہی میری جبلت اور رجس پھینکنا وغیرہ بدزبانی اسکا جواب اگر میں دوں تو بحث سے بہت دور چلا جاؤں گا اور مرزائیوں کا تو یہ عام قاعدہ ہے کہ اصل بحث پر ہرگز چل نہیں سکتے ان کے منہ سے ہمیشہ رجس وگند و بدبو وغیرہ الفاظ نکلتے رہتے ہیں۔ اور انکا مطلب اس بدزبانی سے صرف یہی ہوتا ہے کہ فریق ثانی غصہ میں آ کر ہم کو جواب ترکی بہ ترکی دے گا اور اصل بحث طویل ہو کر مطلب خبط ہو جائے گا۔ اور اصل بحث میں جوابدہی نہ کرنی پڑے گی۔ مگر میں ان ہتھکنڈوں سے واقف ہوں اس لئے میں بحث چھوڑ کر اس سخت کلامی کا جواب فی الحال بجز **"عطائے شما بلقائے شما"** کے کچھ نہیں دیتا اور اصل بحث مختصر اًجواب الجواب لکھتا ہوں۔

مرزائی صاحب کا جواب (۱): حال ہی میں آپ (پیر بخش) نے انبیاء عظام اور مجددین کرام کی ذات پر ایک خطرناک حملہ کیا ہے کہ وہ انکی کتابوں کو محرف اور مبدل نہیں مانتے اور (نعوذ باللہ) ان کو ایسا ہی مانتے ہیں جیسا کہ بائبل میں حضرت لوط، حضرت یعقوب، حضرت داؤد علیہم السلام جیسے انبیاء کو (نعوذ باللہ) زانی اور حضرت سلیمان اور حضرت ہارون علیہما السلام جیسے انبیاء کو بت پرست لکھا ہے۔

جواب الجواب: کج بحثی مرزائیوں کی عادت ہے۔ سوال کچھ ہوتا ہے جواب کچھ اور دیگر خلط مبحث کر دیتے ہیں۔ میرا ٹریکٹ دیکھا جائے۔ میں نے کسی نبی علیہ السلام یا مجدد علیہ الرحمۃ پر کوئی حملہ نہیں کیا۔ میری عبارت نقل کی جائے یا سطر وصفحہ کا حوالہ دیا جائے۔

مرزائی صاحب کا جواب (۲): میاں پیر بخش کے نزدیک مجاز اور استعارہ کا استعمال خدا پر قطعاً حرام ہے۔ خدا نے جو فرمایا: ”**ما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی**“ جنگ میں جو کچھ آنحضرت ﷺ نے پھینکا وہ محمد ﷺ نے نہیں پھینکا تھا۔ (الخ)۔ ”**ید اللہ فوق ایدیھم**“ میں تو خدا تعالیٰ نے خود فیصلہ کر دیا کہ محمد رسول اللہ خدا نہ تھے جس طرح محمد رسول اللہ خدا نہ تھے اسی طرح مرزا صاحب رسول نہ تھے۔ استعارہ کے طور انکو رسول کہا گیا۔

جواب الجواب: استعارہ اور مجاز کی واقعی کچھ حقیقت نہیں ہوتی۔ کیا آپ کا یہ مطلب ہے کہ جس طرح سر ہوش و پائے فکر کی کچھ حقیقت نہیں ہوتی اسی طرح مرزا صاحب بھی سچے رسول نہ تھے۔ اگر یہی مطلب ہے تو **دل ماشاد وچشم ما روشن**۔ یہ تو آپ کا اور ہمارا لفظی تنازعہ ہوا کے ہم مرزا صاحب کو کاذب نبی کہتے ہیں اور آپ بھی غیر حقیقی نبی کہتے ہیں۔ تو بات ایک ہی ہے کہ مرزا صاحب دعویٰ نبوت و رسالت میں سچے نہ تھے اور کاذب مدعی باجماع امت کافر تھے۔ مگر یہ بات پھر بھی حل نہ ہوئی کیونکہ مرزا صاحب کو الہام ہوتا ہے کہ ”**انک لمن المرسلین**“ کہ اے مرزا تو مرسلین میں سے ہے۔ کیا آپ کے اعتقاد میں تمام مرسلین جنکا قرآن شریف میں ذکر ہے سب مجازی تھے یا مرزا صاحب ہی مجازی رسول تھے اور وہ سب سچے رسول تھے۔ ان میں اور مرزا صاحب میں کیا فرق ہے۔ سورۂ یٰس کی آیت جو پیش کی ہے وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری تھے اور نزول قرآن اور

حضرت خاتم المرسلین سے پہلے رسول کہلاتے تھے۔ اور محمد رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام رسول نہ کہلائے اور نہ امت محمدی میں سے کسی نے لقب رسل کا پایا۔ جب صحابہ کرام کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی طرح رسول کہلانے کی اجازت نہیں تو ایک امتی ہرگز رسول کا لقب نہیں پا سکتا۔

مرزائی صاحب کا جواب (۳): پیر بخش صاحب کا یہ اعتقاد کہ مجدد خدا کا مامور نہیں ہوتا (نعوذ باللہ) خائن ہوتا ہے کس قدر لعنتی اعتقاد ہے۔

جواب الجواب: میں نے کہیں ایسا نہیں کہا۔ مرزائی صاحب کو چاہیے کہ میری عبارت نقل کرے یا اپنی لعنت واپس لے۔ کیونکہ میں نے کسی مجدد کو خائن نہیں لکھا اور نہ میرا اعتقاد ہے۔

مرزائی صاحب کا جواب (٤): جب آنحضرت ﷺ مخاطب ہوں اور خدا متکلم اور وہ کہے: "**ما رمیت اذ رمیت ولکن اللّٰہ رمی**" تو بتائیے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کیوں خدا نہیں جن کے ہاتھ کو خدا کا ہاتھ کہا گیا ہے" الخ۔

جواب الجواب: خدا تعالیٰ اور اسکی مخلوق میں فرق ہے خدا تعالیٰ ہر ایک کام کی نسبت بہ سبب علت العلل ہونے کے اپنی طرف کرتے ہیں جیسا کہ حضرت موسیٰ کے معجزہ کو اپنی طرف منسوب کیا: ﴿**فلما جاء الحق من عندنا قالوا ھذا سحر مبین**﴾ یعنی جب ہماری طرف سے حق بات (معجزہ) پہنچا تو کہا کہ یہ جادو ہے (سورۂ یونس، ع ۷)۔ اسی طرح جنگ میں جو کنکر رسول اللہ ﷺ نے پھینکی ان کی خدا تعالیٰ نے اپنی طرف نسبت کی کیونکہ محمد رسول اللہ ﷺ خدا کی مرضی کے ماتحت تھے اور حکم خدا سے پھینکے تھے۔ یہ عام محاورہ ہے مثلاً کہتے ہیں کہ فلاں بادشاہ نے ملک یا قلعہ فتح کیا حالانکہ فتح کرنے والے لشکری ہوتے

ہیں۔اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے چونکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے معجزہ کے طور پر کنکر پھینکے اور ان کنکروں سے کفار اندھے ہو گئے تو یہ خدا کا فعل تھا جس کا ظہور آنحضرت ﷺ کے ہاتھ سے ہوا۔اس فرمانِ خداوندی سے محمد رسول اللہ ﷺ خدا نہیں ہو سکتے۔مگر جب اللہ تعالیٰ نے محمد رسول اللہ ﷺ کو فرمایا کہ تو رسول ہے تو پھر ان کے رسول ہونے میں کچھ شک نہ رہا۔ سوال تو یہ تھا کہ جب خدا تعالیٰ متکلم اور مرزا جی مخاطب اور خدا فرماتا ہے کہ مرزا ہم نے تم کو رسول مقرر کیا تو پھر وہ کیوں رسول نہیں۔مرزائی صاحب نے الٹا جواب دیا۔جی جناب! محمد رسول اللہ ﷺ پر جب یہی آیت نازل ہو کر انہیں سچا رسول بناتی ہے تو پھر مرزا جی پر وہی آیت نازل ہو کر انہیں کیوں سچا نبی نہیں بناتی۔حالانکہ الہام سے آپ اس کو سچا مکالمہ الٰہی بھی کہتے ہیں۔پس یا تو یہ مکالمہ الٰہی نہیں یا مرزا جی نبی ماننے پڑیں گے۔آپ نے اسکا کوئی جواب نہیں دیا بلکہ استعارہ وغیرہ کا مسئلہ چھیڑ کر (جسے عوام نہ سمجھیں) ہمارے اعتراض کو ٹالنے کی کوشش کر کے ''عذر گناہ بدتر از گناہ'' کے مصداق بنے ہیں۔پھر سن لو کہ خدا تعالیٰ مرزا صاحب کو کہتا ہے: ''قل یا ایها الناس انی رسول الله الیکم جمیعا'' (اے مرزا تو ان لوگوں کو کہدے کہ اے لوگو! میں رسول بن کر تمہاری طرف آیا ہوں)۔یہ وہی حکم جس نے محمد رسول اللہ کو کامل نبی و رسول بنایا۔جب وہی خدا (بقول آپ کے) وہی الفاظ مرزا جی کو فرماتا ہے تو پھر مرزا جی کیوں کامل نبی نہیں۔کیا محمد ﷺ بھی حقیقی نبی نہیں بلکہ بطور استعارہ اس آیت سے نبی ہوئے تھے؟ اور یا مرزا جی پر یہ آیت نازل کرنے میں خدا نے کوئی لفظی یا معنوی فرق بتایا؟ ہرگز نہیں۔تو پھر دو متضاد معنوں کو ایک آیت میں کس طرح جمع کرتے ہیں؟ یا صاف کیوں نہیں کہتے کہ یہ مرزا صاحب سے خدا کا مکالمہ نہیں بلکہ مرزا جی کا خدا پر افتراء ہے۔اور یا یہ کہو کہ مرزا جی نبی و رسول تھے جیسا کہ تمہارے قادیانی بھائی

کہتے ہیں۔

مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ مولوی محمد علی صاحب کے پاس ایم اے کی ڈگری ہے جس سے وہ کامل ایم اے کہلاتے ہیں۔اور نبی بخش کے پاس بھی ایم اے کی ڈگری ہےاورڈگری دہندہ بھی ایک ہی یونیورسٹی کاافسر ہےاوردونوں ڈگریوں کےالفاظ بھی ایک ہی ہیں تو پھر یہ کہنا کہ نبی بخش ایم اے نہیں اور محمد علی ایم اے ہے کیسی بلا دلیل بھدّی جہالت آمیزاور ملعون بات ہے۔مرزائی صاحب اس کا جواب دیں کہ جب خدامرزا جی کو رسول مقرر کرتا ہےتو باوجود۔۔۔۔ہونے کے آپ ان کو کیوں رسول نہیں مانتے یا کیوں یہ نہیں کہہ دیتے کہ مرزا جی نے خداپرافتراءکیا؟

مرزائی صاحب کا جواب (۵): باقی رہا حضرت صاحب کا ایمان اپنی وحی پر یعنی اس کے منزہ عن الخطا پر، سنئے ماسٹر صاحب اس کا جواب کیسا صاف ہے۔مجھے آپ کے دشمنِ مرزا ہونے پر ایسا ہی یقین ہے جیسے شیطان کے دشمنِ انسان ہونے پر تو اس سے کیا آپ اور شیطان دونوں برابر ہونگے ؟ ہرگز نہیں۔حضرت صاحب کو اپنے الہامات پر اسی طرح یقین تھا جس طرح قرآن شریف پر۔یقینی طور پر منزل من اللہ ہونے میں ......(الخ)۔

جواب الجواب: میں مرزا صاحب کا دشمن نہیں ہوں البتہ جھوٹے رسول نبی کا بیشک دشمن ہوں۔مجھ کو اس دشمنی میں یہ انعام ملا کہ حضرت محمد ﷺ سچے رسول اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی پیروی نصیب ہوئی کہ جس طرح انہوں نے مسیلمہ کذاب جھوٹے مدعی نبوت ورسالت کے تکفیراوراس کے دشمن ہوکراسکواوراسکے مریدوں کوقتل ونابود کیااسی طرح میں بھی مرزا جی اور انکی جماعت کا دشمن ہوا صرف اس واسطے کہ اسلام کا خیر خواہ ہوں اور اسلام کے دشمنوں اورجھوٹے مدعیان رسالت ونبوت کوخارج ازاسلام سمجھتا ہوں۔آپ غور

فرمائیں کہ مجھ کو کاذب مدعی کی دشمنی نے کہاں تک پہنچایا۔ اور آپ کو مرزا صاحب کی دوستی میں یہ انعام ملا کہ آپ مسیلمہ کذاب کی امت میں داخل اور اسلام سے خارج ہوئے۔ آپ کے یقین میں میرا شیطان کے برابر ہونا، آپ نے خود ہی ''ہرگز نہیں'' کہہ کر رجوع کرلیا ورنہ عذاب الٰہی آپ پر نازل ہوتا اور میں ایسا جواب دیتا کہ قیامت تک یاد رکھتے۔ مگر جب آپ نے ڈر کر خود ہی رجوع کرلیا اور شیطان کا لقب واپس لے لیا تو اب میرے جواب کی حاجت نہیں۔ **افسوس!** آپ نے مرزا جی سے یہی تعلیم پائی ہے۔ اسی طرح مرزا صاحب کا زعم کہ ان کے الہام قرآن کی مانند خطا سے پاک ہیں، غلط ہے۔ کیونکہ جب الہاموں کے مضامین خلاف قرآن مجید ہیں جیسے کہ الہام ''انت منی بمنزلۃ ولدی وانت منی بمنزلۃ اولادی'' وغیرہ تو خطا سے پاک نہ تھے اگر ایسے الہام خطا سے پاک سمجھے جائیں تو مفتری فی الالہام کس کو کہا جائے گا۔ اگر یہ شیطان کی طرف سے نہ سمجھے جائیں تو آپ ہی انصاف فرمادیں کہ پھر شیطانی الہام کس قسم کے ہوں گے۔ مرزا صاحب کا بلا دلیل کہنا کہ میں اپنے الہاموں کو قرآن کی مانند خطا سے پاک سمجھتا ہوں حجت شرعی نہیں۔ آپ کوئی معیار مقرر کریں جس سے الہام شیطانی اور الہام رحمانی میں تمیز ہوسکے۔ پھر یہ ثابت کرنا ہمارا فرض ہوگا کہ مرزا جی کے الہامات رحمانی نہ تھے اور ان کا یہ کہنا غلط تھا کہ میرے الہام قرآن کی طرح خطا سے پاک تھے۔ آپ کا یہ منطق غلط ہے کہ مرزا صاحب کے الہامات قرآن کی مانند تھے مگر صرف خطا سے پاک تھے قرآن کی مانند نہ تھے۔ جب مرزا صاحب کے الہامات خطا سے پاک ہیں اور خدا انکو حکم دیتا ہے کہ ''کہو لوگوں کو میں اللہ کا رسول ہو کر تمہاری طرف آیا ہوں'' جب اس الہام میں مرزا کو خدا حکم دیتا ہے تو کہو میں اللہ کا رسول ہوں تو پھر وہ ضرور رسول ہیں۔ یا یہ الہام خطا سے پاک نہیں۔ اگر آپ قبول کرتے

ہیں کہ الہام خطا سے پاک ہے اور الہام سے رسول ہونا ثابت ہے تو پھر آپ کا بلا دلیل کہ ہم مرزا صاحب کو نبی و رسول نہیں مانتے ابلہ فریبی ہے اور بالکل جھوٹ اور دھوکہ دہی ہے۔ یا خدا پر جھوٹ کا الزام کہ خدا ایک غیر رسول کو کہتا ہے کہ تو کہہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں حالانکہ وہ رسول نہیں۔ غیر رسول کو کوئی شخص رسول کہے تو وہ جھوٹ ہے اسی طرح خدا بھی اگر ایک غیر رسول کو رسول کہے تو جھوٹا ہے۔ پس یا خدا کو جھوٹا کہو یا مرزا صاحب کو رسول مانو۔

مرزائی صاحب کا جواب (۶):

آنچہ داد است ہر نبی را جام   داد آں جام را مرا بتمام

ہر ایک نبی کو اسلام کا جام دیا گیا اور حضرت مرزا صاحب کو بھی بوساطت آنحضرت ﷺ وہ کامل دین ملا اس سے مرزا صاحب کا افضل الرسل ہونا ثابت کرنا کسی غبی کا کام ہوسکتا ہے (الخ)۔

جواب الجواب: شکر ہے یہ تو مانا کہ مرزا صاحب کا شعر ہے ورنہ ہمکو تو امید تھی کہ شعر سے ہی انکار کردیتے یا تحریف کا الزام لگادیتے جیسا کہ گیتا کے بارے میں کہدیا کہ تناسخ اس میں بعد میں داخل کیا گیا ہے اور گیتا محرف ہے۔ مگر آپ یہ نہ سمجھے کہ جب گیتا کو اہل اسلام میں سے کسی نے آسمانی کتاب ہی تسلیم نہیں کیا تو تحریف کیسی؟ آپ جام سے مراد اسلام لیتے ہیں، بالکل غلط ہے کیوں اسلام ایک ایسی عام نعمت ہے کہ جو ہر ایک مسلم کو ملی ہے۔ ہر ایک مومن کتاب اللہ پر ایمان رکھنے والا مسلم ہے۔ اس سے تو مرزا صاحب کی خصوصیت نہ رہی ہر ایک مسلمان کو جام اسلام دیا گیا ہے۔ مگر مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ امت محمدی میں سے صرف میں ہی نبی کا نام پانے کے واسطے مخصوص کیا گیا جس سے معلوم ہوا کہ وہ خصوصیت نبوت و رسالت کا دعویٰ ہے نہ کہ جام اسلام پانے کا۔

دوم: مرزا صاحب ''حقیقت الوحی، ص ۶۲'' پر فرما چکے ہیں ''میں نے خدا کے فضل سے نہ اپنے کسی ہنر سے اس نعمت سے حصہ پایا ہے جو مجھ سے پہلے نبیوں اور رسولوں اور خدا کے برگزیدہ بندوں کو دی گئی تھی الخ۔اب بتاؤ آپ کا جواب غلط ہے یا نہیں۔ کیونکہ مرزا صاحب تو فرماتے ہیں کہ نبیوں اور رسولوں کی نعمت سے میں نے حصہ پایا ہے نبیوں اور رسولوں کی نعمت تو نبوت ورسالت ہی ہے۔ جب تمام نبیوں اور رسولوں کی نعمت جو ہر ایک نبی ورسول کو دی گئی وہ تمام ملا کر مرزا صاحب کو دی گئی تو سب سے افضل ہوئے۔ بلکہ اس جگہ مرزا صاحب نے حضرت خاتم النّبیین کی شرط متابعت بھی اُڑادی اور صاف لکھدیا کہ ''خدا کے فضل سے نہ اپنے کسی ہنر سے'' ہنر تو یہ تھا کہ متابعت کامل کرتے مگر خدا کے فضل سے جب نعمت نبوت پائی تو مرزا صاحب کو نبوت وہبی ہوئی جسکے معنی براہ راست نبوت پانے کے ہیں۔ جب براہ راست نعمت نبوت پائی اور بغیر وساطت محمد ﷺ کے پائی اور ایسی نعمت پائی جو سب نبیوں کی نعمت کا مجموعہ تھا تو مرزا جی سب سے افضل ہوئے یا نہ؟ سوچ کر جواب دو۔

مرزائی صاحب کا جواب(۷): محمد رسول اللہ ﷺ نے ایک نشان شق القمر اپنی صداقت میں دکھایا اور اسی مخبر صادق نے مہدی موعود کے واسطے دو نشان کسوف وخسوف شمس وقمر کے بطور پیشگوئی بیان فرمائی اس سے حضرت صاحب کی فضیلت کس طرح نکل آئی؟ الخ

جواب الجواب: مرزا صاحب کا شعر غور سے پڑھو شعر

له خسف القمر والمنیر و ان لی   خسفا القمران المشرقان أ تنکره

یعنی محمد ﷺ کے لئے صرف چاند کو گہن لگا تھا اور تحقیق میرے لئے چاند اور سورج دونوں کو گہن لگا۔اب تو کیا انکار کرے گا۔شعر کے یہ الفاظ بتارہے ہیں کہ مرزائی صاحب کا جواب بالکل غلط ہے کیونکہ جب مقابلہ صفات میں کیا جاتا ہے تو جس کی صفات حسنہ زیادہ ہوتی

ہیں وہی افضل سمجھا جاتا ہے۔ کم صفات والے سے۔ اب غور کرو جب فقط چاند گہن لگنا باعث فضیلت محمد ﷺ تھا جو ایک ہی فضیلت تھی۔ مگر جب مرزا جی کیلئے چاند اور سورج دونوں کو گہن لگے تو دو فضیلتیں ظہور میں آئیں۔ جسطرح خود آپ نے بھی اقرار کیا ہے کہ محمد ﷺ کے واسطے ایک نشان شق القمر کا ظاہر ہوا اور یہ معجزہ تھا اور باعث فضیلت تھا اور مرزا صاحب کے وقت دونشان ظاہر ہوئے۔ یعنی چاند اور سورج دونوں کو بطور معجزہ گہن لگا تو ثابت ہوا کہ محمد ﷺ کی فضیلت کے واسطے اگر ایک معجزہ ظاہر ہوا تو مرزا صاحب کے واسطے دونشان بطور معجزہ ظاہر ہوئے۔ جس سے روزِ روشن کی طرح مرزا صاحب کی فضیلت (نعوذ باللہ) محمد ﷺ پر ثابت ہوئی جس طرح دو کو ایک پر فضیلت ہے اسی طرح مرزا جی کو محمد ﷺ پر فضیلت ہوئی یہ نہ فقط فضیلت بلکہ محمد ﷺ کی مرزا جی نے سخت ہتک کی کہ اپنی فضیلت ظاہر کرنے کے واسطے حضرت محمد ﷺ کے معجزہ شق القمر سے انکار کر کے اسکا نام گہن (خسف) رکھا حالانکہ شق کے معنی گہن کسی طرح درست نہ تھے۔ چاند کا شق ہونا اور بات ہے اور گہن لگنا اور۔ دیگر گہن تو چاند کو ہمیشہ لگتا ہے اگر شق القمر کو چاند گہن کہا جائے تو معجزہ شق القمر سے انکار ہوا۔ مرزا جی نے اپنی فضیلت جتانے کے لئے شق القمر کو چاند گہن کہا اور پھر مسلمان؟ **افسوس!**

مرزائی صاحب کا جواب(۸): پیر بخش کا یہ اعتقاد معلوم ہوتا ہے کہ کوئی شخص اپنے آپ کو خدا کی شکل میں خواب۔۔۔۔۔۔۔نہیں دیکھ سکتا۔ سنئے ماسٹر صاحب! قرآن مجید میں آپ نے کبھی اس آیت کو بھی پڑھا ہے یا نہیں ”قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسهم لا تقنطوا من رحمة الله ان الله یغفر الذنوب جمیعا“۔ فرمائیے! یہ خدا کے بندے ہیں یا محمد رسول اللہ ﷺ کے۔ یہ عبدہ کو حکم ہوتا ہے کہ لوگوں کو کہو

اے میرے بندو! آپ کی معیار سے اس سے بڑھ کر اور کیا خدائی کا دعویٰ ہوگا''۔

جواب الجواب: اگر یہی قرآن دانی اور حقائق و معارف مسیح موعود لایا ہے تو پھر اسلام کا خدا حافظ۔ انسان کے خدا ہونے کا قرآن مجید سے خوب استدلال کیا ہے۔ اب تو اس آیت کو پیش کر کے ہر ایک جاہل مشرک خدائی کا دعویٰ کر سکتا ہے۔ کیونکہ خدا نے یا عبادی رسول اللہ ﷺ کو فرمایا۔ مگر افسوس آپ نے یہ نہ سمجھا کہ یہ تو حضرت محمد ﷺ کو حکم خداوندی ہوتا ہے کہ قل یعنی اے محمد ﷺ آپ میری طرف سے میرے بندوں کو کہو کہ ''اے میرے بندو'' نہ کہ خود خدا تعالیٰ محمد رسول اللہ ﷺ کو (نعوذ باللہ) شرک و کفر کا حکم دیتا ہے کہ ''اے محمد تم اپنے بندوں کو کہدو'' مرزائی صاحب کا استدلال تب درست ہوتا جب آیت میں ''محمد اپنے بندوں کو کہہ دے۔ ہوتا۔ مگر وہاں تو صاف ''قل'' لکھا ہے۔ یعنی ''اے محمد میرے بندوں کو کہہ دو''۔ ایک بادشاہ اپنے افسر کو لکھتا ہے میری رعایا کو کہدو میرے حکم مانے'' تو اسکا مطلب یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ وہ رعیت اس افسر کی رعیت ہے۔ اسی طرح جب حضرت محمد ﷺ کو خدا فرماتا ہے کہ اے محمد کہو کہ ''اے میرے بندو'' یعنی اے خدا کے بندو۔ نہ کہ محمد کے بندو۔ اس سے یہ سمجھنا بالکل غلط ہے کہ خدا نے جو محمد ﷺ کو ''قل'' فرمایا کہ کہدو اے محمد تیرے بندو اس سے محمد کے بندے مراد ہے۔ کوئی باحواس انسان اسے خوش فہمی نہیں کہہ سکتا سوائے مرزائی صاحب کے۔ کسی نے خوب کہا ہے

ع بریں علم و دانش بباید گریست

خدا تعالیٰ چونکہ ﴿لَیۡسَ کَمِثۡلِهٖ شَیۡءٌ﴾ ہے لہٰذا خواب میں کوئی شخص اپنے آپ کو خدا نہیں دیکھ سکتا۔ کیونکہ واجب الوجود ہستی ممکن الجود ہستی میں تنزل کر کے انسان کو خدا نہیں بنا سکتی اسکے لئے کوئی شرعی دلیل ہونی چاہیے کوئی آیت قرآن شریف یا حدیث

نبوی دکھاؤ۔ محمد ﷺ نے کبھی اپنے آپ کو خدا دیکھا اور خالق زمین وآسمان اور انسان بنے تو وہ حدیث پیش کرو بلا دلیل دعویٰ مقبول نہیں۔

مرزائی صاحب کا جواب (۹): انما امرک اذا اردت شیئا ان تقول له کن فیکون یہ حضرت مرزا صاحب کی زبان سے اللہ تعالیٰ کی شان میں الہام ہے......(الخ)

جواب الجواب: یہ مہمل جواب ہے۔ اس جواب سے تو آپ نے مرزا صاحب کی تمام عمارت گرادی۔ یعنی یہ قرآن مجید کی آیت صرف مرزا صاحب پر یونہی بے معنی دوبارہ نازل ہوئی۔ مرزا صاحب اس کے مخاطب نہیں صرف عادت کے طور پر قرآن مجید کی آیات مرزا صاحب کی زبان پر جاری ہوتی تھیں۔ حقیقت کچھ نہ تھی۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ کی نظیر آپ نے غلط دی ہے کیونکہ وہ دعا سکھائی گئی ہے۔ سوچ کر جواب دو۔ اس سے تو ثابت ہوا کہ دوسری آیات بھی جیسا کہ ﴿یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ﴾ جو مرزا صاحب کو الہام ہوئی اس میں بھی مرزا صاحب مخاطب نہ تھے۔ یہ آیت بھی مرزا صاحب کی زبان سے حضرت عیسیٰ کی شان میں الہام ہوئی۔ اور مرزا صاحب مسیح موعود اور ابن مریم غلطی سے اپنے آپ کو سمجھتے تھے کیونکہ قرآن مجید کی آیات بے معنی ان پر الہام ہوتی تھیں۔

دوم: آپ کا اعتقاد صرف اسی آیت کی نسبت ہے یا دوسری آیتوں کی نسب بھی یہی اعتقاد ہے۔ اگر دوسری آیات بھی بے معنی الہام ہوتی تھیں تو پھر مرزا صاحب کو یہ زعم غلط ہوا کہ میں مریم ہوں اور ابن مریم ہوں۔ کیونکہ یہ الہام بھی کہ "یا مریم اسکن انت وزوجک الجنة" (الخ)، "انما امرک" (الخ)، کی طرح مرزا صاحب کی زبان سے مریم کی شان میں ہے۔ اور ایسا ہی مرزا صاحب کا فرمانا کہ اب خدا نے میرا نام محمد رکھا ہے

غلط ہوا کیونکہ ”ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی و دین الحق“......(الخ) حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شان میں الہام ہوئی۔ آپ ذرا سوچ سمجھ کر جواب دیں۔ جب خدا متکلم ہے اور مرزا صاحب مخاطب اور کاف خطاب کا موجود ہے تو پھر خدا تعالیٰ یہ نہ فرماتا کہ اے مرزا تیرا مرتبہ یہ ہے کہ جس چیز کا تو ارادہ کرے پس کہدے ہو جا وہ ہو جائے گی۔ ہرگز ہرگز خدا تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں ہوسکتا۔ ہاں یہ کہہ سکتے ہو کہ یہ آیت مرزا صاحب پر الہام نہیں ہوئی اور نہ دوبارہ نازل ہوئی۔ صرف دوسرے مسلمانوں کی طرح عالم خواب مین انکی زبان پر جاری ہوئی اور مرزا صاحب کی یہ غلطی تھی کہ وہ اسکو الہام جانتے تھے اور خدا تعالیٰ کی طرف سے اپنے آپ کو مخاطب سمجھتے تھے اور زعم کرتے تھے کہ خدا تعالیٰ ان سے باتیں کرتا ہے وہ غلطی پر تھے کہ ان آیات کو دوبارہ نازل شدہ سمجھتے تھے۔ اس جواب سے تو آپ نے مرزائیت کا بیڑا ہی غرق کر دیا ہے۔

مرزائی صاحب کا جواب (۱۰): یریدون ان یروا طمثک پر تمسخر اُڑایا ہے۔ ماسٹر صاحب مرزا صاحب کا حیض تو آپ نہ دکھا سکے بلکہ اس جگہ آپ کا حیض ظاہر ہوگیا۔ قرآن کریم میں اللہ تعالی نے مؤمنوں کو دو قسموں میں تقسیم کر کے انکو دو عورتوں سے تشبیہ دی ہے ایک مؤمن تو فرعون کی بیوی کی مانند ہیں اور دوسرے مریم صدیقہ کی مانند۔ اور یہی دوسری قسم کے مؤمن ہیں جو مریم کی طرح اپنے فروج کی حفاظت کرتے ہیں اور انہیں کے اندر اطفال اللہ کی روح پھونکی جاتی ہے“......(الخ)

جواب الجواب: بلا دلیل آپ کی جو مرضی ہو کہہ دیں اسکی کچھ وقعت نہیں میرا حیض ظاہر کرتے کرتے خود ہی اپنے مرشد کا حیض ظاہر کر دیا اور قرآن مجید کی آیت ﴿وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ (الخ)﴾، ﴿وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِىْ

اَحۡصَنَتۡ فَرۡجَهَا (الخ)﴾ سے مرزا صاحب کا صاحبِ فرج اور صاحب حیض ہونا ثابت کر دیا۔ پس حیض اسی کو آ سکتا ہے جس کو فرج ہو۔ میں تو خدا کے فضل سے نہ تو صاحب فرج ہوں اور نہ صاحب حیض۔ پس آپ نے اپنے مرشد کی حمایت کر کے قرآن مجید کی آیات پیش کر کے انکو صاحب فرج وحیض ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ **شرم**! اسلام کی بیخ کنی کے واسطے بھی حقائق و معارف جو مسیح موعود نے پیش کئے اور آپ کو سکھائے کافی ہیں۔ غیر مذہب والے ایسے حقائق و معارف سن کر اسلام کے حق میں کیا کہیں گے۔ اور نواب واجد علی شاہ سابق والی لکھنو جس کو حیض آتا اور بچہ پیدا ہوتا تھا کیوں نہ سچا سمجھیں گے جبکہ بقول آپ کے مومنوں کو حیض آنا نص قرآنی سے ثابت ہے

ع بریں عقل و دانش بباید گریست

اول: تو میں آپ سے دریافت کرتا ہوں کہ محمد ﷺ اور صحابہ کرام و مفسرین میں سے بھی کسی ایک نے قرآن شریف کی ان آیات سے یہ مطلب سمجھا، سمجھایا، یا صرف مرزا صاحب کی ہی ''ایجاد بندہ اگرچہ سراسر خیال گندہ ہے'' اگر کسی تفسیر میں یہ لکھا ہے کہ مردوں کو امراۃ فرعون اور مریم صدیقہ کی طرح فرج عنایت کی جاتی ہے اور اس فرج سے انکو خون حیض آتا ہے اور پھر وہ خون حیض بستہ ہو کر اللہ تعالیٰ کا طفل اس سے پیدا ہوتا ہے تو دکھاؤ ورنہ ایسے ایسے باطل عقائد کے اظہار سے شرم کرو۔

دوم: یہ تشبیہ جو اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں کو دی ہے تو اس کا مطلب صرف اس قدر ہے کہ جس طرح فرعون نے اپنی مومنہ بی بی کو عذاب دیئے اور اس نے صبر سے تمام عذاب برداشت کئے اور دین حق سے منہ نہ موڑا اسی طرح مومن مردوں اور عورتوں کو جو تکالیف بباعث ایمان لانے کے پہنچائی جاتی ہیں۔ فرعون کی بیوی کی طرح وہ انہیں برداشت کریں اور صبر

سے ایمان پر مضبوط رہیں۔ یہ نہیں کہ مومن مردوں کو اس تشبیہ سے خدا تعالیٰ فرج اور حیض اور طاقت تولد تناسل بھی دے دیتا ہے۔ تمام دنیا جانتی ہے کہ تشبیہ میں صرف ادنیٰ اشتراک مشبہ کا مشبہ بہ کے ساتھ فقط وجہ شبہ میں ہوتا ہے نہ کہ من کل الوجوہ مماثلت تامہ ہو جاتی ہے۔ اگر زید کو شیر سے تشبیہ دی جائے تو وجہ شبہ قوت ہے جسمیں زید کو شیر کے ساتھ اشتراک ہے۔ یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ شیر کے ساتھ زید کو تشبیہ دیگر شیر کی طرح زید کے پنجے اور دم اور چار ٹانگیں بھی تجویز کی جائیں یا درندگی اور خونخواری کا ہونا اس میں تسلیم کیا جائے۔ وجہ شبہ میں مرزائی ہمیشہ دھوکہ دے کر مشبہ کو عین مشبہ بہ تصور کر لیتے ہیں۔ اس تشبیہ امراۃ فرعون میں خدا تعالیٰ نے صبر و تحمل کی وجہ شبہ میں تشبیہ دی ہے نہ کہ مومن مرد سچ مچ عورتیں بن جاتے ہیں۔ اور بچے جنتے ہیں۔ ایسا ہی مریم صدیقہ سے ان مومنوں کو تشبیہ دی ہے کہ جو اپنے آپ کو نفسانی شہوات سے روکتے ہیں۔ اس میں وجہ شبہ عصمت ہے یعنی صرف پارسائی اور تحفظ فروج میں ان مؤمنوں کو مریم صدیقہ سے اشتراک ہے نہ کہ جو مرزائی صاحب سمجھے۔ کہ وہ مفرج ہو جاتے ہیں اور اس میں روح القدس کی مدد سے نفخ روح ہوتی ہے۔ تشبیہ صرف عصمت اور پارسائی میں ہے اور اسی قدر اشتراک مومن کا مریم صدیقہ سے ہے۔ بالکل مضحکہ خیز اور فاسد عقیدہ ہے کہ مومن مرد مریم صدیقہ کی طرح حاملہ ہوتا ہے اطفال اللہ اس سے پیدا ہوتے ہیں۔ مرزا صاحب کا یہ فقرہ کہ اب حیض نہیں بن گیا ہے ظاہر کرتا ہے کہ یہ روحانی کھیل نہیں جسمانی ہے۔ کیونکہ خون حیض جس وقت بچہ بنتا ہے جس وقت مرد کا پانی اس میں ملے۔ آگے ہمیں ادب و تہذیب اجازت نہیں دیتے کہ علم طب کے مطابق تشریح کر کے مرزا صاحب کا حاملہ ہونا اور ان سے خدا کا بچہ پیدا ہونا بیان کریں۔ عاقلاں خود میدانند کہ خدا کا پانی کہاں گرا، خدا زادہ کس طرح پیدا ہوا۔ اور عجب یہ کہ خدا کا یہ فعل بچہ

جمانے کا اس وجود نے جسکو وہ الہام کہہ چکے ہیں کہ ”انت منی بمنزلة اولادی“ یعنی اے مرزا تو ہماری جا بجا ہے۔ جیسے خدا اپنی اولاد کہے پھر خود ہی اسکا خاوند بن کر اس سے اطفال اللہ پیدا کرے کس قدر کفر و بے دینی ہے۔ کیونکہ کسی مذہب میں جائز نہیں کہ کوئی اولاد سے نکاح کرے اور بچے جنائے۔ **شرم!**

یہ اہل اسلام کی بدبختی کا نشان ہے کہ ان میں ایسے ایسے امام زمان اور زنانے موعود پیدا ہونے لگے کہ اسلام کو آماجگاہ اعتراضات بنایا۔ کہا جاتا ہے کہ مرزا صاحب نرے مجددوں کی طرح ایک مجدد تھے۔ کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ کسی مجدد نے ایسی فلاسفی بیان کی ہے جو قادیانی فلاسفر نے بیان کی اور خدا کی اولاد اور بال بچے اور بیوی تجویز کی اور تعلیم کو پسِ پشت ڈال دیا۔ **افسوس!** بڑے بڑے بڑے ڈگری یافتہ گریجویٹ بھی نہیں سوچتے دین اسلام کے ساتھ تمسخر ہے بلکہ "**برعکس نهندِ نام زنگی کافور**" ان کفریات اور ہفوات کا نام دلائل و معارف رکھتے ہیں اور جھوم جھوم کر اپنے قابو یافتوں میں سناتے ہیں۔ اخیر میں جواب دینے والے مرزائی نے اپنے پیغمبر کی سنت کے مطابق لعنت اللہ علی الکاذبین پر اپنے غموں کو ختم کر کے ہتھیار ڈال دیئے کہ باقی اعتراضات کا جواب یہی ہے اور لکھا ہے کہ ہم علماء کی قطعاً پرواہ نہیں کرتے۔ جسکا جواب یہ ہے کہ علماء کی پرواہ مسلمان کرتے ہیں جنکو رسول خدا ﷺ سے ہدایت ہے: ”من اکرم علماء امتی فاکرمنی“ یعنی جس نے میری امت کے علماء کی عزت کی اس نے میری عزت کی۔ جب آپ کو پیغمبر کی عزت نہیں اور رسول الگ بنا لیا تو آپ کو علماء کی کیا پرواہ ہے۔ اگر علماء کی پرواہ نہیں تو اپنی تحریر کا تو جواب دینا تھا۔ اس واسطے ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ سوالوں کو پھر درج کریں تا کہ مسلمانوں کو معلوم ہو کہ مرزائی صاحبان اپنے مخالفین کے سامنے اس طرح عاجز ہیں اور

جواب دینے سے کس طرح گھبراتے ہیں۔ یہ وہ سوالات ہیں جنکا جواب مرزائی نہیں دے سکے:

۱...... کیا مرزا صاحب آپ کے اعتقاد میں سچے صاحب وحی تھے یعنی انکی وحی تورات وانجیل وقرآن کی مانند تھی کہ جس کا منکر جہنمی ہوتا ہے؟

۲...... جو جو الہام مرزا صاحب کو ہوئے کیا آپ انہیں خدا تعالیٰ کی طرف سے یقین کرتے ہیں؟

۳...... کیا مرزا صاحب کے الہامات کو وساوس شیطانی سے پاک یقین کرتے ہیں؟

۴...... کیا مرزا صاحب کے کشوف سچے اور منجانب اللہ تھے؟

۵...... شیطانی الہامات اور شیطانی کشوف کی کیا علامات ہیں؟

۶...... مرزا صاحب نے جو حقیقت الوحی، ص ۲۱۱ پر لکھا ہے کہ میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جیسا کہ قرآن شریف پر۔ کیا آپکا بھی یہی ایمان ہے؟

۷...... اگر مرزا صاحب کے عقائد علمائے اہلسنّت والجماعت والے تھے اور آپ کے بھی ہیں تو پھر مسلمانوں کے ساتھ مل کر نمازیں کیوں نہیں پڑھتے؟

یہ سوالات صفحہ ۷ پر تھے اور اخیر فتویٰ احمدیہ صفحہ ۸۲ کی عبارت نقل کر کے پوچھا تھا کہ جب آپکو مرزا صاحب کا حکم ہے جس ملک میں جاؤ تمہارا فرض ہے کہ مرزائیت کی تبلیغ کرو۔ تو پھر آپ کس اسلام کی تبلیغ کرتے ہیں؟ مگر آپ نے ان سوالات کا جواب نہیں دیا۔ اب جواب دیں۔

پیر بخش، سکرٹری انجمن تائید اسلام لاہور

بحث مجدد اور کذبِ مرزا صاحب.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

برادران اسلام! واضح ہو کہ مرزا صاحبان کی طرف سے اکثر یہ سوال ہوتا ہے کہ چودہویں صدی کا مجدد کون ہے؟ اس کا نام بتاؤ۔ اگر نہ بتا سکو تو مرزا جی کے تابع ہو جاؤ جنہوں نے دعویٰ مجدد ہونے کا کیا ہے۔ چنانچہ آج کل شہر فیروز پور سے ایک کھلی چٹھی بنام مولوی مختار احمد صاحب میرٹھی حال مقیم فیروز پور شائع ہوئی ہے۔ جس کے اخیر لکھا ہے کہ آپ یا کوئی اور شخص جسکی نظر سے یہ چھٹی گذرے جواب دے۔ سوالات یہ ہیں:

۱...... آپ کے نزدیک مجدد وقت کو تلاش کرنا کیوں ضروری نہیں؟ اگر عقلی دلائل کو ایک طرف رکھ دیا جائے تو کیا آپ آنحضرت ﷺ کا فرمان ”من لم یعرف امام زمانہ فقد مات میتة الجاھلیة،، یعنی جس شخص نے اپنے زمانے کے امام کو نہیں پہچانا تحقیق وہ جہالت کی

موت مرا۔ (دیکھو درجات امت صفحہ۸۲)۔آپ کو اس مسئلہ میں توجہ کرنے کیلئے مجبور نہیں کرتا؟

۲......آیا ان لوگوں نے جن کے نام آپ نے بطور مجدد پیش کئے تھے خود مجدد ہونے کا دعویٰ کیا ہے یا لوگ ان کو مجدد بناتے ہیں؟

جواب۱: آپ کا سوال اور بحث مجدد پر تھی اگر آپ نے جو منصب امامت سے حدیث نقل کی ہے کہ **من لم یعرف امام زمانِه** (الخ) یہ غلط پیش کی ہے کیونکہ امام اور مجدد میں فرق ہے مجدد کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''**ان اللّٰه یبعث لهذه الامة علی رأس کل مائة سنة من یجدد لها دینها**'' یعنی ہر صدی کے سر پر اللہ تعالیٰ اس امت میں ایک ایسا شخص پیدا کیا کرے گا جو مسلمانوں کے دین کو تازہ کر دیا کریگا۔

(دیکھو سنن ابی داؤد، ومستدرک حاکم وبیہقی)۔

اور آپ نے مجدد صاحب سرہندی وشاہ ولی اللہ صاحب دہلوی کا خود ہی نام لیا ہے۔ پس اگر کوئی شخص مجدد ہونے کا دعویٰ کرے اور اس میں صفات مجدد نہ ہوں تو وہ ہرگز مجدد نہیں ہوسکتا۔ جس طرح ایک ہیجڑا رستم نہیں ہوسکتا چاہے وہ لاکھ دعوے کرے کہ میں رستم ہوں۔ یا ایک کنجوس بخیل حاتم طائی نہیں ہوسکتا چاہے کروڑ دعوے کرے کہ میں حاتم زماں ہوں۔ اگر اول الذکر میں شجاعت اور ثانی الذکر میں سخاوت نہ ہو تو وہ ہرگز ہرگز رستم وحاتم نہیں مانے جاسکتے۔ اسی طرح اگر مدعی مجددیت میں مجدد کے صفات نہ ہوں تو وہ ہرگز مجدد نہیں ہوسکتا چاہے لاکھ دعوے کرے کہ میں مجدد زماں ہوں۔ کیونکہ اس پر تمام عقلاء کا اتفاق ہے کہ دعوے بلا دلیل کبھی منظور نہیں ہوسکتے۔ پس سب سے پہلے مسلمانوں کا فرض ہے کہ مجدد کی تعریف اور صفات سے واقف ہوں۔ جب صفات مجدد مدعی میں پائی جائیں تو وہ دعویٰ میں سچا سمجھا جائے اور جس مدعی میں صفات مجدد نہ پائی جائیں اس کو جھوٹا سمجھیں۔ یہ

غلط ہے کہ مجدد خود دعویٰ کر کے مجدد بن جاتا ہے۔ بلکہ علماء امت اس کو سرآمد علماء روزگار دیکھ کر اور ناقد احادیث سمجھ کر اسکو مجدد تسلیم کرتے ہیں۔ (دیکھو مجالس الابرار)

مجدد کی صفات

۱.....ابوداؤد نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر ایک صدی کے سر پر امت میں سے ایک شخص مبعوث فرمایا کرے گا کہ وہ دین کو تازہ کیا کرے گا۔ پس پہلی صفت مجدد کی یہ ہے کہ صدی کے سر پر ہو اور دوسری صفت یہ ہے کہ دین کو تازہ کرے۔ یعنی وہ دین جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے وقت تھا اسی دین کو تازہ کرے اور بدعات جو دین میں داخل ہو گئی ہوں ان کو دور کرے۔

۲.....ابن حجر عسقلانی نے مجالس الابرار میں فرمایا ہے کہ مراد ہر صد سال سے ابتداء سو سال ہجری سے ہے اور تجدید سے مراد احیائے دین یعنی عمل کتاب وسنت ہے اور حکم کرنا ہر دونوں کے مطابق ہے۔

پس جس شخص میں یہ صفت پائی جائے وہ مجدد ہے اور جس میں یہ صفت نہ پائی جائے وہ ہرگز مجدد نہیں ہوسکتا چاہے وہ کتنا بڑا عالم ہو۔ اور یہ بھی ضرور نہیں کہ تمام روئے زمین کے مسلمانوں کے واسطے صرف ایک ہی شخص مجدد کافی ہو۔ ہر ایک زمانہ میں مختلف ولایتوں میں کئی ایک مجدد ہوئے ہیں کیونکہ ”من“ کا اطلاق واحد اور متعدد دونوں پر ہوتا ہے اسلئے ہر ایک ملک اور شہر اور ولایت میں ہر ایک زمانہ میں مجدد ہوتے رہے۔ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے صدرِ اول سے اپنے زمانہ اور اپنے زمانہ سے متاخران اس زمانہ تک ہر ایک مجدد کا نام بقید ولایت تحریر فرمایا ہے۔ یعنی ان میں سے بادشاہ بھی ہیں۔ اور یہ مجدد اقطارِ عالم میں سے ہر ایک قطر ارض میں گذرے ہیں۔ کیا عرب اور کیا عجم اور ہر ایک

فن کا مجدد گذرا ہے۔ مثلاً شیخ احمد سرہندی مجدد مسلک صوفیہ سے گذرے ہیں اور شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی مجدد تقدیم سنن بر فقہ اور ایسا ہی اصحاب کتب صحاح ستہ اپنے اپنے زمانہ میں مجدد گزرے ہیں۔

غرضیکہ بشارت تجدید بر سر ہر صدی حدیث کے مطابق ہے اور حدیث میں تجدید کے معنی خدا اور رسول نے فرما دیئے ہیں کہ زندہ کرنا کتاب اور سنت کا ہے۔ اور مراد تجدید سے نفی تحریف غالین وابطال مبطلین وتاویل جاہلین ہے۔ مبطلین سے مراد علمائے فلسفہ اور انکے پیرو ہیں کیونکہ انہوں نے باوجود دعویٰ اسلام کے حکمت اور معقول کو شریعت میں ملا دیا ہے اور خالص دین کو باطل کے ساتھ ملاتے ہیں اور بہت اعتراض کرتے ہیں۔ اور جاہلین سے مراد وہ لوگ ہیں جو کہ جھوٹی تاویلیں کر کے یہ چاہتے ہیں کہ نص صریح کو اصلی مطلب سے پھیر کر اپنے مطلب کے موافق کر لیتے ہیں اس واسطے رسول اللہ ﷺ نے خوشخبری دی ہے: **”لا یزال طائفة من امتی منصورین لایضرهم من خذلهم حتی تقوم الساعة“** (رواہ الترمذی)۔ یعنی ایک جماعت ہمیشہ حق پر رہے گی اور وہ جماعت وہی ہے جو کہ کتاب وسنت پر قائم رہے گی اور بدعات سے بچی رہے گی۔ اب ثابت ہوا کہ مجدد وہی ہے کہ جو دین کو تازہ کرے۔ اور تازگی دین کی یہ ہے کہ قرآن اور حدیث کے مطابق مجدد کا قول وفعل ہو۔ لہٰذا مسلمانوں کا فرض ہے کہ مدعی کا قول وفعل دیکھیں اگر وہ کتاب اور سنت کے موافق ہے تو قبول کریں ورنہ مدعی کے دعوے کا بہت زور سے ردّ کریں۔ یہ بالکل غلط راستہ ہے کہ جو مدعی ہو اسی کو مان لو چاہے اسکا دعویٰ سچا ہو یا جھوٹا۔ کیونکہ مدعی سچا بھی ہوتا ہے اور جھوٹا بھی ہوتا ہے۔ یہ بالکل نامعقول دلیل ہے کہ اگر سچا مدعی ہم کو معلوم نہیں تو آنکھیں بند کر کے جھوٹے مدعی کے ہی پیرو ہو کر وارث جہنم بنیں۔

کسؔ نباید بزیرِ سایۂ بوم　　　　در ہما از جہاں شود معدوم

شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اگر سچا مدعی (جو بمنزلہ ہما کے ہے) نہ بھی ملے تو اُلّو کے سایہ کے نیچے نہ آنا چاہیے۔ یعنی خواہ مخواہ جھوٹے مدعی کو نہ ماننا چاہیے۔ اور خود رسول اللہ ﷺ نے بھی فرمادیا ہے کہ جو شخص اپنے زمانہ کے امام کو نہ پہچانے وہ جہالت کی موت مرتا ہے۔ جسکا مطلب یہ ہے کہ جو سچے مدعی اور جھوٹے مدعی میں فرق نہ کرے اور بلا سوچے سمجھے اس کا مرید ہو جائے تو وہ جہالت کی موت مرتا ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ سچے اور جھوٹے مدعی میں ما بہ الامتیاز کیا ہے؟ اور سچا وجھوٹا پہچانا کیونکر جائے؟ اس کا جواب خود مخبر صادق ﷺ نے دے دیا ہے "من یجدد لھا دینھا"، یعنی وہ مدعی سچا ہے جو کہ دین محمدی کو از سر نو تازہ کرے۔ پس ہمارا فرض ہے کہ حسب ارشاد نبوی سچے اور جھوٹے مدعی کی جانچ پڑتال کریں۔ چودھویں صدی کے مجدد ہونے کا دعویٰ صدی کے سر پر مرزا صاحب سے پہلے محمد احمد سوڈانی نے ۱۸۸۱ء میں کیا ہے۔ (دیکھو عسل مصفی، ص ۵۰۱)۔ اور کامیاب بھی ایسا ہوا کہ سلطنت قائم کر لی۔ اسی صدی میں ملا سمالی لینڈ، مہدی جاوا، مہدی الجیریا وغیرہم مدعی ہوئے۔ اور ہندوستان میں اسی صدی میں مولانا احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا مہر علی رحمۃ اللہ علیہ اس صدی چودھویں کے مجدد مانے گئے۔ غرض کہ متفرق ملکوں میں مختلف شخصوں نے مجددیت ومہدیت کا دعویٰ کیا اور مانے گئے۔ مگر چونکہ بحث مرزا جی قادیانی اور انکے دعاوی پر ہے۔ اس لئے فی الحال ہم کو دوسرے مدعیان سے کچھ بحث نہیں۔ صرف مرزا جی کے افعال واقوال کا امتحان حدیث نبوی کے مطابق کرتے ہیں۔ اگر اس امتحان میں مرزا جی پاس ہو گئے تو انہیں مجدد مان لیا جائے گا۔ اور اگر مرزا جی کے افعال واقوال سے بجائے دین محمدی کو تازہ کرنے کے ثابت ہو گیا کہ دین

محمدی کو ہلاک کرنے والے تھے تو پھر انکے جھوٹے ہونے میں کوئی شک نہ ہوگا۔اب ہم ذیل میں مرزاجی کے وہ الہامات جن پر انکے دعویٰ کی بنیاد ہے درج کرتے ہیں اور مرزائی دوستوں سے انصاف چاہتے ہیں کہ یہ مجددانِ دین کا حال ہے یا دشمنانِ دین مبین کا؟

مرزاجی کا الہام،۱...... ''رڈر گوپال تیری مہما گیتا میں لکھی گئی ہے''۔

مرزاجی کا دعویٰ ہے کہ میں حقیقت روحانی کی رو سے کرشن ہوں جو ہندو مذہب کا راجہ اور اوتاروں میں سے بڑا اوتار تھا۔ (دیکھو لیکچر سیالکوٹ، مصنفہ مرزاجی مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۹۰۲ء)

یہ ہندوؤں کے اوتار کا مسئلہ جس کی تصدیق مرزاجی نے خود کرشن جی کا اوتار بن کر کی اس میں ہندو مذہب کی تجدید ہوئی نہ کہ دین محمدی کی۔لہٰذا مرزاجی دین محمدی کے مجدد نہیں ہوسکتے۔

مرزاجی کا الہام،۲...... ''برہمن اوتار سے مقابلہ کرنا اچھا نہیں''۔ (دیکھو حقیقت الوحی، مصنفہ مرزاجی ص۹)۔ بتاؤ کوئی مجدد برہمن اوتار ہوا ہے؟ یہ دین محمدی کی ہلاکت ہے کہ تجدید؟

مرزاجی کا الہام،۳...... ''تو ہی آریوں کا بادشاہ''۔ (دیکھو حقیقت الوحی، مصنفہ مرزاجی ص ۸۵)۔ یہ تینوں الہام مرزاجی کو ہندو مذہب کا پیرو بناتے ہیں۔کیونکہ مرزاجی نے خود ایک اصول مقرر کیا ہے کہ میں متابعت تامہ محمد رسول اللہ ﷺ سے عین محمد بن گیا ہوں اور فنا فی الرسول کے مرتبہ تک پہنچ کر خود رسول بن گیا ہوں۔میرا دعویٰ نبوت خاتم النّبیین کے برخلاف نہیں۔اور اسی اصول کے مطابق مرزاجی کرشن جی مہاراج کے پیرو ثابت ہوئے کیونکہ انہوں نے اوتار کرشن ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔اور کرشن جی مہاراج ہندو تھے تو مرزاجی بھی فنا فی الکرشن ہو کر ہندو ہوئے جب ہندو ہوئے تو تناسخ کے قائل اور قیامت کے منکر ثابت ہوئے اور قیامت کا منکر کبھی مسلمان نہیں ہوسکتا۔پس مرزاجی کا مجدد ہونا تو درکنار وہ مسلما ہی نہ رہے۔یا بتاؤ

کہ فلاں مجدد نے بھی کرشن ہونے کا دعویٰ کیا؟

مرزا جی کا الہام، ۴...... جو انکو عیسائی بناتا ہے "انت منی بمنزلة ولدی" (حقیقت الوحی، ص ۸۶)۔ یعنی اے مرزا تو ہمارے بیٹے کی جابجا ہے۔ اس الہام سے مرزا جی نے بجائے تجدید دین محمدی کے دین عیسوی کی تجدید کی اور جس ابن اللہ کے مسئلہ کو بانی اسلام ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام وتابعین وتبع تابعین نے مٹایا تھا اسے سوا تیرہ سو برس کے بعد مرزا جی نے خود ابن اللہ بن کر زندہ کردیا اور قرآن کریم کی آیت کی صریح مخالفت کی جن میں لکھا ہے کہ خدا کسی کو اپنا بیٹا نہیں بناتا اور وہ بیٹا یا باپ ہونے سے پاک ہے۔

مرزا جی کا الہام، ۵...... جو مرزا جی کو رسول بناتا ہے: "قل یا ایها الناس انی رسول اللّٰه الیکم جمیعا"۔ یعنی کہو اے مرزا کہ لوگوں میں اللہ کا رسول ہوکر تمہاری طرف آیا ہوں۔ (دیکھو اخبار الاخیار ص ۳، مصنفہ مرزا جی)۔ مدعی نبوت ورسالت تو خارج از امت ہوتا ہے اور اس پر اجماع امت ہے۔ "من اعتقد وحیا من بعد محمد ﷺ کان کافرا باجماع المسلمین" (دیکھو فتاویٰ ابن حجر مکی)۔ یعنی جو شخص وحی اور نبوت کا دعویٰ بعد محمد ﷺ کرے وہ اجماع مسلمین سے کافر ہے۔ یعنی اسلام کے سب فرقوں کے نزدیک وہ کافر ہے۔ مرزائی صاحبان غور فرمائیں کہ مرزا صاحب نے مسیلمہ کذاب کے دین کی تجدید کی یا دین محمدی کی؟ مسیلمہ پر تو حضور ﷺ نے خود کفر وقتال کا فتویٰ دیا تھا۔ اگر مجدد کے یہی کام ہیں تو مولانا روم نے کئی سو برس پہلے ہی لکھ رکھا ہے۔

کارِ شیطاں میکند نامش ولی   گر ولی ایں است لعنت بر ولی

کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ کسی مجدد نے رسالت کا دعویٰ کیا؟

مرزا جی کا الہام، ۶...... جو مرزا جی کو خدا کی بیوی بناتا پھر ان سے اطفال اللہ پیدا ہونے

ثابت کرتا ہے۔ "یریدون ان یروا طمثک" یعنی بابو الٰہی بخش چاہتا ہے کہ تیرا حیض دیکھے یا کسی پلیدی اور ناپاکی پر اطلاع پائے۔ مگر خدا تعالیٰ تجھے اپنے انعامات دکھلائے گا جو متواتر ہوں گے اور تجھ میں حیض نہیں بلکہ وہ بچہ ہو گیا ہے ایسا بچہ جو بمنزلہ اطفال اللہ کے ہے...... (الخ)۔ (دیکھو تتمہ حقیقت الوحی، ص۱۴۳)

اب مسلمان خود فیصلہ کرلیں کہ جس کے حیض سے اطفال اللہ پیدا ہوں وہ یقیناً خداونی یعنی خدا کی بیوی ہوگی۔ یہ ہے تجدید دین محمدی جو مرزا جی نے کی! اور یہ ہے احیائے سنت جو چودھویں صدی کے مجدد نے کر کے اسلام پر دوسرے مذاہب کو ہنسایا!

افسوس! عمل تو نہیں دیکھا جاتا اور بلا دلیل مجدد مجدد کہہ کر مسلمانوں کو دھوکہ دیا جاتا ہے کہ اگر سچا مجدد نہ ملے تو حیض والے مجدد کو مان لو۔ جب مرزا جی میں مجددی اوصاف نہیں بلکہ انکے افعال واقوال سے ان کا شرک اور کافر ہونا ثابت ہے تو پھر انہیں مجدد ہونا کس طرح مانا جاسکتا ہے۔

دعوے اسلام کفر کی باتیں ساری شیطان کی ہیں یہ گھاتیں

جس مرزائی اشتہار کا ابتداء رسالہ میں حوالہ دیا گیا ہے اس میں مرزائی مشتہر نے حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی کا خود ہی نام لکھا ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ مرزا جی اور مجدد الف ثانی کے عقائد کا مقابلہ کیا جائے تا کہ طالبانِ حق پر صداقت ظاہر ہو۔ مقابلہ میں اگر مرزا جی کے اور مجدد صاحب کے عقائد یکساں ہوئے تو مرزا جی بھی مجدد۔ اور اگر برخلاف ہوئے تو پھر دونوں مجددوں میں سے وہی حق پر ہوگا جسکے عقائد کتاب وسنت کے معیار سے برابر اتریں۔ اب سنئے!

مرزا جی کا اعتقاد ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے اور آنے والا مسیح میں

ہوں۔ (دیکھو ازالہ اوہام صفحہ ۵۶۱،۵۶۲)۔ الہامی عبارت ''مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور اسکے رنگ میں وعدہ کے موافق تو آیا ہے''۔ مجدد صاحب الف ثانی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب ہے کہ حضرت عیسیٰ فوت نہیں ہوئے وہی بجسد عنصری آخری زمانہ میں آسمان سے نازل ہوں گے اور شریعت محمدی پر عمل فرمائیں گے۔ اصل عبارت مترجمہ یہ ہے ''جب حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام جو آسمان سے نزول فرمائیں گے تو حضرت خاتم الرسل علیہ الصلوۃ والسلام کی شریعت کی متابعت کریں گے'' (صفحہ ۳۶، مکتوب ۱۷، دفتر سوم اردو)۔ چونکہ مجدد صاحب سرہندی اور مرزا صاحب میں اختلاف ہے اور اس واسطے مسلمانوں کا فرض ہے کہ دونوں کے اقوال وعقائد کو کتاب یعنی قرآن اور سنت یعنی حدیث پر پیش کریں۔ مجدد صاحب کا قول قرآن اور حدیث کے موافق ہوگا تو مجدد صاحب سچے اور اگر مرزا جی کا کلام کتاب وسنت کے موافق نہ ہوگا تو مرزا جی ہرگز ہرگز اپنے دعویٰ میں سچے نہ ہونگے۔ کیونکہ امت محمدی میں صحابہ کرام سے لے کر تبع تابعین تک کسی ایک کا بھی مذہب نہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے اور انکا نزول بروزی رنگ میں ہوگا۔ مرزا صاحب اور انکے مرید وفات مسیح ثابت کرنے پر زور دیتے ہیں کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس وامام مالک کہتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام فوت ہوئے۔ آگے انکا مذہب نہیں بتاتے حالانکہ انکا مذہب یہ ہے کہ فوت ہو کر پھر زندہ کئے گئے اور اُٹھا لئے گئے جیسا انجیلوں میں ہے کہ مسیح تین دن کے بعد زندہ ہو کر اٹھایا گیا۔

قرآن مجید کی آیت ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾ مجدد صاحب الف ثانی کے مذہب کی تائید کرتی ہے۔ جسکا مطلب یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات بعد نزول ہوگی۔ اور عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے پہلے سب اہل کتاب

ایمان لائیں گے۔ اسی جگہ مرزا جی "موتہ" کی ضمیر پر ناحق جھگڑا اپنے مطلب کے واسطے کرتے ہیں۔ حالانکہ اس آیت کی تفسیر رسول اللہ ﷺ نے خود فرما دی ہے۔ اور وہ حدیث یہ ہے اور حدیث ہے بھی بخاری کی جو کتاب اللہ کے بعد اصح الکتب ہے۔

"عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ویفیض المال حتی لایقبلہ احد وتکون السجدۃ الواحدۃ خیر من الدنیا وما فیھا ثم یقول ابوھریرۃ فاقرأوا ان شئتم ﴿وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ﴾"

ترجمہ: روایت ہے ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا ﷺ نے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تحقیق اتریں گے تم میں عیسیٰ بیٹے مریم کے درحالیکہ حاکم عادل ہونگے پس توڑ دیں گے صلیب کو اور قتل کریں گے خنزیر کو اور بہت ہوگا مال یہاں تک کہ نہ قبول کرے گا اس کو کوئی۔ اور ہوگا ایک سجدہ بہتر دنیا سے اور ہر ایک اس چیز سے کہ دنیا میں ہے پھر حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ اگر اس میں شک کرتے ہو یعنی اصالتاً نزول عیسیٰ علیہ السلام میں تو پڑھو قرآن کی آیت کہ "نہیں کوئی اہل کتاب سے مگر کہ ایمان لائیگا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر پہلے مرنے عیسیٰ کے اور عیسیٰ ہوگا گواہ ان پر دن قیامت کے۔ (روایت کیا اس حدیث کو بخاری اور مسلم نے)۔ (مظاہر حق جلد۴، باب نزول عیسیٰ علیہ السلام)

غور کرو کہ حضرت مجدد الف ثانی سرہندی کا مذہب قرآن اور حدیث کے مطابق ہے اس واسطے سچا ہے۔ اور مرزا صاحب کا مذہب کہ عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے اور بروزی رنگ میں مسیح موعود میں ہوں۔ من گھڑت ڈھکوسلہ ہے جیسے کہ مرزا جی سے پہلے کئی ایک

کاذب مدعیوں نے دعوے کیے ہیں جنکے نام درج ذیل ہیں:

یحییٰ بن مارس، ابراہیم بزلہ، شیخ محمد خراسانی، ایک شخص نے جزیرہ جمیکہ میں مسیح موعود ہونے کا دعوی کیا جو حبشی تھا۔ایک شخص نے سندھ میں عیسیٰ بن مریم ہونے کا دعویٰ کیا۔ ڈوئی صاحب نے امریکہ میں مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔ انکی دیکھا دیکھی مرزا صاحب نے بھی کہا کہ عیسیٰ فوت ہوگئے اور میں مسیح موعود ہوں۔مگر مرزا جی نے اسی ایک دعویٰ پر بس نہ کی بلکہ متعدد دعوے کیے، یعنی مثیل عیسیٰ ہوں۔ مسیح موعود ہوں۔ رجل فارسی ہوں۔مریم ہوں۔محمد ہوں۔ابراہیم ہوں۔آدم ہوں۔کرشن ہوں۔ مصلح موعود ہوں۔مہدی ہوں۔ مجدد ہوں وغیرہ وغیرہ۔پس ان متعدد دعاوی سے ثابت ہے کہ مرزا جی کا دعویٰ صرف مجدد ہونے کا نہ تھا جو ہر ایک صدی کے سر پر ہوتا ہے کیونکہ مسیح موعود ومہدی بڑے عظیم الشان عہدے ہیں اور علامات قیامت سے ہیں انکے بعد قیامت آجائے گی۔اور مجدد صرف امتی ہوتا ہے کسی مجدد نے اپنے آپ کو مسیح موعود ومہدی وکرشن وغیرہ وغیرہ نہیں کہا۔ہاں یہ چال جھوٹے مدعیانِ نبوت کی ہے جو کہ مرزا جی نے اختیار کی ہے۔اگر مرزا جی مجدد ہوتے تو مجددوں اور صحابہ کرام اور سلف صالحین کی چال چلتے۔لیکن مرزا جی جتنی چالیں چلے ہیں وہ چالیں سب کذابوں اور جھوٹوں کی ہیں مثلاً:

ا......متعدد دعاوی کرنا: یہ چال ''کرمنہ'' کاذب مدعی نبوت کی ہے جو کہ خلیفہ معتمد کے زمانہ میں ہوگزرا ہے۔وہ کہتا تھا کہ میں عیسیٰ ہوں۔داعیہ ہوں۔ حجت ہوں۔ناقہ ہوں۔روح القدس ہوں۔یحییٰ بن زکریا ہوں۔ مسیح ہوں۔کلمہ ہوں۔مہدی ہوں۔محمد بن حنفیہ ہوں۔ جبرائیل ہوں۔(دیکھو حرز الخصائص، ص ۱۷۵)

۲...... **نبوت کے دو قسم مقرر کر کے غیر تشریعی نبوت کا دعویٰ کرنا:** یہ چال مسیلمہ کذاب کی ہے۔ وہ کہتا تھا کہ میں محمد ﷺ کے ساتھ نبوت میں اس طرح شریک ہوں جس طرح موسیٰ کے ساتھ ہارون تھا۔ (دیکھو بستان مذاہب)

۳...... **اپنے شعروں کو معجزہ قرار دینا:** یہ احمد بن حسین کوفی کاذب مدعی نبوت کی چال ہے اپنے عربی شعروں کو معجزہ کہتا تھا۔ ''دیوانِ متنبیؔ'' اسکا مشہور دیوان ہے۔ اسی طرح مرزا جی بھی اپنے اشعار ''اعجاز عیسوی حمامۃ البشریٰ'' کو معجزہ کہتے ہیں حالانکہ کسی سچے مجدد نے اپنے کلام کو معجزہ نہیں کہا۔ محمد علی باب بھی اپنے اشعار کو معجزہ کہتا تھا۔ صالح بن طریف بھی اپنے کلام کو معجزہ کہتا تھا۔ اور قرآن بنایا تھا۔ مسیلمہ کذاب بھی مدعی وحی تھا اور اپنے کلام کو معجزہ کہتا تھا۔ اس نے ''فاروق اعظم'' دو جلدوں میں بنایا تھا۔

۴...... **تکفیر اہل اسلام:** یہ بھی کذابوں کی چال ہے۔ اخرس کذاب کہتا تھا کہ جو مجھ کو نہیں مانتا وہ خدا اور محمد کو بھی نہیں مانتا۔ سید محمد جونپوری (کاذب مہدی) کہتا تھا ''فمن اتبعنی فھو مومن'' یعنی جو مجھ کو مہدی نہیں مانتا وہ مسلمان نہیں۔ مومن وہی ہے جو مجھ سے بیعت کرتا ہے۔ مرزا جی بھی یہی کہتے ہیں کہ جو مجھ کو نہیں مانتا کافر ہے۔ (حقیقت الوحی، ص ۱۶۳)

۵...... **قرآن شریف کے معانی اور تفسیر اپنے رائے سے کرانا اور من گھڑت باتیں بنا کر اپنا مطلب نکالنا:** یہ بھی کذابوں کی چال ہے۔ مغیرہ نے نبوت کا دعویٰ کیا۔ قرآن کی تفسیر اپنے رائے سے کرتا اور مرزا جی کی طرح اپنے مطلب کے معنی بنا لیتا۔ چنانچہ عبدالکریم شہرستانی نے اپنی بسیط تصنیف ''الملل والنحل'' میں لکھا ہے کہ مغیرہ کہتا تھا ''وحملھا الانسان انہ کان ظلوما جھولا'' یہاں ظلوم وجہول سے مراد حضرت عمر و ابوبکر ہیں (نعوذ باللہ نفس بڑے

دھوکے دیتا ہے۔) ایسا ہی مرزا جی لکھتے ہیں کہ اخرجت الارض اثقالھا سے مراد انسان اور علوم وفنون کا ظاہر ہونا ہے۔ جو کچھ عمدہ عمدہ دلی ودماغی لیاقتیں وطاقتیں اس میں مخفی ہیں سب کی سب ظاہر ہو جائیں گی...... (الخ)۔ (دیکھو ازالہ اوہام صفحہ ۱۲۲ حصہ اول)

۶...... **رمضان میں چاند وسورج کے گہنوں کو اپنی صداقت کی دلیل بنانا:** یہ بھی کذابوں کی چال ہے۔ ۲۷۶ھ و ۷۷۲ھ میں رمضان میں چاند وسورج کو گہن لگے۔ اور عباس مدعی نبوت ومہدویت ہوا۔ ۱۰۱۱ ۹۱۱ھ میں دونوں گہن ہوئے اس وقت محمد بن عبد اللہ مصری مدعی ہوا۔ (دیکھو ہدیہ مہدویہ، ص-----)۔ عیسیٰ بن مہرویہ کے وقت ----- میں چاند وسورج کو رمضان میں گہن لگا۔ (تاریخ الخلفاء، ص ۲۸۵)۔ بغرض اختصار اسی پر اکتفا کیا جاتا ہے ورنہ ایسی بکثرت مثالیں موجود ہیں۔ القصہ یہ کذابوں کا دستور چلا آتا ہے کہ جب کبھی رمضان میں گہن ہوا مہدی بن بیٹھ۔ کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ حضرت مجدد سرہندی یا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے چاند گہن اور سورج گہن کو اپنی صداقت کی دلیل پیش کیا ہے؟ ہرگز نہیں۔ تو پھر کس قدر ظلم عظیم ہے کہ مرزا جی کو مجدد کہا جاتا ہے جبکہ ان میں مجدد کی کوئی صفت نہیں۔ بلکہ مرزا جی نے مسائل باطلہ کو اسلام میں داخل کر کے اسلام کو نشانۂ اعتراضات بنایا اور بدعات سے بھر دیا۔ دیکھو ہندوؤں کا مسئلہ اوتار اور بروز ومکون کا مسئلہ فلاسفہ یونان اور عیسائیوں کا مسئلہ ابن اللہ اور تجسم خدا وغیرہ وغیرہ اباطیل داخلِ اسلام کئے۔ مسیح کو صلیب پر لٹکا کر عذاب اسکو دیا جانا تسلیم کر کے کفارہ کی تائید کی۔ اپنی تصویر ذاکر مریدوں کو اسکو رکھنے کی ہدایت کی۔ مسیح کو اجماع امت کے خلاف فوت شدہ مانا۔ رسالت کا دعویٰ کیا۔ بلکہ لکھا کہ میری وحی میری تعلیم میری بیعت کو مدارِ نجات ٹھہرایا گیا ہے۔ (اربعین ۴ و ۶)۔ جو حدیث

میرے الہام کے مطابق نہ ہورڈی ہے۔ (اعجاز احمدی، ص۳۰)۔غرض باوجود اس قدر خرابی وفتنہ پردازی اسلام میں برپا کرنیکے کہا جاتا ہے کہ مرزاجی اس صدی کے مجدد تھے

ع زہے تصور باطل مجھے خیال محال

پیر بخش، سکرٹری انجمن تائید اسلام لاہور

ضمیمہ رسالہ بابت ماہ اپریل ۱۹۲۰ء

قسطنطنیہ کی نسبت

پیشینگوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اس میں کچھ شک نہیں کہ مسلمانِ عالم کے دل اس وقت نہایت مغموم اور رنج آلودہ ہیں بلکہ ہر ایک مسلم گھر ماتم کدہ بنا ہوا ہے مگر واضح رہے کہ جب مشیت رب العلمین وحکمِ احکم الحاکمین اسی طرح پر ہے تو پھر کس کی طاقت ہے کہ دم مارے ؎

ما پروریم دشمن و ما میکشیم دوست　　کس را مجال نیست کہ چون و چرا کند

یہ نشان خداوندی ہے کہ جس نے دولت واقبال کو اپنی مرضی کے مطابق بے قرار وبے ثبات بنایا ہے اور دائمی وابستگی کسی قوم کے ساتھ خصوصیت سے نہیں رکھی ؎

طائر اقبال را ہرگز نہ باشد اعتبار　　　　ایں کبوتر ہر زمان مشتاق بام دیگر است

حضرت مخبر صادق محمد ﷺ نے ان واقعات کا نقشہ ۱۳سو سال آج سے پہلے ہی کھینچ رکھا ہے اور اپنی امت کی تسلی کے واسطے صاف صاف فرمایا ہوا ہے کہ قسطنطنیہ مسلمانوں کے قبضہ سے نکل جائے گا اور اسلامی ممالک، کفار آپس میں تقسیم کرینگے۔ ذیل میں وہ پیشگوئی نقل کی جاتی ہے جو شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی نے اپنی کتاب ''علامات قیامت'' میں درج فرمائی ہے تا کہ اہل اسلام امن اور صبر اور تحمل سے کام لے کر وقت کا انتظار کریں اور پختہ ایمان رکھیں کہ جب تین حصے پیشگوئی کے پورے ہوئے تو چوتھا حصہ بھی ضرور پورا ہوگا۔ یعنی جب قسطنطنیہ مسلمانوں کے ہاتھ سے نکلا ہے اور ممالک اسلام تقسیم ہوگئے ہیں تو پیشگوئی کے مطابق قسطنطنیہ پھر مسلمانوں کے قبضہ میں ضرور آئے گا۔ وہ قادر مطلق جس نے تمام کائنات کو صرف ایک امر کن سے عالم عدم سے پیدا کیا اسکی لامحدود قدرت کے آگے کچھ مشکل نہیں کہ مسلمانوں کے اقبال کا زمانہ عود کرے۔ اہل اسلام کو چاہیے کہ اپنے پیغمبر مخبر صادق ﷺ پر ایمان رکھ کر کمال سکون اور حوصلہ سے انتظار کریں اور بے صبری میں کوئی ایسی حرکت نہیں کرنی چاہیے جو خدا اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کے برخلاف ہو۔ وہ پیشگوئی یہ ہے:

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ پیغمبر خدا ﷺ نے فرمایا کہ ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے جس میں کفار ایک دوسرے کو ممالک اسلامی پر قابض ہونے کے لئے اس طرح مدعو کریں گے جیسے کہ دستر خوان پر کھانے کے لئے ایک دوسرے کو بلاتے ہیں کسی نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ کیا اس وقت ہماری تعداد قلیل ہوگی؟ فرمایا نہیں بلکہ تم اس وقت کثرت سے ہوگے۔ لیکن بالکل ایسے بے بنیاد جیسے رو کے سامنے خس و خاشاک اور

تمہارا رعب داب دشمنوں کے دلوں سے اٹھ جائے گا اور تمہارے دلوں میں سُستی پڑ جائے گی۔ ایک صحابی نے عرض کیا حضور ﷺ سُستی کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا کہ تم دنیا کو دوست رکھو گے اور موت سے خوف کرو گے۔ اس حدیث کو ابوداؤد وامام احمد بن حنبل اور بیہقی کے حوالہ سے دلائل النبوۃ میں روایت کیا ہے اور صحیح ہے۔ (حاشیہ مندرجہ ص ۴ علامات قیامت مصنفہ شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی مطبوعہ پرنٹنگ ورکس دہلی) اگر وقت آگیا ہے تو اس حدیث کے مطابق ممالک اسلامی کا تقسیم ہونا ضروری تھا جو اس زمانہ میں ہوا۔ پھر اسی کتاب کے صفحہ ۴ پر لکھا ہے کہ مخالف فرقہ قسطنطنیہ پر قبضہ کرے گا بادشاہ روم دارالخلافہ کو چھوڑ کر ملک شام میں آجائے گا اور پھر لکھا ہے کہ امام مہدی ان مہمات سے فارغ ہو کر قسطنطنیہ کے لئے کوچ فرمائیں گے۔ بحیرۂ روم کے ساحل پر پہنچ کر قبیلہ بنو اسحاق کے ستر ہزار بہادروں کو کشتیوں پر سوار کر کے اس شہر کی خلاصی جس کو آج کل استنبول کہتے ہیں معین فرمائیں گے۔ جب یہ فصیل شہر کے نزدیک نعرہ اللہ اکبر بلند کریں گے تو اسکی فصیل نام خدا کی برکت سے منہدم ہو جائے گی۔ مسلمان ہلہ کر کے شہر میں داخل ہو جائیں گے۔ (صفحہ ۷ علامات قیامت)

پس مسلمانوں کو درگاہ رب العالمین سے ناامید نہیں ہونا چاہیے۔ جو جو واقعات حضرت مخبر صادق ﷺ نے ظاہر فرمادیئے ہیں وہ ضرور ہونگے۔ قیصر وکسریٰ کے خزانوں اور کنگن (کرون) پر مسلمانوں کا قبضہ ہونا رسول پاک ﷺ نے اس وقت فرمایا تھا جبکہ اسلام ابتدائی حالت میں کمزور تھا اور عقل ہرگز قبول نہ کرسکتی تھی کہ یہ مومنین کی تھوڑی سی جماعت کس طرح اتنی بڑی جماعت پر غالب آ کر اس کے ملک اور خزانوں پر قابض ہوگی۔ مگر مشاہدہ ہے کہ جسطرح مخبر صادق ﷺ نے فرمایا تھا اسی طرح وقوع میں آیا۔ تو اب کوئی وجہ نہیں ہے کہ اسی مخبر صادق ﷺ کا فرمان پورا نہ ہو۔ پس اب بھی جب ہم نے دیکھ لیا کہ چار

باتوں میں سے تین باتیں پوری ہوگئی ہیں یعنی ممالک اسلامی بھی تقسیم ہو گئے اور کفار کے دلوں سے رعب داب بھی مسلمانوں کا جاتا رہا قسطنطنیہ بھی مسلمانوں کے قبضہ سے نکل گیا۔ تو اب چوتھی بات بھی یعنی ''قسطنطنیہ کو حضرت امام مہدی علیہ السلام فتح کریں گے'' ضرور پوری ہوگی۔ اور امام آخر الزامان مہدی معہود ضرور قسطنطنیہ واپس لیں گے کیوں کہ جب تین باتیں پوری ہوگئی ہیں تو چوتھی بھی ضرور پوری ہوگی۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ نہایت حوصلہ اور صبر و تحمل سے وقت کا انتظار کریں "مردے از غیب بروں آید و کارے بہ کند" پر یقین رکھیں اور درگاہ قاضی الحاجات میں رو کر دعائیں کریں اور حسبِ تعلیم قرآن شریف نماز اور صبر پر عامل ہوں یہ ہماری شامتِ اعمال ہے کہ ہم میں ایسے شخص پیدا ہو گئے جنہوں نے گستاخی اور دلیری سے نبوت و رسالت کا دعویٰ کیا۔ مہدی و مسیح ہونے کی بڑھ ہانکی کوئی یوسف موعود بنا کوئی کرشن بنا۔ کوئی مسلح موعود بنا اور دین اسلام میں تفرقہ ڈالا اسی شامت اعمال کی سزا مل رہی ہے کہ دنیا میں ذلیل اور عاقبت میں خوار ہو گئے اب توبہ کر کے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگو گناہ سے توبہ کرو۔ اور جھوٹے مدعیان نبوت و رسالت و مسیحیت و مہدویت و مجددیت کے عقائد فاسدہ باطلہ سے باز رہو۔ کیوں کہ اب تو روز روشن کی طرح ثابت ہو گیا ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی ہرگز سچے مہدی و امام آخر الزمان نہ تھے کیونکہ سچے مہدی علیہ السلام نے قسطنطنیہ کو فتح کرنا ہے۔ اور مرزا صاحب کے وقت میں قسطنطنیہ مسلمانوں کے قبضہ میں تھا۔ اور مرزا صاحب کے بعد مسلمانوں کے ہاتھ سے نکلا۔ اور اب جو مہدی کے ہاتھ پر مسلمانوں کے قبضہ میں آنا حضرت مخبر صادق ﷺ نے فرمایا ہے تو ثابت ہوا کہ سچا مہدی حدیثوں کے مطابق سید آلِ فاطمہ سے آنے والا ہے جو دنیا کو عدل اور انصاف سے بھر دے گا جیسا کہ ظلم اور بے دینی سے بھری ہوئی ہے۔ پس مسلمان صدق دل سے سچے

مہدی کا انتظار کریں

ع واین دل شوریدہ باز آید بساماں غم مخور

اب بھی اگر کوئی مرزا جی کو سچا مہدی مانے تو وہ صریح رسول پاک مخبر صادق ﷺ کے جھٹلانے والا ہوگا۔ کیونکہ مہدی کی صفت آپ نے یہ فرمائی ہے کہ بہادر ہو قسطنطنیہ کو فتح کرے۔ مرزا جی سے جب مہدی کا کام نہ ہوا تو وہ سچے مہدی ہرگز نہ ہوئے یعنی یہ بھی ایسے ہی مہدی تھے جیسے کہ ساٹھ ستّر کذاب مہدی پہلے گذر چکے ہیں ہم منتظر ہیں کہ مرزائی صاحبان قسطنطیہ کو بھی بروزی وظلی طور پر فتح کر کے مرزا ہی کو سچا مہدی ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ نہیں۔ والسلام

خاکسار پیر بخش پنشنر پوسٹماسٹر (سکرٹری انجمن تائید اسلام لاہور بھاٹی دروازہ)

مولوی ابوالکلام آزاد کا فتویٰ احمدی جماعتوں کی نسبت

علمائے دیوبند کی طرف سے مرزائیوں کی عدم تکفیر پر

مولوی ابوالکلام آزاد سے سوالات

بسم اللہ الرّحمن الرّحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

برادرانِ اسلام! مرزائیوں کی طرف سے استفتاء ہوا تھا کہ کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مرزا غلام احمد کے پیرو کافر ہیں یا نہیں؟ دوم: کسی مسلمان کا حق ہے کہ انکو مسجد میں جانے اور نماز پڑھنے سے روکے؟

مولانا ابوالکلام آزاد کا جواب یہ تھا کہ ”بلاشبہ اس جماعت کے بعض عقائد صحیح

نہیں۔ ہم ان عقائد و مسائل میں انہیں حق پر نہیں سمجھتے اور ان سے اختلاف کرتے ہیں۔ لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ انہیں کافر کہا جائے''۔ اس پر علمائے اسلام اور عام اہل اسلام کی طرف سے جواب دیا گیا تھا اور اشتہارات کے ذریعہ مولانا ابوالکلام آزاد سے دریافت کیا گیا تھا کہ یہ آپکی ذاتی رائے ہے یا نصوص شرعیہ کی رو سے یہ آپکا فتویٰ ہے؟ اگر آپکی ذاتی رائے ہے تو قرآن وحدیث، اجماع امت، صحابہ، تابعین و تبع تابعین وائمہ دین کے برخلاف ہونے کے باعث قابل عمل نہیں۔ کیونکہ مدعی نبوت ورسالت بعد آنحضرت ﷺ کافر ہے۔ مسیلمہ کذاب واسود عنسی مدعیان نبوت پر حضور خاتم النّبیین نے خود کفر کا فتویٰ دیا اور صحابہ کرام نے تعمیل کی۔

پھر حضرت مولانا آزاد صاحب نے اخبار زمیندار مورخہ ۱۸ر نومبر ۱۹۲۳ء میں اپنے دوسرے فتوے میں تحریر فرمایا ہے: نمبر ا: ''ختمِ نبوت کا انکار اور توہین انبیاء علیہم السلام قطعاً کفر ہے''۔ اب یہ ضروری ہوا کہ تحقیق کی جائے کہ مرزا صاحب یا انکے مریدین واقعی ختم نبوت کے منکر ہیں یا نہیں۔ کیونکہ ختم نبوت کا منکر قطعی کافر ہے...... (الخ)۔

لہٰذا ہم ذیل میں مرزا کی تحریریں بمعہ انکے الہامات کے درج کرتے ہیں کہ یہ ثابت ہو جائے کہ مرزا صاحب فی الواقع مدعی نبوت ورسالت تھے جس سے انکار ختم نبوت لازم آتا ہے۔ وھو ھذا:

نمبر ۱: ''سچا خدا ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا''۔

(دیکھو دافع البلاء ص ۱۱۔ مصنفہ مرزا غلام احمد قادیانی)

نمبر ۲: ''تم سمجھو کہ قادیان اسلئے محفوظ رکھا گیا کہ وہ خدا کا رسول اور فرستادہ قادیان میں تھا'' (دافع البلاء، ص ۵)

نمبر۳: طاعون گو ستّر برس دنیا میں رہے خدا قادیان کو اسکی خوفناک تباہی سے محفوظ رکھے گا۔ کیونکہ یہ اسکے رسول کی تخت گاہ ہے"۔ (دافع البلاء، ص ۱۰)

نمبر۴: "پس میں جبکہ اس وقت تک ڈیڑھ سو پیشگوئی کے قریب خدا کی طرف سے پاکر بچشم خود دیکھ چکا ہوں کہ صاف صاف طور پر پوری ہو گئیں تو اپنی نسبت نبی یا رسول کے نام سے کیونکر انکار کروں اور جبکہ خدا تعالیٰ نے یہ میرے نام رکھے ہیں تو میں کیونکر ردّ کروں۔ اور میں جیسا کہ قرآن شریف کی آیات پر ایمان رکھتا ہوں ایسا ہی بغیر فرق ایک ذرہ اس کھلی کھلی وحی پر ایمان رکھتا ہوں جو مجھے ہوئی"۔

(دیکھو اشتہار مرزا صاحب، مورخہ ۵ر نومبر ۱۹۰۱ء مطبوعہ ضیاء اسلام قادیان)

نمبر۵: الہام مرزا صاحب "**قل یا ایھا الناس انی رسول اللّٰہ الیکم جمیعا**" یعنی اے مرزا کہدے کہ میں اللہ کا رسول ہو کر تم سب کیطرف آیا ہوں۔

(اخبار الاخیار، ص ۳، مصنفہ مرزا صاحب)

نمبر۶: ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ، انا انزلناہ قریبا من القادیان" یعنی وہ خدا جس نے بھیجا اپنا رسول ساتھ ہدایت اور دین حق کے تا کہ اسکو غالب کرے تمام دینوں پر۔ تحقیق اتارا ہم نے اسکو قادیان کے قریب۔ یہ پیشگوئی ہے جو پہلے سے قرآن میں انہی دنوں کے لئے کہی گئی ہے۔

(دیکھو ازالۂ اوہام، ص ۱۶۲، حصہ اول، تقطیع خورد)

یہاں مرزا صاحب کا دعویٰ رسول ہونے کا ہے اور ایسا رسول کہ دین حق کے ساتھ آیا ہے اور قادیان میں آیا۔ جس سے صاحبِ شریعت نبی ہونے کا صاف صاف دعویٰ ہے۔ تعجب ہے ان لوگوں پر جو ایسی صاف تحریریں ہونیکے باوجود کہتے ہیں کہ مرزا صاحب کا نبوت ورسالت کا دعویٰ نہ تھا اور نہ ہم انکو نبی و رسول مانتے ہیں۔

نمبر ۷: ''ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم نبی ورسول ہیں''۔ (دیکھو اخبار بدر، ۵/مارچ ۱۹۰۸ء)۔ اس دعویٰ کے بعد بغیر توبہ کئے مئی ۱۹۰۸ء میں مر گئے۔

نمبر ۸: ''میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جسکے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اسی نے مجھے بھیجا اور اسی نے میرا نام نبی رکھا ہے''۔ (دیکھو تتمہ حقیقت الوحی، ص ۶۸)

نمبر ۹: ''جس قدر مجھ سے پہلے اولیا ابدال اور اقطاب اس امت میں سے گزر چکے ہیں انکو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا پس اس وجہ سے نبی کا نام پانے کے لئے میں ہی مخصوص کیا گیا''۔ (حقیقت الوحی، ص ۳۹۱، مصنفہ مرزا صاحب)

مولانا ابو الکلام صاحب کو کس قدر دھوکہ دیا جاتا ہے کہ مرزا صاحب کا دعویٰ نبوت کا نہیں تھا۔ وہ اولیائے امت میں سے ایک ولی اور مجدد تھے۔ حالانکہ مرزا صاحب صاف صاف لکھتے ہیں کہ اولیاء اور اقطاب نبی کا نام پانے کے مستحق نہ تھے امت میں سے صرف میں ہی ایک نبی کا نام پانے کے واسطے مخصوص کیا گیا ہوں۔

نمبر ۱۰:

آنچہ داد است ہر نبی را جام — داد آں جام را مرا بتمام

یعنی ہر ایک نبی کو جو جام نعمت نبوت ورسالت وفضیلت کا دیا گیا ہے وہ تمام جام مجھ کو دیا گیا ہے۔ (دیکھو درثمین، جس میں مرزا صاحب کی تمام نظمیں جمع ہیں)

مرزا صاحب اپنی فضیلت حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر بھی ظاہر کرتے ہیں ان کا یہ شعر دیکھو ؎

له خسف القمر المنير وان لى — خسف القمران المشرقان أ تنكر

یعنی محمد ﷺ کے واسطے تو صرف چاند کو گہن ہوا تھا اور میرے واسطے چاند وسورج

دونوں کو۔ کیا اب بھی تو میرے مرتبہ کا انکار کرے گا۔

”ہمارے نبی کریم ﷺ کے واسطے تین ہزار نشان ظاہر ہوئے اور میرے واسطے تین لاکھ سے بھی زیادہ نشان ظاہر ہوئے“ اس شعر سے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مقابلہ کیا اور اپنا افضل ہونا ثابت کیا ہے کیونکہ جس قدر فرق تین ہزار اور تین لاکھ میں ہے اس قدر مرزا جی کی آنحضرت ﷺ پر فضیلت ہوگی۔

مندرجہ بالا دس حوالہ جات سے اظہر من الشّمس وابین من الامس ہے کہ مرزا صاحب مدعی نبوت ورسالت تھے اور ایسے نبی ورسول تھے کہ انکے آنے سے (نعوذ باللہ) آنحضرت ﷺ کی پیروی ذریعہ نجات نہیں رہی اور وہ معزول ہوئے ایسا ہی انکی شریعت اور انکی وحی اور قرآن شریف بھی ذریعہ نجات نہیں۔ دیکھو مرزا صاحب لکھتے ہیں: ”اب خدا تعالیٰ نے میری وحی میری تعلیم اور میری بیعت کو مدار نجات ٹھہرایا ہے“۔

(دیکھو اربعین نمبر ۴، ص ۶، مصنفہ مرزا صاحب)

مولانا ابوکلام صاحب غور فرمائیں کہ ایسا شخص اور اسکے پیرو خواہ وہ قادیانی ہوں یا لاہوری یا ارولی یا تیماپوری، دکھنی یا کیملپوری یا گناچوری یا معراجکی۔ سب کے سب بہ سبب انکار ختم نبوت کافر ہیں یا نہیں؟

مولانا آزاد صاحب جب فتوے دے چکے ہیں منکر ختم نبوت بلاشبہ کافر ہے اور مرزا صاحب کی مندرجہ بالا دس تحریریں ثابت کررہی ہیں کہ مرزا صاحب مدعی نبوت ورسالت ہیں۔ اور منکر ختم نبوت باجماع امت کافر آپ لاہوری مرزائی جماعت کی ”گندم نمائی اور جوفروشی“ پر دھوکہ کھائیں کہ وہ نبی ورسول کی تاویلات کرتے ہیں اور مرزا صاحب کو حقیقی نبی تسلیم نہیں کرتے کیونکہ ان کا یہ بیان بالکل غلط اور انکے اپنے عقیدہ کے خلاف

ہے۔ کیونکہ لاہوری جماعت مرزا صاحب کو جب مسیح موعود یقین کرتی ہے۔ اور ہر ایک فرد لاہوری جماعت مرزائیہ کا یہ اعتقاد ہے کہ مرزا صاحب سچے مسیح موعود تھے۔ اور وہ مسیح موعود جس کی خبر حضرت مخبر صادق محمد رسول اللہ ﷺ نے دی ہوئی ہے مرزا صاحب وہی مسیح موعود ہیں۔ تو اب مطلع صاف ہے کہ جو شخص مرزا صاحب کو مسیح موعود یقین کرتا ہے وہ انکو نبی اللہ ورسول اللہ بھی یقین کرتا ہے کیونکہ مرزا صاحب اگر نبی اللہ نہیں تو مسیح موعود بھی نہیں ہو سکتے کیونکہ مسیح موعود حضرت عیسیٰ بن مریم نبی اللہ ہے جن کا ذکر قرآن شریف میں ہے اور انکا نزول قیامت سے ایک نشان ہے پڑھو قرآن کی آیت ﴿وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ﴾ اور ذیل کی حدیثیں:

حدیث۱: ”عن ابی هريرة قال قال رسول الله والذی نفسی بيده ليوشكن ان ينزل فيكم ابن مريم حكما عدلا فيكسر الصليب ويقتل لخنزير ويضع الجزية ويفيض المال حتى لايقبل احد حتى تكون السجدة الواحدة خيرا من الدنيا وما فيها ثم يقول ابوهريرة فاقرو ان شئتم ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾“ (متفق علیہ)۔

ترجمہ: روایت ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا ﷺ نے قسم اس خدا کی کہ بقا جان میری کا اسکے ہاتھ میں ہے تحقیق اتریںگے تم میں عیسیٰ بیٹے مریم کے درحالیکہ حاکم عادل ہوں گے پس توڑیں گے صلیب کو اور قتل کرینگے خنزیر کو اور بہت ہوگا مال یہاں تک کہ نہ قبول کرے گا اس کو کوئی اور ہوگا ایک سجدہ بہتر دنیا سے اور ہر ایک چیز سے کہ دنیا میں ہے۔ پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پڑھو قرآن کی آیت کہ ”نہ ہوگا کوئی اہل کتاب سے کہ ایمان نہ لائے گا عیسیٰ علیہ السلام پر عیسیٰ کی موت سے پہلے اور عیسیٰ ہوگا گواہ ان پر دن

قیامت کے''۔(روایت کی حدیث بخاری اور مسلم نے)

مسلمانوں! یہ اسی بخاری کی حدیث ہے جو اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہے۔اس حدیث صحیح میں حضرت محمد ﷺ قسم کھا کر فرماتے ہیں کہ ابن مریم تم میں نازل ہوگا۔اب سوال ہوتا ہے کہ ابن مریم کون ہے؟ تو اسکا جواب یہ ہے کہ وہ ابن مریم جسکا ذکر قرآن شریف کی سورۂ نساء ودیگر مقامات میں ہے وہ آنے والے ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے ابن مریم کے نزول کا ذکر فرما کر خود ہی آیت ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾ فرما کر حصر کر دیا کہ وہی عیسیٰ بن مریم جسکا ذکر قرآن شریف میں ہے وہی نازل ہونے والا ہے۔الفاظ حدیث بآواز بلند پکار رہے ہیں کہ آنے والا عیسیٰ بن مریم نبی اللہ اور رسول اللہ ہے۔مگر لاہوری احمدی جماعت کہتی ہے کہ ہم مرزا صاحب کو مسیح موعود تو مانتے ہیں مگر نبی اللہ نہیں مانتے۔جسکا جواب یہ ہے کہ مرزا صاحب اگر نبی اللہ نہ تھے تو سچے مسیح موعود بھی نہ تھے۔پس جیسے امت میں سے پہلے کاذب مسیح گذرے ایسے ہی مرزا صاحب تھے۔دیکھو فارس بن یحییٰ امت محمدیہ میں سے مدعی مسیحیت ہوا اور کہتا تھا کہ آنے والا مسیح جو تھا وہ میں ہوں۔ابراہیم بزلہ نے خراسان میں مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔جزیرہ جمیکا میں ایک حبشی نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔یہ سب جس معیار سے جھوٹے سمجھے گئے اسی معیار سے مرزا صاحب بھی مسیح کاذب ہیں، سچے مسیح ہرگز نہیں ہوسکتے کیونکہ یہ نبی اللہ و رسول اللہ نہ تھے۔

حدیث ۲: جو ثابت کرتی ہے کہ آنے والا مسیح موعود نبی اللہ ہے:عن أبی هريرة ان النبی ﷺ قال الانبياء اخوة لعلات امهاتهم شتى ودينهم واحد وانى اولى الناس بعيسى ابن مريم لانه لم يكن بينى وبينه نبى وانه نازل''.

(الحديث، رواه احمد وابو داؤد، بسند صحيح)

ترجمہ: یعنی سب علاتی بھائیوں کی طرح ہیں انکی مائیں یعنی انکے فروعی احکام الگ الگ ہیں اور دین واحد ہے اور میں قریب تر ہوں عیسیٰ بیٹے مریم کے اسلئے کہ میرے اور اسکے درمیان کوئی نبی نہیں اور وہ ہی اترنے والا ہے۔ (روایت کیا اس حدیث کو احمد اور ابوداؤد نے ساتھ صحیح سند کے)۔

اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے تین علامتیں اور خصوصیتیں سچے مسیح موعود کی بیان فرمادی ہیں:

اوّل: عیسیٰ بیٹا مریم کا فرمایا۔ اس سے خصوصیت مسیح ناصری کی ثابت ہے کیونکہ وہ بغیر باپ کے پیدا ہوا تھا اور اسی واسطے اسکو ابن مریم کہتے تھے کیونکہ اسکا باپ نہ تھا اور یہ عیسیٰ بن مریم اسم علم ہے اور اسم علم کبھی نہیں بدلتا۔

دوم: نبی احمد فرمایا اور ایسا نبی اللہ جو محمد ﷺ سے پہلے تھا۔ کیونکہ لم یکن نبی بینی وبینہ فرمایا یعنی وہ عیسیٰ بن مریم آنے والا ہے کہ جسکے اور محمد ﷺ کے درمیان کوئی نبی نہیں اور یہ ظاہر ہے کہ وہ نبی اللہ عیسیٰ بن مریم نبی ناصری تھا جس پر انجیل نازل ہوئی تھی۔

سوم: انہ نازل فرمایا یعنی وہ ہی عیسیٰ بن مریم نبی ناصری آنے والا ہے نہ کوئی اور شخص امت محمدیہ میں سے ان خصوصیات وشخصیات کے ہوئے پھر اگر کوئی شخص حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ناصری کے اصالتاً نزول سے انکار کرے اور خود مسیح بنے اور اسکے مرید اس کو مسیح مان لیں اور رسول اللہ ﷺ کے قسمیہ بیان اور حلفیہ شہادت سے انکار کریں۔ اور تمام امت کے برخلاف مرزا صاحب کی بات کو رسول اللہ ﷺ کی بات پر ترجیح دیں، وہ کیونکر مسلمان کہلا سکتے ہیں؟ کیا حضرت خلاصۂ موجودات ﷺ کی کسر شان اور ہتک نہیں کہ حضور ﷺ جن پر قرآن شریف نازل ہوا انکو عیسیٰ بن مریم کا صحیح مفہوم معلوم نہ ہو اور نہ ۱۳ سو برس تک کسی کو علم ہوا کہ عیسیٰ بن مریم کے معنے غلام احمد ولد غلام مرتضیٰ ہے۔ اور کس قدر گستاخ اور

دشمن رسول اللہ ﷺ وہ شخص ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے حلفیہ بیان کو جھٹلاتا ہے وہ اپنے علم قرآن وفہم وحی الٰہی کو رسول اللہ ﷺ سے زیادہ بتاتا ہے کس قدر غضب ہے کہ رسول اللہ ﷺ تو فرمائیں وہ ہی عیسیٰ بن مریم نبی اللہ ورسول اللہ کہ جس کے اور میرے درمیان کوئی نبی نہیں وہی آنیوالا ہے۔ مگر مرزا صاحب اور انکے مرید کہیں کہ نہیں جی آنے والے تو امتی نبی مرزا صاحب ہیں۔

افسوس! اتنی سمجھ نہیں کہ جب جدید نبی حضرت خاتم النّبیین ﷺ کے بعد آ نہیں سکتا تو مرزا صاحب سچے موعود مسیح کس طرح ہو سکتے ہیں جس طرح سے پہلے مسیح موعود ہونیکے مدعیان گذرے۔ اور چونکہ ان کے وقت اسلام کا غلبہ نہ ہوا تو وہ جھوٹے سمجھے گئے اسی طرح مرزا صاحب بھی مدعی ہوئے اور انکے ہاتھ سے بھی اسلام غالب نہ ہوا بلکہ ایسا مغلوب ہوا ہے کہ کبھی نہ ہوا تھا۔ تو امتی ہو کر نبی اللہ ہونے کے باعث کیونکر سچے مسیح موعود ہو سکتے ہیں۔

حدیث۳: ثابت کرتی ہے کہ آنے والا سچا مسیح موعود نبی اللہ ہے: ”**عن النواس بن سمعان قال ذكر رسول الله ويحصر نبي الله عيسىٰ وأصحابه فيرغب نبي الله وأصحابه ثم يهبط نبي الله عيسىٰ وأصحابه فيرغب نبي الله عيسىٰ وأصحابه الى الله** (الخ)“ اس میں چار دفعہ نبی اللہ کا لفظ آیا ہے۔ حدیث طویل لہٰذا بالتمام درج کرنے کی ضرورت نہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ۔۔۔۔ جائیگا نبی اللہ عیسیٰ اور اسکے ساتھی۔ اتریگا نبی اللہ عیسیٰ اور اسکے ساتھی بس لوٹے گا نبی اللہ عیسیٰ اور اس کے ساتھی پھر آئے گا نبی اللہ اور عیسیٰ اور اسکے اصحاب اللہ کی طرف۔ (دیکھو مسلم شریف)

اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے چار جگہ آنے والے مسیح کو ”نبی اللہ“ فرمایا اور ساتھ ہی ”عیسیٰ واصحابہ“ فرمایا جس سے کسی مومن کو ذرہ بھی شک نہیں رہتا کہ آنے والا

وہ ہی عیسیٰ ابن مریم نبی اللہ ورسول اللہ نبی ناصری ہے۔ کس قدر نامعقول منطق ہے کہ بعد محمد رسول اللہ ﷺ کے کوئی نبی نہیں آ سکتا اور مسیح موعود نبی اور رسول اللہ ہے، ہم اسکو مسیح موعود تو مانتے ہیں مگر نبی اللہ ورسول اللہ نہیں مانتے۔ کیا اس سے بڑھ کر کوئی رسول اللہ کے قسمیہ بیان کی تکذیب ہوسکتی ہے کہ وہ تو فرمائیں کہ آنے والا نبی اللہ ہے۔ اور لاہوری مرزائی جماعت کہے کہ ہم تو غیر نبی اللہ کو مسیح موعود مانتے ہیں۔

مولوی ابوالکلام آزاد صاحب کو مغالطہ دیا گیا کہ لاہوری جماعت مرزا صاحب کو نبی نہیں مانتی۔ کیونکہ جب وہ مرزا صاحب کو آنے والا مسیح مانتی ہے جسکی خبر رسول اللہ ﷺ نے دی ہوئی ہے اور قرآن شریف نے اسکو قیامت کا نشان بتایا ہے تو پھر وہ مرزا جی کو نبی اللہ اور رسول اللہ بھی ضرور مانتی ہے صرف کسی مصلحت سے زبانی انکار ہے کہ ہم مرزا صاحب کو نبی نہیں مانتے جب مرزا صاحب کو مسیح موعود مانتے ہیں تو نبی اللہ بھی ضرور مانتے ہیں۔

حدیث ۴: ثابت کرتی ہے آنے والا مسیح ناصری نبی اللہ ہی ہے: ”**عن ابن عباس** رضی اللہ عنہما **قال قال رسول اللہ** ﷺ **فعند ذالک ینزل اخی عیسیٰ ابن مریم من السماء**“ (کنز العمال)

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے بھائی عیسیٰ بیٹے مریم کے نازل ہونگے آسمان سے“ اس حدیث نے صاف کر دیا ہے کہ آنیوالا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ناصری ہی ہے جو آسمان سے نازل ہوگا کیونکہ اس کا رفع بھی آسمان پر ہوا تھا۔ اخی کا لفظ بتا رہا ہے کہ آنے والا نبی ہے اور جدید نبی بعد خاتم النّبیین کے آنہیں سکتا۔ تو ثابت ہوا کہ آنے والا حضرت عیسیٰ ہی ہے نہ کوئی فرد امت محمدیہ سے۔

حدیث۵: ثابت کرتی ہے کہ آنے والا نبی اللہ ہے: "انّ روح اللہ نازل فیکم...... (الخ). یعنی "روح اللہ عیسیٰ تم میں نازل ہوگا"۔ روح اللہ سوا حضرت عیسیٰ بن مریم نبی ناصری کے کسی کا لقب نہیں۔ کسی امتی کا لقب روح اللہ نہیں ہے اس لئے مرزا صاحب آنے والے مسیح نہیں ہوسکتے۔ اور جو انکو مسیح موعود تسلیم کرتا ہے وہ ختم نبوت کا منکر ہے جو کہ مولانا ابوالکلام کے نزدیک بھی کافر ہے۔

اب رہا یہ سوال کہ مرزائی گروہ کس قسم کا کافر ہے؟ تو اسکا جواب بھی مولانا ابوالکلام نے دے دیا ہے کہ وہ گروہ دوسرے بدعتی اور گمراہ اور ضالہ فرقوں کی طرح ہے کہ صرف نام کے مسلمان ہیں اور حقیقی معنوں میں مسلمان نہیں۔ چنانچہ اصل عبارت مولانا ابو الکلام کی درج ذیل ہے:

"لاہوری جماعت ان تمام باتوں کا کچھ دوسرا ہی مطلب بتاتی ہے ایسی حالت میں کیونکر یہ جائز ہوگا کہ ان پر ملت سے خارج ہوجانے کا حکم دیدیا جائے میرے نزدیک ان کا شمار یعنی لاہوری جماعت کا اسلام کے گمراہ فرقوں میں ہے اور جو ان میں غالی ہیں انکی گمراہی کمال درجہ ضلالت تک پہنچی ہوئی ہے یعنی (قادیانی جماعت کی) تاہم میں کسی ایسے فرد جماعت کو جو شہادتین کا اقرار کرتی ہو، یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہو اور قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتی ہو۔ اس معنے میں کافر نہیں کہہ سکتا جس سے مقصود ملت اسلامیہ سے خارج ہوجانا ہے۔ میرے نزدیک اسکی کوئی وجہ نہیں کہ ان سے معاشرتی مقاطعہ کا حکم دیا جائے، ایسا کرنا نہ صرف یہ کہ بیجا تشدد ہوگا بلکہ انکی جماعتی تقویت کا موجب ہوجائے گا۔ (ابوالکلام)

برادران اسلام! مولانا ابوالکلام آزاد صاحب کی عبارت سے ظاہر ہے کہ یہ انکی ذاتی رائے ہے مگر یہ سمجھ میں نہیں آیا کہ جب مولانا ابوالکلام کے نزدیک بھی منکر ختم نبوت قطعی

کافر ہے اور یہ ظاہر ہے کہ جو شخص مدعی نبوت ہوگا وہ امت سے خارج ہوگا۔ کیونکہ امتی تب ہی تک امتی ہے جب تک خود نبوت کا دعویٰ نہ کرے۔ جس وقت کوئی نبوت کا مدعی ہوگا اسی وقت وہ امت سے خارج ہو جائے گا۔ کیونکہ نبی متبوع ہوتا ہے تابع نہیں ہوتا۔ مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی مدعیان نبوت کی مثال موجود ہے کہ جب انہوں نے اپنے نبی ہونے کا اعلان کیا تو امت سے خارج ہو گئے اور آنحضرت ﷺ کے حکم سے انکا قلع قمع کیا گیا۔ پھر مولانا کا قادیانی جماعت کو خارج از امت نہ کہنا کسی مصلحت پر مبنی ہے۔ کیونکہ قادیانی جماعت بلاخوف کہتی ہے کہ کسی ایک نبی کا منکر کافر ہے خواہ وہ نبی، خاتم النّبیین کے پہلے ہو یا بعد میں۔ جس سے ثابت ہے کہ قادیانی پارٹی کھلم کھلی ختم نبوت کی منکر ہے اور مولانا ابوالکلام کے فتویٰ سے کافر ہے۔ کیونکہ انکے اعتقاد میں محمد ﷺ کے بعد بھی نبی آسکتے ہیں اور یہی ختم نبوت کا انکار ہے جو کفر ہے اور جن مسلمانوں نے مرزا صاحب کی نبوت ورسالت کو نہیں مانا وہ انکے نزدیک کافر ہیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد صاحب بھی مرزا جی کی نبوت ورسالت کے دوسرے مسلمانوں کی طرح منکر ہیں تو بھی تمام مسلمانانِ عالم کی طرح کافر ہیں۔ مرزائیوں نے جو تمام مسلمانوں پر کفر کا فتویٰ دیا ہوا ہے اور اسی پر انکا عمل ہے تو آپ ہی انصاف سے فرمائیں کہ آپ اور ہم کس قسم کے کافر ہیں۔ اور مرزائیوں نے جو مسلمانوں سے مقاطعہ کیا ہوا ہے کہ مسلمانوں کے جنازے میں شامل نہیں ہوتے۔ انکو رشتے ناطے نہیں دیتے۔ مسلمانوں کے ممالک مفتوح ہونے سے خوشیاں مناتے ہیں۔ مقامات مقدسہ جس دن مفتوح ہوئے ان کے ہاں چراغاں کی گئی۔ تحریک خلافت کے باعث تمام مسلمانوں کو گورنمنٹ کا باغی بتایا اور صرف اپنی جماعت کو وفادار ثابت کرنے کی کوشش کی۔ شہزادہ ویلز صاحب کو جو ایڈریس دیا اس میں صاف لکھ دیا کہ ”ہمارے ملک

معظم کو ہماری خدمات کی ضرورت ہو تو بلاکسی عوض و بدلہ کے خیال کے ہم لوگ اپنا مال اور اپنی جانیں انکے احکام کی بجا آوری کے لئے دینے کو تیار ہیں''۔ (دیکھو ایڈریس جو شہزادہ صاحب کی تشریف آوری لاہور پر ان کو قادیانی جماعت کی طرف سے دیا گیا تھا)۔ دار الخلافہ اور خلافت اسلامیہ کو چشم زخم پہنچنے پر خوشیاں منائیں۔ افغانستان کی بدخواہی پر کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ ایک مرزائی (عبدالطیف) کے قتل کے عوض تمام افغانستان کی بربادی پر تلے ہوئے ہیں بلکہ یہاں تک کہتے تھے کہ آٹھ دس برس تک کوئی پٹھان انگریزوں کے ہاتھ سے نہ بچے گا۔ اس لئے کہ عبدالطیف جس نے حج کے واسطے روپیہ مسلمانوں سے لیا اور بغیر حج کئے قادیان سے واپس جا کر مشہور کیا کہ حج کر آیا ہوں''۔ اور کہا کہ ''میرا حج یہی ہے کہ میں قادیانی مسیح کا مرید ہو آیا ہوں'' اور باطل پرستی اور مسیلمہ کیشی سے باز نہ آیا اس لئے سنگسار کرایا گیا تھا۔ اور ''خس کم جہاں پاک'' کا مصداق بنا۔ تحریک خلافت میں تمام جہاں کے مسلمانوں کے برخلاف ہو کر کہدیا کہ سلطان ٹرکی ہمارا خلیفۃ المسلمین نہیں۔ بلکہ میاں محمود صاحب نے نہایت دلیری سے ''چھوٹا منہ بڑی بات'' کا مصداق بن کر کہدیا کہ ''میں خلیفۃ المسلمین ہوں''۔ چنانچہ بیدار مغز لاٹ صاحب نے انکے ایڈریس کے جواب میں فرمایا کہ تم کیسے مسلمان ہو کہ سب کے برخلاف ترکوں کی مخالفت کرتے ہو۔

غرض یہ جماعت قادیانی نہ تو عقاید اسلام میں مسلمانوں کے ساتھ متفق ہے اور نہ سیاسی امور میں ان کے ساتھ میل جول رکھتی ہے بلکہ نہایت خطرناک ہے۔ کیونکہ یہ تمام روئے زمین کے مسلمانوں کو بر سبب انکار مرزا صاحب کے کافر جانتی ہے اور مرزا صاحب کا مذہب منوانے کی جان توڑ کوشش کرتی ہے۔ جان بوجھ کر مسلمانوں کو انکے ساتھ میل جول کی اجازت دینا اور ان کو مسلمان کہنا مسلمانوں کو گمراہ کرنا ہے اور الحاد و کفر و ضلالت کو ترقی دینا

ہے۔

مولانا ابوالکلام صاحب خود ہی قادیانی خلیفہ سے دریافت فرما کر لکھیں کہ جس مسلمان نے مرزا صاحب کو نبی ورسول و مسیح موعود نہیں مانا اور قرآن شریف اور شریعت محمدیہ ﷺ کا پابند ہے اور نماز روزہ وحج وزکوۃ وغیرہ فرائض اسلام ادا کرتا ہے آپ اسکو حقیقی مسلمان یقین کرتے ہیں یا کافر۔ جب وہ لکھ دیں کہ ہم ہر ایسے مسلمان کو کافر سمجھتے ہیں جو مرزا صاحب کو نبی نہ مانے۔ پھر بھی آپ انکو دائرہ اسلام سے خارج نہ سمجھیں گے تو کیا اپنا اور جملہ اہل اسلام کا کافر ہونا تسلیم کرلیں گے؟

مقاطعہ کی نسبت آپکی رائے درست نہیں کیونکہ جب آپ اس مرزائی جماعت کو دوسرے گمراہ فرقوں کی طرح ضلالت اور گمراہی پر سمجھتے ہیں تو مسلمانوں کو ان کے ساتھ مخالطت کا حکم اور ان کو سجدوں میں آنے دینا اور ان کو باطل عقائد کی تبلیغ کا موقعہ دینا جان بوجھ کر مسلمانوں کو گمراہ کرنا ہے۔ کیونکہ ناواقف مسلمان ان کے جھوٹے اور خلاف واقعہ حالات سن کر مذبذب ہو جائیں گے۔ کیونکہ یہ گروہ قرآن اور حدیث کا نام لیکر غلط معنوں سے تحریف معنی کر کے سادہ لوح مسلمانوں کو ضرور گمراہ کریں گے کیونکہ ان سے بیعت کے وقت ساتھ ہی یہ اقرار لیا جاتا ہے کہ مرزائی عقیدہ کی تبلیغ اوّلین فرض ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ ہر ایک مرزائی نہایت کوشش اور جدوجہد سے مرزائیت کی تبلیغ کرتا ہے اور لطف یہ ہے کہ ہر ایک، مسلمان کو دھوکہ دیتا پھرتا ہے کہ ہم اسلام کی تبلیغ کرتے ہیں حالانکہ مرزائیت کی تبلیغ کرتا ہے۔ اس لئے مسلمانوں کا ان سے الگ رہنا بہتر ہے ورنہ گمراہی اور ضلالت بڑھنے کا یقین ہے۔ مسجدوں میں یہ لوگ نماز باجماعت کے لئے ہرگز نہیں آتے یہ صرف بحث مباحثہ اور شروفساد کیلئے آتے ہیں۔ اور مسلمانوں کو گمراہ کرتے ہیں اس واسطے ان کو مسجدوں میں نہ

آنے دینے میں مصلحت اور حفظ امن کا باعث ہے۔ اور فریقین کو فوجداری مقدمات سے بچانا مقصود بالذات ہے۔

لہٰذا آپ ہر ایک پہلو پر غور فرما کر اور سوچ سمجھ کر فتویٰ صادر فرمائیں۔ تمام دیار وامصار کے علمائے اسلام کے برخلاف اپنی رائے سے ایک طرف تو ان کو گمراہ بدعتی ضال وغیرہ ناموں سے موسوم کرنا اور دوسری طرف یہ کہنا کہ ہم انکو ملت سے خارج نہیں کرتے یہ متعارض اور متضاد عبارات انکی دلیری کا باعث ہو رہی ہیں۔ اور دوسرے علمائے ملت کی ہتک اور دل آزاری کا موجب۔ حالانکہ جن کے واسطے آپ لکھتے ہیں وہ آپ کو مخالف ہی سمجھتے ہیں۔ بھلا کسی مرزائی سے آپ نے دریافت فرما کر اخباروں میں شائع فرمائیں کہ وہ آپ کو الہند جو لکھتے ہیں واقعی آپ کو اپنا ہی امام مانتے ہیں یا صرف مطلب برآری کے واسطے خلاف واقعہ لکھ رہے ہیں تا کہ صرف آپ کو خوش رکھیں۔

واضح رہے کہ مرزائیوں کے کفر واسلام کا مسئلہ معمولی نہیں کہ آپ واحد رائے سے فیصلہ کرسکیں۔ یہ بڑا ذمہ داری کا کام ہے۔ آپ دوسرے علما سے مشورہ کر کے فیصلہ کریں ساتھ ہی انکو گمراہ بدعتی ناحق پر کہتے جانا۔ اور ساتھ ہی یہ کہدیا کہ منکر ختمِ نبوت قطعی کافر ہے۔ اور پھر یہ بھی کہہ دینا کہ تاویلات کرنے والے کافر نہیں۔ اور مدعی نبوت کو میں کافر نہیں کہتا۔ اس قدر اجتماع نقیضین جائز نہیں۔ ایک شخص فرشتوں کا اقرار کرتا ہے۔ قیامت کا اقرار کرتا ہے میزان روزِ جزا کا اقرار کرتا ہے مگر تاویلات باطلہ کر کے کہتا ہے کہ فرشتوں اور قیامت میزان دوزخ بہشت وغیرہ امور کو ان معنوں میں نہیں مانتا جس طرح تمام مسلمان مانتے ہیں۔ کیا آپ ایسے مؤول کو مسلمان کہیں گے؟ ایسا ہی ایک شخص ختم نبوت کو تو مانتا ہے مگر خود نبوت کا دعویٰ کرتا ہے تو کیا وہ مسلمان ہے؟ ہرگز نہیں۔ فقط

(پیر بخش سیکرٹری انجمن ہذا)

علمائے دیوبند کے نزدیک
مرزا غلام احمد قادیانی کے پیروکار ملت اسلامیہ سے خارج ہیں یا نہیں؟
مرزائیوں کی تکفیر اور مولانا ابوالکلام آزاد [1]
(مرقومہ مولوی حبیب الرحمٰن، مہتمم مدرسہ اسلامیہ عربیہ دیوبند، ۴ر دسمبر ۱۹۲۳ء)

زمیندار مطبوعہ ۱۸ر نومبر ۱۹۲۳ء میں مولانا ابوالکلام کا ایک فتویٰ مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے پیرووں کے بارے میں شائع ہوا ہے۔ بہتر ہوتا کہ فتویٰ لکھنے یا اسکے

---

[1] جناب بابو پیر بخش صاحب نے ماہنامہ تائید الاسلام کے دسمبر ۱۹۲۳ء کے رسالے میں ابوالکلام آزاد کے موقف کے متعلق اپنے مضمون کے بعد مولوی حبیب الرحمٰن (مہتمم مدرسہ اسلامیہ عربیہ دیوبند) کا یہ مضمون بھی شائع کیا ہے۔ مولوی حبیب الرحمٰن کی اس تحریر میں ایک طرف تو ابوالکلام آزاد کی طرف سے مرزا غلام احمد قادیانی کی عدم تکفیر پر وضاحت پیش کی گئی ہے اور ساتھ ہی اس بات کی امید بھی ظاہر کی گئی ہے کہ مولوی ابوالکلام آزاد اس تحریر کو پڑھنے کے بعد مرزا غلام احمد قادیانی کے متعلق جو رائے رکھتے ہیں اس کی اصلاح کر لیں گے۔ لیکن ابوالکلام آزاد ہمیشہ اپنے موقف پر قائم رہے اور مرزا غلام احمد قادیانی کی تکفیر نہیں کی۔ اردو کے نامور ادیب اور معروف اخبار نویس عبدالمجید سالک بٹالوی (۱۸۹۴ء-۱۹۵۹ء) اپنی تاریخی تصنیف ''یاران کہن'' میں ابوالکلام آزاد سے متعلق لکھتے ہیں:

''بہر حال مولانا ابوالکلام مرزا صاحب کے دعوائے مسیحیت موعود سے تو کوئی سروکار نہ رکھتے تھے لیکن ان کی غیرت اسلامی اور حمیت دینی کے قدردان ضرور تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جن دنوں مولانا امرتسر کے اخبار ''وکیل'' کی ادارت پر مامور تھے اور مرزا صاحب کا انتقال انہی دنوں ہوا تو مولانا نے مرزا صاحب کی خدمات اسلامی پر ایک شاندار شذرہ لکھا۔ امرتسر سے لاہور آئے اور یہاں سے مرزا صاحب کے ...... (باقی آئندہ صفحہ پر)

شائع کرنے سے قبل جناب مولوی صاحب موصوف اس مسئلہ میں جونہایت اہم ہے علماء

باقی حاشیہ ......

جنازے کے ساتھ بٹالہ تک گئے۔ (یاران کہن، صفحہ ۲۹، تصنیف: عبدالمجید سالک بٹالوی)

۱۳ فروری ۱۹۵۶ء کے ہفت روزہ ''چٹان'' کے شمارے میں ابوالکلام آزاد کے پرائیویٹ سیکرٹری خان محمد اجمل خاں نے ایک مکتوب کے ذریعے اس کی تردید چھپوائی۔ جس پر عبدالمجید سالک نے اپنے ایک مکتوب میں برہمی کا اظہار کرتے ہوئے تصریحی جواب لکھا جو ۲۰ فروری ۱۹۵۶ء کو ہفت روزہ ''چٹان'' میں شائع ہوا:

''مذکورہ مکتوب سے مجھ پر حضرت مولانا کی شان میں غلط بیانی کا الزام عائد ہوتا ہے جو میرے لئے بے حد کرب واذیت کا باعث ہے۔ مرزا غلام احمد قادیانی کے انتقال پر ۴۸ برس گزر چکے ہیں اور احمدیوں نے سینکڑوں دفعہ اس شذرہ کو جو مرزا صاحب کے انتقال پر ''وکیل'' میں چھپا تھا شائع کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔ لیکن نصف صدی کی اس مدت میں مولانا کی طرف سے کبھی یہ ارشاد نہ ہوا کہ یہ شذرہ آپ کا لکھا ہوا نہ تھا۔ اور چونکہ حضرت مولانا اس زمانے میں ''وکیل'' کے مدیر تھے اس لئے اخبار بینوں کے نزدیک اس کے ادارتی مندرجات کی مسئولیت بھی آپ پر تھی''۔ (یاران کہن، ضمیمہ ۲، صفحہ نمبر ۱۵۶-۱۵۷)

مرزا غلام احمد قادیانی کے انتقال پر ابوالکلام آزاد کی جانب سے جو شذرہ اخبار ''وکیل'' میں چھپا تھا اسے بعد میں ''محضر نامہ'' نامی اس تاریخی دستاویز میں شامل کیا گیا جسے قادیانیوں نے ۱۹۷۴ء میں پاکستان کی قومی اسمبلی کے پورے ایوان پر مشتمل خصوصی کمیٹی کے سامنے اپنے مسلمان ہونے کی وضاحت میں پیش کیا۔ اس محضر نامہ کے صفحہ ۱۳۸ پر اخبار ''وکیل'' کے حوالے سے یہ تعریفی نوٹ موجود ہے:

اخبار ''وکیل'' امرتسر: مسلمان اخبارات میں سب سے زوردار، مؤثر اور حقیقت افروز ریویو اخبار ''وکیل'' امرتسر کا تھا جو مولانا ابوالکلام آزاد کے قلم سے نکلا۔ انہوں نے لکھا:

''وہ شخص (یعنی مرزا غلام احمد قادیانی) بہت بڑا شخص جس کا قلم سحر تھا اور زبان جادو۔ وہ شخص جو دماغی عجائبات کا مجسمہ تھا۔''

''مرزا غلام احمد قادیانی کی رحلت اس قابل نہیں کہ اس سے سبق حاصل نہ کیا جائے اور مٹانے کے لئے اسے امتداد زمانہ کے حوالے کر کے صبر کر لیا جائے۔''

''غرض مرزا صاحب کی یہ خدمت آنے والی نسلوں کو گرانبار احسان رکھے گی کہ انہوں نے قلمی (باقی آئندہ صفحہ پر)

سے مبادلۂ خیالات کر لیتے لیکن باوجود کوشش کے ایسا نہ ہوا اور ایک فتویٰ شائع ہو گیا جو علماء ہندوستان کے فتاوے کے خلاف ہے تو ضرور معلوم کہ چند معروضات بذریعہ اخبار زمیندار وسیاست مولانا موصوف کی خدمت میں پہنچا دیئے جائیں۔

۱......مولانا کو تسلیم ہے کہ ختم نبوت کا انکار اور توہین انبیاء علیہم السلام قطعاً کفر ہے۔

۲......یہ بھی تسلیم ہے کہ انکی تمام تاویلات باطل ہیں اور بدع وضلالت پر مبنی ہیں۔

۳......مولانا مانتے ہیں کہ توہین عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں انکا بیان اہل حق کے نزدیک

باقی حاشیہ ......

جہاد کرنے والوں کی پہلی صف میں شامل ہو کر اسلام کی طرف سے فرض مدافعت ادا کیا اور ایسا لٹریچر یادگار چھوڑا جو اس وقت تک کہ مسلمانوں کی رگوں میں زندہ رہے اور حمایت اسلام کا جذبہ ان کے شعار قومی کا عنوان نظر آئے قائم رہے گا۔" (محضر نامہ، صفحہ ۱۳۸-۱۳۹، ناشر: اسلام انٹرنیشنل پبلیکیشنز لیمیٹڈ)

عبدالمجید سالک کے مذکورہ بالا مکتوب کے علاوہ ایک اور مکتوب سید انیس الدین جیلانی نے اپنی تالیف نوازش نامہ میں شائع کیا جو ۹ فروری ۱۹۵۶ء کا ہے۔ اس مکتوب میں عبدالمجید سالک نے "یاران کہن" میں اپنی تحریر کو درست وحق قرار دیا ہے اور مزید وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے:

"میں نے جو کچھ لکھا ہے وہ بالکل حقیقت ہے۔ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۔ مولانا ابوالکلام آزاد سے بار بار لوگوں نے استفتاء کیا جس کا مقصد یہ تھا کہ وہ مرزا قادیانی کو کافر قرار دیں۔ لیکن انہوں نے ہمیشہ یہی کہا ہے کہ مرزا صاحب کافر نہیں، مؤول ضرور ہیں۔ اور مؤول کو گمراہ کہا جا سکتا ہے، کافر قرار نہیں دیا جا سکتا۔ یہ واقعہ ہے کہ مولانا ابوالکلام آزاد جب اخبار "وکیل" کے ایڈیٹر تھے اور زیادہ سے زیادہ اٹھارہ بیس سال کے تھے، مرزا غلام احمد کے انتقال پر ان کے جنازے کے ساتھ بٹالہ تک گئے تھے اور انہوں نے مرزا صاحب کے انتقال پر "وکیل" میں ایک تعریفی نوٹ لکھا تھا۔ جس کو مرزائی سینکڑوں دفعہ دہرا چکے ہیں۔ لیکن مولانا نے کبھی اس کی تردید نہیں کی، نہ یہ لکھا کہ یہ نوٹ میرے قلم سے نہیں ہے...... میں نے جو کچھ دیکھا، لکھ دیا ہے۔ اس کے غلط وصحیح ہونے کے متعلق اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جوابدہ ہوں۔" (نوازش نامے، مرتبہ سید انیس شاہ جیلانی، صفحہ نمبر ۱۵-۱۶)

(از محمد عثمان برکاتی)

قابل قبول نہیں۔

۴......اور یہ بھی مانتے ہیں کہ عامۂ اہل اسلام کی تکفیر اشد شدید ضلالت ہے۔

۵......مولانا اس گروہ کا شمار اسلام کے باطل فرقوں میں کرتے اور ان میں غالی جماعت کو کمال ضلالت تک پہنچا ہوا جانتے ہیں۔

لیکن بایں ہمہ بوجوہ ذیل انکو کافر بمعنی خارج از ملتِ اسلام نہیں مانتے۔

۱......مؤول کا حکم منکر کا نہیں۔

۲......لزوم التزام میں فرق ہے۔

۳......مولانا کو انکی کتابیں دیکھنے یا زبانی انکے عقائد کے سننے سے معلوم ہوا کہ گو ان کی تاویلات باطلہ سے انکار ختم نبوت لازم آجاتا ہے۔ لیکن انکو اس کے التزام سے قطعاً انکار ہے۔ وہ ایک لمحہ کے لئے بھی اس کا اقرار نہیں کرتے کہ انہیں آیت ختم نبوت یا اس کی مسلم منطوق سے انکار ہے۔

۴......حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت مرزا صاحب نے جو کچھ لکھا ہے وہ اس معنی میں تسلیم نہیں کرتے جو ہمارے نزدیک لازم آجاتا ہے الزام توہین کو رفع کرنے کے متعلق اگرچہ انکا بیان قابل قبول نہیں تاہم اس بیان کے بعد ہم ان پر توہین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا حکم نہیں لگا سکتے۔

۵......عامہ مسلمین کی تکفیر اشد شدید ضلالت ہے لیکن اس بنا پر بھی انکو ملت سے خارج نہیں کر سکتے۔ خوارج بھی نام کے مسلمان تھے مگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فتوی شاہد ہے۔ انہوں نے جمعہ کے دن خطبہ میں فرمایا کہ گو تمہارے عقائد اس طرح کے ہیں لیکن جب تک تم قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہے ہو میں تمہیں مسلمانوں سے خارج نہیں کروں گا۔

۶......مولانا کسی ایسے فرد یا جماعت کو جوشہادتین کا اقرار کرتی ہو، یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہو اور قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتی ہو اس معنی میں کافر نہیں کہتے جس سے مقصود ملتِ اسلامیہ سے خارج ہو جانا ہے۔

امور مذکورہ بالا وہ ہیں جنکی بنا پر اس جماعت کو کافر بمعنی خارج از ملت اسلام فرمانے میں مولانا کو تامل ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ چند امور مولانا کے پیش کروں جن کے تصفیہ کے بعد انشاء اللہ یہ مسئلہ پوری روشنی میں آجائے گا اور حق و باطل میں اشتباہ باقی نہ رہے گا۔

۱......میں مولانا سے استفسار کرتا ہوں کہ کیا ضروریات دین کے انکار کی صورت میں کوئی تاویل منکر کو حکم کفر سے بچالیتی ہے کیا ہر جگہ تاویل مسموع ہوتی ہے بالخصوص جبکہ تاویل قطعاً باطل خلاف متبادر اور خلاف نص وصراحت ہو۔

۲......میں مولانا کی خدمت میں عرض کرتا ہو کہ بیشک لزوم اور التزام میں فرق ہے لیکن کیا صریح دعویٰ نبوت اور اعتراف بھی التزام نہیں ہے؟ اگر یہ بھی التزام میں داخل نہیں ہے تو کیا مولانا اسکی تصریح فرمادینگے کہ وہ کونسا درجہ اعتراف اور اقرار یا دعویٰ کا ہے کہ جس کو التزام کہا جاسکتا ہے۔

۳......میرے خیال میں مولانا نے مرزا صاحب اور انکے پیروکاروں کی وہ عبارتیں نہیں دیکھیں جن میں صریح دعوے نبوت موجود ہیں۔ اور جن میں ہرگز کسی قسم کی تاویل کی گنجائش نہیں ہے۔ اگر مولانا وہ عبارتیں دیکھ لیتے یا اہل حق کی زبانی سن لیتے تو ہرگز نہ فرماتے کہ انکو اس کے التزام سے قطعاً انکار ہے۔ رہا مولانا کا یہ فرمانا کہ ''وہ ایک لمحہ کیلئے بھی اس کا اقرار نہیں کرتے کہ انکو آیت ختم نبوت یا اسکے مسلمہ منطوق سے انکار ہے کسی طرح بھی قابل تسلیم

نہیں ہے۔ مرزائی اگرچہ الفاظ ﴿وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ﴾ کو آیت کلام اللہ مانتے ہیں اور اسکے الفاظ کلام الٰہی ہونے سے انکار نہیں کرتے لیکن اسکے مفہوم و مدلول کا جس پر اجماع ہو چکا ہے اور جو تواتر سے ثابت ہے، قطعاً انکار کرتے ہیں خاتم النّبیین کا مدلول باجماع امت وبدلائل متواترہ ''لانبی بعدی'' ہے اور مرزا صاحب اپنی نبوت کو ثابت کرتے ہیں۔ پس کیا یہ آیت کے مدلول اجماعی کا انکار نہیں ہے۔ اور کیا محض الفاظ کلام الٰہی کو تسلیم کرنا اور اس کے معنی اجماعی سے انکار کر دینا کسی طرح بھی قابل التفات ہے؟

۴...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کے متعلق مرزا صاحب کی تصانیف میں ایسی عبارتیں موجود ہیں جن میں اس باطل تاویل کی بھی گنجائش نہیں جس کی نسبت مولانا لکھتے ہیں کہ ''انکا بیان قابل قبول نہیں ہے لیکن تاہم اس بیان کے بعد ہم ان پر توہین عیسیٰ علیہ السلام کا حکم نہیں لگا سکتے''۔ توہینِ عیسیٰ علیہ السلام مولانا کے نزدیک بھی قطعاً کفر ہے اور مرزا صاحب کی تصانیف میں ایسی عبارتیں موجود ہیں جن میں مذکورہ بالا غیر قابل قبول تاویل بھی نہیں چل سکتی تو پھر مولانا کو حکم توہین لگانے میں کیا عذر ہے؟

۵...... خوارج کے متعلق حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ارشاد کو بحوالہ تاریخ ذہبی پیش کیا گیا ہے، اگرچہ ابن اثیر وغیرہ میں جو الفاظ اس واقعہ کے متعلق دیکھے گئے اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے جو الفاظ نقل کئے انکا مفہوم یہ نہیں جو مولانا نے بیان کیا ہے۔ تاہم اسکو اسی طرح تسلیم کرنے کے بعد عرض ہے کہ کیا مولانا اسکو واضح کر دینے کی تکلیف گوارا فرمائینگے کہ جس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ ارشاد فرمایا اس وقت خوارج کی موجودہ جماعت کے عقائد کیا تھے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد انکے عقائد کفریہ یا تکفیر جمیع امت پر مطلع ہونے کے بعد تھا یا محض انکی خروج علی الامام الحق کی بنا پر یہ فرمایا تھا۔ کیا اچھا ہوتا کہ

مولانا ’’مسوّٰی شرح موطا‘‘ میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس اللہ سرہ کی تحقیق کو ملاحظہ فرمالیتے۔ حضرت شاہ صاحب نے اس امر کو ایسا واضح فرمایا ہے کہ اس کے بعد کسی قسم کا اشتباہ باقی نہیں رہتا۔

۶..... کیا جو لوگ ضرورت دین مثل حشر اجساد، حدوث عالم، ختم نبوت وغیرہ کے منکر ہیں، حکم اہل قبلہ میں داخل ہیں۔ اور کیا باوجود انکار ضروریات دین کے کلمۂ شہادتین ادا کرنے، قبلہ کیطرف نماز پڑھنے کی وجہ سے ان پر کفر کا حکم نہ لگایا جائے گا۔ میں مولانا کو ’’شرح مقاصد‘‘ کی عبارت ذیل کی طرف توجہ دلاتا ہوں: ”والا فلا نزاع فی کفر اھل القبلة المواظب طول العمر علی الطاعات باعتقاد قدم العالم ونفی الحشر ونفی العلم بالجزئیات ونحوذالک وکذا الصدور شئی من موجبات الکفر عنه‘‘ یعنی عدم تکفیر مخالف اہل حق کا حکم اس وجہ سے ہے جبکہ وہ ضروریات دین میں اہل حق کے ساتھ متفق ہو کر دوسرے اصول میں جو ضروریات دین میں نہیں اختلاف رکھتا ہو۔ مثل مسئلہ صفات خلق اعمال وغیرہ۔ ورنہ اس میں کچھ بھی نزاع نہیں کہ جو اہل قبلہ ضروریات دین کے منکر ہیں اگرچہ وہ ساری عمر طاعات وعبادات میں مشغول رہیں کافر ہیں۔ قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا ان کو کفر سے نہیں بچاتا۔

۷..... مولانا کے نزدیک ختم نبوت کا انکار اور توہین انبیاء علیہم السلام یقیناً موجب کفر ہیں لیکن کسی خاص جماعت یا شخص کی نسبت حکم کفر لگانے میں بوجوہ مذکورہ بالا تامل ہے لیکن کیا اس قاعدہ کے رو سے کسی جماعت یا فرد کی بھی تکفیر ہو سکتی ہے۔ اور کیا یہی وجوہ ان جماعتوں میں قائم نہیں کیئے جاسکتے جنکے کفر پر امت کا اجماع ہے۔

۸..... جن فرقوں کا انتساب ملت اسلام کی طرف سے ہے کیا ان میں سے ایک یا چند فرقے

ایسے بھی ہیں جن کو جمیع فرقِ اسلام سے خارج تسلیم کیا گیا ہے یعنی اسلامی فرق باطلہ میں شمار نہیں کیا گیا۔ اگر ہیں تو وہ کیا عقائد تھے جن کی بنا پر انکو خارج اور فرق اسلام سمجھایا گیا اور کیا ان عقائد میں کوئی وجہ فرق کی بیان کی جاسکتی ہے اور کیا جو وجوہ مرزائی جماعت کو خارج از اسلام ہونے سے بچاتے ہیں وہ وجوہ ان فرقوں میں پیدا نہیں کئے جاسکتے اور اگر کوئی ایسا فرقہ نہیں جو اسلامی فرقوں سے خارج سمجھا گیا ہو تو کیا مولانا براہ مہربانی بتلائیں گے کہ باطنیہ، سبانیہ، خرسیہ، یزیدیہ، سمونیہ بھی باوجود اعتقادات کے جو اہل حق نے نقل کئے ہیں اور جن کی بنا پر وہ جملہ اسلامی فرقوں سے خارج سمجھے گئے۔ اور اسلام کے فرق باطلہ میں بھی شمار نہیں کئے گئے۔ ملت اسلامیہ میں داخل ہیں ان کی نسبت کفر کا فتویٰ دینا یا انکو خارج از ملت اسلامیہ بتلانا بیجا تشدد ہے؟

۹...... مولانا، مرزائی جماعت کو فرق باطلہ اسلامیہ مثل خوارج، جبریہ، مجسمہ وغیرہ میں داخل مانتے ہیں لیکن کیا انہیں احکام کے اجراء کی اجازت بمقابلہ مرزائی جماعت کے دے سکتے ہیں جو اہل حق نے بمقابلہ ان فرق باطلہ کے دی ہے۔ بالخصوص ان میں سے غالی فرقوں کیلئے۔

۱۰...... یہ امر بھی قابل استفسار ہے کہ فرق باطلہ اسلامیہ مثل خوارج وغیرہ کے اندر بھی فرق مراتب ہے یا نہیں۔ کیا وہ سب ایک ہی درجہ میں ہیں اور ان سب کا ایک ہی حکم ہے یا ان کے اندر بھی تفریق ہے اور ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جنکی تکفیر علماء اہل اسلام نے بالاتفاق کی ہے۔ اگر ان فرق باطلہ میں بعض ایسے بھی ہیں جن کی تکفیر کی گئی ہے تو پھر صرف یہ کہہ دینا کہ ''اس گروہ کا شمار اسلام کے باطل فرقوں میں ہے اور ان میں سے غالی جماعت کا ضلال انتہائی حد تک پہنچا ہوا ہے'' کافی نہیں ہے۔ بلکہ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ جس طرح خوارج وغیرہ فرق باطلہ کی جماعتوں میں فرق مراتب اور فرق احکام ہے اسی طرح مرزائی

جماعت کے اعتقادیات ان کو کس درجہ میں قائم کرتے ہیں اور ان میں غالی جماعت کا غلو کیسا ہے اور آیا وہ اس غلو کے بعد بھی تکفیر سے بچ سکتی ہے۔

۱۱...... حضرت علی کا معاملہ خوارج کے ساتھ کیا تھا اور ان سے انجام کا مقاطعہ کی نوبت آئی یا نہیں اور بیجا تشدد تھا یا نہیں۔ اگر بیجا تشدد نہیں تھا اور وہ مقاطعہ لازمی اور ضروری تھا تو اس وقت اہل حق کو کیا کرنا چاہیے تھا اور کیا مولانا اس معاملہ کی اجازت دیتے ہیں تامل فرمائیں گے۔

۱۲...... بیشک اسلام میں یہ پہلا ہی فتنہ نہیں ہے بہت سے باطل فرقے پیدا ہوئے بعض فرقوں کا زور صدیوں رہا۔ ان فرقوں کی بڑھتی ہوئی طاقت سے اسلام کو اور مسلمانوں کو بیحد نقصان پہنچے۔ کیا باطنیہ کا فتنہ کچھ کم تھا جنہوں نے مطاف میں حجاج کا قتل عام کیا۔ حجر اسود کو اکھاڑ کر لے گئے۔ یہی وہ فتنہ تھا جس کی نسبت لکھا ہے کہ بعض اعتبار سے اس فتنہ کی مضرت مسلمانوں کے لئے فتنہ دجال سے زیادہ تھی۔ باطنیہ کے زور شور کے زمانہ میں مسلمانوں کے بعض بادشاہ، امرآء اور وزراء مرعوب ہو کر ان کے ساتھ مل جاتے یا سازش کر لیتے تھے یا دب جاتے تھے۔ لیکن اہل حق نے اس وقت بھی لسانی وسنانی مقاومت پوری طرح سے کی اور بالآخر صدیوں کے زوروشور کے بعد اس فتنہ کا استیصال ہو گیا۔

۱۳...... مولانا، مرزائی فرقہ کو اس معنے میں کافر نہیں کہتے جس سے مقصود ملت اسلامیہ سے خارج ہو جانا ہے لیکن یہ باقی رہ جاتا ہے کہ کس معنے کے کافر کہتے ہیں۔ اور انکے لئے کیا حکم دیتے ہیں۔

میں نے بہت اختصار کے ساتھ چند ضروری امور کی طرف مولانا کو توجہ دلائی ہے امید ہے کہ ان کو بغور ملاحظہ فرما کر پوری وضاحت کر دی جائے گی۔

میں اب بھی یہی مناسب سمجھتا ہوں کہ اس مسئلہ کو اخباروں میں لانے کے

بجائے علماء کے ساتھ مبادلہ خیالات کرلیا جائے اور خواہ تقریراً یا تحریراً امور مذکورہ کی تنقیح کر لی جائے۔ میں یقین رکھتا ہوں کہ ان شاء اللہ اور باسلوب احسن مسئلہ کی تنقیح ہو جائے گی۔ کیونکہ مولانا کو یہ تسلیم ہے کہ دعویٰ نبوت اور انکار ختم نبوت قطعا کفر ہے۔ توہین عیسیٰ علیہ السلام قطعاً کفر ہے۔

صرف یہ باقی رہ جاتا ہے کہ مرزائیوں کے کلام سے التزام ثابت ہے یا نہیں۔ تو ایسی عبارتیں پیش کردی جائیں جن سے صراحتاً دعویٰ نبوت اور توہین عیسیٰ علیہ السلام ثابت ہے۔ اور ان میں کسی تاویل کی گنائش نہیں۔ اس کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ مسئلہ منقح ہو جائے گا اور کوئی خلاف مابین باقی نہ رہے گا۔ (احقر حبیب الرحمٰن از دیوبندی۔ ۴؍دسمبر ۱۹۲۳ء)

☆☆☆☆☆

(حاشیہ: انجمن حمایت اسلام کے گذشتہ سے پیوستہ سالانہ بھرے جلسہ میں لاہوری مرزائی جماعت کے چشم و چراغ و مشہور مبلغ مولوی صدر الدین نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ہجڑا بتایا (نعوذ باللہ)۔ ثبوت کے لئے جلسہ کی سالانہ رپورٹ موجود ہے۔ اس پر بھی مولوی ابو الکلام کو ان پر حسن ظنی باقی رہتی ہے تو بس حد ہو چکی۔ بجز انا اللہ کے کیا کہا جائے۔ محمد پیر بخش)

نمبر (۳) بابت ماہ فروری ۱۹۲۴ء

عقائد باطلہ قادیانی

بسم اللہ الرّحمن الرّحیم

برادران اسلام! قادیان کے خلیفہ نے ریویو آف ریلیجز ماہ دسمبر ۱۹۲۳ء میں اپنے عقائد شائع کئے ہیں اور قبول کیا ہے کہ تمام مسلمانوں کے عقائد سے ہمارا اختلاف ہے جس سے ان کا بدعتی ہونا ثابت ہے۔ یعنی **آمنت باللہ وملٰئکتہ و کتبہ ورسلہ** الخ پر جس طرح مسلمان ایمان رکھتے ہیں مرزائی اس طرح ایمان نہیں رکھتے۔ اور خلیفہ جی نے نمبر وار بتایا ہے کہ ہمارا تمام مسلمانوں سے عقائد میں اختلاف ہے، **وھو ھذا:**

قولہ ۱: ہمیں لوگوں سے یہ اختلاف ہے کہ ان کا خیال ہے کہ خدا تعالیٰ نے رسول کریم ﷺ کے بعد ہر قسم کے کلام کو روک دیا ہے حالانکہ کلام شریعت کے سوا کسی قسم کے کلام کے

رکنے کی کوئی وجہ نہیں کلام شریعت کے کامل ہو جانے سے کلام ہدایت اور کلام تفسیر کی ضرورت معدوم نہیں ہو جاتی ......(الخ)۔

جواب: جب رسول کریم ﷺ خاتم الانبیاء ہیں اور کلام معجز نظام ساتھ لائے اور خلق خدا کی ہدایت کے واسطے ہدایت نامہ کامل ہو چکا تو پھر بعد میں نہ کوئی نبی آ سکتا ہے اور نہ کوئی کلام الٰہی ہدایت کی قسم سے نازل ہو سکتا ہے۔ ہاں امت محمدیہ کے واسطے الہام ہے جو کہ حجت شرعی نہیں۔ اگر کوئی الہام قرآن شریف کے برخلاف ہو تو وہ نص قرآنی کی رو سے القاء شیطانی ہے اور قابلِ عمل نہیں۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے ﴿وَاِنَّ الشَّیٰطِیْنَ لَیُوْحُوْنَ اِلٰٓی اَوْلِیٰٓئِھِمْ لِیُجَادِلُوْکُمْ﴾ یعنی شیاطین اپنے ڈھب کے لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتے ہی رہتے ہیں تاکہ وہ تمہارے ساتھ کج بحثی کرے (سورہ انعام ۸)۔ لہٰذا شیطانی القاء کی پیروی نہ کرنی چاہیے۔

جب معلوم ہوا کہ وحی الٰہی کا دروازہ بعد حضرت خاتم النّبیین ﷺ کے مسدود ہے اور کوئی کلام حضرت خاتم النّبیین کے بعد حجت شرعی ہونے کی حیثیت سے نازل نہیں ہو سکتا تو پھر یہ خیال باطل ہے کہ بعد حضرت خاتم النّبیین ﷺ کے کسی امتی کو وحی ہو۔ اور مرزا صاحب قادیانی کے الہامات موجود ہیں جن کو قرآن شریف القاء شیطانی قرار دیتا ہے۔ دیکھو الہام مرزا صاحب: ”انت منی بمنزلة بروزی“ کہ اے مرزا تو ہمارا بروز یعنی اوتار ہے۔ (تجلیات الٰہیہ ص ۶۳، مصنفہ مرزا صاحب)

صریحاً یہ الہام نصِ قرآنی کے برخلاف ہے کیونکہ خدا تعالیٰ بے مثل و مثال ہے اور واجب الوجود ہستی ہے جس کا کوئی شریک و ہمتا نہیں۔ ﴿وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ﴾ اس کی صفت ہے وہ انسانی وجود میں ظہور نہیں کرتا۔

نیز اوتار کا مسئلہ مسلمانوں کا نہیں بلکہ اہل ہنود کا مسئلہ ہے۔ اوتار کہتے ہیں خدا تعالیٰ کا مخلوقات کی ہدایت کے واسطے شکل انسانی میں ظہور کرنا۔ چنانچہ گیتا میں لکھا ہے (جو ہندوؤں کے نزدیک الہامی کتاب ہے)

چو بنیاد دیں سست گردد بسے　　　نمائیم خود را بشکلِ کسے

یعنی جب دہرم کی بربادی ہوتی ہے تو پرمیشر یعنی خدا کسی انسان کی شکل میں ظہور کرتا ہے جیسے کہ (ان کے نزدیک) رام چندر اور کرشن اوتار گذرے ہیں اور ہندوؤں کے مذہب میں نبوت کے اوپر اور خدائی سے کم درجہ کا ایک عہدہ ہے، مگر قرآن شریف نے اس مسئلہ یعنی اوتار یا بروز کی تردید فرمائی ہے۔ اور صاف کہدیا کہ ﴿لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ﴾ یعنی خدا تعالیٰ کی مانند کوئی چیز نہیں۔ پس جب مرزا جی میں خدا تعالیٰ نے اوتار لیا اور مرزا صاحب کو کہا کہ اے مرزا تو اس قدر بلند مرتبہ انسان ہے کہ تو خدا ہی بن گیا ہے۔

اب مرزائی صاحبان بتائیں کہ مرزا جی نے جو خدا کے اوتار ہونے کا دعویٰ کیا تو یہ الہام شیطانی نہیں تو اور کیا ہے؟ کیونکہ جب خدا انسان بن کر دنیا میں آئے گا تو کھانے پینے اور جماع کا محتاج ہوگا۔ پس مرزا کے خلیفہ ثانی (میاں صاحب) کا اعتقاد خاتم النّبیین پر نہیں۔ اس لئے انکے اور ان کے مریدوں کے اعتقاد میں ہمیشہ نبی آتے رہینگے اور کلام الٰہی لاتے رہیں گے۔ اور یہی ختم نبوت کا انکار ہے جو کہ اجماع امت اور مولوی ابوالکلام صاحب کے نزدیک بھی کفر۔ جب جدید کلام الٰہی آئے گا تو بالضرور دیرینہ کلام یعنی قرآن مجید منسوخ ہوگا اور شریعت محمدی بھی منسوخ ہوگی جیسا کہ مرزا صاحب نے لکھا ہے کہ اب نجات میری تعلیم پر ہے۔ دیکھو مرزا جی کی اصل عبارت: ''اب خدا تعالی نے میری وحی میری تعلیم اور میری بیعت کو مدار نجات ٹھہرایا ہے'' (اربعین نمبر ۴ص ۶، مصنف مرزا صاحب)۔ میاں

صاحب کا یہ فرمانا بالکل غلط اور من گھڑت ہے کہ غیر تشریعی نبی بعد از حضرت خاتم النّبیین آتے رہیں گے۔ یہی تو ختم نبوت کا انکار ہے جو باجماعِ امت کفر ہے۔

میاں صاحب نے یہ بھی غلط لکھا کہ جدید کلام کی روک نہیں ہوئی جو کہ بغیر شریعت کے ہو۔ کیونکہ مرزا صاحب خود لکھتے ہیں کہ ''میری وحی میں امر بھی ہے اور نہی بھی ہے'' اور یہی شریعت والی وحی کی تعریف ہے۔ پس مرزا صاحب کی وحی شریعت والی ہے۔ بقول میاں صاحب جس دلیل سے شریعت والی کلام جو افضل واکمل ہے اس سے امت محمدی ﷺ محروم کی گئی۔ اسی دلیل سے دوسری کلام بھی ردّ کی گئی۔ جب قرآن شریف ہی مقدم اور قابل عمل کلام الٰہی ہے تو پھر شیطانی القاء والی کلام فضول ہے۔ کیونکہ اگر اس پر عمل کریں گے تو جہنم کے وارث ہوں گے۔ جیسا کہ مرزا جی کا الہام ہے ''انت منی بمنزلة ولدی'' کہ اے مرزا تو ہمارے بیٹے کی جا بجا ہے۔ یہ الہام شیطانی القاء اس واسطے ہے کہ اسمیں مرزا کو خدا کا بیٹا کہا گیا ہے۔ اور جب اس الہام پر اعتراض کیا جاتا ہے تو جواب ملتا ہے کہ ہم اس الہام کو نہیں مانتے۔

سبحان اللہ! ایک طرف تو کہتے ہیں کہ ہم کلام الٰہی مانتے ہیں اور دوسری طرف اس سے انکار ہے مصرعہ

ع چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی

میاں صاحب خود لکھتے ہیں کہ کلام الٰہی تو یقین اور وثوق کیلئے آتا ہے۔ سنیے میاں صاحب! خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ ﴿لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ﴾ کہ ایسی بات کیوں کہتے ہو جس پر عمل نہیں کرتے۔ جب خدا کا کلام یقین اور وثوق کے واسطے آتا ہے تو مرزا صاحب کو وہ خدا کا بیٹا کیوں یقین نہیں کرتے؟ جب مرزا صاحب کو ان کے الہام کے مطابق سچا نبی یقین

کرتے ہو تو خدا کا بیٹا بھی یقین کرو۔ اگر کہو کہ خدا کا بیٹا ہونا قرآن کے خلاف ہے اس واسطے ہم نہیں مانتے تو ہم کہتے ہیں کہ سچا نبی و رسول ہونا بھی تو قرآن کی آیت ختم النّبیین کے برخلاف ہے مرزا صاحب کو سچا نبی و رسول بھی نہ مانو۔

قولہ ۲: ''لوگوں سے یہ اختلاف ہے کہ وہ تو یہ سمجھتے ہیں کہ اس امت کی اصلاح کے واسطے موسوی سلسلہ کا مسیح آسمان سے نازل کیا جائیگا اور ہم کہتے ہیں کہ باہر سے کسی آدمی کے منگوانے میں رسول کریم ﷺ کی ہتک ہے'' (الخ)۔

جواب: حضرت محمد ﷺ کے قسمیہ فرمان کے مقابلہ میں آپکا من گھڑت ڈھکوسلا کچھ وقعت نہیں رکھتا۔ دیکھو بخاری شریف کی حدیث جس میں آنحضرت ﷺ قسم کھا کر فرماتے ہیں:

''والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا''......(الخ)

یعنی ''قسم ہے مجھ کو اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تحقیق اتر ینگے تم میں عیسیٰ بیٹے مریم کے حاکم عادل ہو کر''۔ آگے حدیث طویل ہے اور بار ہا پیش کی گئی ہے جس کا کوئی معقول جواب نہیں دیا جاتا۔ ہاں جاہلوں والے ڈھکوسلے لگائے جاتے ہیں کہ اس سے مرزا صاحب ہی مراد ہیں۔ اور وہی ابن مریم تھے۔ جب کہا جاتا ہے یہاں حدیث میں ''ینزل'' کا لفظ ہے جسکے معنی ہیں ''آئیگا''۔ جس سے ثابت ہے وہ ہی ابن مریم اترے گا جیسا کہ انجیل سے ثابت ہے۔ **دیکھو انجیل اعمال باب ۱ آیت ۱۲:** ''یہی یسوع جو تمہارے پاس سے آسمان پر اُٹھایا گیا ہے اسی طرح جس طرح تم نے اسے آسمان کو جاتے دیکھا پھر آئے گا'' (الخ)۔ تو پھر ایسا نامعقول جواب دیتے ہیں کہ ہنسی آتی ہے کہ نزول کے معنی پیدا ہونے کے ہیں۔ مگر جب کہا جائے کہ پھر تو ''منکم'' چاہیے تھا۔ ''فیکم'' کیوں ہے تو لاجواب ہو کر سخت کلامی اور بدزبانی پر اتر آتے ہیں۔ دوسری حدیث نے تو فیصلہ ہی کر دیا

ہے۔ یعنی وہ نبی عیسیٰ بن مریم جسکے میں قریب تر ہوں کیونکہ اس کے اور میرے درمیان کوئی نبی نہیں اترنے والا۔ تو پھر نادم ہو کر ہٹ دھرمی وضد سے جاہلانہ جواب دیتے ہیں کہ بیشک سب ضمیریں تو عیسیٰ بن مریم کی طرف پھرتی ہیں مگر "انه نازل" کی ضمیر مرزا صاحب کی طرف پھرتی ہے **لاحول ولا قوة**. مرزا صاحب تو اس وقت پیدا بھی نہ ہوئے تھے ۱۳سو برس بعد پیدا ہوئے تو نادم ہو جاتے ہیں اور کچھ جواب نہیں دے سکتے۔

اس میں رسول اللہ ﷺ کی ہتک نہیں بلکہ عالی مرتبہ کا اظہار ہے کہ ایک اولو العزم پیغمبر عیسائیوں کا خدا (نعوذ باللہ) حضور ﷺ کی امت میں ہو کر آتا ہے۔ ہتک تو اس میں ہے کہ ایک غلام نمک حرام ہو جائے اور مقابلہ کرے۔ نبوت و رسالت کا دعوے کر کے بذریعہ رسالت و نبوت کاذبہ جھوٹا مسیح موعود بنے۔ جھوٹا اس واسطے کہ جب حضرت خاتم النبیین کے بعد کوئی سچا نبی آنا ہی نہیں اور خاتم النبیین آیت قرآن شریف اور حدیث صحیح "لانبی بعدی" کے ہوتے ہوئے جب کوئی نبوت و رسالت کا مدعی سچا ہو ہی نہیں سکتا تو ضرور جھوٹا ہے۔ جب مرزا جی سے پہلے آٹھ نو شخصوں نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا جیسا کہ فارس بن یحییٰ، ابراہیم بزلہ، ابو محمد خراسانی وغیرہ اور وہ جھوٹے سمجھے گئے تو مرزا صاحب بھی جھوٹے ہی ہیں کیونکہ آنے والا نبی اللہ و رسول اللہ ہے اور حضرت خاتم النبیین کے بعد کوئی نبی اللہ اور رسول اللہ ہو نہیں سکتا۔ پس اس عقیدہ میں بھی آپ غلطی پر ہیں۔

قولہ ۳: ہمیں ان لوگوں سے یہ بھی اختلاف ہے کیونکہ ہم ایمان رکھتے کہ مامور کے آنے کی غرض محض شریعت کا لانا نہیں ہوتا بلکہ جیسا کہ بتایا گیا ہے کہ کلام الٰہی کی صحیح تفسیر اور یقین اور وثوق کا پیدا کرنا ہوتا ہے اور اپنے نمونہ سے لوگوں کی اصلاح کرنا اس کا کام ہوتا ہے۔ یہ کیسی حماقت ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کے بعد بیماری تو ہو گی لیکن آپ اتنے

بڑے طبیب ہیں کہ آپ کے بعد طبیب نہیں ہوگا'' (الخ)۔

جواب: بیشک حضرت خاتم النّبیین ﷺ ایسے بڑے طبیب ہیں کہ آپ نے ہر ایک بیماری کا علاج فرمادیا ہے اور کسی طبیب کی قیامت تک ضرورت نہیں چھوڑی ثبوت یہ ہے کہ تیرہ سو برس تک ہزاروں فتنے برپا ہوئے۔ کئی جھوٹے مسیح نبی ہوئے، مگر اس طبیب کامل کی تعلیم سے سب جھوٹے ثابت ہوئے۔

جب کفر الحاد کی بیماری کسی شخص کو ہوجاتی ہے تو اس کو ہر ایک مسلمات دین سے انکار ہوجاتا ہے۔ میاں صاحب کے اس ایمان سے معلوم ہوا کہ وہ قرآن شریف اور احادیث نبوی کے بھی منکر ہیں صرف اپنے من گھڑت ڈھکوسلے لگاتے ہیں جب قرآن شریف کی آیت خاتم النّبیین اور صحیح حدیث ''لانبی بعدی'' سے ثابت ہے کہ حضرت خاتم النّبیین ﷺ کے بعد کوئی مامور من اللہ بحیثیت نبی ورسول نہیں آسکتا تو پھر کس قدر حماقت وشقاوت ہے کہ کسی امتی کو مامور من اللہ اور نبی ورسول مانا جائے۔ جبکہ نظیر موجود ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہ کو حضرت ہارون سے تشبیہ دی گئی مگر ساتھ ہی فرمادیا کہ ''لانبی بعدی'' کہ تو نبی نہیں اور ہارون غیر تشریعی نبی تھا اور یہ ظاہر ہے کہ حضرت ہارون غیر تشریعی نبی تھے۔ پس اس سے یہ امر بھی ثابت ہوا کہ آنحضرت ﷺ کے بعد غیر تشریعی نبی بھی نہیں ہوسکتا۔

لفظ ''صحیح تفسیر'' ظاہر کرتا ہے کہ قرآن شریف کی اب تک جس قدر تفسیریں کی گئی ہیں وہ سب میاں صاحب کے اعتقاد میں غیر صحیح ہیں، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ زمانہ نبوی ﷺ سے لے کر ۱۳ سو برس تک کل امت محمدی ﷺ گمراہی پر تھے اور خدا تعالیٰ نے بھی (نعوذ باللہ) اس امت کو ''خیر امۃ'' فرمانے میں غلطی کی کیونکہ صحیح تفسیر تو ۱۳ سو برس تک

کروڑوں بندگانِ خدا امت محمدیہ کے غیر صحیح تفسیروں کی پیروی کرتے رہے اور باوجود کہ رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہوتی تھی اور خدا کا وعدہ تھا ان ﴿اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ﴾ خدا نے صحیح تفسیر نہ بتائی اور سب کو گمراہ رکھا۔ خدا تعالیٰ مسلمانوں کو ایسی ہفوات الجاہلین سے بچائے، آمین۔

نمونہ بننے کی خوب کہی! جس کا جواب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ مسلمانوں کو عیسائیوں کے نمونہ، آریوں کے نمونہ، ہندوؤں کے نمونہ، دہریوں کے نمونہ کی پیروری سے بچائے اور فرعونی تعلیم کی پیروی سے محفوظ رکھے۔ مرزا صاحب عیسائیوں کا نمونہ اس واسطے تھے کہ عیسائیوں کا ابن اللہ کا مسئلہ اسلام میں داخل کرتے ہیں اور ان کو الہام ہوتا ہے کہ ”انت منی بمنزلة ولدی“ (حقیقۃ الوحی ص۸۶) ”انت منی بمنزلة اولادی“ (الحکم دسمبر ـــــ ء)۔

آریوں کے نمونہ ہونے کا یہ ثبوت ہے کہ آپ باطل مسائل بروز و مکون اوتار کے معتقد تھے اور کرشن کا اوتار بنے جو تناسخ کا قائل اور قیامت کا منکر تھا۔ اور مرزا صاحب کو الہام ہوا کہ ”انت منی بمنزلة بروزی“ کہ اے مرزا تو ہمارا بروز یعنی اوتار ہے۔ ہندوؤں کے نمونہ ہونے کا یہ ثبوت ہے کہ مرزا صاحب نے بت پرستی کی بنیاد ڈالی اور اپنی فوٹو یعنی عکسی تصویر کئی دفعہ بنوائی اور انکے مرید بت پرستوں کی طرح اس تصویر کی تعظیم کرتے۔

دہریوں کے نمونہ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ آپ لکھتے ہیں کہ ”تخت رب العالمین“ چاندی کا ہوگیا سونے کا یا لکڑی کا اور عذاب قبر پر ہنسی اڑاتے ہوئے لکھتے ہیں بچھو اور سانپ قبر کھول کر دکھاؤ۔ معراج جسمانی سے بھی انکار ہے۔ مرزا صاحب کے نمونہ پر چلنے کی تاثیر ہے کہ آپ نے صحابہ کرام اور اولیائے عظام اور سلف صالحین (نعوذ باللہ) سب کو احمق کہہ دیا کہ جو لوگ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضرت خاتم النّبیین کے بعد غیر تشریعی نبی بھی

نہیں آسکتا جس پر ۱۳سو برس سے اجماع امت چلا آتا ہے سب کو احمق کہہ دیا۔ خدا تعالیٰ مسلمانوں کو ایسی بے دینی اور دجالی تعلیم سے بچائے اور صراطِ مستقیم پر قائم رکھے آمین۔
چونکہ آپ کا یہ عقیدہ بھی جمہور امت کے خلاف ہے لہٰذا مردود اور غلط ہے۔

قولہ۴: پھر ہمارا ان لوگوں سے یہ اختلاف ہے کہ ہم یقین رکھتے ہیں کہ قرآن شریف اپنے معارف اور مطالب ہمیشہ ظاہر کرتا رہتا ہے مگر ہمارے مخالف لوگ یہ کہتے ہیں کہ سب معارف پچھلے لوگوں پر ختم ہو گئے۔ یہ کلام ایسی ہڈی کی طرح ہے جس سے سارا گوشت کھایا گیا ہے'' (الخ)۔

جواب: کسی مسلمان نے نہیں کہا کہ (نعوذ باللہ) قرآن شریف ہڈی کی طرح ہے میاں مرزا زادہ صاحب کسی مسلمان کا لکھا ہوا دکھادیں۔ ہاں رسول اللہ ﷺ نے تفسیر بالرائے چونکہ منع فرمائی ہے دیکھو حدیث ''**من قال فی القرآن برایه فلیتبوء مقعده من النار**'' یعنی جو شخص اپنی رائے سے قرآن کی تفسیر کرے وہ اپنا ٹھکانا آگ میں بنائے۔ اگر قرآن شریف کے معارف ومطالب اس ذات ستودہ صفات پر نہ کھلے جس پر قرآن شریف نازل ہوا تھا اور دوسرے امتی شخص پر کھلنے کا اعتقاد رکھنا رسول اللہ ﷺ کی ہتک ہے کہ باوجود صاحب قرآن پیغمبر ہونے کے اور باوجود اہل زبان ہونے کے آپ تو قرآن نہ سمجھے اور ایک آپ کا امتی کہلانے والا سمجھ جائے (نعوذ باللہ) ﴿كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ﴾۔ اس ملعون اور مردود بات کے کہنے سے تو ابلیس بھی شرماتا ہے چہ جائے کہ آپ کے امتی ہونے کا مدعی ایسے کلمات کہے۔

اور یہ کیسے ممکن ہے کہ قرآن شریف نازل تو ہو عربی زبان میں اور اسکے معارف تمام سلف صالحین کے خلاف ایک پنجابی پر کھلیں جسکے حافظہ کا یہ حال ہے کہ کبھی لکھتا ہے

''مسیح کی قبر جلیل میں ہے''۔ کبھی لکھتا ہے کہ ''مسیح کی قبر بلدہ قدس میں ہے''۔ کبھی لکھتا ہے ''مسیح کی قبر کوہ لبنان پر ہے جہاں ایک گرجا بنا ہوا ہے اور اسکے اندر مسیح و مریم کی قبر ہے''۔ اور کبھی لکھتا ہے کہ ''مسیح کی قبر کشمیر میں ہے''۔ یہ اصولی بحث کا حال ہے۔ کبھی لکھتا ہے کہ ''آنیوالا مسیح میں ہی ہوں''۔ اور کبھی لکھتا ہے کہ دس ہزار مسیح اور بھی میرے بعد آ سکتا ہے۔ جس شخص کے حافظے کا یہ حال ہے کیا وہ اس قابل ہے کہ قرآن شریف کے معارف بیان کر سکے؟ ہرگز نہیں۔ اختصار منظور ہے ورنہ قادیانی معارف کے پرخچے اڑا دوں اور دنیا کو دکھا دوں کہ ایسے لوگ بھی معارف دانی کے مدعی ہیں شعر

بت بھی کریں آرزو خدائی کی شان ہے تیری کبریائی کی

خدا تعالیٰ اپنے کرم سے ایسے لوگوں کو ہدایت فرمائے کہ رسول اللہ ﷺ کا انہوں نے اپنے ڈھکوسلوں اور دجالی تعلیم سے دین ہی بدل ڈالا اور یہ معارف دانی نئی نہیں۔ جملہ مدعیان نبوت کا ذبہ و بانیان فرق ضالہ ایسا ہی کرتے آئے ہیں۔ سبحان اللہ! ذرا مرزائی معارف دانی ملاحظہ ہو:

''مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ سے یہ مراد ہے کہ کوئی پیغمبر صاحب شریعت بعد آنحضرت ﷺ کے نہ ہوگا اور شیخ جونپوری مہدی موعود پیغمبر کے متبع ہیں پس اب ہونا مہدی کا ان اوصاف یعنی متبع اس شرع شریف کا ہو کر نہیں مخالف ہے کتاب و سنت و اجماع کے''۔ (رسالہ اعتقادات فرقہ مہدویت)

میاں محمود صاحب جواب دیں کہ آپ کا باپ تو اب مدعی مہدویت ہوا ہے جب اس کے پہلے سید محمد جونپوری مہدی ہو چکا ہے اور الہام کی روشنی میں اس نے تفسیر کی ہے تو مرزا صاحب نے اس کو کیوں نہ سچا مہدی مانا۔ اور کیوں خود مہدی ہونے کا دعویٰ کیا۔ اگر

مرزا صاحب کو حق ہے کہ وہ اپنے الہام کی روشنی میں تفسیر کر کے سچے مہدی ہوں تو سید محمد جونپوری مہدی کو زیادہ حق ہے کیونکہ وہ سید ہے اور اس کا نام بھی حدیث کے مطابق محمد ہے اور بیعت بھی جا کر اس نے مکہ ومدینہ کے درمیان مقام رکن میں لی جیسا کہ حدیثوں میں ہے۔ اور مرزا صاحب کی تو ہر ایک بات اور ہر دعویٰ کی بنیاد مجاز اور استعارہ پر ہے۔ پس اگر زید کو اپنی رائے طبع زاد معارف لکھنے کا اختیار ہے تو بکر کو بھی ہونا چاہئے۔ اور اسی طرح سب افراد ملت کو حق ہوگا۔ تو پھر نتیجہ یہ کہ نہ قرآن قرآن رہے گا اور نہ تفسیر تفسیر۔ ہر کس و نا کس مطلق العنان ہوگا جو اسکے دل میں آئے گا کہے اور کرے گا۔ اور پابندی اسلام چھوڑ دے گا۔ پس اس عقیدہ میں بھی آپ غلطی پر ہیں۔

قولہ ۵: ہم لوگ یہ یقین کرتے ہیں کہ دوسرے لوگوں کے ساتھ بھی اللہ تعالی کلام کرتا ہے اور ہم میں سے بہتوں سے کرتا ہے یعنی مرزائیوں سے۔

جواب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ پہلی امتوں میں محدث ہوا کرتے تھے اگر کوئی اس امت میں ہونا ہوتا تو عمر رضی اللہ عنہ ہوتے "**عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ لقد كان فيمن قبلكم من الامم محدثون فان يك احد فی امتی فانه عمر رضی اللہ عنہ (متفق عليه)**

ترجمہ: روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا ﷺ نے کہ تحقیق تھے الہام کئے گئے بیچ ان لوگوں کے کہ تھے تم سے پہلی امتوں میں سے پس اگر ہو میری امت میں کوئی پس تحقیق وہ عمر رضی اللہ عنہ ہوگا۔ (نقل کی یہ بخاری ومسلم نے، مظاہر حق جلد ۴ ص ۶۶۹)۔ جب حضرت خاتم النّبیین کے بعد سلسلہ نبوت ورسالت منقطع ہے تو پھر یہ بھی ناممکن ہے کہ خدا تعالی عوام سے ہمکلام ہو۔ یہ حدیث حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تخصیص کرتی ہے کہ حضرت کی امت میں سوائے

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کوئی شخص محدث نہیں ہوسکتا۔ اور ظاہر ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے خادم اسلام محدث نہ ہوئے تو دوسرے امتی کی کیا حقیقت ہے کہ محدث ہوسکے جو قدم قدم پر رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کرتا ہے۔

عوام کی ہمکلامی خدا کا حال یہ ہے کہ ایک مرزائی نے اشتہار دیا ہے دیکھو اعلان نمبر۲: ''پھر اس عاجز کو پکارا گیا یا ایھا الصدیق یوسف انی معک اسی طرح بار بار حکم ہوتا رہا پھر سمجھایا گیا کہ نبوت کا سلسلہ اسی طرح سے جاری ہے۔ دنیا کے الزاموں سے نہ ڈرو نہ غم کر تجھے روحانی تاج پہنایا گیا ہے۔ نبوت کا تاج تیرے سر پر رکھدیا گیا ہے''۔

(یوسف الصدیق المعروف نبی بخش ساکن معراجکے ضلع سیالکوٹ)

ڈاکٹر عبدالحکیم خان کو جو الہام ہوا کہ ''مرزا مسرف وکذاب وعیار ہے صادق کے سامنے شریر فنا ہوجائے گا'' یہ الہام سچا بھی ہوا کہ مرزا صاحب ڈاکٹر عبدالحکیم خان کی زندگی میں فوت ہوگئے اور خدا کے فعل نے اپنا قول بھی سچا کردیا۔ تو پھر آپ کیوں اس الہام کی پیروری نہیں کرتے میاں محمود صاحب (پسر مرزا) کا جب اعتقاد ہے کہ خدا تعالیٰ ہمیشہ کلام کرتا رہتا ہے اور ساتھ ہی انکا یہ اقرار ہے کہ یہ کلام خدا کی طرف سے ہے تو پھر میاں نبی بخش مدعی نبوت کے ساتھ جو کلام خدا کرتا ہے اس کو کیوں نہیں مانتے۔ اور جب ان کا یہ اعتقاد ہے کہ ایک نبی کا منکر کافر ہے خواہ وہ نبی حضرت خاتم النّبیین کے بعد ہی ہو تو پھر اب قادیانی جماعت دونبیوں کی منکر کیوں ہے جبکہ خدا تعالیٰ نے ان کو نبوت بعد حضرت محمد ﷺ کے دی ہے اس پر زیادہ لکھنا فضول ہے۔ اگر میاں محمود صاحب کا یہ عقیدہ درست ہے تو وہ میاں نبی بخش ساکن معراجکے اور مولوی عبداللطیف ساکن گناچور ضلع جالندھر کو سچے نبی تسلیم کریں یا جواب دیں کہ وہ کیوں سچے نبی نہیں۔ پھر ہم بھی اسی پیمانہ اور معیار سے ثابت

کر دینگے کہ مرزا صاحب بھی نہ سچے نبی اللہ تھے اور نہ مسیح موعود تھے۔

قولہ ٦: ہمارا یہ اختلاف ہے کہ ہم بعث بعد الموت کے متعلق یہ یقین رکھتے ہیں کہ اس زندگی میں انسان اپنی طاقتوں کے ساتھ مبعوث کیا جاتا ہے اور اسی روح میں نشو ونما پا کر اس حالت کو حاصل کرتا ہے لیکن یہی ذرات اور یہی جسم وہاں نہیں جاتا۔ ہمارے منکر کہتے ہیں کہ ہم حشر اجساد کے منکر ہیں''۔

جواب: بیشک اگر یہ عقیدہ ہے تو آپ حشر اجساد کے منکر ہیں کیونکہ قرآن شریف فرماتا ہے ﴿ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَهٗ ○ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ○ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ﴾ یعنی خداتعالیٰ نے انسان کو نطفہ سے پیدا کیا پھر نیکی وبدی کا راستہ آسان کر دیا پھر ایک وقت خاص تک زندہ رکھ کر مار دیا۔ پھر اس کو قبر میں لے جا داخل کیا پھر جب چاہے گا اس کو دوبارہ اٹھا کھڑا کرے گا۔ (سورۂ عبس، پارہ ۳۰)

﴿اَفَلَا یَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِی الْقُبُوْرِ ○ وَحُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوْرِ ○ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ یَوْمَئِذٍ لَّخَبِیْرٌ ○﴾ یعنی انسان کو اتنی بات معلوم نہیں کہ وہ لوگ جو قبروں میں مدفون ہیں جب اٹھائے جائینگے اور لوگوں کے دلوں میں جو باتیں مخفی ہیں وہ سب ظاہر کر دیجائینگی اس دن ان کا پروردگار ہی ان کے حال سے بخوبی واقف ہوگا۔ (سورۃ عادیات)۔

ان آیات سے ثابت ہے کہ جو جسم قبر میں دفن ہوا وہ ہی پھر دوبارہ اٹھا کھڑا کیا جائے گا نہ کوئی اور وجود جدید ملے گا۔ اگر جدید وجود مانا جائے تو یہی تناسخ ہے جو کہ باطل ہے۔ پس اس اعتقاد میں بھی آپ غلطی پر ہیں۔

قولہ ۷: ہم یقین رکھتے ہیں کہ جنت کی تعیین بعینہ اسی رنگ میں ظاہر ہونگی کہ جس رنگ میں قرآن کریم میں بیان ہوئی ہیں لیکن ساتھ یہ بھی یقین رکھتے ہیں کہ چونکہ وہاں کا عالم ہی

اور ہے اس لئے جس مادے کی چیزیں یہاں ہیں اس مادے کی چیزیں وہاں نہیں ہونگی'' (الخ)۔

جواب: جب کیفیت اور ماہیت جنت کی نعمتوں کی مذکور نہیں تو یہ آپ کا مہمل بیان ہے مادے کے بغیر تو کوئی چیز ظہور میں آتی ہی نہیں وہاں کا مادہ کس قسم کا ہے۔جس کے آپ معتقد ہیں۔

قولہ۸: ''ہم یقین رکھتے ہیں کہ دوزخ ایک آگ ہے لیکن ساتھ ہی ہم یقین رکھتے کہ وہ اس دنیا کی آگ کی قسم نہیں بلکہ وہ اس آگ سے کئی باتوں میں ممتاز ہے وہ اپنی سختی میں اس سے بہت زیادہ اور وہ انسان کے قلب کو صاف کرسکتی ہے۔ یہ آگ قلب کو صاف نہیں کرتی''۔

جواب: کیا آپ دوزخ سے ہوآئے ہیں کہ اس آگ کی قوت وحدت بتارہے ہیں دوزخ کی آگ تو بطور سزا ہوگی۔ اس آگ سے قلب کا صفا ہونا قریب قریب آریوں ہندوؤں کا مذہب ہے کیونکہ تناسخ ماننے والے ہی یہ کہتے ہیں کہ ادنیٰ جونوں میں جاکر سزا بھگت کر صاف ہر کر پھر بھیجے جاتے ہیں۔قرآن شریف کی تعلیم تو یہ ہے کہ صرف ایک ہی دفعہ دنیا میں آنا ہے۔اگر دوزخ کی آگ قلب کی صفائی کرتی ہے تو بعد صفائی قلب پھر دنیا میں آنا ہوگا۔اور بذریعہ اس صفائی قلب کے اعمال حسنہ کرنے ہونگے تو یہ وہی تناسخ ہے۔ دیکھو کرشن جی فرماتے ہیں ''متعدد جنموں میں صاف دل اور پاک باطن ہوکر مجھ میں ملجاتے ہیں''۔ (اشلوک ۱۹۔ لوھیائے ۷۔ گیتا مترجمہ دوارکا پرشاد افق)

جب دوزخ کی آگ قلب کو صفا کرتی ہے تو جو لوگ صفائی قلب کے مدعی ہیں وہ دوزخ سے ہوکر آتے ہونگے۔ افسوس ایسے من گھڑت عقائد کی بنیاد جب دین اسلام میں

نہیں ہے تو مسلمانوں کے گھر پیدا ہونے والے اور اسلام کے مدعی کیوں ایسے باطل اعتقاد ایجاد کرتے ہیں۔ دوزخ کی آگ تو قیامت کے دن ظاہر ہوگی۔ کیا قرآن شریف میں کبھی ﴿وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ﴾ نہیں دیکھا۔ ہاں صاحب! تو پھر یہ صفائی قلب کس غرض کے واسطے ہوگی کیا دوبارہ دنیا میں آؤ گے۔ کیونکہ قیامت کے بعد تو کوئی جدید عمل مفید نہیں پس اس عقیدہ میں بھی آپ غلطی پر ہیں۔

قولہ ۹: ہمارا یقین ہے کہ آخر اپنی سزاؤں کو بھگت کر اور خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو پانے کی قابلیت حاصل کر کے انسان دوزخ سے نکالے جاکر جنت میں داخل کئے جائیں گے۔ اور سب کے سب آخر خدا تعالیٰ کی نعمت کے وارث ہو جائیں گے'' (الخ)۔

جواب: یہ قرآن شریف اور احادیث نبوی کے برخلاف ہے۔ دیکھو ذیل کی آیات: ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا﴾ ترجمہ: بیشک اہل کتاب اور مشرکین میں سے جنہوں نے دین حق سے انکار کیا وہ آخر کار دوزخ کی آگ میں ہونگے اور اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ (سورۃ البینۃ، پارہ ۳۰)

آپ نے جو اعتقادات ظاہر کئے ہیں یہ وہ ہی باتیں ہیں جو اہل سنت والجماعت کے برخلاف دوسرے فرقوں نے لکھیں ہیں اور ضالہ فرقوں میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ نے آریوں کے اعتراضات کے جوابات دینے کے نا قابل ہو کر اور ان سے ڈر کر انہی کی پیروی کی ہے یعنی محدود زندگی کے محدود اعمال کے بدلہ میں غیر محدود عرصہ تک سزا دینا خدا کے انصاف کے برخلاف ہے۔ حالانکہ یہ اعتراض غلط ہے کیونکہ جیسے بڑے اعمال محدود ہیں ویسے ہی نیک اعمال محدود ہیں۔ جب نیک اعمال کا بدلہ بہشت دائمی ہے تو بڑے اعمال کا بدلہ بھی دائمی جہنم ہونا عین انصاف ہے اور ظلم نہیں۔ اس میں حکمت یہ ہے کہ لوگ گناہوں

سے بچیں اور نیک کام کریں۔ یہ مشاہدہ ہے کہ جس جرم کی سزا سخت ہو وہ کم ہوتا ہے۔ پس اس عقیدہ میں بھی آپ غلطی پر ہیں۔

قولہ ۱۰: ''ہم قرآن کریم کو الہام کی روشنی میں دیکھتے ہیں پس یہ ہمارے اور انکے درمیان فرق ہے''۔

جواب: یہ آپ کی اصولی غلطی ہے کیونکہ الہام تو شرعاً حجت نہیں۔ اگر آپ الہام کو حجت مانتے ہیں تو میاں نبی بخش اور عبداللطیف کو جو الہام ہوتا ہے کہ ''تم نبی و رسول و مہدی ہو'' ان کو بھی مانو۔ کیونکہ ان کا دعویٰ نبوت و رسالت بھی الہام کی روشنی سے ہے۔ ورنہ مسلمانوں کی طرح کل مدعیان نبوت و رسالت کو معہ مرزا صاحب کے کاذب و کافر یقین کرو جنہوں نے حضرت خاتم النّبیین محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد دعویٰ نبوت کا کیا کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ الہام پر عمل نہ کرتے تھے جب تک قرآن سے اس کی تصدیق نہ کرلیں۔ اور تمام سلف صالحین کا یہی اعتقاد ہے کہ الہام شرعی حجت نہیں۔ حضرت سلیمان دارانی رحمۃ اللہ علیہ کہا کرتے تھے کہ الہام پر عمل نہ کرو جب تک اس کی تصدیق آثار سے نہ ہو جائے۔ (دیکھو احیاء العلوم)

حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فتوح الغیب میں لکھتے ہیں کہ الہام اور کشف پر عمل کرنا جائز ہے بشرطیکہ وہ قرآن اور حدیث اور نیز اجماع اور قیاس صحیح کے مخالف نہ ہو۔

حضرت علی ہجویری معروف گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کشف المحجوب میں فرماتے ہیں اگر یہ کہا جائے کہ اسکی معرفت یعنی خدا کی معرفت الہامی ہے تو یہ بھی محال ہے کیونکہ معرفت کے واسطے جھوٹی سچی دونوں دلیلیں ہو سکتی ہیں اور خطا اور صواب پر اہل الہام کی دلیل نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ ایک کہتا ہے کہ مجھے الہام ہوا ہے کہ خداوند مکان میں ہے اور دوسرا کہتا ہے مجھے

الہام ہوا ہے کہ خدا کا مکان نہیں پس ضرور ہے کہ ان دو دعوؤں میں جو ایک دوسرے کی ضد ہیں حق ایک ہی طرف ہوگا۔ پس کوئی دلیل ضروری ہے اور جب دلیل ہوگی تو اس وقت دلیل سے جاننے والا حق ہوگا اور الہام کا حاکم باطل ہو جائے گا۔ (کشف المحجوب اردو صفحہ ۳۰۸)

لہٰذا تفسیر قرآن شریف وہ ہی صحیح اور قابل اعتبار ہوگی جو حدیثوں سے کی گئی ہو الہام کی روشنی کے ماتحت جو تفسیر ہوگی وہ ظنی اور قابلِ عمل نہیں جیسا کہ آپ نے بالکل غلط تفسیر کر کے مسلمانوں کو گمراہ کیا ہے ﴿وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ﴾ سے مرزا صاحب کی وحی مراد ہے۔ حالانکہ یہ بالکل غلط ہے کیونکہ آخرت کی ت مؤنث کی ہے اور وحی مذکر ہے عربی سے جاہل کو آپکا ڈھکوسلا پسند آئے گا مگر اہل علم کے نزدیک مردود ہے۔ قرآن شریف میں سب جگہ لفظ ''یوم'' آخرت کے معنوں میں آیا ہے کیا ﴿بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ﴾ کے معنی بھی یہی کرو گے کہ مرزا صاحب کی وحی کے معنی ہیں ﴿اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ﴾ کیا یہاں بھی آخرت کے معنے مرزا صاحب کی وحی ہے؟ **افسوس!** یہ تفسیر ہے یا قرآن کے ساتھ تمسخر کرنا ہے! اور پھر آپ نے یہ نہ خیال کیا کہ ایسی تفسیر سے تو قرآن شریف کی فصاحت و بلاغت بھی جاتی ہے کیونکہ اسکے پہلے ﴿بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ﴾ ہے اسکے مقابل من بعدک چاہیے تھا نہ کہ آخرۃ۔ کیونکہ آخرۃ کے مقابل اول ہوتا ہے نہ کہ قبل۔ پس تفسیر بالرای چونکہ ناجائز ہے اس لئے آپکی طبع او تفسیر قابل اعتبار نہیں۔ لہٰذا آپ اس عقیدہ میں بھی حق پر نہیں ہیں۔

اصل بات یہ ہے کہ مرزا صاحب اور آپ لوگ الہام کی حقیقت سمجھنے میں نہایت سخت دھوکا کھائے ہوئے ہیں کہ اپنے استغراقی خیالات کو جو ایک فطری امر ہے جسے قوت متخیلہ بھی کہتے ہیں جس سے کوئی انسان خالی نہیں۔ اسی کو مرزا جی مکالمہ الٰہی زعم کرتے تھے

حالانکہ اس قوت نے مسلم وکافر وفاسق وفاجر شریف ورذیل کوئی بھی خالی نہیں۔ اسی قوت کے عمل کو اگر بحالت نیند ہوتو اس کو کشف ورؤیا کہتے ہیں۔ اور مرزا صاحب خود لکھتے ہیں: ''فاسقہ عورت کنجری یار بہ بروبادہ بسر حرام کاری کی حالت میں سچی خواب دیکھ لیتی ہے (ملاحظہ ہو توضیح مرام)۔ جب یہ حالت ہے تو پھر ان خیالات کو وحی والہام زعم کرنا غلطی ہے۔ کیسا غضب ہے کہ الہام ہوتا ہے ''انت منی بمنزلۃ ولدی کہ اے مرزا تو ہمارے بیٹے کی جا بجا ہے'' اور اس شیطانی القاء حدیث النفس کو خدا کا کلام کہتے ہیں ساتھ ہی اقرار کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ اولاد اور بیٹوں سے پاک ہے مگر یہ کلام الٰہی بطور استعارہ ہے۔ **افسوس!** دل میں سمجھتے ہیں کہ یہ ناجائز ہے کہ خدا کا کوئی بیٹا ہو مگر چونکہ دعویٰ کر چکے ہیں اس لئے اڑے بیٹھے ہیں۔ بھلا مرزا صاحب کے پاس اس کا کیا ثبوت ہے کہ ان کے الہامات دخل شیطانی سے پاک تھے جبکہ الہامات کے مضامین بآواز بلند پکار رہے ہیں کہ یہ الہامات خدا کی طرف سے نہیں کیونکہ قرآن شریف کے خلاف ہیں۔ خدا تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ خاتم النّبیین ہیں آپ کے بعد کوئی نبی نہیں اور رسول اللہ ﷺ نے اسکی تفسیر ''لانبی بعدی'' سے فرمائی۔ مگر مرزا جی کو الہام اس کے برخلاف ہوتا ہے۔ ''یٰسٓ، اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ'' کہ اے سردار (مرزا) تو مرسلوں سے ہے یعنی رسول ہے۔ مرزا جی نے اس خلاف قرآن وحدیث الہام کو سچا یقین کیا حالانکہ حکم یہ تھا کہ اس الہام کا قرآن سے مقابلہ کرتے اور اس کو قرآن کے خلاف پاکر ردّ کرتے۔ اس اصولی غلطی کا ان کے مرید اور جانشین کوئی جواب نہیں دے سکتے۔ جب کہا جاتا ہے کہ مرزا جی خدا کا بیٹا ہونے کے مدعی تھے اور ان کا الہام پیش کیا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم تو ان کو خدا کا بیٹا نہیں مانتے اور تاویل کرتے ہیں مگر جب یہ کہا جائے کہ مرزا صاحب رسالت ونبوت کا دعویٰ کرتے ہیں

اوران کے الہامات پیش کئے جاتے ہیں تو پھر نہایت دلیری سے کہتے ہیں کہ ہم ان کو رسول ونبی مانتے ہیں۔ تعجب ہے کہ ایک الہام خلافِ قرآن کو رد کرتے ہیں اور دوسرے الہام خلافِ قرآن کی تصدیق کرتے ہیں تمام امت کے خلاف مرزا کو نبی رسول مانتے ہیں غضب یہ ہے کہ اس خودساختہ رسول کے کلام کے مقابل قرآن وحدیث کی تکذیب کرتے ہیں یہی باعث ہے کہ مرزا جی اوران کے مریدوں وجانشینوں کو مسلمان کافر سمجھتے ہیں اور فرقہ ضالہ یقین کرتے ہیں۔

اب یہاں محمود صاحب (پسر وجانشین مرزا صاحب) خلیفہ ثانی قادیانی نے خود قبول کرلیا ہے کہ بے شک ہم اللہ اور رسول پر اس طرح یقین نہیں کرتے جس طرح دوسرے مسلمان کرتے ہیں۔ اور نہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو ان معنوں میں خاتم النّبیین مانتے ہیں جن معنوں میں باقی مسلمان مانتے ہیں ایسا ہی قیامت وعلاماتِ قیامت حشر اجساد، دوزخ وبہشت ومیزان وحساب وغیرہ کا بھی ہم مسلمانوں کی طرح ایمان نہیں رکھتے۔ پس ثابت ہوا کہ آپ ان سب امور کے منکر ہیں اور ﴿وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ﴾ اور ﴿وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلّٰى﴾ کے تحت میں ہیں اپنے اقبال سے ریویو کافر اور فرقہ ضالہ میں ہیں۔ اللّٰھم احفظنا (محمد پیر بخش)

نمبر (۴) بابت ماہ مارچ ۱۹۲۴ء

اولیائے امت کے ملفوظات کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

واضح ہو کہ جب مرزا صاحب قادیانی کے دعاوی نبوت ورسالت وکرشنیت وغیرہ پر مسلمانوں کی طرف سے اعتراضات ہوئے اور مرزا صاحب ختم نبوت کے منکر ثابت ہوئے تو ان کے مریدوں میں سخت حیرت پھیلی اور نصوص شرعی سے جواب دے سکنے کے ناقابل ہو کر مرزا صاحب کے کفریات کا جواب یہ دینا شروع کیا کہ اولیائے امت میں سے پہلے بھی کئی بزرگانِ دین نے ایسے ایسے کلمات منہ سے نکالے ہیں۔ جن کے جواب کئی دفعہ علمائے اسلام کی طرف سے دیئے گئے ہیں کہ مرزا صاحب اور ان بزرگان میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ مرزا صاحب کے کلمات کفر لوگوں کو اپنا مرید بنانے کی خاطر ہیں اور ان

بزرگان نے حالتِ سکر میں ایسے کلمات منہ سے نکالے اور بعد میں تائب ہوئے بلکہ بعض نے حکم دیا کہ ہم کو اس حالت میں ہلاک کر دو۔ اور مرزا صاحب کہتے ہیں کہ میرے مرید نہ ہو گے تو تمہاری نجات نہ ہو گی۔

مصرعہ ببیں تفاوت راہ از کجا ست تا بہ کجا

وہ بزرگ تو فرمائیں کہ باخدا دیوانہ باش و با محمد ہوشار اور اس پر اجماع امت ہے کہ ختم نبوت کا منکر اور مدعی نبوت و رسالت بلا اختلاف احدے کافر ہے اور مرزا صاحب لکھتے ہیں۔

آنچہ داد است ہر نبی را جام داد آں جام را مرا بتمام

یعنی جو کچھ نعمت نبوت کا پیالہ ہر ایک نبی کو دیا گیا ہے ان سب کے مجموعہ مجھ اکیلے کو دیا گیا۔ یہ شعر مرزا صاحب کا ان کو افضل الانبیاء بناتا ہے۔ بلکہ حضرت خاتم النّبیین محمد ﷺ سے بھی افضل ہونے کا بین ثبوت دیتا ہے کیونکہ جب جو کچھ پہلے نبیوں کو نعمت و معرفت دی گئی وہ سب ملا کر اکیلے مرزا صاحب کو دی گئی تو ظاہر ہے کہ جو کچھ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو دیا گیا وہ بھی مرزا صاحب کو دیا گیا۔ تو مرزا صاحب محمد ﷺ سے افضل ہوئے اس دلیل سے کہ محمد ﷺ کو صرف پہلے نبیوں کے کمالات دیئے گئے تھے اور مرزا صاحب کو پہلے نبیوں کے علاوہ محمد ﷺ کے کمالات بھی دیئے گئے تو وہ محمد ﷺ سے بھی افضل ثابت ہوئے۔

اسی بناء پر مرزا صاحب نے لکھا ہے کہ اب خدا نے میری وحی اور میری تعلیم اور میری بیعت کو مدار نجات قرار دیا ہے (دیکھو اربعین ۴، ص ۱۶، مصنفہ مرزا صاحب)۔ اب قرآن شریف کی پیروی اور محمد ﷺ کی متابعت سے نجات نہیں مل سکتی جس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ مرزا صاحب کے آنے سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیین ﷺ (نعوذ باللہ) معزول کر دیئے

گئے۔اب ضروری ہوا کہ مسلمان مرزا صاحب کی وحی و تعلیم کی پڑتال کریں کہ آیا وہ اس قابل ہے کہ ذریعہ نجات ہو سکے کیونکہ یہ قانونِ الٰہی ابتدائے آفرینش سے انسانوں میں جاری ہے کہ سچ کے مقابلے میں جھوٹ، اصل کے مقابلہ میں نقل، سچے نبی ورسول کے مقابلہ میں جھوٹے نبی ورسول، سچے اولیائے اللہ کے مقابلہ میں بناوٹی اولیاءِ اللہ، کھرے سونے کے مقابلے میں کھوٹا سونا، سچی تعلیم کے مقابلہ میں جھوٹی تعلیم، توحید کے مقابلہ میں شرک، اسلام کے مقابلہ میں کفر، خدائی الہام کے مقابلہ میں شیطانی الہام، غرض کہ ہر ایک امر دو پہلو رکھتا ہے ایک صحیح اور دوسرا غلط کیونکہ سنت اللہ اسی طرح جاری ہے ۔

ہست دریں قاعدہٗ ہزل وجد　　ضد مبین نشوَد جز بضد

ترجمہ: اس دنیا ہزل وجد میں قاعدہ مقرر ہے کہ ضد بغیر ضد کے ظاہر نہیں ہو سکتی۔راستی ہوگی تو اس کے مقابل ناراستی بھی ہوگی۔ جب کوئی سچا رہبر مصلح پیغمبر ورسول ظاہر ہوا تو اس کے مقابل جھوٹے مدعیان نبوت ورسالت وحی والہام کھڑے ہوئے جیسا کہ مسیلمہ کذاب واسود عنسی حضور ﷺ کی زندگی میں ہی کھڑے ہو گئے تھے۔ جنہوں نے اپنی اپنی جماعت الگ کر لی تھی۔ قرآن شریف بھی جھوٹے مدعیان الہام کی خبر دیتا ہے ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا﴾ ترجمہ: پس اسی طرح ہم نے کل نبیوں کے مقابل ان کے دشمن بنا دیئے تا کہ دھوکہ دینے کی غرض سے وہ غرور کی باتیں شیطان کی طرف سے وحی کئے جاتے ہیں۔

پھر خدا تعالیٰ نے شیطانی وحی کی علامت یہ فرمادی ہے کہ جو وحی شیطان کی طرف سے ہوتی ہے وہ جھوٹی ہوتی ہے۔ ﴿هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ۝ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ﴾ ترجمہ کیا میں تجھے بتادوں کس پر شیطان اترا کرتے ہیں۔اترا

کرتے ہیں جھوٹے بدکار پرسنی سنائی بات شیطان ان پر القاء کر دیتے ہیں اور ان میں بہتری جھوٹی ہوتی ہیں۔ (الشعرآء،۱۹)

جب نص قرآنی سے ثابت ہے کہ مدعی سچا بھی ہوتا ہے اور جھوٹا بھی ہوتا ہے تو ضروری ہے کہ کوئی معیار ہو جس پر سچا اور جھوٹا مدعی پرکھا جائے تاکہ ایسا نہ ہو کہ جھوٹے کی پیروی کر کے انسان جہنم کی راہ اختیار کرے اسی واسطے مولانا روم فرماتے ہیں ؎

اے بسا ابلیس ، دم رو ہست   پس بہر دستے نباید داد دست

یعنی بہت انسان شکل اور شیطان صفت بزرگوں کے لباس میں ظاہر ہوتے ہیں پس ہر ایک مدعی کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دینا چاہیے یعنی بیعت نہ کرنی چاہیے۔

اب سوال ہوتا ہے کہ وہ معیار کون سا ہے جس پر جھوٹا اور سچا مدعی پرکھا جائے تو اس سوال کا جواب یہ ہے کہ مسلمانوں کے پاس قرآن شریف وحدیث نبوی معیار ہے اور مسلمان ہر ایک مدعی کو انہیں معیاروں سے پرکھ سکتے ہیں پس جس مدعی کا قول یا فعل خلاف قرآن وحدیث ہوگا وہ جھوٹا ہے چاہے رسی کے سانپ بنا کر دکھائے اور ہوا پر اڑ کر اعجاز نمائی کرے۔

حضرت شیخ اکبر فرماتے ہیں ”اگر کوئی شخص نبوت کا دعویٰ کرے اور دیوار کو حکم دے کہ چل اور دیوار چل بھی پڑے تو مسلمان اسکی نبوت کی ہرگز تصدیق نہ کریں گے۔ اور اس کی اعجاز نمائی کی تصدیق کریں گے کیونکہ دعویٰ نبوت قرآن شریف کی آیت خاتم النبیین اور صحیح حدیث ”لانبی بعدی“ کے برخلاف ہے۔ پس اولیائے امت اور مرزا صاحب کے دعاوی وکلمات کفر وشرک ہیں چونکہ۔۔۔۔ کا فرق ہے اس واسطے یہ بالکل غلط اور سخت مغالطہ دہی ہے کہ اولیائے امت نے بھی ایسے کلمات منہ سے نکالے۔ مرزا صاحب

کو اولیاء اللہ سے کیا نسبت وہ تو نبی ورسول ہیں۔ (نعوذ باللہ)

کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ کسی اولیاء اللہ نے یہ بھی دعویٰ کیا ہو کہ میں کرشن جو کہ ایک ہندو مذہب رکھتا تھا اس کا اوتار ہوں۔

مولوی میر مدثر شاہ صاحب پشاوری نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام ''ملفوظات اولیائے امت'' ہے۔ اور شاہ صاحب نے اپنی طرف سے کوشش کی ہے کہ مرزا صاحب کو ایک اولیاء امت محمدیہ ثابت کریں مگر نہایت افسوس کہ وہ یا تو مرزا صاحب کی تحریروں اور الہاموں سے واقفیت نہیں رکھتے یا جان بوجھ کر خاص وعام کو دھوکہ دیکر جو فروشی اور گندم نمائی کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس واسطے ان کی کتاب کا جواب اختصار کے ساتھ دیا جاتا ہے ان کی تحریر کے خلاصہ کو قولہ لکھا جائے گا اور جواب کو اقول سے پیش کیا جائے گا۔

قولہ: جب کبھی کوئی مصلح یا مذہبی پیشوا آیا اور نسل انسانی کی اصلاح اور تزکیہ نفوس کیلئے مبعوث ہوا تو حریفان روحانی اس کے مقابلہ کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے'' (الخ)۔

اقول: شاہ صاحب! رونا تو اسی بات کا ہے کہ مرزا صاحب بجائے اصلاح اور تزکیہ نفس کے شرک وکفر کی تعلیم دیتے ہیں۔ عاجز انسان کو خالق زمین وآسمان بتاتے ہیں اور واجب الوجود ہستی جو کہ بے انتہا اور غیر محدود ہے اسکو ایک انسانی وجود میں محدود فرماتے ہیں اہل ہنود کے مسئلہ اوتار کو اور آریوں کے مسئلہ ندامت مادہ وروح کو اور عیسائیوں کے مسئلہ ابن اللہ کو اسلام میں داخل کرتے ہیں۔ **افسوس!** آپ نے جو آیات قرآن شریف ابتدا میں لکھی ہیں غیر محل ہیں کیونکہ یہ تو رسولوں اور نبیوں کے حق میں ہیں اور آپ مرزا صاحب کو رسول نہیں مانتے جب مرزا صاحب رسول نہیں تو یہ دونوں باتیں آپ نے غلط پیش کی ہیں یا

مرزا صاحب کو رسول مانتے ہو صاف کہو پھر ہم بھی جواب دیں فی الحال تو میرا فرض ہے کہ مرزا صاحب پر میں نے جو الزام قائم کئے ہیں ان کا ثبوت دوں۔

اول: حلول باری تعالیٰ مرزا صاحب کے وجود میں، دیکھو الہام ”انت منی بمنزلة بروزی“ (تجلیات الیدص)۔ یعنی خدا تعالی مرزا صاحب کو فرماتا ہے کہ اے مرزا کہ تو ہمارے اوتار کے جا بجا ہے۔ یہ الہام مرزا صاحب کی کتاب ”تجلیات الید“ کے ص ۶۳ پر درج ہے اس الہام نے ہندوؤں کے مسئلہ اوتار کی تصدیق کر دی اور مرزا صاحب نے لکچر سیالکوٹ والے میں فرمایا ”ایسے ہی میں راجہ کرشن کے رنگ میں بھی ہوں جو ہندو مذہب کے اوتاروں میں سب سے بڑا اوتار تھا“۔ (دیکھو لیکچر ۱۲؍دسمبر ۱۹۰۳ء)

جب مرزا صاحب کو خدا کہتا ہے کہ تو میرے اوتار کی جا بجا ہے تو مرزا صاحب کرشن اوتار ہوئے۔ اور اسلام سے خارج ہوئے کیونکہ کرشن جی کا بھی مذہب تھا جو آجکل آریوں کا ہے یعنی تناسخ کے قائل اور قیامت کے منکر۔ پس مرزا صاحب اگر کرشن ہیں تو مسلمان نہیں، اولیاء اللہ ہونا تو در کنار۔ سو کرشن جی گیتا میں جو ان کی الہامی کتاب ہے اس میں لکھتے ہیں: ”جو صاحب کمال ہو گئے جنہوں نے فضیلتیں حاصل کر لیں اور میری ذات میں مل گئے ہیں ان کو جینے مرنے کی تکلیفات سے پھر سابقہ نہیں ہوتا“۔

(اشلوک ۱۵۔ ادہائے ۸ گیتا مترجم دوار کا پرشاد افق)

چونکہ اختصار در کا ہے اس واسطے ایک ہی حوالہ کافی ہے جس سے روز روشن کی طرح ثابت ہے کہ کرشن جی تناسخ کے معتقد تھے اور یوم قیامت وحشر اجساد کے منکر تھے اور ہرگز مسلمان نہ تھے جب مرزا صاحب کرشن کا اوتار تھے تو مسلمان نہ تھے کیونکہ حلول کا مسئلہ باطل ہے۔

شاہ صاحب فرمائیں کہ مرزا صاحب اسی تزکیہ نفس کے واسطے تشریف لائے تھے کہ مسلمانوں کو حلول اور اوتار کے باطل مسائل سکھائیں۔ **خدارا!** انصاف فرمائیں کیا مولوی رومی نے سچ نہیں فرمایا شعر

کار شیطان میکند نامشِ ولی　　گر ولی این است لعنت بر ولی

یعنی کام تو کرے شیطان کے اور کہے کہ میں ولی ہوں۔ اگر ولی ہونا یہی ہے تو لعنت ہے ایسے ولی پر۔ کیا یہی تزکیہ نفس ہے اور اسی تعلیم باطل کی مخالفت کرنے والوں کو آپ دشمن اولیاء سمجھتے ہیں۔

دوم: انسان کا خدا ہونا۔ مرزا صاحب لکھتے ہیں کہ ''میں نے ایک کشف میں دیکھا کہ خود خدا ہوں اور یقین کیا وہی ہوں پھر نے زمین آسمان بنائے اور میں دیکھتا تھا کہ میں اسکی خلق پر قادر ہوں'' (الخ)۔ بطور اختصار۔ (مفصل دیکھنا ہو تو دیکھو'' کتاب البریہ، ص۷۹ مصنفہ مرزا صاحب'')

شاہ صاحب غور فرمائیں کہ یہی اصلاح امت ہے جو مرزا صاحب نے کی کہ خود خدا بن گئے۔ اگر کہو کہ یہ خواب کا معاملہ ہے تو ہم کہتے ہیں کہ مرزا صاحب کے مسیح موعود ہونے کے دعویٰ کی بنیاد بھی تو ان کے اپنے کشفوں اور الہاموں پر ہے اگر انکو خدا نہیں مانتے تو مسیح موعود کیوں مانتے ہو۔ جب الہاموں کے رو سے مسیح موعود ہیں تو خدا بھی ہیں۔ (نعوذ باللہ)

قولہ: اہل اسلام میں شاید ہی کوئی ایسا ولی گذرا ہوگا جس کو مسلمانوں ہی نے نہ ستایا ہو۔ ائمہ اربعہ میں سے کوئی ظلم وتعدی سے نہ بچا۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو قید خانہ میں ہی زہر دی گئی وغیرہ وغیرہ۔ اس زمانے میں حضرت مرزا غلام احمد قادیانی نے چودھویں صدی کے عین سر پر بموجب حدیث نبوی مجدد ہونے کا دعویٰ کیا اس واسطے آپ کی بھی مخالفت کی گئی اور

آپ کے دعاوی کو کلمات کفر قرار دیا گیا بلکہ انکی طرف دعویٰ نبوت منسوب کیا گیا حالانکہ جہاں تک میں نے ان کی کتابیں پڑھی ہیں ان سے کوئی کلمہ کفر و دعویٰ نبوت ثابت نہیں ہوتا۔ (الخ) بطور اختصار۔

اقول: شاہ صاحب! مرزا صاحب اور اولیاء اللہ یا اولیائے امت میں بُعد المشر قین ہیں۔ مرزا صاحب کو اولیاء اللہ کی فہرست میں لانا نہایت ظلم کی بات ہے۔ مرزا صاحب کا دعویٰ اولیائے امت ہونے کا ہرگز نہیں۔ وہ خدا اور رسول ہونے کے مدعی تھے۔ بلکہ نجات کے بھی ٹھیکیدار واحد تھے۔ آپ ان کو بری کرنے کے واسطے اولیاء اللہ کی آڑ لیتے ہیں۔ یہ بالکل غلط ہے کیونکہ اولیاء امت کی طرف جو باتیں منسوب کی جاتی ہیں۔ وہ انہوں نے ہرگز نہیں کہیں۔ صرف مریدوں نے ان کے مرید بڑھانے کے واسطے غلو کیا ہے۔ بہت اچھا ہوا کہ آپ نے خود ہی ''تذکرۃ الاولیاء'' وغیرہ کتابوں کے حوالے دیکر لکھا ہے۔ اولیاء اللہ کی نسبت جو کچھ لکھا ہے درست ہے اب ہم کو بھی حق ہے کہ اولیاء اللہ کی کتابوں سے حالات کا موازنہ کر کے آپ کو دکھائیں کہ مرزا صاحب ہرگز ہرگز اولیا کے زمرہ سے نہ تھے۔ پہلے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو ہی لیجئے کہ وہ اصالتاً نزول حضرت عیسیٰ ابن مریم روح اللہ اور رسول اللہ کے معتقد تھے اور ان کا نزول بموجب نص قرآنی ﴿وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ﴾ ایک نشان قیامت کا یقین کرتے تھے اور یہ ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ ابن مریم کے اصالتاً نزول کے واسطے حیات لازم ہے۔ پس ثابت ہوا کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حیات مسیح و اصالتاً نزول جسمی کے بموجب انجیل و قرآن کے قائل تھے۔ (دیکھو فقہ اکبر نزول عیسیٰ علیہ السلام من السماء) یعنی ہر ایک مومن کا فرض ہے کہ اس بات پر ایمان رکھے کہ قیامت برحق ہے اور قیامت کی نشانی یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہونگے۔ مگر مرزا صاحب بلا سند شرعی اجماع

امت کے برخلاف کہتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام تو مر چکے ہیں اور نہیں آئیں گے اور وہ عیسیٰ آنے والا میں ہی ہوں۔ آپ ایسے شخص کو جو خدا کے برخلاف، اناجیل کے برخلاف، قرآن شریف کے برخلاف، کل اولیائے امت کے برخلاف جاتا ہے اور من گھڑت بات کی پیروی کرتا ہے اس کو اولیاء اللہ سے کیا نسبت دے سکتے ہیں۔ آپ کوئی ثبوت پیش کر سکتے ہیں کہ مرزا صاحب نے اولیاء امت کی طرح مجاہدات کئے، چلے کاٹے، نفس کشی کی، ریاضات شاقہ نفس کی تادیب کے واسطے کیں؟ جہاں تک مشاہدہ ہے اور مرزا صاحب کی تاریخ بتاتی ہے وہ یہ ہے کہ ابتدائی عمر تعلیم عربی وفارسی میں خرچ کی جوانی کا وقت انگریزوں کی ملازمت میں کاٹا۔ کچھ حصۂ عمر علم رمل کے سیکھنے میں صرف کیا کچھ حصہ عمر کا مختاری اور قانون انگریزی کے امتحان کی تیاری میں لگایا۔ ہاں خشک ملاں کی طرح نمازیں ضرور پڑھتے تھے وہ بھی غیر مقلدوں کے طریقہ پر جن کو مسلمان وہابی کہتے ہیں۔ جب کبھی عبادت الٰہی اور ذکر واذکار کا ذکر آتا تو یہ فرما کر ٹال دیتے لا رھبانیة فی الاسلام یعنی اسلام میں رہبانیت نہیں ہے نہ کسی پیر طریقت کی خدمت کی اور نہ کسی بزرگ سے فیض روحانی حاصل کیا۔ یہی وجہ تھی کہ اپنے ہر ایک دعویٰ کو شاعرانہ لفاظی، استعارہ، مجاز وتشبیہ وغیرہ سے مبالغہ کا رنگ دیکر ثابت کرنے کی کوشش کرتے تھے کہ اور جھوٹ کو سچ کر دکھاتے جیسا کہ انہوں نے ''کشتی نوح'' میں اپنا ابن مریم ہونا لکھا ہے کہ بچے ہنسی اڑاتے ہیں کہ مرزا صاحب کو استعارہ کے طور پر حمل ہوا اور دردزہ ہوا اور نو ماہ کے بعد بچہ پیدا ہوا جو عیسیٰ تھا اور میں مریم سے عیسیٰ بنایا گیا۔ (دیکھو کشتی نوح ۴۷)

جب پوچھا جاتا ہے کہ مرزا صاحب تو مریم تھے بموجب ان کے الہام کے ''یا مریم اسکن اَنْتَ وَ زَوْجُکَ الجنّة'' کہ ''اے مریم تو اور تیرے دوست جنت میں

رہو"۔ (حقیقت الوحی، ص۷۶)

جب مرزا صاحب مریم تھے تو پھر خود ہی ابن مریم کیسے ہوئے غرض کہ مرزا صاحب تھرڈ کلاس شاعر تھے طبیعت کی موروثی سے مضمون نویسی کرتے تھے روحانی برکات سے بے بہرہ تھے یوں تو ان کے مریدوں کا اختیار ہے جو چاہیں بنالیں۔ "پیراں نمی پرند مریداں مے پرانند" مشہور ضرب المثل ہے۔ مرزا صاحب تو محالات عقلی اور خلاف قانون قدرت کے حیرت خانہ میں مقیم تھے۔ ان کو اولیائے اللہ سے سمجھنا سخت غلطی ہے اولیاء اللہ تو صاحب کرامت ہوتے ہیں۔ اور یہی سچے اور جھوٹے مدعی کے فرق کرنے والی بات ہے۔ چونکہ آپ نے اولیاء اللہ کی باتیں پیش کی ہیں، میں بھی ایک حکایت "کشف المحجوب سے پیش کرتا ہوں۔

"حضرت ابراہیم خواص رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں جنگل میں تھا ایک شخص عیسائی راہب آیا میں نے اس کا آنا مکروہ سمجھا مگر اس نے کہا کہ میں تمہارے پاس رہوں گا میں نے کہا میرے پاس کھانے پینے کے واسطے کچھ نہیں۔ اس نے کہا کہ جہاں میں تیری بزرگی کا شہرہ ہے اور تو ابھی کھانے پینے کی فکر سے آزاد نہیں۔ میں نے کو قبول کرلیا کہ دیکھوں اپنے دعویٰ میں کہاں تک سچا ہے۔ جب سات راتیں اور سات دن ہم چلے تو ہمیں پیاس لگی۔ راہب کھڑا ہو گیا اور کہا اے ابراہیم کچھ دکھا کیونکہ تیرا جہاں میں شہرہ ہے۔ میں نے زمین پر سر رکھا اور کہا کہ اے اللہ مجھے اس بیگانہ کے سامنے خوار نہ کر کیونکہ وہ عین بیگانگی میں مجھ پر نیک ظن رکھتا ہے۔ میں نے سر اٹھایا تو ایک طبق دیکھا جس پر دو روٹیاں اور دو شربت کے پیالے رکھے تھے ہم نے اسے کھایا جب سات دن اور چلے تو میں نے اس کو کہا کہ اب تیری باری ہے تو کچھ لا۔ راہب سجدہ میں گیا اور کچھ کہا، ایک طبق پیدا ہوا چار روٹیاں

اور چار شربت کے پیالے اس پر رکھے تھے میں متعجب ہوا۔ راہب نے کہا کہ اے ابراہیم غم نہ کر تیرا مرتبہ عالی ہے اور میں مسلمان ہوگیا ہوں اسی واسطے یہ کرامت ظاہر ہوئی‘‘۔ قصہ طویل ہے میں نے بہت اختصار سے نقل کیا۔ (دیکھو کشف المحجوب اردو، ص ۲۴۸)

یہ ہے اولیاء اللہ کی کرامت! اب مرزا صاحب کا حال سنئے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات سے ہی انکار ہے اور خدا تعالیٰ کو انسان کی طرح اسباب کا محتاج یقین کرتے ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر خدا رزق نہیں دے سکتا تصور کر کے خدا کا عجز ثابت کرتے ہیں کہ وہ حضرت عیسیٰ کے واسطے باورچی خانہ اور پاخانہ وغیرہ کا انتظام نہیں کر سکتا۔ اب آپ خدا کو حاضر وناظر سمجھ کر بتائیں کہ آپ کا ایمان ہے کہ خدا تعالیٰ بغیر اسباب ظاہری کے پکا پکایا کھانا اپنے بندوں کو دے سکتا ہے؟

حکیم محمد حسین معروف مرہم عیسیٰ نے مولوی اصغر علی صاحب روحی سے مسجد میں گفتگو کرتے ہوئے تمسخر اڑایا تھا کہ قرآن میں جو لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعا پر آسمان سے دسترخوان اترا تھا اس میں چٹنی بھی تھی۔ بھلا صاحب ایسے شخصوں کو جو محال عقلی جال میں پھنسے ہوئے ہوں انکو اولیا اللہ سے کہنا کہاں تک خلاف واقعہ امر ہے۔ یوں تو ماننے والے اپنے پیشوا کو سچا ہی مانتے ہیں۔ مسیلمہ کذاب کو اس کے پیرو اس کو سچا نبی کہتے تھے بلکہ عزیز جانیں اس کے فرمان پر قربان کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی حالت پر رحم کرے کہ آپ نے جھوٹے مدعیان نبوت ورسالت کے مقابلہ میں سب دینداروں کو جنہوں نے عقائد اسلام کی حمایت کر کے کذاب مدعیان کا مقابلہ کیا ظالم سمجھتے ہیں حالانکہ اجماع امت اس پر ہے کہ مدعی نبوت بعد حضرت خاتم النّبیین کے کافر ہے۔

آپ حق پوشی کرتے ہیں کہ مرزا صاحب نے نبوت ورسالت کا دعویٰ نہیں کیا۔

کیونکہ مرزا صاحب کی تحریروں نے قادیانی جماعت کو اور مولوی ظہورالدین اروپی کی جماعت کو جو مرزا صاحب کو مستقل نبی مانتی ہیں گمراہ کیا۔ اب میں مرزا صاحب کی وہ تحریر لکھتا ہوں تا کہ آپ کو معلوم ہو کہ مرزا صاحب اولیاء اللہ سے نہ تھے۔ مسیلمہ کذاب سے لے کر تیرہ سو برس تک کے عرصہ میں جس قدر مدعیان نبوت گذرے ان میں سے تھے۔ اگر اولیاء اللہ تھے تو پھر مسیلمہ سے لے کر مرزا صاحب تک جو کذاب مدعیان گذرے وہ بھی اولیاء اللہ ہونگے اور جن صحابہ کرام نے مسیلمہ کو قتل کیا وہ بقول آپ کے خطاکار تھے کیونکہ انہوں نے ایک مصلح کو ستایا۔

پہلا الہام مرزاصاحب: ”قل یا ایھا النّاس انی رسول اللّٰہ الیکم جمیعا“. اے مرزا تو ان لوگوں کو کہہ دے کہ میں اللہ کا رسول ہو کر تمہاری طرف آیا ہوں۔

(دیکھو اخبار الاخبار، ص۳)

دوسرا الہام: ”انا ارسلنا الیکم رسولا شاھدا کما ارسلنا الی فرعون رسولا“. (حقیقت الوحی، ص۱۰)

تیسرا الہام: ”یٰس انک لمن المرسلین علی صراط مستقیم تنزیل العزیز الرحیم“ یعنی اے سردار تو مرسلوں سے ہے۔ (حقیقت الوحی، ص۸۲)

چوتھا الہام: ”قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الھکم الہ واحد“

(حقیقت الوحی، ص۱۰۷)

پانچواں الہام: ”وما ارسالناک الا رحمۃ للعالمین“. (حقیقت الوحی، ص۱۰۷)

چھٹا الہام: ”ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ“. (حقیقت الوحی، ص۷۱)

یہ چھ الہام ہیں جو مرزا صاحب کو رسول بناتے ہیں اگر آپ کا اعتقاد ہے کہ مرزا صاحب کو خدا تعالیٰ کی طرف سے یہ الہام ہوئے تو ضرور مرزا صاحب سچے رسول صاحب کتاب حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ جیسے تھے۔

اب مرزا صاحب کے اقوال نقل کرتا ہوں تا کہ آپ کو معلوم ہو کہ آپ سخت غلطی پر ہیں جو مرزا صاحب کو مدعی نبوت یقین نہیں کرتے جب وہ خود مدعی ہیں اور انکی تحریریں موجود ہیں تو پھر آپ کیوں ان کو محمد رسول اللہ ﷺ جیسا رسول نہیں مانتے جبکہ یہی آیات محمد ﷺ کے حق میں نازل ہوئیں۔

قول مرزا صاحب: میں خدا کے فضل سے نبی ورسول ہوں۔

(دیکھو اخبار بدر، مارچ ۱۹۰۸ء)

قول مرزا جی: جس نے اپنی وحی کے ذریعہ سے چند امر و نہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا۔ وہی صاحب شریعت ہو گیا۔ میری وحی میں امر بھی ہوتے ہیں اور نہی بھی۔ (اربعین نمبر ۴ ص ۶) یہاں مرزا جی کا دعویٰ صاحب شریعت نبی ہونے کا ہے۔

قول مرزا جی: الہامات میں میری نسبت بار بار بیان کیا گیا ہے کہ یہ خدا کا فرستادہ، خدا کا مامور، خدا کا امین اور خدا کی طرف سے آیا ہے جو کچھ کہتا ہے اس پر ایمان لاؤ۔ اور اسکا دشمن جہنمی ہے۔ (دیکھو انجام ص ۶۲) شاہ صاحب! خدا تو آپ کو فرماتا ہے کہ جو کچھ یہ کہتا ہے اسپر ایمان لاؤ اور وہ کہتا ہے کہ میں خدا کے فضل سے نبی ورسول ہوں تو آپ کسطرح کہتے ہیں کہ وہ نبی نہ تھا؟ کیا آپ اس کو خدا کا کلام تسلیم نہیں کرتے اور مرزا کو مفتری یقین کرتے ہو؟

قول مرزا جی: سچا خدا ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔ (دافع البلاء، ص ۱۱)

قول مرزا جی: جبکہ مجھ کو اپنے وحی پر ایسا ہی ایمان ہے جیسا کہ تورات اور انجیل اور قرآن کریم پر۔ (اربعین نمبر۴ص ۹۸)

قول مرزا جی: خدا وہی ہے جس نے اپنے رسول یعنی اس عاجز کو ہدایت اور دین حق اور تہذیب اخلاق کے ساتھ بھیجا۔ (اربعین نمبر۳ص ۳۶)

قول مرزا صاحب: میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جسطرح میں قرآن شریف کو یقینی اور قطعی طور پر خدا کا کلام جانتا ہوں اسی طرح اس کلام کو بھی جو میرے پر نازل ہوتا ہے۔ (حقیقت الوحی، ص ۲۱۱)

قول مرزا جی: جس قدر مجھ سے پہلے اولیاء اور ابدال اور اقطاب اس امت میں گذر چکے ہیں انکو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا۔ پس اس وجہ سے نبی کا نام پانے کے لئے میں ہی مخصوص کیا گیا۔ دوسرے تمام لوگ اس نام کے مستحق نہیں۔ (حقیقت الوحی، ص ۳۹۱)

قول مرزا جی: (شعر عربی کا ترجمہ) ''اے لعنت کرنے والے تجھے کیا ہو گیا بیہودہ بک رہا ہے اور تو اس پر لعنت کر رہا ہے جو خدا کا مرسل یعنی فرستادہ اور عزت یافتہ ہے''۔

(دیکھو اعجاز احمدی، ص ۵۲)

مرزا صاحب اپنی فضیلت تو حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر بھی بتاتے ہیں۔ دیکھو اخبار بدر، مورخہ ۱۹ جولائی ۱۹۰۶ء مرزا صاحب کہتے ہیں: ''جو میرے لئے نشان ظاہر ہوئے وہ تین لاکھ سے بھی زیادہ ہیں''۔ اور اپنی کتاب ''تحفہ گولڑویہ، ص ۴۰'' پر حضرت نبی کریم ﷺ کی نسبت لکھتے ہیں: ''تین ہزار معجزے ہمارے نبی کریم ﷺ سے ظہور میں آئے''۔ میر مدثر شاہ صاحب جواب دیں کہ کون افضل ہے۔ جس کے تین لاکھ معجزے یا جسکے صرف تین ہزار؟ اور سنو! دیکھو مرزا صاحب کا عربی شعر جوان کی کتاب اعجاز احمدی میں

ہے۔ ؎

له خسف القمر المنیر وان لی خسفا القمران المشرقان أ تنکر

یعنی محمد ﷺ کے واسطے تو صرف چاند گہن ہوا تھا اور میرے واسطے چاند وسورج دونوں کا گہن ہوا۔ کیا اب بھی تو انکار کرے گا۔ (اعجاز احمدی، ص۷۱)

غرض مرزا صاحب اپنے نفس دھوکہ خوردہ تھے اور ﴿زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا﴾ کے مصداق تھے۔ اور جس کو وہ وحی الٰہی زعم کر کے افضل الرسل ہونے کے مدعی ہوئے اور ہزاروں بلکہ لاکھوں مسلمانوں کو گمراہ کر گئے۔ قادیانی جماعت جو اپنی تعداد چار پانچ لاکھ بتاتی ہے مرزا صاحب کے ان دعاوی کے باعث ان کو مستقل نبی مانتی ہے۔ ایک اور جماعت مرزا صاحب کے مریدوں میں سے ہے جو مرزا صاحب کو افضل الرسل یقین کرتی ہے اور ناسخ دین محمدی تسلیم کرتی ہے اور مرزا صاحب کو تشریعی نبی مانتی ہے وہ کہتی ہے کہ جب مرزا صاحب نے اپنی امت کے لئے امر بھی کئے اور نہی بھی کی اور اپنی کتاب ''اربعین نمبر۴ص۶'' میں صاف صاف لکھ دیا کہ جس نے اپنی وحی کے ذریعے سے چند امر و نہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا۔ وہی صاحب شریعت ہو گیا اور میری وحی میں امر بھی ہوتے ہیں اور نہی بھی۔ یہ تیسری جماعت اسی واسطے مرزا صاحب کو صاحب شریعت نبی مانتی ہے اور یہ جماعت مولوی ظہیر الدین ساکن اروب ضلع سیالکوٹ کی ہے۔ ایسا ہی چھوٹی اور جماعتیں ہیں جو سلسلہ نبوت کے ختم ہونے کے منکر اور مدعی نبوت ہیں جیسا کہ میاں نبی بخش صاحب ساکن معراجکے ضلع سیالکوٹ جس کی نسبت ''عسل مصفٰی'' میں آپ کی جماعت کے سرکردہ ممبر حکیم خدا بخش نے بدیں الفاظ لکھے ہیں: ''کم گو اور گوشہ نشین شخص ہیں۔ اس بزرگ کو پنجابی و اردو، عربی و فارسی زبان میں بکثرت الہام ہوتے ہیں

اور رؤیا اور مکاشفات بھی بہت ہوتے ہیں۔ ۱۸۹۶ء میں انہوں نے اشتہار دیا تھا"۔ (دیکھو عسل مصفٰی، حصہ دوم، ص ۲۸۲، مطبوعہ اللہ بخش سٹیم پریس قادیان)

۲......دوسرے ایک شخص میاں عبداللطیف صاحب ساکن گناچور ضلع جالندھر ہیں۔ یہ بھی مرزا صاحب کیطرح مدعی نبوت ومہدیت ہیں۔

۳......تیسرے شخص عبداللہ تیماپوری ہیں۔

۴......چوتھے ماسٹر محمد سعید صاحب کیمل پوری ہیں جو شریعت محمدی کو منسوخ شدہ سمجھ کر ختنہ حرام سمجھتے ہیں۔

۵......پانچویں ایک شخص محمد اکبر ہیں جو مصلح موعود ہونے کے مدعی ہیں۔ اور

۶......چھٹے قاضی یار محمد صاحب کانگری ہیں۔ اور ہر ایک کے پیرو بھی ہوگئے ہیں اور ہو رہے ہیں۔ اب میں آپ سے دریافت کرتا ہوں کہ آپ ایمان سے بتادیں کہ یہ تمام فرقے کس نے بنائے اور کس شخص کی تحریروں اور الہاموں نے ان کو گمراہ کیا۔ بلکہ انکار ختم نبوت کے مرتکب ہوئے اجماع امت سے کافر ہوئے اس کا کون ذمہ دار ہوا ہے؟ اگر مرزا صاحب کے یہ الہامات وتحریریں نہ ہوتیں تو لاکھوں مسلمان گمراہ نہ ہوتے۔ پس جتنا قصور ہے یہ سب مرزا صاحب کا ہے جنہوں نے خود وحی والہام کا دعویٰ کیا۔ اور اسی وحی کے مطابق پہلے خود نبوت ورسالت ومسیحیت وکرشنیت کے مدعی ہوئے اور انکے بعد ان کے پیرو بھی مدعی نبوت ہوئے۔ اگر مرزا صاحب حد سے تجاوز نہ کرتے اور ایسے دعاوی نہ کرتے اور جماعت الگ نہ بناتے تو کوئی فتنہ امتِ محمدیہ میں برپا نہ ہوتا اور مخالفین غالب نہ آتے۔ یہ خوب مسیح موعود آیا ہے کہ بجائے امت کے ترقی دینے کے مسلمانوں کو بھی کافر بنا کر اور اختلاف اور شرک وکفر کا بیج بو کر چل دیا۔ آپ اولیائے امت کو ناحق بدنام کرتے ہیں۔ کسی اولیاء اللہ نے

نبوت کا دعویٰ نہیں کیا اور نہ لاکھوں مسلمانوں کو اپنی نبوت ورسالت منوائی جیسا کہ مرزا صاحب نے منوائی۔ یہ قیاس مع الفارق ہے جو کہ اہل علم کے نزدیک باطل ہے۔ کجا مرزا صاحب کا اپنے دعویٰ نبوت ورسالت پر قائم ہونا۔ دلائل شرعیہ سے اپنی نبوت ورسالت کا ثبوت دینا اور کجا اولیاء اللہ کا بحالت سہو توبہ کرنا۔ مرزا صاحب کو اولیائے امت سے کوئی نسبت نہیں۔ ہاں بموجب حدیث رسول ﷺ اس گروہ سے مرزا صاحب کو نسبت ہے۔ وہ حدیث یہ ہے: ”سیکون فی امتی ثلثون کذابون کلھم یزعم انہ نبی اللّٰہ وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی“ یعنی ”میری امت میں سے ۳۰ جھوٹے ہونگے کہ گمان کرینگے کہ وہ نبی اللہ ہیں حالانکہ میں خاتم النّبیین ہوں کوئی نبی بعد میرے نہیں“۔ پس یہ سبب دعاوی نبوت ورسالت وکرشنیت ومہدویت مرزا صاحب انہیں امتی نبیوں سے نسبت رکھتے ہیں جو پہلے گذر چکے ہیں اور کیوں نہ گذرتے جبکہ دو اولوالعزم پیغمبروں کی پیشگویاں ہیں کہ جھوٹے نبی آئیں گے سچا نبی کوئی نہ آئے گا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں ”جو چیز مجھکو تسلی دیتی ہے وہ یہ ہے کہ اس رسول (محمد ﷺ) کے دین کی کوئی حد نہیں اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اسکو درست رکھے گا اور محفوظ رکھے گا۔ کاہن نے جواب میں کہا کیا رسول اللہ (محمد ﷺ) کے بعد اور رسول بھی آئیں گے؟ رسول یسوع نے جواب دیا اس کے بعد خدا کی طرف سے بھیجے ہوئے سچے نبی کوئی نہیں آئیں گے۔ مگر جھوٹے نبیوں کی ایک جماعت بڑی بھاری تعداد میں آئے گی“ (الخ)۔ (دیکھو انجیل برنباس، فصل ۹۷ آیات ۷،۸،۹)۔ سب سے پہلے حسبِ پیشگوئی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ومحمد رسول اللہ ﷺ خاتم النّبیین کے مقابل انکی زندگی میں مسیلمہ کذاب کھڑا ہوا۔ پھر ”اسود عنسی، طلحہ بن خویلد، لا“ یہ شخص مرزا صاحب کی طرح حدیثوں کی تاویلات کر کے امتی نبی ہونے کا مدعی تھا اور کہتا تھا کہ ”لا نبی بعدی“ کے یہ

معنی ہیں کہ میرے بعد نبی ”لا“ ہوگا یعنی ایسا شخص نبی ہوگا جس کا نام ”لا“ ہوگا اور میرا نام ”لا“ ہے۔ پس میں نبی ہوں۔

مرزا صاحب بھی کہتے ہیں کہ میں نبی بھی ہوں اور امتی بھی۔ پس ”لا“ کے ساتھ انکی نسبت ہے۔ یا مسیلمہ کذاب وغیرہ کے جو غیر تشریعی نبوت کے مدعی تھے۔ پھر خالد بن عبداللہ کے زمانہ میں ایک شخص مدعی نبوت ہوا اور قرآن شریف جیسی عربی لکھنے کا مدعی بھی تھا۔ اور مرزا صاحب کی طرح اپنی غلط عربی کو معجزہ کہتا تھا۔ اور کچھ عربی لکھی ہوئی دکھائی۔ خالد نے اس کے قتل کا حکم دیا۔ میر مدثر شاہ صاحب فرمائیں کہ خالد نے بقول آپ کے ایک مصلح کو قتل کرایا، یا دشمن دین محمد ﷺ کو قتل کرا کر فتنۂ عظیم کا انسداد کیا۔ **افسوس!**

مختار ثقفی، عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ وعبدالملک کے زمانہ میں مدعی نبوت ہوا اور نبوت بھی مرزا صاحب والی یعنی بغیر شریعت وکتاب کے جس طرح مرزا صاحب کہتے ہیں کہ میں بروزی وظلی نبی ہوں اصلی نبی نہیں اور لاہوری جماعت ان کو ایسا نبی مانتی ہے یہ شخص بھی یہی کہتا تھا کہ میں ”محمد ﷺ کا ایک مختار ہوں“ اور مرزا صاحب کی طرح مسئلہ حلول کا قائل تھا۔ دیکھو مرزا لکھتے ہیں: ”خدا تعالیٰ میرے وجود میں داخل ہو گیا اور میرا غضب اور حلم اور تلخی وشیرینی اور حرکت وسکون سب اسی کا ہو گیا“ (الخ)۔

(آئینہ کمالات اسلام، ص ۵۶۴)

(باقی آئندہ)

نمبر (۲۴) بابت ماہ نومبر ۱۹۲۵ء

تکفیر اہل قبلہ کی نسبت مرزا کی نصیحت
اور خود مسلمانوں کی تکفیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مرزا صاحب اپنی کتاب ''ازالہ اوہام'' حصہ دوم کے صفحہ ۵۹۷ پر مسلمانوں کو مخاطب کر کے فرماتے ہیں ''مسلمانوں آؤ خدا سے شرماؤ اور یہ نمونہ اپنی مولویّت اور تفقہ کا مت دکھاؤ۔ مسلمان تو آگے ہی تھوڑے ہیں تم ان تھوڑوں کو اور نہ گھٹاؤ اور کافروں کی تعداد نہ بڑھاؤ۔ اور اگر ہمارے کہنے کا کچھ اثر نہیں تو اپنی ہی تحریرات مطبوعہ کو شرم سے دیکھو اور فتنہ انگیز تحریروں سے باز آؤ۔...... (الخ)

یہ کیسی عمدہ نصیحت ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا صاحب خود اس عیب سے پاک ہیں۔ مگر افسوس کہ مرزا صاحب دوسروں کو نصیحت کرتے ہیں کہ مسلمانوں کی تکفیر نہ

کرو۔اور خود تمام روئے زمین کے مسلمانوں کو بہ سبب اپنے انکار کے کافر قرار دیتے ہیں اور اپنی جماعت کو حکم دیتے ہیں کہ نہ مسلمانوں کے جنازے پڑھو نہ انکے ساتھ نمازیں پڑھو۔ ﴿اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَکُمْ﴾ یعنی لوگوں کو تو نیکی کا حکم کرتے ہیں اور اپنے آپ کو بھلا دیتے ہیں اور اس کے خلاف کرتے ہیں۔ جو اس فعل کا عامل ہو وہ کبھی راستباز نہیں کہلا سکتا۔ دیکھو ذیل کی عبارات:

۱......سوال: حضور عالی نے یعنی مرزا صاحب نے ہزاروں جگہ فرمایا ہے کہ کلمہ گو اور اہل قبلہ کو کافر کہنا کسی طرح صحیح نہیں۔ لیکن عبدالحکیم خان کو آپ لکھتے ہیں کہ ''ہر ایک شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں''۔ اس بیان اور پہلی کتابوں کے بیان میں تناقص ہے۔ یعنی پہلے آپ ''تریاق القلوب'' وغیرہ میں لکھتے ہیں کہ میرے نہ ماننے سے کوئی کافر نہیں ہوتا۔ اور اب آپ لکھتے ہیں کہ میرے انکار سے کافر ہو جاتا ہے۔

الجواب: یہ عجیب بات ہے کہ آپ کافر کہنے والے اور نہ ماننے والے کو دو قسم کے انسان ٹھہراتے ہیں حالانکہ خدا کے نزدیک ایک ہی قسم ہے کیونکہ جو مجھے نہیں مانتا وہ اسی وجہ سے نہیں مانتا کہ وہ مجھے مفتری قرار دیتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ خدا پر افترا کرنے والا سب کافروں سے بڑھ کر کافر ہے جیسا کہ فرماتا ہے ''وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اَوْ کَذَّبَ بِاٰیٰتِہٖ'' (سورۂ انعام، آیت ۲۱)۔ یعنی بڑے کافر وہی ہیں ایک خدا پر افتراء کرنے والا۔ دوسرا خدا کے کلام کی تکذیب کرنے والا۔ پس جبکہ میں نے ایک مکذب کے نزدیک خدا پر افتراء کیا ہے اس صورت میں نہ میں صرف کافر بلکہ بڑا کافر ہوا۔ اور اگر میں مفتری نہیں تو بلاشبہ وہ کفر اس پر پڑے گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں خود فرمایا ہے۔ علاوہ اسکے جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی نہیں مانتا کیونکہ میری نسبت خدا اور رسول کی

پیشگوئی موجود ہے۔ (الخ) (حقیقت الوحی، ص۱۶۳)

۲......اگر تم اُلے ملے رہے تو خدا تعالی جو خاص نظر تم پر رکھتا ہے وہ نہیں رکھے گا پاک جماعت الگ ہوتو پھر اسمیں ترقی ہوتی ہے۔ (فتاویٰ احمدیہ، حصہ اول، ص۲۷۶)

۳......خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ایک جماعت تیار کرے۔ پھر جان بوجھ کر ان لوگوں میں کہنا جن سے وہ الگ کرنا چاہتا ہے منشا الٰہی کے مخالف ہے۔ (ص۲۷۷)

۴......میرا انکار میرا انکار نہیں ہے بلکہ اللہ تعالی اور اسکے رسول اللہ ﷺ کا انکار ہے۔ (ص۲۸۰)

۵......میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ **الحمد** سے لے کر **والناس** تک سارا قرآن چھوڑنا پڑے گا پھر سوچو۔ کیا میری تکذیب کوئی آسان امر ہے۔ (ص۲۸۱)

۶......جو شخص مجھے دل سے قبول کرتا ہے وہ دل سے اطاعت بھی کرتا ہے اور ہر ایک حال میں مجھے حکم ٹھہراتا ہے اور ہر ایک تنازعہ کا مجھ سے فیصلہ چاہتا ہے۔ مگر جو مجھے دل سے قبول نہیں کرتا اس میں نخوت اور خود پسندی اور خود اختیاری پاؤ گے پس جانو کہ وہ مجھ سے نہیں کیونکہ وہ میری باتوں کو جو مجھے خدا سے ملی ہیں عزت سے نہیں دیکھتا اس لئے آسمان پر اسکی عزت نہیں۔ (ص۳۰۴)

۷......خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ وہ شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا۔ وہ مسلمان نہیں اور خدا کے نزدیک قابل مواخذہ ہے۔

خلیفہ نور الدین صاحب کا فتویٰ: میری سمجھ میں ہمارے اور ان کے درمیان یعنی تمام روئے زمین کے مسلمانوں کے درمیان اصولی فرق ہے اور وہ یہ ہے کہ ایمان کے لئے یہ ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان ہو، اسکے ملائکہ پر، کتب سماویہ پر، اور اسکے رسل پر، خیر وشر

کے اندازہ پر اور بعث بعد الموت پر۔ اب غور طلب امر یہ ہے کہ ہمارے مخالف بھی یہی امر مانتے ہیں اور اس کا دعویٰ کرتے ہیں۔ لیکن یہاں سے ہی ہمارا اور انکا اختلاف شروع ہو جاتا ہے۔ ایمان بالرسل نہ ہو تو کوئی شخص مومن مسلمان نہیں ہو سکتا اور اس ایمان بالرسل میں کوئی تخصیص نہیں، عام ہے خواہ وہ نبی پہلے آئے یا بعد میں آئے۔ ہندوستان میں ہوں یا کسی اور ملک میں۔ کسی مامور من اللہ کا انکار کفر ہو جاتا ہے۔ ہمارے مخالف حضرت مرزا صاحب کی ماموریت کے منکر ہیں بتاؤ کہ یہ اختلاف فروعی کیونکر ہوا۔ قرآن مجید میں لکھا ہے "لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ" لیکن حضرت مسیح موعود کے انکار میں تفرقہ ہوتا ہے۔ (دیکھو فتویٰ احمدیہ، ص ۲۷۴، بحوالہ الحکم، مارچ ۱۹۱۱ء)

برادران اسلام! مذکورہ بالا سات حوالجات مرزا صاحب اور ایک حوالہ مولوی نور الدین صاحب سے روزِ روشن کی طرح ظاہر ہے کہ مرزا صاحب نے تمام مسلمانوں کو جو انکے مرید نہیں ہوئے دائرہ اسلام سے خارج کیا۔ کیونکہ انہوں نے مرزا صاحب کو سچا مسیح مہدی نہیں مانا جسکی خبر حدیثوں میں حضرت محمد ﷺ نے دی تھی۔ مگر **افسوس!** مرزا صاحب یہاں ایک سخت مغالطہ دیتے ہیں اور بناء فاسد علی الفاسد کے رو سے مسلمانوں پر کفر کا فتوے دیتے ہیں۔ اور دھوکا یہ دیتے ہیں کہ فرد جرم لگانے میں خود غلطی کرتے ہیں کہ یہ لوگ مسیح موعود اور مہدی کا انکار کرتے ہیں اس واسطے کافر ہیں۔ حالانکہ مسلمان غلام احمد کے مسیح اور مہدی ہونے کے منکر ہیں۔ مسلمان مرزا صاحب کو سچا مسیح موعود تسلیم نہیں کرتے کیونکہ قرآن اور حدیث وانجیل اور صحابہ کرام واولیائے عظام واجماع امت کے برخلاف ہے مخبر صادق ﷺ کے فرمان کے برخلاف جھوٹے مدعی کو ماننا مخبر کو جھٹلانا ہے۔

اول انجیل سے۔ جب وہ زیتون کے پہاڑ پر بیٹھا تھا اسکے شاگردوں نے خلوت

میں اُس کے پاس آ کر کہا ہم سے کہو کہ یہ کب ہوگا اور تیرے آنے اور زمانے کے اخیر ہونے کا نشان کیا ہے۔ تب یسوع نے جواب میں ان سے کہا خبردار کوئی تمہیں گمراہ نہ کرے۔ کیونکہ بہتیرے میرے نام پر آئینگے اور کہیں گے کہ میں مسیح ہوں۔ اور بہتوں کو گمراہ کریں گے۔ (انجیل متی باب ۲۴، آیت ۳و۴)۔ انجیل سے ثابت ہے کہ اصل عیسیٰ علیہ السلام آنے والے ہیں۔

انجیل کے اس حوالہ کی تصدیق قرآن شریف نے کردی اور فرمایا کہ ﴿وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ﴾ یعنی حضرت عیسیٰ کا نزول علامات قیامت سے ایک علامت ہے۔ قرآن شریف کی تفسیر حضرت افضل الرسل واکمل البشر حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے خود فرمادی۔ دیکھو مظاہر حق جلد۴، ص۳۵۷: وطلوع شمس من مغربها ونزول عیسٰی بن مریم یعنی چڑھنا سورج کا اپنے غروب ہونے کی جگہ سے اور نازل ہونا عیسیٰ بن مریم کا آسمان سے۔ (روایت کیا مسلم نے)۔ بخاری کی حدیث میں فرمایا: "عن أبی هریرة قال قال رسول الله ﷺ والذی نفسی بیده لیوشکن أن ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویفیض المال حتی لا یقبله احد" (الخ)

ترجمہ: روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا ﷺ نے قسم ہے اس خدا کی کہ بقا جان میری کا اسکے ہاتھ میں ہے اتریں گے تم میں عیسیٰ بیٹے مریم کے درحالیکہ حاکم عادل ہوں گے پس توڑ دیں گے صلیب کو اور قتل کریں گے خزیر کو اور بہت ہوگا مال یہاں تک کہ نہ قبول کرے گا کوئی اسکو۔

مسلمانوں نے جب دیکھا کہ مرزا صاحب کا دعویٰ خلاف انجیل وقرآن وحدیث

شریف واجماع امت ہے کیونکہ نہ وہ حاکم عادل بنے نہ صلیب کو انہوں نے توڑا بلکہ صلیب غالب آئی اور نہ مرزا صاحب نے جزیہ یعنی ٹیکس معاف کیا اور نہ مال لوگوں کو دیا بلکہ خود لوگوں سے مانگتے رہے اور نہ جامع دمشق کے منارہ پر نزول فرمایا وغیرہ۔ بلکہ اپنی تحریر مندرجہ براہین احمدیہ کے بھی خلاف کیا۔ تب ان مسلمانوں نے خدا اور رسول کے خوف سے ڈر کر مرزا صاحب کو نہ مانا تو وہ حق پر ہیں۔ تعجب ہے منکر تو ہوں مرزا صاحب بہ سبب انکار آسمانی کتابوں انجیل وقرآن واحادیث واجماع امت کے اور تمام روئے زمین کے مسلمان کافر ہو جائیں یہ منطق کوئی ذی علم تسلیم نہیں کر سکتا کہ وجہ تکفیر تو پائی جائے مرزا صاحب میں اور وہ خود بجائے توبہ کرنے کے عقائد باطلہ سے مفتی بن کر تکفیر کریں تمام مسلمانوں کی۔ کسی امتی محمد رسول اللہ ﷺ کا یہ منصب ہو سکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی تکذیب کرے اور اس تکذیب کے جرم کی سزا کے عوض یہ مرتبہ پائے کہ نبی ورسول بلکہ افضل الرسل بن جائے۔

ع ایں خیال است ومحال است وجنون

انجیل اور قرآن اور احادیث میں اصالتاً حضرت مسیح کا آنا مذکور ہے دیکھو ذیل کے حوالہ جات:

اول: انجیل سے۔ یسوع نے کہا خبردار کوئی تمہیں گمراہ نہ کرے کیونکہ بہتیرے میرے نام پر آئیں گے اور بہتوں کو گمراہ کریں گے جس کا مطلب صاف ہے کہ بہت جھوٹے مسیح آئیں گے۔ چنانچہ یہ پیشگوئی حضرت مسیح کی پوری ہوئی۔ اور تاریخ اسلام بتا رہی ہے کہ مرزا صاحب سے پہلے نو (۹) جھوٹے مسیح گذر چکے ہیں۔ اور بہتوں کو مرید بنا کر گمراہ بھی کر گئے۔ جن کے نام ذیل میں درج کئے جاتے ہیں تا کہ معلوم ہو کہ مرزا صاحب نے کوئی نیا کھیل نہیں دکھایا۔

ع پہلے بھی بہت گذرے ہیں نقالِ محمد ﷺ

۱...... فارس بن یحییٰ نے مصر میں دعویٰ کیا۔

۲...... ابراہیم بزلہ نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔

۳...... شیخ محمد خراسانی نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔

۴...... بھیک نامی ایک شخص نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔

۵...... صالح بن طریف نے مہدی ہونے کا دعویٰ کیا اور ایسا کامیاب ہوا کہ بادشاہ بن گیا اور تین سو برس تک سلطنت اسکی اولاد میں رہی۔ کسی جنگ میں نہیں مارا گیا۔ ۴۷ برس تک دعویٰ نبوت ومہدویت کے ساتھ زندہ رہا اور اپنی موت سے مرا۔ (تاریخ ابن خلدون، ص ۲۰۸)

۶...... مجمع البحار میں لکھا ہے کہ سندھ میں ایک شخص نے مسیح ابن مریم کے ہونے کا دعویٰ کیا وغیرہ وغیرہ۔

چونکہ مسیح ومہدی کے جو کام رسول اللہ ﷺ نے فرمائے تھے وہ ان لوگوں سے نہ ہوئے اس واسطے وہ جھوٹے سمجھے گئے اور اب مرزا صاحب نے دعویٰ مسیح ومہدی ہونے کا کیا اور کوئی کام انکے وقت اور ان کے ہاتھ سے اسلام کے غلبہ کا نہ ہوا اس واسطے یہ بھی جھوٹے سمجھے گئے۔ مگر مرزا صاحب ایسے مغرور اور گستاخ ہوئے کہ انہوں نے الٹا فتویٰ دیدیا کہ جو مجھ کو نہیں مانتا وہ کافر ہے اور ایسا کافر جو خدا اور رسول کو نہیں مانتا۔ علماء اسلام نے جب کہا آنیوالا مسیح تو عیسیٰ بن مریم ہے۔ دوم: وہ نبی اللہ ہے۔ سوم: وہ بادشاہ ہوگا۔ چہارم: وہ عادل ہوگا۔ پنجم: وہ آسمان سے نازل ہوگا۔ ششم: وہ شام میں نازل ہوگا۔ ہفتم: اس سے پہلے دجال ہوگا جس کو وہ قتل کرے گا وغیرہ وغیرہ۔ تو آپ جواب دیتے ہیں:

۱...... مجھے الہام ہوا ہے کہ مسیح فوت ہو چکا ہے اس کے رنگ میں ہو کر تو آیا ہے۔

(ازالہ اوہام، ص ۵۶۱)

۲......میرا نام بھی خدا نے ابن مریم رکھا ہے۔ میں دو برس مریم بنایا گیا اس کے بعد عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور اس میں استعارۃً حاملہ ہوا۔ اور نو مہینے کے بعد مجھ کو بچہ پیدا ہوا۔ اس واسطے میں ابن مریم ہوں۔ اور مجھ کو دردِ زہ کھجور کے تلے لے گئی۔

(بطور اختصار از کشتی نوح ص ۴۷)

۳......میں نبی اللہ اس طرح ہوں کہ میں محمد ﷺ کا بروز ہوں اس واسطے میرا دعویٰ نبوت ورسالت کا جائز ہے۔ مجھ کو خدا نے نبی ورسول بنایا ہے دیکھو ذیل کے الہامات وتحریرات:

پہلا الہام: "قل یا ایھا الناس انی رسول اللہ الیکم" یعنی اے لوگوں میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہو کر آیا ہوں۔ (اخبار الاخیار ص ۳)

دوسرا الہام: "انا ارسلنا الیکم رسولا شاھدا علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا" یعنی ہم نے تمہاری طرف رسول بھیجا ہے اس رسول کی مانند جو فرعون کی طرف بھیجا تھا۔ (حقیقت الوحی، ص ۱۰۱)

تیسرا الہام: "یس انک لمن المرسلین علی صراط مستقیم تنزیل العزیز الرحیم" اے سردار تو خدا کا مرسل ہے راہ راست پر اس خدا کی طرف سے جو غالب اور رحیم ہے۔ (حقیقت الوحی)

چوتھا الہام: "قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الھکم الہ واحد" کہو کہ میں بھی تمہاری طرح انسان ہوں۔ میری طرف وحی ہوتی ہے کہ تمہارا خدا ایک ہے۔

(حقیقت الوحی، ص ۸۶)

پانچواں الہام: "وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین" ہم نے تجھے تمام دنیا کے لئے رحمت کر کے بھیجا ہے۔ (حقیقت الوحی، ص ۸۶)

چھٹا قول مرزا صاحب: جس قدر مجھ سے پہلے اولیاء اور ابدال اور اقطاب اس امت میں گذر چکے ہیں ان کو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا۔ پس اس وجہ سے نبی کا نام پانے کے لئے میں ہی مخصوص کیا گیا دوسرے تمام لوگ اس نام کے مستحق نہیں۔ (حقیقت الوحی، ص ۳۹۱)

برادران اسلام! حوالے تو بہت ہیں بخوف طوالت انہیں پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ یہ الہاماتِ مرزا صاحب قرآن مجید کی آیات ہیں جن کے رو سے حضرت محمد ﷺ سچے نبی ورسول ہوئے تھے۔ جب مرزا صاحب کے مریدوں کے اعتقاد میں یہ خدا کا پاک کلام اب مرزا صاحب پر دوبارہ نازل ہوا تو اظہر من الشمّس ہے کہ وہ ویسے ہی رسول تھے جیسے کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ یعنی حقیقی نبی ورسول۔ مرزا صاحب جو اپنی نبوت ورسالت کے نام جو ظلی وبروزی وغیر مستقل ونفلی، وغیر حقیقی وطفیلی واستعاری وکسبی وغیرہ وغیرہ رکھتے ہیں سب غلط ہے ایسی تاویلوں سے تو نعوذ باللہ حضرت محمد ﷺ کی نبوت ورسالت بھی جاتی ہے کیونکہ انہی آیات سے انکی رسالت ونبوت ثابت ہوتی ہے۔ اگر مرزا صاحب حقیقی نبی ان آیات کے دوبارہ نازل ہونے سے نہیں ہیں اور ان میں کوئی ترمیم بھی نہیں یعنی ظلی بروزی کا لفظ نہیں تو ثابت ہوا یہ آیت مرزا صاحب پر دوبارہ نازل نہیں ہوئیں۔ اگر کہا جائے کہ یہ آیت اب وحی رسالت کی حیثیت میں نہیں ہیں الہامات مرزا صاحب ہیں تو یہ ہر گز جائز نہیں کہ وحی جو یقینی امر ہے اس کو الہام جو ظنی ہے بنایا جائے۔ پس دو طریق ہیں اول یہ کہ یقین کیا جائے کہ یہ آیت مرزا صاحب پر دوبارہ نازل نہیں ہوئیں یا مرزا صاحب کو مدعی نبوت ورسالت صادقہ مستقلہ حقیقیہ سمجھا جائے اور حضرت محمد ﷺ کا عدیل مسیلمہ کذاب کی مانند تسلیم کیا جائے۔ اور منکر ختم نبوت ومدعی نبوت ورسالت مانا جائے۔ مگر چونکہ مرزا صاحب کی تحریروں سے ثابت ہے کہ وہ مدی نبوت ورسالت ہیں سب نبیوں کے برابر ہیں اور بعض

حالت میں محمد ﷺ سے بھی افضل ہیں اور کافر ہیں چنانچہ لکھتے ہیں:

آنچہ داد است ہر نبی را جام　　　داد آں جام را مرا بتمام

یعنی جو کچھ ہر ایک نبی کو دیا گیا ہے وہ سب مجھ اکیلے کو دیا گیا ہے۔

۲......اعجاز احمدی میں

له خسف القمر المنير وان لی　　　خسفا القمران المشرقان أ تنكر

یعنی حضرت محمد ﷺ کے واسطے تو صرف چاند کو گہن لگا۔ اور میرے واسطے چاند اور سورج دونوں کو۔ کیا اب بھی میرے مرتبہ کا انکار کرے گا۔

۳......جو میرے لئے نشان ظاہر ہوئے تین لاکھ سے بھی زیادہ ہیں۔ (اخبار بدر ۹ جولائی ۱۹۰۶ء)

اور حضرت محمد ﷺ کی نسبت لکھتے ہیں: تین ہزار معجزے ہمارے نبی ﷺ سے ظہور میں آئے۔ (تحفہ گولڑویہ)

۴......محمد کو مسیح موعود، ودجال، دابۃ الارض، یاجوج وماجوج وطلوع شمس من مغربہا کی حقیقت معلوم نہ ہوئی تھی مجھ کو معلوم ہوئی۔ (ازالہ اوہام، حصہ دوم)

۵......خدا نے میری وحی اور میری تعلیم اور میری بیعت کو کشتی نوح قرار دیا اور تمام انسانوں کے لئے اس کو مدار نجات ٹھہرایا۔ (اربعین نمبر ۴ ص ۱۶)

مسلمان غور کریں کہ جب نجات کا مدار مرزا صاحب کی وحی پر ہے تو قرآن منسوخ اور حضرت محمد ﷺ معزول۔ لاحول ولاقوۃ.

۶......جس نے اپنی وحی کے ذریعے سے چند امر و نہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب شریعت ہوگا۔ میری وحی میں امر بھی ہوتے ہیں اور نہی بھی۔

(اربعین نمبر ۴۔ ص ۶)

یہاں مرزا صاحب مستقل نبی ورسول صاحب شریعت ہونے کے مدعی ہیں۔

کیونکہ شریعت کی تعریف جو وہ کرتے ہیں اور ساتھ ہی کہتے ہیں کہ میری وحی میں وہ تعریف ہے یعنی اوامر ونواہی کا ہونا۔ تو روزِ روشن کی طرح ثابت ہے کہ مرزا صاحب پر جو علماء اسلام نے کفر کا فتویٰ دیا وہ تو حق پر ہیں۔ اور رسول اللہ ﷺ کے زمانہ سے اسی فتویٰ پر عمل چلا آیا ہے کہ جس کسی نے امت محمدیہ میں ہو کر نبوت و رسالت کا دعویٰ کیا اس پر کفر کا فتویٰ لگایا گیا۔ مسیلمہ کذاب و اسود عنسی پر حضرت خلاصہ موجودات محمد ﷺ نے خود فتویٰ صادر فرمایا۔ کیونکہ مسیلمہ کذاب و اسود عنسی نے دعویٰ نبوت کا کیا اور نبوت بھی وہی جسکے مدعی مرزا صاحب ہیں یعنی غیر تشریعی نبوت کے اگرچہ بعد میں شریعت والی نبوت کا بھی دعویٰ کیا۔ مسلمانوں کو کافر بھی پہلے مسیلمہ نے کہا۔ مسیلمہ کے مرید اسکے نام کے بعد ''علیہ السلام'' لکھتے تھے جیسا کہ مرزا صاحب کے مرید لکھتے ہیں۔ جب مرزا صاحب مدعی نبوت و رسالت ہیں تو وہ بے شک کافر ہیں۔ کیونکہ سلف صالحین سے یہ فتویٰ متفقہ چلا آتا ہے کہ بعد محمد ﷺ خاتم النبیین کے نبوت کا دعویٰ کرنے والا باجماع المسلمین کافر ہے۔ اب مرزا صاحب نے جو تمام جہاں کے مسلمانوں پر کفر کا فتویٰ دیدیا انکے پاس کونسی دلیل شرعی ہے۔ یہ تو کوئی دلیل نہیں کہ چونکہ وہ ہم کو کافر کہتے ہیں اس واسطے وہ خود کافر ہو گئے۔ کیونکہ مرزا صاحب خود مانتے ہیں کہ اگر ہم مفتری نہیں تو وہ کفران پر پڑے گا۔ مگر جب مرزا صاحب بسبب دعویٰ نبوت و رسالت کے مفتری ثابت ہیں تو بے شک کافر ہیں۔ آپ کے پاس مسلمانوں کی تکفیر کی کیا دلیل ہے؟ تمام جماعتوں کے احمدی (مرزائی) علماء مل کر، یا فرداً فرداً جواب دیں۔ والسلام علی من اتبع الھدی.

پیر بخش سیکرٹری تائید اسلام

رسالہ ماہوار
انجمن تائید الاسلام لاہور
نمبر (۲۷) بابت ماہ دسمبر ۱۹۲۵ء

پیغام صلح کا چیلنج منظور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد

اخبار پیغام صلح مجریہ ۲۵ نومبر ۱۹۲۵ء لاہوری مرزائی جماعت کی طرف سے زیر عنوان ''تکفیر اہل قبلہ اور حضرت مسیح موعود'' رسالہ تائید اسلام لاہور ماہ نومبر ۱۹۲۵ء کے جواب میں شائع ہوا ہے جس میں مضمون نویس نے بقول شخصے سوال دیگر جواب دیگرے پر عمل کر کے میری کسی بات کا جواب نہیں دیا اور مرزا صاحب کی خدماتِ اسلام کا راگ الاپا ہے۔ اور پھر میاں محمود صاحب خلیفہ قادیانی پر خفگی کا اظہار کیا کہ انہوں نے مرزا صاحب کی تحریروں اور الہامات کے مطابق کیوں مرزا صاحب کو نبی و رسول مانا۔ اور دوسرے اپنے مریدوں کو منوایا۔ اور معترضین کو موقع دیا کہ وہ مرزا صاحب پر اعتراض کریں۔ اور مجھ کو چیلنج دیا ہے کہ میں ثابت کروں کہ مرزا صاحب نے کہاں لکھا ہے کہ مرزا صاحب کے مرید

مسلمانوں کے جنازے نہ پڑھیں الخ۔ اخیر مرزا صاحب کے کفریہ الہامات وخلافِ شرع کلمات کفر وشرک کا بھی جواب دیا ہے جس کا میرے مضمون میں ذکر تک نہ تھا۔ مگر افسوس کہ میرے اعتراض کا جواب تو نہ دیا اور ناحق چھ کالم سیاہ کر ڈالے۔ پہلے مرزا صاحب کی اسلامی خدمات کا جواب دیتا ہوں کہ مرزا صاحب سے بڑھ کر مسلمانانِ سلف وحال نے خدمتِ اسلام کی ہے۔ اور خوبی یہ ہے کہ کوئی دعویٰ نبوت ورسالت اور خدائی وخالقیت کا نہیں کیا جیسا کہ مرزا صاحب نے کیا۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ جنہوں نے تمام عمریں خدمتِ اسلام میں سرف کیں۔ حضرت ابن جوزی نے ستر برس میں قرآن شریف الحمد سے والناس تک ہزاروں کے مجمع میں بطور وعظ سنایا۔ اور ستر برس کے عرصہ میں مسلسل وعظ کے ذریعہ سے قرآن ختم فرمایا۔ حضرت مام غزالی رحمۃ اللہ علیہ بہت مشہور خادم اسلام ہیں جنہوں نے فلسفی دلائل کو اسلامی اصولوں کے ماتحت کیا۔ حضرت ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ نے نوے جلدیں قرآنی نکات میں تحریر فرمائیں اور کشف الہام کی نعمت سے ایسے مالا مال ہوئے کہ کشف والہام کے امام کہلائے۔ مرزا صاحب کے زمانہ میں مولوی رحمت اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ جنہوں نے ردِّ نصاریٰ میں وہ کمال کیا اور پادری فنڈر کو ایسی شکست دی کہ جس کی نظیر نہیں۔ حضرت مجدد مائۃ حاضرہ مولانا احمد رضا خانصاحب بریلوی اور علمائے دیوبند جنکے مدارس عربیہ سے ہزاروں عالم فاضل تیار ہوتے ہیں۔ سر سید احمد نے دنیاوی خدمتِ اسلام کے لیے مسلمانوں کی خاطر کالج جاری کیا۔ اور دنیاوی خدمت کے ساتھ مرزا صاحب کی استادی کا فخر بھی حاصل کیا۔ عیسائیوں کے ردّ میں کتابیں لکھیں اور انگلینڈ جا کر انگریزی زبان میں شائع کیں جنکی خوشہ چینی مرزا صاحب اور حکیم نورالدین صاحب نے کی۔ اور وفاتِ مسیح اور محالاتِ عقلی اور خلافِ قانون قدرت

کے الفاظ تو سیکھے مگر کسی قسم کا دعویٰ نہیں کیا۔ اور نہ غصے میں آ کر علماء کو گالیاں دیں اور نہ وقار اور تمکنت کو چھوڑ کر اہل اسلام کی تکفیر کی۔ کیونکہ سر سید احمد خان جانتے تھے کہ علماء اسلام حق پر ہیں۔ یہ ہمیشہ بدعت اور کفر کا قلع قمع کرتے آئے ہیں۔ خانقاہ رحمانیہ مونگیر شریف میں حضرت قبلہ مولانا مولوی سید محمد علی صاحب نے تردید نصاریٰ میں کتابیں لکھیں اور عیسائیوں کی تردید کے مجدد مانے گئے۔ علماء بنگالہ نے ہزاروں عیسائیوں اور ہنود اور بدھ مذہب والوں کو مسلمان کیا۔ (دیکھو رپورٹ علماء بنگال ۱۹۱۳ء تا ۱۹۱۴ء)۔ ہندوستان و پنجاب میں بھی ہزاروں اسلامی انجمنیں خدمت اسلام کر رہی ہیں مگر کسی نے مرزا صاحب کی طرح دعویٰ نبوت ورسالت نہیں کیے۔ جب مرزا صاحب نے خدمتِ اسلام کا دعویٰ کر کے ''براہین احمدیہ'' کی اشاعت کا وعدہ فرمایا تو تمام مسلمان ان کے ساتھ ہو گئے اور کوئی مسلمان انکے خلاف نہ تھا۔ اسی زمانہ میں مسلمانوں کی طرف سے ایک انجمن حمایت اسلام لاہور میں قائم ہوئی جو کہ عرصہ چالیس سال سے خدمتِ اسلام کر رہی ہے۔ چنانچہ آج کل اخبار اہلسنّت والجماعت امرتسر مورخہ ۱۶ نومبر ۱۹۲۵ء نے کچھ حالات لکھے ہیں جن کا خلاصہ مختصر اً ہدیہ ناظرین ہے:

''انجمن حمایتِ اسلام کا سنگ بنیاد ۱۸۸۵ء میں رکھا گیا تھا اس نے لڑکوں کے واسطے درسگاہیں کھولیں۔ لڑکیوں کی تعلیم کا انتظام کیا۔ ایک عظیم الشان یتیم خانہ کی بنیاد رکھی۔ ایک اعلیٰ درجہ کے کالج کا اہتمام کیا جو نہ محض پنجاب بلکہ ہندوستان کی چند نہایت منتخب اعلیٰ تعلیم گاہوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس وقت شہر لاہور میں انجمن کے تین ہائی اسکول ایک مڈل اسکول اور آٹھ نوادنی درسگاہیں موجود ہیں۔ علاوہ بریں ضلع لاہور، گورداسپورا اور آگرہ کے حلقۂ ارتداد میں ساٹھ سے زائد اس کے ابتدائی مدارس ہیں۔ مردانہ وزنانہ یتیم

خانے نہایت اعلیٰ پیمانہ پر چل رہے ہیں جن کے ساتھ عمدہ کارخانے قائم ہیں۔تالیف وطبع واشاعت اسلام کے شعبے ان کے علاوہ ہیں۔انجمن کی عام درسگاہوں میں مجموعی طور پر سات ہزار طلباء تعلیم پاتے ہیں اور اسکے سالانہ مصارف کا تخمینہ کم وبیش سوا چھ لاکھ روپیہ ہے"۔(ماخوذ از اخبار اہلسنّت والجماعت،۱۶رنومبر)

مرزا صاحب نے خدمت اسلام یہ کی کہ "براہین احمدیہ" کی قیمت پیشگی وصول کی اور ساتھ ہی انجمن بھی قائم کی۔جس کا ایک اسکول شاید ہائی کلاسز تک بھی نہیں پہنچا اور کتاب "براہین احمدیہ" بھی صرف ۴ جلد تک شائع کر کے لکھ دیا کہ اب اسکی تکمیل خدا نے اپنے ہاتھ لے لی ہے۔لوگوں نے طرح طرح کی چہ میگوئیاں کیں اور مرزا صاحب نے جواب دینے کے لائق نہ ہوکر قیمت واپس دینے کا اشتہار دیا۔مگر شرطیں ایسی ناقابل التعمیل کیں کہ کسی کو قیمت نہ ملی اور دوسرے "سراج منیر" کی قیمت وصول کی اور کتاب شائع نہ ہوئی۔کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ اس کتاب کا روپیہ کہاں خرچ ہوا؟ نہایت افسوس کہ مرزا صاحب نے یہ خدمت اسلام کی کہ اہل ہنود کے مسئلہ اوتار بروز کو اسلام میں داخل کیا۔ عیسائیوں کے مسئلہ ابن اللہ کی تجدید کی جو ۱۳سو برس سے مسلمانوں نے مٹایا تھا انہوں نے خالص چشمہ توحید میں پھر شرک کی نجاست ڈال دی۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر لٹکایا اور صریح قرآن کی آیت ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾ کی مخالفت کی نبوت ورسالت کے مدعی ہوئے۔اور لاکھوں روپے مسلمانوں کے بجائے قوم کی بہتری کے واسطے خرچ کرنے کے اپنی نبوت ورسالت ومسیحیت وکرشنیت ومہدیت میں خرچ کی جو اصل ان کی ذاتی خدمت تھی، نہ اسلام کی۔جب سے مرزا صاحب نے اپنے دعاوی باطلہ کی اشاعت شروع کی تب سے تمام عقلمند ذی ہوش وعلم ان سے الگ ہوگئے اور چاروں طرف سے تکفیر کا بازار

گرم ہوا اور انکی وہ عزت وحرمت نہ رہی۔ صرف پیری مریدی کی دوکان رہ گئی جواَب تک ہے۔ دعویٰ بلا دلیل تو ہر ایک کرسکتا ہے مگر آج دنیا دلیل مانگتی ہے کوئی بتا سکتا ہے کہ کس قدر اہل کتاب مرزا صاحب پر ایمان لائے بلا دلیل وثبوت دعویٰ آسان ہے ایک شاعر نے خوب کہا ہے ؎

مسیح باش وز اعجاز لافہا میزن میانِ دعویٰ وحجت ہزار فرسنگ است

جب کوئی ثبوت خدمت اسلام نہیں تو یہ غلط بلکہ اغلط ہے کہ مرزا صاحب نے خدمت اسلام کی۔ بتاؤ یہ کس کتاب میں لکھا ہے کہ خادم اسلام خدمت اسلام کرتے کرتے نبی ورسول ہو جاتا ہے۔

دوم: قولہ ''ہمارے مخالفین ایسی تحریروں کے پڑھنے کے وقت علم وعقل سے کام نہیں لیتے'' الخ۔

جواب: یہ سچ ہے کہ قادیانی علم وعقل تمام روئے زمین کے مسلمانوں میں نہیں ہے کیونکہ وہ قادیان کے معنی دمشق نہیں کرتے۔ نہ غلام احمد ولد غلام مرتضیٰ کے معنی عیسیٰ بن مریم مانتے ہیں۔ یہ علم وعقل آپ ہی کو مبارک ہو۔ ہم تو دنیا کے مسلمہ اصول کے پابند ہیں کہ معنی لفظوں کے ہوا کرتے ہیں۔ ایسا کوئی ملک نہیں کہ جہاں لفظ کچھ ہوں اور معنی کچھ ہوں۔ مثلاً خدا مرزا صاحب کو کہے کہ **انت منی بمنزلة ولدی** کہ اے مرزا تو ہمارے بیٹے کی جا بجا ہے۔ اور ہم معنی کریں کہ مرزا صاحب خدا کے بیٹے کی جا بجا نہ تھے۔ خدا کہے کہ اے مرزا تو مرسلوں میں سے ہے اور ہم معنی کریں کہ مرزا رسولوں میں سے ایک رسول نہ تھا۔ لفظ تو ہوں کہ ہم خدا کے فضل سے نبی ورسول ہیں مگر ہم معنی کریں کہ مرزا خدا کے نبی ورسول نہ تھے۔ لفظ تو ہوں سچا خدا وہ ہے جس نے قادیان میں رسول بھیجا۔ اور معنی کریں کہ سچا خدا وہ ہے

جس نے قادیان میں رسول نہیں بھیجا۔ لفظ تو ہوں قادیان جو پنجاب (ہندوستان) میں ہے اور معنی ہوں دمشق جو شام میں ہے۔ لفظ ہوں کہ مہدی سید آل رسول سے ہوگا مگر معنی کریں کہ مہدی مغل چنگیز خان کی اولاد سے ہوگا۔

سوم: قولہ ''پھر اس جھوٹ کو دیکھو کہ ہمارے ذمہ یہ الزام لگاتے ہیں کہ گویا ہم نے تکفیر کی''۔

جواب: الزام نہیں حقیقت ہے۔ مرزا صاحب کی عبارت غور سے پڑھو: ''خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا ہے کہ وہ شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں''۔ اس عبارت کے الفاظ روز روشن کی طرح ظاہر کر رہے ہیں کہ جو مرزا صاحب کو نہیں مانتا وہ مسلمان نہیں۔ جب ایسا شخص مسلمان نہیں تو کافر ہے۔ جب مرزا صاحب خود فرماتے ہیں اور خدا کے الہام سے فرماتے ہیں کہ وہ مسلمان نہیں۔ جب مسلمان نہیں تو کافر ہیں۔ کیونکہ ایک امر کے ثابت کرنے کے دو ہی طریق ہیں۔ ایک یہ کہ متکلم براہِ راست کہہ دے کہ تو کافر ہے اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ کوئی شخص کہے کہ تو مسلمان نہیں۔ ہر ایک عقلمند کے نزدیک دونوں فقروں کا مفہوم ایک ہی ہے۔ اب رہا یہ سوال کہ کس نے پہلے تکفیر کی۔ سو یہ مرزا صاحب کی پہل ہے۔ کیونکہ انہوں نے نبوت کا دعویٰ کیا اور ختم نبوت کو توڑا اور اس دعویٰ کے نہ ماننے کی پاداش میں تمام روئے زمین کے مسلمانوں کو کافر کہا اور ایسا کافر کہا کہ وہ خدا اور رسول کا منکر ہو کر جیسا کہ کوئی کافر ہوتا ہے۔ دیکھو انکے الفاظ:

''علاوہ اسکے جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی نہیں مانتا''۔ (حقیقت الوحی، ص ۴۳)

چہارم: قولہ ''ہم چیلنج دیتے ہیں کہ آپ کسی تصنیف کسی تقریر یا ڈائری وغیرہ مرزا صاحب سے یہ ثابت کریں کہ آپ نے بلا استثناء تمام مسلمانوں کو جنازہ پڑھنے سے منع کیا ہو''۔

جواب: یہ فقرہ غلط معلوم ہوتا ہے کاتب کی غلطی سے بجائے لفظ ''تمام مسلمانوں کے'' ''تمام مسلمانوں کو'' لکھ دیا۔ دوسرے مسلمانوں کے جنازے نہ پڑھو یعنی شریک نہ ہو۔ دیکھو ذیل کی عبارت۔ **افسوس!** آپ کو اپنے گھر کی بھی خبر نہیں یا تجاہل عارفانہ ہے۔

مرزا صاحب سے سوال ہوا کہ ہمارے گاؤں میں طاعون بہت ہے اور اکثر مخالف مکذب فرقے ہیں۔ ان کا جنازہ پڑھا جائے یا نہ؟ جواب میں مسیح موعود نے فرمایا ''یہ فرض کفایہ ہے۔ اگر کنبہ میں سے ایک آدمی بھی چلا جائے تو ادا ہو جاتا ہے۔ مگر یہاں تو طاعون زیادہ ہے کہ جس کے پاس جانے سے خدا روکتا ہے۔ دوسرے وہ مخالف ہے۔ خواہ نخواہ کیوں تداخل کیا جائے تم ایسے لوگوں کو بالکل چھوڑ دو۔ وہ اگر چاہے گا تو ان کو دوست بنا دے گا یعنی وہ مسلمان ہو جائیں گے۔ خدا تعالیٰ نے یہ سلسلہ منہاج نبوت پر قائم کیا ہے۔ مداہنت سے ہرگز فائدہ نہ ہوگا۔ بلکہ اپنے ایمان کا حصہ بھی گنوا دو گے''۔ (فتویٰ احمدیہ ص ۳۴۰)

لو صاحب! مرزا صاحب کی اس عبارت سے تکفیر مسلمانان بھی ثابت ہے اور مسلمانوں کا جنازہ نہ پڑھنا بھی ثابت ہے۔ بلکہ جو مرزائی ہو کر کسی مسلمان کا جنازہ پڑھے گا تو اس کا اپنا ایمان بھی جاتا رہے گا۔ انصاف!

باقی رہی وہ عبارات جو آپ نے نقل کی ہیں جس میں لکھا ہے کہ میاں فضل صاحب بیرسٹر کے جواب میں مرزا صاحب نے کہا ہم کسی کلمہ گو کو کافر نہیں کہتے۔ یہ مرزا صاحب کی دورنگی تو ان کے کاذب اکبر ہونے کی دلیل ہے کہ انکے کلام میں تعارض بہت ہے کبھی کہتے ہیں کہ میں مدعی نبوت کو کافر اور دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہوں۔ اور کبھی کہتے ہیں کہ جو مجھ کو نہیں مانتا وہ مسلمان نہیں۔ اور کبھی کہتے ہیں کہ مسیح موعود کا ماننا جزو ایمان نہیں۔ غرضکہ آپس میں متضاد عبارات ان کی دو حالت سے خالی نہیں۔ یا تو ان کو اپنا لکھا یاد

نہیں رہتا یا لوگوں کو گمراہ کرنے کی خاطر ایسا کرتے ہیں کہ جیسا موقعہ ہو اس پر عمل کر لیا۔ یا مریدوں کے واسطے تفریق کا آلہ چھوڑ کے جس قدر فرقے ان کی جماعت کے ہوئے سب کے گمراہ کرنے والے وہ خود ہی ہیں۔ کس قدر پایہ دانش سے گرا ہوا جواب ہے کہ صرف نفس پرستی کر کے نفس کا بدلہ لینے کی خاطر مسلمانوں کی تکفیر کرتے ہیں۔ یہ کیا دلیل ہے کہ چونکہ وہ میری تکفیر کرتے ہیں میں ان کی تکفیر کرتا ہوں۔ اصل وجہ تکفیر پر غور نہ کیا کہ مسلمان میری تکفیر خلاف شرع دعاوی پر کرتے ہیں اور چونکہ میرے دعاوی قرآن وحدیث کے برخلاف ہیں اس واسطے وہ تو مجھ پر فتویٰ کفر لگانے میں حق بجانب ہیں اور میرے پاس کوئی شرعی دلیل نہیں کہ میں ان پر فتویٰ صادر کروں۔ اگر علماء اسلام نے دعاوی نبوت ورسالت کے نہیں کئے تو پھر آپ کو کس طرح حق حاصل ہوا کہ آپ سب کی تکفیر کریں۔ ابتدا سے علماء اسلام تو شرع کے برخلاف چلنے والوں پر کفر کے فتوے دیتے آئے ہیں۔ مگر کسی شخص نے بھی از راہ بدلہ لینے اور نفس پروری کے علماء پر کفر کا فتویٰ نہیں دیا۔ کوئی ایسا مغرور گمراہ کنندہ گذرا ہے کہ جس پر جب علماء نے فتویٰ دیا تو اس نے بھی بجائے توبہ کرنے کے الٹا علماء پر کفر کا فتویٰ دیا ہو؟ کس قدر پھیکی بات ہے ایک شخص بت پرستی کی بنیاد ڈالتا ہے۔ مثلاً اپنی تصویر بنواتا ہے۔ جب علماء منع کرتے ہیں تو یہ مغرور ہستی خلاف شرع جواب دیتا ہے کہ اس میں مصلحت وقت ہے اور اپنے کفر کے جواب میں مضامین کے صفحوں کے صفحے سیاہ کر دیتا ہے۔ اور دوسرے مسلمانوں کو کہتا ہے اگر تم مجھ کو نہ مانو گے تو تمہاری نجات نہیں اور خود ایسا باغی کہ قرآن کی تنسیخ کر کے کہتا ہے میں نے جہاد حرام کر دیا۔

پنجم: قولہ ''میاں محمود صاحب نے مخالفین کو امداد دی'' الخ۔

جواب: اس کا صرف یہ ہے کہ مرزا صاحب کی تحریروں اور الہامات نے لوگوں کو گمراہ کیا۔

مرزا صاحب کی تحریروں کے ہوتے ہوئے میاں صاحب کا کیا قصور ہے۔ مرزا صاحب کے مرید بھی بعض حقیقی اور بعض مجازی ہیں۔ جو ان کو ان کی تحریروں کے رو سے نبی مانتے ہیں وہ حقیقی مرید ہیں اور جو ان کو مجازی نبی مانتے ہیں وہ مجازی مرید ہیں۔ اور جو فرق مجاز اور حقیقت میں ہے وہی فرق قادیانی مرزائیوں اور لاہوری مرزائیوں میں ہے۔

ششم: قولہ ''جو شخص حضرت مرزا صاحب کی ان تحریروں کو پڑھے گا جو آپ نے خدا کی قسم کھا کر لکھی اور شائع کی ہوئی ہیں وہ شخص ضرور ہی ان مولویوں کو ایمان اور اسلام کی دولت سے بالکل بے نصیب اور محروم ہی پائے گا''۔الخ۔

جواب: ایک برتن پاک پانی کا بھرا ہوا ہے اور اس میں نجاست یا پیشاب کا بہت قلیل حصہ ڈالا جائے تو وہ پاک پانی بھی پلید ہو جاتا ہے۔ اسی طرح ایک شخص ہمیشہ نیک کام کرتا ہے مگر ایک دفعہ چوری کرے یا ڈاکہ مارے تو وہ جرم سے بری نہیں ہوسکتا۔ صرف اس دلیل سے اس کے پہلے اعمال حسنہ ہیں۔ مرزا صاحب کے اعمال حسنہ جس قدر فرض کریں جو کہ بقول "**پیراں نمے پرند مریداں مے پرانند**" وہ تب تک اعمال حسنہ تھے جب تک ختم نبوت کے منکر اور خود اپنی نبوت کے مدعی نہ تھے۔ جب کوئی شخص شامت اعمال سے مدعی نبوت ہوا امتی ہونے کی نعمت اور فخر موجودات حضرت خاتم النّبیین محمد رسول ﷺ کی متابعت کی نعمت سے محروم ہوا۔ پس اجماع امت اس پر ۱۳ سو برس سے چلا آیا ہے کہ موجب آیت خاتم النّبیین وحدیث ''**لانبی بعدی**'' مدعی نبوت ووحی رسالت کافر ہے خواہ محمد رسول اللہ ﷺ کی متابعت کا لاکھ دم مارے۔ کیونکہ حضرت خلاصہ موجودات افضل الانبیاء کا اور آپ کی پاک جماعت صحابہ کرام جن کی صفت خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں کی ہے سب کا عمل اس پر رہا ہے کہ جب کوئی مدعی نبوت ہوا امت سے خارج کیا گیا اور

خلفائے اسلام نے بموجب حکم شرع شریف اس کاذب کو بمع اس کے پیروؤں کے صفحہ ہستی سے نابود کر دیا۔ مگر آج تک ایسا گستاخ متکبر اور کاذب مدعی نہیں ہوا کہ اس نے رسول اللہ ﷺ کا مقابلہ کیا ہو۔ اور یا وہ سرائی کی ہو جس نے اسلامی فتویٰ کے مقابل اپنا فتویٰ جاری کیا ہو۔ کہ میری تکفیر سے اور میرے انکار سے سب مسلمان کافر ہو گئے۔ یہ مرزا صاحب کا ہی حصہ ہے کہ ادعائے نبوت سے کافر تو خود ہوتے ہیں مگر الٹا اپنے منکروں اور مکفروں کو کافر کہتے ہیں۔ اصل انصاف تو یہ تھا کہ مرزا صاحب اور انکے مرید غور کرتے کہ وجہ تکفیر کیا ہے۔ اگر وہ وجہ مرزا صاحب میں نہیں یعنی انہوں نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا تو علماء جھوٹے۔ اور اگر مرزا صاحب کی ایک نہیں دو نہیں بہت تحریریں موجود ہیں جن میں صاف الفاظ دعوے نبوت ہیں تو مرزا صاحب ضرور جھوٹے ہیں۔ اور کافر ہیں۔ خواہ وہ شب بیدار عابد ہوں اور تقویٰ اور توحید کے بھی قائل ہوں۔ جب رسول اللہ ﷺ کے دربار سے راندے گئے تو انکی کوئی عبادت کوئی نیکی کوئی خدمت قبول نہیں اور اہل اسلام کے نزدیک ان کی کوئی عزت نہیں خواہ وہ رسی کے سانپ بنا کر دکھائیں۔ اور ہوا پر پرواز کر کے اپنی ہزار اعجاز نمائی کریں کاذب و کافر ہی ہیں۔ پھر ایسے شخص کی قسموں کا کیا اعتبار ہے۔ خاص کر وہ شخص جس نے کئی دفعہ خدا پر جھوٹ بولا۔ آسمان پر نکاح کا افتراء کیا۔ عبداللہ کی موت کی خبر کا افتراء عیسیٰ پرستی کے ستون کے توڑنے کا افتراء کیا کیونکہ عیسیٰ پرستی کی روز افزوں ترقی ہے۔ ایسے شخص کی قسم کا کیا اعتبار ہے جو ایک طرف کہتا ہے کہ میں نبی و رسول ہوں۔ اب خدا نے نجات کا مدار میری وحی میری تعلیم اور میری بیعت پر رکھا ہے۔ (اربعین ص۴،۶)

جس کے صاف معنی یہ ہیں کہ قرآن شریف بیکار ہے اور ذریعہ نجات نہیں اور رسول اللہ ﷺ معزول ہیں۔ کیونکہ انکی پیروی میں اب نجات نہیں۔ مگر دوسری طرف

کہتا ہے کہ یہ کیونکر ممکن ہے کہ میں نبوت کا دعویٰ کروں۔ اور امت سے خارج ہو کر جماعت کافرین سے جاملوں۔ آپ ہی غور فرمائیں کہ کس بیان کو سچا سمجھا جائے اور کس کو جھوٹا سمجھا جائے۔ اصل بات یہ ہے کہ ایسا شخص اول درجہ کا جھوٹا ہوتا ہے۔ اگر یہ سچ ہے کہ مدعی نبوت ہے اور نجات کا ٹھیکدار ہے تو یہ بالکل غلط اور منافقانہ تحریر ہے کہ یہ کیوں کر ہو سکتا ہے کہ میں نبوت کا دعویٰ کروں اور امت محمدیہ ﷺ سے خارج ہو جاؤں۔ اور جماعت کافرین سے جاملوں۔ بہر حال یا نبی ہونا جھوٹ ہے یا امتی ہونا غلط ہے۔ دونوں باتوں میں جھوٹا ہے۔ قسم کھا کر جھوٹ بولنے والا سخت دلیر ہے اور منافق ہوتا ہے۔

ہفتم: قولہ ''ختم نبوت پر قسمیں کھانا''۔

جواب: چونکہ اوپر ثابت ہو گیا ہے کہ مرزا صاحب مدعی نبوت بھی ہیں اور اپنے دعویٰ نبوت سے ان کو انکار بھی ہے جس کا نتیجہ مرزا صاحب کا جھوٹا ہونا ہے۔ دونوں تحریریں مرزا صاحب کی اپنی ہیں اور دونوں میں تضاد ہے اس لئے دونوں تحریریں ناقابل اعتبار اور لکھنے والا کاذب ہے۔

ہشتم: قولہ ''اس قسم کے عقائد پہلے نہ مرزا صاحب کے تھے نہ ان کے پیروں کے تھے جو آج کل قادیان کے ہیں''۔

جواب: یہ بالکل غلط ہے میں نے خلیفہ نور الدین کا اعتقاد لکھ دیا تھا کہ ان کے مذہب میں مرزا صاحب کو نہ ماننے والا ایسا ہی کافر ہے جیسا تمام انبیاء علیہم السلام کا منکر کافر ہوتا ہے۔ آپ کی خاطر لکھتا ہوں تاکہ آپ انصاف کریں: ''ایمان بالرسل نہ ہو تو کوئی شخص مومن مسلمان نہیں ہو سکتا۔ ایمان بالرسل میں کوئی تخصیص نہیں۔ عام ہے خواہ وہ نبی پہلے آئے یا بعد میں۔ قرآن میں لکھا ہے ''لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ'' لیکن مسیح موعود کے انکار

میں تفرقہ ہوتا ہے‘‘۔ حکیم صاحب کے یہ تین فقرے ہیں، پہلے فقرے میں تمام مسلمانوں کی تکفیر ہے، دوسرے فقرہ میں ختم نبوت کا انکار ہے اور مرزا صاحب کی رسالت کا اقرار ہے، تیسرے فقرہ میں مرزا صاحب کا ایسا ہی رسول ہونے کا اقرار ہے جیسا کہ حضرات موسیٰ وعیسیٰ ومحمد علیہم السلام تھے۔ اور مرزا صاحب کا منکر ویسا ہی کافر ہے جیسا کہ تمام انبیاء علیہم السلام کا۔ پس مرزا کی نبوت ورسالت لاہوری جماعت پہلے خود مانتی تھی۔ خلافت ثانیہ میاں صاحب کے وقت لاہوری مرزائی الگ ہوئے اور اپنے عقائد بھی بدلے۔ یہ سچ ہے کہ مرزا صاحب پہلے مسلمان تھے اور بعد میں کافر ہوئے۔ انسانی حالت بدلتی رہتی ہے۔

نہم: قولہ ’’علماء سوء اور مشائخ دنیا پرست سلسلہ کے بہت دشمن بن گئے۔ کیونکہ مرزا صاحب کی حق پرستیاں بہت گراں گذریں‘‘ الخ۔

جواب: یہ بحث خارج از سوال ہے۔ سوال صرف تکفیر اہل قبلہ کا تھا۔ مگر اس کا جواب بھی مختصر دیا جاتا ہے کہ مشائخ وعلماء کی مخالفت بھی ’’الحب للّٰہ والبغض للّٰہ‘‘ کے مطابق تھی۔ جب مرزا صاحب نے اسلام کی حمایت اور عقائد اسلام کی تائید کا دعویٰ کیا تو سب مشائخ وعلماء نے مرزا صاحب کی امداد کی بلکہ مرزا صاحب گندم نمائی پر ایسے عاشق ہوئے کہ اپنا اندرونی اختلاف مقلد وغیر مقلد وغیرہ کا بھی مٹا کر مرزا صاحب کے ساتھ ہوگئے۔ مولوی محمد حسین صاحب مرحوم بٹالوی نے ’’براہین احمدیہ‘‘ کا ریویو اپنے رسالہ اشاعۃ السنۃ میں پُر زور اور مبالغہ آمیز الفاظ میں کیا جس کو مرزائی دھوکہ دینے کی خاطر پیش کرتے ہیں حالانکہ مرزا صاحب کی حالت بدلی تو وہ ریویو رڈی ہوگیا ہے۔ میں نے خود جب ابتداً میں اپنے مکرم دوست بابو چراغ دین صاحب مرحوم کے ساتھ انجمن حمایت اسلام لاہور کی بنیاد ڈالی اور ابتداً میں سکرٹری کی خدمت میرے ذمے کی گئی۔ اور اسسٹنٹ سکیرٹری بابو چراغ

دین صاحب مقرر ہوئے اور پریزیڈنٹ مولوی غلام اللہ صاحب مرحوم تھے۔ تب مرزا صاحب نہایت گمنامی کی حالت میں تھے۔ اور اخباروں میں ان کے مضمون نکلا کرتے تھے۔ اس وقت میں نے مرزا صاحب کی امداد کی اور جب پنڈت اندرمن نے لاہور میں آ کر اشتہار دیا کہ مرزا صاب کے ساتھ میں بحث کے واسطے آیا ہوں۔ مرزا صاحب آئیں اور بحث کریں۔ میں اس وقت بحثیت سکیٹر یڑی انجمن حمایت اسلام معہ چند دیگر صاحبان کے بابو پرتول چندر کے مکان پر گیا اور کہا کہ ہم مرزا صاحب کی طرف سے آئے ہیں تا کہ پنڈت صاحب سے مباحثہ کی بابت گفتگو کریں۔ وہاں سے پتہ لگا کہ اندرمن ریاست نابہہ میں گیا ہوا ہے ہم نے فوراً تر دیدی اشتہارات لاہور میں چسپا کرا دیئے اور مرزا صاحب کو بذریعہ تار اطلاع دی۔ لاہور کے معززین ورؤساء وعلما سب مرزا صاحب کے حامی تھے اور براہین احمدیہ کے واسطے پیشگی قیمت وصول کرنے میں کوئی مسلمان انکے خلاف نہ تھا۔ براہین احمدیہ کے لکھتے لکھتے مرزا صاحب کے دماغ میں خلل پیدا ہوا اور خلافِ شرع دعادی شروع کر دیئے۔ اور براہین احمدیہ لکھنے کے بجائے خودستائی اور اپنے کشف وکرامات لکھنے اور مشتہر کرنے میں مصروف ہو گئے اور جس دینی خدمت کے واسطے روپیہ جمع ہوا تھا وہ اشتہار بازی اور اپنے نشان ومعجزات ثابت کرنے میں خرچ کیا۔ جب علماء مشائخ ومعاونین مسلمانوں نے اعتراض کیا تو یہ جواب دیکر ٹال دیا کہ چونکہ منکرین معجزات وکرامات محالات عقلی کی بنا پر انبیاء علیہم السلام پر ناممکن الوقوع وخلاف قانون قدرت ہونے کے اعتراضات کرتے ہیں اس لئے میں ان کو اپنی کرامات ومعجزات دکھاتا ہوں تا کہ مشاہدہ کے رنگ میں معجزات دیکھ کر ایمان لائیں مگر افسوس عبداللہ آتھم کی موت کی پیشگوئی کی اور وہ جھوٹی ہوئی اور سخت رسوائی ہوئی۔ اور کہا کہ میں خود نبی ورسول ہوں اس واسطے مجھ کو اپنے

معجزات کا اظہار کرنا چاہیے تا کہ ان پر حجت ہو اور مجھ کو مانیں۔ تب علماء و مشائخ مسلمانوں کی طرف سے مرزا صاحب پر کفر کے فتوے لگائے گئے کہ مرزا نے جھوٹی پیشگوئی کر کے مسلمانوں کو رسوا کیا۔ آپ ایمان سے بتائیں ابتداء کفر کیکس کی طرف سے ہوئی مرزا صاحب کی طرف سے جنہوں نے دعویٰ نبوت و رسالت کا کیا۔ مرزا صاحب نے پھر چال بدلی اور نبوت و رسالت کے دعویٰ سے انکار کرنا شروع کر دیا۔ ''نبیا ولست نبیا'' کا ورد شروع کیا۔ اگر دس جگہ لکھا کہ نبی و رسول ہوں تو چار پانچ جگہ یہ بھی لکھ دیا کہ مدعی نبوت کو کافر جانتا ہوں۔ اور حضرت محمد ﷺ کو خاتم النّبیین یقین کرتا ہوں ایسی متضاد تحریروں کا ایسا برا اثر ہوا کہ مسلمانوں نے تو مرزا صاحب کو مدعی نبوت و رسالت سمجھ کر کافر کہا اور لاکھوں کے بجائے ایک جماعت نے نبی مان لیا اور مسیلمہ پرستی کو رونق دینی شروع کی بلکہ ایسی جانکاہ محنت و مشقت زرکشی اور زردہی کی کہ طالبانِ دنیا کو اپنی طرف کھینچ لیا۔ یہ تو قادیانی جماعت ہے جو دوسری جماعت مرزائیہ آپ کی ہے اور مرزا صاحب کے کلمات کفریہ کی تاویلیں کرتی ہے۔ اور عذر گناہ بدتر از گناہ کرتی ہے۔ ہم نہایت عجز سے درخواست کرتے ہیں کہ لاہوری جماعت ہماری تسلی کرے کہ جب آپ کے اعتقاد میں خدا تعالیٰ مرزا صاحب کو فرماتا ہے ''قل یا ایھا الناس انی رسول اللّٰہ الیکم جمیعا، وانک لمن المرسلین'' یعنی تو کہدے اے لوگو میں اللہ کا رسول ہو کر تمہاری طرف آیا ہوں اے مرزا تو رسولوں میں سے ہے۔

اگر مرزا صاحب مفتری نہیں ہیں تو دوسرے رسولوں موسیٰ و عیسیٰ و محمد علیہم السلام جیسے ہیں جیسا کہ حکیم نورالدین صاحب نے لکھا ہے کہ ایک رسول کا انکار کفر ہے اور تمام مسلمان مرزا صاحب کے انکار سے کافر ہیں۔ اور ان کا ہمارا اصولی اختلاف ہے۔ اور اگر مفتری ہیں

تو بیشک رسول نہیں اور ہمارا آپ کا اتفاق ہے تو پھر مسلمانوں سے آپ کی جماعت الگ کیوں ہے؟

جواب کے یہ معنی نہیں ہیں کہ جو کچھ چاہا لکھ دیا اور مطلب کی بات کی طرف رخ نہ کیا۔ سوال کا جواب دو۔ صفحہ ۵ کالم ۳ میں جو لکھا ہے اور اب قتل وصلب تک نوبت پہنچانے پر اتر آئے۔ یہ مضمون نویس کی قابلیت کا ثبوت ہے کہ حلب کو سلب لکھا یعنی بجائے ص کے س سے لکھا۔ آئندہ ہوش سے لکھا کریں۔ (محمد پیر بخش، سیکرٹری)

انجمن احمدیہ قادیان کے

ٹریکٹ نمبر ۶ کا جواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

برادرانِ اسلام!

ٹریکٹ نمبر ۶ میں مولوی اللہ دتا صاحب مولوی فاضل مرزائی جالندہری نے لکھا ہے کہ اسلام کے تمام فرقوں میں سے صرف احمدی (یعنی مرزائی) فرقہ ہی ناجی ہے۔ چونکہ یہ دعویٰ بلا دلیل ہے۔ و نیز مرزا صاحب کے خلیفہ ثانی میاں محمود صاحب کے برخلاف ہے جنہوں نے لکھا ہے کہ ہماری جماعت نئی ہے اور تھوڑی ہے۔ اس اقرار سے ثابت ہوا کہ احمدی جماعت ہرگز ناجی نہیں۔ کیونکہ یہ اسلام سے تیرہ سو (۱۳۰۰) برس کے دراز عرصہ کے

بعد پیدا ہوئی ہے۔اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دین میں کل نئی چیزیں بدعت ہیں اور ہر بدعت ضلالت ہے اور ہر ضلالت فی النار ہے۔ دیکھو ''صحیح مسلم'': ''فان خیر الحدیث کتاب اللّٰہ وخیر الھدی ھدی محمد ﷺ وشر الامور محدثاتھا و کل بدعة ضلالة و کل ضلالة فی النار''. رسول اللہ ﷺ کی اس حدیث سے احمدی جماعت کا بدعتی اور فی النار ہونا اظہر من الشمس ہے کیونکہ انکے خلیفہ نے خود لکھا ہے جسکی بعینہ عبارت یہ ہے: ''حضور عالی! چونکہ ہماری جماعت نئی ہے اور تعداد میں بھی دوسری جماعتوں کے مقابلہ میں کم ہے''۔

(دیکھو ایڈریس جو مرزائیوں کی طرف سے شاہزادہ ویلز کو دیا گیا۔)

جب احمدیوں کے اپنے اقرار سے انکا بدعتی ہونا ثابت ہے تو انکے غیر ناجی ہونے میں کوئی شک نہیں رہتا۔ مولوی اللہ دتا نے لاہوری احمدی جماعت اور دیگر احمدی جماعتوں کو بھی ناجی نہیں کہا۔ شکر ہے کہ مولوی صاحب نے خود ہی ایک حدیث لکھ دی ہے۔ اب ہر عقلمند کے لئے فیصلہ آسان ہے۔ اور ہم اس حدیث سے ثابت کردینگے کہ قادیانی جماعتیں یقیناً اس حدیث کے رو سے جہنمی ہیں۔ اور وہ حدیث یہ ہے: ''ان بنی اسرائیل تفرقت علی اثنتین و سبعین ملة وتفترق امتی علی ثلاث وسبعین ملة کلھم فی النار الا ملة واحدة قالوا من ھی یا رسول اللّٰہ قال ما انا علیه واصحابی'' (ترمذی، جلد ۲، ص ۸۹)

ترجمہ: ''تحقیق بنی اسرائیل ۷۲ فرقوں پر تقسیم ہوئے اور میری امت ۷۳ فرقوں پر تقسیم ہوگی۔ سب فرقے دوزخ میں جائیں گے صرف ایک ہی فرقہ نجات پائے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ وہ کون سا فرقہ ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس

طریق پر میں ہوں اور میرے اصحاب ہیں"۔

یہ رسول اللہ ﷺ کا فیصلہ ہے کہ صرف وہی ایک فرقہ ناجی ہے جس پر میں اور میرے اصحاب ہیں۔ اب جس قدر فرقے اسلام میں ہیں سب کا دعویٰ یہی ہے کہ ہم ہی وہ ناجی فرقہ ہیں۔ چنانچہ مولوی اللہ دتا صاحب نے بھی لکھ دیا ہے کہ وہ ناجی فرقہ احمدی جماعت کا ہے اور اسکے علاوہ سب کو جہنمی فرماتے ہیں۔ اس واسطے اسی فرقہ پر بحث کی جاتی ہے اور ثابت کیا جاتا ہے کہ احمدی (مرزائی) جماعت فرقہ ناجیہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ انکے اپنے اندر کئی جماعتیں بن گئی ہیں۔ لاہوری جماعت جو مرزا صاحب (غلام احمد قادیانی) کو نبی نہیں مانتی۔ اروپی جماعت جو مرزا صاحب کو کامل نبی اور صاحب شریعت نبی مانتی ہے۔ گناچوری جماعت جو مولوی عبداللطیف صاحب کی جماعت ہے جو مولوی عبداللطیف صاحب کو نبی ورسول وامام مہدی یقین کرتی ہے۔ میاں نبی بخش ساکن معراجکے ضلع سیالکوٹ کی جماعت جو میاں نبی بخش کو نبی مانتی ہے۔ مولوی محمد سعید صاحب قمرالانبیا کی جماعت۔ قاضی یار محمد کانگڑی کی جماعت۔ عبداللہ تماپوری کی جماعت۔ غرض کہ یہ تمام احمدی کہلاتے ہیں اور سب ایک دوسرے کو گمراہ سمجھتے ہیں۔ لاہوری جماعت قادیانی جماعت کو بہ سبب منکر ختم نبوت اور مرزا صاحب کو نبی تسلیم کرنے کے اسلام سے خارج سمجھتی ہے۔ او قادیانی جماعت لاہوری جماعت کو بہ سبب انکار نبوت مرزا صاحب کے کافر جانتی ہے۔ ایسا ہی دوسری جماعتیں اپنی اپنی مخالف جماعتوں کو کافر سمجھتی ہیں۔ حالانکہ سب مرزا صاحب کے مرید ہیں۔

پس مولوی اللہ دتا صاحب جواب دیں کہ کیا یہ سب جماعتیں اس حدیث کے رو سے ناجی ہیں؟ اور "مَا اَنَا عَلَیْهِ وَأَصْحَابِی" والے مبارک گروہ میں سے ہوسکتی ہیں؟

ہر گز ہر گز نہیں۔ کیونکہ مرزا صاحب کے مرید ہو کر وہ ہر گز ہر گز مذہب پر نہیں رہے جو مذہب محمد رسول اللہ ﷺ وصحابہ کرام کا مذہب تھا۔ بوجوہات ذیل۔ بلکہ مرزا صاحب اور انکے مریدوں نے یہود والے کام کئے اور صراطِ مستقیم سے بہت دور ہو گئے۔

اول: مرزا صاحب لکھتے ہیں: ''ہم ایسے ناپاک خیال اور متکبر راستبازوں کے دشمن کو ایک بھلا مانس آدمی بھی قرار نہیں دے سکتے۔ چہ جائیکہ اسکو نبی قرار دیں''۔ (ضمیمہ انجام آتھم، ص ۷)۔ جیسا کہ یہودیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت سے انکار کیا ویسے ہی مرزا صاحب اور اسکے مرید کرتے ہیں۔

مولوی اللہ دتا صاحب جواب دیں کہ کیا رسول اللہ ﷺ وصحابہ کرام نے بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ہتک کی جیسا کہ مرزا صاحب نے ضمیمہ انجام آتھم میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کی ہے۔ جنکی قرآن شریف نے بدیں الفاظ تعریف کی ہے: ﴿وَجِیْهًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ﴾ کیا کبھی کسی صحابی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں ایسے گندے الفاظ کہے جو مرزا نے کہے کہ وہ کنجریوں سے میل جول رکھتا تھا۔ حرام کی کمائی کا عطر اپنے پیروں پر ملواتا تھا (نعوذ باللہ) اسکی تین دادیاں نانیاں حرام کار زانیہ تھیں۔ ہر گز نہیں۔ تو پھر مرزا صاحب اور انکے مرید ''مَا اَنَا عَلَیْهِ وَأَصْحَابِی'' کی شرط سے باہر ہیں۔ اور ہر گز ان میں فرقہ ناجیہ کی علامتیں نہیں اور نہ فرقہ ناجیہ ہو سکتے ہیں۔

دوم: مرزا صاحب نے قرآن شریف کو چھوڑ کر اپنے کشوف والہامات پر عمل کر کے اپنی جماعت الگ بنالی۔ اور نہایت شوخی اور گستاخی سے رسول اللہ ﷺ کی ہتک کی اور لکھا کہ ''اب میری بیعت میری تعلیم اور میری وحی کو خدا نے مدار نجات ٹھرایا''۔ (اربعین نمبر ۴، ص ۶)۔ گویا اب قرآن شریف مدار نجات نہیں اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی پیروی اور نبوت کا

اقرار مدار نجات نہیں۔ لاحول ولاقوۃ. اس لئے مرزا صاحب ”مَا اَنَا عَلَیْہِ وَأَصْحَابِی“ کے پاک گروہ سے خارج ہوگئے۔اپنے کشفوں اور الہاموں کو قرآن شریف کی مانند خطاء سے پاک زعم کیا اور لکھا:

آنچہ من بشنوم زوحی خدا بخدا پاک دانمش ز خطا

ہمچو قرآں منزہ اش دانم از خطا ہا ہمیں است ایمانم

یعنی جو کچھ کہ میں سنتا ہوں خدا کی وحی سے۔خدا کی قسم اس اپنی وحی کو خطا اور غلطی سے پاک جانتا ہوں۔اور قرآن کی مانند اسکو خطا سے پاک یقین کرتا ہوں۔حالانکہ مرزا صاحب جو کچھ سنتے ہیں اس میں شرک اور کفر ہے اور رسول اللہ ﷺ کا مذہب اور صحابہ کرام کے عقائد کے برخلاف ہیں۔دیکھو ذیل کے کشوف والہامات:

الف: انما امرک اذا اردت شیئا ان تقول له کن فیکون. ترجمہ: یعنی اے مرزا اب تیرا امر تبہ یہ ہے کہ جس چیز کا تو ارادہ کرے اور صرف کہدے کہ ہو جا' تو وہ چیز ہو جائے گی۔ (حقیقۃ الوحی' ص ۱۰۵)

ب: انت منی بمنزلة بروزی. ترجمہ: یعنی اے مرزا تو ہمارا بروز یعنی اوتار ہے۔
(تجلیات الٰہیہ' ص ۶۳)

ج: میں نے ایک کشف میں دیکھا کہ خود خدا ہوں اور یقین کیا کہ وہی ہوں۔خدا تعالیٰ میرے وجود میں داخل ہو گیا۔اور میرا غضب اور حلم اور تلخی اور شیرینی اور حرکت اور سکون سب اسی کا ہو گیا۔اور اس حالت میں میں کہہ رہا تھا کہ ہم ایک نیا نظام اور نیا آسمان اور نئی زمین چاہتے ہیں۔سو میں نے پہلے تو آسمان اور زمین کو اجمالی صورت میں پیدا کیا جس میں کوئی ترتیب وتفریق نہ تھی۔پھر میں نے منشاء حق کے موافق اسکی ترتیب وتفریق کی۔اور

میں دیکھتا تھا کہ میں اسکے خلق پر قادر ہوں۔ پھر میں نے آسمان دنیا کو پیدا کیا...... (الخ)۔

(آئینہ کمالات اسلام' مصنفہ مرزا صاحب' ص ۵۶۴و۵۶۵)

اے مولوی فاضل صاحب ذرا انصاف اور عقل و ہوش سے جواب دو کہ کبھی عاجز انسان بھی خدا ہوسکتا ہے اور خالق زمین و آسمان بن سکتا ہے؟ اور واجب الوجود ہستی، ممکن الوجود ہستی فانی وجود مرزا صاحب میں تنزل کر کے اوتار یعنی بروز ہو سکتی ہے؟ خدا کو حاضر و ناظر سمجھ کر جواب دینا کہ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام میں سے بھی کسی ایک کا یہ مذہب تھا؟ ہر گز نہیں۔ تو پھر آپ نے کیسے بلا دلیل لکھ دیا کہ احمدی فرقہ "مَا اَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِي" میں سے ہے۔ کسی صحابی نے کہیں فرمایا کہ مجھ کو الہام ہوا ہے۔ انت منی بمنزلة ولدی (حقیقۃ الوحی' ص ۸۶)۔ انت من مائنا وهم من فشل اے مرزا تو ہمارے پانی یعنی نطفہ سے ہے اور وہ لوگ خشکی سے۔ (اربعین نمبر ۳' ص ۳۴)۔ حالانکہ ایسے الہامات قرآن شریف کے برخلاف ہیں اور شرک کی نجاست سے بھرے ہوئے ہیں۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُنِ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ يُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ﴾ ترجمہ: یہود کہتے ہیں عزیر اللہ کے بیٹے ہیں اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کے بیٹے ہیں۔ یہ انکے منہ کی باتیں ہیں بلکہ ان کافروں کی جوان سے پہلے ہو گزرے ہیں (التوبہ)۔ کیا رسول اللہ ﷺ وصحابہ کرام کا یہی مذہب تھا؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر احمدی جماعت نہ "مَا اَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِي" کے مذہب پر ہے اور نہ ہی وہ ناجی ہو سکتی ہے۔

سوم: مرزا صاحب اور انکے مرید حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول از آسمان کے منکر ہو کر "مَا اَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِي" سے خارج ہو کر حیات مسیح سے انکار کرتے ہیں۔ اور بروزی

نزول کے معتقد ہیں حالانکہ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کا اور کل امت کا اجماع حیات مسیح پر اور اصالتاً نزول پر ہے۔ بلکہ یہ ایسا متفق علیہ عقیدہ تھا کہ مرزا صاحب خود بھی پہلے اسی عقیدہ پر تھے۔ چنانچہ "براہین احمدیہ" میں اب تک لکھا ہوا ہے:

"جب حضرت مسیح علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف لائیں گے تو انکے ہاتھ سے دین اسلام جمیع آفاق واقطار میں پھیل جائے گا"۔

(براہین احمدیہ، ص ۴۹۴ و ۴۹۵، مصنفہ مرزا صاحب)

اسی واسطے مولوی محمد حسین بٹالوی نے اس کتاب پر ریویو کیا تھا اور تعریف کی تھی۔ مگر بعد میں جب مرزا صاحب نے نبوت کا دعویٰ کیا تو مولوی محمد حسین نے انکی تکفیر کی اور اپنا ریویو واپس لے لیا۔

چونکہ نزول مسیح کا عقیدہ رکھنا ہر ایک مومن کا فرض ہے اس لئے کہ یہ علامات و اشراط قیامت سے ہے۔ اور یہ کلیہ قاعدہ ہے کہ اذا فات الشرط فات المشروط نزول مسیح کا منکر قیامت کا منکر ہو جاتا ہے۔ بدیں اصول مرزائی مسلمان نہیں ہیں۔ اور نہ وہ "مَا اَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِي" کے گروہ سے ہیں۔

مولوی اللہ دتا صاحب نے تین معیار جو لکھے ہیں کہ ان معیار کے رو سے احمدی فرقہ ناجیہ ہے، یہ بھی غلط ہے۔ ذیل میں انکے ہر ایک معیار کا جواب ملاحظہ ہو:

معیار اول: عقائد کے لحاظ سے فیصلہ کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت بیان فرمائی: ﴿هُوَ الَّذِىٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ﴾ ترجمہ: "ہم نے رسول پاک محمد ﷺ کو ہدایت اور دین حق دیکر بھیجا ہے تا کہ اسے تمام ادیان پر غالب کرے۔ اگرچہ مشرکین اسے ناپسند کریں"۔ اس آیت

میں بتایا گیا ہے کہ محمد عربی ﷺ کے دین اور عقائد کی یہ علامت ہے کہ وہ دیگر ادیان باطلہ پر غالب آئے گا اور دوسرے مذاہب انکے سامنے مغلوب ہو جاتے ہیں......(الخ)۔

جواب: یہ معیار خود ہی مرزا صاحب کے مذہب کا بطلان کر رہا ہے۔ کیونکہ یہ آیت محمد رسول اللہ ﷺ کے حق میں ہے۔ اور تاریخ شہادت دیتی ہے کہ اسلام محمدی تمام ادیان باطلہ پر تیرہ سو (۱۳۰۰) برس سے اپنی خوبیوں کے سبب غالب آتا رہا۔ مگر مرزا صاحب کوئی دین نہیں لائے اور نہ کوئی ہدایت نامہ لائے۔ تو وہ اس آیت کے مصداق ہرگز نہیں ہو سکتے۔ وہ خود لکھتے ہیں:

ع من نیستم رسول و نیاوردہ ام کتاب

کہ میں نہ رسول ہوں اور نہ کوئی کتاب لایا ہوں۔ مرزا صاحب نے اسلام کے صافی چشمہ توحید میں شرک و کفر کی نجاست اپنے کشفوں اور الہاموں سے ڈال کر قادیانی اسلام ایسی بدنما شکل میں ظاہر کیا کہ سب ادیان باطلہ اس پر یعنی اس قادیانی اسلام پر غالب آتے ہیں۔ یہ ناپاک جھوٹ ہے کہ احمدی ہر ایک بحث میں مخالفین پر غالب آتے ہیں۔ ذیل کے واقعات اس جھوٹے دعوے کی تردید کرتے ہیں۔

مرزا صاحب نے عیسائیوں سے مباحثہ کیا اور ایسے مغلوب ہوئے کہ عبداللہ آتھم عیسائی کے مقابلہ میں خدا تعالیٰ نے اپنے ید قدرت سے انکو ذلیل کیا کہ جب عبداللہ نہ مرا اور پیشگوئی جھوٹی نکلی جس میں مرزا صاحب نے خود اقرار کیا تھا کہ اگر عبداللہ عیسائی میعاد کے اندر نہ مرا تو میں جھوٹا ہوں گا اور میرے گلے میں رسہ ڈالا جائے اور پھانسی دیا جائے۔ جب عبداللہ آتھم میعاد کے اندر نہ مرا تو مرزا صاحب کی وہ ذلت ہوئی۔ اور عیسائیوں نے عبداللہ کو ہاتھی پر بٹھا کر شہر امرتسر میں پھرایا اور فتح اور نصرت کے نعرے لگائے اور اسلام کی

بھی ہتک کی۔ کیونکہ مرزا صاحب نے اس پیشگوئی کو اسلام کی صداقت کا معیار مقرر کیا تھا۔ اور لکھا تھا کہ

پیشگوئی کا جو انجام ہو برا ہوگا　　کوئی پا جائیگا عزت کوئی رسوا ہوگا

پس جب مرزا صاحب کی ذلت ہوئی اور عیسائیوں کی عزت ہوئی تو مرزا صاحب جھوٹے ثابت ہوئے۔ مگر بے حیائی سے کہا جاتا ہے کہ ہر میدان میں مرزائی فتح پاتے ہیں۔ حالانکہ ہر ایک میدانِ مناظرہ میں شکست کھاتے ہیں۔ مرزا صاحب کی تمام عمر وفات مسیح ثابت کرنے میں گزری، مگر نامراد ہی رہے۔ کسی قرآن کی آیت اور نہ کسی حدیث نبوی سے ثابت کر سکے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر موت وارد ہو چکی ہے۔ ہاں یہ ایک جاہلانہ دلیل پیش کرتے ہیں۔ جیسا کہ اس ٹریکٹ نمبر۶ میں آپ نے مرزا صاحب کی زٹلیات میں سے ایک زٹل نقل کی ہے۔

مسیح ناصری را تا قیامت زندہ می فہمند　　مگر مدفونِ یثرب را ندادند ایں فضیلت را

یعنی مسیح کو قیامت تک زندہ مانتے ہیں اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو یہ فضیلت نہ دی۔ ان جاہلوں سے کوئی پوچھے کہ مرزا صاحب نے اس زندگانی وحیاتی دنیا کو فضیلت کیسے سمجھ لیا۔ قرآن شریف اور احادیث میں تو حیاتی دنیا کی کچھ قدرت ومنزلت نہیں۔ صرف عیسائیوں کے ڈھکوسلوں کی نقل کرتے ہیں اور ﴿وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی﴾، ﴿وَمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ﴾ قرآن شریف کی مخالفت کر کے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ہتک جانتے ہیں۔ حالانکہ یہ حیاتی ایک قید ہے اور جو شخص فوت ہو جاتا ہے وہ اس منزل دار فانی سے خلاصی پا کر دار البقا میں چلا جاتا ہے۔

ع　نشنیدہ کہ ہر کہ بمیرد تمام شد

پس دنیاوی زندگی کو فضیلت دینی اور عاقبت کی حیاتی دائمی کو باعث ہتک سرور دو عالم ﷺ کہنا نہایت درجہ کی جہالت ہے۔ پس یہ بالکل ناپاک جھوٹ کی نجاست کھانی ہے جو عیسائیوں کی طرح کہا جاتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام افضل ہیں محمد ﷺ سے۔ کیونکہ وہ زندہ ہیں اور حضور ﷺ فوت ہو گئے۔ حالانکہ جو فوت ہو جاتا ہے وہ اپنی منازل دنیا کو طے کر جاتا ہے اور جب تک انسان زندہ ہے رنج و تکالیف کے پھندے میں پھنسا ہوا ہے۔ وہ ہرگز افضل نہیں ہو سکتا۔ کیا مولوی اللہ دتا افضل ہے مرزا صاحب سے۔ کیونکہ وہ مر گئے اور اللہ دتا زندہ ہے۔ اور یہ بھی بالکل غلط اور واقعات کے برخلاف ہے کہ صحیح مقابلہ اور غلبہ احمدیوں کے ہاتھوں ہوتا ہے۔ بھلا ایسا شخص کس طرح عیسائیوں کا مقابلہ کر کرے ان پر غالب آ سکتا ہے جسکے اپنے اندر یہ گندہ عقیدہ ہے کہ خدا نے مرزا صاحب کو فرمایا: انت منی بمنزلة ولدی (حقیقۃ الوحی، ص ۸۲)۔ یعنی اے مرزا تو ہمارے بیٹے کی جا بجا ہے۔ اور مرزا صاحب کا دعویٰ ہے کہ میں مثیل مسیح علیہ السلام ہوں۔ اور عیسیٰ علیہ السلام عیسائیوں کے اعتقاد میں خدا کا بیٹا ہے۔ جب مرزا صاحب کو خدا نے بمنزلة ولدی کہا تو عیسیٰ علیہ السلام کا ولد اللہ ہونا مرزا صاحب کے الہام سے ثابت ہو گیا۔ کیونکہ خدا نے اس الہام یا شیطان کے اس وسوسہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ابن اللہ ہونا ثابت کر دیا۔ ایک مرزائی کسی عیسائی سے کیا خاک بحث کر سکتا ہے جب مرزائی عیسائی کو کہے گا کہ آپ مشرک ہیں کہ خدا کے لئے بیٹا تجویز کرتے ہیں اور اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضرت مسیح ابن اللہ تھے۔ تو عیسائی کہے گا کہ آپ ہم سے ڈبل مشرک اور کافر ہیں کہ آپ مرزا صاحب کو ابن اللہ مانتے ہیں۔ اور پھر غضب یہ کرتے ہیں کہ مرزا صاحب کو خدا کا صلبی بیٹا مانتے ہیں۔ دیکھو الہام مرزا صاحب: انت من مائنا وھم من فشل (اربعین نمبر ۳، ص ۳۴، مصنفہ مرزا صاحب)۔ تو مرزائیوں کے پاس اسکا کوئی جواب نہیں ہو سکتا۔

پس مرزائی ہمیشہ مغلوب ہی رہیں گے۔اور آریہ سماجیوں سے بھی بحث نہیں کر سکتے کیونکہ مرزا جی کو کرشن جی کا اوتار بھی مانتے ہیں (دیکھو لیکچر سیالکوٹ، دسمبر ۱۹۰۴ء)۔ پہلے مرزا صاحب نے باسدیو دیوکی کے گھر گوکل میں جنم لیا۔اور پھر قادیان میں جنم لیا جو کہ تناسخ ہے۔جھوٹ بول کر اور دھوکہ دے کر جو چاہو لکھو، آپ کا اختیار ہے۔مرزا صاحب تو اپنے الہاموں سے جھوٹے ہیں کہ انکے الہامات شیطانی وساوس ثابت ہوئے کیونکہ وہ قرآن واحادیث کے برخلاف ہیں۔مرزا صاحب کو الہام ہوا کہ ''مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور وعدہ کے موافق اسکے رنگ میں ہو کر تو آیا ہے''۔بموجب اصول اسلامی اس الہام کی تصدیق و تطبیق قرآن وحدیث سے کرنی چاہیے تھی۔کیونکہ رسول اللہ ﷺ اور حضور کے صحابہ نے اس آیت سے مسیح پر موت کا وارد ہونا نہیں سمجھا اور نہ دوسرے مسلمانوں کو جو قرون اولیٰ کے تھے سمجھایا:''عن ابن عباس قال قال رسول اللہ ﷺ وان من اهل الكتاب الا ليومنن به قبل موته قال خروج عیسیٰ علیہ السلام''، ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے اور نہیں کوئی اہل کتاب سے مگر ضرور ایمان لائیگا ساتھ اسکے پہلے موت اسکی کے۔کہا ابن عباس نے مراد اس سے نکلنا عیسیٰ علیہ السلام کا ہے۔(روایت کیا اسکو حاکم نے اور کہا کہ صحیح ہے اور بر شرط شیخین کے۔)

''سنن ابن ماجہ مصری جلد ۲ ص ۲۶۸'' پر عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میں معراج کی رات ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام سے ملا اور قیامت کے متعلق ذکر ہوا۔پہلے ابراہیم علیہ السلام سے دریافت کیا انہوں نے کہا ''لا عِلْمَ لِیْ''. پھر امر موسیٰ علیہ السلام کے حوالے کیا گیا، انہوں نے کہا کہ ''لا عِلْمَ لِیْ''. پھر آخر میں یہ امر عیسیٰ علیہ السلام پر ڈالا گیا، انہوں نے کہا کہ اصل علم خدا کے سوا کسی کو

نہیں۔ مگر میرے ساتھ اللہ نے وعدہ کیا ہے کہ جب دجال نکلے گا تو میں نازل ہوں گا اور اسکو قتل کرونگا۔

”عن ابی هريرة قال قال رسول اللهﷺ والذی نفسی بيده ليوشكن ان ينزل فيكم ابن مريم حكما عدلا فيكسر الصليب ويقتل الخنزير ويضع الجزية ويفيض المال حتى لا يقبل احد حتى تكون السجدة الواحدة خير من الدنيا وما فيها ثم يقول أبوهريرة فاقرئوا ان شئتم: ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ اِلَّالَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾(الآية). (متفق عليه)“

ترجمہ: روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے۔ قسم ہے اس ذات کی جسکے قبضہ میں میری جان ہے۔ تحقیق اتریںگے تم میں عیسیٰ بیٹے مریم کے درحالیکہ حاکم عادل ہوں گے۔ پس توڑینگے صلیب کو اور قتل کرینگے خنزیر کو۔ اور بہت ہوگا مال یہاں تک کہ نہ قبول کریگا اسکو کوئی۔ اور بہتر ہوگا ایک سجدہ دنیا سے اور ہر چیز سے کہ دنیا میں ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر اس میں شک ہو تو پڑھو قرآن کی آیت کہ ”نہیں کوئی اہل کتاب سے مگر وہ ایمان لائیگا عیسیٰ علیہ السلام پر پہلے مرنے عیسیٰ علیہ السلام کے اور ان پر عیسیٰ علیہ السلام گواہ ہوں گے قیامت کے دن۔ روایت کی بخاری و مسلم نے۔ (مظاہر حق، جلد۴)

مرزا صاحب نے اس الہام کو قرآن شریف کیساتھ مقابلہ نہ کیا۔ اور بغیر تصدیق قرآن شریف کے، قرآن اور احادیث کے برخلاف اور صحابہ کرام کے مخالف قرآن میں تحریف شروع کردی اور قرآن شریف کی آیات میں تضارب کیا اور یہود کے ساتھ مماثلت شروع کردی۔ اور آیات قرآنی کی غلط اور الٹے معنی کرنے شروع کردیئے۔ ذیل میں نمونہ کے طور پر چند آیتیں لکھی جاتی ہیں، تاکہ مرزا صاحب کا مَا اَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِی کے

برخلاف ہونا ثابت ہو۔

پہلی آیت: جس سے حیات مسیح ثابت ہے اسکو رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے برخلاف وفات مسیح پر دلیل گردانا' وہ آیت یہ ہے: ﴿یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ وَمُطَهِّرُکَ مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْکَ فَوْقَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ﴾ ترجمہ: یعنی اے عیسیٰ میں تجھے وفات دینے والا ہوں اور پھر (عزت کے ساتھ) اپنی طرف اٹھانے والا ہوں اور کافروں کی تہمتوں سے پاک کرنے والا ہوں اور تیرے متبعین کو تیرے منکروں پر قیامت تک غلبہ دینے والا ہوں۔ (ازالہ اوہام ص ۵۹۸)

مرزا صاحب نے خود ترجمہ کیا ہے کہ ''اے عیسیٰ میں تجھے وفات دینے والا ہوں''۔ اسی فقرہ سے حیات ثابت ہے۔ کیونکہ وفات دینے والا ہوں۔ یہ تو وعدۂ وفات ہے اس سے وفات کا مسیح پر وارد ہو جانا ہرگز ثابت نہیں۔ کیونکہ وعدہ الگ امر ہے اور وعدہ کا پورا ہونا الگ امر ہے۔ یعنی وفات کا وعدہ ہی ثابت کر رہا ہے کہ مسیح پر موت وارد نہیں ہوئی۔ مرزا صاحب نے اس آیت کے معنی اور تفسیر غلط کر کے اپنا مَا اَنَا عَلَیْهِ وَأَصْحَابِی سے نہ ہونا ثابت کر دیا۔

اور کنز العمال ج ۷ ص ۲۰۲ (زیر عنوان 'الاکمال' لفظ نمبر ۳۳۱) مطبوعہ حیدرآباد میں ہے:

''ان روح اللّٰہ عیسٰی نازل فیکم فاذا رأیتموہ فاعرفوہ فانہ رجل مربوع الی الحمرة والبیاض علیہ ثوبان ممصران کان راسہ یقطر وان لم یصبہ بلل فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویدعو الناس الی الاسلام فیھلک اللّٰہ فی زمانہ المسیح الدجال وتقع الامنة علی اھل الارض حتی ترعی الاسود مع الابل والنمور مع البقر والذیاب مع الغنم ویلعب

الصبیان الحیات لاتضرهم فیمکث اربعین سنة ثم یتوفی ویصلی علیه المسلمون". (ک، عن ابی هریرة)

ان حدیثوں سے اظہر من الشمس ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کا یہ مذہب تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی ناصری اصالتاً نزول فرمائیں گے، جن کا ذکر "سورۂ نساء" میں ہے۔ پس چونکہ مرزا صاحب مَا اَنَا عَلَیْهِ وَأَصْحَابِی کے برخلاف بروزی نزول کے معتقد ہیں، اس واسطے ناجی جماعت مَا اَنَا عَلَیْهِ وَأَصْحَابِی سے خارج ہیں۔ فیکم اور ان عیسیٰ روح اللّٰہ اور ثم یتوفی ثابت کررہے ہیں کہ وہی عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اتریں گے۔ جیسا کہ اجماع امت ہے۔ اور اسی مذہب پر پہلے خود مرزا صاحب بھی تھے۔

معیار ثانی: یہی ایک جماعت ہے جو بلاد بعیدہ: جرمنی، انگلستان، امریکہ، نائیجیریا میں خدائے بلند و برتر کی توحید اور رسولِ پاک کی عظمت پھیلا رہی ہے۔ پس معیار ثانی کی رو سے بھی الجماعت الاحمدیہ ہی وہ جماعت ہے جسکو ناجی قرار دیا گیا۔

جواب: مرزائی جماعتیں ہرگز ہرگز تبلیغ اسلام محمدیہ کی نہیں کرتیں۔ بلکہ وہ مرزا صاحب کی نبوت کاذبہ اور مسیحیت بروزیہ کی تبلیغ کرتی ہیں۔ اسلامی توحید کی بجائے قادیانی کفریات اور نبوت کاذبہ کی تبلیغ کرتے ہیں۔ یہ سخت ناپاک دھوکہ ہے جسکی نسبت قرآن میں ﴿لَّعْنَةَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِیْنَ﴾ فرمایا گیا ہے۔ غیر ممالک میں مرزا صاحب کی جماعت کے پیدا ہونے سے پہلے ان ملکوں میں مسلمانوں کے ذریعہ اسلام پہنچ چکا تھا۔ چین میں آٹھ کروڑ مسلمان کس طرح ہوئے؟ افریقہ کے تمام جزیروں میں کس طرح اسلام پھیلا۔ جرمن و فرانس میں مسلمان، مرزائیوں سے پہلے حقیقی اسلام کی تبلیغ کرتے رہے ہیں۔ سلطان صلاح الدین علیہ الرحمۃ کے کارنامے تاریخوں میں درج ہیں۔ بلا دلیل تو ایک ہجڑے کو بھی رستم کا

خطاب دے سکتے ہیں، مگر واقعات جھوٹ اور سچ فرق ظاہر کر دیتے ہیں۔ حال ہی میں برلن میں اسلامی کانفرنس ہوئی ہے، جس میں محمد عبدالجبار خیری نے ایک طویل تقریر فرمائی۔ پھر نمائندہ حلب امین آفندی نے تقریر کی اور انہوں نے وہ خط پڑھ کر سنایا جو جنوبی جرمنی کے مسلم باشندوں کا ایک ولولہ انگیز خط تھا۔ بعدازاں محمد سعید صاحب نے اپنا ترجمہ قرآن مجید جرمنی زبان میں کیا ہوا سنایا۔ (تفصیل کے لئے دیکھو''اخبار وکیل'' امرتسر ۲۴ مارچ ۱۹۲۶ء)۔ اس اخبار کے خلاصہ سے صرف یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ مولوی اللہ دتا مرزائی کو معلوم ہو جائے کہ اسلام تمام دنیا میں مسلمان پھیلا رہے ہیں۔ مولوی اللہ دتا کو اگر معلوم نہ ہو تو انکو اس شعر پر عمل کرنا چاہیے:

ذرا بتکدہ سے نکل کر تو دیکھو خدا کی خدائی میں کیا ہو رہا ہے

قادیان کے استعارہ ومجاز اور ظل وبروز واوتار کے باطل پرستی کے قلعہ کی قید سے نکل کر جہل مرکب کے پردہ سے باہر آؤ تا کہ جھوٹ اور سچ میں فرق کر سکو۔

ترازوے زخرد پیش آرد نیک بسنج کہ تا بگفت و شنید تو اعتبار بود

مثل مشہور ہے: ''کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا''۔ صحابہ کرام نے تو نبوت کاذبہ کا خاتمہ کر دیا تھا اور مسیلمہ کذاب کو بمعہ اسکی جماعت کے صفحہ ہستی سے نابود کر دیا تھا۔ پس اب بھی وہی گروہ مَا اَنَا عَلَیْہِ وَأَصْحَابِی میں سے ہوسکتا ہے جو نبوت کاذبہ قادیانی کو نابود کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ نبوت کاذبہ کے حامی ہرگز مَا اَنَا عَلَیْہِ وَأَصْحَابِی میں نہیں آسکتے اور نہ ناجی ہوسکتے ہیں۔

معیار ثالث: خدا کی کتاب ایک خزانہ ہے۔ مرزا صاحب کو معارف قرآن کا علم دیا گیا۔ اب یقیناً سب اسلامی فرقوں میں سے وہ فرقہ ہی ناجی ہے جس پر حقائق قرآن بسط اور

تفصیل سے کھولے جائیں۔ مسیح موعود نے دنیا بھر میں چیلنج دیا اور دنیا نے اپنے عجز وسکوت سے آپ کی صداقت پر مہر کردی۔

جواب: قرآن شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ یہودی تورات کی تفسیر ومعانی اپنی رائے سے کرتے تھے اور جو جو معنی انکے اپنے دماغ میں آتے رہے صحیح سمجھتے اور دوسرے عالموں کو جاہل سمجھتے تھے۔ اسی واسطے ان پر خدا کا قہر نازل ہوا اور وہ مغضوب ہوئے۔ مرزا صاحب کے معارف قرآن کا نمونہ یہ ہے کہ ''سورۂ تحریم'' میں جو خدا نے مومنوں کو مریم سے تشبیہ دی ہے اس واسطے مرزا سچ مچ مریم بن بیٹھا اور لکھا کہ مریم کی طرح عیسیٰ علیہ السلام کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور استعارہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا۔ آخر کئی مہینے کے بعد جو دس مہینے سے زیادہ نہیں بذریعہ اس الہام کے جو سب سے آخر ''براہین احمدیہ'' کے حصہ چہارم ص ۵۲۶ میں درج ہے ''مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا۔ (کشتی نوح، ص ۴۷)۔ پس اس طور سے میں ابن مریم ٹھہرا۔ پھر اسی صفحہ کی سطر ۱۶ پر حقائق قرآنی اس طرح درج ہیں: ''فَاَجَآءَ هَا الْمَخَاضُ اِلٰی جِذْعِ النَّخْلَةِ قَالَتْ یٰلَیْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ نَسْیًا مَّنْسِیًّا'' یعنی پھر مریم کو جو مراد اس عاجز (یعنی مرزا) سے ہے۔ دردِ زِہ تنہ کھجور کی طرف لے آئی۔ یعنی عوام الناس اور جاہلوں اور بے سمجھ علماء سے واسطہ پڑا جنکے پاس ایمان کا پھل نہ تھا۔ جنھوں نے تکفیر وتوہین کی اور گالیاں دیں۔ اور ایک طوفان برپا کیا۔ تب مریم نے کہا کہ کاش میں اس سے پہلے مرجاتی اور میرا نام ونشان باقی نہ رہتا...... (الخ)۔

(کشتی نوح، ص ۴۷، مصنفہ مرزا صاحب)

مولوی اللہ دتا صاحب غور فرمائیں کہ کیا یہی حقائق ودقائق مرزا صاحب کو دیئے گئے کہ اول مرد تھے پھر عورت ہوگئے۔ پھر انکو حیض آنا شروع ہوگیا اور پھر وہ حیض بچہ بن

گیا۔جیسا کہ انکا الہام ہے:"یریدون ان یروا تمشک"(حقیقۃ الوحی)۔پھر مرزا صاحب میں عیسیٰ کی روح پھونکی گئی اور پھر میعاد حمل ۹ ماہ کے بعد بچہ پیدا ہوا اور دردِ زہ ہوا۔اور تنہ کھجور کے پاس انکو لے آئے۔کیا کلام الٰہی کی یہ توہین نہیں ہے کہ ایسے ایسے گندے خیالات خلاف قانون قدرت سے تفسیر بالرائے کیجائے اور غیر مذاہب والوں کو ہنسی کا موقعہ دیا جائے۔مولوی اللہ دتا صاحب یہ فرمائیں کہ مرزا صاحب کو حیض کس راستہ سے آتا تھا۔اور کس راستہ سے انکے اندر عیسیٰ کی روح پھونکی گئی۔اور کس بچہ دانی میں بچہ پرورش پاتا تھا۔اور کس راستہ سے نو ماہ کے بعد باہر نکلا۔اور یہ بھی فرمائیں کہ اس طرح تو مرزا صاحب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ماں ثابت ہوئے۔کیونکہ مرزا صاجب نے عیسیٰ کو جنا۔مگر مرزا صاحب تو مرد تھے۔یہ خیالی پلاؤ اور ہزیان تمام غلط ہوا۔کیونکہ مرزا صاحب ابن مریم ثابت نہ ہوئے۔اور اپنا تمام کھیل مرزا صاحب نے خود بگاڑ دیا۔کیونکہ بجائے ابن مریم ہونے کے ام مریم ثابت ہوئے۔اس قسم کے حقائق و معارف پہلے نواب واجد علی شاہ صاحب والی لکھنؤ کو سوجھا کرتے تھے۔فرق صرف یہ ہے کہ وہ ان خیالات فاسدہ کا نام الہام نہ رکھتے تھے اور نہ مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتے تھے۔

یہ بالکل غلط ہے کہ مرزا صاحب نے علماء کو ساکت کردیا۔جناب قاضی ظفر الدین مرحوم پروفیسر اورینٹل کالج نے مرزا صاحب کے اعجازی قصیدہ کا جواب لکھا تو مرزا صاحب چپ ہوگئے۔مولانا اصغر علی صاحب روحی پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور نے جواب لکھا۔مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری خود خاص قادیان میں تشریف لے گئے مگر مرزا جی ایسے دبکے کہ گھر سے باہر نہ نکلے۔علامۂ زمان قطب دوران حضرت خواجہ سید مہر علی شاہ صاحب مسند آرائے گولڑہ شریف کے بالمقابل قرآن کریم کی کسی آیت کی تفسیر بمقام لاہور

لکھنے کا وعدہ کیا۔ لیکن تاریخ مقررہ پر حضرت شاہ صاحب تو حسب وعدہ لاہور پہنچ گئے مگر مرزا جی نہ آئے اور بہانا یہ کیا کہ پیر صاحب کے ساتھ سرحدی پٹھان ہیں جن سے مجھے جان کا خطرہ ہے۔ حالانکہ یہ بھی انکے الہام کے برخلاف تھا: "واللہ یعصمک" میں خدا نے انکو خوشخبری دے رکھی تھی کہ میں تیرا حافظ ہوں تجھ کو کوئی ہلاک نہ کر سکے گا۔ آنحضرت ﷺ چونکہ خدا کے سچے رسول تھے لہٰذا اسی خدائی وعدہ کے بعد آپ نے پہرہ اٹھا دیا تھا۔ مگر مرزا جی چونکہ اپنے دعویٰ میں کاذب ہیں اور سچے رسول نہیں۔ لہٰذا ڈر گئے اور حضرت شاہ صاحب کے سامنے لاہور میں نہ آئے۔ سچے اور جھوٹے رسول میں یہی فرق ہے کہ جھوٹے کو اپنے الہام اور خدا پر یقین نہیں۔

اخیر میں دعا ہے کہ خدا تعالیٰ مسلمانوں کو مسیلمہ پرستی سے محفوظ رکھے اور کاذب مدعی نبوت ورسالت کی پیروی سے بچائے اور صراطِ مستقیم اسلام مَا اَنَا عَلَیْهِ وَأَصْحَابِی پر قائم رکھے۔ کیونکہ ایسے کذاب اشخاص کی نسبت مولانا روم نصیحت فرما گئے ہیں:

اے بسا ابلیس آدم روے ہست　　پس بہرد ستے نباید داد دست

یعنی بہت سے انسان شکل اور شیطان صفت ہوتے ہیں۔ پس ہر ایک کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دینا چاہیے۔

نوٹ: مولوی اللہ دتا سے درخواست ہے کہ وہ اسی بحث پر لکھیں اور ہمارے اعتراضات کا جواب دیں تا کہ حق و باطل میں فرق ہو جائے۔ ورنہ انکی باطل پرستی ثابت ہو گی۔

(محمد پیر بخش)

حالات مرزا غلام احمد قادیانی مدعی نبوت کاذبہ لا یعنی

(گذشتہ سے پیوستہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مرزا صاحب نے جواب دیا کہ لوگوں کو خوب دور کی سوجھتی ہے۔ مولوی صاحب نے مرزا صاحب سے پوچھا کہ آپ نے جو اشتہار ''براہین احمدیہ'' کا شائع کرایا ہے کچھ درخواستیں خریداری کی آپ کے پاس آئیں۔ مرزا صاحب نے جواب دیا کہ ابھی تک کچھ نہیں۔ میرا ارادہ ہے کہ میں خود ایک اشتہار شائع کروں کہ یہ کتاب ایسی لاجواب ہوگی۔ اگر کوئی شخص اسکا جواب لکھے گا اسکو ہم دس ہزار روپیہ انعام دیں گے۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ اگر آپ کے خیال میں وہ کتاب ایسی ہے تو پھر یہ اشتہار کس دن کے واسطے رکھ چھوڑا

کار امروز بفردا مگذار" اور دیگر اصحاب جلسہ کی طرف خطاب کر کے فرمایا کہ آپ صاحبان بھی اس کارخیر میں سعی فرمائیں اور امداد دیں کریں۔ سب صاحبوں نے وعدہ کیا اور جلسہ برخاست ہوا۔

مولوی محمد حسین صاحب کے فرمانے کے مطابق منشی الٰہی بخش صاحب اکاؤنٹنٹ بابو عبدالحق صاحب اکاؤنٹنٹ حافظ محمد یوسف صاحب ضلعدار و غیر عمائد لاہور بمعہ مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی مرزا صاحب کے معاون ہو گئے۔ اور مرزا صاحب کی شہرت اور کتاب ''براہین احمدیہ'' کی اشاعت کے اہتمام کے وسائل سوچے جانے کیلئے کبھی آریوں سے مباحثہ کبھی چھیڑ چھاڑ ہے۔ کبھی عیسائیوں کو چیلنج دیئے جا رہے ہیں۔ کبھی سکھوں کو مقابلہ کے واسطے ڈانٹا جاتا ہے۔ غرض کوئی حیلہ باقی نہ رہا جو مرزا صاحب کی شہرت کا باعث ہوتا۔ اور اس پر عمل نہ کیا جاتا۔ ''براہین احمدیہ'' کے خریدار بنانے کے واسطے اور پیشگی قیمت وصول کر کے مرزا صاحب کے پاس بھیجنے کے واسطے منشی الٰہی بخش اکاؤنٹنٹ و منشی عبدالحق صاحب اکاؤنٹنٹ دورہ کے واسطے نکلے۔ میں اس زمانہ میں ملتان ہیڈ پوسٹ آفس میں بعہدہ ہیڈ کلرک معین تھا۔ میرے پاس یہ صاحبان پہنچے اور چونکہ منشی الٰہی بخش صاحب ملتان شہر کے رہنے والے تھے انہوں نے دعوت بھی کی اور مجھ کو خریدار بھی بنایا۔ اور میں بھی سلک معاونین و مداحین مرزا صاحب میں منسلک ہوا۔ غرض مرزا صاحب کو جو کچھ بنایا مولوی محمد حسین بٹالوی اور انکے دوستوں نے مبالغہ آمیز مدح سرایاں کیں۔ مرزا صاحب کو اسلام کا حامی و خیر خواہ مشہور کر دیا۔ اور ہر کہ ومہ مرزا صاحب کو اسلام کا پہلوان اور عقائد اسلام کا حامی کہنے لگا۔ اور مرزا صاحب کا وجود ہر ایک مسلمان اسلام کے واسطے غنیمت یقین کرنے لگا۔ اور مولوی محمد حسین نے اپنے رسالہ ''اشاعت السنۃ'' میں ''براہین احمدیہ'' پر ریویو مبالغہ آمیز

خیالات میں کیا۔ جسکو مرزائی صاحبان پیش کر کے دھوکا دیتے ہیں کہ مولوی محمد حسین بٹالوی نے ریویو ''براہین احمدیہ'' کا لکھا تھا۔ (اور یہ نہیں بتاتے کہ یہ ریویو اس وقت لکھا تھا جبکہ مرزا صاحب مسلمان تھے اور انکا دعویٰ نبوت ورسالت و مہدویت اور کرشنیت کا نہ تھا۔ بعد میں جب مرزا صاحب کافر ہوئے اور نبوت ورسالت کا دعویٰ کیا تو وہ ریویو بھی مولوی صاحب نے واپس لے لیا۔ اور مرزا صاحب کو کافر کہا۔ اور ہر بلاد کے علماء اسلام کے فتوے منگوائے۔) جب کافی شہرت مرزا صاحب کی ہوگئی۔ اور مرزا صاحب اسلامی پہلوان مانے گئے۔ تو مرزا صاحب لاہور سے قادیان تشریف لے گئے۔ جب قادیان پہنچے تو انکے والد صاحب بیمار تھے۔ مندرجہ ذیل گفتگو ہوئی:

مرزا صاحب: ''السلام علیکم''۔

مرزا صاحب کے والد: ''وعلیکم السلام' غلام احمد بیٹا تم آ گئے خیر و عافیت ہے خط پہنچ گیا تھا''۔

مرزا صاحب: ''ہاں مجھ کو پیچش نے ہلاک کر دیا۔ اب کل سے کچھ افاقہ ہے۔ افسوس دنیا ناپائیدار ہے''۔

عمر بگذشت و نماند است جز ایامے چند تا کہ در یاد کسے صبح کنم شامے چند

سخت حیرت کا مقام ہے۔ جس قدر میں نے اس پلید دنیا کے لئے سعی کی ہے اگر میں وہ سعی دین کے لئے کرتا تو شاید آج قطب وقت یا غوث ہوتا۔ دنیا کے بیہودہ خرچوں کے لئے میں نے عمر خاص ضائع کی۔ اب ہمارا وقت قریب ہے اب جو دم ہے دم واپسیں ہے۔ (اپنی نبض پر ہاتھ رکھ) کر ضعف بہت ہو گیا ہے۔

مرزا صاحب: (نے اپنے والد کا ہاتھ پکڑ کر اور نبض دیکھ کر کہا کہ) ضعف تو ہونا

چاہیے تھا۔ یہ مرض جوان آدمی کو ضعیف بنا دیتا ہے۔ اور آپ کا تو مقتضائے عمر بھی ہے۔ مگر اب افاقہ ہے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوتے ہی طاقت عود کر آئے گی۔

والد مرزا صاحب: (نے آہ بھر کر) ''اب تو امید نہیں کہ طاقت عود کرے''۔

مرزا صاحب: ''آپ گھبراتے کیوں ہیں۔ اللہ تعالیٰ شافی مطلق ہے اسکے نزدیک کوئی بات ان ہونی نہیں ہے۔ وہ قادر مطلق ہے''۔

والد: ''اچھا تم سفر سے آئے ہو گرمی کا موسم ہے تھوڑی دیر آرام کرو''۔

مرزا صاحب: ''بہت بہتر''۔ کہہ کر اٹھ کھڑے ہوئے اور ایک چوبارہ پر چڑھ کر آرام کیا۔ آنکھ لگ گئی۔ شام کو اُٹھ کر پھر باپ کی تیمارداری میں مصروف ہو گئے۔ اگلے دن باپ نے وفات کی۔ رسوم کے موافق تجہیز و تکفین کر کے متوفی کی وصیت کے مطابق مسجد کے گوشہ میں دفن کیا گیا۔

چونکہ مرزا صاحب کے والد جو انکے ارادوں کو پورا نہ کرنے دیتے تھے وہ فوت ہو گئے۔ اب کوئی مناع و روک کرنے والا نہ رہا۔ اور مرزا صاحب کی مشہوری بذریعہ مولوی محمد حسین صاحب اور انکے احباب جسکا ذکر اوپر کیا گیا ہے کافی ہو چکی تھی۔ اور عرب صاحب کے ورد وظائف کا اثر بھی ہو چکا تھا۔ رجوعات ہونے لگی اور لوگ مرزا صاحب کی خدمت میں حاضر ہونے لگے۔ مرزا صاحب نے ایک ہندو منشی روزنامچہ نویس جو روزمرہ کے الہامات قلمبند کرے نوکر رکھا گیا۔ تاکہ مرزا صاحب کے الہامات کا تذکرہ کرے۔ ہر وقت صبح و شام الہام کا ذکر ہے۔ کوئی دعا کے واسطے آتا ہے۔ کوئی دوا کے واسطے۔ لالہ شرم پت رائے اور ملا وامل بھی ہر وقت موجود رہتے ہیں۔ مولوی محمد حسین صاحب، منشی عبدالحق صاحب اور بابو الٰہی بخش صاحب منادی میں مشغول ہیں۔ مگر ان بیچاروں کو کیا معلوم تھا۔

ع کوئی اور ہی محبوب ہے اس پرہ زنگاری میں

اور سچ بھی ہے غیب کا علم سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو نہیں ہے۔ مرزا صاحب کے ارادوں کو کوئی نہ جانتا تھا کہ آخر وہ نبوت اور رسالت کا دعویٰ کریں گے۔ مرزا صاحب نے جب دیکھا کہ اشتہاروں سے کچھ نہیں بنتا تو آپ نے دولت جمع کرنے کا اور ڈھنگ اختیار کیا۔ مگر چونکہ غیر مقلد تھے اور پیری مریدی کی دوکانوں کو اختیار کرنا پسند نہ کرتے تھے۔ آخر جب سوچا کہ دنیا میں کوئی کسب وروزگار ایسا نہیں ہ جس میں پیر خانوں جیسی آمدنی ہو۔ آپ نے بھی پیری مریدی کی دوکان کھولی اور اس دوکان کے چلانے کے واسطے شہرت تو پیدا کر چکے تھے۔ سب سے اول آپ نے ملہم ہونے کا دعویٰ کیا کہ مجھ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام ہوتے ہیں اور پیری مریدی کی دوکان چلانے کے واسطے یہ ڈھنگ اختیار کیا کہ سارا عملہ ہندو اور آریہ رکھے۔ اس میں یہ فائدہ سوچا کہ مخالفین کو ثبوت دیا جائیگا کہ آریہ گولہ ہیں۔ چنانچہ پنڈت شام لعل کو جو کہ ناگری اور فارسی اور اردو جانتے تھے بطور روزنامچہ نویس نوکر رکھا اور جو امور غیبیہ ظاہر ہوتے تھے اسکے ہاتھ سے وہ ناگری اور فارسی میں قبل از وقوع لکھے جاتے اور پھر شام لعل مذکور کے اسپر دستخط کرائے جاتے تھے۔ اور قادیان میں پیر خانہ چلانے کی تدابیر سوچی جاتی تھیں کیونکہ سوا دوکان پیری مریدی کے شاید مقصود کا چہرہ دیکھنا محال تھا۔ مرزا صاحب نے خاص توجہ پیری مریدی کی دوکان چلانے کی طرف کی۔ اور ''براہین احمدیہ'' کی اشاعت اور طباعت چھوڑ دی۔ جسکی تفصیل یہ ہے کہ مرزا صاحب نے پہلی جلد میں صرف اشتہار ''براہین احمدیہ'' مبالغہ آمیز عبارات میں شائع کیا۔ دوسری اور تیسری جلدوں میں مقدمہ اور تمہیدات شائع کیں۔ مگر تیسری جلد کی پشت پر اشتہار دیدیا کہ ''چونکہ کتاب تین سو جز تک بڑھ گئی ہے لہٰذا ان خریداروں کی خدمت میں جنہوں نے اب

تک کچھ قیمت نہیں بھیجی یا پوری قیمت نہیں بھیجی التماس ہے کہ اگر کچھ نہیں تو صرف اتنی مہربانی کریں کہ بقیہ قیمت بلاتوقف بھیجدیں۔ کیونکہ جس حالت میں اب اصلی قیمت کتاب کی سو روپیہ ہے اور اسکے عوض دس یا پندرہ روپیہ قیمت قرار پائی۔ پس اگر یہ ناچیز قیمت بھی مسلمان لوگ ادا نہ کریں تو پھر گویا وہ کام کے انجام سے آپ مانع ہونگے۔ اور اس قدر ہم نے برعایت ظاہر لکھا ہے۔ ورنہ اگر کوئی مدد نہ کرے گا یا کم توجہی سے پیش آئے گا، حقیقت میں وہ آپ ہی ایک سعادت عظمیٰ سے محروم رہے گا۔ اور خدا کے کام رک نہیں سکتے اور نہ کبھی رکے ہیں۔ جن باتوں کو قادر مطلق چاہتا ہے وہ کسی کی کم توجہی سے ملتوی نہیں رہ سکتے"۔

-والسلام علی من اتبع الہدیٰ' خاکسار غلام احمد-

ناظرین! ثابت ہو گیا کہ مرزا صاحب کو فروخت ''براہین احمدیہ'' اور وصول پیشگی قیمت میں کامیابی نہ ہوئی تو انہوں نے پیری مریدی کی دوکان چلانے کی کوشش کی اور قادیان میں پیر خانہ قائم کیا۔ اور ''براہین احمدیہ'' جلد چہارم کے اخیر میں لکھ دیا کہ اب ''براہین احمدیہ'' کی تکمیل خدا نے اپنے ذمہ لے لی ہے۔ اب وہ جب چاہے گا ''براہین احمدیہ'' شائع ہوگی۔ اور جس قدر قیمت پیشگی وصول ہو گئی تھی۔ اسکا روپیہ اپنے دعاوی کی اشاعت کرنے میں خرچ کیا۔ اور قادیان میں پیر خانہ کی بنیاد ڈالی۔ اور لنگر جاری کیا اور رات دن خودستائی اور اپنے الہاموں کی یہ نعمت غیر مترقبہ کہاں ؎

اے خدا قربان احسانت شوم　　واہ چہ احسان است قربانت شوم

مرزا صاحب کے مصاحب نے کہا کہ حضرت! حضور کا مرتبہ قرب الٰہی میں بڑا ہے (ص۶۴ چودھویں صدی کا مسیح)۔ دوسرے خوشامدی یکے بعد دیگرے۔ بقول ''پیراں نمے پرند

مریداں مے پرانند" کہ پیر خود نہیں اڑتے مرید اڑاتے ہیں۔ایک نے کہا اجی قطب کیا بلکہ غوث اعظم ہیں۔(چودھویں صدی کا مسیح، ص۶۴)

۱۸۸۸ء میں مرزا صاحب نے خدا سے الہام پا کر چودہویں صدی کے مجدد ہونیکا دعویٰ کیا۔ اور الہام عربی زبان میں بدیں الفاظ ہوا: "الرحمن علم القرآن لتنذر قوما ما انذر آباؤهم ولتستبين سبيل المجرمين قل انني امرت وانا اول المسلمين". یعنی خدا نے تجھے قرآن سکھایا اور صحیح معنی تیرے پر کھول دیئے۔ یہ اس لئے کیا تا کہ تو ان لوگوں کو برے انجام سے ڈرائے جو بباعث پشت در پشت کی غفلت اور ساتھ کئے جانے کے غلطیوں میں پڑ گئے۔اور تا ان مجرموں کی راہ کھل جائے جو ہدایت پہنچنے کے بعد بھی راہ راست کو قبول کرنا نہیں چاہتے۔پس مرزا صاحب نے کہا کہ میں مامور من اللہ اور اول المؤمنین ہوں۔ یہ سنتے ہی کئی آوازیں حاضرین جلسہ آمنا و صدقنا اور یکے بعد دیگرے بیعت ہونے کو بڑھے۔اب مرزا صاحب نے چودہویں صدی کے مجدد ہونے اور دعوت بیعت کا اشتہار شائع کیا۔ ہمیشہ دربار منعقد ہوتا ہے اور مرزا صاحب کے مرید دوسرے لوگوں کو مرید کرتے ہیں اور بیعت کراتے ہیں اور خوابیں بیان ہوتے ہیں اور مرزا صاحب کے مناقب سنائے جاتے ہیں۔

۱......**شخص:** سبحان اللہ وبحمدہ۔ دربار میں کیا رونق ہے۔نور مجسم بلکہ نور علی نور ہے۔

۲......**شخص:** مجھ کو ابتداء عمر میں صوفیاء کی خدمت میں رہنے کا اتفاق ہوا ہے اور بڑے بڑے مشائخ اور اولیاء اللہ کا دربار دیکھا ہے۔مگر توبہ توبہ یہ بات کہاں!

۳......**شخص:** "چه نسبت خاك را با عالمِ پاك" وہ لوگ دنیا کے طالب ریائی پر دوکانداری کا ڈھنگ جماتے ہیں۔ دنیا کا دھندا کرنے کو عبادت کے پردہ میں مکر بناتے

ہیں۔ خدا سے اور معرفت سے مہجور۔ نہ قرآن کی سمجھ نہ سنت سے واقفیت۔ انکا یہاں کیا ذکر ہے۔

۴...... **شخص:** "**شیر قالیں دگر ست وشیر نیستاں وگر است**" یہاں ہر دم خدا سے ہم کلامی۔ جو زبان سے نکلتا ہے گویا وہ خدا کا کلام ہے۔

۵...... **شخص:** جو ہمارے حضور مرزا صاحب کے حاشیہ نشینوں کو حاصل ہوا ہے وہ سلف سے آج تک کسی اولیاء اللہ کو نصیب نہیں ہوا۔

۶...... **شخص:** اجی حضرت وہ قصہ کہانیاں ہیں۔ اور یہ چشم دید واقعات ان سے انکو کیا نسبت ہے۔

۷...... **شخص:** بھائی اللہ کے دین کی باتیں ہیں **واللہ ذو الفضل العظیم** جسکو چاہے دے۔

۸...... **شخص:** اس میں کیا شک ہے۔ **ہر کہ شک آرد کافر گردد۔**

اسی اثناء میں سردار بہادر امیر شاہ صاحب پنشنر رسالدار رئیس لاہور حاضر دربار قادیانی ہوئے اور ''السلام علیکم'' کہا۔ مرزا صاحب نے ''وعلیکم السلام'' جواب دیا اور احوال پوچھا۔ سردار بہادر نے عرض کی حضرت کے اوصاف حمیدہ اور اخلاق پسندیدہ احباب سے سن کر مجھ کو کمال اشتیاق قدمبوسی کا پیدا ہوا۔ آخر جذبہ شوق یہاں تک بڑھا کہ کشاں لے آیا۔ مرزا صاحب نے فرمایا کہ آپ نے بڑی عنایت کی آپ کا مشکور ہوں۔ یہ آپ کا گھر ہے تشریف رکھئے۔ سردار بہادر نے اپنا حال یوں سنایا کہ میں پہلے ایک رسالہ میں رسالدار بہادر تھا۔ اب پنشنر ہوں اور شہر لاہور میں میری سکونت ہے۔ خدا کی عنایت سے سب کچھ کمایا۔ خدا کا دیا بہت روپیہ جمع ہے مگر زمانہ کا کچھ اعتبار نہیں۔ ہمیشہ نہ کوئی رہا نہ رہیگا۔ بقا سوا

خدا کے کسی کو نہیں۔ آخر ایک دن سب نے جانا ہے۔ اس قدر نقد اور جائداد کو کون سنبھالے گا۔ کون مالک ہوگا۔ یہ غم سینہ میں ہر وقت کانٹے کی طرح کھٹکتا رہتا ہے۔ بے اولاد کا رنج سوہان روح ہے۔ خیر میں تو مرد جہاں گرد ہوں۔ اِدھر اُدھر پھر کر غم غلط کر لیتا ہوں اور ہو بھی جاتا ہے۔ مگر عورتوں کو یہ غم سخت جانکاہ ہے۔ میری بیوی کو اسکا سخت صدمہ ہے۔

مرزا صاحب نے پوچھا کہ آپ کی کوئی اولاد نہیں۔ رسالدار صاحب نے عرض کیا کہ یہی صدمہ ہے کہ اولاد نہیں ہے۔ اور یہی مطلب یہاں حاضر ہونے کا ہے۔ آپ کے زہد و تقویٰ اور بزرگی کی لوگوں سے تعریف سنکر آیا ہوں۔ اور آپ کی تصانیف اور اشتہارات بھی دیکھے کہ آپ مستجاب الدعوات اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آپ کی کوئی دعا ردّ نہیں ہوتی۔ اگر دن میں سو مرتبہ پکاریں تو وہ آپکو سو مرتبہ جواب دیتا ہے۔ اگر میرے حال زار پر رحم فرما کر دعا فرمائیں تو گویا دوبارہ زندگی بخش دیں۔ مرزا صاحب نے مذاقیہ لہجہ میں فرمایا کہ اگر آپ کے ہاں فرزند پیدا ہو جائے تو کیا دلوایئے گا؟ رسالدار صاحب ؎ **"درم ناخریدہ غلام تو ام"**۔ تمام عمر غلامانہ اور خادمانہ خدمت بجالاؤں گا۔ **"بندہ ام تا زندہ ام"**۔ مرزا صاحب نے فرمایا: سردار صاحب معاملہ صاف اچھا ہوتا ہے ورنہ بعد کو بدمزگی ہو جاتی ہے۔ روپیہ کو مقراض المحبت کہتے ہیں۔ رسالدار صاحب نے عرض کیا جو فرمائیں، بدل و جان حاضر ہوں۔ اور بطیّب خاطر بسر و چشم منظور کروں گا۔ مرزا صاحب نے فرمایا کہ نہیں یہ آپ کی مرضی اور رائے پر منحصر ہے جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہوگا۔ ہم اپنا ایک سال خاص دعا کے واسطے آپ کی نذر کریں گے۔ رسالدار صاحب مبلغ پانچ سو روپیہ نذرانہ ہے اور شکرانہ اس کے علاوہ ہے۔ بعد میں مرزا صاحب نے دل میں خوش ہو کر فرمایا کہ رقم میری اور آپ کی دونوں کی حیثیت سے تھوڑی ہے۔ مگر خیر۔

رسالدار صاحب نے خدمتگار کو آواز دی اور پانصد روپیہ کی تھیلی مرزا صاحب کے آگے رکھ دی۔

ایک دوسرے اجنبی آدمی نے پیش ہوکر بعد سلام علیکم گزارش کی کہ میں ریاست مالیر کوٹلہ کا اہلکار ہوں۔ نواب ابراہیم علی خان صاحب بہادر کے متعلقین کا بھیجا ہوا خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ جناب کو معلوم ہوگا کہ نواب صاحب مرض دماغ میں بیمار ہیں۔ آپ کی تصانیف اور اشتہار میں جو دعاوی درج ہیں دیکھے گئے تو نواب صاحب کی صحت کی دعا کے واسطے خواستگار ہیں۔ مرزا صاحب نے جواب دیا کہ آپ جانتے ہیں کہ مجھ کو اس قدر فرصت کہاں کہ میں کسی کے واسطے دعا میں اپنے عزیز وقت کو ضائع کروں۔ میری دعا عام آدمیوں کی دعا نہیں۔ اس اجنبی آدمی نے پانچ سو روپیہ کی تھیلی پیش کر کے کہا کہ یہ آپکی نذر ہے۔ مرزا صاحب خوش ہوکر اچھا دعا کرونگا۔ یعنی وقت ضائع کرونگا۔ کیونکہ نہ سردار صاحب کے ہاں فرزند مرزا صاحب کی دعا سے پیدا ہوا۔ اور نہ نواب صاحب کو صحت ہوئی۔ اور مرزا صاحب کی دعائیں ع **"مغز ماخورد و حلق خود بدرید"** کی مصداق ہوئی۔ مگر مرزا صاحب کو رقمیں معقول وصول ہوگئیں۔ مردہ خواہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں جائے ملا کو حلوے مانڈے سے کام۔ (دیکھو چودھویں صدی کا مسیح، ص۷۰ تک)

مرزا صاحب کا سفر

ایک روز مرزا صاحب نے اپنے مصاحب کو فرمایا: ہمارا ارادہ ہے کہ ایک سفر کیا جائے۔ ہم کو الہام کے ذریعے سے خبر دی گئی ہے کہ سفر لودھیانہ اور ہوشیار پور اور پٹیالہ وغیرہ کا مبارک ہوگا۔ مصاحب نے جواب دیا کہ حضور ہمارا تو ایمان ہے کہ آپکا کوئی قول اور فعل بغیر الہام کے نہیں ہوتا۔ نہایت مصلحت ہے۔ اسی دن سے اس جگہ کا انتظام شروع

ہوا۔اور سفر کی تیاریاں ہونے لگیں۔ کچھ دنوں میں انتظام اور بندوبست سے فارغ ہوکر سفر کا بندوبست ہوا۔اور شہروامصار کی سیاحت کے بعد مرزا صاحب کا ورود علیگڑھ میں ہوا۔ رؤساء شہر خاص وعام کی آمدورفت کا سلسلہ جاری ہوا۔لوگ جوق جوق آتے ہیں۔اور مرزا صاحب سے مستفید ہوتے ہیں۔ایک صاحب متشرع وضع عالمانہ قطع جوان صالح سلام علیک نہایت ذوق وشوق کے لہجہ میں کہہ کر داخل ہوئے۔مرزا صاحب نے وعلیکم السلام مصافحہ کر کے مزاج شریف فرما کر پوچھا جناب کا اسم شریف کیا ہے۔نو وارد نے فرمایا کہ میرا نام محمد اسماعیل ہے۔میں اسی جگہ رہتا ہوں۔آپ کی تالیفات دیکھ کر مدت سے ملازمت سامی کا مشتاق تھا۔الحمدللہ! کہ تمنائے دل حاصل ہوئی۔آپ کی رونق افزائی اس دیار میں نعمت غیر مترقبہ ہے۔یہ لوگ چاہتے ہیں کہ کچھ آپ کے ارشادات سے مستفید ہوں۔آپ کسی عام جلسہ میں کچھ مطالب توحید کچھ اسرار رسالت بیان فرمائیں۔مرزا صاحب نے قبول فرما کر فرمایا کہ بسروچشم میرا کام ہی کیا ہے۔میرا فرض منصبی یہی ہے کیونکہ اس عاجز نے اپنے مال و جان کو اس راہ میں وقف کیا ہوا ہے۔پس مولوی صاحب اقرار لیکر مرزا صاحب سے رخصت ہوئے اور اپنے مسکن پر واپس آئے اور جوق جوق وگروہ گروہ مردمان مرزا صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور مولوی صاحب کے پاس جاتے تھے اور بیان کرتے تھے۔

۱......مرزا صاحب ہر ایک مذہب وملت کے انسان سے اسکی تمنا اور مرضی کے موافق گفتگو کرتے ہیں۔

۲......اہل بدعت سے اسکی منشا و مرضی کے موافق باتیں کرتے ہیں۔اہل سنت سے اسکی طبیعت اور خواہش کے موافق گفتگو کرتے اور اسکو خوش کرتے ہیں۔طرفہ معجون مرکب ہیں۔

نوٹ: بے شک مرزا صاحب میں مداہنت کا عیب تھا کہ ہر ایک کو گول مول بات کہہ کر اسکی

ہاں میں ہاں ملا کر اسکو خوش کر دیتے اور خود کسی اصول کے پابند نہ تھے۔ اسکے علاوہ جو بات کرتے بین بین ہوتی۔ نہ آر کی نہ پار کی۔ مثلاً حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے معراج کے بارہ میں لکھتے ہیں کہ سیر معراج ایک اعلیٰ درجہ کا کشف تھا جسکو بیداری کہنا چاہیے۔ اور اس جسم کثیف کے ساتھ نہ تھی۔

۲...... باب نبوت مسدود ہے مگر ایک کھڑکی کھلی ہے۔ کیا کوئی عقلمند تسلیم کر سکتا ہے کہ باب نبوت بند بھی ہو اور کھلا بھی ہو۔ کسی مکان کو کیسا مضبوط تالوں سے مقفل کیا جائے اور تمام دروازے بدن کئے جائیں مگر جب ایک کھڑکی کھلی رکھی جائے تو تمام مکان محفوظ نہ رہے گا۔ کھڑکی سے آمد ورفت ہوگی تو پھر وہ مکان بند نہیں کہلا سکتا۔ اس قسم کی مخنث گفتگو سے ساکنان علیگڑھ تاڑ گئے کہ مرزا صاحب دورخی بات کرتے ہیں۔ مولوی محمد اسماعیل صاحب نے ان اعتراضات کا جواب کسی کو بلطائف حیل دیا۔ اور کسی کو کہا صوفیوں کا یہی مشرب ہوتا ہے۔

حافظا گر وصل خواہی صلح کن با خاص و عام　　با مسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام

شہر کے گلی کوچہ میں کیا گھر گھر مشہور اور زبان زدِ خاص و عام ہو گئے کہ مرزا صاحب جلسہ عام میں وعظ فرمائیں گے۔ غول کے غول غٹ کے غٹ مرد مان مولوی صاحب کی مسجد کی طرف جاتے ہیں۔ ایک مجمع کثیر اور جم غفیر مسجد میں اکٹھا ہے کہ مرزا صاحب کا عنایت نامہ بدیں مضمون آیا کہ ''مجھے آج صبح کی نماز میں خدا نے منع کیا ہے کہ میں کچھ بیان نہ کروں۔ مجھ کو اشارہ منع کا ہوا ہے''۔ مولوی صاحب اور تمام مشتاقان قال اللہ وقال الرسول کو صدمہ ہوا۔

نوٹ: مرزا صاحب کی عادت تھی کہ اپنے استغراقی خیالات اور دور اندیشی کے خطرات کو الہام تصور کر کے ہمیشہ بہانہ کر کے کسی وعدہ کو توڑتے تو جھٹ خدا کا نام لیکر کہدیتے کہ مجھ

کو خدا نے منع کیا ہے۔ بہت سے واقعات میں سے ایک لاہور کا واقعہ بہت مشہور ہے کہ مرزا صاحب نے خود علمائے اسلام اور تمام مشائخ اسلام کو مناظرہ کے واسطے لاہور میں بلایا اور بڑا پختہ وعدہ اور پختہ اقرار کیا کہ میں خود لاہور آجاؤں گا۔ اور حضرت خواجہ پیر سید مہر علی شاہ صاحب (سلمہ اللہ) سجادہ نشین گولڑہ (شریف) بھی لاہور تشریف لائیں۔ میں جلسہ عام میں قرآن شریف کی تفسیر عربی میں لکھوں گا اور پیر صاحب بھی لکھیں گے۔ مرزا صاحب کا قیاس تھا کہ پیر صاحب لاہور نہ آئیں گے اور میں مفت کا میدان مارلوں گا۔ مگر شان الٰہی کہ حضرت پیر صاحب (سلمہ اللہ) تاریخ مقررہ پر لاہور تشریف لے آئے۔ مرزا صاحب کے مریدوں کو کہا گیا کہ مرزا صاحب کو بلاؤ۔ مرزا صاحب کے مریدوں نے بعد انتظار کے جب مرزا صاحب وعدہ خلافی کر کے نہ آئے تو تار دیا کہ پیر مہر علی شاہ صاحب لاہور آگئے ہیں اور انتظار کر رہے ہیں، آپ ضرور تشریف لائیں۔ تو مرزا صاحب نے ایسا ہی الہام تراشا اور بہانہ کر کے آنے سے انکار کر دیا۔ اور اپنے وعدوں کی خلاف ورزی کی اور بالکل خدا پر افترا کیا کہ خدا مجھ کو کہتا ہے لاہور نہ جانا کیونکہ تمہاری جان کا خطرہ ہے۔ (مؤلف) ایسا الہام خدا کی طرف سے نہیں ہوسکتا کیونکہ وعظ و نصیحت و تبلیغ سے روکنا شیطان کا کام ہے۔

اس سفر میں مرزا صاحب کی ذلت ہوئی اور علیگڑھ کی پبلک میں بدنام ہوئے اور پہلا الہام جو ہوا تھا کہ یہ سفر مبارک ہوگا، غلط ہوا۔

ا...... مولوی محمد اسماعیل صاحب نے فرمایا کہ الہام ملہم کی ذات کے واسطے حجت اسی صورت میں ہوسکتا ہے کہ وہ خود اس کا مطلب سمجھ سکے اور غیر کا محتاج نہ ہو۔

(باقی آئندہ)

توبہ نامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مکرم بندہ جناب سیکریٹری صاحب پیر بخش جی، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

بندہ عرصہ ۱۳ سال سے منڈی سلانوالی ضلع شاہ پور سرگودھا رہتا ہے۔ عرصہ تقریباً ۵-۶ سال ہوتے ہیں کہ سیکریٹری منظور احمد مرزائی منڈی سلانوالی کے اثر سے مرزائی ہو گیا ہوا تھا۔ اس فرقہ کی اصلیت غور کرنے سے پایۂ ثبوت کو پہنچا کہ سراسر مغالطہ میں پڑا ہوا ہوں۔ اس لئے اب سچے دل سے توبہ کر کے عرض کرتا ہوں کہ آپ اپنے رسالہ تائید اسلام میں مشتہر فرمادیں۔ اور دعا فرمائیں کہ بندہ کو پاک پروردگار اہل سنت والجماعت کے طریقے پر تا زیست قائم رکھے۔ جھوٹے فرقوں سے نجات بخشے۔ زیادہ سلام۔ ۲۹ جون ۱۹۲۶ء۔

بقلم خود: الٰہ بخش درزی ولد کرم الٰہی سکنہ منڈی سلانوالی

گواہ: مقبول شاہ مد محرر تھانہ سلانوالی

ایک غلط جواب اور قادیانی فلاسفی

مدت سے مرزا صاحب پر اعتراض ہو رہا ہے کہ انہوں نے مسلمانوں کو دھوکا دینے کے واسطے بدترین جھوٹ لکھا ہے کہ صحیح بخاری جو بعد کتاب اللہ کے اصح الکتب ہے، اس میں لکھا ہے کہ ھذا خلیفۃ اللہ المھدی. جب مرزائیوں سے مطالبہ ہوا تو اناپ شناپ جواب اپنی عادت اور قادیانی سنت کے مطابق ''سوال دیگر جواب دیگر'' کے مصداق بنتے رہے کہ مرزا صاحب نے بہت کتابیں تصنیف کی ہیں، بھول کر لکھ دیا گیا ہے اور یہ

کاتب کی غلطی ہے' مرزا صاحب کی غلطی نہیں۔ اس پر مسلمانوں نے لکھا کہ اس جواب سے تو مرزا صاحب عظیم الشان کاذب ثابت ہوئے کہ ایک طرف لکھتے ہیں کہ بخاری میں ہے اور دوسری طرف لکھتے ہیں بخاری میں نہیں۔ یہ تعارض انکا کذب ثابت کرتا ہے۔ مگر مضحکہ خیز جواب مندرجہ ریویو آف ریلیجنز اپریل ۱۹۲۶ء ہے جو کہ عقلاً ونقلاً باطل ہے۔

فاضل مجیب صاحب لکھتے ہیں کہ ''سبقت قلم ہے''۔

یہ ایسا ہی جواب ہے کہ کوئی خبیث النفس کسی کو قتل کردے اور کہدے کہ یہ سبقتِ صمصام ہے۔ اگر اس عذر سے قاتل قتل کے جرم سے بری ہوسکتا ہے تو مرزا صاحب بھی دروغ کے جرم سے بری ہو سکتے ہیں۔ ورنہ یہ جواب بالکل غلط ہے۔ کیونکہ قلم صرف ایک آلۂ تحریر ہے بغیر حرکت دینے اور ارادہ کاتب کے کچھ نہیں لکھ سکتی۔ یہ آج دنیا کو معلوم ہوا کہ قلم خود بخود بغیر قصد وارادہ کاتب کے لکھ سکتی ہے۔

فاضل مجیب صاحب جواب دیں کہ قلم بھی ذی روح ہے اور خود بخود بغیر لکھنے والے کے لکھ سکتی ہے؟۔ اور یہ ''عذر گناہ بدتر از گناہ'' نہیں؟ کہ حضرت خلاصۂ موجودات خاتم النبیین ﷺ کا نماز میں سہو فرمانا اور ایک دجال مدعی نبوت کا ذبہ کا اپنے جھوٹے دعوے کے نبوت میں جھوٹ بولکر مسلمانوں کو دھوکا دینا جو کہ قیاس مع الفارق ہے۔ کیونکر برابر ہوسکتا ہے؟۔

محمد پیر بخش، بقلم خود

رسالہ ماہوار
انجمن تائید الاسلام لاہور
نمبر (۹) بابت ماہ ستمبر ۱۹۲۶ء

حالات مرزا غلام احمد قادیانی

مدعی نبوت کاذبہ لایعنی

(گذشتہ سے پیوستہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ایسی باتیں اور اعتراضات مسلمان کہلانے والے کر کے دولت ایمان سے محروم ہو رہے ہیں۔ اور مرزا صاحب کے لکھنے کے مطابق ایک کشف کہتے ہیں۔ حالانکہ رسول اللہ ﷺ کے وقت اس محال عقلی کی بناء پر بیس ۲۰ ہزار مسلمان مرتد ہو گئے تھے۔ مگر آں حضرت ﷺ نے اپنے معراج شریف کو کشف نہ تسلیم کیا۔ اگر حقیقت میں معراج ایک خواب ہی تھا تو کوئی اعتراض نہ تھا۔ چونکہ خواب کا معاملہ کم و بیش ہر ایک کو پیش آتا ہے۔ کفار کا اعتراض صرف جسمانی معراج پر تھا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے جب کافر نے پوچھا کہ کبھی

انسان آسمان پر جاسکتا ہے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ نہیں۔ اس کافر نے کہا کہ محمد رسول اللہ ﷺ کہتے ہیں کہ میں آسمان پر شب معراج گیا اور واپس آیا۔ یہ سنتے ہی حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر حضور ﷺ نے فرمایا ہے تو سچ ہے۔ سبحان اللہ! کیسے پاکیزہ خیال مسلمان تھے اور پکے ایماندار تھے۔ یہ نہیں کہ منہ سے تو متابعت تامہ کا دعویٰ کریں اور عمل میں مخالفت رسول اللہ ﷺ کریں۔

افسوس! مرزائی دعویٰ تو مسلمان ہونے کا کرتے ہیں مگر دین سارا الٹ دیا۔ پس یہ مجدد تو ہرگز نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ انہوں نے عربی اسلام کی تو تجدید نہیں کی بلکہ انگریزی اسلام کی تجدید کی جو تعلیم یافتہ گروہ کا ہے۔ جسکو۔۔۔ کہتے ہیں۔ لاہوری جماعت تو بالکل سرسید احمد کی پیروی کرتے ہیں۔ اور مرزا صاحب کے برائے نام مرید ہونا ظاہر کرتے ہیں۔ مولوی محمد علی صاحب امیر جماعت لاہوری نے تو مرزا صاحب کے بھی برخلاف تفسیر قرآن کی ہے۔ جیسا کہ مسیح کا بغیر باپ کے پیدا ہونا۔ نمرود کا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام پر آگ کا سرد ہونا۔ جو قرآن میں ہے انکار کیا۔ حالانکہ مرزا صاحب مانتے ہیں۔ (دیکھو حقیقۃ الوحی، ص ۵۰)

یہ مرزا صاحب کی اصولی غلطی ہے کہ وہ خوابوں اور خیالوں کو وحی الٰہی یقین کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ خود ہی دوسری طرف لکھتے ہیں کہ سچی خوابیں بدکاروں اور حرام خوروں کو بھی آتی ہیں۔ اصل عبارت یہ ہے: ”میرا ذاتی تجربہ ہے بعض عورتیں جو قوم کی۔۔۔۔ بھنگن تھیں۔ جنکا پیشہ مردار کھانا اور ارتکاب جرائم کام تھا انہوں نے ہمارے روبرو بعض خوابیں بیان کیں اور وہ سچی نکلیں۔ اس سے بھی عجیب تر یہ کہ زانیہ عورتیں اور قوم کے کنجر، جن کا دن رات زنا کاری کام تھا انکو دیکھا گیا کہ خوابیں انہوں نے بیان کیں اور وہ پوری ہو گئیں۔ اور

بعض ایسے ہندوؤں کو دیکھا کہ بحالت شرک سے ملوث اور اسلام کے سخت دشمن ہیں، بعض خوابیں انکی جیسا کہ دیکھا تھا ظہور میں آگئیں'' ......(الخ)۔

(دیکھو حقیقۃ الوحی، ص ۳، مصنفہ مرزا صاحب)

باوجود اس تجربہ کے پھر مرزا صاحب اپنے خوابوں الہاموں کو قابل عمل جان کر پیروری کرتے ہیں۔ مسلمان کے ہاتھ قرآن شریف ہے جو کہ نیک بد راہ بتاتا ہے۔ کسی شاعر نے فرمایا ہے ؎

فرستادی بما روشن کتابے بامر و نہی فرمودہ

یعنی اللہ تعالیٰ نے ہماری طرف روشن اور پاک کتاب بھیجی اور جس میں نیکی کا حکم دیا اور برائیوں سے منع فرمایا۔ مگر مرزا صاحب مسلمانی کا دعویٰ بھی کرتے ہیں اور پھر قرآن کے برخلاف اپنا خواب والہام حجت شرعی بھی مانتے ہیں۔ بلکہ اس پر تمام امت سے الگ ہوتے ہیں۔ حالانکہ جانتے ہیں کہ خواب والہام شیطان کی طرف سے بھی ہوتے ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں: ''بعض ایسے بھی ہیں کہ جن پر خوابیں اور الہام انکے جو ان کے نزدیک سچے ہو گئے ہیں۔ انکی بناء پر وہ اپنے تئیں اماموں یا پیشواؤں یا رسولوں کے رنگ میں پیش کرتے ہیں'' ......(الخ)۔ (حقیقۃ الوحی، ص ۲)

مرزا صاحب کی حالت اس عیار کی سی ہے کہ لوگوں کو نصیحت کرتا ہے، مگر خود ایسا ہی کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں انہیں لوگوں کے حق میں فرمایا ہے: ﴿أَتَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ﴾ کہ دوسروں کو تو نصیحت کرتے ہو اور اپنی جانوں کو بھلا دیتے ہو۔ مرزا صاحب دوسروں کو تو فرماتے ہیں کہ خوابوں اور خیالوں پر مت اعتبار کرو، مگر خود خواب دیکھا کہ میرے سر کا پیدا ہوگا اور فطرت انسانی کے مطابق اسکی

تعریفیں بھی۔ جو اپنے ہی خیالی پلاؤ تھے۔ انکو وحی الٰہی یقین کر کے اشتہارات شائع کر دینے کس قدر جہل مرکب وعیاری کا ثبوت ہے۔ کیونکہ بجائے لڑکے کے لڑکی پیدا ہوئی۔ پھر دوسرا حمل ہوا تو خدا کی شان لڑکا پیدا ہوا۔ تو اشتہار دیا جس کی نقل یہ ہے:

خوشخبری

''اے ناظرین میں آپ کو بشارت دیتا ہوں وہ لڑکا جسکے تولد کیلئے اشتہار ۸ اپریل ۱۸۸۶ء میں پیشگوئی کی تھی اور خدا تعالیٰ سے اطلاع پاکر اپنے کھلے کھلے بیان میں لکھا تھا کہ اگر وہ حمل موجودہ میں پیدا نہ ہوا تو دوسرے حمل میں جو اسکے قریب ہے ضرور پیدا ہو جائیگا۔ آج ۱۶ ذیقعد ۱۳۰۴ ہجری مطابق ۷ اگست ۱۸۸۷ء میں ۱۲ بجے رات کے بعد وہ موعود لڑکا پیدا ہو گیا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک''۔

خاکسار غلام احمد ۷ اگست ۱۸۸۷ء۔

افسوس! وعدہ تو کر بیٹھتے مگر جب بعد میں نتیجہ انکے برعکس ہوتا تو ایسی ایسی نامعقول باتیں لکھتے ہیں جن کے پڑھنے سے خدا پر الزام آتا ہے۔ بقول شخصے ''ہم تو ڈوبے ہیں صنم تمکو بھی لے ڈوبیں گے'' کے مصداق ٹھہرے۔ اس اشتہار سے صاف ظاہر اور یقین ہوتا ہے کہ یہ مولود وہی لڑکا ہے جسکی پیشگوئی کی تھی کیونکہ مرزا صاحب کے یہ فقرات موجود ہیں۔ اگر وہ حمل موجودہ میں پیدا نہ ہوا تو دوسرے حمل میں جو اسکے قریب ہے ضرور پیدا ہو جائے گا۔ اور ایسا ہوا بھی کہ لڑکی پیدا ہونے کے بعد اور رسوائی اور ذلت اٹھانے کے بعد لڑکا پیدا ہوا۔ اور قریب کا حمل بھی تھا۔ پس شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ یہ قریب کے حمل سے جو لڑکا پیدا ہوا وہ لڑکا مسعود نہ ہوا۔ مگر تقدیر رب میں مرزا کا جھوٹا کرنا منظور تھا' وہ لڑکا فوت ہو گیا جسکی نسبت جناب مرزا صاحب نے الہامی عبارت میں لکھا اور مشتہر کیا

تھا کہ وہ سخت ذہین وفہیم ہوگا۔ اور دل کا حلیم اور علوم ظاہری و باطنی سے پر کیا جائے گا۔ فرزند دلبند گرامی ارجمند مظہر الاول و آخر، مظہر الحق والعلام ”کان اللّٰہ ینزل من السماء“ گویا خود خدا آسمان سے اتر آیا۔ (اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء ص ۱۱، تاریخ مرزا)

افسوس! کہ مرزائیوں کا خدا مرزا غلام احمد کا بیٹا جن کو الہام ہوا تھا کہ انت منی و انا منک. کہ اے مرزا تو مجھ میں سے ہے اور میں تجھ میں سے ہوں۔ وہ لڑکا فوت ہو گیا۔ اور مرزا صاحب پر مصیبتوں کا دروازہ کھولا گیا۔ تمام تاویلیں اور پیشگوئیاں سراسر خالی ثابت ہوئیں۔ اور انسانی بناوٹ مانی گئیں۔ بھلا قرآن شریف کے برخلاف جو شخص غیب دانی کا دعویٰ کرے وہ ضرور خوار ہوتا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ وہ تاویلات باطلہ سے سادہ لوحوں کو دام تزویر میں پھانس لے۔ مرزا صاحب ہزار جھوٹے ہوں مگر بات بنا لینے میں رستم ہند تھے۔ اور شرم حیا کے قلعے کو مسمار کر چکے تھے۔ جھٹ کہدیا کہ میں نے کب کہا تھا کہ موعود سر کا بھی ہے۔ اب ایسے راستباز کو کون کہے کہ حضرت اپنا اشتہار دیکھو جس میں صاف لکھا ہے کہ آج ۲۱ ذیقعد ۱۳۰۴ ہجری مطابق ۷ اگست ۱۸۸۷ء میں بارہ بجے رات کے بعد وہ موعود مسعود پیدا ہو گیا۔ مگر جھوٹے کی زبان کوئی نہیں روک سکتا۔ اصل یہ ہے کہ جھوٹ کبھی سچ نہیں ہوسکتا۔ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ علم غیب خدا کا خاصہ ہے۔ کوئی غیب کی خبر نہیں جانتا۔ رسول اللہ ﷺ کو حکم ہوتا ہے ﴿قُلْ لَّا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ ط﴾ یعنی اے محمد ﷺ جو آسمانوں اور زمین میں ہے کوئی غیب نہیں جانتا، مگر اللہ۔ (سورۂ نحل، رکوع ۵)۔ ﴿عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا o اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ﴾ یعنی غیب کی بات جاننے والا صرف اللہ ہی ہے اور وہ غیب سے کسی کو مطلع نہیں کرتا مگر خاص کر جس رسول کو جسکو پسند کرے۔ (سورۂ جن)۔ مرزا صاحب نے

قرآن شریف کے برخلاف غیب داں ہونے کا دعویٰ کر کے اشتہارات شائع کر دیئے کہ میرے گھر لڑکا ہوگا اور اپنی خواہش نفسانی کے مطابق لڑکی کی صفات کو ایسی مبالغہ آمیز الفاظ میں پل باندہ دیئے کہ کفر تک نوبت پہنچ گئی۔ جیسا کہ ''کان اللّٰہ نزل من السماء'' گویا خدا زمین پر اتر آیا۔ مگر بعد وضع حمل خدا نے بجائے لڑکے کے لڑکی عنایت فرمائی۔ اور مرزا صاحب مفتری علی اللہ ثابت ہو گئے۔ مگر پھر لڑکا پیدا ہوا۔ پھر دوبارہ رسوا ہوئے۔ کیونکہ وہ لڑکا ایک سال چار ماہ کے بعد فوت ہو گیا۔ مگر مرزا صاحب کب خاموش رہنے والے تھے۔ کسی نے خوب کہا ہے ۔

حیف باشد کہ زبان مرزا در کام و ذو الفقار علی در نیام

پھر تاویلات باطلہ کے اشتہارات شائع کر دیئے۔ مگر نتیجہ اس دروغ بافی کا یہ ہوا کہ بہت لوگ مرزا سے نفور ہو گئے۔ تب مرزا صاحب کی وہ عزت وتوقیر ہوئی۔ ادھر مرزا صاحب نے کہا ہم کو بیعت لینے کا اختیار دیا گیا ہے۔ پھر بیعت لینی شروع کر دی تا کہ مرید ہو کر مرزا صاحب سے بد اعتقاد نہ ہوں۔ اور اپنے فہم کا قصور مان کر مرزا صاحب کا ساتھ نہ چھوڑیں۔ ''سیرت مہدی'' میں لکھا ہے ''اسکے بعد پھر عامۃ الناس میں پسر موعود کی آمد آمد کا اس شدومد سے انتظار نہیں ہوا جو اس سے قبل تھا۔ اسکے بعد یکم دسمبر ۱۸۸۸ء کو حضور نے خدا کے حکم کے مطابق۔۔۔۔ اس کے قریباً دس ماہ پہلے ہو چکا تھا سلسلہ بیعت کا اعلان فرمایا اور سب سے پہلے شروع ۱۸۸۹ء میں لودھانہ میں بیعت لی۔ مگر اس وقت تک بھی مسلمانوں کا عام طور حضرت مسیح موعود کی ذات کے متعلق خیال عموماً بہت اچھا تھا۔ اور اکثر آپ کو بے نظیر خادم اسلام سمجھتے تھے۔ صرف اتنا اثر ہوا تھا کہ لوگوں میں جو پسر موعود کی پیشگوئی ایک عام رجوع ہوا تھا کہ جوان کا جوش لگا تار مایوسیوں نے مدہم کر دیا تھا۔ اور عامۃ الناس پیچھے ہٹ گئے

تھے۔ ہاں کہیں کہیں عملاً مخالفت کی لہر بھی پیدا ہونے لگی تھی۔ اس کے بعد آخر ۱۸۹۰ء میں حضرت مسیح موعود نے خدا سے حکم پا کر رسالہ ''فتح اسلام تصنیف'' فرمایا۔ جو ابتداء ۱۸۹۱ء میں شائع ہوا۔ اس میں آپ نے حضرت مسیح ناصری کی وفات اور اپنے مسیح موعود ہونے کا اعلان فرمایا۔ اس پر ملک میں ایک زلزلہ عظیم آیا ۱۸۹۱ء سے پہلے سب زلزلوں سے برا تھا۔ بلکہ ایک لحاظ سے پچھلے اور پہلے سب زلزلوں سے برا تھا۔ ملک کے ایک کونہ سے لیکر دوسرے کونے تک جوش و مخالفت کا ایک خطرناک طوفان برپا ہوا۔ اور علماء کی طرف سے حضرت صاحب پر کفر کے فتوے لگائے گئے اور آپ کو واجب القتل قرار دیا گیا۔ اور چاروں طرف گویا آگ لگ گئی۔ مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی بھی جواب تک بچا ہوا تھا اسی زلزلہ کا شکار ہوا۔ اور یہ سب سے پہلا شخص تھا جو کفر کا اشتہار لیکر ملک میں اِدھر اُدھر بھاگا۔ بعض بیعت کنندہ بھی متزلزل ہو گئے''۔ (دیکھو سیرت مہدی، ص ۸۹، مصنفہ میاں بشیر احمد صاحب خلف مرزا صاحب)

ناظرین! اب نہایت صفائی سے ثابت ہو گیا اور بغیر تردید احد روشن ہو گیا کہ مرزا صاحب نے اپنے کافر ہونے کے سامان خود پیدا کر دیئے۔ اور علماء اسلام کو مرزا صاحب کی تکفیر میں مجبور کیا۔ ادھر مرزا صاحب نے علماء کا مقابلہ کر کے سب کی تکفیر کی اور علماء کرام کو جو مرزا صاحب کے محسن تھے، انکی مخالفت میں تمام روئے زمین کے مسلمانوں کو جنہوں نے مرزا صاحب کو مسیح موعود نہ مانا سب کی تکفیر کی اور دلیل یہ پیش کی کہ کسی مسلمان کی تکفیر مسلمان کو کافر بنا دیتی ہے۔ چونکہ مسلمانوں نے مجھ کو کافر کہا ہے اس واسطے وہ خود کافر ہو گئے۔ اور دہلی میں جا کر اشتہار دیا کہ میں مسلمان ہوں اور از روئے کذب و افتراء شائع کیا۔ جسکی نقل ذیل میں بمعہ جوابات درج کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں پر مرزا صاحب کا سچ جھوٹ ظاہر ہو جائے۔

تقریر واجب الاعلان ۱۳ اکتوبر ۱۸۹۰ء

دوسرے الزامات جو مجھ پر یعنی مرزا غلام احمد پر لگائے جاتے ہیں کہ یہ شخص لیلۃ القدر کا منکر ہے اور معجزات کا انکاری ہے اور معراج کا منکر اور نیز نبوت کا مدعی اور ختم نبوت سے انکاری ہے۔ یہ سارے الزامات باطل اور دروغ محض ہیں۔ ان تمام امور میں میرا وہی مذہب ہے جو دیگر اہل سنت والجماعت کا مذہب ہے۔ اور میری کتاب ''توضیح المرام'' اور ''ازالہ اوہام'' سے جو ایسے اعتراضات نکالے گئے ہیں یہ نکتہ چینوں کی سراسر غلطی ہے۔ اب میں ذیل میں مسلمانوں کے سامنے صاف صاف اقرار اس خانۂ خدا یعنی جامع مسجد دہلی میں کرتا ہوں کہ ''میں جناب خاتم النبیین ﷺ کی ختم نبوت کا قائل ہوں اور جو شخص ختم نبوت کا منکر ہو اسکو بے دین اور دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہوں۔ ایسا ہی میں ملائکہ اور معجزات اور لیلۃ القدر وغیرہ کا قائل ہوں۔ اور یہ بھی اقرار کرتا ہوں کہ جو کچھ بدفہمی سے بعض کوتہ فہم نے سمجھ لیا ہے اور ان اوہام کے ازالہ کے لئے عنقریب ایک مستقل رسالہ تالیف کر کے شائع کردوں گا۔ غرض میری نسبت جو بجز میرے دعوے وفات مسیح اور مثیل مسیح ہونے کے اور اعتراض تراشی کئے ہیں وہ سب غلط اور ہیچ اور صرف غلط فہمی کی وجہ سے کئے گئے ہیں'' ......(الخ)۔

اب ہر فقرہ کا نمبر وار جواب دیا جاتا ہے تا کہ مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ علماء اسلام نے جو مرزا صاحب کو دجال اور کافر لکھا ہے' حق پر ہیں اور مولوی محمد حسین بٹالوی جیسے رفیق' جنہوں نے مرزا صاحب کی دوکان چلائی اور امداد کرتے رہے اور کئی ایک پیشگوئیاں جھوٹی ہونے پر بھی ساتھ نہ چھوڑا تھا۔ مرزا صاحب کی کتاب ''فتح اسلام'' و ''توضیح مرام'' و ''ازالہ اوہام'' دیکھ کر مخالف ہو گئے اور مرزا صاحب کی تکفیر پر کمر باندھی' حق پر تھے۔

اول: مسئلہ ختم نبوت کا ہے۔ مرزا صاحب لکھتے ہیں کہ میں جناب خاتم الانبیاء ﷺ کی ختم نبوت کا قائل ہوں۔ اور جو شخص ختم نبوت کا منکر ہو اسکو بے دین اور دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہوں۔

یہ بالکل غلط ہے اور سخت دجل ہے۔ ایک طرف تو ختم نبوت کے قائل ہیں اور دوسرے طرف نبوت ورسالت اور محمد ﷺ سے افضل ہونے کا بھی دعویٰ کرتے ہیں۔ بلکہ نہایت گستاخی سے حضور ﷺ کو معزول کرتے ہیں۔

الہام اول مرزا صاحب: جو انکو بغیر کسی استثناء کے رسول بنایا۔ خود لکھتے ہیں: "**قل یاایھا الناس انی رسول اللّٰہ علیکم جمیعا**"۔ یعنی اے مرزا لوگوں کو کہدے کہ میں اللہ کا رسول ہو کر تمہاری طرف آیا ہوں۔ (اخبار الاخبار، ص۳، مصنفہ مرزا صاحب)

دوسرا الہام: "**انا ارسلناہ الیکم رسولا شاھدا علیکم کما ارسلناہ الی فرعون رسولا**"۔ خدا نے فرمایا اے لوگوں ہم نے تمہاری طرف رسول بھیجا جس طرح فرعون کی طرف رسول بھیجا تھا۔ (حقیقۃ الوحی، ص۱۰۱)

تیسرا الہام: "**یٰسین انک لمن المرسلین علی صراط المستقیم**" یعنی اے سردار تو خدا کا مرسل ہے راہ راست پر۔ (حقیقۃ الوحی، ۱۰۷)

چوتھا الہام: "**قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الھکم الہ واحد**" کہو اے کہ میں تمہاری طرح انسان ہوں۔ میری طرف وہی ہوتی ہے کہ تمہارا خدا ایک ہے۔ (حقیقۃ الوحی، ص۸۲)

پانچواں الہام: "**وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین**" ہم نے تجھے دنیا میں رحمت کرنے کے واسطے بھیجا ہے۔ (حقیقۃ الوحی، ص۸۲)

چھٹا الہام: "هو الذی ارسل رسوله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کله" خدا وہ خدا ہے جس نے اپنا رسول اور اپنا فرستادہ اپنی ہدایت اور اپنے سچے دین کے ساتھ بھیجا تا کہ اس دین کو یعنی قادیانی دین کو تمام دینوں پر غالب کرے۔

(حقیقۃ الوحی، ص۷۱)

ناظرین! یہ تو عربی الہام ہے اب ہم مرزا صاحب کے اقوال بھی نقل کرتے ہیں جن میں وہ نبوت کا دعویٰ کرتے ہیں۔

اول قول مرزا صاحب: میں خدا کے فضل سے نبی و رسول ہوں۔

(اخبار بدر، مارچ ۱۹۰۸ء)

دوم قول مرزا صاحب: اب خدا نے میری وحی اور میری تعلیم اور میری بیعت کو کشتی نوح قرار دیا اور تمام انسانوں کے لئے اسکو مدار نجات ٹھہرایا۔

(اربعین نمبر۴، ص۱۶، مصنفہ مرزا صاحب)

جب مدار نجات اب مرزا صاحب کی وحی اور بیعت پر ہے تو (نعوذ باللہ) قرآن منسوخ اور محمد ﷺ معزول اور مرزا خاتم النبیین۔ **لاحول ولا قوة.**

سوم قول مرزا صاحب: جس نے اپنی وحی کے ذریعے سے چند امر و نہی بیان کئے۔ اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا۔ وہی صاحب شریعت ہوگا۔ میری وحی میں امر بھی ہوتے ہیں اور نہی بھی۔ (اربعین نمبر۴)۔ یہاں مرزا صاحب کا دعویٰ صاحب شریعت نبی ہونے کا ہے۔

چھارم قول مرزا صاحب: الہامات میں میری نسبت بار بار بیان کیا ہے کہ یہ خدا کا فرستادہ خدا کا مامور۔ خدا کا امین اور خدا کی طرف سے آیا ہے۔ جو کچھ کہتا ہے اس پر ایمان لاؤ اور اسکا دشمن جہنمی ہے۔ (انجام آتھم، ص۶۲)

پنجم قول مرزا صاحب: خدا وہی ہے کہ جس نے اپنے رسول یعنی اس عاجز غلام احمد کو ہدایت اور دین حق اور تہذیب اخلاق کے ساتھ بھیجا۔

(اربعین نمبر ۳، ص ۳۶، مصنفہ مرزا صاحب)

ششم قول مرزا صاحب: سچا خدا وہی ہے کہ جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔ (دافع البلاء، ص ۱۱۴)

ہفتم قول مرزا صاحب: جب کہ مجھ کو اپنی وحی پر ایسا ہی ایمان ہے جیسا کہ توارات اور انجیل اور قرآن کریم پر۔ (اربعین نمبر ۴، ص ۹۸)

ہشتم قول مرزا صاحب: میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جس طرح میں قرآن شریف کو یقینی اور قطعی طور پر خدا کا کلام جانتا ہوں۔ اسی طرح اس کلام کو بھی جو میرے پر نازل ہوتا ہے۔ (حقیقۃ الوحی، ص ۲۱۱)

یہ ہیں الہام اور اقوال جو مرزا صاحب کو صاحب کتاب شریعت بناتے ہیں۔ غور کرو کہ کس قدر خطرناک یہ دجل ہے کہ باوجود اس قدر الہامات اور اقوال کی موجودگی کے پھر لوگوں کو دھوکہ دیتا ہے کہ میں ختم نبوت کا قائل ہوں۔ ایسے لوگوں کی بابت رسول اللہ ﷺ نے دجال کا حکم دیا ہے جیسا کہ حدیث ہم نے لکھ دی ہے۔ یہ تو کوئی مسلمان نہیں مان سکتا ہے کہ مرزا نے بسبب جہالت کے لکھا ہے کہ میں ختم نبوت کو جو نہ مانے کافر اور اسلام سے خارج سمجھتا ہوں۔ بلکہ بھاری دھوکہ دیتا ہے۔ ایک طرف دعویٰ رسالت و نبوت کا کرتا ہے اور دوسری طرف سے ختم نبوت کے منکر کو کافر کہتا ہے۔ اس متضاد اور متعارض الہامات اور اقوال سے جماعت کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔ اور دو نبی بھی پیدا ہو گئے۔ ایک مولوی عبداللطیف ساکن گناچور، اور ایک موضع معراجکے ضلع سیالکوٹ میں میاں نبی بخش۔ پس یہ

غلط ہے کہ مرزا خود نبی و رسول تھا۔ اور ختم نبوت کا بھی قائل تھا۔ کیونکہ مدعی نبوت کے لازمی امر ہے کہ وہ پہلے ختم نبوت کا منکر ہو اور بعد میں دعویٰ رسالت و نبوت کرے۔ پس مرزا چونکہ مدعی نبوت و رسالت ہے اسلئے ختم نبوت کا منکر ہے۔ اور بقول اپنے بے دین اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اور مفتیان اسلام حق پر ہیں جو اسکی اور اسکے مریدوں کی تکفیر کرتے ہیں۔

دوم: مرزا لیلۃ القدر کا بھی منکر ہے۔ چنانچہ ''ازالہ اوہام'' میں لکھتا ہے کہ ''لیلۃ القدر سے تاریکی کا زمانہ مراد ہے''۔

جواب: یہ بھی قرآن شریف کے برخلاف ہے کیونکہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ﴾ یعنی لیلۃ القدر ہزار ماہ سے بہتر ہے۔

سوم: یہ ہے کہ میں معراج کو بھی مانتا ہوں۔

جواب: بالکل جھوٹ ہے۔ ''ازالہ اوہام'' کے حاشیہ پر لکھا کہ سیر معراج اس جسم کثیف کے ساتھ نہ تھا۔ یعنی جسمانی معراج نہ ہوا تھا۔ کیونکہ ان کا عقیدہ تھا کہ خدا تعالیٰ ایک انسان کو بمعہ جسم آسمان پر نہیں لے جا سکتا۔ مگر دوسری جگہ لکھتا ہے: ''جو کچھ ہمارے رسول ﷺ لائے اس پر ہمارا ایمان ہے۔ اگرچہ ہم اسکی حقیقت کو نہ بھی جانتے ہوں۔

(آیت کمالات اسلام، ترجمہ التبلیغ، ۱۸۹۳ء)

ناظرین! حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع و نزول پر جو اعتراضات کئے، یہ رسول اللہ ﷺ کی پیروی ہے یا مخالفت؟ یہ ایسا اجماعی عقیدہ تھا کہ خود ''براہین احمدیہ'' میں لکھ چکے تھے.. یہ ایک ایسی دلیل تھی جس سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زندہ رہنا اور پھر اصالتاً نزول ثابت ہے۔ اور یہ تحریر مرزا صاحب کے واسطے ہمیشہ برہان قاطع کا کام دیتی رہے گی۔ جتنی مدت

وہ جیتے رہے بہت اناپ شناپ جواب دیتے رہے اور انکے بعد انکے مرید دیتے ہیں۔ مگر کوئی صحیح جواب نہیں بن پڑتا۔ ”**هو الذی ارسل رسوله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کله**“. ترجمہ مرزا صاحب: یہ آیت جسمانی اور سیاست ملکی کے طور پر حضرت مسیح کے حق میں پیشگوئی ہے اور جس غلبہ دین اسلام کا وعدہ دیا گیا ہے وہ غلبہ مسیح کے ذریعے ظہور میں آئے گا اور جب حضرت مسیح علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف لائیں گے تو انکے ہاتھ سے دین اسلام جمیع آفاق واقطباء میں پھیل جائیگا۔

(براہین احمدیہ، جلد ۴، ص ۴۹۸، مصنفہ مرزا صاحب)

مگر تعجب ہے کہ جب انکو اپنا مسیح ہونے کا خیال ہوا تو بقول ”بلی کو چھیچڑوں کے خواب“ آپ کو الہام ہوا کہ مسیح رسول اللہ فوت ہوگیا ہے۔ اور وعدہ کے موافق اسکے رنگ میں ہوکر تو آیا ہے۔ تو آپ کا فرض تھا کہ اس شیطانی الہام کو جو آسمانی کتابوں اور احادیث نبوی اور تعامل صحابہ کرام و اولیائے عظام اور اجماع امت کو دیکھتے جس پر آپ کے بھی بزرگ خاندان تھے۔ بلکہ خود بھی تحریر کر چکے تھے تو ردّ کرتے۔ مگر مرزا صاحب بجائے شیطانی الہام کے ردّ کرنے کے اس پر ایمان لائے اور تمام روئے زمین کے مسلمانوں کے الگ مسلک اختیار کیا۔ اور وفات مسیح خود معتقد ہوئے اور مریدوں کو بنایا۔ بلکہ اس قدر دلیری کی کہ جو وفات مسیح کا قائل نہ ہو اور مرزا صاحب جھوٹے مسیح موعود کی بیعت نہ کرے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اس واسطے ہم کہہ سکتے ہیں کہ مرزا صاحب کے ”کھانے کے دانت اور تھے اور دکھانے کے اور تھے“۔

یہ جو اشتہار میں لکھا ہے کہ میں مسلمان ہوں اور مسلمانوں جیسے عقائد رکھتا ہوں، بالکل غلط ہے۔ کیونکہ اول انہوں نے قرآن شریف کی مخالفت کی اور مسیح علیہ السلام کو صلیب

پر چڑھایا۔ حالانکہ قرآن شریف فرمارہا ہے ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہ تو قتل کئے گئے اور نہ صلیب دیئے گئے۔ لیکن شبہہ بنائی گئی انکے لئے یعنی یہود واسطے۔ اور یہ جو جواب دیا جاتا ہے کہ جان نہ نکلی تھی بالکل غلط اور لغو ہے' بوجوہات ذیل:

اول: جان کا نہ نکلنا یہود پر حجت نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ جان نہ نکلی تھی تو زندہ رہا۔ مگر جب صوبیدار نے اور پلاطوس نے امتحان کر کے اور ایک سپاہی نے پسلی چیر کر بھالے یعنی نیزہ سے دیکھ لیا۔ اور سب دیکھنے والوں نے یقین کرلیا کہ مسیح مرچکا ہے۔ اسی واسطے اسکی ٹانگیں نہ توریں اور دفن کردیا۔ تو اب ۱۹ سو برس کے بعد اپنے مسیح موعود ہونے کے واسطے یہ کہنا کہ جان نہ نکلی تھی' غلط اور مغالطہ ہے۔ چاروں انجیلوں میں لکھا ہے کہ جو مصلوب ہوا تھا اسکی جان نکل گئی تھی۔

دوم: مرزا صاحب نے خود ''توضیح مرام'' میں لکھا ہے کہ حضرت مسیح نے خود فیصلہ نزول کا کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جیسا ایلیاہ کا دوبارہ آنا' یحییٰ یعنی زکریا کے بیٹے کا تھا۔ جیسا کہ انجیل میں ہے۔ ایسا ہی مسیح کا آنا ہوگا۔ مگر اسی انجیل کی بابت خود ''ضرورۃ الامام'' کے ص ۱۴ پر لکھ چکے ہیں: ''کیونکہ یہ انجیلیں حضرت مسیح کی انجیلیں نہیں ہیں۔ اور نہ انکی تصدیق شدہ ہیں۔ لہٰذا کہہ سکتے ہیں کہ ان خیالات میں لکھنے والوں سے غلطی ہوئی''...... (الخ)۔ اب یہ تو ہو نہیں سکتا کہ ایک کتاب کا جو حصہ مرزا صاحب کے مطلب کا ہو' صحیح ہو۔ اور جو حصہ انکے مفید مطلب نہ ہو وہ غیر معتبر و محرف و مبدل اور غلط ہو۔ بروزی نزول کے واسطے انجیل معتبر اور قابل پیروی اور اصالتاً نزول کے واسطے وہی انجیل غیر معتبر۔ مرزا صاحب کا حافظہ عجیب قسم کا تھا کہ حافظہ نباشد کا مضمون صادق آتا ہے۔ ''انجیل برنباس'' کی نسبت آپ نے لکھا ہے: ''پس اس فاضل انگریز کی اس تحریر سے جو ہمارے پاس موجود ہے صاف معلوم ہوتا ہے کہ

ہمیشہ یہ کتاب پوپوں کے کتب خانوں میں چاروں انجیلوں میں شامل کر کے عزت کے ساتھ رکھی جاتی تھی''......(الخ)۔

(مفصل دیکھو سرمہ چشم آریہ کا حاشیہ مندرجہ ص ۱۸۴ جو کہ طوالت کے باعث قلم انداز کیا گیا ہے۔)

اب مطلب صاف ہے کہ انجیل برنباس سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا جانا اور واپس آنا جو انجیل برنباس میں لکھا ہے وہ تسلیم کرنا پڑے گا۔ انجیل برنباس میں جو لکھا ہے اور قرآن مجید نے اسکی تصدیق کی ہے۔ اور مفسرین رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس انجیل کے مطابق تفسیر کی ہے۔ اور صحابہ کرام اولیاء عظام کا ۱۳ سو برس سے اجماع چلا آتا ہے۔ ہر ایک مسلمان کا فرض ہے کہ اسکو مانے کیونکہ اسکا ایمان ہے کہ میں اللہ پر اور ملائکہ پر اور آسمانی کتابوں پر اور رسولوں پر اور قیامت وغیرہ امور پر ایمان رکھتا ہوں۔ پس آسمانی کتاب انجیل میں ایک امر پہلے بیان ہوا ہے۔ اور پھر قرآن شریف نے اسکی تصدیق کی ہے۔ اور صحابہ کرام نے اسکی تصدیق کی ہے۔ اور اجماع اسی پر چلا آتا ہے۔ مومن کوئی کہلا کر تو ہر گز انکار نہیں کرسکتا۔ ہاں ایمان چھوڑ کر اور دائرہ اسلام سے خارج ہو کر جو چاہے کرے۔ مرزا صاحب جو آج ہم کو کہتے ہیں کہ نزول سے مراد بروزی نزول ہے' صرف اپنی رائے سے نہیں کہہ سکتے۔ کیونکہ قرآن شریف کی تفسیر بالرائے کرنی کفر ہے۔ پس طریقہ انصاف اور ایمانداری یہ ہے۔ جس طرح ہم نے آسمانی کتاب انجیل کی عبارات نقل کر کے ثابت کیا ہے۔ مرزائی صاحبان بروزی نزول ثابت کریں۔ مختصر آیات انجیل برنباس دوبارہ رفع ونزول یسوع: ''انجیل برنباس' فصل ۱۱۲' آیت ۱۳'': ''پس اے برنباس تو معلوم کر اسی وجہ سے مجھ پر اپنی حفاظت کرنا لازمی ہے۔ اور عنقریب میرا ایک شاگرد مجھے تیس ۳۰ سکوں کے ٹکڑوں کے بالعوض بیچ ڈالے گا''۔ (آیت ۱۴): ''اور اس بنا پر مجھ کو اس بات کا یقین ہے کہ جو شخص مجھ کو بیچے گا وہ

میرے ہی نام سے قتل کیا جائیگا۔ ۱۵ اسلئے کہ اللہ مجھ کو زمین سے اوپر اٹھائے گا اور بیوفا کی صورت بدل دے گا یہاں تک اسکو ہر ایک ہی خیال کرے گا کہ میں ہی ہوں''۔ (آیت ۱۶): ''مگر جب مقدس محمد رسول آئے گا وہ اس بدنامی کے دھبہ کو مجھ سے دور کرے گا''۔ جیسا کہ قرآن میں اس انجیل کی تصدیق موجود ہے ﴿وَمَا قَتَلُوْہُ یَقِیْنًام ٥ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ ط﴾ (اور یقیناً وہ قتل نہیں ہوا بلکہ اللہ نے اسکو اپنی طرف اٹھالیا) سے ظاہر ہے۔ کوئی مرزائی اسی طرح انجیل و قرآن سے دکھائے کہ بروزی نزول ہوگا۔ اس انجیل کے فقرات سے تین امور ثابت ہوئے:

پہلا امر: یہ کہ ایک شاگرد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پکڑائے گا اس ارادہ سے کہ وہ صلیب دیئے جائیں۔

دوسرا امر: یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر اٹھائے جائیں گے اور وہ شاگرد انکے عوض پکڑا جائے گا اور صلیب دیا جائے گا۔

تیسرا امر: یہ کہ ثابت ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اب تک زندہ ہیں اور وہ دنیا کے خاتمہ تک زندہ رہیں گے، بعد نزول فوت ہوں گے۔ جیسا کہ جمہور مسلمانان اہل سنت کا مذہب ہے۔

دوسری طرف قرآن شریف نے اسکی تصدیق بھی کردی ہے۔ چنانچہ فرمایا کہ ﴿وَمَا قَتَلُوْہُ وَمَا صَلَبُوْہُ وَلٰکِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ط﴾ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسا کہ یہود کا زعم یعنی گمان کرتے ہیں۔ عیسیٰ نہ تو قتل کیا گیا اور نہ سولی دیا گیا۔ لیکن اور شخص پر انکی شبہ ڈالی گئی۔ یعنی جیسا کہ حضرت مسیح نے فرمایا تھا کہ بیوفا کی صورت بدل دی جائیگی۔ صلیب کے واقعات مشبہہ کے ساتھ ہوئے اور حضرت مسیح آسمان پر اٹھائے گئے۔ اور یہود کی

دست درازیوں اور ظلم وستم سے محفوظ کئے گئے۔ ﴿وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِىْٓ اِسْرَآءِ يْلَ عَنْكَ﴾ سے روشن ہے۔ چنانچہ مفسرین رحمۃ اللہ علیہم نے لکھا ہے۔ دیکھو ذیل کی عبارات:

''فتح البیان'' میں ہے: ''عن ابن عباس قال: لما أراد اللّٰہ أن یرفع عیسٰی علیہ السلام الی السماء خرج الی أصحابه وهم اثنا عشر رجلا من غیر البیت ورأسه یقطر ماء، فقال لهم: أما ان منکم من سیکفر بی اثنتی عشرة مرة بعد أن آمن بی، ثم قال: أیکم سیلقی علیه شبهی فیقتل مکانی ویکون معی فی درجتی، فقام شاب من أحدثهم سنا فقال: أنا، فقال عیسٰی علیہ السلام: اجلس، ثم أعاد علیهم فقال الشاب فقال: أنا، فقال: نعم أنت ذاک، قال: فألقی علیه شبه عیسی، قال: ورفع عیسی علیہ السلام من روزنة کانت فی البیت الی السماء، قال: وجاء الطلب من الیهود فأخذوا الشبیه فقتلوه ثم صلبوه وکفر به بعضهم اثنتی عشرة مرة بعد أن آمن به، فتفرقوا ثلاث فرق، قال: فقال فرقة: کان فینا اللّٰہ ما شاء، ثم صعد الی السماء، وهؤلاء الیعقوبیة. وقالت فرقة: کانت فینا ابن اللّٰہ ما شاء ثم رفعه اللّٰہ الیه، وهؤلاء النسطوریة، وقالت فرقة: کان فینا عبداللّٰہ ورسوله ما شاء اللّٰہ ثم رفعه اللّٰہ الیه وهؤلاء المسلمون، فتظاهرت الکافرتان علی المسلمة فقاتلوها فقتلوها، فلم یزل الاسلام طامسا حتی بعث اللّٰہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم، فأنزل اللّٰہ علیه ﴿فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِىْٓ اِسْرَآءِ يْلَ﴾ یعنی الطائفة التی آمنت فی زمن عیسی، ﴿وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ﴾ یعنی الطائفة التی کفرت فی زمن عیسی علیہ السلام ﴿فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا﴾ فی زمان عیسی ﴿عَلٰى عَدُوِّهِمْ﴾ باظهار محمد صلی اللہ علیہ وسلم دینهم علی دین الکفار''.

ترجمہ: روایت کیا سعید بن منصور و نسائی و ابن حاتم و ابن مردویہ نے ابن عباس سے کہا انہوں نے جب ارادہ کیا اللہ نے کہ اٹھائے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان کی طرف نکلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے یاروں کی طرف اور گھر میں بارہ مرد تھے حواریوں میں سے۔ پس نکلے ان پر ایک چشمہ سے جو گھر میں تھا۔ اور سر سے انکے پانی ٹپکتا تھا۔ پس فرمایا کہ تحقیق بعض تم میں سے وہ ہے کہ کفر کرے گا میرے ساتھ بارہ بار بعد اسکے کہ ایمان لایا مجھ پر۔ پھر فرمایا کہ کون ہے تم میں سے کہ ڈالی جائے اس پر شبہہ میری پھر قتل کیا جائے وہ میری جگہ اور ہو میرے ساتھ میرے درجہ میں پس کھڑا ہوا ایک جوان نوعمر میں سے پس فرمایا واسطے اسکے بیٹھ جا۔ پھر اعادہ کیا ان پر اس بات کا۔ پھر کھڑا ہوا وہی جوان۔ پھر فرمایا کہ بیٹھ جا۔ پھر اعادہ کیا ان پر اس بات کا۔ پھر کھڑا ہوا وہی جوان پھر کہا اس نے کہ میں۔ پھر فرمایا تو وہی ہے۔ پس ڈالی گئی اس پر شبہہ عیسیٰ علیہ السلام کی اور اٹھائے گئے عیسیٰ علیہ السلام روشندان سے جو گھر میں تھا۔ آسمان کی طرف اور آئے تلاش کرنے والے یہود کی طرف سے پس پکڑ لیا انہوں نے شبہہ کو۔ اور پس قتل کیا اسکو۔ پس سولی چڑھایا اسکو۔ پس کفر کیا ساتھ انکے بعض انکے نے بارہ بار۔ بعد اسکے کہ ایمان لایا ان پر اور متفرق ہو گئے تین فرقے پس کہا ایک فرقہ نے: رہا اللہ ہم میں جب تک کہ چاہا اس نے پھر چڑھ گیا آسمان ی طرف۔ پس یہ یعقوبیہ ہیں۔ اور کہا ایک فرقہ نے تھا ہم میں بیٹا اللہ کا جب تک کہ چاہا اس نے پھر چڑھ گیا آسمان کی طرف پھر اٹھا لیا اسکو اللہ نے۔

پیر بخش، سیکریٹری انجمن تائید اسلام لاہور

نمبر (۱۱) بابت ماہ نومبر ۱۹۲۶ء

ختم نبوت اور مرزائی ژاژ خائی کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترازوئے زخرد پیش آرد نیک بسنج — کہ تا بگفت وشنیدِ تو اعتبار بود

یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ دعویٰ بلا دلیل باطل ہے۔ جب کبھی مرزا صاحب کی نبوت کاذبہ کے دعویٰ کی دلیل قرآن شریف اور احادیث نبویہ علیہ الصلوات والسلام سے مانگی جاتی ہے تو مرزائی صاحبان من گھڑت ڈھکوسلے لگاتے ہیں اور تفسیر بالرائے کے جرم کے مرتکب ہوتے ہیں اور بے محل آیات واحادیث کو پیش کرتے ہیں حالانکہ ان کو کئی دفعہ جواب دیئے گئے ہیں۔ مگر پھر بھی بار بار وہی غلط بیانی اور دھوکہ دہی سے کام لیکر مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔

ریویو آف ریلیجز ماہ اکتوبر ۱۹۲۶ء کے صفحہ ۳۸۶ پر زیر عنوان ''کیا رسول اللہ ﷺ

کے بعد سلسلہ نبوت بند ہے" لکھا ہے کہ جب کبھی خدا تعالیٰ کے مامور دنیا میں آئے دنیا نے ان کو تسلیم نہیں کیا اور ہمیشہ استہزاء سے کام لے کر اپنے آپ کو موردِ عذاب الٰہی بنالیا۔ حالانکہ خود وہ نبیوں سے جو مرزا کے بعد انکے مریدوں میں سے ہوئے منکر ہو کر موردِ عذاب الٰہی ہو رہے ہیں۔ بقول انکے جب سلسلہ نبوت جاری ہے تو پھر ان دونوں سے انکار کیوں؟ اسی واسطے اس کا جواب دیا جاتا ہے۔

بے شک حضرت محمد ﷺ کے بعد سلسلہ نبوت بند ہے بدیں دلائل:

اول: آسمانی کتابوں سے ثابت ہے کہ سلسلہ وحی و نبوت و رسالت بعد حضرت خاتم النّبیین مسدود ہے۔ انجیل برنباس میں لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ کیا بعد محمد رسول اللہ ﷺ کے بھی رسول آتے رہیں گے تو آپ نے جواب دیا کہ نہیں۔ وہ اصل عبارت یہ ہے: "جو چیز مجھ کو تسلی دیتی ہے وہ یہ ہے کہ اس رسول (یعنی محمد ﷺ) کے دین کی کوئی حد نہیں اس لئے کہ اللہ اس کو درست اور محفوظ رکھے گا کاہن نے جواب میں کہا کہ کیا رسول اللہ ﷺ کے آنے کے بعد اور رسول بھی آئیں گے۔ رسول یسوع نے جواب دیا: اس کے بعد خدا کی طرف سے بھیجے ہوئے سچے نبی کوئی نہیں آئیں گے مگر جھوٹے نبیوں کی ایک بڑی بھاری تعداد آئے گی"۔ (دیکھو انجیل برنباس، فصل ۹۷، آیت ۶ سے ۹ تک)

اس انجیل کے مطابق قرآن شریف نے شروع میں ہی فرما دیا اور بلند آواز سے اعلان کر دیا کہ اے محمد ﷺ اب تیرے بعد نہ کوئی کتاب آئے گی اور نہ کوئی جدید ہدایت نامہ یہی کتاب قیامت تک ذریعہ نجات ہوگی اور اسی وحی محمدیہ ﷺ کے پیرو نجات پائیں گے۔ وہ آیت شروع قرآن میں ہے: ﴿وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ. وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ○ اُولٰٓئِکَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ

وَاُولٰئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾ ترجمہ: اے پیغمبر جو کتاب تم پر اتری اور جو تم سے پہلے اتریں ان سب پر ایمان لاتے ہیں اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے پروردگار کے سیدھے راستے پر ہیں اور یہی آخرت میں من مانی مرادیں پائیں گے۔

(سورہ بقرہ)

پھر ایمان والوں کو حکم دیا: ﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَالْکِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَالْکِتٰبِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ﴾ ترجمہ: مسلمانوں اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسولوں پر اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول (محمد ﷺ) پر اتاری ہے اور ان کتابوں پر جو کتاب قرآن سے پہلے دوسرے پیغمبروں پر اتاریں۔ (نساء رکوع ۹)

پھر فرمایا: ﴿وَالْمُؤْمِنُوْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ﴾ ترجمہ: اور وہ مسلمان اس کتاب پر جو (اے محمد ﷺ) تم پر اتری اور ان کتابوں پر جو تم سے پہلے اتریں ایمان لاتے ہیں۔ (نساء رکوع ۲۱)

پھر فرمایا: ﴿اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ﴾ ترجمہ: ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور ساتھ اس کتاب کے جو اتاری گئی طرف ہماری اور ساتھ اس کتاب کے جو اتاری گئی پہلے ہم سے۔ (مائدہ، ع ۸)

پھر فرمایا: ﴿وَھٰذَا کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰہُ مُبٰرَکٌ فَاتَّبِعُوْہُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ﴾ ترجمہ: یہ کتاب (یعنی قرآن) ہم نے اس کو اتارا ہے برکت والی کتاب تو تم اسی کے حکم پر چلو اور خدا سے ڈرتے رہو عجب نہیں تم پر رحم کیا جائے۔ (انعام۔ ع ۱۹)

پھر فرمایا: ﴿کَذٰلِکَ یُوْحِیْٓ اِلَیْکَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ اللّٰہُ

﴿الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ﴾ ترجمہ: اسی طرح اللہ جو زبردست اور حکمت والا ہے تمہاری طرف اور ان پیغمبروں کی طرف جو تم سے پہلے ہو چکے ہیں وحی بھیجتا رہا ہے۔ (شوریٰ)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ایک رسول کی نسبت پیشگوئی فرمائی: ﴿وَمُبَشِّرًام بِرَسُوْلٍ﴾ اگر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سلسلہ رسل جاری رہتا تو لفظ رُسل چاہئے تھا۔ مگر پیشگوئی میں لفظ رسول ہے جو واحد ہے۔

تمام قرآن شریف میں "من قبلک" آیا ہے "من بعدک" کہیں نہیں لکھا جس سے اظہر من الشّمس ہے کہ حضرت خاتم النّبیین کے بعد نہ کوئی نبی پیدا ہوگا اور نہ کوئی جدید وحی جو ذریعہ نجات ہو سکے من جانب اللہ نازل ہوگی۔

طریق انصاف ودیانت وامانت یہ ہے کہ مرزا صاحب اور انکے مرید کوئی ایک آیت پیش کرتے جس میں لکھا ہوتا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم تیرے بعد نبی بھیجتے رہیں گے۔ اور وحی رسالت تیرے بعد جاری رکھیں گے۔ مگر سب مرزائیوں نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا اور کوئی آیت ایسی نہ دکھا سکے۔ اور کیونکر دکھاتے جبکہ قرآن میں ہے ہی نہیں۔ ہاں کج بحثی کے طور پر بغیر کسی نص قرآنی وحدیثی کے بحث کرتے ہیں اور ہر جگہ مغلوب ہوتے ہیں۔ ذیل میں ہم انکی کج بحثی کے جوابات نمبروار درج کرتے ہیں اور جواب دیتے ہیں۔ ان کے جواب کو قولہ اور اپنے جواب الجواب کو اقول سے بیان کریں گے۔

قولہ: الجواب اول: خاتم بفتح تاء کے معنی ختم کرنے والا کرنا عربی زبان سے سخت جہالت ہونے کا ثبوت ہے (الخ)۔

اقول: آپ کے اس گستاخانہ جواب سے ثابت ہوا کہ مرزا صاحب آپ کے پیرومرشد سخت جاہل تھے اور اسی جہالت کا نتیجہ ہے کہ آپ خود مرزا صاحب کی کتابوں سے ناواقف

اور محض جاہل ہیں یا جان بوجھ کر دھوکا دیتے ہیں۔ دیکھو مرزا صاحب خود خاتم النّبیین کے معنی ختم کرنے والا نبیوں کا کرتے ہیں: ”مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ“ یعنی محمد ﷺ تم میں سے کسی مرد کا باپ نہیں مگر وہ رسول اللہ اور ختم کرنے والا نبیوں کا ہے“ (الخ)۔ (ازالہ اوہام، حصہ دوم، تقطیع خورد ص۶۱۴)

اب مرزائی صاحب آپ سوچو کہ آپ کی جہالت نے آپ کو کہاں تک پہنچایا کہ تمہارا مرشد بھی تمہاری یاوہ گوئی اور دشنام دہی سے محفوظ نہ رہا اور اگر شرم وحیا ہے تو آئندہ سوچ کر لکھا کرو۔ اپنے مرشد کی ہتک کسی مذہب میں جائز نہیں۔

دوم: ”حمامۃ البشریٰ ص۶۶“ میں مرزا صاحب لکھتے ہیں: ”قال عزوجل مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ“. ترجمہ مرزا صاحب: ”ہم نے محمد کو کسی مرد کا باپ نہیں بنایا ہاں وہ اللہ کے رسول اور نبیوں کے خاتم ہیں۔ کیا تو نہیں جانتا کہ اس محسن رب نے ہمارے نبی کا نام خاتم الانبیاء رکھا ہے اور کسی کو مستثنیٰ نہیں کیا۔ اور آنحضرت ﷺ نے طالبوں کیلئے بیان واضح سے اسکی تفسیر یہ کی ہے ”لانبی بعدی“ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں“۔

کیوں مرزائی صاحب ہوش وحواس قائم ہیں آپ کے مرشد آپ ہی کے قول سے سخت جاہل ثابت ہوئے یا کوئی کسر باقی ہے؟ آسمانی کتاب انجیل اور قرآن شریف اور احادیث نبوی سے تو یہودیانہ تحریف سے نبیوں کا سلسلہ ہمیشہ کے لئے جاری سمجھتے ہیں۔ اب مرزا صاحب کے کلام کو بھی جاٹ لوگے۔

سوم: مرزا صاحب لکھتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ کے بعد سلسلہ نبوت ورسالت بند ہوگیا ہے دیکھو ذیل کی عبارات:

''قرآن کریم بعد خاتم النّبیین کے کسی رسول کا آنا جائز نہیں رکھتا خواہ وہ نیا رسول ہو یا پرانا ہو کیونکہ رسول کو علم دین بتوسط جبرائیل ملتا ہے اور باب نزول جبرائیل بہ پیرایہ وحی رسالت مسدود ہے اور یہ بات خود ممتنع ہے کہ دنیا میں رسول تو آئے مگر سلسلہ وحی رسالت نہ ہو''۔ (ازالہ اوہام، حصہ دوم، ص ۶۱، مرزا صاحب)

جو مثال خاتم الشعراء کی پیش کی ہے بالکل غلط ہے اور قیاس مع الفارق ہے جو باطل ہے کیونکہ خاتم النّبیین کا متکلم خداوند تعالیٰ ہے اور خاتم الشعراء کا متکلم انسان مخلوق خدا ہے۔ پس خالق ومخلوق کے کلام کو ایک جیسا سمجھنا جہالت ہے۔

قولہ: الجواب ثانی: قرآن کریم کا دعویٰ ہے ''وَلَوْ کَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰہِ لَوَجَدُوْا فِیْہِ اخْتِلَافًا کَثِیْرًا'' کہ اگر قرآن شریف خدا تعالیٰ کا کلام نہ ہوتا تو اس میں اختلاف ہوتا۔ پس قرآن شریف میں اختلاف نہیں۔ مگر خدا تعالیٰ قرآن میں متعدد بار فرما چکا ہے کہ انبیاء آتے رہیں گے۔ چنانچہ ہم اس وقت مشت نمونہ از خروار صرف تین آیات پیش کرتے ہیں: ۱۔ ''یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ رُسُلٌ مِّنْکُمْ''، ۲۔ ''اَللّٰہُ یَصْطَفِیْ مِنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ''، ۳۔ ''یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ کُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا''.

اقول: قرآن شریف کی ان آیات سے سلسلہ نبوت جاری سمجھنا بالکل غلط ہے۔

اول: تو مرزا صاحب جنکا دعویٰ ہے کہ میں قرآن دانی میں سب سے افضل ہوں غلط ہو جائے گا۔ کیونکہ وہ سلسلہ نبوت ورسالت ختم شدہ مانتے ہیں جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا۔

دوم: مسیح موعود کا دعویٰ بھی ان کا غلط ہوا۔ کیونکہ جو شخص اپنے مریدوں جیسا بھی قرآن فہم نہیں وہ امام زمان اور مسیح موعود کس طرح ہو سکتا ہے۔

سوم: مرزا صاحب نے لکھا ہے کہ محمد ﷺ پر نبوت ختم ہو چکی ہے چنانچہ حضرت خاتم

النّبیین کی تعریف میں لکھتے ہیں

ہست او خیر البشر خیر الانام　　ہر نبوت را برو شد اختتام

چونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ میرے بعد کوئی نبی پیدا نہ ہوگا، اس واسطے اگر ہزار نہیں لاکھ نہیں کروڑوں جاہل اکھٹے ہوکر رسول اللہ ﷺ کے برخلاف تفسیر اپنے من گھڑت ڈھکوسلوں سے کریں مسلمان کبھی تسلیم نہیں کر سکتے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "**انما هلك من كان قبلكم بهذا ضرب كتاب الله بعضه ببعض**" آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم سے پہلے لوگ تباہ ہو گئے کہ انہوں نے خدا کی کتاب کے بعض کو بعض سے لڑایا۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب ''حجۃ اللہ البالغہ'' میں فرماتے ہیں: ''میں کہتا ہوں قرآن کے ساتھ تدافع کرنا حرام ہے اور اس کی شکل یہ ہے کہ ایک شخص اپنے مذہب کے اثبات کی غرض سے استدلال کرے اور دوسرا شخص اپنے مذہب کے ثابت کرنے کے لئے اور دوسرے مذہب کے ابطال یا بعض کے بعض پر تائید کرنے کی غرض سے دوسری آیت پیش کرے۔

پس مرزا صاحب قادیانی کے مرید مرزا کو نبی بنانے کے لئے تدافع کرتے ہیں نصوص قطعیہ شرعیہ کا تدافع کرتے ہیں جو حرام ہے۔ قرآن شریف میں کوئی آیت نہیں جس میں لکھا ہو کہ اے محمد ﷺ ہم تیرے بعد وحی اور نبی بھیجتے رہیں گے۔ یا نبوت و رسالت کا سلسلہ ہمیشہ کے لئے جاری ہے۔ اور جاری رہیگا۔ پس قرآن میں تعارض یعنی پہلی آیت ﴿يٰبَنِىٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِىْ فَمَنِ اتَّقٰى وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾ (سورۃ اعراف)۔ یعنی اے بنی آدم انسانوں تم میں

ضرور رسول آئیں گے۔ اس آیت میں صاف طور پر خدا تعالیٰ تاکیدی الفاظ میں فرماتا ہے:
﴿اِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ رُسُلٌ مِّنْکُمْ﴾ کہ البتہ ضرور رسول آئیں گے (الخ)۔

الجواب: اس آیت میں خدا تعالیٰ نے چونکہ بنی آدم کو خطاب کیا ہے کہ اے آدم کی اولاد اور محمد رسول اللہ ﷺ یا امت محمدیہ ﷺ کو خطاب خاص طور پر نہیں فرمایا تو یہ آیت بعد محمد ﷺ کے ہمیشہ رسولوں کے آنے کے واسطے نص نہیں ہے۔

دوم: یہ آیت حضرت آدم علیہ السلام کے قصہ کے متعلق ہے اور خدا تعالیٰ نے بطور حکایت بیان کی ہے جیسا کہ سورۃ بقرہ رکوع ۳ میں فرمایا: ﴿فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّہٖ کَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَیْہِ ط اِنَّہٗ ھُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ O قُلْنَا اھْبِطُوْا مِنْھَا جَمِیْعًا فَاِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ مِّنِّیْ ھُدًی فَمَنْ تَبِعَ ھُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَ لَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ O وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَکَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَآ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ﴾ پس آدم علیہ السلام نے پروردگار سے معذرت کے چند کلمات سیکھ لئے اور ان کلمات کی برکت سے خدا نے ان کی توبہ قبول کر لی۔ بے شک وہ بڑا ہی درگذر کرنے والا مہربان ہے۔ ہم نے حکم دیا کہ تم سب کے سب یہاں سے اتر جاؤ تو ساتھ ہی سمجھایا کہ اگر ہماری طرف سے تم لوگوں کے پاس کوئی ہدایت پہنچے تو اس پر چلنا کیونکہ جو ہماری ہدایت کی پیروی کریں گے آخرت میں ان پر نہ تو کسی قسم کا خوف طاری ہوگا اور نہ وہ کسی طرح پر آزردہ خاطر ہوں گے اور جو لوگ نافرمانی کریں گے اور ہماری آیتوں کو جھٹلائیں گے وہ ہی دوزخی ہوں گے اور وہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔'' چنانچہ تاریخ عالم ظاہر کر رہی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام اور انکی اولاد سے سلسلہ رسل جاری ہوا اور حضرت خاتم النّبیین ﷺ پر ختم ہوا۔ جیسا قرآن شریف کی آیت خاتم النّبیین سے ظاہر ہے۔ اگر کوئی کمبخت خاتم النّبیین کے ہوتے ہوئے سلسلہ انبیاء ورسل

جاری کہے تو وہ قرآن میں تعارض پیدا کرنے کا مجرم ہوگا۔ کیونکہ قرآن میں تعارض ممکن نہیں اس لئے کہ جس کلام میں تعارض ہو وہ خدا کا کلام نہیں ہو سکتا۔ پھر قرآن شریف میں آدم علیہ السلام کے قصے کی تیسری آیت ذکر فرمائی اور وہ یہ ہے: ﴿قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ. فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى. فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَاىَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى﴾۔

اب روز روشن کی طرح ثابت ہے کہ یہ خطاب ابتدائی آفرینش میں تھا۔ اور خدا تعالیٰ نے اسی کے مطابق سلسلہ رسالت ونبوت آدم سے جاری کیا اور حضرت خاتم النّبیین پر ختم فرمایا۔

افسوس! مضمون نویس مرزائی صاحب، مرزا صاحب کی تعلیم اور کتابوں کا بھی واقف نہیں۔ ہم ذیل میں مرزا صاحب کی عبارت درج کر کے قادیانی مضمون نویس سے دریافت کرتے ہیں کہ اگر حضرت محمد ﷺ کے سلسلہ نبوت ورسالت جاری ہے تو انہوں نے ایسا کیوں لکھا۔ مرزا صاحب فرماتے ہیں: ”اور سیدنا محمد مصطفیٰ ﷺ کے بعد کسی دوسرے مدعی نبوت اور رسالت کو کاذب اور کافر جانتا ہوں۔ میرا یقین ہے کہ وحی رسالت حضرت آدم صفی اللہ سے شروع ہوئی اور جناب رسول اللہ محمد مصطفیٰ ﷺ پر ختم ہوگئی“۔ (اشتہار دہلی جو دوبارہ میر قاسم علی مرزائی نے اپنی کتاب دین الحق میں شائع کیا)۔ کیا اب بھی کوئی مرزائی کہہ سکتا ہے کہ سلسلہ نبوت جاری ہے اور قرآن کی ان آیات سے مرزا صاحب جاہل تھے اور پھر مرید بھی رہ سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

اس آیت ﴿اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ الخ﴾ کے معنی جو اہل زبان صحابہ کرام اور رسول اللہ ﷺ نے کئے اور رسول اللہ ﷺ نے خاتم النّبیین کے معنی ”لا نبی بعدی“ کئے اور ہر

ایک حدیث میں فرمایا اور ''لانبی بعدی'' پر خود عمل فرما کر پہلے امتی مدعیان نبوت مسیلمہ کذاب واسود عنسی کو کافر قرار دے کر ان پر فتویٰ کفر صادر فرما کر ان کے ساتھ جہاد کا حکم دیا اور خدا تعالیٰ نے ان کاذبان کو بمعہ انکے امتیوں کے نابود فرمایا اور خلفائے اسلام نے بھی مدعیان نبوت بعد حضرت خاتم النّبیین کو قتل کرایا، کیا ۱۳سو برس میں کسی مسلمان کو یہ آیت ﴿اِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ الخ﴾ یاد نہ آئی جو اَب قادیانی علماء کو نظر آئی۔ جنہوں نے قرآن کی شانِ فصاحت وبلاغت کو بھی (نعوذ باللہ) خاک میں ملا دیا۔ کیا مخالفین اسلام اعتراض نہ کریں گے کہ ایسا کلام جس میں تعارض ہو اور جس کے معنی محمد رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ اور تمام سلف صالحین ۱۳سو برس تک نہ سمجھے اور تمام امتی نبیوں کو قتل کراتے رہے ایسا کلام کیسے فصیح وبلیغ ہوسکتا ہے حالانکہ مرزا صاحب خود اور ان کے مرید خود ہی کہتے ہیں اور اصول مقرر کیا ہے کہ قرآن کی تفسیرِ قرآن وہی صحیح ہوسکتی ہے جو قرآن کی دوسری آیات کے مطابق ہو چونکہ مرزائیوں کی تفسیر، قرآن کی دوسری آیات کے مخالف ہے اس لئے مردود ہے اور قابل قبولیت نہیں اور ﴿اِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ الخ﴾ سے اگر ہمیشہ نبیوں کا آنا تسلیم کریں تو مفصلہ ذیل زبردست اعتراضات وارد ہوتے ہیں:

اعتراض اول: ﴿یَقُصُّوْنَ عَلَیْکُمْ اٰیٰتِیْ﴾ سے ظاہر کہ وہ رسل صاحب کتاب اور شریعت ہوں گے۔ چنانچہ حضرت خاتم النّبیین سے پہلے رسول صاحب کتاب وشریعت آچکے اور سب کے بعد حضور علیہ السلام تشریف لائے۔ مرزا صاحب جب خود فرما چکے کہ "من نیستم رسول ونیا وردہ ام کتاب" بتاؤ مرزا صاحب جب کوئی شریعت اور کتاب وہدایت نہیں لائے تو پھر کیوں کر مرزا صاحب اس آیت کے مصداق ہوسکتے ہیں۔

اعتراض دوم: مرزا صاحب کا دعویٰ ہے کہ میں مسیح موعود مہدی مسعود ہوں اور چونکہ مسیح نبی و رسول اللہ تھا جو محمد ﷺ کے پہلے مبعوث ہو چکا تھا اور آخیر دنیا پر دوبارہ آنے والا ہے اور اس کے بعد قیامت آ جائے گی۔ حالانکہ اس آیت میں ہے کہ رسول آئیں گے اور وہ سب شریعت وہدایت لائیں گے۔ جب سلسلہ دنیا ہی نہ رہے گا تو رسولوں کا کتاب اور ہدایت لانا عبث اور فضول ہے اور خدا فضول کام نہیں کرتا۔ پس یہ وہی رسول ہیں جو محمد سے پہلے آنے والے تھے جن کا آنا محمد ﷺ کے آنے سے بند ہو گیا جو قیامت تک بند رہیں گے جیسا کہ حضرت مسیح کی پیشگوئی ہے:

انجیل متی، باب ۲۴، آیت ۳ سے: ''جب وہ زیتون کے پہاڑ پر بیٹھا۔ اس کے شاگرد یعنی یسوع کے اس کے پاس آئے اور بولے کہ کہو یہ کب ہوگا اور تیرے آنے کا اور دنیا کے آخیر کا نشان کیا ہے''۔ **آیت ۴:** ''اور یسوع نے جواب دے کے انہیں کہا خبردار ہو کہ تمہیں کوئی گمراہ نہ کرے''۔ **آیت ۵:** ''کیونکہ بہتیرے میرے نام پر آئیں گے اور کہیں گے میں مسیح ہوں اور بہتوں کو گمراہ کریں گے''۔ بتاؤ اگر ہمیشہ رسول آتے رہیں گے تو مرزا صاحب کے بعد جو دو شخص مدعیان نبوت ورسالت ہوئے ان کو قادیانی کیوں نہیں مانتے اور خود بقول خود کافر ہو رہے ہیں۔ ایک مولوی عبداللطیف ساکن گناچور ضلع جالندھر اور دوسرا میاں نبی بخش ساکن معراجکے ضلع سیالکوٹ۔ دو دو نبیوں کے انکار سے قادیانی امت کافر ہو رہی ہے جواب اسناد شریعہ سے ہونا چاہیے من گھڑت ڈھکوسلے مردود ہوں گے۔

قولہ: ﴿یٰاَیُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا﴾ یعنی اے رسولو! پاک کھانے کھاؤ اور نیک اعمال کرو۔ یہ جملہ ندائیہ ہے جو حال اور استقبال پر دال ہے اور رسل

جمع ہے جو ایک سے زیادہ پر بولا جاتا ہے پس صاف ثابت ہے کہ اس آیت کے نزول کے وقت رسول اللہ ﷺ کے علاوہ اور بھی رسول موجود تھے یا بعد میں آنے والے تھے۔ پہلی صورت تو صحیح نہیں پس دوسری صورت ہی صحیح ہے کہ رسول اللہ کے بعد بھی رسول آتے رہیں گے۔

الجواب: سخت حیرت سے من گھڑت ڈھکوسلے لگاتے ہیں۔ حالانکہ اوپر کی آیات میں جو ملی ہوئی ہیں ان رسولوں کے نام قرآن شریف میں درج ہیں یعنی حضرات موسیٰ اور ہارون اور عیسیٰ کو یہی حکم آئے ہیں کہ عمل نیک کرو اور ستھری چیزیں کھاؤ۔ **افسوس!** قرآن میں تحریف کر کے اپنی طرف سے اتنی عبارت بڑھا دی کہ یہ وہ رسل ہیں کہ جو آنحضرت ﷺ کی وحی قرآن کے ماتحت آنے والے ہیں حالانکہ مخاطب رسولوں کے گذشتہ رسولوں میں سے ہیں جن کے نام مذکور ہو چکے ہیں موسیٰ، ہارون اور عیسیٰ علیہم السلام ان ناموں کے ہوتے ہوئے یہ مغالطہ دینا کہ یہ رسل وہ ہیں جو رسول اللہ کے بعد قرآن کے ماتحت آنے والے ہیں، یہ یہودیانہ تحریف ہے مسلمان کی شان سے بعید ہے۔ کیونکہ ایک طرف خدا نے محمد ﷺ کو خاتم النّبیین فرمایا اور دوسری طرف محمد ﷺ کے بعد آنے والے رسولوں کو مخاطب کرنا یہ اختلاف کثیر کوئی مخبوط الحواس ہی کر سکتا ہے۔ جس کے دل میں نور ایمان نہیں۔ قرآن شریف میں خدا خود فرما دے کہ جس کلام میں اختلاف ہو وہ خدا کا کلام نہیں ہو سکتا۔ اور خود قرآن میں اختلاف کرے "امتکم" کا خطاب جو "الرسل" کی طرف راجع ہے اس کو "محمد ﷺ کے بعد آنے والے ہیں کہنا" بنائے فاسد علی الفاسد ہے۔ جب رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی رسول آنا ہی نہیں تو انکی طرف خطاب کیسے ہو سکتا ہے۔ بیشک مضارع کا صیغہ حال اور استقبال کے واسطے آتا ہے مگر خدا تعالیٰ کے آگے گذشتہ زمانہ اور حال و استقبال

یکساں حاضر ہے اور اس کا علم محیط کل ہے۔ اس واسطے گذرے ہوئے اور آنے والے رسول سب اس کے آگے حاضر ہی ہیں اسی واسطے صیغہ مضارع کا جو حال واستقبال کے معنوں میں آتا ہے، استعمال فرمایا۔ جملہ ندائیہ کے واسطے منادیٰ کا ہونا ضروری ہے تو یہ رسل وہی ہیں جن کا ظہور حضرت خاتم النّبیین کے پہلے اور آدم علیہ السلام کے بعد ہو چکا ہے۔ یہ اصول مسلمہ فریقین ہے کہ قرآن کے معنی اور تفسیر کرنے میں حدیثوں کی مخالفت نہیں کرنی چاہیے۔ اگر کوئی حدیث بظاہر قرآن کی مخالف معلوم ہو تو قرآن کی تائید اور حدیث کی تاویل کرنی چاہیے اگر حدیث کی تاویل قران کے مطابق نہ ہو سکے تو ایسی حدیث کو ترک کرنا چاہیے۔ کیونکہ جیسا کہ قرآن شریف حضرت خاتم النّبیین ﷺ سمجھے دوسرا نہیں سمجھ سکتا۔ پس قرآن کی آیت خاتم النّبیین کی تشریح وتفسیر جو رسول اللہ ﷺ نے خود فرمادی وہ ہی درست ہوگی اگر ہزار جاہل بلکہ لاکھوں کروڑوں کذاب رسول اللہ ﷺ کے خلاف معنی وتفسیر کریں وہ ہرگز قابل تسلیم نہ ہوں گی۔ خاتم النّبیین کے معنی جب رسول اللہ ﷺ نے خود "لا نبی بعدی" فرمادیئے تو پھر کسی جاہل کے معنی کوئی مسلمان تسلیم نہیں کر سکتا اور نہ دائرہ اسلام سے خارج ہو سکتا ہے۔ اب ہم وہ حدیثیں ذیل میں درج کرتے ہیں تاکہ مسلمان خود فیصلہ کرسکیں کہ آج ۱۳ سو برس کے بعد خاتم النّبیین کے معنی جو قادیانی علما کر کے قرآن کی مخالفت کرتے ہیں بالکل مغالطہ دیتے ہیں۔

حدیث اول: سیکون فی امتی کذابون ثلاثون کلھم یزعم انہ نبی اللہ وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی".

ترجمہ: میری امت میں تیس جھوٹے نبی ہونے والے ہیں ان میں سے ہر ایک کا گمان یہ ہوگا کہ میں نبی اللہ ہوں حالانکہ میں خاتم النّبیین ہوں۔ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

حدیث دوم: کانت. بنو اسرائیل تسوسهم الانبیاء کلما هلک نبی خلفه نبی وسیکون خلفاء. (صحیح بخاری ص۲۹۱)

ترجمہ: مجھ سے پہلے بنی اسرائیل ادب سکھائے جاتے تھے نبیوں سے جس وقت فوت ہوتا ایک نبی قائم مقام اس کے بھیجا جاتا اور قریب ہے کہ میرے بعد میرے خلفاء ہوں گے۔ یہ حدیث بخاری کی ہے جس کے صحیح ہونے میں کسی کو شک نہیں ہوسکتا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے خود قرآن کی آیت خاتم النّبیین کے معنی "**لانبی بعدی**" کردیئے تو کسی مسلمان کا حوصلہ نہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کرے اور جہنم کا وارث بنے۔ اس حدیث میں فیصلہ ہوگیا کہ غیر تشریعی نبی، مجازی نبی، غیر حقیقی نبی تبلیغی نبی، ظلی نبی، بروزی نبی، فنافی الرسول نبی، استعاری نبی، ناقص نبی، نقلی نبی۔ غرض کسی قسم کی نبوت میرے بعد نہیں ہوگی کیونکہ ایسے نبیوں کے کام علماء امت وخلفائے اسلام کیا کریں گے۔

حدیث سوم: عن سعد بن ابی وقاص قال قال رسول اللّٰہ ﷺ لعلی انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انه لانبی بعدی".

ترجمہ: یعنی رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی کو فرمایا کہ تو مجھ سے ایسا ہے جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام سے ہارون مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ اس حدیث سے اظہر من الشمس ہے کہ کوئی شخص کیسا ہی فنافی الرسول ہونے کا مدعی ہو ہرگز سچا نبی نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ حضرت علی جیسے جاں نثار صحابی جو متابعت میں مرزا صاحب سے ہزار ہا درجہ کامل تھے وہ نبی نہ ہوسکے تو مرزا صاحب جو ڈر کے مارے باوجود استطاعت کے حج ایک فرض بھی ادا نہ کرگئے اور نہ جہاد نفسی کیا اور نہ ہجرت کی کیونکر محبت رسول ﷺ میں کامل ہوسکتے ہیں۔ جب مرزا صاحب نے خود ہی متابعت تامہ کی شرط لگائی ہے تو اپنی شرط سے سچے نہیں۔ کیونکہ ان کی متابعت ناقص ہے

جب کامل متابعت والا نبی نہ ہوا تو ناقص متابعت والا کیونکر نبی ہوسکتا ہے؟

حدیث چهارم: "عن ابی هریرة ان رسول الله ﷺ قال فضلت علی الانبیاء بستة اعطیت جوامع الکلم ونصرت بالرعب وحلت لی الغنائم وجعلت لی الارض مسجدا طهورا وارسلت الی الخلق کافةً وختم بی النبیون". یعنی روایت ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ فضیلت دیا گیا میں نبیوں پر ساتھ چھ خصلتوں کے:

اول: دیا گیا میں کلمے جامع۔

دوم: فتح دیا گیا میں دشمنوں کے دلوں میں رعب ڈالنے کے ساتھ۔

سوم: حلال کی گئیں میرے لئے غنیمتیں۔

چهارم: اور کی گئی میرے لئے زمین مسجد اور پاک کرنیوالی۔

پنجم: بھیجا گیا میں ساری خلقت کی طرف۔

ششم: ختم کئے گئے میرے ساتھ نبی"۔

اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے تمام قادیانی اعتراضوں کے جواب دے دیئے ہے۔ جو کہتے ہیں کہ مسیح افضل ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے خود فرمادیا کہ مجھ کو تمام نبیوں پر فضیلت دی گئی یعنی نبوت و رسالت مجھ پر ختم کی گئی اور یہ فضیلت ہے مگر قادیانی کہتے ہیں کہ یہ غلط ہے اور نبوت جاری ہے، رسول اللہ کا مقابلہ اور تکذیب، یہ قادیانی اسلام ہے۔

حدیث پنجم: قال رسول الله ﷺ فانی آخر الانبیاء وان مسجدی آخر المساجد. (صحیح مسلم ص ۴۴۶)۔ یعنی میں آخر الانبیاء ہوں اور میری مسجد آخری مسجد ہے۔

حدیث ششم: انا خاتم الانبیاء ومسجدی خاتم مساجد الانبیاء. یعنی میں ختم کرنے والا نبیوں کا ہوں اور میری مسجد نبیوں کی مسجدوں کے ختم کرنے والی ہے۔

(کنز العمال، ص۶۵۶ ج۶)

حدیث ہفتم: انه لانبی بعدی ولا امة بعدکم فاعبدوا ربکم. ترجمہ: یعنی میرے بعد کوئی نبی نہیں اور اے میری امت تمہارے بعد کوئی امت نہیں۔ (کنز العمال جلد۳)

ان حدیثوں کے جوابات مرزائی لوگ دیا کرتے ہیں وہ بھی سن لو اور ان کے جواب الجواب میں پڑھ لو تا کہ حق اور باطل میں تمیز ہو۔

قوله: الحدیث اول: آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ میرے بعد اب بالکل کوئی نبی نہ آئے گا کیونکہ دوسری طرف آپ خود حضرت عیسیٰ کے آنے کی پیشگوئی فرما چکے ہیں (الخ)۔

جواب الجواب: یہ جواب بالکل غلط ہے میں خود کچھ نہیں کہتا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا جواب ہی نقل کرتا ہوں۔ دیکھو تفسیر خازن ج۳ ص۴۸۶: **ختم اللّٰه به النبوة بعده ولا معه قال ابن عباس رضی اللہ عنہ یرید لولم اختم به النبی لجعلت به ابنا یکون بعده نبیاً وعنه قال ان اللّٰه لما حکم ان لانبی بعده لم یعطیه ولدا ذکرا یصیر رجلا وکان اللّٰه بکل شیء علیما. ای دخل فی علمه انه لا نبی بعده وان قلت قد صح ان عیسیٰ علیہ السلام ینزل فی اٰخر الزمان ینزله عاملا بشرعة محمد صلی اللہ علیہ وسلم ومصلیها الی قبلته کانه بعض امته.**

ترجمہ: ختم کردی اللہ تعالیٰ نے آپ کے وجود گرامی پر نبوت تو کسی قسم کی نبوت آپ کے بعد نہیں ہوگی۔ چونکہ لایکون میں لانفی جنس کا حرف ہے اس لئے کسی قسم کا نبی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نہیں آسکتا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ اس آیت کے معنی

کہ اگر میں آپ کے وجود گرامی پر سلسلہ انبیاء کو ختم نہ کرتا تو آپ کے لئے کوئی بیٹا عطا کرتا جو آپ کے بعد نبی ہوتا۔ اور نیز آپ ہی سے مروی ہے ضروری ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے حکم دے دیا کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا تو آپ کو نرینہ اولاد نہ دی جو زندہ رہتی کیونکہ اللہ تعالیٰ کے حکم میں یہ بات پہلے سے تھی کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ اگر کوئی اعتراض کرے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو آخر زمانہ میں نازل ہوں گے تو وہ نبی ہوں گے۔ تو اسکا جواب یہ ہے کہ وہ پہلے نبی محمد ﷺ کے مبعوث ہو چکے تھے اور بعد نزول شریعت محمدی ﷺ کے پیرو ہونگے اور بیت اللہ ہی انکا قبلہ ہوگا۔ گویا وہ آپ کی امت کے ایک فرد متصور ہو گے۔ اور مرزائیوں کا یہ جواب بالکل ردّی اور قیامت تک ہنسی کے لائق ہے کہ آنحضرت ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ میرے بعد اب بالکل کوئی نبی نہ آئے گا۔ مطلب یہ کہ چونکہ "لانبی بعدی" میں بالکل کا لفظ نہیں اس واسطے نبوت بند نہیں پس نبوت جاری ہے جاہلانہ جواب ہے۔ جیسا کہ کوئی کہے کہ سور کا کھانا حرام نہیں کیونکہ خدا نے بالکل حرام نہیں فرمایا۔

قولہ: الحدیث الثانی: لو کان بعدی نبی فکان عمر. یعنی اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر رضی اللہ عنہ ہوتے۔ (الخ)۔

الجواب اول: ترمذی میں "ھذا حدیث غریب" لکھا ہے۔

الجواب ثانی: اگر محمد ﷺ مبعوث نہ ہوتے تو عمر مبعوث ہوتے۔ (مرقاۃ شرح مشکوۃ)۔ پس چونکہ آنحضرت ﷺ مبعوث ہو گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ مبعوث نہیں ہوئے۔

اقول: دونوں جوابوں میں کہیں ثابت نہیں کہ حضرت محمد ﷺ خاتم النبیین کے بعد سلسلہ انبیاء جاری ہے۔ بلکہ "لانبی بعدی" سے ثابت ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی سپہ سالارِ اعظم جب نبی نہ ہوئے تو ایک پنجابی جوڈر کے مارے حج کا فرض بھی

ترک کرتا ہے۔اور جہاد کا نام سنکر لرزہ براندام ہو جاتا ہے شاعراز مضمون نویسی سے کیوں کر نبی ہوسکتا ہے۔مرزاصاحب کا مسلمہ اصول ہے کہ کسی حدیث کا مضمون جب پورا ہو جائے تو وہ حدیث خواہ کیسی ہی ضعیف ہو صحیح مانی جاتی ہے کیونکہ خدا کے فعل نے اس کو صحیح ثابت کر دیا۔آپ اپنے مرشد کا قول کیوں ردّ کرتے ہیں۔حدیث **لا مھدی الا عیسیٰ** کو تو محدثین نے اضعف کہا ہے وہ کیوں مانتے ہو۔پس جب خدا کے فعل نے محمد ﷺ کو نبوت ورسالت عطا کر کے خاتم النّبیین فرمادیا تو سلسلہ نبوت مسدود ہو گیا اور حدیث صحیح ہو گئی۔

قولہ: الحدیث الثالث: **انا العاقب و العاقب الذی لیس بعدہ نبی الخ.** ترجمہ: یعنی میں عاقب ہوں اور عاقب وہ ہوتا ہے جس کے بعد کوئی نبی نہ ہو(الخ)۔یہ الحاقی فقرہ ہے یعنی رسول اللہ ﷺ کے الفاظ نہیں۔

اقول: ایسے جواب سے تو خاموش رہنا ہی اچھا تھا۔رسول اللہ ﷺ کی حدیث میں غیر کا دخل کہنا سخت غلط یہ ہے کیونکہ صرف عاقب ہی نہیں دوسرے فقرات بھی ہیں۔یعنی **انا محمد انا احمد انا ماحی الذی یمحو اللّٰہ الکفر بی وانا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی و انا العاقب الذی لیس بعدہ نبی.** بتاؤ **ماحی الذی یمحو اللّٰہ الکفر بی** یعنی **وحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی** یہ بھی الحاقی ہیں۔رسول اللہ ﷺ کی کلام میں غیروں کا دخل کہنا مسلمانوں کا کام نہیں۔مگر شکر ہے کہ آپ نے خود ہی شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کا نام لے لیا ہے۔اب سنو حضرت شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ کیا فرماتے ہیں: "**زال اسم النبی بعد محمد** ﷺ یعنی آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد نام نبی کو اٹھا لیا گیا، یعنی اب کوئی شخص امت محمدیہ ﷺ میں سے نبی نہیں کہلائے گا۔ (فتوحات جلد ثانی ص۶۴)

قولہ: الحدیث الرابع: لم یبق من النبوۃ الا مبشرات وھی الرؤیا الصادقۃ یعنی پس اب سچی خواب ہی رہ گئی ہے نبوت بند ہے۔

الجواب: اسکے یہ معنی نہیں کہ اب رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا بلکہ یبق مضارع ہے اس پر لم داخل ہوا۔ پس اس کے معنی ماضی منفی کے ہوئے یعنی نبوت میں سے صرف مبشرات ہی باقی رہ گئی ہیں۔ اس میں رسول اللہ ﷺ اور حضرت مسیح ناصری کے درمیان میں فطرت کا زمانہ مراد ہے نہ کہ آپ کے بعد کا۔

اقول: یہ ترجمہ جو آپ نے کیا ہے صرف غلط ہی نہیں بلکہ اغلط اور غلو ہے بوجوہات ذیل:

وجہ اول: یہ کہ ادنی طالب العلم بھی جانتا ہے کہ مضارع پر لم آئے تو ماضی منفی کے معنے دیتا ہے جس کے صحیح معنی ہیں اب نبوت سے کچھ نہیں رہا یعنی رسول اللہ ﷺ کے تشریف لانے سے نبوت کا سلسلہ بند ہوگیا اجزائے نبوت سے کوئی جز باقی نہیں رہی۔ صرف مبشرات یعنی سچی اور اچھی خوابیں تھیں مراد بالکل غلط ہے کیونکہ ''تھیں'' ماضی بعید ہے۔ اگر ''تھیں'' ترجمہ کریں یا مراد لیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ کا وسطی زمانہ مراد لیں تو اس سے حضرت محمد ﷺ کی نبوت بھی جاتی ہے کیونکہ جب نبوت حضرت عیسیٰ کے بعد اور محمد ﷺ کے پہلے مرتفع ہوچکی تھی تو پھر محمد ﷺ کی بعثت کے زمانہ میں اٹھائی گئی تھی یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد تو پھر محمد ﷺ کی نبوت کاملہ ہوئی صرف مبشرات والی جزوی نبوت ثابت ہوگی کیونکہ نبوت کاملہ تو فطرت کے زمانہ میں اٹھائی گئی۔

وجہ دوم: یہ کہ ہر مضارع پر لم داخل ہونے سے فطرت کا زمانہ مراد لیں تو قرآن شریف میں جو حضرت مریم نے فرشتہ جبرائیل کو کہا کہ ﴿وَلَمْ یَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ﴾ تو وہاں بھی مراد فطرت ہوگی کہ مجھ کو کسی بشر نے چھوا نہیں جو کہ غلط ہے۔

وجہ سوم: وہ لفظ آپ دکھائیں جس کے معنی ’’تھیں‘‘ کرتے ہیں۔ چونکہ یہاں کان نہیں جس کے معنی ’’تھیں‘‘ ہوتے، لہٰذا آپ کے منگھڑت معنی غلط ہیں۔

قوله: الحدیث الخامس: بعض غیر احمدی ثلاثون دجالون کذابون والی حدیث بھی پیش کردیا کرتے ہیں۔ اس حدیث کی سچائی ظاہر ہوچکی ہے اور ۸۲۸ھ پوری ہوگئی۔ پس حضرت مسیح موعود اس حدیث کی زد میں نہیں آتے۔

اقول: جواب الجواب: کسی سنجھو کے سے پوچھا کہ دو اور دو کتنے ہوتے ہیں؟ اس نے کہا چار روٹیاں۔ یہی حال مرزائیوں کا ہے۔ چونکہ غلط معانی اور تفسیر بالرائے کے مجرم ہوتے ہیں۔ شرح مسلم کی عبارت کا مطلب (جس کا غلط ترجمہ کر کے دھوکہ دینا چاہتے ہیں۔) یہ ہے کہ حضرت خاتم النّبیین نے جو پیشگوئی فرمائی تھی کہ میرے بعد جھوٹے مدعیان نبوت آئیں گے وہ ہوچکی یعنی ۸۲۸ھ تک وہ کذاب مدعیان گذر چکے اور کئی کذاب مدعیان نبوت امت محمدیہ میں سے اس حدیث کے مصداق ہوچکے ہیں۔ مگر آپ نے جو لکھا ہے کہ مرزا جی اس حدیث کی زد میں نہیں آتے بلکل غلط اور بلا دلیل ہے۔ کیا مرزا صاحب امت محمدیہ میں سے نہ تھے؟ کیا انہوں نے نہیں لکھا کہ میں خدا کے فضل سے نبی و رسول ہوں؟ کیا انہوں نے یہ الہام شائع نہیں کیا: ’’یا ایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا‘‘ اور لکھا کہ ’’خدا نے اب میری وحی، میری تعلیم اور بیعت کو ذریعہ نجات قرار دیا‘‘۔

(اربعین ۴، ص ۱۶ مصنفہ مرزا)

ثابت ہوا کہ مرزا ناسخِ قرآن بھی ہے، گویا آپ مسیلمہ کذاب سے بڑھ گئے کیونکہ مسیلمہ تو کہتا تھا کہ میں محمد رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نبوت میں شریک ہوں اور تابع محمد ہوں جیسا کہ حضرت موسیٰ کے ساتھ ہارون تھے۔ اور نصف زمین وامت مانگتا تھا۔ اور مرزا

نے تو حضور ﷺ کو نعوذ باللہ معزول کر کے اپنی ہی تعلیم و وحی وغیرہ کو ذریعہ نجات قرار دے دیا، مسلمان اس دھوکہ سے بچیں۔ فقط

خاکسار محمد پیر بخش پنشنر پوسٹماسٹر

سیکریٹری انجمن تائید الاسلام اندرون بھاٹی دروازہ لاہور

نمبر (۳) بابت ماہ مارچ ۱۹۲۷ء

مرزا صاحب کی مسیحیت کا تار پود

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ناظرین کرام کو معلوم ہے کہ مرزا صاحب نے اپنا مسیح موعود ہونا اثبات وفات مسیح پر رکھا ہے اور تمام سلف صالحین کے برخلاف قرآن شریف کی آیات کے محرف معنی کر کے ناواقف مسلمانوں کو دھوکا دیا ہے اور افسوس کہ سادہ لوح مسلمانوں نے یہ نہ سمجھا کہ یہ شخص تو اپنی غرض کے واسطے خلاف واقعہ آسمانی کتابوں کے برخلاف جا رہا ہے۔ چونکہ حضرت مسیح کا آسمان پر صعود کرنا محالات عقلی میں سے ہے۔ کچھ ناواقف مسلمان بھی ان کے ساتھ ہو گئے جیسا کہ سر سید احمد کے ساتھ ہو گئے تھے۔ مگر چونکہ سر سید احمد کی کوئی اپنی غرض نہ تھی اور نہ ہی وہ مسیح موعود ہونا چاہتے تھے اس واسطے انہوں نے صرف اپنی رائے اس واسطے ظاہر کر دی کہ جو تعلیم یافتہ مسلمان علم دین سے ناواقف ہیں اور مغربی تعلیم کے اثر سے محالات عقلی کے امور

نہیں مانتے ان کی خاطر انہوں نے تاویلات کر دیں اور علمائے اسلام نے بھی ان کی تاویلات کا ردّ کر دیا۔ اور سید صاحب چونکہ جانتے تھے کہ میری تاویلات از روئے قواعد عربیہ درست نہیں وہ خاموش رہے اور لکھ دیا کہ جس کا دل چاہے میری تاویلات مانے اور جس کا دل نہ چاہے نہ مانے کیونکہ سر سید کی کوئی اپنی ذاتی غرض نہ تھی۔ صرف ایک ذاتی رائے تھی جو کہ معتزلہ کے موافق تھے۔ مرزا صاحب نے سوچا کہ وفات مسیح کا نسخہ میری مسیحیت کے منوانے کے واسطے ابتدائی بحث کے لئے بہت مفید ہے۔ پس انہوں نے وفات مسیح کے ثابت کرنے میں ایڑی چوٹی کا زور لگایا اور سمجھے کہ طبائع چونکہ مغربی تعلیم سے مؤثر ہو کر ایمانیات کے تسلیم کرنے میں متامل و معترض ہیں۔ چونکہ ایمانیات کے مسائل میں ابتلا ضرور ہوتا ہے تا کہ مومن و غیر مومن میں فرق ہو جائے اس واسطے حیات مسیح کا مسئلہ جو دو بڑی قوموں میں انیس سو برس سے چلا آتا ہے اس سے مرزا صاحب نے انکار کیا اور کہا کہ چونکہ مسیح مر چکا ہے اس کی امید فضول ہے۔ اس کے عوض میں مسیح بنا کر بھیجا گیا ہوں جو مجھ کو نہ مانے گا اس کی نجات نہ ہو گی اور نہ وہ مسلمان ہے۔ اور ساتھ ہی یہ دعویٰ بھی کر دیا کہ قرآن مجید کی تیس آیات سے صریح طور پر وفات مسیح ثابت ہے۔ مگر چونکہ جھوٹ جھوٹ ہی ہے۔ مرزا صاحب اپنی تمام عمر میں وفات مسیح ثابت نہ کر سکے اور مرتے دم تک ان کی اپنی تسلی نہ ہوئی جس کا ثبوت ہے کہ ان کی کوئی کتاب بحث وفات مسیح سے خالی نہیں۔ مگر **افسوس!** کہ ناکامیاب رہے۔ آج تک ایک آیتِ قرآن بھی پیش نہ کر سکے جس میں لکھا ہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو چکے ہیں یا ان پر موت وارد ہو چکی ہے ان کا جسمانی اصلی نزول نہ ہو گا۔ مولوی الہ دتا صاحب مرزائی مولوی فاضل کو میں نے سو روپیہ انعام کا وعدہ دیا کہ آپ نے جو لکھا ہے کہ قرآن کریم میں صاف طور پر وفات مسیح بیان کی گئی ہے۔

وہ آیت دکھاؤ اور سو روپیہ انعام لو۔ انعام کا نام سن کر مولوی صاحب میدان میں آئے اور فرمایا کہ انعام کا روپیہ ڈاک خانہ میں جمع کرادو۔ میں نے جواب دیا کہ لو روپیہ جمع ہے اور ڈاک خانہ کا حساب بھی یہ ہے۔ تو مولوی صاحب نے گریز کر کے لکھا کہ اسی طرح ثابت کروں گا جس طرح دوسرے انبیاء علیہم السلام کی وفات ثابت ہے۔ میں نے کہا کہ آپ کا وعدہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات صاف طور پر دکھانے کا ہے۔ تب مولوی صاحب نے فرمایا کہ استدلال سے ثابت کروں گا۔ میں نے لکھا کہ یہ آپ کے پہلے وعدے کے برخلاف ہے آپ گریز کیوں کرتے ہیں؟ پھر مولوی صاحب نے قواعد منطقیہ اور عربیہ سے ثابت کرنے کا راگ الاپا غرض یہ فاضل صاحب مرزائی ایک سال اور چار مہینے کے بعد طول طویل کج بحثی کر کے بھاگ گئے۔ خط و کتابت موجود ہے اور محفوظ ہے۔ اب مولوی تاج دین صاحب مولوی فاضل ساگن گھٹیالیاں نے ریویو آف ریلیجنز ماہ فروری ۱۹۲۸ء ص ۳۷ پر زیر عنوان ''امام ابوحنیفہ اور رسالہ فقہ اکبر'' لکھتے ہیں: ''مخالفین کے سامنے ہماری طرف سے یہ پیش کیا جاتا ہے کہ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ وفات مسیح کے قائل تھے۔ چنانچہ ''اکمال العلم'' شرح مسلم ص ۲۶۵ پر لکھا ہے: '' قال مالک مات عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام یعنی فوت ہو چکے ہیں عیسیٰ علیہ السلام''۔ چونکہ یہ سخت دھوکا دیا گیا ہے اور بالکل جھوٹ ہے، لہٰذا اس کا جواب دینا ضروری ہے، **وھو ھذا:**

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صعود و نزول کی نسبت عیسائیوں اور مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ اور بغیر نطفہ باپ اور بغیر مس باپ حضرت مریم کے پیٹ سے خلاف قانون قدرت جو آدم سے لیکر مریم تک چلا آتا تھا پیدا ہوئے اور خلافِ قانونِ قدرت آسمان پر بجسد عنصری اٹھائے گئے۔ یہ صرف تھوڑا سا اختلاف ہے کہ عیسائی

اس کو خدا اور خدا کا بیٹا مانتے ہیں اور مسلمان نہیں مانتے۔ عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر لٹکاتے ہیں اور مسلمان ان کو مصلوب نہیں مانتے۔ عیسائی مسیح کو بعد صلیب پھر زندہ ہوکر مرفوع مانتے ہیں اور مسلمان حضرت مسیح کو بغیر صلیب کے مرفوع مانتے ہیں۔ پہلے ہم انجیل سے ثابت کرتے ہیں کہ مسیح جو مصلوب ہوا صلیب پر اسکی جان نکل گئی۔

نمبر ۱: انجیل متی باب ۲۷، آیت ۵۰: ’’اور یسوع نے پھر بڑے بڑے شور سے چلا کر جان دے دی‘‘۔ جس سے مرزا صاحب کا کہنا کہ جان نہ نکلی تھی غلط ثابت ہوا۔

نمبر ۲: انجیل مرقس باب ۱۵، آیت ۳۷: ’’تب یسوع نے بڑے آواز سے چلا کر دم چھوڑ دیا‘‘۔

نمبر ۳: انجیل لوقا، باب ۲۳، آیت ۴۶: ’’اور یسوع نے برے آواز سے کہا کہ اے باپ میں اپنی جان تیرے ہاتھ میں سونپتا ہوں۔ یہ کہہ کے دم، چھوڑ دیا اور صوبہ دار نے یہ حال دیکھ کر خدا کی تعریف کی‘‘۔

نمبر ۴: انجیل یوحنا، باب ۱۹، آیت ۳۰، ۳۱: ’’تب یسوع نے سرکہ چکھا تو کہا پورا ہوا اور سر جھکا کر جان دے دی‘‘۔

ان چاروں انجیلوں سے اظہر من الشّمس ہے کہ مصلوب کی جان نکل گئی تھی۔ انیس سو برس کے بعد مرزا صاحب کا یہ کہنا کہ جان نہ نکلی تھی بے سند و غیر معتبر ہے۔ جس مسلمان کا ایمان ہے آمنت باللّٰہ وملٰئکتہ وکتبہ ورسلہ (الخ). وہ تو ہرگز ایک جھوٹے مدعی کے کہنے کو قبول نہیں کرسکتا جو اپنے مطلب کے واسطے جھوٹ بولتا اور کہتا ہے کہ یسوع کی جان نہ نکلی تھی زندہ اتارا گیا، دفن کیا گیا۔ جو شخص یہ کہے کہ صلیب بھی دیا گیا اور اس کی جان نہ نکلی تھی کہ اتارا گیا اور دفن کیا گیا ایک لغو اور من گھڑت بات ہے کیونکہ انجیلوں

سے جب ثابت ہے کہ جو مصلوب ہوا وہ صلیب پر مر گیا تھا۔ یہ موت وہ موت ہے جس کے عیسائی قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ یسوع صلیب دیا گیا اور مر گیا تھا۔ مگر بعد میں تیسرے دن زندہ ہو گیا اور آسمان پر اُٹھایا گیا۔ مگر قرآن شریف فرماتا ہے کہ ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾، ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًام ○ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ﴾ کہ یسوع نہ قتل کیا گیا اور نہ صلیب دیا گیا بلکہ اللہ نے اس کو اپنی طرف اٹھالیا۔ پس مفسرین رحمہم اللہ کے دونوں ہی مذہب ہیں ایک یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے اور پھر زندہ کئے گئے اور آسمان پر اٹھائے گئے اور اخیر زمانہ قرب قیامت میں اصالتاً زمین پر آئیں گے اور جب دجال پیدا ہوگا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے۔ چنانچہ اسی موت کے قائل امام مالک تھے چنانچہ مجمع البحار میں لکھا ہے: **وفيه ينزل حكما اى حاكما بهذه الشريعة بيننا والاكثر ان عيسىٰ لم يمت وقال مالك مات وهو ابن ثلاث وثلاثين سنة ولعله اراد رفعه الى السّمآء حقيقة ويجىء اٰخر الزمان. متواتر.**

ترجمہ: "**ينزل حكما**": یعنی اترے گا حکم کرنے والا شریعت محمدی ﷺ پر۔ اور تمام کا عقیدہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو موت واقع نہیں ہوئی تھی اور امام مالک نے کہا کہ موت واقع ہوئی تھی اور ۳۳ برس کے تھے کہ اللہ نے ارادہ کیا آسمان کی طرف اٹھانے کا حقیقتاً اور وہ آخر زمانہ میں جیسا کہ حدیث میں ہے حقیقتاً واصالتاً آئیں گے۔

"**قال مالك** (الخ)": کہ تمام مسلمان تو یہ کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ فوت نہیں ہوئے مگر مالک نے کہا ہے کہ وہ مر گیا ہے اور پھر وہی آئے گا۔

افسوس! اگر کوئی دوسرا شخص ایسا کرتا جو مرزا صاحب اور اسکے مرید کرتے ہیں تو اس کو الحاد اور یہودیت کہتے۔ مگر خود جو کرتے ہیں تو انکو اپنا عیب معلوم نہیں ہوتا۔ سچ ہے ؎

برعیب خوشتن ہرگز نمے باشد کسے آگاہ   خلیدن نیست در اندام ماہی خار ماہی را

یعنی ہر شخص اپنے عیب پر ہرگز خبر نہیں پاتا۔ جیسا کہ مچھلی کا کانٹا اس کو تکلیف نہیں دیتا۔

امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ: **والصحیح ان اللّٰہ رفع عیسٰی من غیر موت** (تفسیر ابن سعود، جلد ۱ ص ۳۷)

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ: **فیبعث اللّٰہ عیسٰی بن مریم ای بدلہ من السماء حاکما بشرعتنا.** یعنی عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ مبعوث فرمائے گا یعنی انکو آسمان سے بدل کر ہماری شریعت کا حاکم امام بنائے گا۔ (شرح مسلم جلد ۲ ص ۴۰۳)

علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ: **اخبر النبی ﷺ من اشراط الساعۃ ان من علامتہا خروج الدجال ودابۃ الارض ویاجوج وماجوج ونزول عیسٰی من السمآء وطلوع الشمس من مغربہا.** (شرح عقائد نسفی ص ۲۴۲)

حضرت پیران پیر سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: **والتاسع رفع اللّٰہ عزوجل عیسٰی ابن مریم الی السمآء.** یعنی اٹھالیا اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ بن مریم کو آسمان پر۔ (غنیۃ الطالبین جلد ۲ ص ۴۸)

الغرض ۱۸۷ نام ہیں بزرگان دین صحابہ کرام ومفسرین واولیائے امت کے جو کتاب ''الاستدلال الصحیح فی اثبات حیات مسیح'' میں درج ہیں۔ مولوی فاضل صاحب نے جان بوجھ کر انکی طرف توجہ نہیں کی۔ میں نے بخوف طوالت چھوڑ دیئے ہیں۔ ہر طبقہ کے مسلمانوں کا یہی اعتقاد ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ آسمان پر موجود ہیں اور وہی سچے مسیح ہوں گے۔ ورنہ ۹ جھوٹے مسیح آگے گذرے اور کئی آئیں گے۔ حضرت عیسیٰ ومحمد علیہما السلام کی پیشگوئی ہے کہ جھوٹے مسیح اور نبی بہت آئیں گے سچا کوئی نبی نہیں آئے گا۔

پس حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے یہ ہرگز نہیں فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مر چکے ہیں ان کا نزول نہ ہوگا اور کسی امتی محمد رسول اللہ ﷺ کو عیسیٰ بنایا جائے گا اور وہ اسلام اور محمدی امت سے خارج ہو کر تابع تورات یہودی ہو جائے گا کیونکہ حضرت عیسیٰ تابع تورات تھے۔ یہ موت وہی ہے جس کو عیسائی مانتے ہیں کہ مسیح تین دن رات مرا رہا۔ تیسرے دن زندہ ہو کر آسمان پر اٹھایا گیا۔ یہ کسی مسلمان کا اعتقاد نہیں کہ مسیح مر چکا ہے وہ نہیں آئے گا اور امت محمدیہ سے کوئی فرد خارج کر کے یہودی صفت بنایا جائے گا۔ اور وہ مثل عیسیٰ ہو کر مسیح موعود بنے گا۔ کسی مرزائی میں ہمت ہے تو کوئی سند پیش کرے ہم اسکو سو روپیہ انعام دیں گے۔ مولوی فاضل صاحب کہتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ ۸۰ھ میں پیدا ہوئے اور امام مالک ۹۰ھ میں صرف دس برس کا فرق ہے مگر باوجود اسکے حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے اس مسئلہ میں یعنی ممات مسیح علیہ السلام میں قطعاً اختلاف نہیں کیا۔ اور خاموش ہیں جس سے ثابت ہوا کہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی مذہب تھا جو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا تھا۔

الجواب: حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہی تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام اصالتاً نزول فرمائیں گے۔ اور چونکہ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی مذہب تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اصالتاً آسمان سے نزول فرمائیں گے۔ لہٰذا دونوں اماموں میں اختلاف نہ تھا اس واسطے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اعتراض نہیں کیا۔ دیکھو امام مالک فرماتے ہیں: "یجیء آخر الزمان" یعنی حضرت عیسیٰ اخیر زمانہ میں آئیں گے۔

دوم: امام اعظم کا مذہب جو فقہ اکبر میں ہے تو رسول اللہ کی حدیث کے مطابق ہے وہ حدیث یہ ہے: **عن حذیفة بن سعید الغفاری قال طلع النبی ﷺ علینا ونحن نذکر فقال ما تذکرون قالو نذکر الساعة. قال انّھا لن تقوم الساعة حتی**

ترد قبلها عشر آیات فذکر الدخان والدجال ودابة الارض وطلوع الشمس من مغربها ونزول عیسیٰ علیہ السلام"

یعنی" ہم قیامت کے بارہ میں ذکر رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ہم پر ظاہر ہوئے اور پوچھا کہ کیا ذکر کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کی کہ قیامت کا۔ فرمایا قیامت نہ آئے گی جب تک یہ دس نشان نہ ظاہر ہوں: دھواں، دجال، دابۃ الارض اور سورج کا مغرب سے نکلنا اور اترنا عیسیٰ علیہ السلام کا"۔ (کنز العمال ج ۷۔ص ۱۸۵)

حضرت امام مالک کا ہرگز یہ مذہب نہ تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام فوت گئے اور مسیح آخر الزمان ایک مغل زادہ ہوگا۔ اگر کسی نص شرعی سے ثابت ہے تو بتاؤ ورنہ خدا کا خوف کرو۔ اور یہی وجہ ہے کہ امام صاحب نے اعتراض نہ کیا اور نہ اختلاف کیا۔ کیونکہ یہ قول امام مالک کا انجیلوں کے موافق تھا اور عیسائیوں کے مطابق کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تین دن رات فوت شدہ رہے اور پھر زندہ ہو کر آسمان پر اٹھائے گئے۔ جس کا ثبوت یہ ہے کہ شیخ الاسلام نفراری المالکی نے "فواکہ دوانی" میں تصریح کردی ہے کہ اشراط الساعۃ سے ہے آسمانوں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اترنا۔ اور علامہ زرقانی مالکی شرح مواہب میں بڑی بسط سے لکھتے ہیں:"فاذا نزل سیدنا عیسیٰ علیه الصلوة والسلام فانه یحکم بشریعة نبینا ﷺ بالهام او اطلاع علی الروح المحمدی او بما شاء الله من استنباط لها من الکتاب والسنة ونحو ذالک"۔ یعنی جب سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے تو ہمارے نبی ﷺ کی شریعت پر حکم کریں گے۔ جس سے روز روشن کی طرح ثابت ہے کہ وہ ہی عیسیٰ بن مریم نبی اللہ رسول اللہ صاحب کتاب وشریعت نازل ہوں گے اور اپنی شریعت پر حکم نہ کریں گے بلکہ شریعت محمدیہ پر حکم کریں گے۔ اگر امام مالک کا یہ مذہب ہوتا کہ عیسیٰ طبعی موت سے فوت ہو گئے ہیں تو پھر انکے اصالتاً نزول کے قائل نہ ہوتے۔ چونکہ امام

مالک رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے مقلدین علماء جیسا کہ اوپر لکھا گیا ہے اصالتاً نزول کے قائل تھے اس واسطے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے ان پر اعتراض نہ کیا۔

دوم: آپ لکھتے ہیں امام اعظم ۸۰ھ میں پیدا ہوئے اور امام مالک ۹۰ھ میں تو اس حساب سے امام مالک کو اعتراض کرنا چاہیے تھا جو بعد میں ہوئے مگر وہ دونوں عیسیٰ علیہ السلام کے اصالتاً نزول کے مسئلہ میں متفق تھے اس واسطے اعتراض نہ کیا کیونکہ دونوں کا مذہب ایک تھا۔

اصل بات یہ ہے کہ مرزائی صاحبان صلیبی موت اور طبعی موت میں فرق نہیں رکھتے۔ یہ موت وہی ہے جو صلیب پر بقول عیسائیوں کے حضرت عیسیٰ پر وارد ہوئی تھی جس کو مرزا صاحب خود مانتے ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں: ”بلکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ جبکہ خدا تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو واقعہ صلیب سے نجات بخشی تو انہوں نے بعد اسکے اس ملک میں رہنا قرین مصلحت نہ سمجھا“ الخ (راز حقیقت ص ۱۰)۔ مرزا صاحب کی اس عبارت سے ثابت ہے کہ مسیح صلیب پر چڑھائے گئے۔ اور صلیب کی تکلیف ان کو برداشت کرنی پڑی اور ان کا مذہب یہ ہے کہ مصلوب تو ہوئے مگر جان نہ نکلی تھی۔ وہ ایک غشی کا عالم تھا جو ان پر طاری ہوا۔ فی الحال بحث صرف یہ ہے کہ وہ غشی تھی۔ جس سے ثابت ہوا کہ مسیح مرا نہ تھا جب مرزا صاحب خود مانتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ بعد واقعہ صلیب زندہ رہے اور شاگردوں سے ملتے رہے تو حیات ثابت ہوئی اور اسی حالت میں انکا رفع ہوا جیسا کہ انجیل میں ہے: ”اور وہ یہ کہہ کے انکے دیکھتے ہوئے اوپر اُٹھایا گیا اور بدلی نے اسے انکی نظروں سے چھپا لیا اور اس کے جاتے ہوئے جب وہ آسمان کی طرف تک رہے تھے۔ دیکھو دو مرد سفید پوشاک پہنے ان کے پاس کھڑے تھے اور کہنے لگے اے جلیلی مردو تم کیوں کھڑے آسمان کی طرف دیکھتے ہو یہی یسوع جو تمہارے پاس سے آسمان پر اُٹھایا گیا ہے اسی طرح جس طرح تم نے اسے

آسمان کو جاتے دیکھا ہے پھر آئے گا''۔ (اعمال باب ۱، آیات ۹، ۱۰، ۱۱)

اس انجیل کے حوالہ سے ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بجسدہ العصری اُٹھایا گیا۔ کیونکہ روح کو کوئی دیکھ نہیں سکتا۔ اگر صرف روحانی رفع ہوتا تو جس طرح روح نظر نہیں آتی حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی نظر نہ آتے۔ پس ثابت ہوا کہ رفع جسمانی ہوا تو نزول بھی جسمانی ضرور ہوگا۔ جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: **وان عیسی علیہ السلام حین رفع کان ابن اثنین وثلاثین سنة واشهر وکانت نبوته ثلاثین شهرا وان اللّٰہ رفعه بجسده وانه حی الاٰن وسیرجع اِلی الدنیا فیکون فیها ملکا ثم یموت کما یموت الناس''.** (طبقات الکبریٰ، مطبوعہ لیدن، جرمنی ج ۔۔۔۔)

یعنی ''خبر دی ہشام بن محمد بن السائب نے اپنے باپ صالح سے اس نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جب حضرت عیسیٰ اٹھائے گئے انکی عمر ۳۲ برس کی تھی اور انکی نبوت کا زمانہ تیس مہینے کا تھا اور اللہ تعالیٰ نے اٹھالیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ساتھ جسم کے درآنحالیکہ وہ زندہ تھے اور تحقیق وہ جلد واپس آنے والا ہے دینا میں اور ہوگا بادشاہ پھر فوت ہوگا جس طرح کہ مرتے ہیں لوگ''۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تعریف مرزا صاحب نے بدیں الفاظ کی ہے ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما قرآن کریم کے سمجھنے میں اول نمبر والوں میں سے ہیں اور اس بارے میں انکے حق میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا بھی ہے۔'' (ازالہ اوہام، حصہ اول، ص ۲۴۷، مصنفہ مرزا صاحب)۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ذیل کے امور روزِ روشن کی طرح ثابت کردیئے: (نامکمل)

نمبر (۶) بابت ماہ جون ۱۹۲۷ء

ترانہ متحدانہ

(یعنی مرزائیہ اشتہارات کا جواب)

بسم اللہ الرّحمن الرّحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

آج کل ہر ایک صاحب فرقہ منافقانہ طور پر مسلمانوں کو ملامت ونصیحت کررہا ہے کہ مسلمان آپس میں سلوک کریں اور مخالفین اسلام سے مقابلہ کے واسطے ایک ہو جائیں اور تبلیغ اسلام کا کام اکٹھے ہوکر کریں۔ اور میاں صاحب خلیفہ قادیانی جماعت نے اشتہار بھی دیا ہے کہ سب مسلمان ایک جھنڈے کے نیچے جمع ہو جائیں اور اعدائے اسلام کے مقابلہ میں نکلیں۔ ایک جان ہوکر تبلیغ اسلام میں کوشش کریں۔ یہ خیال تو اچھا ہے مگر اس کے امکان میں کلام ہے۔ کیونکہ پہلے اسی بات کا فیصلہ جب تک نہ ہو کہ کس اسلام کی

اشاعت کرنا چاہتے ہیں تو یہ ناممکن ہے کہ ایک مرزا صاحب غلام احمد صاحب قادیانی کا مرید ہوکر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے والوں کو اور خاتم النبیین کا اعتقاد رکھنے والوں کو مسلمان یقین کر کے ان کا ساتھ دے۔ بلکہ لاہوری مرزائی جماعت کو بھی وہ مسلمان نہیں سمجھتی کیونکہ لاہوری جماعت مرزا صاحب کو نبی نہیں مانتی اور قادیانی اصحاب ایک نبی کا انکار سے ان کو کافر جانتی ہے۔ مگر افسوس خود دو نبیوں کا جنہوں نے مرزا صاحب کے بعد دعویٰ کیا ہے انکی نبوت سے انکار کر کے کافر ہو رہے ہیں۔ جب انکے اعتقاد میں سلسلہ نبوت و رسالت ہمیشہ کے واسطے جاری ہے تو پھر مولوی عبدالطیف گناچوری اور میاں نبی بخش معراجکے والے کی نبوت سے انکار کرنا کفر ہے اور جس وجہ سے تمام روئے زمین کے مسلمان اور لاہوری جماعت قادیانی اسلام سے خارج ہے۔ قادیانی جماعت مسلمان نہیں۔

درحقیقت اسلام میں فساد ڈالنے والے وہ ہی لوگ ہیں جو اپنی جماعت مسلمانوں سے الگ کر کے اسلام کی جمعیت بکھیرنے والے ہیں۔ اور ضعفِ اسلام کا باعث ہیں۔ سید محمد جونپوری مہدی نے مہدی موعود ہونے کا دعویٰ کیا اور اپنی جماعت الگ بنائی اور کہا کہ مجھ کو الہام ہوا ہے کہ جو مجھ کو مہدی موعود نہ مانے کافر ہے۔ یعنی ۹۰۵ھ سے اس طرف جس قدر اہل اسلام مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک گذرے ہیں سب بسبب انکار مہدی کے کافر مطلق ہیں۔ مسلمان صرف میرے مرید ہیں اور مجھ پر ایمان لائے ہیں۔ اور ساتھ ہی نبوت کا دعویٰ کر دیا اور ایسی جس کے مرزا صاحب مدعی ہوئے یعنی متبع نبی وغیر تشریعی نبی ہونے کا۔ اور لکھا کہ کوئی پیغمبر صاحب شریعت بعد محمد ﷺ کے پیدا نہ ہوگا اور یہی مراد آیت قرآن خاتم النبیین کی ہے اگر نبی متبع شریعت محمدیہ پیدا ہو تو منافی آیت مذکور کا نہیں ہے۔ اور رسالہ اعتقادیات میں جو فرقہ مہدویہ کی معتبر کتاب ہے اس میں لکھا ہے کہ

شیخ جونپوری مہدی موعود پیغمبر کے متبع ہیں۔ پس اب مہدی کا ان اوصاف یعنی متبع اس شرع شریف کا ہو کر آنا مخالف نہیں ہے کتاب وسنت واجماع کا۔ کیونکہ متشرع ہونا شرع شریف سے ممنوع ہے نہ نبی متبع اور حضرت جونپوری متبع ہیں۔ (دیکھو ہدیہ مہدویہ)

شیخ جونپوری نے حرم محترم میں جا کر دعویٰ کیا کہ من تبعنی فھو مومن یعنی جس نے میری تابعداری کی وہ ہی مومن ہے۔ یہ سنتے ہی میاں نظام وقاضی علاؤالدین نے امنا و صدقنا کہہ کر بیعت کر لی اور چونکہ حدیثوں میں لکھا ہوا ہے کہ سچا مہدی مقام رکن میں جو ایک مقام ہے درمیان مکہ ومدینہ کے بیعت لے گا اس واسطے وہاں جا کر بیعت لی بلکہ اپنی ماں اور باپ کا نام ہی حضرت محمد ﷺ کے ماں باپ پر رکھا۔ (ہدیہ مہدویہ ص۲۲ حالات شیخ جونپوری)

''شواہد الولایت'' میں لکھا ہے کہ ''مہدی نے کہا کہ فرمان حق تعالیٰ ہوتا ہے:
"اولی الالباب الذین یذکرون اللّٰہ قیاما و قعودا وعلی جنوبھم اے سید محمد یہ آیت تیرے گروہ کی شان میں ہے''۔ ان تین امور پر جب دیکھا جاتا ہے تو روز روشن کی طرح ثابت ہو جاتا ہے کہ مرزا صاحب نے سید محمد جونپوری مدعی مہدویت کی نقل کی ہے۔ نبوت ورسالت کا دعویٰ بھی انہیں دلائل سے کیا ہے جن دلائل سے جونپوری مہدی نے کیا تھا۔ اور مرزا صاحب نے خود ایک اضعف حدیث سے تمسک کر کے عیسیٰ علیہ السلام ومہدی ایک ہی شخص کا ماناہے۔ اور چونکہ حدیثوں میں آنے والے مسیح کی خصوصیت فرمادی کہ وہ نبی اللہ جو مجھ سے پہلے گذر چکا ہے دوبارہ اس دنیا میں آنے والا ہے اس لئے مرزا صاحب قادیانی نے ایک ڈھکوسلا ایجاد کیا کہ وہ عیسیٰ بن مریم تو مر چکا ہے اور مردے دوبارہ اس دنیا میں نہیں آسکتے اس لئے ان کا بروز یعنی مظہر ہو کر میں آیا ہوں۔ چنانچہ ان کا دعویٰ ہے کہ عیسیٰ

بن مریم فوت ہو چکا ہے اور مسیح اور مہدی ایک ہی شخص ہے اگر چہ کئی حدیثوں سے بتایا گیا ہے کہ مہدی الگ ہے اور عیسیٰ الگ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔ دیکھو ذیل کی حدیثیں:

از جابر مرویست کہ گفت رسولِ خدا ﷺ **لاتزال طائفة من امتی یقاتلون علی الحق ظاهرین الی یوم القیمة قال فینزل عیسیٰ ابن مریم فیقول امیرهم تعال صل بنا فیقول لا ان بعضکم علی بعض امیر تکرمة الله هذه الامة اخرجه مسلم** (حجج الکرامۃ، ص۴۲۳)۔

یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب نازل ہوں گے اور موذن نماز کے واسطے اذان کہے گا اور سب جمع ہوں گے تو مسلمانوں کا امیر کہے گا کہ آپ نبی ورسول ہیں امام ہو کر نماز جماعت کرائیں تو حضرت عیسیٰ جواب دینگے کہ نہیں امت محمدیہ کو شرف حاصل ہے کہ وہ ایک دوسرے کے امام ہو سکتے ہیں۔

اب غور طلب یہ امر ہے کہ اگر عیسیٰ علیہ السلام اور امام مہدی دو الگ الگ نہیں ایک ہی شخص ہے تو مسلمانوں کا امیر کون ہے؟ اور حضرت عیسیٰ کس کو جواب دینگے؟

دوسری حدیث: **ینزل اخی عیسیٰ ابن مریم من السماء علی جبل رفیق اماما هادیا الخ.** (حجج الکرامۃ، ص۴۳۰)۔ ابن عساکر از ابن سلام آوردہ کہ **یدفن عیسیٰ ابن مریم مع رسول الله وصاحبه فیکون قبره رابعا.**

ابن المراعی در تاریخ مدینہ وابن جوزی در منظر از عبداللہ بن عمر مرفوعا آوردہ کہ **ینزل عیسیٰ بن مریم الی الارض فیتزوج ویولد فیمکث خمسا واربعین سنة ثم یموت ویدفن معی فاقوم انا وعیسیٰ من قبر واحد وابوبکر وعمر.**

وروی الترمذی عن عبد اللّٰہ بن سلام قال مکتوب فی التوراۃ صفۃ محمّد وعیسیٰ بن مریم یدفن معہ واختلف فی موتہ قبل رفع بظاہر قولہ تعالی ﴿اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ﴾ من الارض لا یموت الا فی آخر الزمان. وقال فی آخر موضع رفع عیسیٰ وھو حی علی الصحیح ولم یثبت ادریس وھو حی من طریق مرفوعۃ. (انتہی)

ابن خلدون از کندی آوردہ کہ وے گفتہ وفات عیسیٰ بعد چہل سال شود وعیسیٰ در مدینہ وفات یابدو بجانب ابن الخطاب دفن شود۔ (حجج الکرامہ ص۴۳۴)۔

در ''رسالہ حشریہ'' گفتہ کہ بعد از انفصال مقدمہ دجال حضرت امام مہدی و حضرت عیسیٰ علیہ السلام درآں بلاد سیر فرمائیند وبلاکشیدگان دجال را بہ بیان درجات ایشاں تسلی دہند۔ یعنی ''رسالہ حشریہ'' میں لکھا ہے کہ دجال کے قتل کے بعد حضرت امام مہدی اور حضرت عیسیٰ ان ولایتوں میں دورہ فرمائیں گے اور جن جن لوگوں کو دجال کے ہاتھ سے تکلیفیں پہنچی ہوں گی ان کی تسلی فرمائیں گے یعنی مراتب اللہ اور رسول مقبول ﷺ کے نزدیک جوانکو ملیں گے بیان فرما کر انکو خوشخبریاں سنا کران کو تسلی دینگے۔

اس عبارت حجج الکرامہ سے ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور امام مہدی دو الگ الگ ہیں۔ اور مرزا صاحب کا کہنا کہ مسیح اور مہدی ایک ہی شخص ہے بالکل غلط ہے اور حدیثوں کے برخلاف ہے۔

دوم: اسی صفحہ پر لکھا ہے: "دریں اثنا حضرت امام مہدی برحمت پیوستہ شوند وحضرت عیسی علیہ السلام بریشان نماز گذارند"۔ جس سے ثابت ہوا کہ امام مہدی مسلمانوں کا امیر اور حضرت عیسیٰ بن مریم نبی اللہ دو الگ الگ آنے والے

ہیں۔اور لا مھدی الا عیسیٰ والی حدیث کا یہ مطلب لینا کہ دونوں ایک ہی شخص ہے غلط ہے۔ کیونکہ حضرت امام مہدی سید آل رسول فاطمی ہوگا۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل سے پہلے نبی ورسول ہو گذرا ہے نازل ہوگا جو حضرت خاتم النّبیین محمد مصطفیٰ ﷺ سے پہلے نبی ورسول ہو چکا ہے وہ ہی اصالتاً نازل ہوگا۔ جیسا کہ حدیثوں میں وارد ہے۔ مرزا صاحب نے اپنے مسیح موعود ہونے کے واسطے تاویلات باطلہ سے کام لیا ہے۔ مگر ساتھ ہی انکو اپنی غلطی معلوم ہو جاتی تھی اور یہی وجہ ہے کہ انکے خاص الخاص مرید تعلیم یافتہ آج نہایت دلیری سے کہتے ہیں کہ مرزا صاحب کا انکار کسی نبی کا انکار نہیں اور نہ ہی انکو نبی مانتے ہیں جس کا نام لاہوری جماعت ہے جسکے امیر مولوی محمد علی صاحب ہیں۔ مگر تعجب ہے کہ لاہوری جماعت کہتی ہے کہ ہم مرزا صاحب کو مسیح موعود تو مانتے ہیں مگر نبی ورسول نہیں مانتے حالانکہ مرزا صاحب کو بھی یہی دھوکا لگا ہوا تھا کہ وہ بھی اپنی نبوت مقید بقید مسیحیت مہدیت زعم کرتے تھے اور کہتے تھے کہ چونکہ رسول اللہ ﷺ نے آنے والے مسیح موعود کو نبی اللہ کہا ہے اس واسطے میں نبی اللہ ہوں اور نواس والی حدیث پیش کرتے حالانکہ نواس والی حدیث میں صاف عیسیٰ نبی اللہ واصحابہ لکھا ہوا ہے۔ اور جس قدر فسادات میں ڈالا ہوا ہے اسی نبوت کے مسئلہ نے ڈالا ہوا ہے۔ کیونکہ یہ نازک مسئلہ ہے اجماع امت اس پر ہے کہ امتی شخص جب دعویٰ نبوت کا کرے اسی وقت امت سے خارج ہو جاتا ہے۔ بلکہ اگر صرف وحی کا اعتقاد رکھے چاہے نبوت کا دعویٰ بھی نہ کرے تب بھی کافر ہو جاتا ہے من اعتقد وحیا بعد محمد ﷺ کان کافرا باجماع المسلمین یعنی جس شخص نے اعتقاد کیا کہ سلسلہ وحی رسالت جاری ہے وہ اجماع امت سے کافر ہے۔ (دیکھو فتاویٰ ابن حجر مکی)

اب ظاہر ہے کہ مرزا صاحب پہلے مسلمانوں کے گھر میں پیدا ہوئے اور مسلمان

تھے اور مدعی نبوت کو کافر جانتے تھے۔ چنانچہ لکھتے ہیں: ''اور اس بات پر ایمان رکھتا ہوں کہ ہمارے نبی کریم ﷺ خاتم الانبیاء ہیں اور آنجناب کے بعد اس امت کے لئے کوئی نبی نہیں آئے گا'' (الخ)۔ (اشتہار ۲۰ رشعبان ۱۳۱۴ء)

اب ظاہر ہے کہ جب حضرت خاتم النبیین کے بعد کوئی سچا نبی آ ہی نہیں سکتا تو مرزا صاحب کا مسیح موعود ہونا باطل ہوا۔ لاہوری جماعت مرزا صاحب کو مسیح موعود کس طرح مان سکتی ہے جبکہ وہ محمد ﷺ کے بعد پیدا ہوئے اور امت محمدیہ میں پیدا ہوئے۔ کس قدر نامعقول بات ہے کہ مرزا صاحب مسیح موعود مانے جائیں اور نبی اللہ نہ مانے جائیں۔ یعنی مرزا صاحب کے ان الہامات کو تو منجانب اللہ مان کر ایمان لایا جائے کہ وہ مسیح موعود تو تھے مگر دوسرے الہامات کو جن میں، مرزا صاحب کو خدا نے نبی اللہ کہا ہے یہ نہیں مانتا۔ ایسا اعتقاد تو مرزا صاحب کو مفتری علی اللہ یقین کراتا ہے اور مفتری کافر ہوتا ہے۔ لاہوری جماعت اکثر مسلمانوں کو دھوکا دیتی ہے اور کہتی ہے کہ مرزا صاحب نے نبوت کا دعویٰ ہرگز نہیں کیا۔ لہذا میں ذیل میں، مرزا صاحب کے اقوال بمعہ نام کتاب وصفحہ درج کرتا ہوں تاکہ مسلمانوں کو لاہوری جماعت مرزائیوں کی جوفروشی اور گندم نمائی پر یقین نہ ہو جائے۔

اے ہنرہا نہادہ برکف دست   عیبہا را نہفتہ زیر بغل

توچہ خواہی خریدن اے مغرور   زور در ماندگی بسیم دغل

یعنی اے مغرور انسان تو نے اپنے ہنروں کو ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھا ہوا ہے اور عیبوں کو بغل کے نیچے چھپایا ہوا ہے۔ تو قیامت کے دن کیا خرید سکے گا کھوٹی چاندی سے۔ شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے لاہوری جماعت کو نصیحت کی ہے جو آئے دن اپنے عقائد شائع کر کے مسلمانوں کو

دھوکا دینے کی کوشش کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم مرزا صاحب کو نبی نہیں مانتے جبکہ مرزا صاحب کے کشوف والہامات اور انکی اپنی تحریرات موجود ہیں جن میں انہوں نے نبی ورسول ہونے کے دعوے کئے ہیں۔ کیا لاہوری جماعت کو حق حاصل ہے کہ مرزا صاحب کے الہامات کو جن میں خدا نے ان کو نبی ورسول کہہ کر مخاطب کیا منسوخ کر دیں؟ دیکھو ذیل کے الہامات:

پہلا الہام: جو مرزا صاحب کو بغیر کسی استثناء کے مستقل رسول بناتا ہے اور قرآن کی وہی آیت ہے جس میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو حکم ہوا "**قل یا ایها الناس انی رسول اللّٰہ الیکم جمیعا**" ترجمہ: "اے مرزا تو کہدے کہ میں اللہ کا رسول ہو کر تم تمام لوگوں کی طرف آیا ہوں" (اخبار الاخیار ص ۳)۔ اس الہام میں ظلی وبروزی وغیر حقیقی کا کوئی لفظ نہیں۔

دوسرا الہام: "**یٰسن. انک لمن المرسلین علی صراط مستقیم تنزیل الرحمن الرحیم**" ترجمہ: "اے سردار تو خدا کا مرسل ہے راہ راست پر اس خدا کی طرف سے جو رحمٰن اور رحیم ہے"۔ (حقیقت الوحی ص ۱۰۱)

تیسرا الہام: جو مرزا صاحب کو حضرت موسیٰ جیسا صاحب شریعت رسول بناتا ہے: "**انا ارسلنا الیکم رسولا شاهدا علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا**" ترجمہ: یعنی "اے مسلمانوں ہم نے تمہاری طرف رسول بھیجا جس طرح رسول بھیجا تھا ہم نے فرعون کی طرف"۔ (حقیقت الوحی ص ۱۰۱)

اس الہام سے مرزا صاحب حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسے رسول بنائے گئے اور مسلمان فرعون بنائے گئے۔ کیا اب بھی لاہوری جماعت کہہ سکتی ہے کہ مرزا صاحب نے مسلمانوں کی تکفیر نہیں کی؟

چوتھا الهام: "قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الھکم الہ واحد"

ترجمہ: کہواے مرزا میں بھی تمہاری طرح ایک بشر ہوں۔ وحی کی جاتی ہے میری طرف کہ تمہارا خدا ایک ہے۔ (حقیقت الوحی ۸۲)

پانچواں الهام: "وما ارسلناک الا رحمة للعالمین" ترجمہ: "ہم نے تجھے تمام دنیا پر رحمت کرنے کے واسطے بھیجا ہے"۔

چھٹا الهام: "ھو الذی ارسل رسوله بالھدی ودین الحق لیظھره علی الدین کله" ترجمہ: "خدا وہ ہے جس نے اپنے رسول کو اپنی ہدایت اور دین حق کیساتھ بھیجا تا کہ اس دین کو تمام دینوں پر غالب کرے"۔ (حقیقت الوحی ص ۷۱)

اگر مرزا صاحب دین حق لے کر آئے تو صاحب شریعت نبی ہوئے۔ لاہوری جماعت کس دلیل سے مرزا صاحب کو نبی نہیں مانتی اصل بات یہ ہے کہ چونکہ مرزا صاحب کے دماغ میں خلل تھا۔ قرآن شریف کی جو آیت خواب میں انکی زبان پر جاری ہوتی وہ اسکو اپنی وحی زعم کرتے اور اسکی پیروی کرتے کیونکہ وہ (غلط فہمی سے) کلام الہی کا اپنے آپ کو مخاطب یقین کرتے بلکہ بعض مواقع پر اس غلط فہمی سے پیشگویاں بھی کر دیتے اور غلط ہونے پر تاویلات باطلہ کر کے عذر گنا، بدتر از گناہ کے مصداق بنتے۔ مرزا صاحب کو خلل دماغ ہوتا مرزا صاحب نے خود لکھا ہے۔ دیکھو انکی اصل عبارت ذیل میں نقل کی جاتی ہے:

"میں ایک دائم المریض آدمی ہوں دو زرد چادریں جن کے بارے میں حدیثوں میں ذکر ہے کہ وہ زرد چادروں میں مسیح نازل ہوگا وہ دو چادریں میرے شامل حال ہیں جن کی تعبیر الرؤیا کے رو سے دو بیماریاں ہیں۔ سو ایک چادر میرے اوپر کے حصے میں ہے یہ کہ ہمیشہ سر درد اور دورہ سر اور کمی خواب اور تشنج دل کی بیماری دورے کے ساتھ آتی ہے۔ اور

دوسری چادر ہے جو میرے نیچے کے حصے بدن میں ہے وہ بیماری ذیابطیس ہے کہ ایک مدت سے دامن گیر ہے اور بسا اوقات سو سو دفعہ رات کو یا دن کو پیشاب آتا ہے اور اس قدر کثرت پیشاب سے جس قدر عوارض ضعف وغیرہ ہوتے ہیں وہ سب میرے شامل حال رہتے ہیں''۔ (ضمیمہ اربعین نمبر ۳،۴، مطبوعہ ۲۹ دسمبر ۱۹۰۰ء ضیاء اسلام قادیان)

مسلمان غور کریں کہ مسیح اور دائم المریض! کیسا لغو دعویٰ ہے۔ عیسیٰ خود بیمار کس قدر بد بخت ہے وہ قوم جس کا عیسیٰ خود دائم المریض ہو حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو مریضوں کو اچھا کرتے تھے اور جو مثیل عیسیٰ ہو اسکے مس سے تو مریض تندرست ہونے چاہیے نہ کہ خود عیسیٰ ہی شب و روز پیشاب کرتا اور پلید بدن رہے۔ یہ ایسی ہی مماثلت ہے جیسے دو زرد چادروں کی مماثلت دو بیماریوں میں۔ پنجابی مثل مشہور ہے کہ ''اکھیں دی انھی تے ناؤں نور نیشاں'' دائم المریض اور نام عیسیٰ۔

عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ تھا جیسا کہ کتاب المختار میں لکھا ہے کہ فارس میں یحییٰ نے مصر میں مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔ جس طرح مرزا صاحب کو عبداللہ آتھم نے بحث میں کہا تھا کہ آپ مثیل مسیح بنتے ہیں۔ مسیح کا معجزہ تھا بیماروں کو شفا بغیر دوا کے ان کے ہاتھ سے ہوتی تھی آپ بھی بیمار اچھے کر کے دکھائیں۔ تو مرزا صاحب لاجواب ہوئے۔ فارس بن یحییٰ نے مصر میں ایک مردہ بھی زندہ کر دکھایا تھا اور مرزا صاحب سے بڑھ گیا۔ جب وہ سچا مسیح نہ مانا گیا تو مرزا صاحب صرف دعویٰ بلا دلیل سے کیسے مسیح موعود مانے جا سکتے ہیں۔

سچا مسیح موعود تو مسیح ناصری رسول اللہ ہے جسکا دوبارہ آنا مرزا صاحب نے براہین احمدیہ میں مانا ہے۔ انکی اصل عبارت یہ ہے۔ ''یہ آیت جسمانی اور سیاست ملکی کے طور پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں پیشگوئی ہے اور جس غلبہ کاملہ دین کا وعدہ ہے وہ جب

حضرت مسیح علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف لائیں گے تو دین اسلام جمیع آفاق واقطار میں پھیل جائے گا۔ (براہین احمدیہ ص ۴۹۸)

۱...... (قول مرزا صاحب) میں خدا کے فضل سے نبی ورسول ہوں۔ (اخبار بدمارچ ۱۹۰۱ء)

۲...... (قول مرزا صاحب) خدا نے میری وحی اور میری تعلیم اور میری بیعت کو کشتی نوح قرار دیا اور تمام انسانوں کے لئے اس کو مدارِ نجات ٹھہرایا۔ (اربعین نمبر۴، نمبر۵)

۳...... (قول مرزا صاحب) جس نے اپنے وحی کے ذریعے سے چند امر ونہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب شریعت ہوا۔

۴...... (قول مرزا صاحب) الہامات میں میری نسبت بار بار بیان کیا گیا ہے کہ یہ خدا کا فرستادہ خدا کا امین اور خدا کی طرف سے آیا ہے جو کچھ کہتا ہے اس پر ایمان لاؤ۔ اس کا دشمن جہنمی ہے۔ (انجام آتھم ص ۶۲)۔ (لاہوری جماعت بتائے کہ یہ نبوت کا دعویٰ نہیں تو اور کیا ہے؟)

۵...... (قول مرزا صاحب) سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔ (دافع البلاص ۱۱)

۶...... (قول مرزا جی) خدا وہی ہے جس نے اپنے رسول یعنی اس عاجز کو ہدایت اور دین حق اور تہذیب اخلاق کے ساتھ بھیجا۔ (اربعین نمبر۳ ص ۳۶)

۷...... (قول مرزا جی) جبکہ مجھ کو اپنی وحی پر ایسا ہی ایمان ہے جیسا کہ تورات وانجیل اور قرآن کریم پر الخ۔ (اربعین نمبر۴ ص ۹۸)

۸...... (قول مرزا جی) میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جیسا کہ قرآن شریف پر اور خدا کی دوسری کتابوں پر اور جس طرح میں

قرآن شریف کو یقینی اور قطعی طور پر خدا کا کلام جانتا ہوں اسی طرح اس کلام پر جو میرے پر نازل ہوتا ہے۔ (حقیقۃ الوحی ص ۲۱۱)۔ (لاہوری جماعت بتائے کہ جس پر قرآن شریف تورات وانجیل جیسا کلام اترتا ہے وہ نبی نہیں تو کون ہے؟)

۹......(قول مرزاجی) جس قدر مجھ سے پہلے اولیاء اور ابدال اور اقطاب اس امت میں گذر چکے ہیں ان کو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا۔ پس اس وجہ سے نبی کا نام پانے کے لئے میں ہی مخصوص کیا گیا۔ تمام لوگ اس نام کے مستحق نہیں۔

۱۰......(قول مرزا صاحب)

آنچہ داد است ہر نبی را جام ۔۔۔ داد آنجام را مرا بتمام

یعنی نعمت نبوت کا جام ہر ایک نبی کو دیا گیا ہے وہ تمام مجھکو دیا گیا ہے۔

افسوس! مرزاجی تو تمام نبیوں سے اپنے آپ کو افضل بتائیں اور لاہوری جماعت احمدیہ آپکی مرید ہونے کے باوجود آپ کی نبوت کی منکر ہو!

نمبر۴ (جلددوم)

مجدد قادیانی

منجانب

انجمن تائید الاسلام لاہور

بسم اللہ الرَّحمن الرَّحیم

نَحمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْم

ناظرین! آجکل مرزا صاحب کے مریدوں کے کئی ایک گروہ الگ الگ خودرائی سے ہو رہے ہیں اور ہر ایک اپنے دعاوی کے ثبوت میں مرزا صاحب ہی کی تصانیف سے تمسک کر کے اپنے اپنے دعوے کو ثابت کر رہا ہے۔ اور قرآن شریف کے ارشاد ﴿فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ﴾ (پارہ۵، رکوع۵)۔ ترجمہ: ”پس اگر جھگڑو تم آپس میں بیچ کسی چیز کے پس پھراؤ اسکو طرف اللہ اور رسول کے اگر ہو تم ایمان رکھتے ساتھ اللہ اور دن قیامت کے“۔ کی طرف پشت کر کے مرزا صاحب کو ہر حال اور بات میں فیصلہ کن سمجھتے ہیں اور قرآن اور حدیث سے منہ موڑ لیا ہے۔ مگر واضح ہو کہ اگر مرزا صاحب کے کلام پر فیصلہ کا مدار ہے تو پھر کوئی فیصلہ نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ

مرزا صاحب کی تصانیف میں تضاد بہت ہے۔ اگر ایک جگہ نبوت کا دعویٰ کرتے تو دوسری جگہ فرماتے ہیں

ع من نیستم رسول نیا وردہ ام کتاب

اگر ایک جگہ "لا نبی بعدی" کے معنی یہ کرتے ہیں کہ وحی رسالت بعد محمد رسول اللہ ﷺ کے مسدود ہے تو دوسری طرف خود مدعی وحی رسالت ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں: **"آنچہ من بشنوم ز وحی خدا ست"** اور اپنی وحی کو قرآن کے برابر بتلاتے ہیں۔ اگر ایک جگہ لکھتے ہیں کہ "مسیح موعود میں ہی ہوں" تو دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ "ممکن ہے کہ ہزار مسیح اور آجائیں اور حدیث کے مطابق آجائیں"۔ حالانکہ مسیح موعود ایک ہی ہے جو قیامت کی علامات سے ایک علامت ہے۔ اور اگر ایک جگہ لکھتے ہیں کہ "مسیح موعود کو جو نہ مانے اسکی نجات نہیں" دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ "مسیح موعود کا ماننا جزو ایمان نہیں" **دیکھو ازالہ اوہام، صفحہ ۱۴۰:** اصل عبارت یُہ ہے: "جاننا چاہیے کہ مسیح کے نزول کا عقیدہ کوئی ایسا عقیدہ نہیں کہ ہمارے ایمانیات کی کوئی جزو، یا ہمارے دین کے رکنوں میں سے کوئی رکن ہو"۔

اس میں کچھ شک نہیں کہ مرزا صاحب کو اپنے نبی و رسول ہونے کا پورا پورا زعم تھا اور وہ مدعی وحی الٰہی تھے۔ اگر انکے مرید یقین کرتے ہیں کہ انکو واقعی وحی ہوتی تھی تو پھر لاہوری جماعت پر قادیانی جماعت اور صاحب زادہ صاحب کی ڈگری ہے کیونکہ مرزا صاحب کی تصانیف سے بکثرت پایا جاتا ہے کہ وہ مدعی نبوت مستقلہ و تامہ تھے۔ اگر مرزا صاحب کو ہی حکم بنایا جائے تو قادیانی جماعت نے جس قدر حوالجات مرزا صاحب کی تصانیف سے دیئے ہیں کافی سے بھی زیادہ ہیں اور میرے خیال میں قادیانی جماعت کی ابھی تک بھی کچھ کمزوری ہے کہ وہ مرزا صاحب کی نبوت کو کسبی وظلی بتاتی ہے۔ مولوی ظہیر

الدین وحکیم نور محمد صاحب وغیرہ یقین کرتے ہیں۔ (دیکھو احمدیت کی حقیقت در جواب پادری ٹامسن ۔۔۔۲۸ ستمبر ۱۹۱۳ء)۔ یہ کلیہ قاعدہ ہے کہ وحی الٰہی کا جو مدعی ہو وہ بیشک نبی ہے اور نبی کا کلام وحی الٰہی کو منسوخ نہیں کرسکتا۔ اور نہ نبی کا یہ منصب ہے کہ کلام الٰہی میں کمی وہ زیادتی کرے۔ جب نبی وغیر نبی میں فرق وتمیز کرنے والی وحی الٰہی ہے اور قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے نبی و غیر نبی میں فرق بتادیا ہے کہ ﴿قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ﴾ یعنی ''کہو اے محمد ﷺ کہ میں بھی تمہاری طرح انسان ہوں مگر وحی کی جاتی ہے میری طرف''۔ پس ثابت ہوا کہ مابہ امتیاز نبی ورسول، وحی ہے۔ جس کو وحی ہوگی وہی نبی ہے۔ اب مرزا صاحب چونکہ مدعی وحی ہیں وہ اپنے زعم میں نبی ہیں اور پورے پورے کامل نبی ہیں۔ کیونکہ جو جو وحی انکو اپنی نبوت کے بارے میں ہوئی ہیں ان میں ظل وبروز کا ذکر تو کیا، اشارہ تک نہیں۔ دیکھو براہین احمدیہ، صفحہ ۵۱۱: ''قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی یعنی کہو کہ میں بھی تمہاری طرح بشر ہوں میری طرف وحی کیجاتی ہے''۔ اسی وحی نے محمد ﷺ کو نبی بنایا۔ جب مرزائیوں کے اعتقاد میں مرزا صاحب پر یہ آیت دوبارہ نازل ہوئی اور اب بجائے محمد ﷺ کے مرزا صاحب مخاطب ہیں تو مرزا صاحب محمد ﷺ جیسے نبی ہوئے تشریعی وغیر تشریعی وظلی وبروزی کی بحث بالکل فضول اور مسلمانوں کے ڈر سے ہے۔ کیونکہ اس وحی الٰہی میں غیر تشریعی وظلی وبروزی کا کوئی لفظ نہیں اور مرزا صاحب وحی الٰہی میں تحریف یعنی کمی وبیشی نہیں کرسکتے۔ پس مرزا صاحب خاصے افضل الرسل ہوئے۔ پھر دیکھو براہین احمدیہ: ''وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین یعنی ہم نے تجھ کو واسطے رحمت دونوں جہانوں کے بھیجا ہے''۔ پھر دیکھو حقیقۃ الوحی، خدا تعالیٰ مرزا صاحب کو فرماتا ہے: ''انک من المرسلین یعنی تو مرسلوں سے ہے''۔ مرزا صاحب کے الہامات ووحی وہی ہیں جو کہ محمد ﷺ کو خدا تعالیٰ نے مخاطب کر

کے فرمایا اور نبوت ورسالت عطا فرمائی۔اب جب مرزا صاحب کا دعویٰ ہے کہ یہ آیات مجھ پر دوبارہ نازل ہوئی ہیں اب میں مخاطب ہوں جس طرح خدا نے محمد ﷺ کو مخاطب کر کے نبوت ورسالت دی تھی اسی طرح مجھ کو مخاطب کر کے نبوت ورسالت دی ہے اور میرا ایمان اس بات پر کہ مجھ کو وحی ہوتی ہے ایسا ہی ہے جیسا کہ قرآن انجیل تورات وغیر آسمانی کتابوں پر۔(دیکھو اربعین نمبر۴، صفحہ ۱۱۵، مصنف مرزا صاحب)

اب ظاہر ہے کہ وہ سارٹیفکٹ جسکی رو سے محمد ﷺ کو رسول و نبی مانا گیا وہی سارٹیفکٹ مرزا صاحب کو دیا گیا تو مرزا صاحب کی نبوت ورسالت میں وہ شخص ہرگز ہرگز شک نہیں کرسکتا جو مرزا صاحب پر ایمان لایا ہے۔مرزا صاحب بیشک مرزائیوں کے پیغمبر و نبی تھے جب انہوں نے مرزا صاحب کو یوحی مان لیا تو کچھ شک نہیں کہ انہوں نے مرزا صاحب کو نبی ورسول، محمد ﷺ کے برابر مان لیا کیونکہ محمد ﷺ کے پاس یہی مابہ امتیاز وحی تھا جو کہ مرزا صاحب نے لے لیا، اب محمد ﷺ کی پیروی اور قرآن پر عمل کرنا کچھ فائدہ نہیں دے سکتا اور نہ ذریعہ نجات ہے جب تک مرزا صاحب کو نبی ورسول نہ مانا جائے۔جب مرزا صاحب نبی ورسول ہیں تو قادیانی جماعت کی کمزوری ہے کہ وہ مرزا صاحب کو غیر تشریعی نبی کہتی ہے۔جب مرزا صاحب نے خود اربعین نمبر۴ پر لکھا ہے:''شریعت کیا چیز ہے جس نے اپنی وحی کے ذریعہ چند امر و نہی بیان کئے اور اپنی امت کیلئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب شریعت ہوگیا''۔آگے لکھتے ہیں:''میری وحی میں امر بھی ہے اور نہی بھی''۔اور انکے مذہب میں اسی کا نام شریعت ہے۔اب لاہوری جماعت جو مسلمانوں کو مغالطہ میں ڈالتی ہے کہ وہ مرزا صاحب کو نبی ورسول نہیں مانتی، اور صرف مجدد مانتی ہے، مرزا صاحب کے دعاوی کے برخلاف ہے۔کیونکہ مرزا صاحب مجدد کے معنی بھی نبی ورسول کے ہی کرتے

ہیں۔ دیکھو ضرورۃ الامام، صفحہ ۲۴، مصنفہ مرزا صاحب، اصل عبارت مرزا صاحب کی نقل کی جاتی ہے: ''یاد رہے کہ امام زمان کے لفظ میں نبی، رسول، محدث، مجدد سب داخل ہیں''۔

اسی کتاب کے اسی صفحہ پر موٹے الفاظ میں لکھتے ہیں: ''امام زمان میں ہوں''۔ اور اسی کتاب میں پہلے لکھ آئے ہیں کہ ''محمد ﷺ بھی امام زمان تھا''۔ اب ظاہر ہے کہ لاہوری جماعت نے جب مرزا صاحب کو مجدد مانا اور مجدد اور نبی اور رسول کے جب ایک ہی معنی ہیں تو پھر مرزا صاحب کی مریدی میں رہ کر مرزا صاحب کی نبوت سے انکار ہرگز نہیں کر سکتے کیونکہ مرزا صاحب کا دعویٰ نبوت تھا اور ساتھ ہی مکمل نبی و رسول ہونے کا دعویٰ تھا اور صاحب شریعت ہونے کا دعویٰ تھا۔ یہ مسلمہ اصول ہے کہ پیر کی پیروی مرید پر واجب ہے۔ اور مرید جب تک من کل الوجوہ اپنے آپ کو پیر کے حوالے نہ کر دے، پکا مرید نہیں۔ اگر لاہوری جماعت مرزا صاحب کو نبی نہیں مانتی تو اسکی بیعت میں کس طرح رہی کیونکہ مرید کا اعتقاد پیر کے اعتقاد کے موافق ہوتا ہے۔ جب پیر کہتا ہے کہ میں نبی ہوں اور میری وحی میں اوامر و نواہی بھی ہیں تو مرید ہرگز نہیں کہہ سکتا کہ میں اسکو نہیں مانتا، اسطرح تو بیعت ٹوٹ جاتی ہے۔ اگر لاہوری جماعت کو خوفِ خدا اور نورِ ایمان اور قلب سلیم نے بتا دیا ہے کہ مرزا صاحب دعویٰ نبوت میں سچے نہ تھے اور ایک فرد امت تھے تو صاف صاف مرزا صاحب کی بیعت سے توبہ کر کے اپنے تیئں کروڑ مسلمان بھائیوں میں ملجائیں ورنہ خدا سے خوف کر کے مسلمانوں کو دھوکہ نہ دیں۔ اہل اسلام کے عام جلسوں میں محمد ﷺ کی اور قرآن کی تعریف کر کے مسلمانوں کے دلوں کو اپنی طرف مائل کرنا اور دل میں محمد ﷺ و قرآن کے ماننے والوں کے جنازے نہ پڑھنا، ان سے رشتہ ناتہ توڑنا اور مرزا صاحب کے دیگر خلاف نصوص شرعی دعاوی کو ماننا اور پھر زبانی شور مچانا کہ ہم مرزا صاحب کو نبی نہیں مانتے اور

مسلمان غیر احمدیوں کو کافر نہیں سمجھتے، نفاق نہیں تو اور کیا ہے۔ اگر غیر احمدی مسلمانوں کو آپ کافر نہیں سمجھتے تو ان کے ساتھ ملکر نمازیں کیوں نہیں پڑھتے، انکے جنازے کیوں نہیں پڑھتے۔ دوسری طرف مَیں اپنے مسلمان بھائیوں سے بھی عرض کرتا ہوں کہ وہ اس جَوفروشی وگندم نمائی سے ہوشیار رہیں اور جہاں کہیں لیکچر میں منافقانہ کارروائی دیکھیں تو بھول نہ جائیں اور مرزائیوں کو خیر خواہِ اسلام نہ سمجھیں۔ اصل میں یہ لوگ قادیانی جماعت سے زیادہ مضر ہیں۔ خدا کی شان ہے کہ ہمارے مسلمان بھائی ایسے گئے گذرے ہیں اور جامے میں پھولے نہیں سماتے اور کہتے ہیں کہ لاہوری جماعت اچھی ہے کہ ہم کو کافر نہیں کہتی اور یہ نہیں جانتے کہ یہ حیلہ سازی صرف چندہ لینے کیواسطے ہے۔

مجدد کی بحث

اب ہم مجدد کی بحث شروع کرتے ہیں تاکہ معلوم ہو کہ مرزا صاحب مجدد دین محمدی ﷺ ہرگز نہ تھے۔ بلکہ انہوں نے بجائے تجدید دین واحیاء سنت کے بہت باطل مسائل اصول اسلام کے برخلاف، اسلام میں داخل کیے ہیں۔

حدیث شریف میں جسکو مرزا صاحب اور انکے مرید ہمیشہ پیش کیا کرتے ہیں اس میں رسول اللہ ﷺ نے خود مجدد کے اوصاف بیان کردیئے ہیں۔ اگر وہ صفات مرزا صاحب میں پائے جائیں تو مجدد ہیں ورنہ دعویٰ غلط ہے۔ اور انکو مجدد دین محمدی کہنا سخت غلطی ہے۔

وہ حدیث یہ ہے: ”انّ اللّٰہ یبعث لھذہ الامة علی رأس کل مئة من تجدد لھا دینھا“ یعنی ”ہر صدی کے سر پر اللہ تعالیٰ اس امت میں ایک ایسا شخص پیدا کیا کرے گا جو کہ مسلمانوں کے دین کو تازہ کردیا کرے گا“۔ (دیکھو کنز العمال، مشکوٰۃ وغیرہ کتب احادیث)۔ حدیث صحیح ہے اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اسکے راوی ہیں۔ اور سنن ابوداؤد، مستدرک حاکم، بیہقی میں مذکور

ہے۔اس حدیث میں رسول مقبول ﷺ نے مجدد کی مفصلہ ذیل صفات بیان فرمائی ہیں:

۱...... ہرایک صدی کے سر پر مبعوث ہونا: مرزا صاحب صدی کے سر پر مبعوث نہیں ہوئے۔ کیونکہ مرزا صاحب کی پیدائش کا سن بموجب تحریر عسل مصفی ۱۸۳ و ۱۸۴ ہے۔ ۱۸۸۸ء کے دسمبر میں مرزا صاحب نے بیعت لینے کا اشتہار دیا۔ (دیکھو عسل مصفی، صفحہ ۵۱۷)۔ جمادی الثانی ۱۳۰۸ھ میں دعویٰ مسیح موعود ہونے کا کیا۔ (عسل مصفی، صفحہ ۵۱۶)

۲...... تجدید دین ہے: **من تجدد لها دینها** یعنی مسلمانوں کے دین کی تجدید کریگا اور بدعات اور باطل عقائد جو کہ مرور ایام سے اسلام میں ملاوٹ پا گئے ہیں انکو دور کریگا۔مگر مرزا صاحب نے بجائے دین کے تازہ کرنے کے اور رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام و تابعین و تبع تابعین کا جو دین تھا اسکے برخلاف باطل عقائد عیسائیوں اور یہودیوں اور اہل ہنود کے جو کہ کفر وشرک کے تھے اسلام میں داخل کئے جس کا ثبوت ہم انکی کتابوں سے دیتے ہیں۔**وھو ھذا:**

اول: (مسئلہ بروز واوتار) دیکھو لیکچر مرزا صاحب مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۹۰۲ء: ’’خدا کا وعدہ تھا کہ آخر زمانہ میں اسکا کرشن بروز یعنی اوتار پیدا کرے سو یہ وعدہ میرے ظہور سے پورا ہوا۔یعنی مرزا صاحب کرشن جی کے اوتار ہیں اور چونکہ کرشن جی قیامت کے منکر اور تناسخ کے معتقد تھے اسلئے مرزا صاحب بھی تناسخ کے قائل اور قیامت کے منکر ہوئے۔اور قیامت کا منکر کبھی مجدد دین محمدی ﷺ نہیں ہوسکتا۔پس ثابت ہوا کہ یا تو یہ غلط ہے کہ مرزا صاحب بروز و اوتار کرشن تھے اور اگر بروز کرشن ہونا سچا ہے تو مجدد ہونا باطل۔ کیونکہ کوئی مجدد کرشن نہیں ہوسکتا۔کفر واسلام کیسے جمع ہوسکتے ہیں۔دوسرا الہام مرزا صاحب: ’’برہمن اوتار سے مقابلہ کرنا اچھا نہیں‘‘۔ (دیکھو حقیقۃ الوحی، مصنفہ مرزا صاحب)۔پس مسئلہ اوتار کا قائل مسلمان ہی نہیں،

مجدد ہونا تو بڑی بات ہے۔

دوم: عیسائیوں کا مسئلہ ابن اللہ کا ہے جسکی قرآن میں بڑی سختی سے تردید کی گئی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا○ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ○﴾ یعنی ''پھٹ جائے زمین اور گر پڑیں پہاڑ کانپ کر اس سے کہ دعویٰ کیا واسطے رحمٰن کے اولاد کا''۔ دوسری جگہ فرمایا: ﴿لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ﴾ ''نہیں پکڑا اس نے بیٹا اور نہیں اسکا کوئی شریک''۔ یعنی اللہ کا نہ کوئی شریک ہے اور نہ وہ کسی کو بیٹا پکڑتا ہے جسکا صاف مطلب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نسبت پدری سے پاک ہے اور کوئی شخص اسکا بیٹا و اولاد نہیں کہلا سکتا۔ مگر مرزا صاحب نے خلاف نصوص قرآنی اپنے آپکو خدا کا بیٹا بنایا اور ''حقیقۃ الوحی'' میں اپنے الہام شائع کئے کہ خدا مجھ کو کہتا ہے ''انت منی بمنزلة ولدی'' ترجمہ: تو میرے بیٹے کی جا بجا ہے۔ ''انت منی بمنزلة اولادی'' ترجمہ: تو میری اولاد کی جا بجا ہے۔ جب مرزا صاحب خدا کی اولاد اور بیٹے کی جا بجا ہوئے تو خدا کی اولاد اور بال بچے ثابت ہوئے۔ مزید برآں غضب کیا ہے کہ خدا کے پانی سے ہونے کا دعویٰ بھی کیا ہے۔ کتابچہ ''اربعین نمبر۳، صفحہ۳۴'' پر لکھتے ہیں کہ ''خدا مجھ کو کہتا ہے کہ انت من مائنا وھم من فشل'' ترجمہ: تو ہمارے پانی (نطفہ) سے ہے اور وہ خشکی سے۔ اس الہام سے تو مرزا صاحب خدا کے حقیقی و صلبی بیٹے بن گئے۔ اب جائے غور ہے کہ یہ تجدید دین ہے کہ جن باطل مسائل کو اسلام نے ۱۳۰۰ برس کی کوشش سے مٹایا تھا وہی باطل مسائل جو دین اسلام میں داخل کر کے اسلام پر ہنسی کرائے وہ دشمن دین ہے یا مجدد ہے۔ پس یا تو یہ الہاماتِ مرزا صاحب، خدا کی طرف سے تھے یا نعوذ باللہ قرآن مجید میں خدا تعالیٰ کا ﴿لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ﴾ فرمانا درست نہ تھا۔ مگر چونکہ قرآن کا فرمانا بجا ہے اور مرزا صاحب قرآن

کے برخلاف چلے ہیں اس واسطے ہرگز وہ مجدد نہ تھے۔

سوم: عیسائیوں کا مسئلہ تثلیث کو بھی مرزا صاحب نے اسلام میں داخل کیا۔ مرزا صاحب ''توضیح المرام'' کے صفحہ ۲۲ پر لکھتے ہیں: ''خدا تعالیٰ کی محبت سے پھری ہوئی انسانی روح جو ۔۔۔۔ اب محبت سے بھر گئی ہے ایک نیا تولد بخشتی ہے اسواسطے اس محبت کی بھری ہوئی روح کو خدا تعالیٰ کی روح سے جو نافخ المحبت ہے استعارہ کے طور پر ابنیت کا علاقہ ہو۔ ۔۔۔۔ ہے اور چونکہ روح القدس ان دونوں کے ملنے سے انسان کے دل میں پیدا ہوتی ہے اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ وہ ان دونوں کیلئے بطور ابن ہے اور یہی پاک تثلیث ہے یعنی خدا اور انسان کی محبت سے روح القدس پیدا ہوتی ہے اور یہ تینوں ملکر پاک تثلیث ہے''۔

کوئی بتا سکتا ہے کہ یہ پاک تثلیث کس نصِ شرعی سے ثابت ہے؟ اور اسی تجدید دین کے ہونے پر مرزا صاحب کو مجدد ہونے کا دعویٰ۔ یہ تحریر علاوہ خلافِ نص قرآنی کے قولہ تعالیٰ: ﴿وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ط اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ط اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ط سُبْحٰنَهٗ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ﴾ ترجمہ: ''مت کہو تین، باز رہو بہتر ہوگا واسطے تمہارے سوا اسکے نہیں اللہ معبود اکیلا پاکی ہے اسکو اس سے کہ ہو واسطے اسکے بیٹا''۔ اب مرزا صاحب کی تحریر صاف نصِ قرآنی کے برخلاف ہے۔ ایک خدا کی روح دوسری انسان کی روح کے جوڑہ ہونے سے مرزا صاحب کے مذہب میں روح القدس پیدا ہوتی ہے۔ اس پر ذیل کے امور غور طلب ہیں:

اول: خدا کی روح کا انسانی روح کے ساتھ اختلاط یعنی میل جول ہونا۔

دوم: انسانی روح کا خدا کی روح میں جذب ہونا۔

سوم: دونوں روحوں کا آپس میں جوڑہ ہونا اور ان ارواح سے روح القدس کا پیدا ہونا۔ یہ

تینوں امر بالکل خلاف عقل ونقل وشرع محمدی ﷺ ہیں جنکا بیان حسب ذیل ہے:

۱...... چونکہ خدا تعالیٰ کی ذات پاک احد ہے اور ﴿لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ﴾ ہے اس لئے خدا تعالیٰ کی روح پاک میں کسی انسانی روح کا اتصال ایک غلط اور باطل عقیدہ ہے۔ کیونکہ یہ محال ہے کہ روح انسانی جو مخلوق اور ممکن الوجود ہے ذات باری تعالیٰ میں جو خالق اور قدیم اور غیر متغیر اور واجب الوجود ہے اس میں مل سکے۔ پس یہ باطل ہے کہ انسانی روح خدا کی روح کے ساتھ مل جاتی ہے۔ پس اس عقل اور علم کا آدمی کبھی مجدد نہیں ہوسکتا جس کو خدا کی ذات اور انسان کی ذات کی تمیز نہ ہو اور خدا اور انسان کی نوعیت میں فرق نہ کرے۔

۲...... دوسرا امر بھی محال ہے کہ مخلوق خالق میں مل سکے اور انسان کا ہرگز یہ مرتبہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ خدا کے ساتھ ملجائے۔ صرف غلبہ محبت سے ذاتِ باری تعالیٰ میں مغلوب الحال ہوسکتا ہے اور وہ بھی صرف تھوڑے عرصہ کیلئے۔ جیسا کہ حدیث ہے: ”لی مع الله وقت لا یسعنی فیه ملک مقرب ولا نبی ولا مرسل“ نہ کہ خدا تعالیٰ کی روح سے حاملہ ہوکر بچہ جن سکتا ہے۔ یہ بالکل لغو ہے کہ انسانی روح خدا کی روح سے فاعل مفعول ہوکر ایک تیسری چیز روح القدس پیدا کرے یہ تو صرف مادی اشیاء کا خاصہ ہے کہ نر مادہ کے جوڑہ ہونے سے بچہ پیدا ہوتا ہے عالم ارواح و عالم ملکوت ایسے جوڑہ کہلانے سے پاک ہے۔ پس اس عقیدہ کا موجد اسلام کا دشمن ہے نہ کہ مجدد جو کہ ایسے بعد از عقل وشرع، باطل عقائد اسلام میں داخل کرتا ہے اور اسلام کی ہنسی کا باعث ہوتا ہے۔

۳...... روح القدس کو انسانی روح اور خدائی روح سے پیدا شدہ ماننا بالکل باطل خیال ہے کیونکہ روح القدس تو امر اللہ تعالیٰ ہے جو انبیاء علیہم السلام کی طرف خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے اور یہ ایک فرشتہ ہوتا ہے بجوائے آیۃ کریمہ: ﴿وَمَا کَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّکَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا

وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ﴾ یعنی بشر کو یہ مرتبہ حاصل نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے بغیر وحی اور حجاب کے بلاواسطہ کلام کرے۔ وحی کا آنا صرف انبیاء علیہم السلام پر ہوتا تھا اور وہی فرشتہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے پاس آتا تھا جسکی کیفیت ''صحیح بخاری'' میں (جو اصح الکتب ہے تمام فرقہائے اسلام مانتے ہیں بلکہ مرزا صاحب بھی صحیح بخاری کو اصح الکتب مانتے ہیں) حضرت جبرائیل کا آنا مذکور ہے۔ یہاں تمام حدیث کی نقل کی گنجائش نہیں۔ ناظرین وہاں سے دیکھ سکتے ہیں۔ صحابہ کرام کا بھی یہی مذہب تھا کہ محمد ﷺ کے پاس حضرت جبرائیل پیغام لاتے ہیں۔ چنانچہ امام غزالی ''مکاشفۃ القلوب'' میں لکھتے ہیں کہ ''حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے جنازہ پر کھڑے ہوکر درود پڑھنے لگے اور۔۔۔۔۔ لگے اور کہنے لگے کہ یارسول اللہ ﷺ آپ کے وصال سے وہ بات منقطع ہوگئی جو کسی نبی و رسول کے وصال سے منقطع نہ ہوئی تھی یعنی حضرت جبرائیل کا آنا۔ (دیکھو مکاشفۃ القلوب، باب ۱۱۱)۔ حضرت محی الدین ابن عربی مقدمہ ''فصوص الحکم'' میں فرماتے ہیں: ''وحی بوساطت فرشتہ کے نازل ہوتی ہے اسی واسطے ''حدیث قدسی'' کو وحی یا قرآن نہیں کہتے انتہی۔ (فصوص الحکم، ص ۵۸)۔ پس جو شخص رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کا مذہب چھوڑ کر اپنے من گھڑت ڈھکوسلے لگائے اور اپنے خوابوں اور کشفوں اور خیالوں کو وحی الٰہی کا رتبہ دیکر مدعی نبوت ورسالت ہو وہ مجدد کس طرح ہوسکتا ہے۔ مجدد تو اسی دین کو جو رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کے وقت تھا اسی کو تازہ کرتا ہے جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے: ''من تجدد لها دينها'' مگر جو شخص اپنے ایجاد کردہ مسائل خلاف نصوص شرعی ایجاد واختراع کرے وہ مجدد کس طرح مانا جاسکتا ہے۔

۴..... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صلیب پر لٹکایا جانا اور صلیب کے عذابوں سے معذب ہونا

ہے۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام اور اجماع امت بہ نص قرآن اس پر چلا آیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہ مصلوب ہوئے اور نہ صلیب کا کوئی عذاب انکو دیا گیا نہ صلیب تک خدا نے آنے دیا۔ جیسا کہ قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہ صلیب پر لٹکائے گئے اور نہ قتل کئے گئے مگر انکو خدا نے اٹھالیا۔ مگر مرزا صاحب نصوص قرآنی کے برخلاف فرماتے ہیں کہ مسیح صلیب پر چڑھایا گیا اور ''ما صلبوه'' کے لفظ سے ہرگز یہ نہیں ہے کہ مسیح صلیب پر چڑھایا نہیں گیا۔ (دیکھو ازالہ اوہام، صفحہ ۳۷۸)۔ پھر صفحہ ۳۸۰ پر لکھتے ہیں: ''پھر بعد اسکے مسیح ان کے حوالہ کیا گیا یعنی یہودیوں کے اور اسکو تازیانے لگائے گئے، طمانچے مارے گئے، مسیح کو دو چوروں کے ساتھ صلیب پر چڑھایا گیا'' الخ۔ پھر صفحہ ۳۹۲ پر لکھتے ہیں: ''مسیح پر جو مصیبت آئی کہ وہ صلیب پر چڑھایا گیا اور کیلیں اسکے اعضاء میں ٹھونکی گئیں جن سے وہ غشی کی حالت میں ہوگیا''۔

افسوس! مرزا صاحب اس عقیدہ میں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مصلوب ہوکر ملعون ہوئے یہودیوں کے ساتھ متفق ہوگئے کیونکہ جب صلیب پر چڑھائے جانا ملعون ہونے کا نشان ہے تو جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام صلیب پر لٹکائے گئے اور صلیب کے زخموں سے عذاب دیئے گئے اور تمام لوگ دیکھ رہے تھے کہ مدعی رسالت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کاٹھ پر لٹکایا گیا اور طرح طرح کے عذاب اسکو دیئے گئے جو کہ خدا تعالیٰ کے وعدہ ﴿وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ﴾ کے برخلاف ہے اور اس عقیدہ سے قرآن کی تکذیب ہوتی ہے جس میں بڑے زور سے فیصلہ ہے کہ میں اور میرے رسول غالب رہتے ہیں اور قرآن کا یہ فرمانا کہ ﴿وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ﴾ بالکل باطل ہوتا کہ کفار کا داؤ کہ مسیح کو صلیب پر لٹکایا جائے اور اسکی ذلت تمام جہان میں کی جائے، اس میں وہ کامیاب ہوئے اور خدا نے جو قرآن میں

فرمایا کہ ﴿وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ﴾ غلط ہوا کیونکہ خدا تو کفار کا منہ دیکھتا رہا کہ مسیح کو صلیب پر لٹکایا گیا، عذاب دیئے گئے، اسکے اعضاء میں کیلیں ٹھونکی گئیں اور صلیب کے عذابوں سے زخمی ہوکر غشی کی ایسی حالت میں ہوگیا کہ مردہ وزندہ میں تمیز نہ ہوسکی۔ یہ بالکل غلط ہے کہ مسیح کی جان صلیب پر نہیں نکلی تھی۔ کیونکہ انجیل میں صاف لکھا ہے۔ دیکھو انجیل لوقا، باب ۲۳، آیت ۴۶: ”اور یسوع نے بڑی آواز سے کہا کہ اے باپ میں اپنی روح تیرے ہاتھوں میں سونپتا ہوں۔ یہ کہہ کے دم چھوڑ دیا اور صوبہ دار نے یہ حال دیکھ کر خدا کی تعریف کی“۔ پس مرزا صاحب کا ڈھکوسلہ کہ صلیب پر مسیح کی جان نہیں نکلی تھی اور زندہ اوتار لیا گیا تھا، بالکل غلط اور آسمانی کتاب کے مقابلہ میں بے وقعت اور بے اعتبار ہے اور کوئی مسلمان نہیں مان سکتا۔

۵..... تصویر کا بنانا اور رکھنا جو کہ شرع محمدی ﷺ میں حرام تھا، جائز کیا اور اپنی عکسی تصویر بنوائی اور مریدوں کو رکھنے کی اجازت دی۔

۶..... دعویٰ نبوت ورسالت میں مرزا صاحب نے محمد رسول اللہ ﷺ کے فرمان کی (جس میں فرمایا تھا ”لا نبی بعدی“ اور قرآن شریف میں محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبیین فرمایا تھا) کھلی کھلی مخالفت کی ہے جو کہ مجدد کی ذات سے ہرگز نہیں ہوسکتا۔ مرزا صاحب کذابوں کی چال چلے ہیں نہ کہ مجدد کی۔ پس کذابوں کی فہرست میں آسکتے ہیں نہ کہ مجددین کی فہرست میں، جسکی تفصیل ذیل میں دی جاتی ہے:

۱..... مرزا صاحب کا دعویٰ کہ میں امتی نبی ہوں، رسول اللہ ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق ہے۔ ”سیکون فی امتی کذابون ثلاثون کلهم یزعم انه نبی اللّٰه وأنا خاتم النبیین لا نبی بعدی ولا تزال طائفة من امتی علی الحق“ (رواہ أبوداؤد

والترمذی)۔ یعنی میری امت میں تیس (۳۰) جھوٹے مدعی نبوت ہونگے جو کہ امتی بھی ہونگے اور اپنے آپ کو نبی بھی کہلائیں گے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ پس جس قدر مدعی نبوت ورسالت گذرے ہیں سب امتی تھے اور مرزا صاحب کی طرح محمد رسول اللہ ﷺ کی تابعداری سے نبوت حاصل ہونا بتاتے تھے اور مرزا صاحب کی طرح کہتے تھے کہ قرآن کی آیات ہم پر دوبارہ نازل ہوتی ہیں۔ چنانچہ یحییٰ بن زکرویہ قرمطی جس نے بغداد میں دعویٰ نبوت کیا تھا وہ کہتا تھا کہ قرآن کی آیات مجھ پر دوبارہ نازل ہوتی ہیں۔ مرزا صاحب نے بھی اسکی پیروی کر کے ازالہ اوہام ص ۳۸۹ میں لکھا ہے کہ ''یا عیسٰی انی متوفیک ورافعک (الخ)'' یعنی اے عیسیٰ میں تجھ کو اپنے قبضہ میں کرلوں گا اور اپنی طرف اٹھالوں گا۔ یہ آیت مجھ پر دوبارہ نازل ہوئی ہے اور میں عیسیٰ بن مریم ہوں اور یہی انکے مسیح موعود ہونے کی دلیل ہے اور یہ سخت غلط فہمی ہے کیونکہ اگر خواب میں کوئی آیت قرآن کسی مسلمان کی زبان پر آجائے تو وہ دوبارہ نازل نہیں ہوتی۔ قریباً تمام مسلمان خواب میں قرآن کی آیات پڑھتے ہیں بلکہ حافظوں کی زبان پر تو کئی کئی ورق جاری رہتے ہیں۔ مگر سوا مرزا صاحب اور یحییٰ کاذب مدعی نبوت کے کوئی مسلمان اس بات کا معتقد نہیں کہ مجھ پر آیات قرآن دوبارہ نازل ہوتی ہیں۔

۲...... یہی آیت پہلے محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوئی تھی اس نے (محمد ﷺ) جو افصح العرب تھا اور اہل زبان تھا اس نے تو عیسیٰ کے معنی جو اس آیت میں ہیں عیسیٰ ابن مریم ہی سمجھے اور یہ نہ کہا کہ خدا نے میرا نام عیسیٰ رکھا ہے حالانکہ اس وقت ابتدائے اسلام میں اس بات کی ضرورت بھی تھی کہ عیسائیوں کو ساتھ ملایا جائے۔ اور دوسری طرف انجیل میں حضرت عیسیٰ کا دوبارہ آنا بھی موعود تھا۔

۳...... یہ بالکل غلط خیال ہے کہ قرآن مجید میں جو نام کسی قصہ کے سلسلہ میں مذکور ہو وہ آیت دوبارہ نازل شدہ سمجھ کر ملہم یا خواب میں خود وہی شخص بن جائے جس کا ذکر قصہ میں ہو رہا ہے۔ جیسا کہ مرزا صاحب کی زبان پر خواب میں جب "یا آدم اسکن انت وزوجک الجنۃ" جاری ہوا تو سمجھ لیا کہ خدا نے میرا نام آدم رکھا ہے۔ اور مریم کا نام آیا تو کہہ دیا کہ مجھ کو خدا نے مریم کہا ہے اور حاملہ بھی ہو گئے۔ ایسے ایسے تاویلات اور بے سند دعاوی صحیح دماغ کا کام نہیں۔ ایسی کچی باتیں بنانے والے کو کبھی مجدد نہیں کہہ سکتے۔

۴...... مرزا صاحب کا یہ دعویٰ کہ میرا کلام قرآن کی مانند بے مثل ہے، یہ بھی کذابوں کی چال ہے۔ مسیلمہ نے قرآن بنایا۔ صالح بن ظریف نے اپنے کلام کو انسانی طاقتوں سے برتر کہا۔ محمد علی باب اور متنبی شاعر نے بھی اپنے کلام کو معجزہ کہا، غرض کذابوں کی چال ہے کہ مرزا صاحب نے قرآن کے تحدی کو توڑا۔ کوئی بتائے کہ ایسا شخص مجدد کیونکر ہوسکتا ہے جس نے وہ کام کر دکھلایا جو کسی کافر سے نہ ہوسکا۔ یعنی قرآن کی مثل لانا۔

۵...... تکفیر اہل اسلام میں بھی مرزا صاحب کذابوں کی چال چلے ہیں۔ سید جونپوری۔۔۔ نے اپنا چمڑہ دو انگلیوں میں پکڑ کر کہا کہ جو شخص اس ذات سے مہدویت کا منکر ہے وہ کافر ہے۔

دوم: افرس کذاب نے بھی کہا تھا کہ جو مجھ کو نہیں مانتا وہ خدا اور محمد ﷺ کو نہیں مانتا، اسکی نجات نہیں ہوگی۔ یہ سن کر لاکھوں نے اسکی بیعت کر لی۔ (دیکھو افادۃ الافہام، ص ۲۶۸)۔ مرزا صاحب بھی فرماتے ہیں کہ جو مجھ کو نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی نہیں مانتا۔

(دیکھو حقیقۃ الوحی، ص ۱۶۴)

۶...... تنسیخ مسائل شرع: مرزا صاحب نے اکثر مسائل شرع کی تنسیخ کی، جیسا کہ جہاد فی

سبیل اللہ کو حرام کر دیا۔ یہ بھی کذابوں کی چال ہے۔ مسیلمہ نے ایک نماز معاف کر دی تھی۔ عیسیٰ بن مہرویہ نے بہت مسائل پلٹ دیئے۔ مرزا صاحب کی طرح قوائے انسانی قرار دیتا تھا جیسا مرزا صاحب نے حضرت جبرائیل وغیرہ ملائکہ کو ارواح کو اکب کہا ہے۔ پس مجدد کس طرح ہوئے۔

۷......وفات حضرت عیسیٰ اور اسکے بروزی ظہور کا عقیدہ بھی کذابوں کی چال ہے۔ ابراہیم ندیہ کذاب بھی یہی چال چلا تھا کہ حضرت عیسیٰ فوت ہو گئے ہیں وہ نہیں آسکتے اور مسیح موعود عیسیٰ ابن مریم میں ہوں اور مرزا صاحب کی مانند نزول کے معنی پیدا ہونے کو بتاتا تھا۔ ایک حبشی بھی جزیرہ جمیکہ میں عیسیٰ بن مریم ہونے کا دعویٰ مرزا صاحب سے پہلے کر چکا ہے۔ اب بتاؤ کہ یہ مجدد دین کی چال ہے جو مرزا صاحب چلے ہیں یا کذابوں کی؟ کسی مجدد نے بھی عیسیٰ ہونے کا دعویٰ کیا؟

۸......متعدد دعاوی کرنا کہ میں مسیح موعود، مثیل عیسیٰ، رجل فارسی، مجدد، مصلح، مہدی، مریم، موسیٰ، محمد ﷺ، کرشن وغیرہ بھی کذابوں کی چال ہے کرمتیہ کاذب مدعی نے بھی متعدد دعوے کئے تھے جو کہ معتمد کی خلافت میں مدعی نبوت ہوا تھا اور کہتا تھا کہ میں عیسیٰ ہوں، داعیہ ہوں، حجت ہوں، ناقہ ہوں، روح القدس ہوں، یحییٰ بن زکریا ہوں، مسیح ہوں، کلمہ ہوں، مہدی ہوں، محمد بن حنفیہ ہوں، جبرائیل ہوں۔ (دیکھو صفحہ ۱۷۵، حرز الخصائص)

۹......رمضان میں سورج و چاند گرہن کو اپنے مہدی ہونے کی دلیل پیش کرنا یہ بھی کذابوں کی چال ہے۔ ۶۲ و ۶۳ ہجری میں محمد بن حنفیہ کاذب مدعی نبوت نے اپنی صداقت کا آسمانی نشان بتایا کہ میرے وقت رمضان میں ہر دو گرہن ہوئے۔ ۱۰۷ و ۱۰۸ ہجری میں جعفر کاذب کے وقت رمضان میں ہر دو گرہن ہوئے۔ ۶۷۷ ہجری میں عباس کاذب مدعی مہدویت

کے وقت رمضان میں ہر دو گرہن ہوئے۔ ۱۰۸۸ھ ہجری میں محمد نے دعوئ مہدویت کیا اور ہر دو گرہن ہوئے۔ غرض یہ بھی کذابوں کی چال ہے کہ جب رمضان میں چاند وسورج کا گرہن ہو تو کوئی نہ کوئی مہدی کھڑا ہو جاتا ہے۔

۱۰......نبوت دو قسم تشریعی وغیر تشریعی قرار دیکر نبوت ورسالت کا دعوئ کرنا یہ بھی کذابوں کی چال ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے "لانبی بعدی" فرمایا ہے کہ کسی قسم کا نبی میرے بعد نہ ہوگا۔ مگر مرزا صاحب کل اجماع امت کے برخلاف کذابوں کی چال چلے ہیں۔ سید محمد جونپوری مہدی غیر تشریعی نبوت کا مدعی تھا اور مرزا صاحب کی طرح کہتا تھا کہ میں تابع محمد ﷺ ہوں اور فنافی الرسول ہونے کے سبب نبی ورسول ہوں۔ چنانچہ "رسالہ اعتقادیات" مصنفہ عالم میاں مہدوی میں لکھا ہے: "پس ہونا مہدی علیہ السلام کا یعنی سید محمد کا ان اوصاف پر، نہیں مخالف ہے کتاب وسنت واجماع کا۔ کیونکہ نبی مشرع ہونا شرع شریف سے ممنوع ہے نہ کہ متبع نبی ممنوع ہے"۔ یعنی نبی غیر تشریعی سید محمد جونپوری محمد رسول اللہ ﷺ کا تابع ہے اسواسطے اسکا دعوئ نبوت محمد ﷺ کے تابع ہے۔

مرزا صاحب بھی لکھتے ہیں کہ میرے دعوے نبوت سے مہر نبوت نہیں ٹوٹتی۔ کیونکہ میرا دعوئ نبوت محمد ﷺ کی تابعداری سے ہے اور یہ خبر نہیں کہ سب کذابون امت محمدی ﷺ میں اور تابع قرآن وسنت کے ہو کر مدعی نبوت ورسالت ہوئے ہیں۔ کیونکہ محمد ﷺ کی پیشگوئی ہے کہ اُمتی بھی ہونگے اور نبی ہونے کا بھی زعم کرینگے۔ پس مجدد کی شان سے بعید ہے کہ نبوت کا دعوئ کرے اور نہ مدعی نبوت ووحی بھی مجدد ہوسکتا ہے۔

۱۱......رسولوں کا ہمیشہ آنا۔ یہ بھی کذابوں کی چال ہے۔ منہاج السنۃ میں لکھا ہے کہ ابو منصور جو فرقہ منصوریہ کا بانی ہے اسکی تعلیم یہ تھی کہ رسالت کبھی منقطع نہیں ہوتی۔ مرزا صاحب بھی

کہتے ہیں کہ امتی ہمیشہ آتے رہیں گے۔ یہ دعویٰ نبوت شان محمدی ﷺ کو دوبالا کرتا ہے کہ اسکے امتی نبی ہوں اور یہ خبر نہیں کہ سب کذابون ایسا کرتے آئے ہیں۔ بھلا کبھی صحابلہ کرام و اولیاء عظام میں سے بھی کسی نے دعویٰ نبوت کیا ہے؟ ہرگز نہیں۔ پس مدعیان نبوت ہرگز مجدد نہیں ہو سکتے۔

۱۲...... حقائق و معارف قرآنی کا دعوے سے اپنے من گھڑت ڈھکوسلوں سے یہ بھی کذابون کی چال ہے۔ عبدالکریم شہرستانی رحمۃ اللہ علیہ نے ''ملل ونحل'' میں لکھا ہے کہ مغیرہ نے دعویٰ نبوت کیا اور کہتا تھا کہ حقائق معارف قرآن کے میرے مانند کوئی بیان نہیں کر سکتا۔ قرآن میں جو امانت کا ذکر ہے کہ کسی نے نہ اٹھائی۔ مگر انسان نے اٹھائی اسکا یہ مطلب ہے کہ خدا تعالیٰ کی امانت یہ تھی کہ علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو امام نہ ہونے دینا "وحملها الانسان انه كان ظلوما جهولا'' ان دونوں ظلوم جہول سے مراد حضرت عمر و ابوبکر رضی اللہ عنہما ہے جنہوں نے آپس میں مشورہ کر کے حضرت علی کو امام نہ ہونے دیا۔ ایسا ہی مرزا صاحب کے حقائق و معارف ہیں کہ ''والعصر'' کے اعداد حروف میں بحساب قمری دنیا کی ابتداء سے حضرت محمد ﷺ کی بعثت کا زمانہ ۴۷۴۰ برس ہے۔ اور بڑے فخر سے مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ بتاؤ ایسے حقائق و معارف میرے سوا کوئی بتا سکتا ہے اور کسی تفسیر میں نہیں۔ حالانکہ تفسیر میں لکھا ہے کہ یہودی قرآن کے حروف سے عدد نکال کر مدت سال و ماہ نکالا کرتے تھے۔ چنانچہ۔۔۔۔۔۔ سے ۲۳۲ سال نکال کر کہا کہ اتنی مدت محمد ﷺ کی امت میں ملک رہے گا۔

دوم: ازالہ اوہام، صفحہ ۱۴۴ پر "اخرجت الارض اثقالها یعنی زمین اپنے تمام بوجھوں کو نکال دے گی۔ یعنی انسانوں کے دل اپنی تمام استعدادات مخفیہ کو بمنصہ ظہور لائیں گے اور

جو کچھ انکے اندر علوم وفنون کا ذخیرہ ہے یا جو کچھ عمدہ عمدہ دلی ودماغی طاقتیں اور لیاقتیں ان میں مخفی ہیں، سب کی سب ظاہر ہو جائیں گی۔ اور انسانی قوتوں کا آخری نچوڑ باہر نکل آئے گا" (الخ)۔

یہ خوب حقائق و معارف ہیں کہ قیامت ہی سے انکار ہے اور یوم الآخرت کو صاف جواب ہے کہ قیامت وغیرہ کوئی نہیں آئے گی۔ صرف علوم وفنون کے زمانہ کو قیامت کہتے ہیں۔ اب کوئی بتا سکتا ہے کہ ایسا شخص مجدد ہے یا بدعتی۔ کہ ایسے ایسے من گھڑت مسائل سے اسلام کو مکدر کرتا ہے۔ ابو منصور مدعی نبوت بھی ایسے ایسے معارف بیان کیا کرتا تھا اور اسکے مرید مرزائیوں کی طرح حقائق و معارف پر فخر کیا کرتے تھے۔ قرآن مجید میں جو ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ﴾ یعنی خدا نے تمہارے پر مردہ اور خون اور سور کا گوشت حرام کیا ہے۔ اسکا یہ مطلب نہیں جو سمجھا گیا ہے۔ دراصل یہ چند اشخاص کے نام ہیں جنکی محبت حرام کی گئی ہے۔ بھلا ایسی چیزوں کو جو انسان کی قوت کا باعث ہے خدا کیوں حرام کرنے لگا تھا۔ (دیکھو منہاج السنۃ)

ناظرین! اب معلوم ہو گیا کہ مرزا صاحب بھی انہیں حقائق و معارف بیان کرنے والوں میں سے تھے، نہ دین محمد رسول اللہ ﷺ کے مجدد۔

۱۳...... مہدی موعود کے دعوے میں بھی مرزا صاحب کذابوں کی چال چلے ہیں۔ سید محمد جونپوری نے جب دعویٰ مہدی ہونے کا کیا اور مدعی وحی ہوا کہ مجھ کو وحی الٰہی ہوئی ہے: "قل انی عبداللہ تابع محمد رسول اللہ مہدی الزمان وارث نبی الرحمان عالم الکتاب والایمان مبین الحقیقۃ والشریعۃ والرضوان انتہی۔ (دیکھو "عقیدہ شریفہ" جو ایک کتاب فرقہ مہدویہ کی ہے)۔ تو علماء اسلام نے اعتراض کیا کہ مہدی موعود تو آل رسول ہونگے اور

آپکا نام محمد ﷺ اور باپ کا نام عبداللہ ہوگا۔ چونکہ تمہارے باپ کا نام سید خان ہے اسلئے تم مہدی موعود نہیں ہو سکتے۔ تو اسکا جواب جونپوری نے یہ دیا کہ خدا قادر نہیں کہ سید خان کی بیٹی کو مہدی بنادے۔ ایسا ہی مرزا صاحب پر جب اعتراض ہوا کہ آپ مغل ہیں، سید بھی نہیں، مہدی موعود کس طرح ہو سکتے ہیں، یہ دعویٰ صحیح حدیثوں کے برخلاف ہے۔ تو آپ بھی جواب دیتے ہیں کہ اسکی کیا ضرورت ہے کہ مہدی ضرور آل رسول ہو اور سید ہو، روحانی آل مراد ہے۔ گویا مرزا صاحب مخبر صادق محمد ﷺ کی غلطی نکالتے ہیں کہ سید ہونا اور فاطمی ہونا جو حدیثوں میں آیا ہے، غلط ہے۔ اب بتاؤ مرزا صاحب کی یہ کارروائی مجددوں کی ہے یا کاذبوں کی۔ اب کوئی انصاف کرے اور ایمان سے کہے کہ مرزا صاحب نے کونسی تجدید دین واحیاء سنت نبوی کی ہے کہ انکو مجدد مانا جائے

ہرگز نہ رسی بہ کعبہ ای اعرابی　　　کہ این راہ کہ تو میروی بہ ترکستان ست

پس مسلمان ہوش کریں اور اہل ایمان مسلمانوں کی طرح رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کی چال چلیں اور کذابوں کی چال نہ چلیں۔ وما علینا الا البلاغ.

نمبر　　جلد

مرزائیوں کا مجسم خدا

منجانب

انجمن تائید الاسلام لاہور

بسم اللہ الرَّحمن الرَّحیم

نَحمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیم

ناظرین! ذیل میں مرزا صاحب کی کتاب ''حقیقۃ الوحی'' سے ایک نشان انکی صداقت کا نقل کیا جاتا ہے جس میں انھوں نے لکھا ہے کہ مجھ کو خدا تعالیٰ کی زیارت ہوئی۔ دیکھو حقیقۃ الوحی، نشان ۱۰۶ صفحہ ۲۵۵: (نقل اصل عبارت حرف بحرف)

''ایک دفعہ تمثیلی طور پر مجھے خدا تعالیٰ کی زیارت ہوئی اور میں نے اپنے ہاتھ سے کئی پیشگوئیاں لکھیں جن کا یہ مطلب تھا کہ ایسے ایسے واقعات ہونے چاہئیں تب میں نے وہ کاغذ دستخط کرانے کیلئے خدا تعالیٰ کے سامنے پیش کئے اور اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی تأمل کے سرخی کے قلم سے اس پر دستخط کئے اور دستخط کرنے کے وقت قلم کو چھڑکا جیسا کہ جب قلم پر

سیاہی آجاتی ہے تو اسی طرح پر جھاڑ دیتے ہیں اور پھر دستخط کر دیئے اور میرے پر اس وقت نہایت رقت کا عالم تھا اس خیال سے کہ کس قدر خدا تعالیٰ کا میرے پر فضل اور کرم ہے کہ جو کچھ میں نے چاہا بلا توقف اللہ تعالیٰ نے اس پر دستخط کر دیئے اور اسی وقت میری آنکھ کھل گئی اور اس وقت میاں عبداللہ سنوری مسجد کے حجرہ میں میرے پیر دبا رہا تھا کہ اسکے روبرو غیب سے سرخی کے قطرے میرے کرتے اور اسکی ٹوپی پر بھی گرے اور عجیب بات یہ ہے کہ اس سرخی کے قطرے گرنے اور قلم کے جھاڑنے کا ایک ہی وقت تھا ایک سیکنڈ کا بھی فرق نہ تھا۔ ایک غیر آدمی اس راز کو نہیں سمجھے گا اور شک کرے گا کہ کیونکر، اسکو صرف ایک خواب کا معاملہ محسوس ہوگا۔ مگر جس کو روحانی امور کا علم ہو وہ اس میں شک نہیں کرسکتا۔ اسی طرح خدا نیست سے ہست کرسکتا۔ غرض میں نے یہ سارا قصہ میاں عبداللہ کو سنایا اور اس وقت میری آنکھوں سے آنسو جاری تھے عبداللہ جو ایک رویت کا گواہ ہے اس پر بہت اثر ہوا اور اس نے میرا کرتہ بطور تبرک اپنے پاس رکھ لیا جواب تک اسکے پاس موجود ہے"۔

ناظرین! یہ پوری پوری عبارت نقل کی ہے تا کہ مرزائیوں کا کوئی عذر باقی نہ رہے کہ ساری عبارت کا کچھ اور مطلب ہے۔ اس نشان صداقت مرزا صاحب میں چند امور خلاف عقل وخلاف قانون قدرت جسکی بناء پر مرزا صاحب آسمانی حیات وصعود حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے انکار کرتے تھے۔ وھو ھذا:

نمبر ۱: مرزا صاحب عالم کشف وخواب میں آسمان پر گئے یا خدا تعالیٰ قلم دوات لیکر مرزا صاحب کے پاس آئے جو کہ دونوں صورتوں میں باطل ہے۔ مرزا صاحب کا خدا کے پاس جانا بمعہ لباس وجسد عنصری باطل ہے کیونکہ مرزا صاحب کی اپنی تصانیف اسکے برخلاف ہیں۔ قلم دوات وکاغذ مادی اشیاء کا خدا تعالیٰ کے پاس ہونا باطل ہے اور خدا تعالیٰ کا دنیا میں

قلم دوات لیکر آنا مضحکہ خیز بات ہے۔

نمبر ۲: قلم دوات وکاغذ جس پر مرزا صاحب کی پیشگوئیاں لکھیں، خدا تعالیٰ اپنے ساتھ لایا تھا یا مرزا صاحب کے پاس سنوری مسجد میں پہلے سے موجود تھیں۔ اگر کہو کہ اسکا کیا ثبوت ہے تو دیکھو الہام مرزا صاحب حقیقۃ الوحی، صفحہ ۸۹: "وننزل علیک اسرار من السماء" ترجمہ: ہم تیرے لئے آسمان سے پوشیدہ باتیں نازل کرینگے۔ جس سے ثابت ہے کہ خدائی سامان سب آسمان پر ہے۔

نمبر ۳: جب کرتہ اور ٹوپی پر سرخی کے نشان پڑے تو ثابت ہوا کہ سرخی حقیقی تھی جب سرخی حقیقی تھی تو قلم دوات وکاغذ بھی حقیقی ہونگے اور جب کرتہ موجود ہے تو قلم دوات وکاغذ جس پر خدا تعالیٰ کے دستخط ہوئے ضرور موجود ہوگا، وہ بھی نکالنا چاہیے تا کہ قادیانی خدا کے دستخطوں کی زیارت کی جائے اور سچ جھوٹ کے ظاہر کرنے کے واسطے کسی کیمیکل اگزیمز کے پاس واسطے تشخیص کے بھیجی جائیں کہ کس کارخانہ کی ساخت ہیں۔

نمبر ۴: اگر بموجب قاعدہ کلیہ خواب کی باتیں حقیقی نہ تھیں تو پھر یہ بالکل جھوٹ ثابت ہوا کہ سرخی کے قطرے کرتہ اور ٹوپی پر خدا نے ڈالے اور خدا تعالیٰ کی حقیقی زیارت بھی جھوٹ ہے۔

نمبر ۵: یہ دلیل کہ خدا نیست سے ہست کرسکتا ہے اگر مرزا صاحب کی سچی ہے تو پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر جانے اور نزول فرمانے کو یہی دلیل انکے مخالفین کی طرف سے کافی ہے۔ جب خدا نیست سے ہست کرسکتا ہے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو پہلے ہی خاص کرشمہ قدرت سے بغیر باپ پیدا ہوئے اور ہست تھے اسکا آسمان پر لے جانا اور کچھ مدت دراز تک زندہ رکھنا کیا مشکل ہے۔ آسمانی کتابوں سے ثابت ہے کہ حضرت آدم،

نوح وغیرہم علیہم السلام کی عمریں ہزار ہزار برس کے قریب تھیں۔ پس مرزا صاحب خود مان گئے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا تعالیٰ کی خاص قدرت کاملہ سے آسمان پر جا سکتے ہیں ورنہ محال عقلی کے رو سے مرزا صاحب کا کشف باطل ہے۔

نمبر۶: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صعود سے اس واسطے انکار کرتے ہیں کہ محال عقلی ہے کہ کرہ زمہریر سے کوئی شخص گزر نہیں سکتا، خود کس طرح خدا تعالیٰ کے پاس چلے گئے اور کرتہ بھی ساتھ تھا۔ جس سے ثابت ہے کہ جسم خاکی کے ساتھ گئے بلکہ میاں عبداللہ بھی ساتھ تھا کیونکہ اسکی ٹوپی پر سرخی کے قطرے پڑے تھے اگر کہو کہ عالم کشف کی باتیں وہمی وخیالی ہوتی ہیں اصلی نہیں ہوتیں مرزا صاحب روحانی طور پر خدا کے پاس گئے تھے تو یہ باطل ہے کیونکہ سرخی کے قطرے جو پڑے وہ بتا رہے ہیں کہ وہمی وخیالی باتیں نہ تھیں بلکہ اصلی وحقیقی تھیں جو کہ ابتک تبرک کے طور پر رکھے ہوئے ہیں۔

نمبر۷: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صعود کے واسطے نظیر طلب کرتے ہیں اب خود نظیر پیش کریں کہ جب سے دنیا بنی ہے کسی شخص نے خدا سے دستخط کرائے اور اسکے کپڑوں پر سرخی کے دھبے وقطرے ڈالے گئے؟ ایک کا نام بتاؤ۔

نمبر۸: خدا تعالیٰ کے دستخط کرنیکی کوئی نظیر ہے تو پیش کرو کہ فلاں شخص کی پیشگوئیاں پر پہلے بھی خدا تعالیٰ نے دستخط کئے تھے اور وہ دستخط کس زبان میں تھے انگریزی یا عربی میں اور ان دستخطوں میں کیا لکھا ہوا تھا: اللہ، پرمیشر، رام، گاڈ۔ یا غلام احمد ونوردین۔

نمبر۹: دستخط پورے تھے یا مختصر کیونکہ مرزا صاحب نے تشریح نہیں کی دستخط پورے نام کے بھی ہوتے ہیں اور انیشل بھی ہوتے ہیں یعنی مختصر اور حکام دستخط کرتے وقت دونوں میں سے ایک طریق اختیار کرتے ہیں۔

ناظرین! یہ ہے اس فلسفی وسائنس دان اور موجودہ علوم جدیدہ کے عالم کی فلاسفی کے خدا تعالیٰ کی آپکو زیارت ہوئی اور انسانی شکل میں اپنے خدا کو ہاتھ پاؤں ناک کان والا ایک جج کی شکل میں متشکل و متمثل دیکھا جو کہ نہ عقلاً و نہ شرعاً و نہ عادتاً کسی طرح بھی نہیں ہوسکتا۔ مرزا صاحب کی عجیب حالت تھی کہ جب گرتے تو ایسے گرتے کہ جسکی کچھ حد نہیں۔ یہاں تک زمین وآسمان کا خالق اور خدا بن جاتے اور جب کبھی دنیا کے علوم وعقول کی طرف توجہ کرتے تو پھر ایسے بلند پرواز ہوتے کہ معجزات انبیاء علیہم السلام سے بھی انکار کر دیتے کہ وہ ایک روح کی گرمی و مسمریزم کا عمل تھا اور میں مکروہ نہ سمجھتا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے زیادہ کرسکتا اور قبر کے عذابوں پر ہنسی ومخول اڑانا کہ کوئی قبر کھود کر سانپ بچھو دکھاؤ۔ تخت رب العالمین پر تمسخر کے راہ سے سوال کرتے کہ سونے کا ہوگا یا چاندی یا لکڑی کا وغیرہ وغیرہ۔ اب کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ یہ کونسی فلاسفی ہے کہ خدا تعالیٰ کی زیارت تمثیلی طور پر مرزا صاحب کو ہوئی اور قرآن مجید کی صریح نص کے برخلاف کیا ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ. وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ﴾ ترجمہ: ”نہیں ہے مثل یعنی مانند اسکی کوئی چیز اور وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے“۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی تمثیل ہو نہیں سکتی جب خدا کی تمثیل نہیں ہوسکتی تو مرزا صاحب نے کیا دیکھا۔

۲...... کشفی حالت میں اپنے آپ کو خدا دیکھا اور یقین کیا کہ واقعی خدا ہوں اور زمین آسمان بنائے۔ جیسا کہ پہلے ہم رسالہ نمبر ۱۲ میں پوری پوری مرزا صاحب کے کشف کی نقل کر چکے ہیں۔

۳...... کشفی حالت میں قادیان کا لفظ قرآن میں دیکھا۔

۴...... حالت خواب میں اگر کوئی آیت قرآن مرزا صاحب کی زبان پر جاری ہو تو وحی الٰہی ہے اور اگر دوسرے مسلمانوں کی زبان پر جاری ہو تو وحی الٰہی نہیں۔ دوسرے اس آیت کے

جاری ہونے سے امام زمان ورسول و نبی نہیں ہو سکتے اور مرزا صاحب ہو سکتے ہیں، کیسی بے دلیل بات ہے کہ ایک ہی امر یعنی آیت قرآن کا حالت خواب میں زبان پر جاری ہونا مرزا صاحب کو رسول بنائے اور دوسرے شخص کے واسطے مکر اللہ وسوسہ ہو۔

۵...... قرآن شریف کی آیت ﴿وَمُبَشِّرًام بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْم بَعْدِی اسْمُهٗ اَحْمَدُ﴾ سے یہ سمجھنا کہ میں رسول اور نبی ہوں اور عیسیٰ علیہ السلام نے میری نسبت پیشگوئی کی تھی، کیسی کچی بات ہے حالانکہ الفاظ آیت کے صاف صاف بتا رہے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے بعد ایک رسول آئے گا میں اسکی بشارت دیتا ہوں۔ "بعدی" میں یاء متکلم کی ہے اب ظاہر ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد محمد رسول اللہ ﷺ آئے یا غلام احمد آیا۔ جب عیسیٰ علیہ السلام کے بعد محمد ﷺ آئے تو ثابت ہے کہ محمد ﷺ کے حق میں بشارت ہے نہ کہ غلام احمد کے حق میں جو محمد ﷺ سے بھی ۱۳ سے برس بعد آیا۔

دوم: حدیث شریف میں ہے: "**عن العرباض بن سارية عن رسول الله ﷺ انه قال: انی عند الله مكتوب بخاتم النبيين، وان آدم لمنجدل فی طينته، سأخبركم بأول امری: دعوة ابراهيم وبشارة عيسیٰ ورؤيا أمّی الّتی رأت حين وضعتنی وقد خرج لها نورٌ أضاء ت لها منه قصور الشّام**"

(رواه فی شرح السنة عن ابی امامة)

"روایت ہے عرباض بن ساریہ سے انھوں نے نقل کی رسول خدا ﷺ سے کہ فرمایا تحقیق میں لکھا ہوا ہوں اللہ کے نزدیک ختم کرنے والا نبیوں کا کہ بعد میرے کوئی نبی نہ ہو اس حال میں کہ تحقیق آدم پڑے تھے زمین پر اپنی مٹی گوندی ہوئی میں اور اب خبر دوں میں تم کو ساتھ اول امر اپنے کے کہ وہ دعا حضرت ابراہیم کی ہے اور نیز بدستور اول امر میرا

خوشخبری دینا عیسیٰ کا ہے یعنی جیسا کہ اس آیت میں ہے ﴿وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ یَّاْتِیْ مِنْم بَعْدِی اسْمُهٗ اَحْمَدُ﴾ اور بدستور اول خواب دیکھنا میری ماں کا ہے کہ دیکھا انھوں نے اور تحقیق ظاہر ہوا میری ماں کیلئے ایک نور کہ روشن ہوئے انکے لئے اس نور سے محل شام کے"۔ (نقل کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں ساتھ اسناد عرباض کے اور روایت کیا اسکو امام احمد نے ابوامامہ سے ساخبر کم سے آخر تک، دیکھو مظاہر حق، جلد ۴، صفحہ ۵۰۷ مطبوعہ نولکشور)

پس ثابت ہوا کہ یہ بالکل غلط ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے غلام احمد کے آنے کی بشارت دی تھی۔

دوم: مرزا صاحب کا نام غلام احمد ہے نہ کہ احمد اس سے ہزار درجہ بہتر سر سید اور سید احمد بریلوی کا دعویٰ ہوسکتا تھا کیونکہ انکا نام فقط احمد تھا اور سید انکی ذات تھی۔

سوم: محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جب خود فیصلہ کر دیا کہ یہ بشارت میرے واسطے عیسیٰ علیہ السلام نے کی ہے تو پھر ۱۳ سو برس کے بعد ایک امتی کا کہنا کون مان سکتا ہے جس کی اپنی مرضی نہیں ہے یعنی مدعی بھی آپ ہی ہے اور ثبوت بھی خود ہی بنالیتا ہے اور الٹے معنی کرتا ہے حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بشارت اپنے واسطے فرمائی: پس مرزا صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات نہیں کاٹ سکتے اور نہ اسکا بطلان کر سکتے ہیں اور نہ کوئی مسلمان مان سکتا ہے۔

۶...... الہام مرزا صاحب "انت من مائنا وهم من فشل" تو ہمارے پانی سے ہے اور وہ خشکی سے۔ (اربعین نمبر ۳، صفحہ ۳۴)۔ کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ آج تک کوئی خدا ئے پانی سے ہوا؟

۷...... الہام حقیقۃ الوحی صفحہ ۷۶: "یا مریم اسکن انت وزوجک الجنة" ترجمہ: اے مریم تو اور تیرے دوست بہشت میں رہو۔ اس الہام سے تو مرزا صاحب عورت بن گئے خدا تعالیٰ عورت و مرد میں تمیز نہیں کر سکتا کہ مرد کو عورت کہہ رہا ہے یا مرزا صاحب غلط

سمجھے کہ ایک عربی عبارت جو خواب میں انکی زبان پر جاری ہوئی اسکو وحی الٰہی سمجھے اور خود مریم بن بیٹھے۔

۸......"انما امرک اذا اردت شیئا ان تقول له کن فیکون" ترجمہ: تحقیق اب مرتبہ تیرا یہ ہے کہ تو جس چیز کا ارادہ کرے پس اس قدر کہہ دے کہ ہو جا وہ ہو جائیگی۔ کیا یہ کن فیکون کے خدائی اختیارات نہیں۔ (اخبار الحکم، مورخہ ۲۴ رفروری ۱۹۰۵ء)

۹......"انت منی بمنزلة ولدی، اولادی، عرشی، تفریدی" یہ تمام اسلامی تعلیم ونصوص شرعی کے برخلاف ہیں۔

۱۰......"یحمدک الله ویمشی الیک" ترجمہ: خدا تیری حمد کرتا ہے اور تیری طرف چل رہا ہے۔

ناظرین! حمد حق رب العالمین کا ہے کہ مخلوق خالق کی حمد کرے مگر یہاں خالق مخلوق کی حمد کرتا ہے اور الحمد للہ رب العالمین کو بھول گیا۔

۱۱......دنیا پر کے تخت اترے پر تیرا تخت سب سے اوپر بچھایا گیا ہے۔ (حقیقۃ الوحی، صفحہ ۸۹)۔ یہاں پر تو مرزا صاحب سب انبیاء علیہم السلام سے بڑھ گئے۔

۱۲...... برہمن اوتار سے مقابلہ اچھا نہیں۔ یعنی مرزا صاحب برہمن اوتار ہیں اب ہندوؤں کے اوتار کا مسئلہ بھی مانتے ہیں۔

ناظرین! مرزا صاحب کے کشوف والہامات بہت تعداد میں ہیں جو خلاف شرع وقرآن وحدیث ہیں اور چونکہ شریعت محمدی ﷺ میں باجماع امت کشوف والہامات حجت شرعی نہیں اور جب تک کشوف والہامات شریعت کی کسوٹی پر پرکھے نہ جائیں، قابل اعتبار نہیں اور وساوس ہیں۔ مگر مرزا صاحب اپنے انہیں کشوف والہامات کو بلا دلیل وحی الٰہی کا مرتبہ

دیتے ہیں اور انہیں کشوف والہامات کی بناء پر نبوت ورسالت کے مدعی ہوئے ہیں۔ مرزا صاحب ''تمہ حقیقۃ الوحی'' کے صفحہ ۵۲ پر لکھتے ہیں: ''پس خدا تعالیٰ نے اپنی سنت کے موافق ایک نبی (مرزا صاحب) کے مبعوث ہونے تک وہ عذاب ملتوی رکھا اور جب وہ نبی (مرزا) مبعوث ہو گیا اور اس قوم کو ہزاروں اشتہاروں اور رسالوں سے دعوت کی گئی تب وہ وقت آ گیا کہ انکو جرائم کی سزا دیجائے''۔ پھر صفحہ ۶۴ پر لکھتے ہیں: ''ما کنا معذبین حتی نبعث رسولاً یعنی ہم کسی قوم پر عذاب نہیں بھیجتے جب تک کہ پہلے رسول نہ بھیج دیں۔ پھر جس حالت میں چھوٹے چھوٹے عذابوں کے وقت رسول آئے ہیں جیسا کہ زمانہ گذشتہ کے واقعات سے ثابت ہے تو پھر کیونکر ممکن ہے کہ اس عظیم الشان عذاب طاعون کے وقت میں جو آخری زمانہ کا عذاب ہے اور تمام عالم پر محیط ہونے والا ہے جسکی نسبت تمام نبیوں نے پیشگوئی کی تھی خدا کی طرف سے رسول ظاہر نہ ہو۔ پس وہی رسول مسیح موعود ہے (الخ)۔

ناظرین! یہ تمام جھوٹ ہے محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی نبی آیا ہے تو بتائیں حالانکہ سینکڑوں وبائی بیماریاں اور زلزلے یعنی عذاب آتے رہے مگر کوئی نبی محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد ۱۳ سو برس تک نہ آیا ۹۴۷ھ میں سخت طاعون آئی مگر کوئی نبی نہ آیا۔ ہندوستان میں شاہ جہان کے وقت سخت طاعون پڑے کوئی نبی نہ آیا پس یہ غلط ہے۔ پھر ''تمہ حقیقۃ الوحی'' صفحہ ۶۵ پر لکھتے ہیں: ''عذاب رسول کے وجود کا مقتضی ہے اور وہی رسول مسیح موعود ہے''۔ یہ غلط ہے مسیح موعود کا رسول و نبی ہونے کا ہرگز دعویٰ نہ ہوگا بلکہ وہ امام مہدی کے پیچھے نماز پڑھے گا جیسا کہ حدیثوں میں ہے۔ اشتہار مورخہ ۵ر نومبر ۱۹۰۱ء میں لکھتے ہیں: ''ایک صاحب (مرزائی) پر ایک مخالف کی طرف سے یہ اعتراض پیش ہوا کہ جس سے تم نے بیعت کی ہے وہ نبی ورسول ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور اسکا جواب محض انکار کے الفاظ سے دیا

گیا حالانکہ ایسا جواب صحیح نہیں۔ حق یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی وہ پاک وحی جو میرے پر نازل ہوئی ہے اس میں ایسے لفظ رسول و مرسل و نبی کے موجود ہیں"۔

ناظرین! اس تحریر مرزا صاحب سے صاف ظاہر ہے کہ وہ نبی وہ رسول ہیں اور مدعی وحی الٰہی ہیں جو مدعی وحی الٰہی ہے وہ ضرور مدعی نبوت و رسالت ہے کیونکہ خدا تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ ﴿قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰى اِلَيَّ﴾ یعنی فرق کرنے والی درمیان عوام و نبی و رسول کے وحی ہے۔ پس جو شخص مدعی وحی ہے یعنی کہتا ہے کہ مجھ کو وحی ہوتی ہے وہ رسول و نبی ہونے کا مدعی ہے۔ چنانچہ ملا علی قاری شرح فقہ اکبر میں لکھتے ہیں: "ودعوى النبوة بعد نبينا ﷺ كفر بالاجماع". ابن حجر مکی اپنے فتویٰ میں لکھتے ہیں: "من اعتقد وحيا من بعد محمد رسول الله ﷺ كان كافرا باجماع المسلمين". پس مرزا صاحب کا دعویٰ وحی کا بھی ہے اور نبوت و رسالت کا بھی ہے فرماتے ہیں: "من میزبم بوحی خدائیکه با من ست. پیغام اوست چوں نفس روح پرورم"۔ (دیکھو درثمین صفحہ ۱۰۹)۔ الہام مرزا صاحب: "قل يا ايها الناس انى رسول الله اليكم جميعا" ترجمہ: "کہہ اے لوگو تحقیق میں اللہ کا رسول ہوں تمہارے تمام کی طرف"۔ (معیار الاحیاء، مصنفہ مرزا صاحب صفحہ ۲ و ۳)۔ "تم سمجھو کہ قادیان اسلئے محفوظ رکھا گیا کہ وہ خدا کا رسول و فرستادہ قادیان میں تھا"۔ (دافع البلاء، صفحہ ۵)۔ "خدا تعالیٰ قادیان کو اس خوفناک تباہی سے محفوظ رکھے گا کیونکہ یہ اسکے رسول کی تخت گاہ ہے اور تمام امتوں کے لئے نشان ہے"۔ (الضیاء صفحہ ۱۰)۔ "سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا"۔ (الضیاء صفحہ ۱۱)

غرض مرزا صاحب پر تین الزام ہیں جنکے باعث مرزا صاحب کو علماء اسلام کافر کہتے ہیں۔

اول: انکا خدائی صفات کا حالت کشف میں دعویٰ کرنا اور پھر اس کشف کو سچا کرنے کی کوشش کرنا اور بجائے توبہ کے تاویلات باطلہ سے خواب شرک بھرے کو جو وسوسہ تھا خدائی وحی ثابت کرنا۔

دوم: نبوت ورسالت کا دعویٰ کرنا اور بعض مسائل دین کا خلاف قرآن منسوخ کرنا۔

سوم: انبیاء علیہم السلام کی توہین کرنا اور انکے معجزات سے انکار کرنا اور بزرگان دین واہل سنت کی ہتک کرنا۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت لکھتے ہیں: ''ہم ایسے ناپاک خیال اور متکبر اور راستبازوں کے دشمن کو ایک بھلا مانس بھی قرار نہیں دے سکتے چہ جائیکہ اسکو نبی قرار دیں'' انتہی۔ (ضمیمہ انجام آتھم، صفحہ ۷)۔ یہ تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں فرماتے ہیں حالانکہ بموجب تعلیم قرآن کسی نبی کے حق میں ایسے ایسے کلمات کوئی مسلمان استعمال نہیں کرسکتا۔ مسلمان حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعظیم عیسائیوں کی خاطر نہیں کرتے چونکہ قرآن پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ اس میں لکھا ہے اسکو مانتے ہیں۔ پس جو شخص ایسے ایسے ہتک آمیز کلمات انبیاء علیہم السلام کی شان میں کہتا ہے وہ قرآن کا منکر ہے۔ بزرگان دین کے حق میں فرماتے ہیں مصرعہ ''**صد حسین ست در گریبانم**، زندہ علی میں ہوں''۔

ناظرین! مسلمانوں کے پاس تو مرزا صاحب کی تحریریں موجود ہیں جنکے خلاف شرع ہونے کے باعث مرزا صاحب اور انکے مریدوں کو کفر کا فتویٰ دیتے ہیں اور کافر کہتے ہیں۔ مگر تعجب ہے کہ مرزائی صاحبان مسلمانوں کے مقابلہ پر انکو کافر کہتے ہیں مگر دلیل کوئی پیش نہیں کرسکتے کہ اس وجہ سے مسلمان کافر ہیں۔ صرف یہ وجہ تکفیر بیان کرتے ہیں کہ چونکہ مسلمان ہم کو کافر کہتے ہیں اس واسطے ہم انکو کافر کہتے ہیں اور چونکہ وہ مرزا صاحب کو نبی و رسول نہیں مانتے اس واسطے وہ کافر ہیں حالانکہ یہ جواب بالکل نامعقول ہے۔ مسلمان مرزا صاحب اور مرزائیوں کو نبوت ورسالت کے مدعی ہونے کے باعث کافر کہتے ہیں مگر آپ

مسلمانوں کو کافر اس واسطے کہتے ہیں کہ وہ مرزا صاحب کو نبی ورسول کیوں نہیں مانتے۔ جب وجہ تکفیر دعویٰ رسالت ہے تو پھر مسلمان کافر کس طرح ہوئے۔ ہاں اگر آپ یہ ثابت کر دیں کہ وجہ تکفیر غلط ہے اور مرزائی مرزا صاحب کو نبی و رسول نہیں مانتے اور مرزا صاحب پر بہتان ہے تو پھر مرزائی مسلمان کہلا سکتے ہیں۔ مگر جب تک مرزا صاحب کا دعویٰ اور دیگر کشوف والہامات خلاف شرع موجود ہیں اور آپ لوگ بجائے انکے غلط ماننے کے صحیح مانتے ہیں تب تک کفر کا فتویٰ آپ پر بجا ہے کیونکہ شریعت کے برخلاف ہے اور نصوص قرآن و احادیث کے برخلاف ہے۔ مسلمان تو کسی صورت میں کافر نہیں ہو سکتے کیونکہ وہ تو ہمیشہ سے ہی کذابوں مدعیان نبوت ورسالت کو کافر کہتے ہیں اسلیئے مرزا صاحب کو کافر کہتے ہیں۔ یہ تو جواب نامعقول نہیں جبکہ کوئی مسلمان آپکا کوئی فعل یا قول قرآن کے برخلاف پا کر آپکو کافر کہے تو آپ اسکو کافر کہتے ہیں اور اپنا عیب دور نہیں کرتے جسکی وجہ سے کافر کا لقب ملا۔ یہ تو صرف زبانی بدلہ لینا ہے اسکا نام دینداری نہیں۔ دینداری تب ہے کہ جس طرح مسلمان آپ لوگوں کے تحریروں سے آپکا کفر ثابت کرتے ہیں آپ بھی کوئی شرعی دلیل قرآن وحدیث سے پیش کر کے انکو کافر کہیں نہ کہ چونکہ وہ ہم کو کافر کہتے ہیں ہم انکو کہتے ہیں۔ یہ تو عورتوں کی لڑائی ہوئی کہ اس نے اسکو برا کہا اور اسنے اسکو برا کہہ کر دل سرد کر لیا۔ آپ لوگوں کی بڑی دلیل مسلمانوں کو کافر کہنے کی یہ ہے کہ یہ مسیح موعود کو نہیں مانتے اسلیئے کافر ہیں۔ یہ وجہ بالکل غلط ہے مسلمان مسیح موعود کو مانتے ہیں مگر مرزا صاحب کو مسیح موعود نہیں مانتے۔ مرزا صاحب علماء امت کے سامنے اپنا مسیح موعود ہونا ہرگز نہ ثابت کر سکے اور نہ ابتک کوئی مرزائی کر سکتا ہے۔ بغیر ثبوت کے منوانا تو ہرگز عقلاء کے نزدیک جائز نہیں۔ ایک شخص کہتا ہے کہ میں رسول ہوں، دوسرا کہتا ہے کہ آپ اپنا رسول ہونا ثابت کرو تو ہم مانتے ہیں اس پر مدعی کہتا ہے کہ تو رسول کا منکر ہے اسلیئے کافر ہے، بالکل غلط ہے۔ کیونکہ وہ تو مانتا ہے صرف

ثبوت چاہتا ہے۔اور آپ بلا ثبوت منواتے ہیں جسکو مصادرہ علی المطلوب کہتے ہیں اور یہ باطل ہے۔ پہلے مسیح موعود ہونا اور پھر مسیح موعود کا رسول ہونا ثابت کرو قرآن یا کسی حدیث سے پھر بعد ثبوت اگر کوئی نہ مانے تو جو چاہو کر سکتے ہو، ثبوت مانگنے پر کافر کہنا بے انصافی ہے۔

دوم: مرزا صاحب خود لکھتے ہیں مسیح موعود کا ماننا جزو ایمان نہیں۔تو پھر آپ کس طرح مسلمانوں کو کافر کہہ سکتے ہیں۔ دیکھو ازالہ اوہام، صفحہ ۱۴۰ (اصل عبارت مرزا صاحب):

''اول تو جاننا چاہیے کہ مسیح کے نزول کا عقیدہ کوئی ایسا عقیدہ نہیں ہے جو ہمارے ایمانیات کی کوئی جزیا ہمارے دین کے رکنوں میں سے کوئی رکن ہو بلکہ صدہا پیشگوئیوں میں سے ایک پیشگوئی ہے جسکو حقیقت اسلام سے کچھ بھی تعلق نہیں'' (الخ)۔

اب بتاؤ ہم تو خدا کے فضل سے مرزا صاحب کے ہی قول سے مسلمان ہیں مگر اے پیارو تم محمد رسول اللہ ﷺ کے سوا دوسرے شخص کو نبی و رسول مانکر کیونکر مسلمان رہ سکتے ہو۔ حال کے علماء کو چھوڑو جب پہلے علماء کا فتویٰ آپ نے دیکھ لیا کہ مدعی وحی و نبوت و رسالت کافر ہے اور اسکے ماننے والے بھی کافر ہیں تو اب اس کا علاج سوا توجہ اور مراجعت کے کچھ نہیں۔ خدا کے واسطے غور کرو اور عاقبت کی فکر کرو اور قیامت کے مواخذہ سے ڈرو! باطل پر اڑے جانا خطرناک مقام ہے اور عذاب آخرت کا باعث ہے۔ جب مسیح موعود کا ماننا نہ جزو ایمان ہے اور نہ رکن دین ہے اور نہ حقیقت اسلام سے اس کا کچھ تعلق ہے تو پھر آپ ایک مسلمان کو جو قرآن پر عمل کرے، محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبیین یقین کرے، کسی جھوٹے نبی کو نہ مانے اور ارکان اسلام نماز، روزہ، حج، زکوۃ وغیرہ پورے ادا کرے، کس دلیل سے کافر کہہ سکتے ہیں؟

ملتمس: پیر بخش، پنشنر پوسٹ ماسٹر لاہور بھاٹی دروازہ مکان ذیلدار

جناب بابو پیر بخش صاحب

کے

ردِ قادیانیت پر رسائل

(سنِ تصنیف : ــــء تا ــــء)

تصنیفِ لطیف

قاطعِ فتنہ قادیاں

جناب بابو پیر بخش لاہوری

(بانی انجمن تائید الاسلام، ساکن بھاٹی دروازہ، مکان ذیلدار، لاہور)

فہرستِ رسائلِ جناب بابو پیر بخش صاحب

رسالہ نمبر ۵

مرزائی صاحبان کے ہینڈ بل نمبر ۱۰

کا جواب

منجانب

انجمن تائید الاسلام لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْم

ناظرین! مرزائی صاحبان نے ہینڈ بل نمبر ۶ میں اپنے عقائد شائع کئے تھے جن میں ان کا اور مسلمانوں کا اتفاق تھا صرف خاتم النبیین میں اختلاف تھا۔ کیونکہ وہ محمد رسول اللہ ﷺ کو ان معنوں میں خاتم النبیین یقین نہیں کرتے۔ جن معنوں میں تمام اہل اسلام تیرہ سو برس سے کرتے چلے آئے ہیں، یہ لوگ بروزی طور پر جو نبوت کا دعویٰ کرے، جائز سمجھتے ہیں۔ اور مسلمان کسی قسم کے مدعی نبوت کو نہیں مانتے۔ کیونکہ مسیلمہ بھی جزئی نبوت کا مدعی تھا اور رسول اللہ ﷺ کے تابع ہو کر کام کرنا چاہتا تھا۔ جس کو رسول اللہ ﷺ نے نہ مانا تھا۔ جس سے ثابت ہوا کہ کسی قسم کا نبی، رسول اللہ ﷺ کے بعد نہ ہوگا۔ اس جزئی اور ظلی و بروزی نبوت کا جواب ہم رسالہ نمبر ۴ میں دے چکے ہیں اور مرزا صاحب کی تحریروں سے

ثابت کر دیا ہے کہ وہ مدعی نبوت و رسالت تھے۔ اور بعض امور و احکام جو قرآن نے فرض قرار دیئے تھے وہ مرزا صاحب نے حرام کر دیئے۔ اور جو شخص ایسا کرے وہ قرآن کے احکام کا ناسخ ہے۔ جب ناسخ ہے تو امتی نہیں، خود نبی و رسول ہے۔ اور مرزا صاحب کی کتابوں کے صفحات کے نمبر بھی لکھ دیئے تھے جن جن میں انہوں نے کھلے کھلے الفاظ میں لکھا تھا کہ ''میں نبی ہوں، رسول ہوں۔ جب خدا مجھ کو نبی و رسول کہتا ہے تو کیونکر انکار کروں''۔ اور جہاں جہاں شرک و کفر کے کلمات تھے، لکھ دیئے تھے۔ اب طریق ایمان داری یہ تھا کہ مرزائی صاحبان اس مسئلہ کا فیصلہ کرتے اور عوام اہل اسلام کے شکوک کو رفع کرتے جس کے صرف دو طریق تھے:

اول: یہ کہ مرزا صاحب کی کتابوں اور اشتہاروں جن کا ہم نے حوالہ دیا تھا ان کی تحریریں پبلک میں پیش کر کے اگر ہم نے کوئی تاریک پہلو پیش کیا تھا تو درست و روشن پہلو دکھاتے۔ اور مرزا صاحب کو بے قصور ثابت کرتے اور ہم کو غلطی پر ثابت کرتے۔ اور ہماری غلط فہمی پبلک کو ظاہر کرتے۔ اور جن تحریروں سے ہم نے شرک و دعویٰ نبوت نکالا تھا ان تحریروں سے وہ مرزا صاحب کا توحید پر ہونا اور امتی ہونا ثابت کرتے اور ہمارا بہتان عوام میں شائع کر کے مرزا صاحب اور ان کی جماعت کی بریّت کرتے۔

دوم: طریق یہ تھا جیسا کہ مرزائی صاحبان کہتے ہیں کہ ایسی ایسی تحریروں اور کشفوں کے مرزا صاحب خود ذمہ دار ہیں ہم ان کو نہیں مانتے تو اس بات کو مشتہر کرتے اور عوام کو بتاتے کہ ہمارا مرزا صاحب کی ایسی ایسی تحریروں پر ایمان نہیں ہے اور نہ ہم ان کو نبی و رسول مانتے ہیں۔ ہم ان کے حرام کردہ کو جس کو قرآن نے حلال یا فرض قرار دیا ہو باطل سمجھتے ہیں۔ اور ایسا ہی ان کے حلال کردہ کو جس کو قرآن نے حرام کیا ہو باطل سمجھتے ہیں۔ ایسا اشتہار یا توبہ

نامہ لکھ کر چھاپتے اور مشتہر کرتے تاکہ معلوم ہوتا کہ مرزائی صاحبان جو اپنے آپ کو مسلمان اور امت محمدی ﷺ کہتے ہیں، سچے ہیں۔ اور جسکا نتیجہ مبارک یہ ہوتا کہ ہم اور وہ یعنی مرزائی اور غیر مرزائی آپس میں مل جاتے۔ اور ﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا﴾ کے زرین اصول کے مطابق بھائی بھائی ہو جاتے اور آپس میں کی نفرت وعداوت کا کہ جو آئے دن عدالتوں کا منہ دیکھتے ہیں دور ہو جاتی اور ایسے نازک وقت میں جبکہ تمام دنیا، اسلام کو نابود کرنے میں کوشش کر رہی ہے اشد ضرورت باہمی اتفاق کی ہے، پوری ہوتی۔ مگر افسوس ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور نکلے۔ منہ سے تو یہ کہتے ہیں کہ ہم محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبیین جانتے ہیں اور عمل یہ کہ جو محمد ﷺ اور انکا خدا کہے اسکورڈ کر کے مرزا صاحب کی تحریر کو چاہے شرک ہو چاہے کفر ہو بلا دلیل مانتے ہیں۔ مگر محمد ﷺ پر بیسوں عقلی وفلسفی اعتراض وارد کر کے انکار کر دیتے ہیں اور عوام کو دھوکہ دیتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں اور محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النّبیین مانتے ہیں۔

ناظرین! جب محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النّبیین مانتے ہیں تو پھر مگر کے کیا معنی؟ مگر سے تو صاف ظاہر ہوتا ہیکہ اکمل طور پر خاتم النبیین نہیں مانتے، کسی اور کو بھی نبی مانتے ہیں۔ اور حق یہ ہے کہ مرزا صاحب کو نبی مانتے ہیں۔ تو پھر گندم نمائی اور جو فروشی کیوں کرتے ہیں۔

افسوس! مرزائی صاحبان منہ سے تو صلح صلح پکارتے ہیں اور عمل ہرگز نہیں کرتے۔ اگر حقیقت میں صلح پسند ہیں تو پھر کیوں ایک تھوڑا سا اختلاف دور نہیں کرتے۔ جب ایک ہی شریعت محمدی ﷺ دونوں فریق کا ذریعہ نجات ہے تو پھر الگ جماعت کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ دونوں طرف کے مولوی صاحبان ایک جلسہ بحث مقرر کر کے اس امر کا فیصلہ کرلیں کہ کوئی شخص محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد مدعی نبوت ظلی و بروزی ہو سکتا ہے؟ یہ انجمن

مرزائی صاحبان کو دعوت یا چیلنج دیتی ہے کہ وہ اپنے مولوی صاحبان کو نامزد کریں۔ اور یہ انجمن بھی اپنے مولوی صاحبان کو نامزد کردیگی تا کہ باہمی بحث کے بعد صلح ہو جائے۔

ناظرین! اس ہینڈ بل میں مرزائی صاحبان نے مرزا صاحب کا ایک نیا عہدہ تراشا ہے یعنی وہ مصلح بھی تھے۔ مگر افسوس کہ مصلح ثابت کرنے کے واسطے قلم اٹھایا اور ایک سند بھی پیش نہ کی جس میں یہ لکھا ہو کہ آخری زمانہ میں کوئی مصلح آئے گا۔

اول: یہ بالکل غلط ہے کہ دنیا کے بڑے بڑے مذاہب کو ایک مصلح کا انتظار ہے۔ مصلح کا لفظ کہیں نہیں لکھا۔ ہاں نصاری اور مسلمانوں کو حسبِ پیشگوئی انجیل حضرت عیسیٰ ابن مریم ناصری کا انتظار ہے۔ اور ہم بھی محمد رسول اللہ ﷺ کی تیرہ حدیثیں جن میں پیشگوئی ہے ان تمام حدیثوں کو اپنے رسالہ تائید اسلام نمبر۳ میں درج کر چکے ہیں۔ اور ثابت کر چکے ہیں کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی بھی یہی پیشگوئی ہے کہ حضرت عیسیٰ ابن مریم اصالتاً آخر زمانہ میں نزول فرمائیں گے۔ چنانچہ حضرت نے فرمایا: ”ان عیسیٰ لم یمت وانه راجع الیکم“، یعنی ”عیسیٰ علیہ السلام نہیں مرے وہ تمہاری طرف لوٹ کر آنے والے ہیں“۔ جسکو مرزائی صاحبان نے مان لیا اور اس پر کوئی جرح نہیں کی۔ اس انجمن کا رسالہ نمبر۳ ملاحظہ فرمائیں، یہاں دوبارہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔

دوم: تمام قرآن اور تمام حدیثیں دیکھو کہیں یہ بھی لکھا ہے کہ آخر زمانہ میں کوئی مصلح آئے گا جو پنجاب قادیان کا رہنے والا ہوگا؟ میرے دوست نے بہت زور لگایا اور عوام کو مغالطہ میں ڈالنے کی کوشش کی، مگر ایک جگہ بھی نہ بتایا۔ بلکہ ایک مصلح آنے والا ہے وہاں مہدی کا ذکر ہے جسکا فیصلہ ہو چکا ہے کہ وہ فاطمی و حسینی ہوگا، قریشی ہوگا، عرب ہوگا۔ میرے دوست کو یہاں تک فراموش ہو گیا کہ دعویٰ مصلح کا کیا ہے اور ثبوت مہدی کا دے رہا ہے۔ جسکا جواب

پہلے اس انجمن کے رسالہ جات نمبر۲و۳ میں ہو چکا ہے۔اور مرزائیوں سے اس کا کوئی جواب نہ بن پڑا۔

سوم: گدی نشینوں اور مولویوں اور صوفیوں پر حملہ کیا ہے۔وہ حقیقت میں مرزا صاحب پر حملہ کیا ہے۔ کیونکہ جس طرح ان گدی نشینوں نے مریدوں کے مال کھینچنے کے واسطے لنگر جاری کئے، بیعت لی اور اپنی کرامات بیان کر کے مریدوں کو اپنی طرف مائل کیا، وہی کام مرزا صاحب نے کئے ہیں۔ بیعت کا سلسلہ قائم کیا، نذرانے لئے، بلکہ ہر ایک مرید کی آمدنی سے حصہ مقرر کیا۔ چنانچہ وہ تمام مال بے تحقیق قادیان میں جانا اور مال مفت دلِ بے رحم کے اصول پر خرچ ہونا، بیگانے مالوں سے دنیاوی عیش ہونا۔کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ مرزا صاحب نے پیر پرستی میں کیا کمی کی۔ بلکہ انکی دوکان تو سب سے بڑھ گئی۔اندھا کانے کو طعنہ نہیں دے سکتا،عیب جوئی کے وقت اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھنا چاہیے کہ یہ عیب مجھ میں اگر نہیں ہے تو دوسرے کو کہوں۔

چہارم: چند حدیثیں جن کا مطلب تو سمجھنے کا خدا نے مادہ ہی نہیں دیا۔نقل کر کے گھبرا گئے اور کہتے ہیں کہ چونکہ ان حدیثوں میں اختلاف ہے پس مہدی کس کو مانیں اسلئے حضرت مرزا صاحب مہدی ہیں۔

لطیفہ: ایک مولوی صاحب نے ایک یک چشم یعنی کانے آدمی کو کفر کا فتویٰ دے دیا۔ جب لوگوں نے وجہ تکفیر وسند شرعی دریافت کی تو جھٹ کہہ دیا کہ قرآن میں آیا ہے ''کان من الکافرین'' یعنی کانا کافروں سے ہے۔چونکہ یہ آدمی کانا ہے،پس کافر ہے۔

یہی حال مرزائی صاحبان کا ہے۔آیت اور حدیث سے اسی طرح تمسک کرتے ہیں۔اگر حدیثوں میں اختلاف ہے تو اس سے مرزا صاحب کو کیا فائدہ۔جس جگہ اختلاف

ہو وہاں مرزا صاحب کا کس طرح حق ہو گیا۔ یہ کہاں لکھا ہے کہ ایک پنجابی غلام احمد قادیانی مہدی ہو گا۔ مگر آپ تو مصلح ثابت کرر ہے تھے۔ مہدی کی بحث کیوں چھیڑی۔ اب دلیل بھی سن لو کہ آپ نے دلیل یہ پیش کی ہے کہ حدیث میں ہے: ”یخرج مهدی من قریة یقال لها کدعه“ یعنی رسول مقبول نے فرمایا کہ مہدی ایک گاؤں سے نکلے گا جس کا نام کدعہ ہے۔ اور فرماتے ہیں کہ کدعہ کے معنی قادیان ہے، اسلئے مرزا صاحب مہدی ہیں۔

اول: تو قادیان اصل میں قاضیان تھا، جیسا کہ مرزا صاحب ازالہ اوہام کے حاشیہ صفحہ ۱۳۲:

”قادیان کا اصل نام اسلام پور قاضی ماجھی بتاتے ہیں جو کہ تغیر لہجہ اور انقلاب زمانہ سے قاضیان رہ گیا۔ قاضیان خود عربی ہے تو پھر غلط ہوا کہ قادیان معرب کدعہ ہے۔ کیونکہ جو پہلے ہی عربی ہے اسکو پھر عربی بنانا ہو نہیں سکتا۔

دوم: جب خدا تعالیٰ نے ”انا انزلناه قریب من القادیان“ فرمایا تو ثابت ہوا کہ صحیح اور اصل نام قادیان ہے۔ کدعہ نہیں۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کی ذات غلطی سے پاک ہے۔ یا نعوذ باللہ خدا تعالیٰ کو بھی معلوم نہ تھا کہ قادیان اصل میں کدعہ ہے۔ یا قادیانی خدا عربی نہ جانتا تھا۔

سوم: صحیح لفظ کرعہ ہے نہ کہ کدعہ۔ دھوکا دینا تو مرزائیوں کا فرض ہے۔ مرزا صاحب کے مریدوں کا نمبر کسی طرح زیادہ ہو، دین ایمان جاتا ہے تو جائے۔ علاوہ بر آں کرعہ یا کدعہ تو یمن میں ہے۔ پنجاب سے اس کا کیا تعلق۔ اور قادیان سے اسکی کیا نسبت۔ کیونکہ قادیان پنجاب تو رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں آباد ہی نہ ہوا تھا، چنانچہ مرزا صاحب ازالہ اوہام میں اس گاؤں اور اپنے بزرگوں کی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ ”سکھوں کے زمانہ سے پہلے سلطنت مغلیہ کے وقت ان کے بزرگ سمرقند سے آئے تھے۔ پس کدعہ یا کرعہ کو قادیان اسی عقل سے مان سکتے ہیں جس عقل سے قادیان کو دمشق کہا جاتا ہے اور کبھی کدعہ۔ حالانکہ قادیان

صرف ایک گاؤں ہے۔ جب مرزا صاحب مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں تو قادیان کو دمشق بنا لیتے ہیں اور جب مہدی بنتے ہیں تو قادیان کدعہ بناتے ہیں۔ مصلح بننے کی خاطر تو اسکا نام کچھ اور ہونا چاہیے۔ اب ہم یہ بتاتے ہیں کہ کدعہ غلط ہے، صحیح نام کرعہ ہے۔ مولوی حافظ محمد لکھو کے والے اپنی پنجابی زبان میں ''احوال الآخرت'' میں اس طرح تحریر فرماتے ہیں:

حضرت علی امام حسن اکدن دیکھ الا با ایہہ بیٹا میرا سید ہے جویں پیغمبر فرمایا
پشت اسدی تھیں مرد ہوسی نام محمد والا خو اسدی جویں خو نبیدی صورت فرق نرالا
عدلوں بھرسی خوب زمیں لعل مہدی ایہو جانو آمنہ ناؤ مائی دا بھی عبداللہ باپ پچھانو
کرعہ نام یمن وچہ دستی اسدا اجمال پیارے بولن لگا اڑ کر بولے پٹاں تے ہتھ مارے

(دیکھو کتاب احوال الآخرت، صفحہ ۲۳، مطبوعہ محمدی لاہور ۱۸۹۱ء)

ناظرین! یہ نظم پنجابی، حدیث کا ترجمہ ہے۔ یعنی امام مہدی حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی پشت سے پیدا ہوگا، جسکے باپ کا نام عبداللہ اور ماں کا نام آمنہ ہوگا۔ اور موضع کرعہ سے خروج کریگا جو یمن کی ولایت میں ہے۔ یہ بحث بہت طویل ہے بغرض اختصار اسی پر اکتفا کرتے ہیں، اگر کسی نے جواب دیا تو مفصل لکھیں گے۔ کراع بھی ایک گاؤں مکہ اور مدینہ کے درمیان ہے۔ پنجاب میں ایسے ناموں کا رواج کس طرح ہوسکتا ہے۔ چونکہ مرزا صاحب خود مانتے ہیں کہ ان کے بزرگ قاضی تھے اور اسی نام سے قاضیان گاؤں کا نام پڑ گیا کیونکہ مسلمانوں میں ض اور د قریب المخرج ہیں، قاضیان قادیان بولا جانے لگا اور وہی مشہور ہوا۔

ایک دلیل قرآن مجید میں مرزا صاحب کے مصلح ہونے کی ہے اور مرزا صاحب کے مطابق حال بھی ہے کیونکہ مرزا صاحب نے امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم میں فساد والی جماعت

الگ کی۔ مریدوں کو نماز جماعت، نماز جمعہ، نماز جنازہ سے محروم کیا۔ جب کہیں مسلمان اکٹھے ہوتے ہیں۔ اور نماز کا وقت آتا ہے تو جھٹ مرزائی الگ ہو جاتے ہیں اور نماز کا وقت جاتا رہتا ہے۔ جان بوجھ کر ترک واجب کرتے ہیں۔ خلاف تعلیم قرآن قریبی رشتہ داروں سے جو قادیان جاکر بیعت نہ کرے قطع تعلق کرتے ہیں اور امت محمدیہ ﷺ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے اسلام کو ضعف پہنچاتے ہیں اور جب کہا جائے ایسا مت کرو تو کہتے ہیں کہ ہم تو اسلام کے خیر خواہ ہیں اور اصلاح کرتے ہیں۔ یہ قرآن مجید کا معجزہ ہے جس نے تیرہ سو سال پہلے سے خبر دی ہے۔ دیکھو قرآن مجید سورۂ بقرہ: ﴿وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ قَالُوْا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ﴾ ''جس وقت کہا جاتا ہے ان کو کہ زمین میں فساد مت کرو تو کہتے ہیں کہ ہم اصلاح کرنے والے ہیں''۔ جو شخص فساد ڈالے مسلمانوں کے درمیان، عداوت ڈالے، جماعت الگ کرے، اسلام کو ضعف پہنچائے، اسلام کے احکام اور فرائض کو حرام کہے اور منہ سے کہے کہ میں اصلاح کرتا ہوں، وہ ایسا ہی مصلح ہے جس کا ذکر قرآن نے کیا ہے اور مرزائی صاحبان نے اس واسطے اب مرزا صاحب کا نام مثیل مسیح، مسیح موعود، مہدی، مجدد، مرد فارسی، مامور من اللہ، امام زمان، کرشن وغیرہ وغیرہ بدل کر مصلح رکھا ہے۔ مسلمانوں کو تو ایسے مصلح کی ضرورت نہیں جو تفرقہ ڈالے۔ اب تو اتفاق باہمی کرنے والے کی ضرورت ہے۔

ناظرین! مرزا صاحب نے ۳۰ آیات قرآنی سے تمسک کر کے وفات مسیح ثابت کرنی چاہی، مگر ایک آیت بھی نہیں جس میں یہ لکھا ہو کہ عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے۔ یا عیسیٰ علیہ السلام کو خدا نے موت دیدی۔ صرف دلالت تضمنی کے طور پر مرزا صاحب نے موت کا لازمی ہونا ہر ایک انسان کیلئے ان آیات سے ثابت کیا ہے۔ سو اس سے کسی مسلمان کو انکار نہیں، ہر ایک

مسلمان کا اعتقاد ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بعد نزول شربت مرگ چکھیں گے اور مدینہ منورہ میں مدفون ہوں گے، جیسا کہ حدیثوں میں ارشاد نبوی ہے۔ صرف بحث تو اس میں ہے کہ مرزا صاحب جو اپنی خاطر عہدہ کی اسامی خالی کرنے کیلئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت ثابت کرتے ہیں، غلط ہے۔ چونکہ مرزا صاحب کو خیال ہوا کہ میں مسیح موعود ہوں اور جب تک مسیح کو زندہ مانا جائے میں مسیح موعود نہیں مانا جاسکتا۔ اسلئے وہ حضرت مسیح کے مارنے کے درپے ہوئے اور یہ ان کا خیال صحیح نہیں کیونکہ مسیح کی موت کے بعد بھی تو بار ثبوت ان پر رہے گا کہ آپ کے مسیح موعود ہونے کا کیا ثبوت ہے؟ اسلئے یہ ایک خلاف فن مناظرہ مرزا صاحب نے اصول مقرر کیا ہے کہ پہلے وفاتِ مسیح پر بحث کرو، اگر مسیح فوت ہو چکا ہے تو میں مسیح موعود ہوں۔ بھلا یہ کونسی منطق ہے۔ مثلاً: ایک مدعی ہے کہ میں لاہور کا ڈپٹی کمشنر ہوں، جب اس سے ثبوت مانگا جائے تو کہتا ہے کہ بحث پہلے کرلو کہ دہلی کا ڈپٹی کمشنر مرا ہے یا نہیں۔ اگر دہلی کا ڈپٹی کمشنر مر چکا ہے تو میرا دعویٰ سچا ہے ورنہ جھوٹا۔ اب ہم ناظرین کو بتاتے ہیں کہ یہ بالکل غیر معقول ہے کہ اسامی خالی ہونے کیلئے بھی اصول ہو کہ جب تک کوئی فوت نہ ہوا اسامی خالی نہیں ہوتی۔ اگر کوئی عہدہ دار رخصت پر جائے، بیمار ہو، پنشن پر جائے، موقوف کیا جائے تو اسامی خالی ہوتی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ کوئی مر کر ہی اسامی خالی کرے۔ پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی آسمان پر جا کر اسامی خالی کر گیا، اب مرزا صاحب اپنا ثبوت پیش کریں۔

دوم: اسامی تو اب بھی خالی ہے کیونکہ حضرت مسیح اس دنیا میں نہیں ہیں اور مرزا صاحب نے جس قدر دلائل عقلی و نقلی دیئے ہیں وہ سب اس دنیا سے جانے کے دیئے ہیں جن کو تمام مسلمان بھی مانتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی اس دنیا میں نہیں، آسمان پر ہیں۔ اور

آسمانی مخلوق کی طرح لطیف زندگی میں ہیں۔ آخر زمانہ میں نزول فرما کر شریعت محمد ﷺ پر عمل کرینگے۔ اس جگہ مرزا صاحب اور ان کے مرید کہتے ہیں کہ یہ محال عقلی ہے کہ انسان آسمان پر جاسکے اور وہاں زندہ رہ سکے۔ اور عقلی ڈھکوسلے لگا کر مسلمانوں کو بہکاتے ہیں کیونکہ یہ لامذہبی اور بے دینی کی بات ہے۔ جھٹ لوگوں کو ایمان سے پھسلا دیتی ہے اور مسلمان وفات مسیح مان لیتے ہیں۔ جب وفات مسیح مانا تو پھر کیا پس مرزا صاحب مسیح موعود ثابت ہو گئے۔ یہ بڑا بھاری ہتھکنڈہ مرزائیوں کا ہے جسکا جواب دینا ضروری ہے۔

اول تو ہم عقلی دلائل کے جواب دینے ضروری سمجھتے ہیں کیونکہ بہت مسلمان بسبب ناواقفیت کے انہیں عقلی ڈھکوسلوں کے شکار ہوئے ہیں۔ اور ہر ایک اعتراض کا جواب نمبروار دینگے۔

اعتراض: مسیح فوت ہو چکے جبکہ قرآن اور حدیث سے ثابت ہے اور جو مر جائے وہ واپس نہیں آتا۔ جب مسیح ناصری نے واپس نہیں آنا تو چونکہ مرزا صاحب نے دعویٰ کیا ہے، ان کے سوا کسی اور نے نہیں کیا۔ پس وہ مسیح موعود ہیں۔

جواب: حضرت مسیح کا فوت ہونا قرآن وحدیث سے ہرگز ثابت نہیں اور جس کی موت مذکور نہ ہو، یعنی قرآن نے فرمایا ہو ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا﴾ یعنی یقینی بات ہے کہ مسیح نہیں مرا۔ تو زندہ ہے۔ اور قرآن مجید نے اس امر کو ادھورا نہیں چھوڑا، یہ بھی بتا دیا کہ مرا نہیں اس کو ہم نے اپنی طرف اٹھالیا۔ جسکو مرزا صاحب بھی مانتے ہیں کہ ہاں اٹھایا گیا مگر وہ رفع روحانی فرماتے ہیں۔ اب پہلے ہم مختصر طور پر رفع روحانی وجسمانی پر بحث کرتے ہیں تا کہ عوام کو موازنہ کرنے کا موقع مل جائے کہ کون حق پر ہے۔

قرآن مجید میں خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اے عیسیٰ علیہ السلام میں تجھ کو اپنے قبضے

میں کرنے والا ہوں اور اٹھانے والا ہوں۔ یعنی جب حضرت مسیح کو یہ خبر ہوئی کہ یہود اس کو پھانسی دینا چاہتے ہیں تو آپ نے خدا کے حضور میں زاری اور عاجزی سے دعا کی کہ مجھ کو صلیب کی ذلت سے بچایا جائے، جس پر یہ وعدہ ہوا کہ ہم تجھ کو بچالیں گے اور بچانے کی صورت یہ فرمائی کہ پہلے اپنے قبضے میں کرلیں گے اور پھر اپنی طرف اٹھالیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، جیسا کہ قرآن مجید میں ہے کہ کافروں نے تو مکر یعنی داؤ کیا تھا کہ مسیح کو صلیب پر لٹکا دیں، مگر اللہ نے بھی ان سے مکر یعنی داؤ یا تدبیر یہ کی کہ انہی میں سے ایک پر مسیح کی شبیہ ڈالی اور ان کا مکر انہی پر ڈالا کہ انہوں نے مشبہ عیسیٰ کو صلیب پر چڑھایا اور اللہ کا داؤ یعنی تجویز یا تدبیر غالب رہی۔ اور اب جو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو قتل کیا، جھوٹ کہتے ہیں اور ظن کی پیروی کرتے ہیں۔ عیسیٰ ابن مریم نہ قتل ہوا اور نہ صلیب پر لٹکایا گیا بلکہ اللہ نے اس کو اٹھالیا۔

اب بحث طلب یہ امر ہے کہ آیا رفع روحانی ہوا، جس طرح مرزا صاحب فرماتے ہیں۔ یا جسمانی ہوا جس طرح قرآن اور اناجیل اور حضرت محمد ﷺ اور تمام اہل اسلام کا مذہب ہے۔

اول: رفع روحانی تو ہر ایک مسلمان نیکوکار کا ہوتا ہے۔ پس رفع روحانی ایک اولوالعزم نبی صاحب کتاب کا پہلے ہی سے یقنی تھا اسلئے ثابت ہوا کہ دعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام رفع روح کے واسطے نہ تھی، جسم کو صلیب سے بچانے کی تھی۔

دوم: عیسیٰ علیہ السلام جسم اور روح دونوں کی مرکبی حالت کا نام ہے۔ صرف روح کو عیسیٰ نہیں کہتے۔ اگر رفع روحانی ہوتا تو خدا تعالیٰ یوں فرماتا کہ اے عیسیٰ تیرے جسم کو مارونگا اور تیری روح کو رفع دونگا، مگر ایسا نہیں کہا۔ پس ثابت ہوا کہ رفع روحانی مراد نہیں۔ کیونکہ

قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت میں فرق آتا ہے کہ کلام تام نہ کرے اور الفاظ اپنے ارادہ کے مطابق بیان نہ کر سکے۔

سوم: صلیب وقتل کے فعل کا محل یعنی جائے دو، در جسم تھا نہ روح۔ یعنی صلیب پر جسم نے چڑھایا جانا تھا نہ کہ روح نے۔ اور قرآن مجید ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾ فرماتا ہے، جس سے صاف ظاہر ہے کہ رفع جسمانی ہوا نہ کہ روحانی۔ کیونکہ روح کو تو نہ کوئی صلیب پر لٹکا سکتا ہے اور نہ قتل کر سکتا ہے، وہ تو جوہر لطیف ہے۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعا بھی جسم کو صلیب سے بچانے کی تھی اور وہی قبول ہوئی۔ جب دعا جسم کے بچانے کے واسطے قبول ہوئی اور وعدہ بھی ہوا تو پھر رفع روحانی کہنا بالکل غلط ہے۔ یا خدا کا وعدہ غلط ہوتا ہے کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام تو جسم کی بابت دعا کرے اور قبول بھی ہو اور پھر خلاف وعدہ مسیح جس ذلت سے ڈرتا تھا اسی کا سامنا اس کو کرنا پڑے کہ بیگناہ معصوم کے بدن مبارک پر کوڑے مارے جائیں، منہ مبارک پر تھوکا جائے، کانٹوں کا تاج سر پر رکھ کر شرمسار و ذلیل کیا جائے۔ اور عیسیٰ علیہ السلام کے خدا کو کچھ غیرت نہ آئے۔ معمولی آدمی کے اگر کسی دوست کو کوئی خطرہ ہو اور اس کا دوست اس سے وعدہ کر لے تو کیا وہ دوست پھر اس کو اس کے دشمنوں کے ہاتھ میں دے دیتا ہے کہ جو کچھ تم چاہو، کر لو، ہرگز نہیں۔ تو پھر قادر مطلق صاحب قدرت واختیار کیونکر ایسا کرتا کہ اپنے دوست اور رسول کو ایک طرف تو تسلی دیتا کہ میں تجھ کو بچا لونگا اور تجھ کو پاک کرونگا۔ اور دوسری طرف یہ بے وفائی کرے کہ دشمنوں یعنی یہودیوں کے ہاتھ دیدیا کہ لو، اس وقت تم جو چاہو بے حرمتی و بے عزتی زدوکوب ہر قسم کا عذاب جو چاہو دے لو۔ یہ تو خدا کی شان سے بعید ہے کہ وعدہ تو کرے ذلت سے بچانے کا جو کہ صلیب پر چڑھا کر صلیبی عذابوں سے محفوظ رہنے سے پورا ہو سکتا ہے مگر کارروائی اس کے برعکس کرے۔

مرزا صاحب کا یہ مذہب کہ صلیب پر چڑھایا گیا، پہلے کوڑے مارے گئے، منہ پر تھوکا گیا اور صلیب کے عذاب اس قدر دیئے گئے کہ موت اور زندگی میں فرق نہ ہوسکتا تھا۔ اگر یہ قیاس درست مانیں تو پھر تو خدا کا وعدہ بھی جھوٹا، مسیح کی دعا بھی فضول اور نا مقبول، قرآن کی فصاحت و بلاغت پر دھبّہ کہ وہ فرماتا ہے ﴿مُطَهِّرُكَ﴾ یعنی تجھ کو پاک کرونگا۔ کیا منہ پر تھوکنے کا نام پاک کرنا ہے؟ یا لہو بہانے کا نام پاک کرنا ہے؟ لہو نکلنے سے تو جسم ناپاک ہو جاتا ہے۔ اور بغرض محال اگر مان بھی لیں کہ جان صلیب پر نہ نکلی تھی تو پھر جس وقت ایک سپاہی نے شک مٹانے کے واسطے پسلی بھالی سے چھیدی تھی تب تو یقیناً مر گیا تھا۔ اور اگر یہ ہماری عقل ماری جائے اور مان لیں کہ بھالے کے زخم سے پہلے مسیح سخت جان کی جان نہ نکلی تھی تو قبر میں تو بالکل ہوا کے نہ پہنچنے سے دم گھٹ کر ضرور مر گیا تھا۔ پس اس قیاس سے تو تمام مضمون قرآن کی تکذیب ہوتی ہے کہ قرآن تو کہتا ہے کہ ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾، ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا﴾ اور مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ مصلوب بھی ہوا اور مقتول بھی ہوا۔

چہارم: اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے ہوتے، جیسا کہ دیگر انبیاء علیہم السلام تو حضرت محمد رسول اللہ ﷺ یہ نہ فرماتے: "قال رسول اللہ ﷺ للیهود ان عیسیٰ علیہ السلام لم یمت وانه راجع الیکم قبل یوم القیامة" (از درِ منثور)۔ یعنی حضرت ﷺ نے یہود کو فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہیں مرے، اور تحقیق وہ واپس آنے والے ہیں تمہاری طرف دن قیامت سے پہلے۔

"عن عبداللہ بن سلام یدفن عیسیٰ بن مریم مع رسول اللہ وصاحبیه ویکون قبره رابعا" ترجمہ: عبداللہ بن سلام سے روایت ہے کہ دفن ہونگے

عیسیٰ بیٹے مریم کے رسول اللہ ﷺ کے مقبرہ میں اور ان کی قبر چوتھی قبر ہوگی۔

ان حدیثوں سے صاف ظاہر ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا بھی قرآن کے مطابق یقین تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام کا رفع جسمانی ہوا اور اسی واسطے جس قدر حدیثیں نزول کی ہیں سب میں آپ نے عیسیٰ ابن مریم وابن مریم فرمایا۔ صرف اس واسطے تا کہ کوئی جھوٹا مدعی نہ ہو۔ کیونکہ دعویٰ تو جھوٹا ہر ایک کر سکتا ہے مگر ابن مریم یعنی بغیر باپ کے نہیں ہوسکتا۔

پنجم: اگر عیسیٰ علیہ السلام دوسرے انبیاء علیہم السلام کی طرح فوت ہو جاتے تو جس طرح رسول اللہ ﷺ نے دوسرے انبیاء علیہم السلام حضرت ابراہیم، حضرت سلیمان، حضرت داؤد، حضرت موسیٰ وغیرہ علیہم السلام سے کسی کے نزول کی خبر نہیں دی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بابت بھی خبر نہ دیتے چونکہ محمد رسول اللہ ﷺ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہی نزول اور راجع ہونا فرمایا اور دوسرے کسی نبی ورسول کا نزول ورجوع نہیں فرمایا۔ پس ثابت ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوسرے انبیاء کی طرح فوت نہیں ہوئے، زندہ ہیں۔

ششم: تمام مفسرین اہل فقہ ائمہ اربعہ وصوفیائے کرام جیسا کہ حضرت محی الدین ابن عربی، جلال الدین سیوطی، شیخ محمد اکرم صابری وغیرہ سب کے سب حضرت عیسیٰ ابن مریم کے اصالتاً نزول کے قائل ہیں، ایک شخص بھی نہیں جو کہ بروزی نزول کا قائل ہو جس سے ثابت ہے کہ حضرت مسیح مرے نہیں، زندہ ہیں اور آسمان سے نزول فرمائینگے۔

ناظرین! قرآن وحدیث وفقہ وشریعت محمدی ﷺ سے تو ثابت ہے کہ مسیح زندہ ہیں اور اصالتاً آنے والے ہیں۔

اب ہم عقلی دلائل سے جواب دیتے ہیں اور خدا سے معافی مانگتے ہیں کہ خشک عقلی بحث میں جو ہم بے دینی کے اعتراضوں کا جواب بے دینی دلائل سے دینگے، اللہ تعالیٰ ہم کو

معاف فرمائے کیونکہ اس فلسفی امت نے ہم کو مجبور کیا ہے کہ ہم بھی **الحدید یصلح بالحدید** پر عمل کریں۔

اول: مسیح کا فوت ہونا ضروری نہیں کیونکہ وہ انسان کے نطفہ سے نہ تھا جسکی پیدائش یا ولادت نطفہ سے نہ ہو، اس کا فوت ہونا لازمی نہیں۔ پس آپکا یہ اعتراض کہ مسیح ایک نبی تھا اور دوسرے نبیوں کی طرح اسکا فوت ہونا ضروری ہے، غلط ہے کیونکہ سارے نبی و مرسل مامور من اللہ نطفہ سے پیدا ہوئے آپ یقین کرتے ہیں اور مسیح کو خلاف قانون قدرت بلا باپ مانتے ہیں۔ اسلئے جو جو نطفہ سے پیدا نہیں ہوا اس کے واسطے موت لازمی نہیں۔ یا تو پہلے حضرت مسیح کا باپ سے اور نطفہ سے پیدا ہونا ثابت کرو پھر اس کی موت پر بحث ہو سکتی ہے۔

دوم: اگر آپ کا یہ اعتقاد ہے کہ جو مر جائے واپس نہیں آسکتا اور تمہارا خدا جب ایک انسان مردہ کو واپس نہیں لاسکتا تو بے انتہا انسانوں کو جنکے بدن گل سڑ کر خاک میں جذب ہو گئے ہیں، حشر میں بھی اٹھا نہیں سکتا جس سے قیامت کا انکار آتا ہے۔ پس یا تو زندگی اور نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام مانو۔ یا قیامت، حساب نامہ اعمال، پل صراط، دوزخ، بہشت، عذاب قبر، شیاطین وغیرہ کل دین سے انکار کرو۔ اور پھر بطلیموس جالینوس وہکسی صاحب وغیرہ فلاسفروں کا مذہب اختیار کرو پھر قرآن وحدیث کا نام کیوں لیتے ہو۔ ابتدائی آفرینش سے اہل مذہب کا اور لا مذہبوں کا بھی جھگڑا چلا آیا ہے کہ انبیاء علیہم السلام جو خبر نور نبوت سے پاکر بے دینوں کو سناتے وہ بھی عقلی فلسفی دلائل پیش کر کے انکار کرتے۔ انبیاء علیہم السلام قیامت اور آخرت کے عذاب سے ڈراتے تو وہ بھی مرزائیوں کی طرح عقلی بحث کر کے جھگڑتے اور محال عقلی کہہ کر انکار کرتے۔ یہ فلسفہ کوئی نیا دنیا میں نہیں آیا ہمیشہ بے دین، دین

داروں کے مقابلہ میں پیش کرتے آئے۔ مگر تعجب تو یہ ہے کہ ایک طرف تو مسلمان ہونے کا دعویٰ اور دوسری طرف فلسفی دلائل سے بحث کرنا کونسا اسلام ہے ۔

چوں بوقلموں مباش ہر لحظہ ہر نگ　　　یا رومی روم باش یا زنگی رنگ

یا تو مسلمان بنو اور مخبر صادق محمد رسول اللہ ﷺ نے جو جو خبر دی ہے اس پر یقین لاؤ اور اپنی عقل کے اعتراض نہ کرو۔ اصل کیفیت حوالۂ خدا کرو کہ خدا تعالیٰ اپنی قدرت اور ارادہ سے جس طرح چاہے کر سکتا ہے اور کرے گا مسلمان کا کام صرف ایمان لانا ہے۔ یا افلاطون اور جالینوس وغیرہ فلاسفروں کا کلمہ پڑھو اور احاطہ اسلام سے نکل جاؤ۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ دس باتیں تو بلا دلیل یقین کرو اور ایک بات جس میں تمہاری غرض ہو اس کے واسطے فلاسفی دلائل مانگو یعنی عیسیٰ علیہ السلام مرے تو مرزا صاحب اس کی گدی پر بیٹھیں۔

اعتراض دوم: اگر مسیح کو زندہ مانا جائے تو شرک لازم آتا ہے۔

جواب: سبحان اللہ! مرزا صاحب کو خالق زمین آسمان ماننا اور انکے الہام ”انت منی منزلة ولدی“. ”انت منی بمنزلة اولادی انت منی بمنزلة تفریدی“ سے شرک لازم نہیں آتا جو کہ آپکا عقیدہ ہے کہ مرزا صاحب نے زمین آسمان بنائے، انسان کو مٹی سے بنایا، خدا تعالیٰ کا الہام ہوا کہ تو (یعنی مرزا صاحب) میرے بیٹے کی مانند ہے، تو میری اولاد کی مانند ہے، تو میری تفرید ہے۔ اور صرف ایک نبی مرسل جو کہ خاص کرشمہ قدرت سے خدا نے پیدا کیا اور امت محمدی ﷺ کی شان دنیا پر ظاہر کرنے کے واسطے عجائبات قدرت سے تا نزول اسکا رفع جسمانی کیا، اس سے شرک لازم آتا ہے۔ شرم!

دوم: اصل شرک کی جڑ تو بغیر باپ کے حضرت مسیح کا پیدا ہونا ہے۔ کیونکہ آدم کی پیدائش کے بعد خدا تعالیٰ نے قانون قدرت مقرر کر دیا کہ عورت اور مرد کی مباشرت ومجامعت سے

اولاد ہو۔صرف اکیلی عورت کو حمل نہ ہو۔ دیکھو قرآن مجید: ﴿خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ﴾ یعنی پیدا کیا انسان کو اوچنے والے پانی سے یعنی منی سے۔ ﴿یَّخۡرُجُ مِنۡم بَیۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ﴾ وہ نطفہ جو نکلتا ہے پیٹھ اور ترائب کے درمیان سے۔ ترائب سینے کی ہڈیوں کو کہتے ہیں۔ ﴿اَلَمۡ یَکُ نُطۡفَةً مِّنۡ مَّنِیٍّ یُّمۡنٰی﴾ کیا نہیں تھا منی کا قطرہ جو ٹپکایا جاتا ہے۔ ﴿اَلَمۡ نَخۡلُقۡکُّمۡ مِّنۡ مَّآءٍ مُّھِیۡنٍ﴾ کیا نہیں پیدا کیا ہم نے تم کو متنفر پانی سے۔ ﴿خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ نُّطۡفَةٍ﴾ پیدا کیا انسان کو نطفہ سے۔ ﴿اِنَّا خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ نُّطۡفَةٍ اَمۡشَاجٍ نَّبۡتَلِیۡهِ﴾ پیدا کیا ہم نے انسان کو نطفہ سے جو ہر جنس سے ملا ہوا ہے۔ جیسا کہ یہ مانوگے اور مانتے ہوگے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ پیدا ہوئے اور انسان کے نطفہ سے پیدا نہیں ہوئے تو ضرور ہے کہ جبرئیل فرشتہ کے نطفہ سے پیدا ہوئے یا نعوذ باللہ خدا کے نطفہ سے پیدا ہوئے، دونوں صورتوں میں مسئلہ الوہیت کو مدد پہنچتی ہے اور عقیدہ الوہیت ثابت ہوتا ہے۔ جب ایک شخص کو آپ فرشتہ کے نطفہ سے یقین کر بیٹھے تو اس کی موت کے کیا معنی؟ اگر فرشتے فوت ہوتے ہیں تو مسیح بھی فوت ہوگا اور اگر فرشتے فوت نہیں ہوتے تو پھر جوان کے نطفہ سے پیدا ہوا ہے کیونکر فوت ہوگا۔

(باقی آئندہ)

رسالہ نمبر ۶

مرزائی صاحبان کے ہینڈ بل نمبر ۱۱

کا جواب

منجانب

انجمن الاسلام تائید لاہور

(گذشتہ سے پیوستہ)

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم جب فرشتوں سے حمل نہیں ہوسکتا کیونکہ فرشتے پاک ہیں، علوی ہیں، قدسی ہیں، شہوت وغضب سے پاک ہیں۔ اور ذاتِ باری تعالیٰ بھی پاک ہے کہ اسکا کوئی جوڑہ ہو اور اسکے نطفہ سے کوئی انسان پیدا ہو سکے۔ تو پھر اب فلسفی عقل کیا کہتی ہے کہ کیونکر ولادت عیسیٰ علیہ السلام ہوئی۔ ہر حال عقل انسانی حقیقت حال کے دریافت کرنے سے عاجز ہے کیونکہ اس طرف تو کسی انسان کا نطفہ نہیں اور اس طرف حضرت مریم عفیفہ ہے جسکی تصدیق قرآن نے ﴿وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ﴾ یعنی مجھ کو کسی بشر نے چھوا تک نہیں۔ تو پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بناوٹ کے واسطے نطفہ کہاں سے آیا۔ چنانچہ حضرت مریم نے بھی اسوقت محال عقلی کا سوال پیش کیا تھا جسکا جواب اللہ تعالیٰ

نے یہ دیا تھا ﴿کَذٰلِکِ اللّٰہُ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ط اِذَا قَضٰی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ﴾ اسی طرح اللہ پیدا کرتا ہے جو چاہے جو ارادہ کرے ہو جاتا ہے۔

پس خدا تعالیٰ کے کاموں کی حقیقت کے دریافت کرنے میں عقل انسانی عاجز ہے اور بحکم ﴿وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا﴾ یعنی نہیں دیا گیا علم تم کو یعنی انسانوں کو مگر تھوڑا سا۔ اس لئے انسان کا کبھی دعویٰ نہیں ہو سکتا کہ میں کہنہ حقیقت عجائبات قدرت تک پہنچ سکتا ہوں۔ اور ہو بھی نہیں سکتا کہ ایک محدود وجود غیر محدود قادر مطلق کی قدرت پر حاوی ہو۔ پس انسان کے لئے لازم ہے اور ہر ایک مسلمان کا فرض ہے کہ فرمودہ خدا اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور کہنہ حقیقت حال حوالۂ خدا کرے۔ جب خدا تعالیٰ اور اس کے رسول محمد رسول اللہ ﷺ نے ایک خبر دی اور مسلمان کا ایمان ہے کہ وہ مخبر صادق ہے جھوٹ کا ہرگز احتمال نہیں۔ تو جب اس رسول پاک نے پیشگوئی کی کہ وہی عیسیٰ ابن مریم نبی اللہ آخری زمانہ میں دمشق کے شرقی منارہ پر آسمان سے نزول فرمائے گا اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ ”ان عیسٰی علیہ السلام لم یمت وانہ راجع الیکم قبل یوم القیامۃ“ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت نہیں ہوئے اور وہ تمہاری طرف لوٹ آنے والے ہیں قیامت کے دن سے پہلے۔ تو پھر ہر ایک مسلمان جو امت محمدی ﷺ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اس کو فرمودہ رسول ﷺ بلا عذر و حجت ماننا چاہیے جیسا کہ تمام اہل اسلام ۱۳ سو برس تک مانتے چلے آئے ہیں۔ کیونکہ اوپر ثابت ہو چکا ہے کہ عقل انسانی کہنہ حقیقت امور دین اور عجائبات قدرت کاملہ سے عاجز ہے۔ پس جس طرح ایک مسلمان ولادت مسیح علیہ السلام بلا باپ و نطفہ خاص قدرت کاملہ سے بلا دلیل و برہان عقلی بغیر اسباب ظاہری معجزہ مانتا ہے اسی طرح بلا دلیل و حجت فلسفی اس کا رفع جسمانی مانے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک شخص کی ولادت تو معجزہ مانی

جائے اوراسی کی رفع پر ہزاروں عقلی ڈھکوسلے لگائے جائیں حالانکہ کتب سماوی یعنی انجیل و قرآن سے ثابت ہو۔ اگر معجزہ ہے تو دونوں یعنی جسکی پیدائش معجزہ ہے اور اس پر کوئی عقلی اعتراض نہیں ہوسکتا تو پھر اسکی رفع پر جو معجزہ ہے کیونکر عقلی اعتراض ہوسکتا ہے۔

اگر معجزہ ہے تو دونوں یعنی ولادت ورفع کیلئے اور اگر محالات عقلی کی بناء پر رفع جسمانی سے انکار ہوسکتا ہے تو ولادت مسیح پر رفع سے زیادہ اعتراضات محال عقلی کے ہوسکتے ہیں۔ پس جب رفع سے انکار کریں تو ولادت سے بدرجہ اعلیٰ انکار ہوسکتا ہے۔ پس مرزائی صاحبان رفع جسمانی سے محالات عقلی کی رو سے انکار کرتے ہیں تو ولادت سے بھی انکار کریں۔ اس جگہ مرزائی صاحبان آیت ﴿اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰہِ کَمَثَلِ اٰدَمَ ط خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ﴾ (ترجمہ: تحقیق عیسیٰ کی مثال اللہ کے نزدیک آدم کی سی ہے پیدا کیا اس کو مٹی سے) پیش کرینگے۔ اس مثال میں صرف عیسیٰ علیہ السلام اور آدم علیہ السلام کی مماثلت مٹی سے پیدا ہونے اور معبود نہ ہونے کی ہے۔ یعنی جیسا آدم مٹی سے پیدا کیا گیا اور مخلوق ہے معبود نہیں۔ ایسا ہی عیسیٰ مٹی سے پیدا کیا گیا اور مخلوق ہے معبود نہیں۔ اگر مرزائی صاحبان مماثلت تامہ کہیں تو یہ بہ سہ ۳ وجہ غلط ہے:

اول: آدم علیہ السلام ماں کے پیٹ سے پیدا نہیں ہوئے اور عیسیٰ علیہ السلام ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے۔

دوم: آدم علیہ السلام کے وقت عورت اور مرد کی مجامعت سے انسانوں کی ولادت کا قانون مقرر نہ تھا اور عیسیٰ علیہ السلام کے وقت حضرت آدم سے حضرت مریم تک عورت اور مرد سے اولاد ہونے کا قانون قدرت مقرر تھا۔ مرزا صاحب یا ان کے مرید کوئی نظیر بتا سکتے ہیں کہ کنواری لڑکی کے پیٹ سے لڑکا بغیر نطفہ باپ پیدا ہوا ہو؟ ہرگز نہیں۔ تو پھر حضرت آدم اور

عیسیٰ علیہا السلام کی ولادت ایک جیسی نہیں۔

سوم: آیت محولہ میں خلق یعنی پیدائش آدم وعیسیٰ کی مثال ہے نہ ولادت کی اور بحث ولادت مسیح میں ہے، پھر یہ مثال ہرگز درست نہیں۔

ہر ایک مسلمان جس کو مرزائیوں سے بحث کا موقع ملے اور مرزائی وفات مسیح کی بحث کریں، کیونکہ ان کے پاس سوائے اس کے اور کچھ نہیں تو سب سے پہلے ان سے پوچھنا چاہیے کہ آپ معجزات انبیاء علیہم السلام مانتے ہیں یا نہیں۔ اگر کہیں کہ مانتے ہیں تو پھر جھگڑا ہی نہیں کر سکتے کیونکہ معجزہ ہمیشہ فوق الفہم والعقل انسانی ہوا کرتا ہے۔ پس جس قدر اعتراض مرزائیوں کے محال عقلی وخلاف قانون قدرت رفع وحیات مسیح پر ہونگے سب باطل ہونگے کیونکہ سب کا جواب یہی ہوگا کہ یہ معجزہ ہے۔ اور اگر وہ دھوکہ دیں اور جھوٹ کہیں کہ ہم معجزات انبیاء علیہم السلام نہیں مانتے جیسا کہ ان کا قاعدہ ہے کہ صرف حاضرین میں زیادہ باتیں کر کے بازی لینا چاہتے ہیں ان کا مذہب کوئی نہیں ہوتا۔ تو اس وقت مرزا صاحب کی یہ عبارت جس میں وہ معجزات انبیاء مانتے ہیں پیش کرو اور کہو کہ اگر آپ مرزا صاحب کے مرید ہیں تو معجزہ سے انکار نہیں کر سکتے اور مرزا صاحب کی عبارت یہ ہے:

''ان سے یعنی نبیوں اور رسولوں سے خدائے تعالیٰ کے وہ معاملات ہوتے ہیں جو دوسرے سے وہ ہرگز نہیں کرتا۔ جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام چونکہ صادق اور خدائے تعالیٰ کا وفادار بندہ تھا اس لئے ہر ایک ابتلاء کے وقت خدا نے اس کی مدد کی جبکہ وہ ظلم سے آگ میں ڈالا گیا خدا نے آگ کو اس کے لئے سرد کر دیا۔ جب ایک بدکردار بادشاہ ان کی بیوی سے بد ارادہ رکھتا تھا تو خدا نے اس کے ہاتھوں پر بلا نازل کی جس کے ذریعہ سے وہ اپنا ارادہ پورا کرنا چاہتا تھا''۔ (دیکھو حقیقۃ الوحی، ص۵۰)

’’واضح ہو کہ انبیاء کے معجزات دو قسم کے ہوتے ہیں ایک وہ جو محض سماوی امور ہوتے ہیں جن میں انسان کی تدبیر اور عقل کو کچھ دخل نہیں ہوتا جیسے شق القمر جو ہمارے سید و مولی نبی ﷺ کا معجزہ تھا‘‘۔ (دیکھو ازالہ اوہام، حاشیہ مندرجہ صفحہ ۳۰۱، ہر دو کتابیں مصنفہ مرزا صاحب)

پس بقول مرزا صاحب مسیح کی ولادت و رفع چونکہ معجزہ ہے اسلئے عقل و تدبیرِ انسانی کو اس میں کچھ دخل نہیں۔ لہٰذا آپ کا جو اعتراض عقلی ہو گا وہ مرزا صاحب کے فرمانے کے مطابق باطل ہے کیونکہ خدا تعالیٰ انبیاء علیہم السلام کی عظمت و تفوق عوام پر ظاہر کرنے کے واسطے کبھی کبھی محالات عقلی و خلاف قانون قدرت اپنی خاص قدرت کاملہ کا کرشمہ دکھایا کرتا ہے۔

چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام انبیاء میں سے تھے اور آپ بھی اس کو نبی مانتے ہیں تو پھر ان کے رفع پر جو معجزہ ہے کوئی اعتراض عقلی نہیں کر سکتے۔

اگر مرزائی صاحبان یہ اعتراض کریں جیسا کہ کیا کرتے ہیں کہ اگر مسیح کو زندہ مانا جائے تو عیسائیوں کے عقیدہ الوہیت کو مدد ملتی ہے۔ جسکا جواب یہ ہے کہ مرزا صاحب کے اپنے الہامات اس قدر شرک سے بھرے ہیں کہ عیسائی تو ان کے مقابلہ کچھ بھی نہیں۔ سنو!

اول: ”انا اللہ لا الہ الا انا“ یعنی میں اللہ ہوں کوئی معبود نہیں مگر میں۔ فرعون نے ﴿اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى﴾ کہا تو کافر ہوا مگر مرزا صاحب معبود اور اللہ بنتے ہیں تو وہ مسلمان۔ یہ کیونکر جائز ہے؟

دوم: عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بطور استعارہ ابن اللہ کہیں تو مشرک و کافر، مگر مرزا صاحب بفحوائے الہام ”انت منی بمنزلۃ اولادی، وانت منی منزلۃ ولدی“ یعنی مرزا صاحب کو خدا کہے تو مجھ سے بمنزلہ اولاد اور بیٹے کے ہے، تو مسلمان۔

سوم: عیسائی تثلیث مانیں تو کافر، مگر مرزا صاحب تثلیث فرمائیں تو وہی تثلیث جسکی قرآن ممانعت فرماتا ہے، پاک تثلیث ہوجائے۔ جیسا کہ جاہل پیر پرست کہا کرتے ہیں کہ شراب پیر کے ہاتھ میں پاک ہوجاتی ہے۔

چہارم: عیسائی جہاد فی سبیل اللہ کو وحشت، ڈکیتی، خون ناحق کہیں تو کافر۔ مگر مرزا صاحب تمام اہل اسلام کو وحشی اور خونی کہیں تو مسلمان۔ اللہ اللہ جہاد فی سبیل اللہ کرنے والے ڈاکو اور خونی، یہ مرزائیوں کا اسلام ہے۔

پنجم: عیسائی انبیاء علیہم السلام کی تصویریں رکھیں اور ان کی تعظیم کریں تو کافر۔ مگر مرزا صاحب کی تصویر ہر ایک مرزائی کے گھر میں ہو اور اس کی تعظیم کی جائے تو جائز۔

ششم: عیسائی بواسطہ صحبت انسان کو خدا اور خدا کو انسان بنائیں تو کافر۔ مگر مرزا صاحب بواسطہ محبت، خدا بنیں اور خدا کی گود میں بیٹھ جائیں اور احدیت کی چادر میں مخفی ہوں تو جائز۔ (دیکھو توضیح البیان وحقیقۃ الوحی، مصنفہ مرزا صاحب)

ہفتم: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ مردہ زندہ کرنے کا اور مٹی کے جانور بنانے کا اور ان میں پھونک مار کر اللہ کے حکم سے اڑانے کا اعتقاد جو کہ قرآن کے موافق ہے، رکھنا شرک وکفر۔ مگر مرزا صاحب خالق زمین وآسمان بنیں اور انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا کریں تو موحد اور مسلمان۔ **افسوس!** مرزا صاحب اور ان کے مریدوں کو اپنی آنکھ کا شہتیر تو نظر نہیں آتا مگر دوسرے کا تنکا پہاڑ دکھائی دیتا ہے۔

ناظرین! ایک بڑا بھاری اعتراض مرزائی صاحبان یہ بھی کیا کرتے ہیں جس کا جاہل مسلمان جلد شکار ہوجاتے ہیں اور لاجواب ہوکر مرزائی ہوجاتے ہیں اسواسطے اس ڈھکوسلہ کا جواب ضروری ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اگر مسیح کو زندہ آسمان پر مانا جائے تو اس میں محمد رسول

اللہ ﷺ کی ہتک ہے کہ اس کو فوت شدہ اور مدینہ میں مدفون مانیں اور حضرت مسیح کو زندہ اور آسمان پر مانیں۔ جسکا جواب حسب ذیل ہے:

اول الزامی جواب: مرزا صاحب اوران کے مرید خود محمد رسول اللہ ﷺ کی ہتک کرتے ہیں کہ محمد رسول اللہ ﷺ کو نطفہ سے جو کہ ایک ماء مہین یعنی متغیر گندے پانی سے پیدا ہوا مانتے ہیں اور معمولی آدمیوں کی طرح باپ کے نطفہ علقہ مضغہ سے ہوکر پیدا شدہ مانتے ہیں اور حضرت مسیح کو بلا نطفہ انسانی خاص کرشمہ قدرت سے بطور معجزہ پیدا شدہ مانتے ہیں اور محمد ﷺ پر عیسیٰ علیہ السلام کو ترجیح دیتے ہیں اور ولادت مسیح میں کوئی فلسفی ومحالات عقلی کا اعتراض نہیں کرتے۔ حالانکہ ولادت مسیح پر بہ نسبت رفع زیادہ محالات عقلی کے اعتراض وارد ہوتے ہیں۔

دوم: مسلمان تو محمد رسول اللہ ﷺ کا معراج جسمی سدرۃ المنتہی تک مانتے ہیں۔ حالانکہ مسیح کا آسمان پر جانا صرف دوسرے آسمان تک قبول کرتے ہیں جس سے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی فضیلت اور خصوصیت تھی۔ مگر مرزا صاحب نے مسیح کی رفع کے انکار کی خاطر محمد ﷺ کے معراج سے ہی انکار کردیا۔ دیکھو ازالہ اوہام، صفحہ ۴۷ کا حاشیہ، **وھو ھذا:** ’’اس جگہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ جسم خاکی کا آسمانی پر جانا محالات میں سے ہے تو پھر آنحضرت ﷺ کا معراج جسم کے ساتھ کیونکر جائز ہوگا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ سیر معراج اس جسم کثیف کے ساتھ نہیں تھا بلکہ وہ نہایت اعلیٰ درجہ کا کشف تھا‘‘۔

اب مرزائی صاحبان بتائیں کہ مرزا صاحب نے ہتک محمد رسول اللہ ﷺ کی ان کے جسمِ پاک کو کثیف کہا اور اپنی نفسانی خواہش کی ضد میں آکر حضرت کے معراج سے جو کہ صحیح حدیثوں سے ثابت ہے، انکار کردیا۔ ہم مرزائیوں سے پوچھتے ہیں کہ یہ وہی شخص ہے

جو لکھ چکا ہے کہ خدا تعالیٰ کا معاملہ جو انبیاء کے ساتھ ہوتا ہے وہ دوسرے سے نہیں ہوتا اور عقل انسانی اور تدبیر انسانی ان کے معاملہ میں کام نہیں کرتی۔ خدا تعالیٰ انبیاء سے فوق الفہم معاملات کرتا ہے کہ آگ کو ابراہیم علیہ السلام پر سرد کر دیا اور بادشاہ ظالم کے ہاتھوں پر بلا نازل کی اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی خاطر شق القمر کر دیا۔ اب اسکو یعنی مرزا صاحب کو پہلی بات یاد نہیں رہی اور یہاں محال عقلی کے پابند ہو کر خدا کو عاجز بنا رہے ہیں کہ وہ محمد رسول اللہ ﷺ کو جسم کے ساتھ آسمان پر نہیں لے گیا۔ ناظرین یہ متضاد عبارت دو حالت سے خالی نہیں، یا اس کے مغز میں فتور ہے یا جان بوجھ کر دھوکہ دیتا ہے۔ ایک جگہ تو کہتا ہے کہ خدا کے آگے کوئی بات اَن ہونی نہیں۔ اور دوسری جگہ کہتا ہے کہ خدا محالات پر قادر نہیں۔ ایک جگہ کہتا ہے کہ آگ کو خدا نے ابراہیم علیہ السلام پر سرد کر دیا اور دوسری جگہ کہتا ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی خاطر شق القمر کیا۔ مگر تیسری جگہ جا کر پھر خدا کو عاجز بنا رہا ہے کہ جسم خالی آسمان پر نہیں لے جا سکتا۔ حالانکہ یہ صاف ظاہر ہے کہ اگر معراج کشف اور خواب ہوتا تو قریش اور دیگر مسلمان محالات عقلی کے اعتراض کیوں کرتے۔ اور بہت سا حصہ مسلمانوں کا مرتد کیوں ہوتا۔ آنحضرت ﷺ نے تو مسلمانوں کے ارتداد کی کچھ پرواہ نہ کی اور اپنے جسمی معراج کے دعوے سے دست بردار نہ ہوئے۔ مگر تیرہ سو برس کے بعد مرزا صاحب نے معراج کو ایک خواب بنایا صرف اس واسطے کہ مسیح کا آسمان پر جانا ثابت نہ ہو۔ مگر وہ اس کا کیا جواب دے سکتے ہیں کہ جب خدا تعالیٰ انبیاء کے بارے میں کسی قانون قدرت کا پابند نہیں جبکہ ابراہیم علیہ السلام کے وجود کو آگ سے بچایا اور کرشمہ قدرت دکھایا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وجود کے بچانے پر قادر نہ رہا؟ یہ کونسا ایمان ہے۔

اگر لمبی عمر فضیلت ہے تو حضرت آدم علیہ السلام کی عمر ۹۳۰، اور یا مارو ولد آدم کی عمر

۹۶۲، اور حضرت نوح علیہ السلام کی عمر ۹۵۰ کی تھی۔ (دیکھو بائیبل باب پیدائش)۔ اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی عمر صرف ۶۳ برس کی تھی، تو کیا اس میں بھی محمد ﷺ کی ہتک ہے؟ ہرگز نہیں۔ جب درازیٔ عمر باعث فضیلت نہیں۔ کیونکہ رستم کی عمر سب نبیوں سے زیادہ تھی۔ دیکھو فردوسی لکھتا ہے: مصرعہ

ہزار و صد و سیزدہ سالہ مرد

یعنی ایک ہزار ایک سو تیرہ برس عمر رستم کی تھی۔ جب مارا گیا تھا اور تمام نبی رستم سے افضل تھے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عمر اگر زمانہ نزول تک جس قدر بھی دراز ہو باعث فضیلت نہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ ''خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرمایا کہ بیل کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ جس قدر بال تیرے ہاتھ کے نیچے آئیں گے اتنے سال تیری عمر دراز کرونگا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا پھر کیا ہوگا؟ جواب دیا کہ پھر موت۔ تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ پھر ابھی موت دو''۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ خدا تعالیٰ جس قدر دراز عمر چاہے دے سکتا ہے۔ پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی درازیٔ عمر باعث فضیلت نہیں اور نہ اس میں محمد ﷺ کی ہتک ہے۔ مرزا صاحب نے ناحق قرآن شریف کی آیات جن سے لزوم موت ثابت ہوتا ہے پیش کیں ہیں۔ کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام کی موت کے مسلمان بعد نزول قائل ہیں۔ اگر عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے انکار کرتے تو آیات پیش کردہ مرزا صاحب درست تھیں۔ مسلمان تو پکار پکار کر کہہ رہے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام وصال فرمائیں گے اور مدینہ میں حضرت ﷺ کے مقبرہ میں دفن ہونگے اور ان کی قبر چوتھی قبر ہوگی جیسا کہ حدیثوں میں ہے اور ہم رسالہ نمبر۳ میں لکھ چکے ہیں۔

دوم تحقیقی جواب: معجزات وخصوصیات انبیاء علیہم السلام ایک دوسرے سے نہیں

تھے اور یہی سنت اللہ تعالیٰ ہے کہ حسب ضرورت زمانہ جس فن اور علم میں اہل دنیا کو فخر ہوتا تھا اسی علم اور فن میں کمال درجہ کا حیرت میں ڈالنے والا فوق العادت معجزہ اس نبی کو دیا جاتا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واسطے جادوگروں کا زور تھا اور وہ رسی کے سانپ بنا کر لوگوں کو محو حیرت کر دیا کرتے تھے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو معجزہ بھی ویسا ہی عطا ہوا یعنی عصا کہ بڑا سانپ بن کر ان پر غالب آتا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت طبیبوں اور حکیموں کا زور تھا اور وہ علم مسمریزم کے زور سے مریض اچھا کیا کرتے تھے۔ اس واسطے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح کو روح القدس کا معجزہ عطا کیا۔ جس کے ذریعے سے وہ مردے زندہ کرتے اور مریض مادرزاد اندھے اچھے کرتے۔ محمد رسول اللہ ﷺ کے وقت فصاحت وبلاغت کا بہت زور اور چرچا تھا اسلئے خاتم النبیین کو وہ معجزہ دیا کہ تمام بلاغتوں کا منبع اور فصاحتوں کا سرچشمہ تھا۔ یعنی قرآن مجید زندہ جاوید معجزہ جس نے اپنے نور توحید سے تمام جہان کو منور کیا اور کر رہا ہے۔ اب تمام انبیاء علیہم السلام کے معجزات کا نام ونشان تک نہیں رہا۔ کہاں ہے عصائے موسیٰ اور کہاں ہے روح القدس کا معجزہ مردے زندہ کرنے والا اور مریضوں کو شفا دینے والا۔ کہیں بھی نہیں مگر محمد رسول اللہ ﷺ کا معجزہ تیرہ سو برس کیا ہزاروں اور لاکھوں برسوں تک زندہ اور موجود ہے اور رہے گا۔ بلکہ دنیا کے اخیر تک رہے گا۔ حتی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی بعد نزول اسی پر عمل کرینگے۔ پس حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ولادت یا رفع جسمانی حضرت مسیح کی طرح نہیں ہوئی۔ تو اس میں محمد رسول اللہ ﷺ کی کوئی ہتک نہیں۔ کیونکہ جو کچھ محمد رسول اللہ ﷺ کو دیا گیا اور جو عیسیٰ علیہ السلام کو دیا گیا وہ محمد ﷺ کو نہیں دیا گیا تو پھر اس میں ہتک کیسی! اگر ایک نبی کا معجزہ دوسرے نبی کو نہیں دیا گیا تو کسی کی بھی کسر شان اور ہتک نہیں۔ کسی نبی کو بیداری میں معراج یعنی سیر عالم بالا نصیب نہیں ہوئی۔ تو کیا اس میں تمام

انبیاء علیہم السلام کی ہتک ہے؟ ہرگز نہیں، یہ خدا تعالیٰ کی مرضی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ خدا ہم کلام ہوتا تھا اور عیسیٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ کے ساتھ نہیں ہوا اور وحی کے ذریعے اپنا کلام نازل کیا۔ تو کیا اس میں بھی عیسیٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ کی ہتک سمجھو گے؟ یہ آپکی غلطی ہے۔ اگر آپ اپنے ایمان اور عقیدت کے نور سے دیکھیں تو اس میں فوراً آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ اس میں تو نہایت علو شان محمد رسول اللہ ﷺ ہے کہ ایک نبی مرسل صاحبِ امت و کتاب محمد ﷺ کی امت میں سے ہونا چاہتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ اے رب بخشش والے اور رحمت میں غنی، تو اپنے خادم (عیسیٰ) کو قیامت کے دن اپنے رسول کی امت میں ہونا نصیب فرما۔ (دیکھو انجیل برناباس، فصل ۲۱۲، صفحہ ۲۹۴)۔ اور یہ دعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبول بھی ہوئی ہے۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا تعالیٰ نے اطلاع قبول دعا کی بھی دے دی کہ تجھ کو تا نزول زندہ رکھا جائے گا۔ چنانچہ حضرت مسیح فرماتے ہیں بحالیکہ میں جانتا ہوں کہ ختم ہونے تک زندہ رکھا جائیگا۔ (دیکھو انجیل برناباس فصل ۱۴۰ صفحہ ۲۰۸)۔ اور قرآن مجید نے مطابق انجیل کے ﴿اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ﴾ سے تصدیق بھی کر دی تو اَب کوئی بتائے کہ اس میں کس قدر شان محمد ﷺ کی ہے کہ خدا تعالیٰ نے ایک نبی کو خدمت اسلام کرنے کا موقعہ دینے کیلئے تا نزول اپنی خاص قدرت کاملہ سے آسمان پر زندہ رکھا ہوا ہے کہ قیامت کے قرب میں نزول فرما کر امت محمدی میں ہو کر اس کی شریعت کے مطابق کام کرے۔ اگر کسی بدنصیب کو اس میں کسر شان محمد ﷺ نظر آئے تو اس کو اپنے ایمان کی آنکھ کا علاج کرنا چاہیے۔ ''گر نہ بیند بروز شپرہ چشم'' کا معاملہ ہے۔

دوم: خدا تعالیٰ کے ایسا کرنے میں یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تا نزول زندہ آسمان پر رکھنے سے شان محمدی ﷺ دنیا پر ظاہر کرنا مقصود تھا کہ دیکھو محمد رسول اللہ ﷺ اس رتبہ اور

شان کا پیغمبر ہے کہ نبی الوالعزم جس کو ہم نے بغیر باپ پیدا کیا اور اپنا روح اور کلمہ کہا وہ محمد ﷺ کی امت میں ہونا اپنا فخر جانتا ہے اور ہم نے محمد ﷺ کی خاطر اس کو آسمان پر تا نزول زندہ رکھا ہوا ہے۔

سوم: عیسائیوں کے عقیدہ الوہیت کی تردید منظور خدا تھی کہ لو جس نبی کو تم خدا اور اس کا بیٹا اور معبود خیال کر بیٹھے تھے ہم اسی کو امت محمدی ﷺ میں کر کے بھیجیں گے تاکہ تمہارا زعم کہ جو بغیر باپ پیدا ہوا وہ معبود ہے غلط ثابت ہو جائے۔

پس نزول عیسیٰ علیہ السلام کا عقیدہ کہ وہ اصالتاً نزول فرمائیں گے، مطابق انجیل قرآن و حدیث و اجماع امت ہے۔ اگر کسی مفسر نے یہ لکھا بھی ہے کہ "مُتَوَفِّیکَ" کا معنی موت کے ہیں تو وہ پھر زندہ ہو کر آسمان پر جانے کا بھی قائل ہے جیسا کہ اناجیل میں ہے۔ یہ کسی کا بھی مذہب نہیں کہ عیسیٰ ابن مریم نہیں بلکہ کوئی اور شخص امت محمدی ﷺ میں سے بروزی اور ظلی طور پر ہوگا۔ اگر کوئی شرعی سند ہے تو پیش کریں ناحق لوگوں کو دھوکا نہ دیں۔ اور خوف خدا کریں۔ اور مرزا صاحب کی تصنیف کردہ داستان کو خدا اور رسول کے کلام پر ترجیح نہ دیں۔

چہارم: ﴿وَمَا قَتَلُوْہُ وَمَا صَلَبُوْہُ﴾ سے تردید کفارہ بھی کر دی کیونکہ اگر قرآن مجید مسیح کے مصلوب ہونے کی تردید نہ کرتا تو کفارہ کے عقیدہ کو زیادہ تقویت ہوتی کیونکہ عیسائی بڑی بھاری دلیل کفارہ کی یہی دیتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے صلیب کے عذاب امت کے گناہوں کے بدلے میں سہے۔ اور اپنے آپ کو ذلیل اور رسوا کرایا کوڑے کھائے، منہ پر تھکوایا، ہر ایک قسم کی ذلت ہماری خاطر اٹھائی۔ پس قرآن مجید نے یہود اور نصاریٰ کے اختلاف کا فیصلہ بایں طور کیا کہ نہ عیسیٰ علیہ السلام قتل ہوئے جیسا کہ یہود کہتے ہیں اور نہ عیسیٰ

علیہ السلام مصلوب ہوئے جیسا کہ نصاریٰ کہتے ہیں۔ اللہ نے ان کو یعنی عیسیٰ علیہ السلام کو ان کی دعا کے مطابق اٹھالیا اور ان کا نزول آسمان پر زندہ رکھا ہوا ہے تا کہ امت محمدی میں ہو کر خدمت اسلام بجالائے۔ یہ مرزا صاحب اور ان کے مریدوں کی غلطی ہے کہ نصاریٰ کی مانند یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مصلوب ہوئے۔ طرح طرح کے عذاب اس معصوم نبی کو دیئے گئے۔ بدن مبارک پر کوڑے لگائے گئے، ہاتھ پاؤں میں کیلوں کے زخم اور ان کی درد اس شدت سے تھی کہ بیہوش ہو گئے تھے اور ان صلیب کے عذابوں سے ایسے قریب المرگ تھے کہ مردہ سمجھ کر اتار کے دفن کئے گئے۔ اس عقیدہ کے نامعقول اور بے سند ہونے کی نسبت کے بارہ لکھا گیا ہے کہ جب صلیب کی سختیوں سے ایسا قریب المرگ تھا کہ مردہ زندہ میں تمیز نہ ہو سکتی تھی تو جس وقت اس کی پسلی میں امتحان کی غرض سے کہ زندہ نہ رہے، بھالا گیا تھا تو تب تو ضرور ہی مر گیا ہو گا۔ اگر بغرض محال مان لیں کہ جان باقی تھی اور سپاہی اندھے ہو گئے تھے تو غسل دفن کے وقت تو ضرور مر گیا ہو گا۔ اگر وہاں بھی سب کی آنکھوں پر پٹی بندھی تھی تو قبر میں تو ضرور ہوا کے نہ پہنچنے سے دم گھٹ کر مر گیا ہو گا۔ خیر زندہ مردہ کی بحث ہم پھر کرینگے فی الحال ہم مرزائیوں سے پوچھتے ہیں کہ ایمان سے خدا کو حاظر ناظر جان کر بتائیں کہ مرزا صاحب اور مرزائی، عیسائیوں کے عقائد کو مدد دیتے ہیں یا عوام مسلمان؟ کیونکہ اگر مسیح مصلوب ہوا اور اسنے عذاب سہے اور امت پر قربان ہوا تو کفارہ ثابت ہو گیا۔ اور یہ نامعقول ہے کہ خدا وعدہ تو یہ کرے کہ ﴿یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ﴾ متوفی کا وعدہ اور رفع یکجا ہے۔ اس میں فاصلہ عقلاً ونقلاً جائز نہیں۔ مرزا صاحب کوئی نظیر پیش کر سکتے ہیں کہ خدا نے وعدہ کیا ہو اور ۸۷ برس کے بعد اس وعدہ کو پورا کیا ہے۔ وعدہ کو پورا نہ کرنا اور وقت کا منتظر رہنا عاجز وجود کا کام ہے جو کہ اسباب کا محتاج

ہے۔ خدا تعالیٰ قادر مطلق ﴿عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾ کی شان کے خلاف ہے کہ ۸۷ برس کے بعد وعدہ کا وفا کرے۔ کمزور سے کمزور وجود بھی اتنی مہلت اپنے ارادہ کو پورا کرنے کیواسطے نہیں مانگتا۔ خدا کی شان تو یہ ہے ﴿اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ﴾ دیکھو انجیل برنباس فصل ۱۳۹ صفحہ ۲۰۸: حضرت مسیح فرماتے ہیں: ''جس شخص نے اپنے بھائی کے واسطے کنواں کھودا وہ خود اس کے اندر گریگا۔ مگر اللہ مجھ کو چھڑا لیگا انکے ہاتھوں سے اور مجھے دنیا سے اٹھالیگا''۔ اور قرآن مجید نے اسکی تصدیق بھی کردی چنانچہ فرمایا ﴿وَمَکَرُوْا وَمَکَرَ اللّٰهُ ط وَاللّٰهُ خَیْرُ الْمٰکِرِیْنَ﴾، ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾، ﴿بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ﴾ یعنی مکر کیا کافروں نے کہ مسیح کو صلیب دینا چاہا اور مکر کیا اللہ نے اور اللہ کا مکر یعنی تدبیر غالب رہی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہ قتل ہوئے اور نہ مصلوب ہوئے بلکہ اللہ نے انھیں اپنی طرف اٹھالیا۔

ناظرین! مکر کے معنی حکیم نورالدین صاحب نے خود یہ کئے ہیں کہ کسی شخص کی بڑی تجویز کو اس پر الٹ دینے کا نام مکر ہے۔ دیکھو کتاب نورالدین صفحہ ۲۴ پر لکھتے ہیں: ''مفردات راغب کی مستند لغت میں لفظ مکر کے نیچے لکھا ہے۔ اس جگہ **المکر صرف الغیر عما یقصد بحیلة** یعنی مخالف کے مقاصد کو تدبیر سے روک دینا۔ (۲) ابن الاثیر جس نے لغت قرآن وحدیث پر کتاب لکھی ہے۔ ﴿مَکَرَ اللّٰهُ﴾ **"ایقاع بلائه باعدآئه دون اولیاء"** یعنی مکر کے معنی ہیں مخالفان الٰہی پر عذاب ڈالنا اور مقربوں کو عذاب سے بچانا۔

ناظرین! اب مطلع بالکل صاف ہوگیا کہ مرزا صاحب کے خلیفہ نے خود مان لیا کہ مکر کرنے والے کا مکر اس پر ڈالنا اور مقربان الٰہی کو عذاب سے بچانے کا نام مکر ہے۔ پس خدا تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جو مقرب الٰہی تھا، صلیب کے عذابوں سے بچالیا اور مخالفین

یہود میں سے یہودا کو جس نے تیس روپے رشوت لیکر فریب سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پکڑوایا تھا، اسکا فریب اسی پر اُلٹ دیا اور صلیب کے عذاب جو اس نے حضرت مسیح کے واسطے تجویز کئے تھے اسی کو وہ عذاب دلوائے اور حضرت عیسیٰ کو حسب وعدہ و پیشگوئی عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر اٹھالیا اور اپنی قدرت کاملہ اور خیر اً ماکرین کا ثبوت دیا کہ اپنے خاص کرشمہ قدرت سے حضرت مسیح کو عذابوں سے بچایا۔ کیونکہ حکیم صاحب مان چکے ہیں کہ خدا اپنے مقربوں کو عذاب سے بچالیتا ہے۔ اور سچ بھی ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے خاص بندوں و رسولوں کی عزت کا خود نگہبان رہتا ہے۔ اور دشمنوں کے عذاب سے انکی حفاظت کرتا ہے۔ جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کی تھی۔ حضرت یونس و حضرت نوح علیہم السلام کی کی تھی۔ پس جس طرح خدا تعالیٰ نے اپنے نبیوں کے جسم اور روح دونوں کی حفاظت کی یعنی حضرت ابراہیم و یونس و نوح علیہم السلام کے جسم کو آگ، مچھلی، پانی سے بچائے نہ رفع روحانی دیا جیسا کہ مرزا صاحب فرماتے ہیں۔ اسی طرح مسیح کے جسم اور روح دونوں کو صلیب سے بچایا اور کافروں کا فریب انہیں پر الٹ دیا اور اپنی لامحدود طاقت کا ثبوت دیا۔ اور جس خدا نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر آگ سرد کردی وہی خدا کرۂ زمہریر مسیح پر گرم کر کے اسکو آسمان پر لے گیا۔ اب ﴿وَمَكَرَ اللّٰهُ ط وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ﴾ کے معنوں اور تفسیر سے ثابت ہوگیا کہ مسیح صلیب پر نہیں چڑھایا گیا بلکہ اسکا ہمشکل جس نے فریب سے مسیح کو پکڑوایا تھا اسی پر خدا نے اسکی تجویز کو الٹ دیا اور مسیح کو عذابوں سے محفوظ رکھ کر آسمان پر لے گیا۔ جیسا کہ قرآن میں ﴿شُبِّهَ لَهُمْ﴾ سے ظاہر ہے۔ اور وہ قادر ہے ہر بات پر، اس کے آگے کوئی بات اَن ہونی نہیں۔ اب مرزا صاحب کی تصنیف کردہ تمام داستان کہ مسیح صلیب سے بچ کر زخمی پاؤں سے ستر میل چلا گیا، فلاں فلاں راستہ کشمیر پہنچ کر ۸۷ برس کے بعد فوت ہوا، ردّی

گئی۔اس امر پر ہم مفصل بحث کرینگے اس وقت صرف اصل حقیقت جو مرزائیوں کے خلیفہ کے منہ سے نکل آئی جس سے ثابت ہو گیا کہ مسیح نہ مصلوب ہوا اور نہ اسکو عذاب دیئے گئے۔ کیونکہ مقرب الٰہی تھا اور مقرب معذب نہیں ہوسکتا۔ پس مرزا صاحب کی تمام بہار دانش والف لیلہ، انجیل وقرآن کے مقابلہ میں اور ان صحیح حدیثوں کے مقابلہ میں جو حضرت نے فرمایا کہ وہی عیسیٰ ابن مریم نبی اللہ جسکے اور میرے درمیان کوئی نبی نہیں۔اور نہ وہ فوت ہوا ہے۔اس امت میں دمشق کی ولایت میں نزول فرمائے گا نہ کہ اسکا کوئی مثل پنجاب قادیان میں ہوگا، میں کچھ وقعت رکھتی ہے۔آسمانی کتابیں جس مسئلہ میں اتفاق کریں یعنی ایک انجیل اور قرآن اور حدیث واجماع امت اسکی تصدیق کرے اور تمام مفسرین کا اتفاق ہو تو ایک شخص امتی جو کہ اہل زبان بھی نہ ہو تمام سلف کے برخلاف اپنی رائے سے تھیوری قائم کرلے۔ہرگز ہرگز تسلیم کرنے کے لائق نہیں۔یعنی من گھڑت داستان نہیں مانی جاسکتی۔

(باقی آئندہ)

رسالہ نمبر ۷

مرزائی صاحبان کے ہینڈ بل نمبر ۱۲

کا جواب

منجانب

انجمن الاسلام تائید لاہور

(گذشتہ سے پیوستہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم جب یہ کہا جائے کہ وہی عیسیٰ ابن مریم نبی اللہ جس کے اور محمد ﷺ کے درمیان کوئی نبی نہیں اور حدیث میں ہے کہ ''ان عیسٰی لم یمت وانہ راجع الیکم'' آیا ہے۔ یعنی ''عیسیٰ علیہ السلام مرے نہیں اور وہ تمہاری طرف واپس آنے والے ہیں''۔ آئے گا تو اسکا شرعی جواب کسی آیت اور حدیث سے جس کے یہ معنی ہوں کہ عیسیٰ علیہ السلام مر گئے ہیں اور انھوں نے نہیں آنا، اس کے عوض کوئی اور شخص بروزی رنگ میں آئے گا، نہیں دے سکتے۔ کیونکہ ایسی کوئی آیت وحدیث نہیں۔ تو تمسخر کے طور پر یہ اعتراض کیا کرتے ہیں کہ اس کی کیا ضرورت ہے کہ ایک پرانا نبی اس امت کی اصلاح کے واسطے آئے اور اس میں امت مرحومہ کی ہتک ہے کہ اس میں کوئی لائق نہیں کہ امت کی

اصلاح کرے جس کا جواب حسبِ ذیل ہے۔

اول: یہ بالکل غلط اور بے سند من گھڑت بات بنالی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام امت محمدی ﷺ کی اصلاح کے واسطے آئیں گے۔ حدیث میں تو لکھا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نازل ہو کر صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو ماریں گے اور دجال کو قتل کریں گے وغیرہ وغیرہ۔ حدیث یہ ہے:

عن أبی هريرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ والله لينزلنَّ ابنُ مريم حكمًا عادلاً فلَيَكسرنَّ الصليبَ ولَيَقْتلنَّ الخنزيرَ ولَيَضعنَّ الجزيةَ ولَتُترَكنَّ القلاصُ فلا يُسعى عليها ولَتذهَبنَّ الشحنآءُ والتباغضُ والتحاسدُ ولَيَدْعُوَنَّ الى المالِ فلا يَقْبَلُهُ أحدٌ. (رواه مسلم) **وفی روايته لهما قال كيف انتم اذا نزل ابنُ مريم فيكم وامامكم منكم.**

ترجمہ: ’’روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا رسول خدا ﷺ نے۔ قسم خدا کی البتہ اتریں گے عیسیٰ بیٹے مریم کے اس حال میں کہ حاکم عادل ہونگے۔ پس توڑیں گے صلیب اور قتل کریں گے سور کو اور رکھ دینگے جزیہ اہل ذمہ سے اور چھوڑ دیں گے اونٹنیاں جوان۔ پس نہیں کی جائے گی سواری اور کام طلب حاجات ان پر۔ البتہ جاتا رہے گا لوگوں میں سے کینہ بغض اور حسد اور البتہ بلائیں گے عیسیٰ علیہ السلام لوگوں کو طرف قبول کرنے مال کے۔ پس نہیں قبول کرے گا کوئی۔ اور ایک روایت مسلم و بخاری میں آیا ہے کہ فرمایا آنحضرت ﷺ نے کیا ہوگا حال تمہارا جس وقت اتریں گے عیسیٰ بیٹے مریم کے درمیان تمہارے اور امام تمہارا تم میں سے یعنی امام مہدی‘‘

ناظرین! ہم نے ۱۳ حدیثیں اسی مضمون پر کہ عیسیٰ علیہ السلام اصالتاً اتریں گے، اس انجمن

کے رسالہ نمبر۳ میں لکھی ہیں وہاں سے ملاحظہ فرمائیں۔ یہاں صرف عیسیٰ علیہ السلام کا کام یا فرض جو کہ وہ بعد نزول کریں گے بتانا مقصود تھا سو آپ لوگ سمجھ گئے ہوں گے۔ حدیث میں تو عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کی علت غائی کسر صلیب ہے۔ یعنی عیسائیت کا مٹانا جو کہ مرزا صاحب سے نہ ہوسکا۔ یہ کہیں بھی نہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام امت محمدی ﷺ کی اصلاح کے واسطے آئینگے۔

مرزا صاحب خود اپنی کتاب ''ایام صلح'' کے صفحہ ۱۳۶ سطر ۱۸ میں قبول کرتے ہیں، وھو ھذا:

''اس پر اتفاق ہوگیا ہے کہ مسیح کے نزول کے وقت اسلام دنیا پر پھیل جائے گا اور ملل باطلہ ہلاک ہوجائیں گے اور راست بازی ترقی کرے گی''۔

ناظرین! اب مرزائیوں کے مرشد نے ہی تردید کردی کہ عیسیٰ علیہ السلام امت محمدی ﷺ کی اصلاح کے واسطے نہیں بلکہ ملل باطلہ کے مٹانے کے واسطے آئینگے اور یہی مقصود تھا **الحمدللہ!**

اب یہ دیکھنا ہے کہ مرزا صاحب کے وقت اور انکے دعویٰ سے ملل باطلہ ہلاک ہوئے یا انکی ترقی ہوئی۔ اگر ملل باطلہ عیسائیت و یہودیت ہلاک ہوئے تو مرزا صاحب سچے ورنہ ان کے اپنے معیار سے وہ جھوٹے۔ یہ کسی جگہ نہیں ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام مسلمانوں کو جو ۱۳سو برس سے جو عقائد رکھتے چلے آئے ہیں ہٹا کر عیسائی یا نیچری یا دہریہ و فلسفی بنانے کے واسطے بیعت لیں گے اور جو ان کی بیعت نہ کرے گا اس کو نجات نہ ہوگی چاہے شریعت محمدی ﷺ پر عمل کرے اور قرآن و حدیث پر چلے اور ارکان اسلام پورے پورے ادا کرے۔ بلکہ حدیثوں میں تو صاف صاف آیا ہے کہ شریعت محمدی ﷺ کو رواج دیں گے اور عیسائیت

و یہودیت کو مٹائیں گے۔

مرزا صاحب کے وقت سے جب کہ انھوں نے دعویٰ مسیحیت کیا تب سے اسلام کا زوال ترقی پذیر ہوا۔ جس پر بلا خوف تردید۔۔۔۔ دوست و دشمن کو اتفاق ہے کہ کئی ملک اسلامی سلطنت سے جن پر اسلامی جھنڈے لہراتے تھے نکل گئے اور صلیب کے جھنڈے نصب ہوئے۔ اور جن جن مقدس مقامات سے اللہ اکبر کی صدا بلند ہوتی تھی وہاں سے گرجوں کے گھڑیالوں کی آواز آتی ہے بجائے اسلامی تعلیم توحید کے صلیبی مذہب کی مشرکانہ تعلیم کی اشاعت ہوئی اور ہزار ہا مسلمان جبراً عیسائی بنائے جن کی تفصیل لکھتے ہوئے کلیجہ منہ کو آتا ہے اور اخبار پڑھنے والوں کو معلوم ہے مگر میں اس جگہ صرف ناظرین کی واقفیت کے لئے اخبار وکیل و زمیندار کا خلاصہ درج کرتا ہوں۔

حال خود گویم اگر تاب شنیدن داری　　　سینہ بشگافم اگر طاقت دیدن داری

لو جگر تھام کے سنو! یہ بتایا گیا ہے کہ پطرس، مولک، مرحصار سرمترا عثمان جی وغیرہ کے مسلمان باشندوں کو عیسائی مذہب قبول کرنے پر مجبور کیا گیا اور اس مدعا کے لئے انہیں شرمناک سزائیں دی گئیں۔ بلغاریوں نے ولایت سالونیکا کی نصف آبادی کو جس کی تعداد ۵۵ ہزار کے قریب تھی تہ تیغ کیا اور صرف ان لوگوں کو زندہ چھوڑا جنھوں نے عیسائی مذہب اختیار کرلیا۔ (ماخوذ از رسالہ انجمن حمایت اسلام، بابت ماہ فروری ۱۹۱۳ء)

صوبہ تھریس و مقدونیہ میں ڈھائی لاکھ مسلمانوں کو بلغاریوں نے طرح طرح کے جان فرسا عذاب دے کر ہلاک کیا۔ (اخبار زمیندار، مورخہ ۸؍ستمبر ۱۹۱۳ء، صفحہ ۲ زیر عنوان ''ارطغرل کا پیغام)

پہلے شخصی سلطنت کے وقت کے صوبے اسلامی سلطنت سے نکل کر صلیبی سلطنتوں میں شامل و ملحق ہو چکے تھے۔ پھر مراکو گیا ایران کا خاتمہ ہوا، متبرک خانقاہیں اور مقابر گرائے

گئے، مجتہد شہید کئے گئے۔ طرابلس میں وہ وحشیانہ مظالم عرب مسلمانوں پر اٹلی والوں یعنی صلیب پرستوں نے روا رکھے کہ سنکر رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ ان اتحادیوں نے تو کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا ماننے والوں کو فتح پر فتح ہوتی گئی۔ چنانچہ تمام یورپ اسلامی خلافت کے دارالخلافہ کے حصے بخرے کرنے پر تلا ہوا ہے۔ اب جس کے دماغ میں عقل ہے وہ فوراً نتیجہ پر پہنچ جائے گا بشرطیکہ تعصب و پیر پرستی کا جن اس پر سوار نہ ہو کہ مرزا صاحب وہ مسیح موعود نہیں تھے جن کے آنے کی خبر مخبر صادق محمد رسول اللہ ﷺ نے دی تھی کہ مسیح موعود کے آنے سے اسلام کی بہتری کے دن آئیں گے اور چاروں طرف سے اسلام کو فتح ہوگی اور ملل باطلہ ہلاک ہونگے اور مسیح موعود کسر صلیب کرے گا یعنی عیسائیت کو مٹائے گا۔ اگر مسلمان عقل خداداد کو کام میں لائیں اور ایمان کی آنکھ سے دیکھیں تو انکو روز روشن کی طرح ثابت ہو جائے گا کہ خدا تعالیٰ نے اپنے فعل سے ثابت کر دیا ہے کہ مرزا صاحب وہ مسیح موعود نہیں جس کے قدوم اسلام کے حق میں برکت و ترقی کا باعث ہونے تھے۔ بلکہ اب خدا نے مرزا صاحب کے قدوم کی نحوست اسلام کے حق میں چاروں طرف سے ثابت کر کے مرزا صاحب کی تکذیب کر دی۔ کوئی مرزائی بتا سکتا ہے کہ مرزا صاحب کے دعوے کے دن سے لے کر مرنے تک یا آج تک کیا عیسائیت میں کمی و تنزل ہوا اور اسلام میں ترقی و برکت ہوئی، ہرگز اسلام میں کوئی ترقی نہیں ہوئی بلکہ تنزل ہوا جیسا کہ اوپر گذرا کہ لاکھوں مسلمان عیسائی ہو گئے۔ جس سے صاف ظاہر ہے کہ کسر اسلام ہوا نہ کہ کسر صلیب اور مسیح موعود نے کسر صلیب کرنا تھا۔ پس ثابت ہوا کہ مرزا صاحب موعود نہ تھے۔

دوم: قرآن شریف میں خدا تعالیٰ مسیح کی ڈیوٹی یا فرض بھی کسر صلیب ہی فرماتا ہے:

﴿وَاِنۡ مِّنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤۡمِنَنَّ بِهٖ قَبۡلَ مَوۡتِهٖ﴾ یعنی ’’کوئی اہل کتاب میں نہ ہوگا جو اپنی موت یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے پہلے ایمان نہ لائے گا‘‘۔

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ مسیح موعود کے وقت یہود ونصاری ایمان لائیں گے یا دوسرے لفظوں میں مسیح کا فرض یہ ہوگا کہ یہود ونصاری کو ایماندار بنائیں گے نہ کہ مسلمانوں کو جو پہلے ہی سے خدا تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک، محمد ﷺ کو رسول برحق یقین کرتے اور شریعت محمدی ﷺ کو ذریعہ نجات، ایمان رکھتے ہیں۔ نماز، روزہ، حج، زکوۃ تمام ارکان اسلام ادا کرتے ہیں، ان کو اپنا خالق زمین وآسمان تعلیم دے گا اور اپنے آپ کو خدا کا بیٹا کہلائے گا۔ اور تصویر پرستی مسلمانوں کو سکھائے گا۔ اور مسلمانوں میں تفرقہ ڈال کر میاں بیوی سے اور باپ کو بیٹے سے جدا کرے گا۔ اور اپنی جماعت بنائے گا اور مرزائیوں کو مسلمانوں کے ساتھ نماز پڑھنے سے روک کر ترک واجب کا باعث ہوگا۔ مسلمانوں کی اصلاح کوئی کیا کرسکتا ہے قرآن اور حدیث اور شریعت محمدی ﷺ میں سب کچھ آچکا ہے اور ﴿اَكۡمَلۡتُ لَكُمۡ دِيۡنَكُمۡ﴾ کی مہر سے ایسی تکمیل ہوگئی کہ کسی زیادتی وکمی کی ضرورت نہیں۔ اگر کوئی مصلح امت کے واسطے آئے اور اصلاح کا دعویٰ کرے اور قرآن وحدیث کے برخلاف تعلیم دے تو ہرگز ماننے کے قابل نہیں۔ اور اگر وہی تعلیم دیگا جو کہ آگے موجود ہے تو پھر فضول ہے۔ ہاں جو امور بدعی مرور ایام سے شریعت محمدی ﷺ میں بطور رسم مل جائیں اور شریعت میں اسکی کوئی سند نہ ہو تو علمائے دین میں سے ایک برگزیدہ عالم ہر صدی پر بطور مجدد مانا جاتا ہے جو خاص دین کے مسائل کو بدعی رسوم سے الگ کردے اور اسکا فضل وعلم و ناقد احادیث ہونا اور عالم علوم ہونا علمائے وقت تسلیم کریں نہ کہ علماء اس کو کفر کے فتوے دیں اور وہ یعنی مدعی مجدد ونبوت کا دعویٰ کرے اور فرائض اسلام کو منسوخ بتائے اور مسلمانوں کو

بے عزتی و بے حرمتی کی تعلیم دے۔ جیسا کہ مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ ”میرے مریدوں کو جب سے وہ بیعت کرتے ہیں یقین کرنا ہوتا ہے کہ جہاد اس زمانہ میں حرام ہے“۔ گویا مرزا صاحب صرف ہندوستان کو ہی تمام دنیا جانتے ہیں۔ ایسا شخص مذہب اسلام کے کسی عہدہ کے پانے کا اہل نہیں جو خود رائے ہو، قرآن کے احکام کے مقابل اپنے عقلی ڈھکوسلے لگائے اور دن رات مبالغہ اور استعارات اور تاویلات بعید از اسناد شرعی اپنے رائے سے لکھتا جائے جس میں ایک سطر بھی سچ نہ ہو اور پھر اس کا نام وحی رکھے اور امت محمدی ﷺ کو اگر اسکی بیعت نہ کرے اور اپنا مال قادیان کی نذر نہ کرے تو اس کو نجات ہرگز نہ ہوگی چاہے قرآن کی پیروی کرے اور محمد ﷺ کی راہ چلے۔

سوم: یہ کلیہ قاعدہ ہے کہ جس قدر جلدی پیشوا اور پیر کی بات قبول کی جاتی ہے دوسرے غیر کی نہیں کی جاتی۔ چونکہ یہود و نصاری کی اصلاح ارادہ الٰہی میں تھی اس واسطے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اصالتاً معجزہ کے طور پر آسمان سے نزول فرمانا باعث ہدایت اہل کتاب ہوسکتا تھا۔ لہٰذا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہی آنا معقول ہے۔ باقی رہا یہ کہ خدا ایسا نہیں کرسکتا تو وہ مرزائیوں کا خدا ایسا عاجز ہوگا، مسلمانوں کا خدا جس کے ید قدرت میں زمین و آسمان بلکہ کل کائنات ہے اس کے آگے کچھ مشکل نہیں وہ تو ایسا طاقت اور قوت والا ہے کہ جس چیز کا ارادہ کرتا ہے پس حکم کر دیتا ہے اس کو کہ ہو جا اور وہ ہو جاتی ہے۔ اسباب اور فلسفی عقل کا پابند مرزائیوں کا خدا ہے جو نہ مردہ زندہ کرسکتا ہے اور نہ آسمان پر اس کی حکومت ہے کوئی چیز زمین کی آسمان پر نہیں لے جاسکتا اور نہ آسمان کی چیز زمین پر لاسکتا ہے۔ مگر مسلمان ایسا کمزور اور عاجز خدا کو نہیں مانتے، مسلمانوں کا خدا ”عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ“ ہے۔

چہارم: یہ مسلمہ اصول اہل اسلام ہے۔ اور اس پر تمام فرقوں اسلام کا اتفاق ہے کہ

اشرف البشر حضرات انبیاء علیہم السلام ہیں ایک امتی خواہ کیسا ہی اپنے آپ کو خدا رسیدہ اور فنا فی اللہ بتائے اور مکالمہ ومخاطبہ الٰہی کا مدعی ہو انبیاء علیہم السلام کی شان کو نہیں پہنچتا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ باوجود مجمع جمیع کمالات ولایت جسکی شان میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ''انا دار العلم وعلی بابها'' یعنی ''میں علم کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے''۔ بس جس طرح گھر میں بغیر دروازہ کے داخل نہیں ہو سکتے ایسا ہی کوئی شخص بغیر علی کے رسول ﷺ تک نہیں پہنچ سکتا اور بغیر رسول کے خدا تک رسائی نہیں ہوتی۔ جب ایسے عالی شان قرابتی رسول اللہ ﷺ نے جن کے دل شمع نبوت سے دن رات منور ہوتے تھے صاف فرمادیا: ''الا انی لست نبی ولا یوحی الی'' یعنی خبردار ہو جاؤ یعنی غور سے سنو کہ میں نہ نبی ہوں اور نہ میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ حال ہے تو ۱۳سو برس کے بعد ایک پنجابی نبوت اور وحی کا دعویٰ کرے اور متابعت رسول میں بھی کامل نہ ہو جیسا کہ صحابہ کرام۔ صرف لفاظی اور غلط بیانی مبالغہ آمیز عبارت آرائی سے شاعرانہ تحکم سے اپنی نبوت کا ثبوت ایسی بودی دلیل سے دے کہ ہر ایک صدی کے سر پر مجدد ہوتا ہے۔ مسلمان کس طرح مان سکتے ہیں کیونکہ پہلے بھی مجدد ہوتے رہے مگر کسی نے نبوت کا دعویٰ نہ کیا۔ جس سے ثابت ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام کا آنا امت محمدی ﷺ میں اسلام کے واسطے باعث عزت وشرف امت ہے کہ نبی اولوالعزم جس امت کا شریک ہے اور خدمت اسلام کر کے اپنی امت کو بھی امت محمدی ﷺ میں ہونے کیلئے وعظ وپند کرے گا اور اگر نہ مانیں گے تو حسبِ ضرورت بقول سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

اگر پند د ہندش نیاید بکار — درخت خبیث است بخش بر آر

یہی کرے گا۔ جیسا کہ بعض حدیثوں میں قاتلِ دجال ہونا حضرت مسیح کا فرض قرار دیا گیا

ہے اور وہ خونِ دجال اپنے نیزہ کے سر پر لگا ہوا لوگوں کو دکھائیں گے۔

یہاں مرزا صاحب اور ان کے مرید ایک یہ اعتراض کیا کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کیا قصور ہے کہ اس کو نبوت سے معطل کر کے امت بنایا جائے؟ جس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اپنی دعا تھی کہ مجھ کو اے خدا امت محمدی ﷺ میں کر۔ چنانچہ ان کے الفاظِ دعا یہ ہیں: ''اے رب بخشش والے اور رحمت میں غنی۔ تو اپنے خادم (عیسیٰ) کو قیامت کے دن اپنے رسول کی امت میں ہونا نصیب فرما''۔

(دیکھو انجیل برنباس، فصل ۲۱۲ ص ۲۹۴)

اس حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعا سے دو تین امر ثابت ہوتے ہیں:

اول: شان محمد ﷺ کہ جس کی امت میں ہونا عیسیٰ علیہ السلام جیسے اولوالعزم پیغمبر اپنا فخر جانتے ہیں۔

دوم: خدا نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو معطل نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنی خواہش سے خدمت اسلام کیلئے تشریف لائیں گے۔

سوم: حدیث میں ہے کہ وہ نبی اللہ ہونگے اس سے نبوت سے معطل ہونا ہرگز مفہوم نہیں ہوتا۔ اگر ایک ڈپٹی کمشنر خاص ڈیوٹی پر لگایا جاتا ہے تو وہ ہرگز معطل نہیں ہوتا۔ ایسا ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اگر خاص ڈیوٹی پر آئیں گے تو اپنی نبوت سے معطل نہ ہونگے۔ چنانچہ مسلمانوں کے علماء و فقہاء و صوفیاء پکار پکار کر کہہ رہے ہیں کہ حضرت عیسیٰ نبی ہی آئیں گے اور امام مہدی ان کو نبی اللہ پکار کر کہیں گے ''جماعت کراؤ''۔ پس معطل کا اعتراض فضول اور باطل ہے۔

(باقی آئندہ)

مرزائی صاحبان کے ہینڈ بل نمبر۱۲ کا جواب

ناظرین! اب مرزائیوں کے ہنڈ بل نمبر۱۲ کا جواب دیا جاتا ہے۔**وھو ھذا:**

اول: تو اس ہینڈ بل میں مرزا صاحب کے مہدی ہونے کا ثبوت پیش کیا ہے جو کہ بالکل خلاف فن مناظرہ ہے۔ کیونکہ مرزا صاحب کا دعویٰ مسیح موعود ہونے کا ہے اور جب تک مرزا صاحب اور ان کے مرید یہ ثابت نہ کرلیں کہ مسیح موعود، مہدی، مجدد، رجل فارسی، امام زمان، کرشن، مامور من اللہ نبی اور رسول کا مجموعہ ایک شخص ہوسکتا ہے تب تک ان کی سب سندیں اور حدیثیں اور اقوال لاحاصل اور فضول ہیں کیونکہ جب بنائے دعویٰ ہی درست نہیں تو بقول ؎

خشت اول چوں نہد معمار کج تا ثریا مے رود دیوار کج

جب پہلی اینٹ ہی معمار ٹیڑھی رکھ دے تو چاہے آسمان تک دیوار لیجائے وہ دیوار ٹیڑھی ہوگی۔ پس جب بنائے دعویٰ درست نہ ہوگا تو سب کا معقول جواب یہی ہوگا کہ ثبوت متعلق دعویٰ نہیں۔ بھلا کوئی خدا اور رسول کو حاضر و ناظر جان کر بتائے کہ یہ بحث درست ہے کہ جب کہا جائے کہ مہدی اور مسیح کے علامات الگ ہیں اور جائے نزول وخروج الگ الگ۔ حضرت مسیح کے واسطے نزول کا لفظ ہے اور مہدی کے واسطے خروج کا۔ مسیح کا جائے نزول دمشق ہے اور مہدی کا کرعہ علاقہ خراسان میں۔ تو جواب ملتا ہے کہ امام زمان کی بیعت ضروری ہے اور ہر صدی کے سر پر مجدد آیا کرتا ہے۔ حضرت مرزا صاحب چودھویں صدی کے مجدد ہیں۔ جب مجدد کی بحث کریں تو کسوف خسوف کا ثبوت دے رہے ہیں۔ یہ وہی مثل ہے کہ پھوٹی آنکھ اور باندھو گھٹنا۔ یہ صرف گورکھ دھندا بنایا ہوا ہے اور بہت باتیں کرکے لوگوں کو گمراہ کررہے ہیں۔ کوئی پوچھے کہاں کرشن، کہاں عیسیٰ علیہ السلام۔ کہاں مجدد، کہاں امام

زمان۔ بھاگنے والے کی طرح جس جگہ پناہ ملتی نظر آئی وہیں گھس گئے۔ یہ ایمانداری نہیں۔ اب ہم خود مسیح موعود اور امام کا فرق بتاتے ہیں۔ اگر مرزائیوں کے کچھ پلے ہے تو مسیح موعود اور مہدی ایک ہی شخص ثابت کریں۔ آگے پھر بحث ہوگی کہ وہ مہدی ہوسکتا ہے یا مسیح۔ پہلے اصول درست کرنا چاہیے۔ کیونکہ دعویٰ جھوٹا بھی ہوتا ہے اور سچا بھی۔ خاص کر ایسی حالت میں جبکہ اسی مخبر صادق نے جس نے مسیح موعود کی خبر دی ہے اسی نے تیس (۳۰) کاذبوں کی بھی خبر دی ہے۔ جسکا ثبوت مرزا صاحب نے خود دعویٰ نبوت کر کے اپنے آپ کو کاذب ثابت کیا ہے۔ کیونکہ حدیث میں ہے کہ میری امت ہو کر نبوت کا دعویٰ کریں گے۔ حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ ”سیکون فی امتی کذابون ثلاثون کلهم یزعم انه نبی الله وانا خاتم النبیین لانبی بعدی“

ترجمہ: ”تحقیق شان یہ ہے کہ ہونگے میری امت میں سے تیس جھوٹے۔ سب گمان کریں گے کہ وہ نبی اللہ کے ہیں حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں۔ نہیں کوئی نبی پیچھے میرے“۔

یہ بالکل غلط اور دھوکہ ہے کہ اس زمانہ میں جس کے علامات بیان کئے جاتے ہیں اس میں صرف مرزا صاحب نے ہی دعویٰ کیا ہے۔ ہم بتاتے ہیں کہ مرزا صاحب کے ساتھ اور چار بھی مدعی مہدیت ہیں۔

۱...... **مهدی سودانی**: جس پر ہزاروں بلکہ لاکھوں مریدوں نے جانیں دیں۔ مرزا صاحب تو جان عزیز کر کے گھر سے نہ نکلے اور سیف کا نام قلم رکھ کر شہیدوں میں داخل ہوئے۔

۲...... **شیخ سنوسی**: اس نے بھی اسلام کی آڑے وقت میں خدمت کی اور لاکھوں مرید اس کے کام آئے اور ابتک آرہے ہیں اور حمیت اسلامی وغیرت ملکی وقومی کی داد دے رہے ہیں اور طرابلس کا ملک دشمنوں کے ہاتھ سے بچایا ہوا ہے۔

۳...... **مہدی شمالی لینڈ**: وہ بھی مدعی مہدیت ہے اور کبھی کبھی ہاتھ دکھاتا ہے۔

۴...... مدعی مسیحیت و مہدی جاوا ہے۔

اب غور طلب امر یہ ہے کہ پانچ دعویدار تو سچے نہیں ہو سکتے۔ ان میں سے ایک ہوگا مگر فی الحال تو بحث اس میں ہے کہ مہدی اور مسیح ایک ہی شخص ہے یا الگ الگ۔

اول نام الگ، باپ کا نام الگ، حسب نسب علیحدہ، جائے نزول الگ، فرائض منصبی الگ۔ جب سب باتیں الگ اور اقوال علماء وفضلاء ومتصوفین سے ثابت ہوں تو پھر جھگڑا کرنا نشان ایمان نہیں۔ مہدی کا نام محمد ولد عبداللہ۔ نسب فاطمی حسنی۔ جائے خروج کرعہ علاقہ خراسان۔ مسیح موعود کا نام عیسیٰ بن مریم یعنی بغیر باپ نبی اللہ ناصری۔ کاسرِ صلیب وقاتلِ دجال۔ جائے نزول دمشق ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھ کر امام مہدی پیچھے ہٹنا چاہیں گے کہ آپ نبی اللہ ہیں امامت کرائیں، تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے نہیں تم سب آپس میں امام ہو۔ ایک روایت یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے کہ میں جماعت اس واسطے نہیں کراتا تا کہ میری امت کو یہ گمان نہ ہو کہ میں شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا ناسخ ہوں۔

اس حدیث سے تین امور ثابت ہو گئے:

اول: عیسیٰ اور مہدی کا الگ الگ ہونا۔ کیونکہ اگر عیسیٰ الگ نہیں تو پھر امام مہدی کس کو امامت کے واسطے کہتے اور کس کی خاطر پیچھے ہٹنا چاہتے اور کس کو کہتے کہ آپ نبی اللہ ہیں۔

دوم: مرزا صاحب نے جو ''امامکم منکم'' کے معنی ''حضرت عیسیٰ ہے'' کئے ہیں غلط ہیں۔ کیونکہ اگر عیسیٰ ہی مہدی ہوتے تو پھر امامت سے بدیں الفاظ انکار کیوں کرتے کہ میری امت کو گمان نہ ہو کہ میں ناسخ شریعت محمدی ہوں۔ مرزا صاحب کے غلط معنی تو لفظ

"فی" جو حرف ظرف ہے اور لفظ "من" جو حرف استثناء ہے جو الگ الگ معنی رکھتے ہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہے یعنی عیسیٰ اترے گا تمہارے بیچ اور تمہارا امام تم میں سے یعنی اہل عرب میں سے امام مہدی۔ پس ثابت ہوا کہ عیسیٰ اور مہدی الگ الگ ہیں۔ ورنہ "امامکم منکم" نہ ہوتا بلکہ "ھو امامکم" ہوتا۔ "من" کا لفظ صاف صاف بتا رہا ہے کہ امام عرب میں سے ہوگا۔

سوم: حدیث شریف میں ہے کہ کیونکر گمراہ ہوگی وہ امت جن کے پہلے میں ہوں اور درمیان میں مہدی اور اخیر میں عیسیٰ۔ اس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ عیسیٰ اور مہدی الگ الگ ہیں۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے جب ابن صیاد کی بابت سنا کہ اس میں علامات دجال کی پائی جاتی ہیں اور خود حضرت محمد ﷺ اور عمر رضی اللہ عنہ اس کے دیکھنے کو تشریف لے گئے اور اکثر علامتیں جیسا کہ آنکھ سے کانا ہونا یعنی ابھرا ہوا آنکھ کا ڈھیلا اور رنگت وغیرہ۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو قتل کرنا چاہا۔ مگر محمد ﷺ نے بدیں الفاظ منع فرمایا کہ دجال کا قاتل تو نہیں اس کا قاتل تو عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم ہے جو بعد نزول دجال کو قتل کرے گا۔

اس حدیث سے چند امور کا ثبوت ملتا ہے:

اول: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اصالتاً آنا۔ کیونکہ حضرت محمد ﷺ نے شب معراج میں عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ میں حربہ دیکھا تھا اور قیامت کے سوال میں عیسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ قیامت کی تو مجھ کو بھی خبر نہیں مگر یہ حربہ مجھ کو خدا نے دیا ہوا ہے جس سے میں بعد نزول دجال کو قتل کروں گا۔

دوم: دجال شخص واحد ہے اور یہ جو مرزا صاحب اور ان کے مرید کہتے ہیں کہ دجال انگریز

قوم و پادری ہیں، سراسر غلط ہے۔ کیونکہ محمد ﷺ کے وقت پادری و عیسائی تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے صاحب فراست صحابی نہ سمجھے تھے اگر دجال شخص واحد نہ ہوتا تو حضرت محمد ﷺ اور عمر رضی اللہ عنہ اس کے دیکھنے کو نہ جاتے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو قتل نہ کرنا چاہتے۔ پس ثابت ہوا کہ دجال شخص واحد ہے اور مہدی اور عیسیٰ بھی الگ الگ ہیں اور یہ اعتقاد باطل اور کفر ہے کہ حضرت محمد ﷺ کو حقیقت دجال و مسیح موعود معلوم نہ تھی اور پیشگوئی کے سمجھنے میں انھوں نے خطا کی۔ کیونکہ خطا کار اور غلط کار لائق نبوت نہیں۔ **افسوس!** مرزا صاحب اپنی غلط پیشگوئیوں کی خاطر محمد ﷺ کو بھی غلطی کھانے والا اور خطاء کار کہتے ہیں جو کہ سراسر کفر ہے۔

دیکھو ازالہ اوہام، صفحہ ۱۴۱: ''اب سمجھنا چاہیے کہ جب کہ پیش گوئیوں کے سمجھنے کے بارے میں خود انبیاء سے امکان غلطی ہے تو پھر امت کا کورانہ اتفاق کیا چیز ہے''۔

ناظرین! اس جگہ مرزا صاحب اجماع امت تو مان گئے کہ عیسیٰ ابن مریم کے نزول اصالتاً پر اجماع امت ہے مگر اس کو کورانہ فرما کر ردّ کر کے اپنے قیاس کو مقدم رکھتے ہیں۔ مگر خدا کے واسطے کوئی یہ تو سمجھائے کہ جب پیشگوئیاں کے سمجھنے میں خود حضرت محمد ﷺ جن پر خدا تعالیٰ نے الہام کیا وہ غلطی کھانے والے ہوئے جو عربی کے ماہر اور اہل زبان تھے تو پھر اس بات کا کیا ثبوت ہے کہ جو مرزا صاحب بخلاف تمام اجماع امت و مفسران اہل زبان ایک پنجابی غیر زبان ہو کر فرماتے ہیں درست ہے جو کہ خود بھی مطمئن نہیں اور کہتا ہے کہ ممکن ہے کہ کسی زمانہ میں کوئی ایسا مسیح بھی آجائے جس پر حدیثوں کے بعض ظاہری نشان صادق آسکیں۔

(دیکھو ازالہ اوہام، صفحہ ۹۸)

پھر اسی کتاب کے صفحہ ۲۹۴ و ۲۹۵ پر لکھتے ہیں:

''میں مانتا ہوں اور بار بار کہتا ہوں کہ ایک کیا دس ہزار سے بھی زیادہ مسیح آسکتا

ہے اور ممکن ہے کہ ظاہر جلال و اقبال کے ساتھ آئے اور ممکن ہے کہ وہ دمشق میں ہی نازل ہو"۔

پس خدا کے واسطے کوئی بتائے کہ ایسے شخص کو حق ہے کہ یہ کہے کہ میں پیشگوئی درست سمجھتا ہوں اور محمد ﷺ نہ سمجھتے تھے۔ حالانکہ خود نہیں سمجھا کیونکہ اگر اس کو اپنے سمجھنے پر یقین کامل ہوتا تو ایسا نہ لکھتا۔

حضرت محی الدین ابن عربی "فتوحات" کے باب ۷۳ میں فرماتے ہیں کہ "عیسیٰ علیہ السلام آخر زمانہ میں اتریں گے اور ولایت مطلقہ کے خاتم ہونگے اور ولایت مقیدہ محمدیہ کے خاتم ایک شخص ملک مغرب سے ہونگے اور وہ خاندان اور ملک دونوں میں اشرف ہونگے یعنی امام مہدی علیہ السلام "۔ پس ثابت ہوا کہ مہدی علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام دو الگ شخص ہونگے۔

ابن عربی "فتوحات" کے باب ۹۳ میں فرماتے ہیں: "جاننا چاہیے کہ امت محمدیہ میں کوئی ایسا شخص نہیں جو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سوا عیسیٰ علیہ السلام کے افضل ہو۔ کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام جب فرود ہونگے تو اسی شریعت محمدی سے حکم کریں گے اور قیامت میں ان کے دو حشر ہونگے۔ ایک حشر انبیاء کے زمرہ میں ہوگا۔ دوسرا حشر اولیاء کے زمرہ میں ہوگا"۔

ناظرین! شیخ اکبر کے کلام سے مفصلہ ذیل امور ثابت ہوئے:

ا...... عیسیٰ علیہ السلام اصالتاً نزول فرمائینگے جیسا کہ انجیل میں ہے۔ دیکھو رسولوں کے اعمال، باب اول، آیت ۹ و ۱۰ و ۱۱: "اور یہ کہہ کے ان کے دیکھتے ہوئے اوپر اٹھایا گیا اور بدلی نے اسے ان کی نظروں سے چھپالیا اور اس کے جاتے ہوئے جب وہ آسمان کی طرف تک رہے تھے دیکھو دو مرد سفید پوشاک پہنے ان کے پاس کھڑے تھے اور کہنے لگے اے جلیلی مردوں! تم کیوں کھڑے آسمان کی طرف دیکھتے ہو یہی یسوع جو تمہارے پاس سے آسمان پر اٹھایا گیا

ہے اسی طرح جس طرح تم نے اسے آسمان کو جاتے دیکھا، پھر آئے گا''۔

۲......کوئی شخص ان کا بروز نہیں آئیگا کیونکہ بروز کا مسئلہ تناسخ کا ہے جو کہ باطل ہے۔ مفصل بحث بروز کی اس انجمن کے رسالہ نمبر۴ میں دیکھو۔

۳......کوئی شخص مدعی نبوت مسیحیت ہو کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے رتبہ کے برابر نہ ہوگا۔ جب وہ نبی نہ ہوئے تو مرزا صاحب کس طرح ہو سکتے ہیں۔

۴......حضرت عیسیٰ علیہ السلام بعد نزول بھی نبی ہونگے صرف کام ماتحت شریعت محمدی ﷺ کرینگے۔

۵......شریعت اسلامی کے پابند ہو کر شریعت عیسوی کو منسوخ کرینگے اور عیسائیت کو مٹا کر کسر صلیب کریں گے۔

۶......حضرت عیسیٰ اور امام مہدی الگ الگ دو شخص ہیں۔ پہلے امام مہدی کا ظہور موضع کرعہ خراسان سے ہوگا۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دمشق سے۔

ناظرین! مرزائیوں نے اس ہینڈ بل میں سخت دھوکہ سے علامات قیامت، قیامت نامہ سے نقل کر کے اپنی دیانت کا ثبوت دیا ہے۔ قیامت نامہ کے علامات قیامت کو علامات ظہورِ مہدی سے کیا تعلق۔ مگر مثل مشہور ہے کہ ڈوبتا ہوا آدمی اور جھوٹا چاروں طرف ہاتھ پاؤں مارتا ہے۔ لہٰذا ہم علامات ظہور مہدی جو حدیثوں میں ہیں اور قاضی سلیمان صاحب نے اپنی تائید الاسلام میں لکھی ہیں، نقل کرتے ہیں تاکہ آپ کو مرزائیوں کی دروغ بیانی اور دھوکہ دہی معلوم ہو جائے۔ وھو ھذا:

امام مہدی کا فرض مفصلہ ذیل فتنوں کا مٹانا ہوگا جو کہ امام کے ظہور سے پہلے برپا ہونگے۔

۱......فتنہ سفیانی ہے۔ یہ ملک شام سے خروج کریگا۔ علی مرتضی سے روایت ہے کہ یہ خالد بن

یزید بن ابی سفیان کی اولاد سے ہوگا۔ بزرگ، سر چیچک رو، آنکھ میں سفید نقطہ، یہ اس کا حلیہ ہے۔ ۳۶۰ سوار اس وقت اس کے ساتھ ہونگے۔ وادی یاس سے نکل کر دمشق میں داخل ہوگا۔ ایک ماہ کے بعد قبیلہ قلب کے تیس ہزار آدمی اس سے آملیں گے۔ اسی زمانہ میں ملک مصر سے ابقع خروج کرے گے اور جزیرہ عرب سے اصہب نکلے گا۔ سفیانی دونوں پر غالب آئے گا۔ ترک وروم سے بمقام قرقیا جنگ میں فتح پائے گا۔ قریش کو قتل کرے گا۔ بغداد میں ایک لاکھ، کوفہ میں ستر ہزار کو تہ تیغ کرے گا۔ ایک لشکر مدینہ منورہ کی جانب روانہ کرے گا سادات میں سے جسے پائے گا قتل کرے گا۔ بنی ہاشم مارے جائیں گے۔ بہت سے لوگوں کو پکڑ کر کوفہ لے جائے گا۔ امام مہدی بھاگ کر مکہ میں آجائیں گے۔ مکہ میں اس سال حج کے موقع پر سات عالم مختلف مقامات سے آئیں گے۔ ہر عالم کے مرید تین سے زیادہ ہوں گے۔ آپس میں کہیں گے کہ ہم اس شخص کی تلاش میں آئے ہیں جس کے ہاتھ سے یہ فتنے دور ہوں۔ قسطنطنیہ فتح ہو۔ ہم اس کا نام اس کے باپ کا نام اس کی ماں کا نام جانتے ہیں۔ یہ مکہ میں امام مہدی کو تلاش کرلیں گے اور کہیں گے کہ تم فلاں بن فلاں ہو۔ فرمائیں گے میں تو انصار میں سے ایک آدمی ہوں۔ علماء پھر واقف کاروں سے تحقیقات کرنے لگیں گے اور امام مہدی مکہ سے مدینہ کو تشریف لے جائیں گے۔ علماء ان کی تلاش میں مدینہ پہنچیں گے۔ امام مہدی مکہ میں تشریف لے آئیں گے۔ تین بار اسی طرح آمد ورفت ہوگی۔ حاکم مدینہ کو (جو سفیانی کا نائب ہوگا) جب یہ معلوم ہوگا کہ لوگ مہدی کی تلاش میں مکہ سے آتے جاتے ہیں تو وہ مکہ پر لشکر کشی کیلئے ایک فوج تیار کرے گا۔ تیسری بار میں یہ عالم امام مہدی کو بیت الحرام میں درمیان رکن اور مقام کے پائیں گے اور ان کو بیعت لینے پر مجبور کریں گے۔ کہیں گے دیکھو سفیانی کا لشکر ہمارے تعاقب میں ہے وہ آتے ہی قتل عام کردینگے اس کا گناہ آپ کے سر ہوگا۔ حضرت امام مہدی نماز عشاء کے وقت رکن اور مقام

کے درمیان بیٹھ کر بیعت لیں گے۔ان کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی تیغ وعلم اور کرتہ ہوگا۔ ان کا ظہور تین سو تیرہ آدمی کے ساتھ ہوگا۔یعنی اصحاب بدر اور اصحاب طالوت کے برابر۔ یہ سب کے سب ابدال شام عصایب عراق بجایب مصر ہونگے۔رات کو عابد دن میں شیر۔ اتنے میں وہ لشکر جو مدینہ سے علماء کے تعاقب میں چلا تھا آپہنچے گا۔لشکر امام کے ساتھ جنگ کر کے شکست پائے گا اور مسلمان ان کا تعاقب کر کے مدینہ کو ان کے قبض وتصرف سے چھڑا لیں گے۔سفیانی کا دوسرا لشکر جو کوفہ سے چلا ہوگا امام مہدی کے ساتھ جنگ کرنے آئیگا جو زمین بے داد میں پہنچے گا تمام لشکر زمین میں دھنس جائیگا۔صرف ایک شخص بچے گا وہ سفیانی کو یہ خبر جا کر سنائے گا۔

۲...... ماوراء النہر سے ایک شخص نکلے گا اس کو حارث کہیں گے۔ وہ کھیتی والا ہوگا۔اس کے مقدمہ لشکر پر ایک شخص ہوگا جس کا لقب منصور ہوگا وہ آل محمد ﷺ کو جگہ دے گا جس طرح قریش نے رسول ﷺ کو جگہ دی تھی۔ ہر مسلمان پر اس کی مدد کرنا واجب ہے۔حارث کا لشکر سفیانی کے ساتھ چند لڑائیاں کریگا۔ایک تونس میں دوسری دورابری میں۔تیسری تخوم رنج میں۔(مرزا صاحب حارث تو بن گئے مگر یہ جنگ بھی کئے ہوتے)

(باقی آئندہ)

رسالہ نمبر ۸

چونکہ مرزائی صاحبان کے ہینڈ بل اس مہینے کا اب تک نہیں نکلا

اس لئے ”لا مھدی الا عیسی پر مدلل بحث کی گئی ہے۔

منجانب

(گذشتہ سے پیوستہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول باعث برکت وترقی اسلام وہلاکت ملل باطلہ تھا اور مرزا صاحب خود ”البدر“ مورخہ ۱۹ر جولائی ۱۹۰۲ء میں فرماتے ہیں: ”طالبِ حق کے لئے میں یہ بات پیش کرتا ہوں کہ میرا کام جس کیلئے میں اس میدان میں کھڑا ہوں یہ ہے کہ میں عیسیٰ پرستی کے ستون کو توڑ دوں اور بجائے تثلیث کے توحید کو پھیلا دوں اور آنحضرت ﷺ کی جلالت وعظمت اور شان دنیا پر ظاہر کروں۔ پس اگر مجھ سے کروڑ نشان

بھی ظاہر ہوں اور یہ علت غائی ظہور میں نہ آئے تو میں جھوٹا ہوں۔ پس دنیا مجھ سے کیوں دشمنی کرتی ہے۔ وہ میرے انجام کو کیوں نہیں دیکھتی۔ اگر میں نے اسلام کی حمایت میں وہ کام کردکھایا جو مسیح موعود ومہدی موعود کو کرنا چاہیے تھا تو پھر سچا ہوں۔ اور اگر کچھ نہ ہوا اور مرگیا تو پھر سب گواہ رہیں کہ جھوٹا ہوں۔ والسلام غلام احمد''۔

اب ظاہر ہے کہ مرزا صاحب سے کچھ نہ ہوا اور عیسیٰ پرستوں کا دن بدن زور ہے۔ اور مسلمان لاکھوں کی تعداد میں قتل وغارت ہوئے۔ بے خان و مان ہوئے۔ اسلامی ملک ان سے چھینے گئے۔ اور بجائے توحید کے تثلیث پھیلی۔ اور بجائے ترقی اسلام کے ترقی صلیب ہوئی۔ تو آپ انصاف سے اور خدا تعالیٰ کو حاضر وناظر جان کر بتائیں کہ مرزا صاحب مسیح موعود ہیں یا اسلام کے واسطے ایک نکہت داد بار کا عالم گیر بادل تھے کہ اسلامی دنیا کو برباد کر گئے۔ کچھ تو مسلمان عیسائیوں نے جبراً عیسائی کر لئے۔ اور کچھ مرزا صاحب نے اسلام سے خارج کر کے اسلام کی یہ حمایت کی کہ ۲۳ کروڑ مسلمان جو دنیا پر تھے صرف تین لاکھ بقول مرزائیان ۲۰۰۰۰ بروایت مردم شماری رہ گئے اور ۲۲ کروڑ ۹۷ لاکھ یا اس سے بھی زیادہ مرزا صاحب نے اسلام سے خارج کر کے ان کو کافر کردیا، ان سے قطع و برید کرادیئے۔ کیونکہ مسلمانوں کا بڑا قصور یہ ہے کہ وہ تیرہ سو سال سے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبیین کیوں یقین کرتے آئے ہیں۔ اور مرزا صاحب کو نبی ورسول کیوں نہیں مانتے اور قرآن اور احادیث کے معانی ومطلب مطابق مفسرانِ اہل زبان وصحابہ کرام کیوں مانتے ہیں مرزا صاحب کی ایجاد کردہ تاویلات بعید از علمِ تفسیر وحدیث کیوں نہیں مانتے۔

ناظرین! مرزا صاحب کی اپنی مقرر کردہ معیار سے وہ مسیح موعود ثابت نہ ہوئے۔ اور مر بھی گئے۔ اور ایک کام بھی مسیح موعود کا ان سے نہ ہوا۔ بلکہ بقول ''مارے کو مارے شاہمدار''

مرزا صاحب نے بھی مسلمانوں پر ہی ہاتھ صاف کیا۔ عیسیٰ پرستوں نے نہ مانا، آریوں و برہموں، سکھوں وغیرہ فرقوں نے تو نہ مانا۔ جب مرزا صاحب کو انکی طرف سے ناامیدی ہوئی تو وہی پیری مریدی کی دوکان کھولی اور اپنی خودستائی اور اعجاز نمائی پر کمر باندھی اور اپنی کرامات ونشانات تصنیف کر کے عوام مسلمانوں کو جو علمِ دین سے ناواقف تھے، پھنسایا۔ جو ان کی قید مریدی میں آ گئے ان کو مسلمان رکھا، باقی ۲۲ کروڑ ۹۷-۹۹ لاکھ کو اسلام سے خارج کر دیا۔ اور ایسے کافر قرار دیا کہ ان کا جنازہ بھی نہ پڑھو۔ سبحان اللہ! خدمتِ اسلام ہو تو ایسی اور مسیح موعود ہو تو ایسا۔ جس کے صاف معنی یہ ہیں کہ اگر ایک محمد رسول اللہ ﷺ کے دعویٰ نبوت کو مانو تو تم مسلمان نہیں کافر ہو۔ گویا اب حضرت محمد ﷺ پر ایمان رکھنا اور آپ کو خاتم النبیین سمجھنا کفر ہے۔ جب اس کی دلیل پوچھیں کہ بھائی مرزا صاحب بھی تو اپنے آپ کو امتی محمد رسول اللہ ﷺ کہتے ہیں اور شریعت محمدی پر چلنا ذریعۂ نجات فرماتے ہیں؟ تو جواب ملتا ہے کہ چونکہ مسلمان مولوی ہم کو کافر جانتے ہیں اس لئے وہ خود کافر ہو جاتے ہیں۔ ورنہ ہم کسی کلمہ گو کو کافر نہیں کہتے۔ جب یہ جواب دیا جائے کہ مسلمان مولویوں نے تو آپ کے کلمات شرک وکفر مرزا صاحب کی کتابوں میں دیکھ کر کفر کے فتوے لگائے ہیں: دیکھو "انت منی بمنزلة ولدی. انت منی بمنزلة اولادی. میں رسول ہوں۔ میں نبی ہوں۔ میری طرف دوڑو سچا شفیع میں ہوں" نعوذ باللہ۔ گویا محمد رسول اللہ ﷺ سچے شفیع نہیں وغیرہ وغیرہ۔ "میں نے زمین وآسمان بنائے ہیں۔ اس کے خلق پر قادر تھا۔ میں نے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا کیا" اب بتائیں کہ آپ کے پاس مسلمانوں کی تکفیر کی کیا وجہ ہے۔ پس وجہ ہے کہ مسلمان ایسے ایسے کلمات خلافِ شرع جانتے ہیں اور نہیں مانتے۔ مگر آپ کا منطق یہ ہے کہ چونکہ مسلمان مرزا صاحب کے کلمات خلافِ شرع نہیں مانتے اس

لئے کافر ہیں۔ ناظرین خود غور فرمائیں کہ کون حق پر ہے؟ ایک شخص دوسرے کو کفر کا فتویٰ اس واسطے دیتا ہے کہ تو مشرک ہے اپنے آپ کو خدا کہتا ہے۔ دوسرا اس کو کہتا ہے کہ تو کافر ہے کیونکہ شرک اور کفر اور اپنے آپ کو خدا کیوں نہیں کہتا۔ کیا معقول جواب ہے۔ یہی حال مرزائی صاحبان کا ہے۔ خیر یہ قصہ طول ہے مختصر یہ ہے کہ مرزا صاحب سے نہ کوئی خدمت اسلام ہوئی اور نہ کوئی فرض منصبی مسیح موعود ادا ہوا۔ جیسا کہ واقعات نے اظہر من الشّمس کردیا۔ تو اب مرزا صاحب کے جھوٹے ہونے میں کوئی شک نہ رہا۔ کیونکہ انکی اپنی معیار مقرر کردہ ہے کہ اگر مجھ سے مسیح کے کام نہ ہوں اور مر جاؤں تو جھوٹا ہوں۔ چونکہ وہ مر گئے اور کسر صلیب نہ ہوا تو جھوٹے ہوئے۔ بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو فوت شدہ مان کر اور صلیب پر چڑھا کر اور کاٹھ پر لٹکا کر طرح طرح کے عذابوں سے معذب کہہ کر عیسائیوں کے عقیدہ کفارہ کو مدد دی۔ اور بنائے کفارہ کو مضبوط کیا۔ کیونکہ عیسائی بھی تو یہی دلیل پیش کرتے ہیں کہ خداوند مسیح نے ہماری یعنی امت کی خاطر صلیب کے عذاب سہے اور تکالیف برداشت کیں تاکہ امت کی نجات ہو، پس اس نے ہماری خاطر قربانی اور طرح طرح کے عذابِ صلیب سہہ کر جان دے کر ہماری نجات کا باعث ہوا۔ یہی خدمت عیسائیوں کی مرزا صاحب نے کی کہ مسیح مصلوب ہوا اور مر گیا۔ حالانکہ ۱۳سو برس سے قرآن مجید کے ماننے والے ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾ پر ایمان رکھ کر کفارہ کی بیخ کنی کرتے چلے آتے تھے۔ کیونکہ جب مسیح مصلوب اور مقتول نہ ہوا، نہ اس نے جان دی تو پھر کفارہ کیسا؟ وہ تو امن وامان سے اٹھایا گیا۔ اب ناظرین انصاف فرمائیں کہ مرزا صاحب نے عیسائیت کی مدد کی یا اسلام کی؟ جب عیسائیت کی خدمت کی، ان کے وقت میں اسلام کو کچھ فائدہ نہ پہنچا اور ملل باطلہ بجائے ہلاک، دوگنے چوگنے پھیلے تو پھر مرزا صاحب سچے مسیح نہ ہوئے اور یہی ان کی

معیار سے ثابت ہوا۔

ناظرین! ہم نے پہلے نمبر یعنی رسالہ نمبر۷ میں احادیث صحیحہ اور اقوال متصوفین وغیرہ سے ثابت کیا تھا کہ مہدی علیہ السلام الگ ہے اور عیسیٰ علیہ السلام جس کا نزول حدیثوں میں ہے وہ وہی نبی ناصری جس کے اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے درمیان کوئی نبی نہیں، الگ ہے۔ اور عیسیٰ علیہ السلام کا فرض قتلِ دجال بتایا تھا اور مہدی کا فرض فتنہ سفیانی و بدعت کا قلع وقمع ایسا کہ پھر رسول خدا ﷺ کا زمانہ نظر آئے گا۔ اور اطراف وممالک پر آپ قابض ہونگے وغیرہم کا دور کرنا ثابت کیا تھا۔ اب ہم ناظرین کو وہ حدیث جو ضعیف ہے (اور مرزائی ضد سے اس کو صحیح کہتے جاتے ہیں اور) ضعیف سے بھی کم درجہ کا ہونا بتاتے ہیں تا کہ حق وباطل میں فرق ہو جائے، وہ حدیث یہ ہے: ”لا مهدى الا عيسىٰ ابن مريم“ یعنی نہیں مہدی مگر عیسیٰ بیٹا مریم کا“

ناظرین! میں ایک کلیہ قاعدہ یہاں حق وباطل میں تمیز کرنے کا بتاتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ جب دو مدعیان میں تنازعہ ہو تو تیسرا شخص جو فیصلہ کرے وہ معتبر اور مستند ہوتا ہے۔ اب مرزائی اس حدیث کو صحیح کہتے ہیں۔ اور ہم اس کو ضعیف بلکہ اضعف کہتے ہیں۔ اب طریق انصاف یہ ہے کہ اس زمانہ کے علماء کو چھوڑ کر جو فیصلہ متقدمین، محدثین، مجتہدین ومتصوفین نے کیا ہوا اس کو مانا جائے۔ کیونکہ اگر اس زمانہ کے علماء کو مرزا صاحب سے دشمنی ہے تو جو کئی سو برس پہلے ہو گذرے ہیں اور اس وقت کوئی مرزا صاحب کی طرف سے مدعی بھی نہ تھا، تو ضرور ہے کہ ان کا فیصلہ بمقابلہ فیصلہ مرزا صاحب معتبر ہو۔ کیونکہ ان کی سوائے تحقیق حق کے کوئی غرض نہ تھی۔ اور مرزا صاحب اپنی غرض کی خاطر تنازعہ کرتے ہیں اور ضعیف سند پکڑ کر تمام حدیثوں سے انکار کرتے ہیں۔ جب خود مدعی ہو اور خود قانون اپنے مفید مطلب

وضع کرے تو یہ ہرگز جائز نہیں اور اپنے دعویٰ کے مطابق اپنا ہی الہام پیش کرے، سند نہیں۔ کیا شیخ سعدی سند شرعی کے مقابلہ میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ خدا نے مجھ کو گلستان میں اس امر متنازعہ کی حقیقت میری خواہش نفس کے مطابق کھول دی ہے اور مجھ کو اس پر یقین ہے، تو کیا کوئی عقلمند مان سکتا ہے۔ ایسا ہی مرزا صاحب اپنی مصنفہ کتاب ''براہین احمدیہ'' نص شرعی کے مقابلہ میں پیش نہیں کر سکتے۔ ہر حال غیر متعلق شخص کا فیصلہ منظور کرنا پڑے گا۔ اب سنداً اس حدیث پر متقدمین کا کیا فیصلہ ہے۔ وھو ھذا:

''قال ابن القیم فی المنار: حدیث ''لامھدی الا عیسیٰ ابن مریم'' رواه ابن ماجة من طریق محمد بن خالد الجندی عن ابان بن صالح عن الحسن عن انس بن مالک عن النبی ﷺ وھو مما تفرد به محمد بن خالد. قال محمد بن الحسین فی کتاب مناقب الشافعی: محمد بن خالد ھذا غیر معروف عند اھل الصناعة من اھل العلم والنقل وقد تواترت الأخبار عن رسول اللّٰہ ﷺ بذکر المھدی وانه من اھل بیته. وقال البیھقی: تفرد به محمد بن خالد ھذا وقد قال الحاکم ابو عبداللّٰہ: ھو مجھول وقد اختلف علیه فی اسناده فروی عنه عن ابان ابن ابی عیاش عن الحسن مرسلا عن النبی ﷺ قال فرجع الحدیث الی روایة محمد بن خالد وھو مجھول عن ابان بن ابی عیاش وھو متروک عن الحسن وھو منقطع. والاحادیث الدالة علی خروج المھدی أصح اسناداً کحدیث ابن مسعود: ''لو لم یبق من الدنیا الا یوم لطول اللّٰہ ذلک الیوم حتی یبعث رجلاً منی أو من اھل بیتی'' (الحدیث) رواه ابوداؤد والترمذی وقال حدیث

حسن صحيح قال وفي الباب عن علي وأبي سعيد وأم سلمة وأبي هريرة ثم روى حديث أبي هريرة وقال حسن صحيح انتهى. وفي الباب عن حذيفة بن اليمان وأبي أمامة الباهلي وعبد الرحمن بن عوف وعبد الله بن عمرو بن العاص وثوبان بن مالك وجابر وبن عباس وغيرهم". (انتہی)

ناظرین! مذکورہ بالا عبارت کا ماحصل یہ ہے کہ اس حدیث کا مدار محمد بن خالد پر ہے جو نقادان حدیث کے نزدیک ''مجہول'' ہے اور چونکہ اسناد حدیث میں اختلاف ہے۔ اور ابن ابی عیاش دوسرے اسناد میں داخل ہے اور وہ محدثین کے نزدیک متروک الحدیث قرار دیا گیا ہے۔ اس لئے یہ حدیث نہ صرف ضعیف ہے بلکہ اضعف ہے۔ اور دوسرے اسناد میں حسن تابعی تک پہنچ کر حدیث منقطع ہوگئی ہے۔ پھر مرزائی صاحب کس برتے پر اس حدیث سے تمسک کر سکتے ہیں جس حالت میں کہ صحیح سے صحیح حدیث اور قوی سے قوی حدیث اس کے مخالف ہوں اور وہ صحیح احادیث متعدد ہوں اور یہ اضعف حدیث صرف ایک ہو۔ مگر مرزائیوں کی ضد اور ہٹ دھرمی دیکھئے کہ باوجود ملنے ثبوت اصح احادیث کے، ضعیف حدیث بلکہ اضعف کو ہانکے جاتے ہیں۔ اس کا نام حدیث اور قرآن مجید کو ماننا ہے یا تمسخر کرنا ہے؟ مسلمان دیندار کا کام یہ ہے کہ جب صحیح حدیث پیش ہو تو پھر کوئی عذر پیش نہ کرے اور اپنی غلطی کا اقرار کرے اور حدیث اور اپنے مرشد یا پیر کی بات کو جو مخالف نص صحیح ہو، ترجیح نہ دے۔

دوم: علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ بھی اپنی کتاب ''العرف الوردی فی اخبار المہدی'' میں جہاں ''لا مهدی الا عیسیٰ'' کا ذکر ہے لکھتے ہیں کہ ''قرطبی کا قول بھی یہی ہے کہ اسناده ضعیف''

یعنی محمد بن خالد راوی حدیث **لا مھدی الا عیسیٰ** کے تمام طرق مرویات قابل عمل نہیں اور نہ انہیں تسلیم کیا جاسکتا ہے۔ بناء علیہا کہ بہت سی حدیثیں جو مہدی کو نسل فاطمی رضی اللہ عنہا میں سے ہونا قرار دیتی ہیں انہیں کے مطابق عمل ہوگا، ان کے مقابل ''**لا مھدی الا عیسیٰ**'' کی ہرگز کوئی وقعت نہیں۔ جن میں ایک کو بھی اختلاف نہیں کہ مہدی آخرزمان مسیح علیہ السلام سے الگ وجود ہے۔

سوم: علامہ محمد بن یوسف الکنجی الشافعی اپنی کتاب ''البیان فی مناقب اخبار صاحب الزمان'' میں لکھتے ہیں: ''شافعی مطلبی کا قول ہے کہ محمد بن خالد راوی حدیث **لا مھدی الا عیسیٰ** کا حدیث کے باب میں تساہل کیا کرتا تھا یعنی سستی کیا کرتا تھا۔

چہارم: علامہ ابن کثیر نے کہا ہے کہ یہ حدیث **لا مھدی الا عیسیٰ** ظاہر غور کرنے سے مخالف معلوم ہوتی ہے ان احادیث کے جو مہدی کے جدا وجود و غیر عیسیٰ ہونے میں آئی ہیں۔ اور غور و تدبر سے سوچنے پر معلوم ہوتا ہے کہ یہ حدیث اس بات کی نفی نہیں کرتی کہ مہدی کا وجود الگ ہے ہی نہیں۔ بلکہ یہ معنی ہیں کہ مہدی حق الہدی وہی عیسیٰ ہیں اور اس سے یہ نہیں نکلتا کہ ہاں مہدی کوئی دوسرا نہیں ہوگا۔ صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مہدی کامل و معصوم وحق الہدی ہونا ثابت ہوتا ہے نہ کہ مہدی کے الگ وجود کا مانع ہونا ثابت ہوتا ہے۔ جسکا فاطمی نسل ہونا اور الگ اور حضرت مسیح سے پہلے ہونا صحیح حدیثوں سے پایہ ثبوت کو پہنچ چکا ہے۔ اس حدیث میں صرف لغوی معنی کے لحاظ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مہدی حق الہدی ہونا بھی اس کی صفات میں شامل ہے۔ یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے سوا ہدایت یافتہ اور معصوم نبی اور کوئی نزول نہ فرمائے گا۔ یہ کہاں سے نکلتا ہے کہ وہ امام مہدی جو حسب ونسب میں فاطمی ہوگا اور اس کا نام محمد اور باپ کا نام عبداللہ اور اس کی ماں کا نام آمنہ اور جسکی زبان

میں قدرے لکنت ہوگی اور بات کرتے ہوئے پٹھوں پر ہاتھ مارے گا اور مکہ اور مدینہ کے درمیان مقامِ رکن میں بیعت لیں گے اور انکا ظہور مکہ میں ہوگا وغیرہ وغیرہ۔ الگ کوئی نہ ہوگا۔

ناظرین! اگر بفرض محال ہم یہ مان بھی لیں کہ بموجب حدیث **لا مهدی الا عیسیٰ** امام مہدی کوئی الگ نہیں تو پھر تمام احادیث متعلق مہدی جو صحیح ہیں اور مرزا صاحب اپنے نشان ظہور مہدی کے اپنے مہدی ہونے کے بتاتے ہیں وہ حدیثیں منسوخ اور ردّی ہوتی جاتی ہیں اور یہ بالکل معقول نہیں اور نہ طریق دینداری اور پیروی ہے کہ ایک ضعیف حدیث کے مقابلہ میں صحیح احادیث کو ردّی قرار دیا جائے۔ جب مسلمہ اصول اہل سنت والجماعت ہے کہ قرآن کے مقابلہ اگر کوئی حدیث صحیح بھی مضمون میں مختلف ہوتو قرآن کو ترجیح ہوگی۔ اور صحیح حدیث کو ترک کرنا ہوگا۔ ایسا ہی صحیح احادیث کے مقابلہ میں اگر ضعیف کوئی حدیث آجائے اور مضمون میں متضاد ومخالف ہوتو ضعیف حدیث کو چھوڑ کر صحیح حدیث پر عمل ہوتا ہے۔ اور مرزا صاحب کا اپنا اقرار ہے کہ اگر حدیث قرآن کے متعارض ہو اور ضعیف حدیث صحیح حدیث کے متعارض ہوتو قرآن اور صحیح حدیث کو ترجیح ہوگی اور اسی پر عمل ہوگا۔ مگر تعجب ہے کہ حدیث **لا مهدی الا عیسیٰ** جس کو سب محدثین نے صرف ضعیف ہی نہیں بلکہ اضعف اور مجروح قرار دیا ہے، مرزا صاحب اس کے مقابل صحیح احادیث کو ردّ کر رہے ہیں اور تمام علماء سلف کے برخلاف جارہے ہیں صرف اپنی غرض سے۔

پنجم: عرف الهدی میں علامہ سیوطی لکھتے ہیں کہ ''قرطبی کا قول ہے کہ شبہ پڑتا ہے مجھ کو کہ **لا مهدی الا عیسیٰ** سے حضرت ﷺ کی مراد یہ ہو کہ مہدی کامل معصوم کوئی نہیں مگر عیسیٰ علیہ السلام۔ ان معنوں سے دونوں اقسام مرویات میں تطبیق ہو سکتی ہے یعنی یہ حدیث حضرت

عیسیٰ علیہ السلام کی تعریف ہے‘‘۔

ششم: شعبہ بن حجاز فرماتے ہیں کہ ’’گدھے کا بول پینا میرے لئے اچھا ہے بہ نسبت اسکے کہ میں ابان بن ابی عیاش کی حدیث کو اخذ کروں یعنی وہ بالکل قابل اعتبار نہیں۔ (ماخوذ از میزان الاعتدال للذہبی)۔ اور یہی ابان بن عیاش لا مھدی الا عیسٰی کا راوی ہے)۔

حیاتِ مسیح بآیات القرآن

سب تنازع آیۃ متنازعہ فیہ ﴿یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ وَمُطَهِّرُکَ مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْکَ فَوْقَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ﴾ پر ہے۔ اب ہم اس آیت کے متعلق نہایت توضیح کے ساتھ اپنے رفقاء ھداھم اللہ سے پیش آتے ہیں۔

اولاً: ’’متوفی‘‘ اسم فاعل واقع ہے۔ اور ’’کاف‘‘ خطابالہٗ ہے جس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ یہ دونوں جداگانہ کو مرکب کیا گیا ہے۔ اب ’’متوفی‘‘ باب تفعل توفی سے شروع ہے جس کا مادہ کسی شے کو پورا پورا پکڑ لینا مراد ہے۔ ان معنی کے سوائے آئندہ یہ بات ہے کہ توفی کو لغت عرب نے بھی ’’ای اخذ الشیء کاملاً‘‘ سے تعبیر فرمایا کما فی جمیع کتب اللغات۔ تو اب اظہر ہے کہ کسی شے کو کامل اطلاق تب دیا جاسکتا ہے جب کہ وہ کامل بالاتفاق رہے۔ مثلاً انسان کا اطلاق یا اس کو کامل کا اس لئے بولا گیا ہے کہ مرکب بہ عناصر اربعہ سے ہے اور اسی بناء پر اسکا نام عبد فرمایا۔ نیز اکمال الشیء اس کے کلی وجودیت کو شامل ہے۔ اب جس شخص کا روح الگ رہے اور جز الگ رہے وہ کب کامل یا عبد کہلا سکتا ہے۔ برخلاف اس کے کہ جب وہ روح مع الجسد سے مرکب تھا تو اس پر کامل اور عبد کا اطلاق بالاتفاق درست تھا۔ اگر یوں بھی ایک شے مرکب شدہ کو بحالت جداگانہ ہونے کے بطور

مرکب ہے کامل کہا جاسکتا ہے تو اسکی نظیر نہیں مل سکتی ہے۔ اب جو شخص مرجاتا ہے اس کو مردہ سے یوں ہی تو تعبیر کیا جاتا ہے۔ جب زندہ و مردہ میں حالت کے بدل جانے میں فرق نمایاں ہے تو اکمال وعدم اکمال اس کے میں کیا شک ہے۔ اور عبد کا اطلاق بھی زندہ انسان پر بولا کرتے ہیں۔ مردہ کو میت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ وہ کامل شے نہیں رہتا۔ تو اب "متوفی" کے جو معنی "ای اخذ الشیء کاملاً" کے لغت عرب نے کئے ہیں ان کے اعتبار سے مسیح علیہ السلام کا کامل پکڑنا فرمایا۔ یعنی اے ابن مریم میں تجھے کامل طور سے پکڑنے والا "ورافعک" اور اٹھانے والا "الی" ای الی سمائی ہوں۔ اگر کوئی شخص یہ ثابت کردے کہ "متوفی" کے معنی کسی چیز کا کامل پکڑنا مراد نہیں تو ہم مان لیں گے۔ اب مسیح علیہ السلام کو "متوفی" سے فرمانا اس کی حالت کامل مع الجسد والروح پر مصداق ہے۔ مثلاً عرب کا مشہور قول ہے "وفانی فلان دراھمی" کہ مجھے فلانے شخص نے پورے درہم دیئے۔ "توفی" اپنے افراد واجزاء کی حالت مرکب میں اطلاق ہوا کرتا ہے تو پھر کیوں کر تسلیم کرلیا جاسکتا ہے کہ مسیح علیہ السلام کی روح کو رفع کرنا مراد تھا۔ ہاں اگر مخالفین "توفی" کا معنی "ای اخذ الشیء ناقصا" ثابت کردیں تب "ای اخذ الشیء کاملا" کا جواب ہوسکتا ہے۔ اگر وہ نہیں دکھلا سکتے تو مسیح علیہ السلام کو بھی خدا نے کامل طور پر پکڑا ہے۔ اور اسلئے "توفی" کا استعمال فرمایا اور پورا پورا پکڑنا تب ہی انسان پر بولا جاسکتا ہے جبکہ وہ زندہ اور مرکب روح مع الجسد ہو۔

ثانیاً: اگر "توفی" کی دوسری حالت پر غور کریں تو صاف معلوم ہوجاتا ہے کہ توفی کا لفظ وہ ہے جو بالاتفاق اشتراک المعانی رکھتا ہے اور اس میں بعض جگہ اجمال واشتراک بھی ہوا کرتا ہے۔ اور ذوی العقول وغیر ذوی العقول ہر دو پر اسکا ورود ہے۔ اور ہر محل وموقع کا بھی

اس میں لحاظ ہے۔ اب اس خیال سے بھی ہم اس کے متعلق عرض کئے دیتے ہیں کہ بشرط دلیل اول مخالف کے توڑ کر دکھلانے کے اس امر ثانی پر بھی غور کرے کہ متوفی کو اگر اجمالاً ومشترکاً فی المراد فی ھھنا کہیں تو بھی ورافعک الی نے اس جملہ اولیٰ متوفیک کو حل کر دیا ہے کہ متوفیک ای رافعک الی ای علی السمآء فرمایا۔ یعنی اے عیسیٰ تجھے پورا پورا بطور کامل دو مرکب کے پکڑنے والا یعنی اپنی طرف آسمان پر اٹھانے والا ہوں۔ ومطھرک ای منجیک من تکالیف الیھود یعنی یہود کی تکالیف سے چھڑانے والا ہوں۔

اگر کوئی شخص شبہ کرے کہ ورافعک الی سے یہ کیونکر حل ہوسکتا ہے؟ تو عرض ہے کہ رفع کے معنی مادہ والی شئے مع الروح پر دال ہے۔ اس کی نظیریں قرآن کریم نے بھی دیدیں۔ پڑھو ﴿وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْر﴾۔ اب بالاتفاق اس آیت میں مادہ اور روح ہر دو ثابت ہے۔ اس لئے جن کے حق میں ﴿وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْر﴾ ہے وہ زندہ انسان بزمانہ حضرت کلیم اللہ ہیں اور ''طور'' میں مادہ وروح ہر دو اتفاقاً ہے۔ لیجئے اب ''ورافعک الی'' کے معنی بھی حل ہوگئے۔ وھو مرادنا.

ثالثاً: متوفی اسم فاعل ہے اور اس کے معنی مفعول کے کیونکر ہوسکیں گے۔ یہود مسیح علیہ السلام کے منکر تھے اور نصاریٰ ابن اللہ کے قائل تھے۔ اسم فاعل سے ان کے اس زعم باطل کو توڑنے کیلئے متوفی سے وعدہ موت دے دیا کہ اس کو ابن اللہ مت کہیں اس کو بھی موت شامل ہے۔ اگر ابن اللہ ہوتا تو موت کا وعدہ ہرگز نہ دیا جاتا۔ اب اس سے وفات کا استدلال ہرگز درست نہ رہا۔ دیگر فاعل آئندہ زمانہ کو شامل ہے اور وہ زمانہ قبل القیامت ہے۔ فافھم.

رابعاً: ﴿مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ﴾ آیت متنازعہ میں تقدیم وتاخیر بھی ہے۔ اس

لئے معنی یوں بھی ہیں: اے عیسیٰ میں تجھے اپنی طرف زندہ اٹھانے والا ہوں اور کفار سے نجات دینے والا ہوں۔ اگر کوئی شبہ کرے کہ مطھر ک بھی فاعل زمانہ آئندہ کو رکھو تو اسکا جواب ہے کہ رفع ہوگیا تو نجات مل گئی۔ بس پھر وہ تکالیف کب رہ سکتی ہیں۔ باقی رہا مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ کے مقدم ومؤخر کا فیصلہ کہ وہ کیونکر درست ہے۔ سنئے قرآن کریم نے خود اس امر کو بوضاحت حل کردیا ہے۔ اس لئے قرآن کریم میں ایسے معنی بالاتفاق کئی ایک آیات کے متحقق امر ہے۔ پڑھو: ﴿یٰمَرْیَمُ اقْنُتِیْ لِرَبِّکِ وَاسْجُدِیْ وَارْکَعِیْ﴾ اب اگر ہر جگہ ترتیب لفظی کا لحاظ کر کے معنی کئے جانا درست ہوتا تو حضرت مریم کا قنوت اور سجدہ قبل رکوع کیونکر درست تھا۔ تو مشن قادیانی بھی اس معنی ترتیب لفظی کے لحاظ سے نہیں کریں گے۔ دوسرا ﴿فَکَیْفَ کَانَ عَذَابِیْ وَنُذُرِ﴾ تو نذر کے قبل عذاب کیونکر درست تھا۔ ورنہ ﴿وَمَا کُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ﴾ کے خلاف ہوسکتا تھا۔ تو اب ان آیات میں بھی اتفاقاً یہی معنی ہونگے کہ نُذُرِ کو قبل اور عَذَابِیْ کو مابعد معناً مراد لیا جائیگا۔ اور اس پر مخالف ومؤلف کا بھی اتفاق ہے۔ اور پھر فرمایا ﴿اِنَّا نَحْنُ نُحْیٖ وَنُمِیْتُ﴾ تو موت کے قبل نُحْیٖ کیسا ہے۔ حالانکہ یہ واقعہ بھی متعلقہ قیامت ہے۔ اب ان آیات میں لفظاً آیات کا لحاظ نہیں رکھا جاتا اور معنی لفظی ترتیب کے لحاظ کے خلاف درست ہیں تو ﴿مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ﴾ متنازعہ فیہا میں کیونکر لفظی ترتیب کو چھوڑ کر معنی کرنیکا درست نہ ہو۔ یہی فصاحت وبلاغت ہے۔ ذرا کتب فصاحت دیکھیں۔

خامساً: اسی بناء پر مفسرین ومجتہدین نے متوفیک ای متوفی اجلک والی بعد انزالک من السماء معنی کئے ہیں۔

سادساً: ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جو بخاری شریف میں متوفیک کے معنی ای

ممیتک کئے ہیں۔ ان سے یہ نہیں نکلتا کہ وہ قبل نزول سے مراد ہے۔ وہ تو صرف مطلقاً معنی متوفیک کے بتلاتے ہیں۔ انھوں نے یہ تشریح ہر گز نہیں کی کہ بعد نزول مراد ہے یا قبل رفع ونزول ہے۔ اب اس کو اس بناء پر کہیں متوفیک ای ممیتک کے کسی لفظ کے نہیں ثابت ہوتا، ممکن ہے کہ مابعد نزول مراد ہو اور قبل رفع ونزول میں تو اختلاف واحتمال ہے اور مابعد نزول کے رفع کی موت ہے، معنی ہوں تو بھی سب کا اتفاق ہے اور یہی درست ہے۔ پھر انہی ابن عباس رضی اللہ عنہما کا درمنثور وغیرہ میں یہ قول بھی ہے کہ متوفیک ای بعد انزالک من السماء۔ لیجئے اب ابن عباس کے ہر دو قول کے سوائے ان معنوں کے کہ مابعد مراد ہے کیونکر یقین ہوسکتا ہے۔

سابعاً: متوفیک کے معنی موت کیونکر ہوسکتا ہے حالانکہ لفظ توفی بہت مقام قرآن کریم میں آیا ہے۔ اور جسکے کئی معنی ہیں۔ دیکھئے ﴿وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ بِالَّیْلِ﴾ ای ینیمکم بمعنی نیند ہے۔ اسکی تفسیر خاص ایک حصہ قرآن کی آیات کرتی ہے سنئے ﴿اَللّٰهُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِهَا﴾ سے توفی سے مراد نوم ہے تو متوفیک سے کیونکر موت مراد ہوسکتی ہے۔ ثانیاً: خود مرزا صاحب نے اپنی تصانیف ازالہ وغیرہ میں جہاں حضرت عزیر علیہ السلام وغیرہ کے قصہ یا قبطیوں کا مرنا آیا ہے وہاں موت کے معنی غشی ہو جانے کے کئے ہیں۔ ممکن ہے کہ متوفیک سے بھی غشی مراد ہو۔ اس لئے کہ موت کا اطلاق غشی پر بھی آسکتا ہے۔ اب تخصیص معنی موت متوفیک سے بعید ہے۔

ومن لم یؤمن علی ما بیناه ھھنا فعلیه ان یثبت دعواه بدلائل ﴿فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ﴾۔ متوفی بمعنی ای متمم عمرک واجلک ہے۔ اس لئے کہ متوفی مضاف ہے اور مضاف الیہ اس کے مابعد سے محذوف ہے جو اجلک تھا یا انزالک یا عمرک الآخرۃ۔ اور متوفی کے معنی آثار بشریت شہوت

وغیرہ کا فناء کرنا بھی مراد ممکن ہے۔اور مرزا صاحب کا قول کہ ''عیسیٰ نطفہ انسان کی پیدائش سے نہیں'' سے بھی یہ عقدہ حل ہوسکتا ہے۔

ثامناً: آیت ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ﴾ میں موت عیسیٰ علیہ السلام کی مشروط بشرط ایمان آوردن اہل کتاب بیان کیا گیا ہے۔جب تک اہل کتاب سب کے سب مومن نہیں ہونگے ،وفات مسیح بھی نہیں ہوگی کما فی الآیة. اگر کوئی یہ کہہ دے کہ سب کے سب اہل کتاب کا ایمان ممکن ہی نہیں تو جواباً عرض ہے کہ نزول مسیح علیہ السلام سے تا وفات مسیح علیہ السلام مراد فی الآیۃ ہے۔اسکی دلیل لَيُؤْمِنَنَّ جو صیغہ مضارع ہے خود شاہد ہے اور لام تاکیدی خاص ایک زمانہ کو شامل ہے۔من شاء فليرجع الى كتب النحو. اب اہل کتاب ایمان نہیں لائے تو وفات مسیح علیہ السلام بھی نہیں رہی۔جب وفات نہیں تو نزول بھی نہیں۔جب نزول نہیں تو حیات بطریق اولیٰ ثابت۔اور اہل کتاب کے نہ ایمان لانے سے مرزا صاحب کا بھی دعویٰ جاتا رہا اسلئے وہ آئے بھی دعویٰ بھی کیا زندہ بھی رہے وفات بھی پاگئے مگر وہ شرط جو مسیح علیہ السلام کی تھی پوری نہ ہوئی تو مرزا صاحب کا دعویٰ بھی جاتا رہا کہ وہ مسیح نہ تھے۔ فافهم.

حیاتِ مسیح باحادیث صحیح

سنئے! بخاری کا کتب احادیث میں وہ درجہ ہے جس پر یوں اتفاق ہے کہ اتفق علماء المشرق والمغرب من المحققين على ان صحيح البخارى اصح الكتب بعد كتاب الله البارى کہ علماء محققین کا اتفاق ہے کہ بخاری کا تمام کتب پر سوائے قرآن کریم کے فوق و درجہ ہے۔لہٰذا اسکی احادیث کا بھی سب کتب پر درجہ ہوگا کما لا يخفى لمن له بصيرة. اب لیجئے! فرمایا: ''والذى نفسى بيده ليوشكن ان ينزل فيكم ابن مريم حكما عدلا فيكسر الصليب ويقتل الخنزير ويضع

الجزیة ویفیض المال حتی لا یقبل احد" (متفق علیه)

ترجمہ: ''فرمایا رسول خدا ﷺ نے قسم ہے اس خدا کی کہ بقا جان میری کا اس کے ہاتھ میں ہے۔ تحقیق تم میں اتریں گے عیسیٰ بیٹے مریم کے درحالیکہ حاکم عادل ہوں گے۔ پس توڑیں گے صلیب کو یعنی باطل کردیں گے دین نصرانیہ کو اور قتل کریں گے سؤر کو یعنی حرام کریں گے اس کے پالنے اور کھانے کو اور بہت ہوگا مال۔ یہاں تک کہ نہ قبول کرے گا اس کو کوئی''۔

اب کسر صلیب اور قتل خنزیر اور وضع جزیہ اور افاضۃ المال اور حاکم وعادل یہ پانچ صفات مسیح علیہ السلام کی اس حدیث میں مذکور ہیں۔ اب کسر صلیب سے مراد حجج وبراہین کیونکر درست ہے۔ حجج وبراہین سے تو ہر زمانہ کے علماء کے ساتھ ہوسکتا ہے۔ اگر یہی مسیح علیہ السلام بھی مراد ہو تو تخصیص ان کی کیا رہی اس لئے کسر صلیب کی تفسیر قتل خنزیر سے ہوگئی کہ وہ ان سے جہاد کریں اور مال ومویشی ہتھیار وغیرہ اس قدر جائیدادیں لوٹ کر لایا کریں گے کہ وہ اپنے لشکر اور لوگوں میں تقسیم حسب حصص غنیمت کے کیا کریں گے تو اس قدر مال ہو جائیگا کہ لوگ بوجہ کثرت مال ان کے ہاں جمع ہو جانے کے کہیں گے ہمیں ضرورت نہیں۔

اب بتاؤ اب کوئی شخص ہے جو مال کو نہیں قبول کرتا؟ ہرگز نہیں۔ باقی رہا مال سے معارف قرآنی مراد لینا وہ باطل ہے اس لئے خاص اس جگہ معارف مراد نہیں ہے کیونکہ تقسیم اموالِ غنیمت کا جائز ہے اور درست ہے۔ خود حضور ﷺ اور باری تعالیٰ نے جائز فرمایا ہے اسلئے کوئی شبہ یا اعتراض اس زمانہ کثرت مال پر نہیں ہوسکتا۔ بلکہ اسلام اور مسلمانوں کی ہر طرح سے مہدی علیہ السلام اور مسیح علیہ السلام کی تقویت کی دلیل ہے۔ ورنہ مال وزر لوٹ کا مراد نہ ہو تو میں پوچھتا ہوں کوئی شخص بھی بتائے کے معارف قرآن وحدیث کے تیرہ سو سال سے شروع ہے اس لئے تو "علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل" فرمایا تھا۔ وگرنہ یہ فرمانا کیسے درست آتا تھا۔ اب مسیح موعود بھی معارف ہے صرف دینگے تو تخصیص صفت مسیح تقسیم

المال سے کیا ہوئی اور قرآن کریم نے عام طریق وخاص سے اکثر مقامات میں مال سے مراد، مال زروسیم فرمایا ہے جو لکھنے کی حاجت نہیں ہر ایک شخص جانتا ہے اس لئے کہ بدیہات میں دلیل کی کیا حاجت ہے۔ اور ''ویضع الجزیة'' کا وہ زمانہ نہیں ہوگا جو مرزائی مراد لیتے ہیں۔ بلکہ اس زمانہ جنگ بھی کرنا درست ہوگا۔ اور ﴿لَآ اِکْرَاهَ فِی الدِّیْنِ﴾ وغیرہ اس کے متعلق آیات کا خاص مورد ہے۔ چنانچہ مفسرین نے لکھا ہے کہ اس کا شان نزول خاص ہے اور ''ویضع الجزیة'' سے یہ بھی مراد ہے کہ خود بخود جنگ نہیں کریں گے عندالضرورت جو جنگ بادلی درست ہے۔ **ناظرین!** یہ امر ظاہر ہے کہ جو شخص قند سیاہ سے ہلاک ہوسکتا ہے اس کو سم قاتل دلانے کی ضرورت ہی کیا ہوا کرتی ہے اور جو مریض مختصر مسہل سے اسہال میں دب جائے اس کو کیڑمل گودہ انبل تاس وغیرہ جمال کوٹہ کا دلانا کیا ہوگا۔ خیر اس کے متعلق ہم مفصل لکھیں گے۔ دوسری حدیث اصح الکتب بعد کتاب اللہ یہ ہے، سنئے! فرمایا: ''کیف انتم اذا نزل فیکم ابن مریم وامامکم منکم'' اب ظاہر ہے کہ جملہ اولیٰ ''کیف انتم اذا نزل فیکم ابن مریم'' الگ جملہ ہے اور ''وامامکم منکم'' الگ جملہ ہے اور واؤ یہاں تفریق بینہما کیلئے مورد ہے کہ جس سے مہدی ومسیح کے ایک ہونے کا بھی جواب مدلل ہے۔ اگر مخالفین شبہ کریں تو کہیں گے کہ واؤ تفسیری ہے تو ان سے پوچھا جاتا ہے کہ ﴿مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ﴾ میں جو واؤ ہے بتائیں یہ بھی تو تفسیری ہے یا نہیں؟ اگر تفسیری ہے تو متوفی کے معنی موت کرنا کیوں درست ہے پھر تو اٹھانے والا کریں۔ اگر تفسیری نہیں تو ''کیف انتم اذا نزل فیکم ابن مریم وامامکم منکم'' میں بھی واؤ تفسیری نہیں۔ فما جوابکم فھو جوابنا. پھر سنئے آیت ﴿وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ﴾ کی تفسیر بخاری میں موجود ہے کہ اس سے زمانہ عیسوی مراد ہے۔ ہاں سنئے! صحیح مسلم (حاشیہ: مسلم میں یہ حدیث نہیں ہے بلکہ جامع الاحادیث للسیوطی میں حاکم، ابن

عساکر اور دیلمی کی روایت سے ہے) جو کہ وہ بھی متفق علیہ کتاب ہے میں ارشاد ہے۔ فرمایا: ''کیف تهلک أمة أنا فی أولها وعیسیٰ ابن مریم فی آخرها والمهدی من أهل بیتی فی وسطها''۔ اس حدیث نے بھی فیصلہ کر دیا کہ مہدی علیہ السلام و مسیح علیہ السلام الگ ہیں۔ اس حدیث میں دلیل موجود ہے کہ تین زمانے اول و آخر و وسط فرمائے اور یہ بھی تین مراد ظاہر و باطن ہو سکتی ہیں تو تمثیل درست رہ سکتی ہے اور یہی مراد ہے۔ اور مہدی و مسیح کے الگ زمانہ سے مراد پہلے و پیچھے ایک دوسرے کا تشریف لانا ایک ہی زمانہ میں مراد ہے نہ کہ الگ الگ زمانوں کا فرق ہے۔ اسلئے کہ مسلمہ قاعدہ ہے کہ نزول مسیح کے وقت حضرت مہدی صاحب ظہور فرما ہونگے۔ مشکوٰۃ میں مفصل ذکر موجود ہے۔ من شاء فلیطالعها.

پھر ابوداؤد و معالم التنزیل میں مروی ہے کہ حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے فرمایا: ''ویهلک الله فی زمانه (ای فی المسیح علیہ السلام) الملل کلها الا الاسلام ویهلک المسیح الدجال فیمکث فی الارض أربعین سنة'' یعنی ''حضرت مسیح موعود کے زمانے میں تمام ادیان باطلہ ہلاک ہونگے سوائے اسلام کے۔ اور دجال مارا جائے گا''۔

یہاں مرزائی اہلاک سے مراد تکذیب بالادلہ مراد بتلاتے ہیں مگر یہ بلا دلیل ہے۔ لو ہم ثابت کرتے ہیں ہلاک ہونا مرجانے کے، جان سے فنا کر دینے کے، مراد ہے۔ پڑھو آیت ﴿کُلُّ شَیْءٍ هَالِکٌ اِلَّا وَجْهَهٗ﴾، ﴿وَّیَبْقٰی وَجْهُ رَبِّکَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ﴾ ہے، جو یہاں ہلاک سے مراد وہی مراد فی الحدیث ہے۔ اور ''وامامکم منکم'' سے استدلال کی وہی مراد ہے جو مراد جملہ اولیٰ میں ہے، غلط ہے کیونکہ واؤ ترتیب کے لئے ہے۔ فافهم. اور پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے فرمایا: ''لاتقوم السّاعة یملک رجل من العرب''، یہ بھی آخری زمانہ کے متعلق ہے جو مسیح موعود کی بادشاہی پر دال ہے۔

(باقی آئندہ)

رسالہ نمبر ۹

مرزائی صاحبان کے ہینڈ بل نمبر ۱۳

کا جواب

منجانب

انجمن تائید الاسلام لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ناظرین! ہینڈ بل نمبر ۱۳ میں انگریزوں کی قوم اور پادریوں کو دجال ثابت کرنیکی کوشش کی ہے جیسا کہ مرزا صاحب خود اور انکے مرید مرزا خدا بخش اور دیگر مرزائی صاحبان اکثر بلا دلیل کہے جاتے ہیں۔ اس ہینڈ بل میں بھی انہیں کی تقلید میں وہی باتیں لکھی ہیں جنکا ہم جواب نمبر وار دیتے ہیں۔

ناظرین! الہام و پیش گوئی کو جیسا کہ ملہم سمجھتا ہے دوسرا نہیں سمجھ سکتا اور ظاہر ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کو یہ امر یعنی دجال کا فتنہ امت محمدی میں ہونا خدا تعالیٰ نے ظاہر فرمایا۔ اب جائے غور ہے کہ خدا تعالیٰ بتانے والا ہے اور محمد رسول اللہ ﷺ سمجھنے والا ہے۔ جب متکلم خدا تعالیٰ جیسا کامل الصفات ہو اور مخاطب اکمل البشر و افضل الانسان محمد ﷺ ہو اور پھر سمجھ میں

نہ آئے تو کیا اس میں دونوں کی ہتک و کسر شان نہیں ہے کہ خدا میں نقص تکلم ہے کہ محمد ﷺ کو سمجھا نہ سکا اور محمد ﷺ میں یہ نقص کہ وہ خدا کی کلام کو سمجھ نہ سکا۔ مگر ۱۳ سو برس کے بعد وہی خدا جو محمد ﷺ کو نہ سمجھا سکا تھا اس نے مرزا صاحب کو سمجھا دیا اور امت محمد ﷺ میں ایسے اعتقاد والے پیدا ہو گئے کہ محمد ﷺ کو حقیقت دجال معلوم نہ ہوئی تھی اور ہم کو معلوم ہوئی ہے۔ کیا یہ کم فتنہ ہے۔ کیونکہ مسلمان اور امتی ہونے کا دعویٰ بھی کرے اور اپنا شرف بھی محمد رسول اللہ ﷺ پر ظاہر کرے اور حضرت کی ہتک کرے کہ اگر میری پیشگوئیاں غلط نکلی ہیں تو (معاذ اللہ) تمام انبیاء علیہم السلام اور محمد رسول اللہ ﷺ کی بھی پیشگوئیاں غلط نکلیں اور انہوں نے پیشگوئیاں کے سمجھنے میں غلطی کھائی تھی۔

دیکھو ازالہ اوہام، ص ۴۰۷: ''ایسا ہی آپ نے یعنی حضرت محمد ﷺ نے امت کے سمجھانے کے لئے خود غلطی کھانا بھی ظاہر فرمایا''۔

اخبار الحکم، نمبر ۱۰، مورخہ ۱۷ مارچ ۱۹۰۱ء میں مرزا صاحب لکھتے ہیں: ''اجتہادی غلطی سب نبیوں سے ہوا کرتی ہے اور اس میں سب ہمارے شریک ہیں''۔

''ازالہ اوہام'' ص ۴۰۰ پر مرزا صاحب لکھتے ہیں: ''بعض اوقات نبیوں نے بھی غلطی کھائی ہے، پھر اگر کسی صحابی نے غلطی کھائی تو کونسی بڑے تعجب کی بات ہے۔ ہمارے رسول ﷺ کی فراست اور فہم تمام امت کی مجموعی فراست و فہم سے زیادہ ہے''۔

ناظرین! یہ کس قدر نامعقول بات ہے کہ ایک طرف تو یہ اقرار کیا جاتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی فراست اور فہم تمام امت کی مجموعی فہم و فراست سے زیادہ ہے اور دوسری طرف یہ کہا جاتا ہے کہ میں ایک امتی ہوں اور وہ امر یعنی حقیقت دجال جو محمد ﷺ کی فہم و فراست میں نہ آیا وہ مرزا صاحب کی فہم و فراست میں آیا، تو ضرور ہوا کہ مرزا صاحب کا فہم و فراست محمد

ﷺ کے فہم وفراست سے زیادہ ہے اور یہ شرف پیغمبر پر ہے جو کہ ایک امتی کے حق میں کفر ہے۔

دوم: جب ایک امتی کا یہ اعتقاد باطل ہو کہ نبی ورسول بھی غلطی کرنے والے ہیں معصوم نہیں تو اول تو یہ تمام اجماع امت کے برخلاف ہے اور کفر ہے کہ نبی معصوم ومبرا از غلطی وخطا تسلیم نہ کئے جائیں۔

سوم: اگر نبی ورسول غلطی کرنے والا مانا جائے تو تمام دین درہم برہم ہو جاتا ہے۔ جب ایک امر میں رسول غلطی کھانے والا ہے تو اس بات کا کیا اعتبار ہے کہ دوسرے امور دنیاوی و عاقبت کے سمجھنے میں اس نے غلطی نہیں کھائی اور دوزخ وبہشت وصراط ومیزان وعذاب قبر وغیرہ وغیرہ کے مسائل کے سمجھنے اور سمجھانے میں غلطی نہیں کھائی۔ علاوہ برآں یہ کس قدر غلط خیال اور اعتقاد باطل ہوگا کہ محمد ﷺ کو غلطی کھانے والا یقین کریں اور مرزا صاحب اس کے ایک امتی کو غلطی سے پاک سمجھیں۔ یہ کونسا سرٹیفکٹ مرزا صاحب کو خدا نے دیدیا ہے کہ جو تم سمجھے ہو وہ درست ہے اور محمد ﷺ جو سمجھے تھے وہ غلط تھا۔ اور اس بات کی کیا دلیل ہے کہ مرزا صاحب جو کہتے ہیں درست ہے۔ جب وہ خود قبول کر چکے کہ محمد ﷺ کی فہم و فراست کل امت کی مجموعی فراست سے زیادہ ہے۔ کل امت کی مجموعی فراست کا حصہ اگر ۲۳ کروڑ حصوں پر تقسیم کریں تو مرزا صاحب کے حصہ ۲۳ کروڑواں حصہ آیا۔ تو یہ بالکل غلط ثابت ہوا کہ مرزا صاحب محمد ﷺ سے زیادہ سمجھنے والے ہیں۔ کیونکہ جس کے پاس ۲۳ کروڑ درجہ زیادہ فراست ہے وہ حق پر ہوگا اور جسکے پاس ۲۳ کروڑواں حصہ فراست کا ہے وہ ناحق پر اور غلطی پر۔ پس ثابت ہوا کہ مرزا صاحب حقیقت دجال کے سمجھنے میں حق پر نہیں ہیں۔

دوم: مرزا صاحب ''تتمہ حقیقۃ الوحی'' سطر ۵ ص ۷ پر قبول کر چکے ہیں کہ اصل مطلب ملہم

سمجھتا ہے۔اصل عبارت مرزا صاحب کی یہ ہے: ''ہم سے زیادہ کوئی الہام کے معنی نہیں سمجھ سکتا اور نہ کسی کا حق کہ اسکے مخالف کہے''۔ پس مرزا صاحب کا حق نہیں کہ دجال کے معنی محمد ﷺ کے برخلاف کہیں۔ خاص کر جب ہم کو تجربہ ہو چکا ہے کہ مرزا صاحب اپنی پیشگوئیاں کے سمجھنے میں ہمیشہ غلطی کرتے رہے۔ عبداللہ آتھم کی پیش گوئی اور نکاح آسمانی کی پیشگوئی اور عبدالحکیم ڈاکٹر کی پیشگوئی تمام غلط نکلیں۔ حالانکہ معیار صداقت قرار پائی تھیں۔ مرزا صاحب نے اقرار کیا کہ میں نے اجتہادی غلطی کی۔ تو پھر ایسے شخص کا کیا اعتبار ہے کہ اب دجال کی حقیقت ۱۳ سو برس کے بعد درست سمجھا۔ حالانکہ مفصلہ ذیل دلائل سے غلط ہے کہ انگریزوں کی قوم دجال ہے۔

۱...... عیسائی قوم آنحضرت ﷺ کے وقت موجود تھی بلکہ پادریوں اور عیسائیوں کا اس وقت زور تھا اور عیسیٰ پرستی پورے زور پر تھی کیونکہ اسلام کا آغاز تھا۔ اگر عیسیٰ پرست دجال ہوتے تو ضرور حضور ﷺ خود فرما دیتے کہ دجال، پادری و عیسائی قوم ہے۔

۲...... محمد رسول اللہ ﷺ نے جب ابن صیاد کا حال سنا کہ اس میں وہ علامات ہیں جو میں نے دجال میں ہونی فرمائی ہیں تو آنحضرت ﷺ بمعہ حضرت عمرؓ کے ابن صیاد کو دیکھنے گئے اور یہودی کے گھر میں گئے۔ جس سے ثابت ہوا کہ دجال یہود میں سے ہوگا۔ اگر عیسائی قوم سے دجال ہونا ہوتا تو حضرت اسکے دیکھنے کو یہود کے گھر میں نہ جاتے۔

۳...... حدیث شریف میں یہ بھی آیا ہے کہ حضرت عمرؓ نے کچھ کچھ علامات ابن صیاد میں دیکھیں اور یقین بھی کر لیا کہ یہ دجال ہے۔ مگر آنحضرت ﷺ نے اسکی تردید کر دی، یعنی جب حضرت عمر نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ حکم دیتے ہیں کہ میں اسکو قتل کر دوں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دجال کا قاتل تو عیسیٰ بن مریم ہے، جو بعد نزول اسکو قتل کریگا، یہ

ابن صیاد دجال نہیں۔ حدیث بہت طویل ہے اس واسطے درج نہیں کی۔ جس نے مفصل دیکھنا ہو''مظاہر الحق'' جلد چہارم صفحہ ۳۶۲ پر دیکھ لے۔ پھر مرزائیوں کی دھوکہ دہی اور جھوٹ معلوم ہوگا کہ آنحضرت ﷺ نے اسکی تردید نہ کی تھی۔

۴...... دجال شخص واحد ہے جو ایک آنکھ سے کانا ہوگا یعنی اسکی داہنی آنکھ پر انگور کے دانہ موافق پھوڑ ہوگا۔ چنانچہ بخاری کی حدیث ہے:''**عن عبدالله قال قال رسول الله ﷺ ان الله لا یخفی علیکم ان الله لیس بأعور وان المسیح الدجال أعور العین الیمنی کان عینه عنبة طافیة**'' ترجمہ: روایت ہے عبداللہ سے کہا فرمایا رسول خدا ﷺ نے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نہیں پوشیدہ تحقیق اللہ تعالیٰ نہیں کانا اور تحقیق مسیح الدجال کانا ہوگا داہنی آنکھ سے۔ گویا کہ آنکھ اس کی دانہ انگور کا ہے پھولا ہوا۔ (نقل کی بخاری نے صفحہ ۳۱۲' مظاہر الحق)

پس ثابت ہوا کہ انگریز قوم دجال نہیں۔

۵...... دجال اسلام کے فرائض کی ادائیگی میں روک تھام کرنے والا ہوگا۔ اس کے وقت حج بھی بند ہوگا۔ مسلمانوں کا سخت دشمن اور قاتل و برباد کن ہوگا اور مسلمانوں کو چاروں طرف قتل و غارت کرے گا' تب ہی تو مسیح موعود حرب وضع کریں گے اور دجال کو قتل کریں گے' قد **یضع الحرب** اسی واسطے آیا ہے۔

ناظرین! ہم اس جگہ دجال کے مختصر علامات جو سید المحدثین وعمدۃ المفسرین شاہ رفیع الدین صاحب دہلوی نے ''علامات قیامت'' کے صفحہ ۷ اور ۸ پر تحریر فرمائے ہیں' لکھتے ہیں۔ اور انھوں نے صرف حدیثوں سے لکھا ہے اور چونکہ مرزا صاحب سے پہلے گزرے ہیں' مرزائیوں کو یہ عذر بھی نہیں ہوسکتا کہ انہوں نے دشمنی سے لکھا ہے اور مرزائیوں سے عداوت رکھتے تھے۔

۱......دجال قوم یہود میں سے ہوگا۔ (صحیح بخاری، صفحہ۲۵۲)

۲......دجال کی داہنی آنکھ میں پھلی ہوگی یعنی کانا ہوگا۔ (صحیح بخاری، صفحہ۲۵۵)

۳......دجال کی سواری میں ایک بڑا گدھا ہوگا۔ (بیہقی)

۴......اسکا ظہور ملک عراق وشام کے درمیان ہوگا اور پھر اصفہان چلا جائے گا اور ستر ہزار یہودی اسکے ہمراہ ہوں گے۔ نبوت ورسالت کا مدعی ہوگا۔

۵......خدا کہلوائے گا۔ (صحیح مسلم)

۶......لوگوں کی آزمائش کے واسطے خدا تعالیٰ اس سے بڑے خرق عادات ظاہر کرائے گا۔

(صحیح مسلم)

۷......اسکی پیشانی پر (ک۔ف۔ر) لکھا ہوگا، جس کی شناخت اہل ایمان ہی کر سکیں گے۔ اور اسکے ساتھ ایک آگ ہوگی جس کو دوزخ سے تعبیر کریگا اور ایک باغ جو جنت سے موسوم ہوگا۔ مخالفین کو آگ میں اور موافقین کو باغ میں ڈالے گا۔ مگر معاملہ اس کے برعکس ہوگا، یعنی جسکو وہ باغ کہے گا وہ آگ ہوگی اور جس کو آگ کہے گا وہ باغ جنت ہوگا۔ (صحیح بخاری، ص۱۰۵۶)

۸......اسکے پاس اشیاء خوردنی کا بہت بڑا ذخیرہ ہوگا۔ (صحیح بخاری ومسلم)

۹......جو فرقہ اسکی الوہیت کو تسلیم کرے گا تو اسکے لئے بارش وغیرہ پھل پھول اناج ہوگا اور مسلمانوں کو بہت ایذائیں دیگا۔ مگر خدا کے فضل سے مسلمانوں کو تسبیح وتہلیل کھانے پینے کا کام دے گی۔ (صحیح مسلم، ص۴۰۱)

۱۰......اسکے ظہور کے پیشتر دو سال سخت قحط ہوگا اور تیسرے سال دوران قحط میں ہی اس کا ظہور ہوگا۔ (امام احمد، ابوداؤد)

۱۱......زمین کے مدفون خزانے اسکے ہمراہ ہو جائیں گے۔ (صحیح مسلم، ص۴۰۱)

۱۲...... مکہ معظّمہ کے قریب مقیم ہو جائے گا، مگر بسبب حفاظت فرشتوں کے داخل نہ ہو گا۔
(صحیح بخاری، ص ۲۵۳، صحیح مسلم)

۱۳...... مدینہ منورہ میں تین دفعہ زلزلہ آئے گا جسکی وجہ سے بدعقیدے و منافق لوگ خائف ہو کر شہر سے نکل کر دجال کے پھندے میں گرفتار ہو جائیں گے۔

ناظرین! یہ علامات محمد رسول اللہ ﷺ نے دجال کی فرمائی ہیں، ہر ایک شخص سمجھ سکتا ہے۔ اب مرزا صاحب کی تاویلات اور خودغرضی و مطلب پرستی کے معنی بھی سنو اور دل میں خود سوچو اور انصاف کرو کہ مرزا صاحب کا یہ دعویٰ کہ میں حقیقت دجال سمجھا ہوں اور محمد ﷺ نہیں سمجھے، کہاں تک لغو و کفر ہے۔

مرزا صاحب انگریزوں کو دجال قرار دیتے ہیں، ایک بات بھی اس قوم میں نہیں۔ دجال مسلمانوں کا دشمن اور قتل و غارت کرنے والا ہو گا۔ انگریزی قوم عادل، رحم دل، منصف مزاج، بے تعصب اور فیاض ہے کہ جس قدر اسکی تعریف کی جائے تھوڑی ہے۔

یہ کس قدر بے انصافی ہے کہ وہ قوم جسکے زیر حکومت ہم آزادی کے ساتھ فرائض مذہبی ادا کریں اور جس کے حسن انتظام سے ہم اشتہارات چھاپ کر اشاعت دین کے وسائل بہم پہنچائیں اور دین حق کے پھیلانے میں اور تبلیغ دین میں کوشش کر سکیں اور اسکی طرف سے کوئی روک تھام نہ ہو اسکو دجال کہیں، کس درجہ کی کورنمکی ہے۔ وہ تو ہمارے دین کے فرائض کی ادائیگی میں حارج نہ ہو۔ بلکہ جب کبھی موقع بنے تو اسلام کی مدد کرے۔ ہم اس کو یہ صلہ دیں کہ دجال ہے۔ وہ تو ہماری یہاں تک مدد کرے کہ اپنے رحمی بھائیوں غیر ملکی کو چندہ کے بھیجنے کا انتظام کریں اور ہم کو آزادی سے چندہ جمع کرنے کی ہی اجازت نہ دے بلکہ خود چندہ بھی دے اور بیوگان و یتیموں کی پرورش کے واسطے ہمدردی ظاہر کرے۔ حالانکہ

لڑائی اسکے ہم مذہبوں سے ہو یعنی اٹلی و بلقانی اتحادیوں سے' جو سب کے سب عیسائی ہیں اور بجائے عیسائیوں کی مدد کے مسلمانوں کی مدد کرے۔ مگر ہم ایسے احسان فراموش اور محسن کش کہ اسی قوم کو دجال' دشمن اہل اسلام وتخریب کنندہ بنیاد اسلام کہیں۔ اسکے ہم پر یہ احسان اور ہماری اس پر یہ بدظنی۔ اس کا ہم پر یہ رحم اور ہمارا اس پر یہ لقب۔ اگر یہی اسلام کا نمونہ ہے جو قادیان مشن پیش کرتا ہے تو اس اسلام کو بہت جلد بدنام کر کے دنیا سے رخصت کرائیں گے۔ دور نہ جاؤ جب مرزا صاحب ایک مجرم کی حیثیت میں پیش ہوں تو وہ انکی حالت پر رحم کر کے عدالت ماتحت کا حکم سزا منسوخ کر دے اور اپنی فیاضی اور رحم دلی کا ثبوت دے کہ تو تمہارے دیسی آریہ بھائی نے تو تم کو سزا دی تھی ہم تمہاری حالت پر رحم کرتے ہیں اور معاف کرتے اور سزا منسوخ کرتے ہیں۔ مگر مرزا صاحب کا یہ انصاف کہ اسی قوم کو دجال ودشمن اہل اسلام قرار دیں۔

دوم: ڈاکٹر کلارک کا مقدمہ میں مرزا صاحب انگریزوں کے قابو میں بھی آ گئے اور انگریز جانتے بھی تھے کہ یہ وہی شخص ہے جو ہمارے پیغمبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گالیاں دیتا تھا' تو ضرور تھا کہ مرزا صاحب کو سزا دیتا۔ مگر انگریزوں نے پادریوں کا کہنا نہ مانا اور مرزا صاحب پر رحم کیا اور چھوڑ دیا۔ کیا کوئی ایسا بے تعصب اور سینہ صاف گروہ ہے کہ ایسے دشمن کو چھوڑ دے جو انکے رسول و پیشوا کو گالیاں دے اور وہ کچھ نوٹس نہ لے۔ مگر وہ۔۔۔ بے انصافی مرزا صاحب کی کہ اسکو دجال کہیں۔ اگر انگریز دجال ہوتے تو اسلام کو برباد کرتے' جیسا کہ اوپر گزرا ہے۔ مگر چونکہ حامی اہل اسلام ہیں' اس لئے ثابت ہوا کہ انگریز قوم دجال نہیں۔

ہم اب نیچے نمبروار مقابلہ کر کے ثابت کرتے ہیں کہ انگریز دجال نہیں ہیں۔

ا...... دجال قوم یہود سے ہوگا اور انگریز قوم یہود سے نہیں۔

۲...... دجال کی داہنی آنکھ میں پھلی ہوگی یعنی کانا ہوگا۔ انگریز کانا نہیں اور یہ تاویل غلط ہے کہ اس کی دین کی آنکھ بند ہے۔ جس قدر عیسائی اور پادری دین کی اشاعت میں کوشش اور زر خرچ کرتے ہیں، دنیا کی کوئی قوم نہیں کرتی۔ چنانچہ امریکن مشن کی مسوں کا آنا اور صرف اشاعت دین کے واسطے ڈاکٹری کے بہانہ سے صنعت وحرفت کے بہانہ سے اشاعت دین کرنا اور پادریوں کی کوشش سے لاکھوں مسلمان عیسائی ہو چکے ہیں۔ ان کی تو دین کی آنکھ بند ہو اور خود بتائیں کہ چالیس کروڑ عیسائیوں سے مسلمان کتنے ہوئے؟ کوئی بھی نہیں۔ تو اب بتاؤ کہ کس کی دین کی آنکھ بند ہے۔ تمہاری کہ جنکا کوئی واعظ نہیں کہ تنخواہ پا کر مختلف ملکوں میں اشاعت اسلام کرے اور انکے ہزاروں اور لاکھوں ہیں اور ہر ایک عیسائی غریب سے غریب چندہ دیتا ہے کہ اشاعت عیسویت ہو اور تمہارے امیر بھی کوڑی اشاعت دین کے واسطے خرچ نہیں کرتے اور نہ کوئی تمہارا محکمہ اشاعت دین ہے، مگر وہ رہے متعصب۔ انگریز جنکے لاکھوں روپے سالانہ دین کے واسطے خرچ ہوں، دین سے غافل اور اندھے۔ اور تمہارا جن کا کچھ خرچ نہ ہو تمہاری آنکھیں روشن، جن کا نہ دین نہ دنیا۔ یہ خوب انصاف ہے۔

۳...... دجال کی سواری میں گدھا ہوگا۔ دجال کی سواری خاص ہوگی اور ریل عام ہے۔ گدھا ذی روح مرکب وجود کا نام ہے۔ ریل ذی روح نہیں ہے۔ گدھا بغیر آہنی سڑک کے متحرک بالارادہ ہے اور ریل جب تک پہلے سڑک تیار نہ کی جائے، چل نہیں سکتی۔ گدھا سفید رنگ کا فرمایا گیا ہے اور ریل سیاہ ہے۔ پس انگریز دجال نہیں اور نہ ریل انکا گدھا۔ اگر ریل دجال کا گدھا ہے تو جو جو شخص اس پر سوار ہوں تو وہ دجال ہوں گے اور مرزا صاحب بھی ریل پر سوار ہوتے رہے ہیں، تو کیا وہ بھی دجال تھے؟ ہرگز نہیں۔ تو پھر یہ باطل تاویل ہے کہ ریل دجال کا گدھا ہے۔

۴......دجال کا ظہور عراق اور شام میں ہوگا۔ انگریزوں پر یہ بات ہرگز صادق نہیں آتی۔

۵......دجال نبوت ورسالت کا دعویٰ کرے گا۔ انگریزوں نے دعویٰ نبوت نہیں کیا۔ بلکہ مرزا صاحب نے خود کیا ہے۔ دیکھو ''دافع البلاء'' سچا خدا ہے جس نے قادیان میں رسول بھیجا۔

۶......دجال خرق عادات دکھائے گا۔ انگریز قوم معجزات وخرق عادات کی منکر ہے۔

ہاں مرزا صاحب نے اپنی خرق عادات ونشانات کی جھوٹ سچ ملا کر ایک کتاب ''حقیقۃ الوحی'' تصنیف کی ہے۔

۷......اسکی پیشانی پر (ک۔ف۔ر) لکھا ہوگا اور مسلمانوں ایمان والوں کو صرف نظر آئے گا۔ مرزائی تاویل یہ ہے کہ ٹوپی کا کور مراد ہے' جو غلط ہے کیونکہ کور تو سب کو نظر آتا ہے۔ اور حضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ ''ک۔ف۔ر'' صرف ایمان والوں کو نظر آئے گا۔ جس کا مطلب صاف ہے کہ صرف ایمان والے لوگ اسکو حس کریں گے اور دیکھیں گے۔ عام کو نظر نہیں آئے گا۔ اور ٹوپی کا کور تو عام کو نظر آتا ہے۔

دوم: کور ٹوپی پر لگا ہوا ہوتا ہے' جو ٹوپی اتارنے سے اتر جاتا ہے اس کو پیشانی کا لکھا ہوا کہنا جہالت ہے۔ جب کوئی انگریز ٹوپی اتار دے تو پھر دجال نہ ہوگا۔

سوم: ٹوپی کور والی نہ ہر ایک انگریز پہنتا ہے اور نہ پادری۔ خاص خاص وقت پر کور والی ٹوپی کوئی کوئی انگریز پہنتا ہے۔ پس یہ پیشانی کا نوشتہ نہیں' اگر پیشانی کا نوشتہ ہوتا تو پیشانی کے ساتھ ہر وقت رہتا۔ ہم بتاتے ہیں کہ پیشانی پر ''ک۔ف۔ر'' کفر کے لکھنے کے یہ معنی ہیں کہ اللہ کی تقدیر میں اس پر کفر کا فتوی دیا جانا اسکی پیشانی پر لکھا ہوا ہوگا۔ اور صرف ایمان والے اسکا کفر معلوم کریں گے' تمام لوگوں کو اس کا کفر معلوم نہ ہوگا۔ کیونکہ عام محاورہ ہے کہ ''بات پیشانی کی پیش آئی ہے'' یعنی جو تقدیر میں لکھا ہوا ہے وہ ضرور پورا ہوگا۔ پس یہ کفر

جس کی تعریف حضرت محمد ﷺ نے کی ہے کہ سوا مسلمانوں کے کسی کو نظر نہ آئے گا' اسکے تو صاف معنی یہ ہیں کہ ایک امتی ہو کر دعویٰ نبوت کرے گا اور اسکی پیشانی کا لکھا ہوا کفر علماء کے فتوے سے ظاہر ہو گا اور وہ بھی ایمان والے مسلمان اسکو کافر سمجھیں گے۔ دوسرے لوگ جن میں ایمان نہیں اسکو پیشوا بنا لیں گے۔

۸......اسکے پاس اشیاء خوردنی کا ذخیرہ ہو گا۔ انگریز قوم کسی جگہ اشیاء خوردنی کا ذخیرہ نہیں رہنے دیتی' بذریعہ ریل و تجارت اناج کو پراگندہ کرتی ہے۔ ہندوستان کی کنک ولایت تک جاتی ہے۔

۹......الوہیت کا دعویٰ انگریزوں نے نہیں کیا۔ اگر صنعت و حرفت اور علوم و فنون کے لحاظ سے انگریزوں کو دجال کہتے ہو تو جب مسلمانوں کے ہاتھ میں صنعت و حرفت تھی اور بذریعہ علوم و فنون کے موجد ہو گذرے ہیں۔ جہاز بنانے کے موجد عرب ہیں۔ ستارہ شناسی کے علم کے موجد مسلمان ہیں۔ علم عروض جفر وغیرہ کے موجد عرب ہیں۔ تو کیا وہ دجال تھے؟ یہ بالکل فاسد خیال ہے کہ علوم و فنون جدیدہ جس قوم میں ہوں وہ دجال ہے۔ زمانہ کی رفتار کے ساتھ علم ہمیشہ ترقی کرتا جاتا ہے اور کرتا رہے گا۔ کئی تو ایجاد چیزیں اب اس زمانہ میں ظاہر ہوئی ہیں جو پہلے نہ تھیں اور آئندہ زمانہ میں ہوں گی جو اب نہیں۔ جہالت ہے کہ کسی موجد کو دجال سمجھیں اور کفران نعمت ہے کہ وہ محنت کر کے ایجاد کرے اور ہم اسکو دجال کہیں۔

۱۰......دجال کے عہد میں سخت قحط ہو گا۔ انگریزوں کے وقت میں ایسا قحط کبھی نہیں پڑا جیسا کہ پہلے تاریخ پتا دیتی ہے۔ ۱۰۳۰ء کے قحط میں انسان کا گوشت پکایا اور کھایا گیا۔ ۱۲۵۸ء کے قحط میں لندن کے ۱۵ ہزار باشندے بھوک سے مر گئے۔ (دیکھو معرکہ مذہب و سائنس' صفحہ ۳۲۴)

دوم: دجال تو مسلمانوں کو بھوکا مارے گا اور انگریز مسلمانوں سے ہمدردی کرتے ہیں اور بلاتفریق ہر ایک کو اشیاء خوردنی وحوائج انسانی دیتے ہیں، یہ دجال کیونکر ہوئے۔

۱۱...... زمین کے مدفون خزانے اسکے ہمراہ ہونگے۔ زمین کے مدفون خزانوں سے معدنیات مراد لینا غلط ہے۔ کیونکہ معدنیات لوہا، تانبا، سونا، چاندی، ہیرا، جواہرات، نیلم، لعل، گندھک، ہرتال وغیرہ وغیرہ۔ ہر ایک زمانہ میں نکلتی رہتی ہیں اور اب بھی جیسا علوم کی ترقی ہوئی ہے، نکلی ہیں اور آئندہ بھی نکلیں گی۔ یہ پہاڑوں کی قدرتی پیدائشی چیزیں ہیں نہ کہ کسی کے پہاڑوں میں مدفون کی ہیں۔ معدنیات کسی کی مدفونہ خزانہ نہیں۔ مدفون خزانہ وہ ہے جو زمین کے اندر کسی نے زرومال دفن کیا ہو۔ کیونکہ زرومال دیکر دجال لوگوں کو بے ایمان کرے گا۔ معدنی چیزیں پتھر کا کوئلہ وگندھک وغیرہ دیکر لوگوں کو بے ایمان نہیں کرے گا۔ جیسا اور علوم میں ترقی ہوئی ہے ویسی ہی مائنگ یعنی معدنیات میں ہوئی ہے۔

۱۲...... دجال مکہ معظمہ کے قریب مقیم ہوگا۔ انگریز قوم مکہ معظمہ تک نہیں پہنچی۔

۱۳...... مدینہ منورہ میں زلزلہ۔ دجال کے جانے سے مدینہ منورہ میں تین دفعہ زلزلہ آئے گا۔ جب انگریز قوم مدینہ منورہ میں نہیں گئی تو زلزلہ کیسا۔

ناظرین! اس حدیث کے رو سے جو امتی دعویٰ نبوت کرے اور امتی ہونے کا بھی دعویٰ کرے اس کو حضرت ﷺ نے دجال کہا ہے۔

اول: اگر دجال صرف پادریوں اور انگریزوں کی قوم کو سمجھیں تو پھر اس حدیث کے کیا معنی ہوں گے کہ میری امت میں سے دجالون کذابون ہوں گے۔ انگریز تو حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی امت نہیں ہیں۔

دوم: انگریز تو آنحضرت ﷺ سے چھ سو برس پہلے سے چلے آتے تھے اور دجال مسیح موعود

کے وقت ہوگا جسکو مسیح موعود قتل کرے گا۔اس سے بھی ثابت ہوا کہ انگریز دجال نہیں۔

سوم: پادریوں کے فتنے اور مظالم جو پہلے زمانوں میں گزرے ہیں اس زمانہ میں اسکا عشر عشیر بھی نہیں۔ ہم اس جگہ ایک موقعہ لکھتے ہیں تاکہ معلوم ہو کہ مرزائی جہل کے باعث پادریوں کا فتنہ عظیم سمجھتے ہیں۔

۱۴۷۸ء میں پاپا کا فرمان صادر ہوا کہ ایک محکمہ انکویزیشن کی مقدس عدالت قائم کی جائے اور اس عدالت سے جو عیسائیت کے برخلاف عقیدہ رکھتا ہو' اسکو سزا دیجائے۔ اس عدالت کی کارروائی کا نتیجہ پہلے سال یہ ہوا کہ دو ہزار اشخاص اندلس میں زندہ جلائے گئے۔ سترہ ہزار کو سزائے جرمانہ وحبس دوام دی گئی۔ مظلوم یہودیوں میں سے جو بھاگ گئے وہ بچے' باقی سب تختہ مشق ستم بنائے گئے۔ (دیکھو' معرکہ مذہب وسائنس' صفحہ ۲۰۵)۔ دس ہزار دوسو بیس اشخاص زندہ جالئے گئے۔ ستانوے ہزار تین سو اکیس اشخاص کو دوسرے طریقے مختلف سزائیں دیں۔ (دیکھو' معرکہ مذہب وسائنس' صفحہ ۲۰۶)

۱۵۰۲ء یہ حکم دیا گیا تھا کہ ہر غیر اصطباغ یافتہ عرب جس کی عمر سن شیر خورگی سے متجاوز ہو' مملکت کیسٹل اباں سے اواخر ماہ اپریل تک نکال دیا جائے۔ فروخت شدہ جائداد کی قیمت سونے چاندی کی شکل میں ہمراہ لے جانے کی ممانعت تھی۔ ساتھ ہی یہ بھی ممانعت تھی کہ کوئی مسلمان کسی اسلامی ممالک میں ہجرت نہ کرے' ورنہ سزائے موت دیجائے گی۔

(معرکہ مذہب وسائنس' صفحہ ۲۰۸)

اس لحاظ سے مسلمانوں کی حالت یہودیوں سے بدتر تھی۔

۱۴۸۱ء سے لے کر ۱۸۰۸ء تک تقریباً تین لاکھ چالیس ہزار اشخاص کو مختلف سزائیں دیں اور تیس ہزار زندہ جلائے گئے۔ (معرکہ مذہب وسائنس' صفحہ ۲۸۶)

ایک پادری ریمنز نے غرناطہ کی جوک میں عربی زبان کے اسی ہزار نسخے جلا دیئے۔ طرابلس میں تیس لاکھ دینی کتابیں جلائی گئیں۔ اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ جب عیسائی کتب خانہ طرابلس کے پہلے کمرہ میں داخل ہوئے اور بجز قرآن کے کچھ نظر نہ آیا' اس سے انہوں نے قیاس کر کے کہ باقی کتابیں بھی آنحضرت ﷺ کی ہوں گی' آگ لگادی۔

(معرکہ مذہب وسائنس' صفحہ ۱۵۰)

اب ناظرین پر انصاف ہے کہ اس زمانہ میں کسی ملک میں بھی پادریوں کا ایسا زور نہیں اور مسیح موعود کے مدمقابل میں چونکہ دجال ہے اسلئے ہندوستان و پنجاب میں پادریوں کا زور ہونا چاہیے' مگر بالکل نہیں۔ باقی رہا مذاہب کی تردید میں رسالے لکھنے اور مشتہر کرنے اور تقسیم کرنے' یہ ہر ایک کر رہا ہے۔ مرزائی خود کیا کر رہے ہیں' اگر یہی وجہ دجال کی ہے تو پھر مرزائی خود کیا ہوئے۔

چہارم: حدیثوں میں صاف آچکا ہے کہ مسیح موعود دجال کا قاتل ہے۔ مگر مرزا صاحب اول تو دجال کے نوکر ہوئے۔ پھر قادیان میں تمام عمر دجال کی مدح سرائی کرتے رہے۔ چنانچہ ''تحفہ قیصریہ'' میں لکھتے ہیں کہ ''میرا باپ بھی آپ کا (یعنی انگریزی قوم کا) خیر خواہ تھا اور میں بھی آپکا خیر خواہ ہوں۔ مسلمانوں میں جو عقیدہ جہاد فی سبیل اللہ کا چلا آتا تھا اور خونی مہدی وخونی مسیح کے منتظر تھے' میں نے اس کو حرام کر دیا ہے''۔

''امام صلح'' کے صفحہ ۱۲۷ پر لکھتے ہیں: ''ہمیں تمام احسان کو یاد کر کے سچے دل سے اس سلطنت سے اخلاص رکھنا چاہیے''۔ کیا اخلاص یہی ہے کہ اوپر سے اخلاص اخلاص پکاریں اور دل میں انگریزوں کو دجال و دشمن اسلام سمجھیں۔ کیونکہ دجال تو مسلمانوں کے برباد کرنے والا ہوگا۔ اور یہ کس حدیث میں ہے کہ مسیح موعود دجال کی اس قدر مدح سرائی

کریگا کہ حد سے بڑھ جائے۔ اور اسکی اس قدر تعریف کریگا کہ اسکے خوش کرنے کو اپنے تمام بزرگان وصحابہ کرام ورسول اللہ ﷺ کو بلاتمیز خونی، وحشی کہے گا اور عیسائیوں کی مانند اسلام پر اعتراض کریگا اور جس طرح عیسائی محمد رسول اللہ ﷺ پر حملے کرتے ہیں، مسیح موعود بھی کرے گا کہ رسول اللہ ﷺ سے غلطیاں ہوا کرتی تھیں۔ یہ کہاں لکھا ہے کہ مسیح موعود دجال کی کچہری میں دو تین دفعہ بشکل مجرم حاضر ہوگا اور دجال اس پر رحم کر کے چھوڑ دے گا۔ ذرا خدا کا خوف کرو اور دین کو دین سمجھ کر اسکی پیروی کرو اور اپنی اپنی رائے کو چھوڑو۔ انگریز دجال ہرگز نہیں، یہ تمہاری غلطی ہے۔ مسیح موعود تو خود حاکم عادل ہو کر آنا ہے نہ کہ محکوم و رعیت۔ مرزا صاحب تو انگریزوں کی رعیت اور محکوم ہیں۔ اور یہ کسی حدیث میں نہیں ہے کہ مسیح موعود دجال کا محکوم و رعیت ہوگا۔ دیکھو بخاری، صفحہ ۴۴۰: "والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة" ترجمہ: قسم ہے اس خدا کی جسکے ہاتھ قدرت میں میری جان ہے قریب ہے کہ نازل ہونگے تم میں بیٹے مریم کے، حاکم عادل توڑیں گے صلیب اور قتل کریں گے خنزیر اور معاف کریں گے جزیہ۔ اس حدیث کے رو سے مرزا صاحب مسیح موعود نہیں ہوسکتے کیونکہ حاکم نہ تھے، رعیت تھے اور انگریز دجال نہیں کیونکہ مرزا صاحب کے حاکم ہیں مسیح کا فرض عیسائیت کو مٹانا تھا نہ زیادہ کرنا۔ اب ہم بتاتے ہیں کہ مرزا صاحب نے عیسائیت کا فتنہ زیادہ کیا ہے۔

۱...... کفار ابنیت کے مسئلہ کی تصدیق کی اس طرح کہ خدا نے مجھ کو اپنا بیٹا کہا۔ جب مرزا صاحب کو خدا نے اپنا بیٹا کہا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جو بغیر باپ پیدا ہوئے تھے، ضرور بیٹا کہا ہوگا۔ دیکھو الہام مرزا صاحب: انت منی بمنزلة ولدی. تو میری بیٹے کی جا بجا

ہے۔ حالانکہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا﴾ ترجمہ: پھٹ جائیں زمین اور گر پڑیں پہاڑ کانپ کر اس سے دعویٰ کیا انہوں نے واسطے رحمٰن کے اولاد کا۔ اتخاذ ولد خدا کی ذات کے واسطے کفر ہے۔ اور مرزا صاحب نے اپنی ذات کے واسطے جائز قرار دیا اور عیسائیوں کے ابنیت کے مسئلہ کو تقویت دی۔

۲..... فتنہ کفارہ کا مسئلہ ہے عیسائی کہتے ہیں کہ ''خدا نے ہم پر رحم کیا اور اپنا بیٹا ہمارے گناہوں کی قربانی دیا وہ مبرہ عیسیٰ مسیح ہے جس نے ہماری خاطر صلیب کے عذاب سہے اور جان دی''۔

قرآن مجید اس عقیدہ کی ہمیشہ تردید کرتا رہا اور علماء امت بھی ۱۳ سو سال تک کفارہ کی بیخ کنی کرتے رہے کہ جب بقول قرآن ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾ مسیح مصلوب ومقتول نہیں ہوا تو اب کفارہ کیسا؟ مرزا صاحب نے وفات مسیح میں اپنے دعویٰ کی خاطر اجماع امت کے برخلاف قبول کیا اور مسیح کا مصلوب ہونا اور کوڑے کھانا اور منہ پر تھکوانا طرح طرح کے عذابوں سے مصلوب ہونا مان لیا اور کفارہ کو ثابت کر دیا۔ جب مسیح طرح طرح کے عذاب برداشت کرے گا' بے گناہ کو اس قدر عذاب دیئے گئے کہ موت وزندگی میں فرق نہ رہا تو کفارہ کا مقصود تو حاصل ہو گیا۔ باقی یہ نامعقول بات کہ جان نہیں نکلی تھی' کون مان سکتا ہے۔ کیونکہ جو کفارہ کی ثبات کی دلیل تھی کہ بیچارے کو صلیب پر طرح طرح کے عذاب دیئے گئے' تو مسیح کا عذاب سہنا ہے کفارہ گناہ امت تھا۔ جسکو مرزا صاحب نے مان لیا۔ پس کفارہ خود مان لیا۔

۳..... فتنہ تجسم خدا کا ہے۔ عیسائی کہتے ہیں: ''باپ' بیٹا' روح القدس تینوں ایک ہیں''۔ دیکھو خط یوحنا' باب ۵' آیت ۷: ''تین ہیں جو آسمان پر گواہی دیتے ہیں' باپ کلام روح

القدس یہ تینوں ایک ہیں''۔مرزا صاحب بھی ''توضیح المرام'' صفحہ ۲۲ پر لکھتے ہیں: ''خدا تعالیٰ کی محبت سے بھری ہوئی انسانی روح کہ بارادہ الٰہی اب محبت سے بھر گئی ہے ایک نیا تولد بخشتی ہے اس وجہ سے اس محبت کی بھری ہوئی روح کو خدا تعالیٰ کی روح سے جو نافخ المحبت ہے استعارہ کے طور پر ابنیت کا علاقہ ہوتا ہے اور چونکہ روح القدس ان دونوں کے ملنے سے انسان کے دل میں پیدا ہوتی ہے' اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ وہ ان دونوں کے لئے بطور ابن ہے اور یہی پاک تثلیث ہے''۔

ناظرین! ایسے فتنے کے وقت رسول اللہ ﷺ نے سورۂ کہف کی پہلی آیات پڑھنے کا حکم دیا ہے' تا کہ مسلمان توحید پر قائم رہیں اور حقیقت میں یہ بھی ایک دجالی فتنہ ہے اور چونکہ آنحضرت ﷺ نے کاذب مدعی نبوت کو بھی دجال کہا ہے اسلئے یہ نہایت خوف کا مقام ہے کہ مرزا صاحب کی بیعت کی جائے' جن کی تعلیم فتنہ دجال کو تقویت دینے والی ہے۔ بلکہ وہی ہے کیونکہ مرزا صاحب نے ابنیت والوہیت وتثلیث ثابت کر دی ہے اور انجیل وتورات کی تلاوت بھی مرزائی کرتے ہیں اور سندیں پکڑتے ہیں۔

اب ناظرین خود سوچ لیں کہ مرزائی تاویلات کسقدر بعید از عقل ہیں۔ اگر مرادی معنی اور قیاسی تاویلات مرزائی کر سکتے ہیں تو ہم کو بھی حق ہے کہ ہم بھی تاویلات زمانہ کی رفتار اور حالات کے مطابق کریں۔ پھر پبلک خود فیصلہ کر لے گی کہ کس کی تاویلات درست ہیں۔ بفرض محال اگر مان بھی لیں کہ ظہور مہدی ونزول مسیح کا یہی زمانہ ہے تو اس سے مرزا صاحب کا ہی ہونا کیونکر ثابت ہوا۔ مرزا صاحب کی تعلیم بالکل شرک اور کفر سے بھری ہوئی ہے۔ اس لئے پہلے مرزا صاحب کو مسلمان تو ثابت کرو پھر مسیح ومہدی پر بحث کرنا۔ مدت سے انکے کشوف والہامات جو خلاف قرآن واحادیث وشریعت محمدی ﷺ

ہیں۔اور مرزائی مشن کی طرف سے کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا گیا اور نہ دیا جانا ممکن ہے۔ ’’اخبار بدر قادیان‘‘ نے لکھا ہے کہ یہ حضرت صاحب کا کشف ہے۔ ’’تشحیذ الاذہان قادیان‘‘ نے لکھا ہے کہ ’’حضرت اقدس کا کشف ہے اور پہلے بھی اولیاء اللہ ایسے ایسے کلمات خلاف شرح کہتے ہیں‘‘۔جس کا جواب کئی بار دیا گیا ہے کہ ان بزرگوں نے خلافت و نبوت کا دعویٰ نہیں کیا اور نہ انکا کہنا ایسا بڑا اثر کرتا تھا کہ مرزا صاحب کا کہنا امامت کے مدعی ہونے کی حالت میں مضر ہے۔

دوم: ان لوگوں نے شریعت کی تعظیم کی اور اپنے آپ کو شریعت کے حوالے کیا اور حد شرعی قبول کی۔کسی نے پھانسی قبول کی، کسی نے اپنی کھال اتروائی، کسی نے اپنے مریدوں کو کہا کہ جب میرے منہ سے ایسے کلمات نکلیں مجھ کو قتل کردو، کسی نے سر کٹوایا۔مگر مرزا صاحب نے بجائے تعظیم شریعت کے علماء امت کو ہی گالیاں اور لعنتیں دینی شروع کیں اور الٹا اپنے کلمات کفر سے جنکے باعث انکو کفر کے فتوے دیئے گئے؛ اسکے عوض بجائے توبہ کے مرزا صاحب نے تمام روئے زمین کے مسلمانوں کو کفر کا فتویٰ دیدیا اور رشتے ناطے توڑے نمازیں پڑھنی ترک کرادیں، جنازے پڑھنے چھوڑ دیئے اور اپنی اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنا کر امت محمدی میں تفرقہ ڈالا اور ﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا﴾ کے برخلاف جماعت الگ کر کے قرآن کے خلاف کیا۔تمام تفاسیر کو ردّی کر کے اپنی رائے کو الہام زبانی قرار دیکر قرآن واحادیث کے الٹے معنی کر کے تمام دین میں تحریف کی، لفظ کچھ ہیں اور معنی کچھ کئے۔اور پھر اس تحریف کا نام حقائق و معارف رکھا۔اب اس صورت میں کون دیندار جس کو روز قیامت پر ایمان ہے اور جزا سزا کا قائل ہے اور اللہ و رسول کے فرمودہ پر چلنا چاہتا ہے اور اپنی خواہشات نفسانی کی پیروی نہیں کرنا چاہتا بلکہ شریعت کے تابع ہو کر چلنا

چاہتا ہے، وہ کیونکر مرزا صاحب کو مسیح موعود و پیرو پیشوا مان سکتا ہے۔ انکو وہی مانتے ہیں جو عقل کے مطابق تمام دین کے مسائل کو بگاڑنا چاہتے ہیں اور جو دل میں آئے کرنا چاہتے ہیں۔ نہ اللہ کا خوف نہ رسول کا ڈر۔ نہ راستی سے محبت اور نہ دروغ سے پرہیز۔ اتقا کا نام نہیں۔ یاد اللہ تسبیح و تہلیل سے کچھ کام نہیں۔ رات دن جھوٹ بول کر مرزا صاحب کے مرید بنانے میں نجات سمجھتے ہیں۔

اگر وہ زمانہ آ گیا ہے کہ کسی کو مسیح موعود مانا جائے تو جو اسکے اہل ہو اور حامی دین اسلام کہیں ہیں، اسکو کیوں نہ مانا جائے اور جسکی کارروائیاں اور عمل بتارہے ہیں کہ اگر کوئی اس زمانہ میں مسیح موعود کا فرض ادا کر رہا ہے تو وہ ہے اور اگر کوئی مہدی موعود کا کام سرانجام دے رہا ہے تو وہ ہے۔ ہم بتاتے ہیں کہ وہ کون ہیں۔ وہ اسلامی دنیا میں جنکا نام نامی آب زر سے لکھنے کے قابل ہے اور جن کے کارنامے تاریخ اسلام میں بڑی عزت سے لکھے جارہے ہیں۔ وہ دونوں شخص اس زمانہ کے مسیح موعود و مہدی مسعود ہیں اور جن کے جانبازیوں اور خلوص دلی اور ہمدردی اسلامی اظہر من الشمس ہوگئی ہیں۔ وہ ایک تو ''غازی انور بیگ'' مسیح موعود ہیں کہ جنکی مسیحائی نے وہ کام کیا کہ دم عیسوی نے بھی نہ کیا تھا جسکی تاثیر سے تمام مردہ قوم اہل اسلام دنیا بھر کی یکدم زندہ ہوگئی ہے اور جس مبارک زمانہ اتفاق عرب و ترک کا مدت سے انتظار تھا وہ اس شخص کے نزول سے پورا ہوا اور تمام حدیثیں ان پر لفظاً لفظاً صادق آتی ہیں۔ پہلی حدیث یہ ہے ''کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم و امامکم منکم'' یعنی کیسی عمدہ حالت ہوگی تمہاری یعنی عرب مخاطب ہیں کہ جب عیسیٰ ابن مریم تم میں اتریں گے۔ یہ ظاہر ہے کہ ''غازی انور بے'' ایسے راستہ سے طرابلس پہنچا کہ کہ کسی کو معلوم نہیں ہوا اور یہ عام محاورہ ہے جب کوئی اچانک کسی جگہ پہنچ جائے تو اسکو کہتے

ہیں کہ گویا آسمان سے نازل ہوا۔ کیونکہ ظاہری طور پر تمام راستے بند تھے بلکہ مصر میں پہرے بیٹھے تھے مگر یہ مسیح موعود کا معجزہ تھا کہ کسی نے اس کو نہ پکڑا اور نہ پہچانا۔ اور طرابلس میں مسیح موعود کے وہ جنگی کارنامے اور مسیحا نفسی ظہور پذیر ہوئے کہ اخبار پڑھنے والے خوب جانتے ہیں۔ اگر مضمون کا طول ہو جانے کا خوف نہ ہوتو بہ تفصیل لکھوں مگر عیاں راچہ بیاں کہ تمام عرب یک کلیجہ یک دل یک زبان حفاظت دین کے واسطے جمع ہو گئے۔ اب ''امامکم منکم'' یعنی امام مہدی علیہ السلام بھی بموجب الفاظ حدیث کے عربوں میں سے ظہور پذیر ہوئے، کسی کو نام تک معلوم نہ تھا کہ جناب خاتم الاولیاء ''شیخ سنوسی صاحب'' بھی کوئی دنیا پر ہے۔ مگر جنگ طرابلس نے اسلامی دنیا کو انکے نام سے روشناس کرایا ان دونوں جانبازان وفدایان اسلام نے ڈوبتی ناؤ کو سنبھالا اور اٹلی دجال کو وہ ہاتھ دکھائے کہ دنیا جانتی ہے اور اٹلی کو دجال قرار دیتے ہیں۔ دوسری حدیث کے الفاظ بھی صادق آتے ہیں کہ اس نے حج کو بھی بند کیا اور مکہ معظّمہ پر بھی حملہ کرنے کا ارادہ ظاہر کیا۔ مگر چونکہ محمد رسول اللہ ﷺ کی پیشگوئی ہے کہ راستہ سے دجال واپس ہوگا' مکہ میں داخل نہ ہوگا' پوری ہوئی۔

ایک دوسری حدیث میں ہے کہ مہدی علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کہیں گے کہ آپ امام بنیں اور جماعت کرائیں اور آپ پیچھے ہٹنا چاہیں گے، مگر مسیح موعود فرمائیگا کہ نہیں امام آپ ہی رہیں گے۔ ایسا واقع شیخ سنوسی اور غازی انور بیگ میں ہوا۔ یعنی شیخ سنوسی نے غازی انور بیگ کو کہا کہ حکومت کی باگ اپنے ہاتھ میں لیں۔

(باقی آئندہ)

رسالہ نمبر ۱۰

انجمن تائید الاسلام

اور

یورپ میں اشاعت اسلام

منجانب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وصف گل وریحان بہوا باز نگردد　　　ہر چند ہوا عطر دید قدرت شم را

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ناظرین پر یہ بات پوشیدہ نہیں کہ خواجہ کمال الدین صاحب مریدانِ مرزا غلام احمد قادیانی مدعی نبوت، مہدویت، مسیحیت وکرشنیت وغیرہ وغیرہ کے رکن رکین ہیں۔ اور اہل اسلام ہندوستان وپنجاب پر پھر ایسی ہی عظیم غلطی کا وقت آ گیا ہے جو کہ مرزا صاحب کے اشتہار براہین احمدیہ کا تھا۔ جبکہ انھوں نے اسلام کی حمایت کے بہانے سے مسلمانوں

سے روپیہ بٹورا اور بجائے اشاعت اسلام کے مرزائیت (یعنی اپنے دعاوی نبوت وغیرہ) کی اشاعت کیواسطے اشتہارات اور تالیفات کتب پر اس بے رحمی سے دل کھول کر خرچ کیا کہ لاکھوں کی تعداد میں اشتہارات مسیح موعود ہونے کے واسطے تمام ممالک غیر تک پہنچائے۔ اور یہ وہ روپیہ تھا جو اس واسطے مسلمانوں سے لیا تھا کہ قرآن اور محمد ﷺ کی صداقت پر تین سو دلائل کل ذویاں کی تردید میں بیان کی جائیں گی اور اسلامی تعلیم اور مذہب کو سچا ثابت کیا جائے گا۔ مگر وہ وعدہ بالکل وفا نہ کیا گیا اور روپیہ بے محل خودستائی اور اپنی نبوت ورسالت کے اثبات میں خرچ کیا اور وفات مسیح علیہ السلام کی خاطر تمام اسلاف اہل اسلام کو غلطی پر بتایا گیا۔ تمام تفاسیر کو ردّی قرار دیا گا۔ ائمہ اربعہ کو اور اجماع امت کو کورانہ تقلید کا خطاب دیا گیا اور اسلام کے تمام مسائل کے الٹ پلٹ میں کتابیں اور اشتہارات اس کثرت سے لکھے کہ ممالک متمدنہ یورپ کے شاید کسی ہوشیار سے ہوشیار دکاندار نے بھی اس قدر شائع نہ کئے ہونگے اور وہ روپیہ جو خدمت وحمایت اسلام کے واسطے جمع کیا گیا، وہی تخریب دین میں اسلام اور مسلمانوں کی دل آزاری پر خرچ کیا گیا اور مرزائیت کی اس قدر اشاعت ہوئی کہ کوئی شہر وقصبہ پنجاب وہندوستان میں نہیں کہ مرزائیوں کی اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ نہ ہو اور تفرقہ امت محمدی ﷺ میں اس قدر ڈالا کہ بھائی بھائی سے، میاں جورو سے، جورو میاں سے، خویش وقارب تمام اجزاء جو اسلام کے تھے الگ الگ کر دیئے۔ حتی کہ نمازیں اور جنازے پڑھنے بھی بند ہو گئے۔ اور یہی مرزا جی کی پیدا کردہ چھوٹی سی جماعت تمام موجودہ واسلاف اہل اسلام کو یہودی، کافر کا لقب دینے لگی۔ حتی کہ ابتک کتابوں میں ایسا ہی لکھتے ہیں اور امت محمدی ﷺ میں وہ فساد ڈالا ہوا ہے کہ کوئی جگہ نہیں جس جگہ چرچا نہ ہو۔ اور اب تک ہندو پنجاب کے علاوہ بلاد غیر میں جا پہنچے ہیں۔ منہ سے قرآن ومحمد ﷺ کہے جاتے ہیں اور اپنے آپ کو اسلام کا خیر خواہ بتاتے ہیں۔

مگر جب انہوں نے تمام مسلمانوں کو جو مرزا صاحب کو نبی ورسول نہیں مانتے، کافر قرار دے دیا تو اب مسلمانوں سے کیا واسطہ ہے۔ لیکن یہ عیاری دیکھئے کہ چندہ لینے کیواسطے اور مال وزر وصول کرنے کیواسطے ان یہودیوں کو مسلمان کہہ دیتے ہیں۔ اور جس طرح بھی بن پڑے مسلمانوں سے روپیہ بٹور لیتے ہیں۔ مگر خود ایسے گرہ کے پکے اور تعصب کے پتلے ہیں کہ سوا قادیان کے ٹیکس کے ایک پیسہ کسی قومی کام میں نہیں دیتے۔ انجمن تائید حمایت اسلام کو دینا گناہ سمجھتے ہیں، مگر جب اپنا مطلب ہو تو یہی یہودی بھائی مسلمان ہیں اور گندم نمائی کر کے اپنا مطلب نکال لیا تو پھر وہی علیحدگی اور قطع تعلق، تو کون اور میں کون؟

وہی وقت اب مسلمانوں پر آ گیا ہے اور ویسی غلطی میں مسلمان مبتلا ہونے لگے ہیں کہ چندہ جمع کر کے خواجہ کمال الدین کو روانہ کر رہے ہیں یا ارادہ کرتے ہیں۔ جس کا نتیجہ اخیر وہی پشیمانی ہوگی جو مسلمانوں نے مرزا صاحب کو چندے اور براہین کی قیمت پیشگی ادا کرنے سے ہوئی تھی۔ روپیہ مسلمانوں کا ہوگا اور مرزائیت کی اشاعت میں خرچ ہوگا۔ اور برائے نام مسلمانوں کا منہ بند کرنے کیلئے کسی انگریز کی تبلیغ کے نام سے بھی خرچ کیا جائیگا۔

ہم نہایت ادب سے مرزائی صاحبان اور ان کے معاونین سیدھے سادھے مسلمانوں سے جو خیر خواہ اسلام بنتے ہیں، پوچھتے ہیں کہ خواجہ صاحب کیا ولایت میں یہی نمونہ تعلیم اسلام پیش کر رہے ہیں جو مرزا صاحب کے کشوف والہام وتعلیم ہے کہ

۱...... میں نے دیکھا کہ میں خدا ہوں اور یقین کیا کہ خدا ہوں پھر میں نے زمین وآسمان بنائے، انسان بنائے اور ان کی خلق پر قادر تھا۔ (کتاب البریہ، صفحہ۷۹)

۲...... خدا نے مجھ کو کہا "انت منی بمنزلة ولدی" تو میرے بیٹے کی مانند ہے۔

(حقیقۃ الوحی، صفحہ۸۶)

۳...... کن فیکون کے اختیاراتِ خداوندی مرزا صاحب کو خدا تعالیٰ نے فرمایا۔

(اخبار الحکم، ۲۴؍فروری ۱۹۰۵ء)

۴...... ’’قادیان‘‘ قرآن مجید میں کشفی حالت میں مرزا صاحب نے دیکھا۔

(ازالہ اوہام، صفحہ ۷۶)

۵...... قادیان خدا کے رسول کی تخت گاہ ہے۔ (دافع البلاء، صفحہ ۱۰)

۶...... مرزا صاحب نے خدا کو مجسم دیکھا اور اس کے دستخط پیشگوئیاں پر کرائے اور سرخی کے چھینٹے مرزا صاحب کے کرتہ پر پڑے۔ (حقیقۃ الوحی، نشان ۱۰۶)

مرزا صاحب کی تصانیف ایسے ایسے کشوف والہامات وغیرہ سے بھری پڑی ہے۔ اگر یہی تعلیم خواجہ صاحب ولایت میں پیش کر کے کسی عیسائی کو مرزائی بنا کر برائے نام مسلمان بنائیں تو مسلمانوں کو ایسی مشرکانہ تعلیم کے واسطے روپیہ دینا جائز نہیں ہے۔ اور اس عیسائی بیچارے کو ایسے اسلام سے کیا فائدہ ہوا کہ عیسائی ہونے کی حالت میں وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا مانتا تھا اور اب مرزائی ہو کر مرزا غلام احمد قادیانی کو خدا کا بیٹا مانتا ہے۔

۲...... عیسائی ہونے کی حالت میں وہ خدا کا تجسم مانتا تھا اور اب مرزائی ہو کر بھی خدا کا تجسم مانتا ہے۔

۳...... عیسائی ہو کر وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مصلوب ومقتول مانتا تھا اور مرزائی ہو کر بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مصلوب ومقتول اور طرح طرح کے عذابوں سے معذب مانتا ہے۔

۴...... عیسائی ہونے کی حالت میں وہ ناچیز انسان کو تاویلات کر کے خداوند جانتا اور کہتا تھا۔ مرزائی ہو کر بھی مرزا صاحب کو خالق زمین وآسمان اور انسان کو مٹی کا خلاصہ سے بنانے والا یقین کرتا ہے۔

۵...... عیسائی ہونے کی حالت میں اس کا یقین تھا کہ خدا سے جب ہم محبت کریں اور وہ ہم سے محبت کرے تو انسان خدا ہو جاتا ہے۔ مرزائی ہو کر بھی اس کو ایسا ہی ماننا پڑا۔

۶......عیسائی ہونے کی حالت میں وہ محرف کتاب پر عمل کرتا تھا۔ مرزائی ہو کر بھی اس کو ماننا پڑیگا کہ قرآن محرف ہے۔ اس میں سے "انا انزلناہ قریبا من القادیان" جو سوا تیرہ سو برس تک قرآن میں نہ تھا اب داخل کیا گیا ہے یا ابتدائی حالت قرآن میں تھا پیچھے مسلمانوں نے نکال دیا ہے۔

۷......عیسائی ہو کر وہ تثلیث کا قائل تھا جو کفر ہے۔ مرزائی ہو کر بھی اس کو تثلیث ماننی پڑیگی۔ خدا کی محبت روح القدس جسے مرزا صاحب پاک تثلیث کہتے ہیں۔ اگر یہی اسلام کا نمونہ خواجہ صاحب لندن میں پیش کرتے ہیں تو بقول سعدی مصرعہ **"بیری رونق مسلمانی"** اور بہت جلد اسلام سے نفرت شروع ہو جائیگی۔ کیونکہ جن جن نامعقول باتوں سے ان ملکوں کے باشندوں کو عیسائیت سے نفرت ہوئی ہے وہی باتیں بلکہ اس سے زیادہ انکو اسلام میں نظر آئیں گی تو وہ کیونکر یہ گوارا کریں گے کہ عیسائیت چھوڑ کر مسلمان ہو جائیں۔

اگر خواجہ صاحب قرآن اور محمد ﷺ کو پیش کرینگے اور براہین اور غلام احمد کو پیش نہ کرینگے تو امید کامیابی کی ہے۔ اور امید بھی یہی ہے کہ جیسا کہ خواجہ صاحب کی روش ہے کہ وہ مرزائیت مختلف رنگوں میں لا کر ظاہر کرتے تھے، ظاہراً صلح کل رہتے تھے اور عام جلسوں میں قرآن اور محمد ﷺ پیش کرتے تھے وہاں بھی یہی کرتے ہونگے۔ تو اس صورت میں صرف اس قدر عرض کرنا ضروری ہے کہ "کھانے کو گنگو شاہ کی دوکان اور عیش کرنے کو رحمان شاہ کا تکیہ" وہی مثل ہوئی۔ ہندوستان میں تو اس اسلام کے پیروں کو بلکہ ۲۳ کروڑ کل مسلمانوں کو کافر بناؤ اور باہر جا کر انہیں کا مذہب پیش کر کے لوگوں کو مسلمان بناؤ، یہ کونسا اسلام وانصاف ہے۔ ہم تمام مسلمان یورپ میں تبلیغ اسلام کیلئے مدد دینے کو مفصلہ ذیل شرائط کیساتھ تیار ہیں کیونکہ ہم کو دھوکہ ہو چکا ہے کہ بجائے اسلام کی ترقی اور حمایت کے اسلام کے ہی ٹکڑے کئے گئے اور اسی کو کمزور کیا گیا۔ شرائط یہ ہیں:

ا.....خواجہ صاحب کے ساتھ دیگر مسلمان بھی لندن میں تبلیغ اسلام کیلئے شامل ہوں اور وہاں ایک انجمن کی صورت میں سب مل کر کام کریں اور اپنے کام کی رپورٹ اور حساب کتاب وغیرہ سے باقاعدہ انجمن کو اطلاع دیتے رہیں۔

۲.....زر چندہ جس غرض کیواسطے وصول کیا جائے اسی غرض میں خرچ ہو۔

۳.....اس انجمن کے ممبر احمدی وغیر احمدی، نیچری، شیعہ وغیرہ سب مذاہب کے ہوں۔

۴.....جو کارروائی ہو باتفاق رائے ہو اندرونی چھیڑ چھاڑ کسی فرقہ کی نہ ہو۔

۵.....مخالفین مذاہب کے سامنے صرف قرآنی ومحمدی تعلیم پیش کی جائے۔

۶.....یہ خدمت اسلام کی کارروائی اس انجمن کی متفقہ کوشش کا نتیجہ سمجھا جائے کسی واحد شخص کیطرف منسوب نہ ہو، خواہ وہ خواجہ کمال الدین ہو یا کوئی اور۔ نہ ہندوستان وپنجاب میں مرزائیت کی تصدیق کی دلیل بنائی جائے جیسا کہ اب مرزائی ہر ایک شہر اور گاؤں میں شور مچا رہے ہیں کہ دیکھو خواجہ صاحب نے ایک لاٹ کو مسلمان بنا دیا۔ حالانکہ یہ سراسر غلط ہے جیسا کہ وہ انگریز لاٹ خود لکھتا ہے کہ ''میں بیس برس سے زیادہ عرصہ سے تحقیق کر رہا تھا اور اب میں نے مسلم سوسائٹی کے سامنے اظہار اسلام کا عمدہ موقع پایا ہے''۔ اب ہر ایک عقلمند مسلم سوسائٹی کے معنی جانتا ہے کہ خواجہ کمال الدین کا نام مسلم سوسائٹی نہیں ہے۔

دوم: اگر خواجہ صاحب بھی سوسائٹی میں شامل ہیں تو پھر انکی واحد کارروائی کیسی ہو سکتی ہے۔

سوم: اگر خواجہ صاحب نے اسلام کی خوبیاں بیان کیں جو اسلام میں واقعی ہیں جنکے باعث وہ ہر ایک ملک میں برقی رو کی طرح پھیل رہا ہے تو اسمیں خواجہ صاحب کی کیا خصوصیت ہے۔ مرزائیوں کے نزدیک تو وہ اسی صورت میں قابل ستائش ہو سکتے ہیں کہ مرزا جی کو بھی منوائیں۔ الگزنڈر رسل وب صاحب امریکہ میں جو مسلمان ہوا تھا اور اسکے اخبار

کے ذریعہ سے بہت انگریز مسلمان ہو گئے تھے تب بھی وہاں خواجہ گئے تھے؟ لندن میں ہی نیور پول میں عبداللہ کوئیلم جو مسلمان ہوا اور شیخ الاسلام کا کام کر رہا ہے، معلوم نہیں وہ اپنے فرائض کس مستعدی سے ادا کرتا ہوگا اور کتنے انگریز مسلمان کئے، کیا تب بھی خواجہ صاحب ہی تھے؟ ہرگز نہیں۔ تو پھر یہ شور مچانا اور بغلیں بجانا کہ دیکھو خواجہ صاحب نے یہ کر دکھایا اس لئے مرزائی سچے ہیں، کیسی پھیکی بات ہے۔ ہوا کا بگولا جنگل سے کسی شہر میں جائے اور وہاں کیوڑہ یا گلاب کی خوشبو پھیل جائے اور اس سے لوگوں کے دل و دماغ معطر ہو جائیں تو اسمیں ہوا کی خوبی نہیں اصل چیز یعنی کیوڑہ یا گلاب کی خوبی ہے۔ کیونکہ ہوا کے گولے کا فعل صرف گھلنا تھا جو خوشبو و بدبو پر سے گزرنے کے علاوہ کئی کھیتیاں اور خرمن بھی برباد کرتا چلا گیا ہے یہ فعل قدرت کا ہے کہ اس نے کیوڑہ وغیرہ میں خوشبو رکھی ہے اور بگولا جیسے تباہ کن چیز سے خوشبو لوگوں تک پہنچانے کا کام لے لیا اور اسی کی تائید کرتی ہے یہ حدیث ’’**ان اللہ لیؤید ھذا الدین بالرجل الفاجر**‘‘ یعنی خدا تعالیٰ کبھی فاسقوں فاجروں سے بھی اپنے دین کی تائید کرا لیتا ہے۔ چہ جائیکہ خواجہ صاحب نے اسلام کی خوبیاں بیان کیں تو واقعی اسلام کی فضیلت ہے اور اسلام کی خوبی ہے۔ خواجہ صاحب جس قدر تعریف کے مستحق ہیں اسی قدر انکی تعریف ہو سکتی ہے وہ یہ کہ مرزا غلام احمد قادیانی مدعی نبوت کے ایک مستعد صحابی ہیں، یہ نہیں کہ چونکہ خواجہ صاحب نے اسلام کی خوبیاں سنائی تھیں اسواسطے وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بن گئے۔ اور انکے مرشد مرزا صاحب محمد رسول اللہ ﷺ ثابت ہو گئے یہ دھوکہ بازیاں ہیں جو جاہل مسلمانوں کو مرزائی کر رہی ہیں۔ دراصل اسلام خود اپنی خوبیوں کے باعث دلوں پر گھر کر رہا ہے بلکہ تمام یورپ میں اہل تحقیق کے دلوں میں ایک تحریک پیدا ہو چکی ہوئی ہے کہ وہ اسلام کیطرف مائل ہیں اور یہ رسول اللہ ﷺ کا معجزہ ہے کہ ہمیشہ اسلام کسی نہ کسی ملک میں نمودار ہوتا رہتا ہے۔ چین میں اسلام کس قدر پھیلا صرف چند سوداگر کے طلب

کرنے پر کچھ مسلمان سپاہی ابتداء چین گئے تھے جنکے ذریعہ سے اسلام تمام چین میں پھیل گیا ایک ایک مسلمان نے جا کر عیسائیوں کی سلطنتیں مسلمان کردیں اور اسلام کی خوبیاں بیان ہونے پر تمام باشندے معہ بادشاہ ورعیت مسلمان ہوتے رہے، کیا وہاں بھی خواجہ صاحب یا مرزا صاحب گئے تھے؟ ہرگز نہیں۔ تو پھر یہ کیوں خواہ مخواہ شور مچا کر دھوکہ دیا جاتا ہے۔

ہم آیندہ کسی وقت بتائیں گے کہ کس طرح ایک ایک مسلمان نے شاہوں کے درباروں میں پہنچ کر شہنشاہوں کو معہ رعایا کے مسلمان کیا تاکہ ان دھوکہ دینے والوں اور غلط بیان کرنے والوں کو معلوم ہو کہ خواجہ صاحب اگر کچھ کررہے ہیں تو اچھا ہے کریں مگر سوال یہ ہے کہ واعظوں کی طرح خدمت اسلام کی آڑ بنا کر روپیہ بھی بٹوریں، خود مزے اڑائیں، مال مفت دل بے رحم کا مصداق بھی ہوں اور پھر مسلمانوں پر احسان رکھیں کہ میں خدمت اسلام کرتا ہوں، کہاں تک درست ہے۔

لندن عروس البلاد شہر رہنے کو زہرہ جہاں مہوشاں کا نظارہ ہر دم موجود ہر کوچہ وبازار ہیں ۔

ہوائے ناز پر کافر اڑائے بال پھرتے ہیں
بچے کیونکر یہ مرغ دل کہ اڑتے جال پھرتے ہیں

بہشت کا نمونہ عین الیقین کے مرتبہ تک پہنچ رہا ہو کہ خرچ کی کشایش جس قدر چاہو خرچ کرو، پبلک کا روپیہ نہ کسی بنک کے دینے کا فکر، نہ موکل کی آمد کا انتظار ہے۔ نہ منشی کے گاہک لانے کا تقاضا ہے نہ مقدمہ کی پیروی کا فکر نہ اس کی تیاری کی محنت چپ چاپ سب کام ہورہے ہیں۔ اگر دو شخص تبلیغ دین کریں تو کیا کرے۔ اگر کیا تو کونسی شمشیر زنی کی تنخواہ لی، اور تنخواہ بھی بلا مقرر جس قدر چاہے خرچ کرے مسلمان سادہ لوح چندے دینے کو

تیار ہیں مگر لطف یہ ہے کہ خواجہ صاحب الٹا احسان جتاتے ہیں ۔

منت منہ کہ خدمت اسلامیاں کنم　　　منت شناس از وکہ بخدمت گذاشتت

گھر سے خرچ کر کے سر سید احمد کی طرح کوئی خدمت اسلام کرتا تو قابل تعریف تھا۔ جس نے عوضانہ لے کر خدمت کی اس نے کچھ نہیں کیا۔ مرزا صاحب مدعی خدمت اسلام تھے مگر انھوں نے عوضانہ پر خدمت اسلام کی۔ قادیان کے فنڈ نے اور چندوں نے ان کو مالا مال کر دیا۔ اگر نوکری و وکالت کرتے اور تمام ایڑی چوٹی کا زور لگاتے، کسی اور قسم کی تجارت وحرفت کرتے تو کبھی یہ دولت نصیب نہ ہوتی جیسے ان کو خدمت اسلام کے بہانے سے ہوئی۔ ایسا ہی خواجہ صاحب اب اٹھے ہیں کہ خدمت اسلام کریں گے اور لندن کے چین اڑائیں گے۔ کیونکہ یہ انگریزی خواں ہیں ان کو پنجابی تمدن معاشرت پسند نہیں اور ویسی خدمت اسلام بھی پسند نہیں۔ اس لئے یہ ولایت کے آب و ہوا کے دلدادہ ہیں وہاں رہ کر ایام زندگی بھی آرام سے گزاریں گے اور خدمت اسلام کے بہانہ سے مسلمانوں کا روپیہ بٹوریں گے۔

مسلمانوں کو ہوش میں آنا چاہیے اور مار آستین کو اپنے ہاتھوں سے دودھ دے کر اپنے ہی اوپر نیش زنی کے واسطے تیار نہیں کرنا چاہیے۔ میں بلند آواز سے کہتا ہوں کہ ہم مسلمانوں کا روپیہ ہمارے ہی عقائد خراب کرنے پر خرچ ہوگا، کچھ لندن بھی جائے گا اور اس روپیہ سے مرزائی اخبار پیغام صلح یا کوئی اور اخبار جاری ہوگا جس میں مرزائی عقائد کی تبلیغ ہوا کرے گی اور ماہوار کثرت سے ہینڈ بل نکلا کریں گے اور ''جسکا منہ اسی کا مکا'' والی مثال ہوگی۔

عقل کی مار اگر مسلمانوں کو اشاعت اسلام کا عشق ہے تو ایک ڈیپوٹیشن تیار کریں

اور ہر ایک فرقہ اسلام کے ممبر اس میں ہوں۔ اس ڈیپوٹیشن کو ہر ایک مسلمان امداد دے۔ جب مرزائی الگ ہیں اور کمال الدین کی کارروائی مرزائیت کی کارروائی ہے اور بلکہ مسلمانوں کو زیادہ خراب کرنے کا آلہ ہے تو پھر مسلمان کس واسطے چندہ دیتے ہیں اس واسطے کہ مرزائیوں نے ان کو اسلام سے خارج کر دیا ہے۔ کیسے افسوس کی بات ہے کہ مرزائی ایک انگریزوں کے خود بخود مسلمان ہونے سے اس قدر خوش ہیں

زصدمہ گوش ملایک برآسماں کرشد　　　　ز بسکہ نعرہ شاباش و واہ واہ رسید

کہ آسمان پر آواز جاتی ہے مگر یہ نہیں سوچتے کہ جب ۲۳ کروڑ مسلمانوں کو ہم نے کافر کر کے اسلام سے خارج کر دیا ہے اور اس کے عوض میں ایک دو انگریز شامل ہو گئے ہیں تو یہ اسلام کے واسطے سخت ماتم کا دن ہے یا خوشی کا۔ جس شخص نے ۲۳ کروڑ روپیہ کھو کر ایک دو روپیہ حاصل کئے ہوں اس بیوقوف کے لئے ماتم کا دن ہے یا خوشی کا۔

دوسری طرف اگر مسلمان دیکھیں تو بھی ہم کو مرزائیوں کی تعداد نکال کر ایک دو انگریز آملے تو بھی ماتم کا دن ہے کہ ہزاروں مرزائی اسلام سے نکل گئے اور ہم سے الگ ہو گئے، قطع تعلق کئے، نمازیں چھوڑ دیں اور ترک جنازہ کر دیا۔ بلکہ ہندیوں سے میل جول اچھا رکھتے اور مسلمانوں کو یہودی کا لقب دے کر تکلیف پہنچانا ثواب سمجھیں تو اس صورت میں ہمارے ہاتھ کیا آیا۔ کئی ہزار مرزائیوں کو دے کر اگر ایک دو انگریز لئے تو خاک لی۔ کیسا مبارک ہو وہ زمانہ اور کیسا ہی سعید ہو وہ وقت کہ پہلے ہم اپنا تفرقہ احمدی و غیر احمدی کا دور کریں، آپس میں گلے ملیں اور اختلاف کو دور کریں۔ آپ میں کے اختلاف کو ہٹا دیں تو پھر بہ ہیئت مجموعی غیر کی اصلاح کی طرف رغبت کریں تو کامیابی کی امید ہے۔ اور جب ہم میں اتفاق نہیں تو پھر کچھ بھی نہیں۔ جب تک مسلمانوں کو احمدیوں سے نفرت ہے اور احمدیوں کو مسلمانوں سے پرہیز ہے تب تک باہر جا کر کامیابی کی امید خیال باطل ہے۔ پہلے گھر کا

اختلاف دور کرو پھر اسلام کی اشاعت کرو۔ مجھ کو کئی مثالیں یاد ہیں کہ غیر مذہب کے لوگ مسلمان ہونے کو تیار ہوئے مگر جب انہوں نے دیکھا کہ مسلمان تو آپس میں ایک دوسرے کو مسلمان نہیں سمجھتے، ہم کس طرف جائیں۔ پس پہلا زینہ ترقی کا اتفاق ہے۔ کیسا ہی خوب ہو کہ سب مل کر کام کریں اور ملنے کی دو ہی صورتیں ہیں:

۱...... ایک یہ کہ ہر ایک شخص تعصب چھوڑ کر تحقیق حق کی خاطر جو اصولی اختلاف ہے اور صرف لفظی تنازعہ ہے اس کو دور کر کے اور چڑانے والے لفظ نہ کہے۔ مثلاً: نبی ورسول کے بارے میں دونوں کا اتفاق کہ محمد رسول اللہ ﷺ خاتم النّبیین ہیں اس کے بعد کوئی نبی نہیں اور اس پر اجماع امت چلا آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد اولیاء اللہ ہوں گے، مجدد ہوں گے مگر وہ نبی رسول نہیں کہلائیں گے۔ پس مرزا صاحب نے جو سب کے برخلاف یہ فرمایا ہے کہ اولیاء اللہ، مجدد، رسول و نبی ایک ہی ہے، چھوڑا جائے۔ جب ۱۳ سو برس تک کسی شخص نے اپنے آپ کو رسول و نبی کا لقب نہیں دیا تو مرزا صاحب کو بھی نہ دیا جائے۔ چنانچہ وہ خود بھی فرما چکے ہیں: "من نیستم رسول و نیا وردہ ام کتاب" تشریعی وغیر تشریعی الفاظ پر بحث کر کے فروعی بحث کو اصولی بنا کر تفرقہ ڈالنا یہاں تک کہ ایک دوسرے کے جنازہ پر بھی نماز نہ پڑھیں، کس قدر مکروہ ہے وغیر مناسب ہے۔ مگر تعجب یہ ہے کہ ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم مرزا صاحب کو رسول نہیں مانتے اور بعض کہتے ہیں کہ مرزا صاحب رسول اللہ تھے و ناسخ دین تھے۔ ان باتوں کا فریقین کے مولوی جمع کر کے فیصلہ کیا جائے اور پھر اتفاق کیا جائے۔

۲...... دوسرا طریق یہ ہے کہ ہر ایک مسلمان خواہ کسی فرقہ کا ہو اپنی دو حالتیں رکھے، ایک حالت تمدنی ہو اور دوسری مذہبی ہو۔ تمدنی میں تمام اہل اسلام خواہ شیعہ ہوں، خواہ سنی ہوں، خواہ معتزلہ ہوں یا قدریہ جبریہ ہوں، سب کے سب ایک آواز جمع ہوں اور اپنے اپنے فرقہ

اور جماعت کی طرفداری نہ کی جائے۔ جب گھروں میں جائیں تو مذہبی حالت کی پیروی سے عبادات وغیرہ اور فرائض اپنے بجالائیں۔ مگر یہ بڑے حوصلے اور اخلاق کا کام ہے۔ اختلاف عقائد ایک ایسی لاعلاج بیماری ہے کہ کچھ دور نہیں ہوسکتی۔ جب ایک شخص کے عقائد دوسرے کے مطابق نہیں تو بہت مشکل سے وہ تمدنی خیالات میں متفق ہوں گے۔ میری عرض یہ ہے کہ اس کے سوا چارہ نہیں کہ اتفاق ہو اور تحقیق حق کے واسطے بیشک اندرونی مباحثات ہوا کریں مگر تہذیب کے ساتھ اور باہمی اتفاق کے ساتھ۔

میں ڈنکے کی چوٹ تمام اہل اسلام کو دعوت دیتا ہوں اور ان کی خدمت میں اپیل کرتا ہوں کہ وہ پہلے اس سے کہ کچھ کرنا چاہیں، آپس میں اتفاق کریں اور ایک تمدنی مجلس قائم کریں جس میں ہر ایک فرقہ اسلام کے ممبر ہوں اور تمدنی اصول پر ترقی کریں۔ عبادات جس طرح چاہیں ادا کریں اور اوامر ونواہی بجالائیں۔ جو طریق کسی کو پسند ہو اختیار کرے۔ ہاں مجلس میں کوئی فریق کسی فریق کا ذکر نہ کرے، وہاں صرف ''عیسیٰ بدین خود وموسیٰ بدین خود'' پر عمل ہو۔

جب اتفاق ہو جائے اور مسلمانوں کو یقین دلایا جائے کہ ان کا روپیہ اسی غرض پر خرچ ہوگا جس کے واسطے وہ دیں گے تب مسلمانوں کیلئے چندہ دینا درست ہے ورنہ ریش خود دست خود کا معاملہ ہوگا۔ مسلمانوں کا ہی روپیہ کھا کر احمدی بن کر گھوریں گے اور یہودی بنا کر جب کبھی بس چلا صفحہ ہستی سے نابود کرنے کی کوشش کریں گے

ع چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی

وما علینا الا البلاغ

ملتمس: پیر بخش، پنشنر پوسٹ ماسٹر سکرٹری انجمن تائید الاسلام لاہور بھاٹی دروازہ۔

رسالہ نمبر ۱۱

چونکہ مرزائی صاحبان کا ہینڈ بل اس مہینے کا

اب تک نہیں نکلا

اس لئے حیات عیسی علیہ السلام پر متواتر رسالے

جاری ہوں گے۔

حیات مسیح نمبر ۱

منجانب

انجمن تائید الاسلام لاہور

بسم اللہ الرَّحمن الرَّحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْمِ

ناظرین! مرزائی صاحبان کی طرف سے اس مہینے کا بھی ہینڈ بل نہیں نکلا اس واسطے ہم حیات مسیح پر بحث کرینگے کیونکہ یہ مسئلہ انکا بہت مایہ ناز ہے بلکہ یہی انکا ہتھکنڈہ ہے کیونکہ اس پر دوسرے اعتقادی مسائل کی طرح بہت سے اعتراضات محال عقلی کے وارد ہوتے ہیں مگر تعجب ہے کہ دوسرے تمام عقائد جو رسول اللہ ﷺ نے فرمائے مثلاً: قیامت کا آنا، حشر

بالا جساد ہونا، اعمال ناموں کا وزن کیا جانا، قبروں میں عذاب کی کھڑکیاں کا ہونا، پل صراط کا جہنم کی پشت پر ہونا جو تلوار سے تیز و بال سے باریک ہوگی، میزان کا ہونا، تخت رب العالمین کا ہونا، دوزخ کا وجود بہشت کا وجود، فرشتوں کا وجود، شیطان کا وجود وغیرہ وغیرہ۔ ایسا ہی کتب سماوی پر ایمان لانا کہ بیشک یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اور کل انبیاء علیہم السلام جو محمد ﷺ سے پہلے مبعوث ہوئے حق ہیں اور خاتم النبیین کے بعد کسی رسول و نبی کا نہ ہونا، یہ سب اعتقادی مسائل ہیں ان میں عقل انسانی سے بحث نہیں کر سکتے اور نہ کوئی مسلمان ہو کر محالات عقلی و فلسفی اعتراض کر سکتا ہے۔ ایسا ہی رسول اللہ ﷺ نے دجال کا آنا اور حضرت عیسیٰ ابن مریم کا دوبارہ آنا فرمایا جیسا کہ حدیثوں میں ہے۔ اب صرف غور طلب یہ امر ہے کہ آیا ہم اس کلام پاک میں جو اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہو اور مخبر صادق نے خبر دی ہو صرف اس بناء پر کہ ہماری عقل سے بعید ہے انکار کر سکتے ہیں یا تاویلات بعید از عقل و نقل کر سکتے ہیں؟ ہر گز نہیں۔

خدا تعالیٰ نے جب قرآن مجید میں محمد رسول اللہ ﷺ کو فرمایا کہ ہم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا کیا اور قانون قدرت جو آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش تک انسانوں کی ولادت کے واسطے جاری تھا اسکو توڑا اور حضرت مریم کو بغیر صحبت انسان کے حاملہ کیا اور پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا وجود بغیر آمیزش نطفہ مرد کے بنایا جو کہ کسی طرح ممکن نہیں تھا اور نہ کوئی نظیر ہے کہ آدم سے حضرت مریم تک کسی کنواری لڑکی نے بیٹا جنا ہو۔ حالانکہ ساتھ ہی خدا تعالیٰ نے یہ بھی تصدیق فرمادی کہ وہ لڑکی عفیفہ تھی۔ جب کوئی نظیر بھی نہیں اور قانون قدرت بھی نہیں جائز رکھتا اور نہ از روئے علمِ طب کے ممکن ہے کہ کوئی لڑکا بغیر مرد کی منی کے پیدا ہو سکے۔ کیونکہ ہڈیاں نطفہ سے بنتی ہیں اور

گوشت عورت کے خون سے تو پھر کیونکر ہوسکتا ہے کہ کوئی عورت بغیر مرد کے بیٹا جنے کیونکہ ہڈیاں کے بننے کے واسطے کوئی مادہ نہیں اور قرآن مجید میں خدا تعالیٰ نے حضرت مریم کا سوال بھی نقل فرمایا ہے کہ حضرت مریم نے محالات عقلی کا اور خلاف قانون فطرت کے ہونے کا سوال کیا تھا کہ ﴿وَّ لَمْ یَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ﴾ یعنی مجھ کو کسی بشر نے چھوا تک نہیں اور نہ میں کسی مرد سے ہم صحبت ہوئی ہوں تو بغیر مرد کے نطفہ کی آمیزش کے مجھ کو کس طرح بیٹا ہوسکتا ہے۔ جس کا جواب اللہ تعالیٰ نے یہ دیا تھا کہ ہم ایسے قدرت والے ہیں کہ ہم ظاہری اسباب کے محتاج نہیں ہیں صرف جس چیز کا ارادہ کرتے ہیں پس حکم کردیتے ہیں ہو جاوہ ہو جاتی ہے۔ خدا تعالیٰ نے حضرت مریم کو فلسفی جواب نہیں دیا صرف اپنی خاص قدرت کا کرشمہ بتایا کہ ہم جو چاہیں کرسکتے ہیں اور کر دکھایا۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر نطفہ کے پیدا ہوئے حالانکہ ستر جگہ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نطفہ ہی سے انسان کی پیدائش کا قانون فرماتا ہے۔ (دیکھو اسرار التنزیل، ص ۱۳، مصنفہ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ)

اب مسلمانوں کو غور وتدبر اس امر میں کرنا چاہیے کہ حیات مسیح کا عقیدہ ان میں کیوں چلا آتا ہے۔ کیا یہ عیسائیوں کے ہم اعتقاد میں ان کے عقیدہ الوہیت کو تقویت دینے کے واسطے حیات مسیح کے قائل ہیں۔ جیسا کہ مرزائی دھوکہ دیتے ہیں کہ حیات مسیح کا عقیدہ مشرکانہ ہے اور عقیدہ الوہیت کو مدد دیتا ہے مگر یہ غلط ہے کیونکہ اگر عیسائیوں کے ہم اعتقاد ہوتے تو جس طرح عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مصلوب مانتے ہیں اور طرح طرح کے عذابوں سے معذب کہہ کر کفارہ کا عقیدہ رکھتے ہیں اگر مسلمان بھی ایسا عقیدہ رکھتے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام صلیب پر چڑھائے گئے اور طرح طرح کے عذابوں سے معذب ہوئے تو پھر کفارہ ثابت ہوتا تھا۔ اس لئے قرآن شریف نے ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾

سے کفارہ کی تردید کردی۔ پس مسلمان عیسائیوں کی مانند حیات مسیح نہیں مانتے۔ مسلمان تو عیسیٰ علیہ السلام کو صلب وقتل کا مورد ہی یقین نہیں کرتے اور یہ کفارہ کی تردید ہے۔

تمام اہل اسلام سلف وخلف بے عقل نہیں ہیں کہ وہ عیسائیوں کی خاطر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعظیم کرتے ہیں۔ بلکہ مسلمان صرف قرآن مجید کو خدا تعالیٰ کا کلام ایمان رکھتے ہیں اور اس کی ہر بات کو بلا حجت مانتے ہیں جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بغیر باپ کے ہونا مانتے ہیں ایسا ہی اس کا رفع جسمانی مانتے ہیں۔ کس قدر نامعقول بات ہے کہ ایک حصہ ولادت عیسیٰ علیہ السلام بغیر کسی اعتراض محال عقلی اور خلاف قانون قدرت تو مانا جائے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بیشک بغیر مرد کے نطفہ کے خلاف قانون قدرت پیدا ہو گئے تھے اور ہم اس واسطے مانتے ہیں کہ قرآن مجید میں ہے۔ مگر دوسرا حصہ رفع جسمانی کا جو کہ قرآن میں ہے اور دیگر کتابوں میں ہے ہم نہیں مانتے کیونکہ محال عقلی ہے اور انسان آسمان پر نہیں جاسکتا اور نہ زندہ رہ سکتا ہے۔ جب پوچھا جائے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت پر تو بہت اعتراضات محال عقلی کے وارد ہوتے ہیں؟ تو کہتے ہیں کہ وہاں تو نظیر حضرت آدم علیہ السلام کی ہے۔ جو کہ بالکل خلاف محل جواب ہے۔ نظیر مریم کی ہونی چاہیے کہ کوئی باکرہ کنواری لڑکی بغیر مباشرت مرد کے بچہ جنی ہو۔ جب آدم علیہ السلام سے حضرت مریم تک کوئی نظیر نہیں ہے تو ماننا پڑیگا کہ خدا تعالیٰ کی قدرت کسی قانون فطرت کی پابند نہیں جس طرح چاہے کرسکتا ہے۔ جب کرسکتا ہے تو جو امر قرآن میں ہے اور رسول اللہ ﷺ نے اس کی تفسیر ومعانی خود کردیئے ہیں تو پھر کسی مسلمان باایمان کا کام نہیں ہے کہ محالات عقلی کے اعتراض پر پھسل جائے۔ اگر ایسے کچے ایمان کے ہیں تو کل کو قیامت حشر بالاجساد ودوزخ بہشت عذاب ثواب پل صراط اعمال ناموں کا ہونا وغیرہ وغیرہ سب سے انکار کرنا ہوگا

کیونکہ عقل انسانی میں نہیں آتے اور یہی کفر ہے کیونکہ جب سے دنیا بنی ہے کفار، انبیاء علیہم السلام کے مقابل میں محالات عقلی کے اعتراض کر کے انکار آخرت کے آنے اور عذاب وثواب سے انکار کرتے آئے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ پھر مسلمان اور کافر میں فرق کیا رہا۔ پس مسلمان یہاں ہوش کریں اور جو قرآن وحدیث سے ثابت ہو اس کو صرف زیادہ باتیں کرنے والے اور غلط بیان کرنے والے کے اعتراضات پر نہ جائیں اور کلام خدا و رسول خدا کو حاکم بنائیں اور دین پر قائم رہیں۔

اب ہم نیچے نمبروار قرآن مجید کی آیات لکھتے ہیں جن سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نہ فوت ہونا اور رفع آسمانی ہونا حق ہے۔ اور پھر رسول اللہ ﷺ کی حدیثات لکھیں گے جن سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دوبارہ آسمان سے نازل ہونا برحق ہے اور پھر مرزا صاحب کے پیش کردہ آیات قرآن کی جو وفات مسیح پر دلیل لائے ہیں ہر ایک کا جواب نمبروار دینگے اور بعد ازاں انکے تمام عقلی اعتراضوں کا جواب بھی دینگے چاہے کئی ایک رسالوں میں یہ مضمون ختم ہو کیونکہ یہ مضمون نہایت ضروری ہے اور یہ مرزائیوں کا حربہ ہے اور سب سے پہلے اسی پر بحث کرتے ہیں۔

دلیل اول: حیاتِ مسیح علیہ السلام کے باب میں سورۂ نساء کی یہ آیت ہے ﴿وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا﴾ اس آیت کا ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحب نے اس طرح پر کیا ہے: "**ونباشد هیچ کس از اهل کتاب را البته آورد به عیسیٰ علیہ السلام پیش از مردن عیسیٰ و روز قیامت باشد عیسیٰ علیہ السلام گواه برایشاں**"۔ فائدہ میں یہ لکھا ہے مترجم گوید یعنی "**یهودی که حاضر شوند نزول عیسیٰ علیہ السلام را البته ایمان آرند**"۔

شاہ رفیع الدین صاحب نے ترجمہ اس طرح پر کیا ہے: ''اور نہیں کوئی اہل کتاب سے مگر البتہ ایمان لائے گا ساتھ اسکے پہلے موت اسکی کے اور دن قیامت کے ہوگا اوپر انکے گواہ''۔

شاہ عبدالقادر صاحب نے اس طرح ترجمہ کیا ہے: ''اور جو فرقہ ہے کتاب والوں میں سے سو اس پر یقین لائیں گے اس کی موت سے پہلے اور قیامت کے دن ہوگا انکا بتانے والا''۔ فائدہ میں یہ لکھا ہے: ''حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی زندہ ہیں جب یہود میں دجال پیدا ہوگا تب اس جہان میں آکر اسکو ماریں گے اور یہود و نصاریٰ سے ان پر ایمان لائیں گے کہ یہ مرے نہ تھے۔ انتہی''۔

یہ آیت قطعیۃ الدلالۃ حیات مسیح علیہ السلام پر ہے بیان اس کا یہ ہے کہ ''موتہ'' کی ضمیر میں مفسرین کے دو ہی قول ہیں: ایک یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھرتی ہے۔ دوسرا یہ کہ اہل کتاب کی طرف پھرتی ہے۔ پہلی صورت میں تو قطعاً مطلب حاصل ہے کیونکہ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابھی مرے نہیں۔ ''لَیُؤْمِنَنَّ'' کو خواہ خالص مستقبل کیلئے لیجئے اور یہی صحیح ہے۔ اور اسی پر اتفاق ہے سب نحویوں کا اور خواہ حال یا استمرار کیلئے لیجئے جیسا کہ مرزا غلام احمد صاحب کہتے ہیں اگرچہ اس تقدیر پر معنی فاسد ہوتے ہیں مگر ہمارا مطلب فوت نہیں ہوتا ہے۔ اور ماضی کے معنی میں لینا بالبداہت باطل ہے کیونکہ ایسا مضارع کہ جس کے اول میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ہو بمعنی ماضی نہیں آتا ہے ومن یدعی خلافه فعلیه البیان. اور ایسا ہی ''به'' کی ضمیر کو خواہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف عائد کیجئے یا اللہ تعالیٰ کی طرف یا آنحضرت ﷺ کی طرف اگرچہ اول ہی صحیح ہے مگر ہمارا مطلب ہر صورت میں حاصل ہے۔ مفسرین کا اختلاف اس ضمیر میں

ہمارے مطلوب میں کچھ خلل نہیں ڈالتا ہے۔ دوسرے قول پر یعنی اگر ضمیر "موتہ" کی اہل کتاب کی طرف پھیری جائے تب بھی ہمارا مطلب حاصل ہے۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ اس وقت ہم پوچھتے ہیں کہ "بہ" کی ضمیر کس کی طرف پھیرو گے؟ اگر آنحضرت ﷺ یا اللہ تعالیٰ کی طرف پھیرتے ہو تو یہ باطل ہے تین وجوہ سے:

اول: یہ کہ سب ضمیریں واحد کی جو اس کے قبل و بعد میں آئی ہیں بالاجماع حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھرتی ہیں۔ پس ظاہر نص یہی ہے کہ ضمیر "بہ" کی بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہو فان النصوص تحمل علی ظواھرھا وصرف النصوص عن ظواھرھا بغیر صارف قطعی الحاد. اور یہاں کوئی صارف قطعی پایا نہیں جاتا ہے۔ ومن یدعی فعلیہ البیان.

دوم: ظاہر ضمیر غائب میں یہ ہے کہ غائب کی طرف پھرے اور آنحضرت ﷺ مخاطب ہیں اسی لئے اس رکوع میں اس آیت کے قبل و بعد جتنی ضمیریں آنحضرت ﷺ کی طرف پھرتی ہیں وہ سب ضمیریں مخاطب کی ہیں وہ یہ ہیں: ﴿یَسْئَلُکَ﴾، ﴿اَنْ تُنَزِّلَ﴾، ﴿اِلَیْکَ﴾، ﴿مِنْ قَبْلِکَ﴾ اگر یہ ضمیر آنحضرت ﷺ کی طرف راجع ہوتی تو یوں کہنا مناسب تھا "لیؤمنن بک"۔ علاوہ اس کے اس مقام پر آنحضرت ﷺ کیلئے کوئی اسم ظاہر نہیں آیا ہے کہ وہ مرجع اس ضمیر کا قرار دیا جائے اور اللہ تعالیٰ متکلم ہے اس لئے اس رکوع میں اس آیت کے قبل و بعد جتنی ضمیریں اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہیں وہ سب ضمیریں متکلم کی ہیں وہ یہ ہیں: ﴿فَعَفَوْنَا﴾، ﴿وَاٰتَیْنَا﴾، ﴿وَرَفَعْنَا﴾، ﴿وَقُلْنَا﴾، ﴿وَّقُلْنَا﴾ دوم، ﴿وَاَخَذْنَا﴾، ﴿حَرَّمْنَا﴾، ﴿وَاَعْتَدْنَا﴾، ﴿سَنُؤْتِیْهِمْ﴾ اگر یہ ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہوتی تو یوں کہنا مناسب تھا "لیؤمنن بی لیؤمنن بنا" اور صرف عن الظاہر بغیر

صارف قطعی غیر جائز ہے۔ اور یہاں کوئی صارف قطعی نہیں ہے۔ **ومن یدعی فعلیه البیان.**

سوم: اس تقدیر پر اس آیت میں کچھ ذکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نہ ہوگا اور حالانکہ قبل و بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قصہ مذکور ہے اور اجنبی محض کا بلا فائدہ درمیان میں لانا خلاف بلاغت ہے اور اس اجنبی کا یہاں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ **ومن یدعی فعلیه البیان.** پس ثابت ہوا کہ "به" کی ضمیر قطعاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف عائد ہے۔ بعد اس تمہید کے میں کہتا ہوں کہ اس تقدیر پر سب ضمیریں واحد غائب کی "موته" کے پہلے کی اور بعد کی راجع ہوئیں طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے۔ پس ظاہر نص قرآنی یہی ہے کہ ضمیر "موته" بھی راجع ہو طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اور صرف نص کا ظاہر سے بغیر صارف قطعی جائز نہیں اور یہاں کوئی صارف قطعی موجود نہیں **ومن یدعی فعلیه البیان.** پس جس تقدیر پر ضمیر کا عائد ہونا کتابی کی طرف فرض کیا گیا تھا اس تقدیر پر بھی ضمیر کا عائد ہونا طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لازم آیا صرف یہ محذور اس سے ناشی ہوا کہ ضمیر "موته" کی کتابی کی طرف پھیری گئی۔ پس ثابت ہوا کہ ارجاع ضمیر "موته" کا طرف کتابی کے باطل ہے۔ پس متعین ہوا کہ ضمیر "موته" کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہے، **وهو المطلوب.** دوسری وجہ اس بات کی کہ "موته" کی ضمیر کتابی کی طرف عائد کرنا باطل ہے یہ ہے کہ اس تقدیر پر ایمان سے جو "لیؤمنن" میں ہے کیا مراد ہے آیا وہ ایمان جو زہوق روح کے وقت ہوتا ہے جو شرعاً غیر معتد بہ و غیر نافع ہے جیسا کہ مفسرین نے اس تقدیر پر اسکے ارادہ کی تصریح کی ہے تو یہ باطل ہے اس لئے کہ استقراء آیات قرآن مجید سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں سب جگہ لفظ ایمان سے وہ ایمان مراد ہے جو قبل زہوق روح کے ہوتا ہے اور جو شرعاً معتد بہ اور نافع ہے مگر جہاں قرینہ صارفہ قطعیہ ہے چند مقامات بطور نظیر لکھے

جاتے ہیں۔ بقرہ: ﴿یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ﴾ ایضاً، ﴿یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ﴾ ایضاً، ﴿لَا یُؤْمِنُوْنَ﴾ ایضاً، ﴿اٰمَنَّا بِاللّٰہِ﴾ ایضاً، ﴿وَمَا ھُمْ بِمُؤْمِنِیْنَ﴾ ایضاً، ﴿یُخٰدِعُوْنَ اللّٰہَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا﴾ ایضاً، ﴿وَاِذَاقِیْلَ لَھُمْ اٰمِنُوْا کَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ کَمَآ اٰمَنَ السُّفَھَآءُ﴾ ایضاً، ﴿وَاِذَالَقُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا﴾ ایضاً، ﴿فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْافَیَعْلَمُوْنَ اَنَّہُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّھِمْ﴾ ایضاً، ﴿وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ﴾ ایضاً، ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ ھَادُوْا وَالنَّصٰرٰی وَالصّٰبِئِیْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ﴾ ایضاً، ﴿وَاِذَا لَقُواالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا﴾ایضاً، ﴿وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُواالصّٰلِحٰتِ﴾ ایضاً، ﴿وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ﴾ ایضاً، ﴿اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ﴾ ایضاً، ﴿وَلَوْاَنَّھُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا﴾ ایضاً، ﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا﴾ ایضاً، ﴿وَمَنْ یَّتَبَدَّلِ الْکُفْرَ بِالْاِیْمَانِ﴾ ایضاً، ﴿لَوْ یَرُدُّوْنَکُمْ مِّنْم بَعْدِ اِیْمَانِکُمْ﴾ ایضاً، ﴿اُولٰٓئِکَ یُؤْمِنُوْنَ بِہٖ﴾ ایضاً، ﴿وَّارْزُقْ اَھْلَہٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْھُمْ بِاللّٰہِ﴾ ایضاً، ﴿قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰہِ﴾ ایضاً، ﴿فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِہٖ﴾ ایضاً، ﴿وَمَا کَانَ اللّٰہُ لِیُضِیْعَ اِیْمَانَکُمْ﴾ ایضاً، ﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ﴾ ایضاً، ﴿وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ﴾ ایضاً، ﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰکُمْ﴾ ایضاً، ﴿وَلٰکِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ﴾ ایضاً، ﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ﴾ ایضاً، ﴿وَلْیُؤْ مِنُوْا بِیْ﴾ ایضاً، ﴿یٰٓاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ﴾ ایضاً، ﴿وَیَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا﴾ ایضاً، ﴿وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَہٗ﴾ ایضاً، ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ ھَاجَرُوْا﴾ ایضاً، ﴿وَ لَا تُنْکِحُوا الْمُشْرِکِیْنَ حَتّٰی یُؤْمِنُوْا ط وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ﴾ ایضاً، ﴿وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ﴾ ایضاً، ﴿مَنْ کَانَ مِنْکُمْ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ﴾ ایضاً، ﴿اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ﴾

ایضاً، ﴿فَمِنهُم مَّن اٰمَنَ﴾ ایضاً، ﴿وَیُؤمِن م بِاللّٰہِ﴾ ایضاً، ﴿اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِینَ اٰمَنُوا﴾ ایضاً، ﴿قَالَ اَوَلَم تُؤمِن﴾ ایضاً، ﴿یٰاَیُّھَا الَّذِینَ اٰمَنُوا لَا تُبطِلُوا﴾ ایضاً، ﴿وَ لَا یُؤمِنَ بِاللّٰہِ﴾ ایضاً، ﴿یٰاَیُّھَا الَّذِینَ اٰمَنُوا اَنفِقُوا﴾ ایضاً، ﴿اِنَّ الَّذِینَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ﴾ ایضاً، ﴿یٰاَیُّھَا الَّذِینَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَذَرُوا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰوا اِن کُنتُم مُّؤمِنِینَ﴾ ایضاً، ﴿اٰمَنَ الرَّسُولُ بِمَآ اُنزِلَ اِلَیہِ مِن رَّبِّہٖ وَالمُؤمِنُونَ ط کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ﴾۔ پس ظاہر ایمان سے وہ ایمان ہے جو قبل زہوق روح کے ہوتا ہے اور صرف نص کا ظاہر سے بغیر صارف قطعی جائز نہیں ہے اور یہاں کوئی صارف قطعی موجود نہیں ہے، ومن یدعی فعلیہ البیان. علاوہ اس کے اس وقت لفظ ''قبل'' کو ظاہر معنی سے صرف کر کے بمعنی عند یا وقت کے لینا پڑے گا اور کوئی صارف قطعی یہاں موجود نہیں ہے، ومن یدعی فعلیہ البیان. اس وقت بجائے ''قبل موتہ'' کے عند موتہ یا حین موتہ یا وقت موتہ کہنا مقتضائے حال تھا اس سے عدول کرنے کی کیا وجہ ہے۔ یا مراد ''لیؤمنن'' میں ایمان سے وہ ہے جو قبل زہوق روح کے ہوتا ہے۔ پس اس صورت میں یا یہ حکم عام ہے ہر کتابی کیلئے، تو کذب صریح حق تعالیٰ کے کلام میں لازم آتا ہے کیونکہ ہم بالبداہت دیکھتے ہیں کہ صدہا ہزارہا اہل کتاب مرتے ہیں اور اپنے مرنے سے پہلے معنی قبل زہوق روح کے وہ ایمان شرعی جو معتد بہ اور نافع ہے نہیں لاتے۔ تعالی اللہ عن ذالک علوا کبیرا. اور اگر کسی خاص زمانے کے اہل کتاب کیلئے یہ حکم ہے تو قید ''قبل موتہ'' کی لاطائل ہوتی ہے یہ کلام تو بعینہ ایسا ہوا کہ کوئی کہے کہ آج میں نے اپنی موت سے پہلے نماز پڑھ لی۔ آج میں نے اپنی موت سے پہلے کھانا کھالیا۔ آج میں نے اپنی موت سے پہلے سبق پڑھ لیا۔ آج میں اپنی موت سے پہلے کچھری گیا۔ ظاہر ہے کہ یہ کلام مجنونانہ ہے ایسا ہی اللہ تعالیٰ کے کلام کا مجنونانہ ہونا لازم آتا ہے۔ تعالی اللہ عما یقولہ الظالمون.

مرزا صاحب خود بھی اپنی کتاب ''توضیح المرام'' اور ''ازالۃ الاوہام'' کے چند مواضع میں ضمیر ''موتہ'' کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھیرنا تسلیم کر چکے ہیں اب اگر تسلیم کرتے ہیں تو مدعا ہمارا حاصل ہے۔ اور اگر نہیں تسلیم کرتے تو اسکی وجہ بیان کریں کہ ''توضیح المرام'' اور ازالۃ الاوہام'' میں کیوں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھیری۔ اب بدلیل تحقیقی والزامی ثابت ہو گیا کہ مرجع ضمیر ''موتہ'' کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں اور اس تقدیر پر ہمارا مدعا یعنی حیاتِ مسیح علیہ السلام قطعاً ثابت ہوا۔ فتح البیان میں ہے کہ سلف میں ایک جماعت کا یہی قول ہے اور یہی ظاہر ہے اور بہت سے تابعین وغیرہم اسی طرف گئے ہیں۔ فتح الباری میں ہے ابن جریر نے اس قول کو اکثر اہل علم سے نقل کیا ہے اور ابن جریر وغیرہ نے اسی کو ترجیح دی ہے۔ حدیث بخاری و مسلم سے معلوم ہوتا ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہی قول ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی بسند صحیح منقول ہے اور اس کے خلاف جو روایت ان سے ہے وہ ضعیف ہے جیسا کہ فتح الباری وغیرہ میں مرقوم ہے۔ ابن کثیر میں ہے کہ ابو مالک وحسن بصری وقتادہ وعبدالرحمٰن بن زید بن اسلم وغیر واحد کا یہی قول ہے اور یہی قول حق ہے۔ مرزا صاحب کی طرف سے اس دلیل پر دو اعتراض ہوئے: ایک یہ کہ یہ آیت ذوالوجوہ ہے چند احتمالات مفسرین نے اس کے معنی میں لکھے ہیں۔ پس یہ آیت کیسے قطعی الدلالۃ ہو سکتی ہے۔ اس کا جواب خاکسار کی طرف سے دیا گیا کہ آیت کا ذوالوجوہ ہونا اور اسکے معنی چند احتمالات کا ہونا منافی قطعیہ نہیں ہے کیونکہ ہم نے سب وجوہ واحتمالات مخالفہ کو دلیل الزامی وقطعی سے باطل کر دکھایا۔ دوسرا اعتراض یہ ہوا کہ اثر ابن عباس وقراءت ابی بن کعب اس پر دال ہے کہ مرجع ''موتہ'' کا کتابی ہے نہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ اسکا جواب خاکسار کی طرف سے یہ ہوا کہ یہ اثر وقراءت مجروح ہیں احتجاج کے لائق نہیں ہیں چہ جائیکہ صارف قطعی ہوں ایک طریق اثر مذکور میں ایک راوی ابو حذیفہ ہے یہ ابو حذیفہ یا موسیٰ بن مسعود ہے اور اس طریق

میں عبداللہ بن نجیح یسار المکی ہے وہ مدلس ہے اور عنعنہ مدلس کا مقبول نہیں ہے۔ دوسرے طریق میں محمد بن حمید رازی ہے وہ ضعیف ہے۔ تیسرے طریق میں عتاب بن بشیر وخصیف واقع ہیں روایات عتاب کے خصیف سے مناکیر ہیں اور خصیف میں بہت جرح ہے۔ چوتھے طریق میں سلیمان بن داوٗد طیالسی ہے وہ کثیر الغلط ہے ہزار احادیث کی روایت میں اس نے خطاء کی ہے۔ قراءت ابی بن کعب کی روایت میں بھی عتاب وخصیف واقع ہیں عبارات ان راویوں کے متعلق تحریر چہارم میں منقول ہیں، من شاء فلیرجع الیه.

دلیل دوم: سورۂ نساء کی یہ آیت ہے: ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًام ٥ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا﴾ شاہ ولی اللہ صاحب اس کے ترجمہ میں لکھتے ہیں: ”وبیقین نہ کشتہ اند اورا بلکہ برداشت اورا خدائے تعالیٰ بسوئے خود ہست خدا غالب استوار کار“۔ شاہ رفیع الدین صاحب لکھتے ہیں: ”اور نہ مارا اسکو بیقین بلکہ اٹھالیا اسکو اللہ نے طرف اپنے اور ہے اللہ غالب حکمت والا“۔ شاہ عبدالقادر صاحب لکھتے ہیں: ”اور اسکو مارا نہیں بیشک بلکہ اسکو اٹھالیا اللہ نے طرف اپنے اور ہے اللہ زبردست حکمت والا“۔ فائدہ میں لکھتے ہیں: ”فرمایا کہ اسکو ہرگز نہیں مارا حق تعالیٰ نے اسکی ایک صورت انکو بنادی اس صورت کو سولی پر چڑھایا“ انتہی (ملخصاً)۔ وجہ استدلال یہ ہے کہ مرجع رفع کی ضمیر کا مسیح بن مریم رسول اللہ ہے اور مراد مرجع سے قطعاً روح مع الجسد ہے کیونکہ مورد قتل روح مع الجسد ہے نہ صرف روح۔ اور ایسا ہی ضمائر ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾، ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا﴾ سے بھی مراد قطعاً روح مع الجسد ہے۔ اور جس کے قتل کا یہود دعویٰ کرتے تھے اسی کے قتل وصلب کی نفی اور رفع کا اثبات حق تعالیٰ کو منظور ہے۔ پس ظاہر نص قرآنی یہی ہے کہ رفع سے مراد رفع روح مع الجسد ہے۔ رفع کی ضمیر صرف روح کی طرف عائد کرنا یا مضاف مقدر ماننا یعنی تقدیر عبارت یوں کرنا بل رفع روحه صرف نص کا ظاہر سے ہے اور صرف النص عن الظاهر بغیر

صارف قطعی کے جائز نہیں۔ اور صارف قطعی یہاں غیر متحقق ہے۔ ومن یدعی فعلیه البیان۔ اور مؤیداس کی یہ بات ہے کہ "بل رفعه" میں "بل" اضراب کا ہے۔ پس وہ رفع مراد ہونا چاہیے جو مقابل ہو قتل کا یعنی قتل کے ساتھ جمع نہ ہو سکے اور رفع روحانی قتل کے ساتھ جمع ہو سکتا ہے۔ عموماً اہل اسلام جانتے ہیں کہ شہداء جو اللہ کی راہ میں قتل ہوتے ہیں انکے لئے بھی رفع روحانی ہوتا ہے۔ پس متعین ہوا کہ مراد رفع سے رفع روح مع الجسد ہے، وهو المطلوب. اور یہ بات بھی اس کی مؤید ہے کہ رفع کا لفظ صرف دونبیوں کیلئے آیا ہے ایک حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوسرے حضرت ادریس علیہ السلام اس تخصیص کی کیا وجہ ہے رفع روحانی کو تو کچھ ان دونبیوں کے ساتھ خصوصیت نہیں ہے یہ رفع تو سب نبیوں بلکہ عامہ صالحین کیلئے بھی ہوتا ہے۔ اثر صحیح ابن عباس جس کی رجال صحیح ہیں اور حکماً وہ مرفوع ہے رفع الروح مع الجسد پر قطعی طور پر دلالت کرتا ہے اس کی عبارت آئندہ نقل کی جائے گی، فانتظر۔

مرزا صاحب نے اس دلیل کے جواب میں یہ لکھا ہے کہ اس آیت میں اس وعدہ کے ایفاء کی طرف اشارہ ہے جو دوسری آیت میں ہو چکا ہے۔ اور وہ آیت یہ ہے "یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ" گویا مرزا صاحب نے آیت ﴿یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ﴾ کو صارف ٹھہرایا ظاہر معنی ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ یَقِیْنًام ○ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ﴾ سے لیکن اس آیت کا صارف ہونا اس وقت ہو سکتا ہے کہ توفی سے مراد قطعاً موت ہو اور یہ متوقف اس پر ہے کہ حقیقی معنی توفی کے موت کے ہوں بلاقرینہ یہ معنی متبادر ہوتے ہوں حالانکہ ہم نے تحریر چہارم میں ثابت کر دیا کہ توفی کا استعمال جس جگہ بمعنی موت قرآن مجید میں آیا ہے وہاں قرینہ قائم ہے اور یہ بھی ثابت کر دیا کہ حقیقی معنی توفی کے اخذ الشیء وافیا کے ہیں یعنی کسی چیز کا پورا لینا اسکو اگرچہ خاکسار نے تحریر اول میں غیر

قطعیۃ الدلالۃ لکھا ہے مگراب میری رائے یہ ہے کہ یہ آیت قطعیۃ الدلالۃ ہے حیات مسیح علیہ السلام پر۔

دلیل سوم: سورۂ آل عمران کی یہ آیت ہے: ﴿وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ط وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ○ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ﴾ ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ''وبدسگالیدند کافراں وبدسگالید خداوندقوی ترست از ہمہ بدسگالال آنگاہ کہ گفت خدااے عیسیٰ ہر آئینہ من برگیرندۂ توام وبردارندۂ توام بسوئے خودوپاک کنندۂ اقوام ازصحبت کسانے کہ کافرشدندوگردانندۂ تابعان توام بالائے کافراں تا روز قیامت''۔شاہ رفیع الدین صاحب ''اور مکر کیا انھوں نے اور مکر کیا اللہ نے اور اللہ بہتر ہے مکر کرنے والوں کا جس وقت کہا اللہ نے اے عیسیٰ تحقیق میں لینے والا ہوں تجھ کو اور اٹھانے والا ہوں تجھ کو طرف اپنے اور پاک کرنے والا ہوں تجھ کو ان لوگوں سے کہ کافر ہوئے اور کرنے والا ہوں ان لوگوں کو کہ پیروی کرینگے تیری اوپر ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے قیامت کے دن تک''۔شاہ عبدالقادر صاحب ''اور فریب کیا ان کافروں نے اور فریب کیا اللہ نے اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے جسوقت کہا اللہ نے اے عیسیٰ میں تجھ کو بھرلوں گا اور اٹھالوں گا اپنی طرف اور پاک کردونگا کافروں سے اور رکھوں گا تیرے تابعون کو منکروں سے اوپر قیامت کے دن تک''۔ **فائدہ:** یہود کے عالموں نے اس وقت کے بادشاہ کو بہکایا کہ یہ شخص ملحد ہے توریت کے حکم سے خلاف بتاتا ہے اسنے لوگ بھیجے کہ انکو پکڑ لائیں جب وہ پہنچے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے یار سَرک گئے اس شتابی میں حق تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھالیا اور ایک صورت انکی رہ گئی اس کو پکڑ لائے پھر سولی پر چڑھایا'' انتہی۔

وجہ استدلال کی یہ ہے کہ توفی کے اصلی وحقیقی معنی اخذ الشئ وافیا کے ہیں جیسا کہ بیضاوی وقسطلانی وفخر الرازی وغیرہم نے لکھا ہے عبارات انکی تحریر چہارم میں منقول ہیں من شاء فلیرجع الیه. اور موت توفی کے معنی مجازی ہیں نہ حقیقی اس واسطے بغیر قیام قرینہ کے موت میں استعمال نہیں ہوتا ہے۔ تحقیق اس کی تحریر چہارم میں کی گئی اور یہاں کوئی قرینہ موت کا قائم نہیں ہے ومن یدعی فعلیه البیان. اس لئے اصل وحقیقی معنی یعنی اخذ الشئ وافیا مراد لئے جائینگے اور انسان کا وافیا لینا یہی ہے کہ مع روح وجسم کے لیا جائے وھو المطلوب. یہ آیت بھی قطعیۃ الدلالۃ ہے حیات مسیح علیہ السلام پر۔ مرزا صاحب اور ان کے اتباع اس آیت کو قطعیۃ الدلالۃ وفات مسیح علیہ السلام پر سمجھتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے اس کا قطعیۃ الدلالۃ ہونا حیات مسیح پر اس عاجز سے ثابت کرا دیا وللّٰہ الحمد علی ذالک. اگر کہا جائے کہ توفی اسوقت عین رفع ہوئی تو قول اللہ تعالیٰ کا ورافعک تکرار ہوگا تو جواب اسکا یہ ہے کہ توفی کا لفظ چونکہ بمعنی موت ونوم بھی آتا ہے اسلئے لفظ رافعک سے تعیین مراد مقصود ہے اب تکرار نہ ہوئی۔ جیسا کہ آیت ﴿ثُمَّ بَعَثْنٰکُمْ مِّنْ م بَعْدِ مَوْتِکُمْ﴾ میں بعث کو موت کے ساتھ مقید کیا ہے اس لئے کہ بعث اغماء ونوم سے بھی ہوتا ہے اور جیسا کہ ﴿حَتّٰی یَتَوَفّٰھُنَّ الْمَوْتُ﴾ میں موت کا لفظ تعیین مراد کے لئے ہے۔

چوتھی دلیل: سورۂ مائدہ کی یہ آیت ہے: ﴿وَکُنْتُ عَلَیْھِمْ شَھِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْھِمْ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ کُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْھِمْ﴾ شاہ ولی اللہ صاحب ''وبودم بر ایشاں نگہبان ما دامیکہ درمیان ایشاں بودم پس وقتیکہ برگرفتی مرا تو بودی نگہبان برایشاں'' فائدہ میں لکھتے ہیں: یعنی ''برآسمان بردی''۔ شاہ رفیع الدین صاحب ''اور تھا میں اوپر ان کے شاہد جب تک رہا میں بیچ ان کے پس جب قبض کیا تو نے مجھ کو تھا تو ہی نگہبان اوپر ان

کے‘‘۔شاہ عبدالقادر صاحب ’’اور میں انسے خبردار تھا جب تک ان میں رہا پھر جب تو نے مجھے بھر لیا تو تو ہی تھا خبر رکھتا ان کی‘‘ انتہی۔

وجہ استدلال وہی ہے جو اوپر کی آیت میں گزری یعنی معنی حقیقی توفی کے اخذ الشئ وافیا ہیں اور صرف حقیقت سے مجاز کی طرف بغیر صارف کے جائز نہیں اور صارف یہاں موجود نہیں ہے بلکہ ایک لفظ تعیین مراد کرنے والا یعنی رافعک آیت سابقہ میں موجود ہے۔

مخفی نہ رہے کہ حق تعالیٰ نے آیت ﴿مُتَوَفِّيْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ﴾ میں توفی ورفع کو جمع کیا ہے اور ﴿بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ﴾ میں رفع پر قصر کیا ہے اور ﴿فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ﴾ میں توفی پر قصر کیا ہے اسمیں اشارہ ہے اس طرف کہ توفی ورفع ایک چیز ہے مقصود زیادت لفظ رفع سے صرف تعیین مراد ہے یہ آیت بھی قطعیۃ الدلالۃ ہے حیات مسیح علیہ السلام پر۔مرزا صاحب اور انکے اتباع اس آیت کو بھی قطعیۃ الدلالۃ وفات پر سمجھتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ نے محض اپنی رحمت سے اس آیت کا قطعیۃ الدلالۃ حیات پر ہونا اس ہیچمداں پر ظاہر فرمایا الحمد لِلّٰہ علی ذالک.

پانچویں دلیل: سورۂ آل عمران کی یہ آیت ہے: ﴿وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ﴾ شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ’’وسخن گوید با مردماں در گہوارہ و وقت معمری وباشد از شائستگان‘‘۔شاہ رفیع الدین صاحب ’’اور باتیں کرے گا لوگوں سے بیچ جھولے کے اور ادھیڑ اور صالحون سے ہے‘‘۔شاہ عبدالقادر صاحب ’’اور باتیں کرے گا لوگوں سے جب ماں کی گود میں ہوگا اور جب پوری عمر کا ہوگا اور نیک بختوں میں سے‘‘ انتہی۔

وجہ استدلال یہ ہے کہ اصل سن کہولت میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک تیس (۳۰) ہے اور بعض کے نزدیک بتیس (۳۲) اور بعض کے نزدیک تینتیس (۳۳) اور

بعض کے نزدیک چالیس (۴۰)۔ قسطلانی نے شرح صحیح بخاری میں لکھا ہے: ''وقال اوثلث وثلثون او اربعون وآخرها خمسون او ستون ثم یدخل فی سن الشیخوخة'' انتهى.

شیخ زادہ حاشیہ بیضاوی میں لکھتا ہے ''واول سن الكهولة ثلثون وقيل اثنان وثلثون وقيل ثلث وثلثون وقيل اربعون وآخر سنها خمسون وقيل ستون ثم يدخل الانسان فى سن الشيخوخة'' انتهى. اور ہم مامور ہیں اس بات کے ساتھ کہ جب اختلاف ہوتو اللہ اور اللہ کے رسول کی طرف ردّ کریں ﴿فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ﴾ موافق اس کے اب ہم رجوع حدیث کی طرف کرتے ہیں تو حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں اہل جنت کے حق میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ''لا يفنى شبابه'' (رواہ مسلم)۔ اور حدیث ابوسعید وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما میں ہے کہ حضرت ﷺ نے فرمایا کہ ایک ندا کرنے والا ندا کرے گا ان لكم ان تشبوا فلا تهرموا أبدا (رواہ مسلم)۔ اور اس باب میں احادیث بکثرت ہیں۔ یہاں سے ثابت ہوا کہ اہل جنت کا شباب کبھی زائل نہ ہوگا اور حدیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ تینتیس ۳۳ برس کی عمر کے ہونگے اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تینتیس ۳۳ برس کی عمر میں اٹھائے گئے اسکے ثبوت کیلئے تفسیر ابن کثیر کی یہ عبارت کافی ہے ''فانه رفع وله ثلث وثلثون سنة فى الصحيح وقد ورد فى حديث فى صفة اهل الجنة انهم على صورة آدم وميلاد عيسىٰ ثلث وثلثون سنة''.

(باقی آئندہ)

ادارہ تحفظ عقائد اسلام کی جانب سے عقیدہ ختم نبوت کے موضوع پر عظیم الشان انسائیکلوپیڈیا کی ایک سے چودہ تک جلدوں کی تفصیل

نمبر شمار	کتاب اور مصنف کا نام	جلد	صفحات	سنِ تصنیف
①	تحقیقات دستگریہ (جلد اول) علامہ غلام دستگیر قصوری رحمۃ اللہ علیہ	نمبر1	84	1883ء
②	رَجم الشیاطین علامہ غلام دستگیر قصوری رحمۃ اللہ علیہ	نمبر1	63	1886ء
③	فتح رحمانی علامہ غلام دستگیر قصوری رحمۃ اللہ علیہ	نمبر1	37	1896ء
④	الالھام الصحیح (عربی) مولانا غلام رسول امرتسری رحمۃ اللہ علیہ	نمبر1	61	1893ء
⑤	آفتاب صداقت (اردو) مترجمہ: پیر غلام مصطفیٰ نقشبندی حنفی امرتسری	نمبر1	81	
⑥	کلمہ فضل رحمانی قاضی فضل احمد لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر1	194	1896ء
⑦	جمعیت خاطر قاضی فضل احمد لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر2	146	1915ء
⑧	جزاء اللہ عدوہ باباۂ ختم النبوۃ امام اہلسنت احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر2	144	1899ء
⑨	السوء و العقاب علی المسیح الکذاب امام اہلسنت احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر2	30	1902ء

نمبر شمار	کتاب اور مصنف کا نام	جلد	صفحات	سنِ تصنیف
10	قهر الديان علىٰ مرتد بقاديان امام اہلسنت احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 2	25	1905ء
11	المبيّن ختم النبيين امام اہلسنت احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 2	32	1908ء
12	الجبل الثانوى على كلية التهانوى امام اہلسنت احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 2	13	1918ء
13	الجراز الديانى على المرتد القاديانى امام اہلسنت احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 2	22	1921ء
14	الصارم الربانى على اسراف القاديانى حجۃ الاسلام محمد حامد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 2	61	1898ء
15	درة الدرانى علىٰ ردة القاديانى علامہ مولانا محمد حیدر اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 3	385	1901ء
16	مرزائی حقیقت کا اظہار مبلغ اسلام شاہ عبد العلیم صدیقی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 3	86	1929ء
17	هدية الرسول فاتح قادیان پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 3	101	1899ء
18	شمس الهداية فى اثبات حياة المسيح فاتح قادیان پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 4	149	1899ء
19	سیف چشتیائی فاتح قادیان پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 4	423	1902ء
20	مفاتيح الاعلام علامہ انوار اللہ چشتی رحمۃ اللہ علیہ حیدر آباد دکن	نمبر 5	67	
21	افادة الافهام (حصہ اول) علامہ انوار اللہ چشتی رحمۃ اللہ علیہ حیدر آباد دکن	نمبر 5	332	

نمبر شمار	کتاب اور مصنف کا نام	جلد	صفحات	سنِ تصنیف
22	افادة الافهام (حصه دوم) علامہ انوار اللہ چشتی رحمۃ اللہ علیہ حیدر آباد دکن	نمبر6	325	
23	انوار الحق علامہ انوار اللہ چشتی رحمۃ اللہ علیہ حیدر آباد دکن	نمبر6	123	
24	معیار المسیح مولانا حافظ ضیاء الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر6	57	
25	تیغ غلام گیلانی بر گردن قادیانی علامہ قاضی غلام گیلانی چشتی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر7	183	1911ء
26	جواب حقانی در ردِ بنگالی قادیانی علامہ قاضی غلام گیلانی چشتی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر7	159	
27	رساله بیان مقبول ورد قادیانی مجهول علامہ قاضی غلام گیلانی چشتی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر7	94	
28	مرزا کی غلطیاں علامہ قاضی غلام ربانی چشتی حنفی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر7	12	
29	رساله رد قادیانی علامہ قاضی غلام ربانی چشتی حنفی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر7	10	
30	قهر یزدانی برجان دجال قادیانی مولانا حافظ سید پیر ظہور شاہ قادری حنفی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر7	60	1912ء
31	الظفر الرحمانی فی کسف القادیانی مناظر الاسلام مفتی غلام مرتضیٰ ساکن میانی	نمبر8	198	1924ء
32	ختم النبوة مناظر الاسلام مفتی غلام مرتضیٰ ساکن میانی	نمبر8	20	
33	اکرام الحق کی کھلی چٹھی کا جواب حضرت علامہ حکیم ابو الحسنات قادری رحمۃ اللہ علیہ	نمبر8	58	1932ء

نمبر شمار	کتاب اور مصنف کا نام	جلد	صفحات	سنِ تصنیف
34	البرزشکن گرز عرف مرزائی نامه مولانا مرتضی احمد خان میکش	نمبر 8	186	1936ء
35	پاکستان میں مرزائیت کا مستقبل مولانا مرتضی احمد خان میکش	نمبر 8	44	1950ء
36	قادیانی سیاست مولانا مرتضی احمد خان میکش	نمبر 8	8	1951ء
37	کیا پاکستان میں مرزائی حکومت قائم ہوگی مولانا مرتضی احمد خان میکش	نمبر 8	11	1952ء
38	تازیانه عبرت ابوالفضل محمد کرم الدین دبیر رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 9	285	1932ء
39	السیوف الکلامیه لقطع الدعاوی الغلامیه مفتی آگرہ عبدالحفیظ حقانی حنفی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 9	146	1934ء
40	قھر یزدانی بر قلعه قادیانی مولانا ابومنظور محمد نظام الدین قادری ملتانی	نمبر 9	38	
41	برق آسمانی بر خرمن قادیانی مناظر الاسلام ظھور احمد بگوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 10	248	1932ء
42	تحریک قادیان فدائے ملت مولانا سید حبیب رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 10	180	1933ء
43	الحق المبین حکیم مولوی عبدالغنی ناظم رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 10	104	1934ء
44	الکاویه علی الغاویه (جلد اول) حضرت علامہ محمد عالم آسی امرتسری رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 11	573	1931ء
45	الکاویه علی الغاویه (جلد دوم) حضرت علامہ محمد عالم آسی امرتسری رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 12	604	1934ء

نمبر شمار	کتاب اور مصنف کا نام	جلد	صفحات	سنِ تصنیف
46	اَلکَاوِیَۃ علی الغَاوِیَۃ (جلد دوم، حصہ دوم) حضرت علامہ محمد عالم آسی امرتسری	نمبر 13	342	1934ء
47	اَلمکتُوبَاتُ الطیّبات سید پیر مہر علی شاہ چشتی حنفی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ	نمبر 13	40	1904ء
48	خُلاصَۃُ العَقائد حضرت علامہ عبد الماجد قادری بدایونی	نمبر 13	26	1909ء
49	مرزائیوں کی دھوکے بازیاں حضرت علامہ غلام احمد اخگر امرتسری	نمبر 13	24	1911ء
50	اَلتَّقرِیرُ الفَصِیح فِی نُزولِ المسِیح حضرت علامہ مشتاق احمد انبیٹھوی	نمبر 13	12	1315ھ
51	مِرزائیت کا جَال ابوالفضل محمد کرم الدین دبیر	نمبر 13	16	1931ء
52	لِیاقتِ مِرزا حضرت علامہ قاضی عبد الغفور پنجہ	نمبر 13	32	
53	عمدۃُ البیان حضرت علامہ قاضی عبد الغفور پنجہ	نمبر 13	24	
54	تَہذیبِ قادیانی حضرت علامہ تاج الدین احمد تاج عرفانی	نمبر 13	24	
55	مِینارۂ قادیانی حکیم مولوی عبد الغنی ناظم نقشبندی	نمبر 13	08	شمس الاسلام بھیرہ شمارہ جولائی، ۱۹۳۳
56	معیارِ عقائدِ قادیانی جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر 14	112	1331ھ / 1912ء
57	بَشارتِ محمدی جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر 14	125	1337ھ / 1918ء
58	الاستِدلالُ الصَّحیح جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر 14	350	1343ھ / 1924ء

نمبر شمار	کتاب اور مصنف کا نام	جلد	صفحات	سنِ تصنیف
59	کرشن قادیانی جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر15	42	1920ء
60	مُباحثۂ حقّانی جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر15	186	1922ء
61	تردِید نبوّتِ قادیانی جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر15	310	1925ء
62	مُجدّدِ وقت کون؟ جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر15	44	ـــــــ
63	تحقیق صحیح فی تردید قبرِ مسیح جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر16	66	1922ء
64	حافظِ ایمان (فارسی) جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر16	56	1925ء
65	حافظِ ایمان (اردو) جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر16	64	1925ء
66	رد قادیانیت پر مضامین جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر16	274	1915ء تا 1927ء
67	رد قادیانیت پر رسائل جناب بابو پیر بخش لاہوری	نمبر16	120	ـــــــ

کتاب "عقیدہ ختم نبوت" ان مکتبوں پر دستیاب ہے

1۔ مکتبہ برکات المدینہ

بہار شریعت مسجد، بہادر آباد، کراچی۔ فون نمبر: 021-34219324

2۔ مکتبہ سخی سلطان

نزد ڈی آر، ہارون ولی گلی چھوٹی گھٹی، حیدر آباد، سندھ۔ فون نمبر: 0300-3019290

3۔ فیض گنج بخش بک سینٹر

دربار مارکیٹ، لاہور۔ فون نمبر: 0321-4021314

4۔ زاویہ پبلشرز

دکان نمبر 6، مرکز الاویس، دربار مارکیٹ، لاہور۔ فون نمبر: 042-37248657

5۔ دار النور

دکان نمبر 4، مرکز الاویس، دربار مارکیٹ، لاہور۔ فون نمبر: 042-37247702

6۔ دار السلام

دکان نمبر 5، جیلانی سینٹر، اردو بازار، لاہور۔ فون نمبر: 042-37361230

7۔ مکتبہ جمال کرم

دکان نمبر 9، مرکز الاویس، دربار مارکیٹ، لاہور۔ فون نمبر: 042-37324948

8۔ مکتبہ مہریہ کاظمیہ

نزد جامعہ انوار العلوم، ٹی بلاک، نیو بلاک نیو ملتان۔ فون نمبر: 061-6560699
0314-6123162

9۔ مکتبہ فیض رضا پبلیکیشنز

جامعہ قادریہ رضویہ ٹرسٹ، مصطفیٰ آباد، سرگودھا روڈ فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-8860777

10۔ رضائے مصطفیٰ

چوک دار السلام، گجرانوالہ۔ فون نمبر: 055-4217986